itle – FIRHANG AAMRAH YAANI ARABI, FARSI AUR TURKI KI LUGHAAT KA BAATILPAT MUKHA'

reator – Mohd. Abdullah Khan Khawaishgi

ublisher – Jaid Barqi Press (Delhi).

ate – 1937.

ages – 583.

ubjects – Urdu Zuban – Firhang i Lughaat Arabi – Farsi – Turki.

ملنے کا پتہ

محمد عبداللہ خاں خویشگی

فیروز منزل متصل جامع مسجد

خورجہ (یو-پی) KHURJA(U. P.)

فرہنگ عامرہ

کے متعلق

چند قیمتی رائیں

نگار لکھنؤ

فرہنگ عامرہ چھوٹے سائز کا لغت ہے جس میں عربی فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیئے گئے ہیں، اور جنکا عام فہم ترجمہ اردو میں کیا گیا ہے۔ اس فرہنگ کی خصوصیات فاضل مؤلف نے ظاہر کی ہیں کہ :-

(۱) الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے اسطرح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں دقت نہیں ہوتی۔

(۲) صحت تلفظ کے لئے یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ ہر لفظ کے آگے اس کے ٹکڑے کر دیئے گئے ہیں اور ہر ٹکڑے پر اعراب دیدیئے گئے ہیں؛ یہ وہی طریقہ ہے جو انگریزی زبان کی لغات میں رائج ہے۔

(۳) فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع اپنے صیغۂ مفرد کے ذیل میں درج کر دی گئی ہیں اور کثیر الاستعمال صیغہائے جمع کو مستقل لغت کی حیثیت سے اسکی ہر جگہ پر پھر دوبارہ دیدیا گیا ہے۔

(۴) کثیر الاستعمال فارسی مصادر کے مضارعات اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی دیئے گئے ہیں اسی کے ساتھ قلیل الاستعمال مصادر کی بڑی تعداد بھی شامل کر دی گئی ہے۔

(۵) فارسی میں اکثر حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں، اس کی صراحت بھی ہر حرف کی تقطیع کی ابتدا میں کر دی گئی ہے۔

(۶) دورِ حاضرہ کے بہت سے مفید معرّبات و مفرّسات اس میں شامل ہیں۔
(۷) اشیاء کی ماہیت و معانی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔
(۸) اسماء الرجال کے سلسلہ میں افسانوی افراد اور تاریخی شخصیتوں کے درمیان حدِ فاصل قائم کر دی گئی ہے۔

میں نے اس فرہنگ کو خوب دیکھا ہے اور میں نے یہ تمام خصوصیات اس میں پائی ہیں، ہماری زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے اور خصوصیت کے ساتھ وہ جامع بھی ہوں اور مختصر بھی، اس لئے ملک کو جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی کا ممنون ہونا چاہئیے کہ انھوں نے سالہا سال کی محنت کے بعد یہ قابل قدر فرہنگ مرتب کی اور اچھے کاغذ پر مجلد شائع کر کے طلبہ کی بڑی ضرورت کو پورا کیا۔

اُردوئے مُعلّیٰ کانپور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے ساتھ اخبار نویسوں مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کر سکے۔

ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔ اس لغت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے سامنے قوسین میں ان کا صحیح تلفظ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ مثلاً:-

قوت (قُوْ وَ ت) طاقت   ربیع الاوّل (رَبِی عُل۔ اَوْ وَل) تیسرا اسلامی قمری مہینہ

اس لغت کا نام فرہنگ عامرہ ہے، الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔ متروک الفاظ کی جگہ متبادل الفاظ کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ فارسی مصادر کے مضارع اور سماعی و قیاسی مشتقات بھی دمج کر دیئے گئے ہیں۔ اسماء الرجال میں تاریخی اور

افسانوی ناموں میں امتیاز کیا گیا ہے۔ دیباچہ میں الملاک المصدر (Prefixes) اور توابعات ترکیبی (Suffixes) کی فہرست ہے امثالیں بھی دیدی گئی ہیں جس سے نئے الفاظ کے اختراع میں مدد ملتی ہے، الغرض مرتب نے انتہائی عرقریزی اور کاوشں سے کام لیا ہے۔

ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پرجوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

ہندستان لکھنؤ

فرہنگ عامرہ: ۔ اردو میں لغت کی بہت بڑی کمی تھی لیکن اب وہ کمی رفتہ رفتہ دور ہو رہی ہے کئی اچھی لغتیں نکل آئی ہیں۔ یہ لغت بھی انہیں اچھی لغتوں کے ساتھ رکھی جا سکتی ہے معنی کے ساتھ بہت اچھی طرح لفظ کا تلفظ بھی دیدیا ہے۔ اس میں اصطلاحیں فارسی اور عربی جمعیں، فارسی مصدروں کے ساتھ مضارع، کچھ ضروری تاریخی اور افسانوی نام بھی موجود ہیں۔ روزمرہ کے چھوٹے ادبی کاموں کے لئے اور طالب علموں کے لئے یہ بے مثل چیز ہے۔ ابھی تک ہماری نگاہ سے کوئی ایسی لغت نہیں گذری تھی جو یہ ضرورت پوری کرتی ہو۔ اسے تیار کر کے مصنف نے اردو کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔

فرہنگ عامرہ میں چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی ہیں۔ ساتھ ساتھ الفاظ کے ٹکڑے کر کے ان کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستعمل جمع دے دی گئی ہیں۔ ترجمہ آسان اور بامحاورہ زبان میں ہے۔ اس لغت نے اردو کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ اردو کے ہر قدردان کو اپنے کتبخانہ میں یہ کتاب رکھنا چاہیئے۔

مدینہ بجنور

فرہنگ عامرہ: ۔ یہ فارسی و عربی کے ان الفاظ کا لغت ہے جو عام طور سے فارسی کتابوں میں مستعمل ہیں اور جن میں اکثر اردو زبان میں بھی رائج ہیں۔

اس فرہنگ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کا تلفظ، اس لفظ کے آگے جدید قاعدے کے مطابق دیا گیا ہے، مثلاً "زنجبیل" کے آگے بریکٹ میں تلفظ یوں لکھا ہے (زَنْ ۔ جَبِیْل) پرانے لغات کی طرح تلفظ کو لفظوں میں اس طرح نہیں لکھا کہ "بفتح زائے معجمہ و سکون نون منقوطہ و فتحہ جیم ۔۔۔۔۔۔۔" اور نہ لغات کشوری وغیرہ کی طرح اسی لفظ پر زیر زبر پیش لگائے گئے ہیں، بلکہ کوشش یہ کی گئی ہے کہ لفظ کے جتنے ٹکڑے (SYLLABLE) آواز کے اعتبار سے ہو سکیں ان کو الگ الگ لکھا جائے اور پھر ان پر زیر زبر لگائے جائیں مثلاً خوش اسلوبی کا تلفظ اس طرح لکھا گیا ہے (خُشْ ۔ اُسْ ۔ لُوْ ۔ بِیْ)

علاوہ ازیں ہر جمع کا واحد اور واحد کی جمع لفظ کے ساتھ ہی بتلا دی گئی ہے کثیر الاستعمال فارسی مصدروں کے قیاسی و سماعی صیغے بھی لفظ کے ساتھ ساتھ لکھ دیئے گئے ہیں نئے الفاظ جو موجودہ صدی میں زبان میں داخل ہوئے ہیں ان کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس کے مقابلہ میں بہت سے غیر ضروری نادر الاستعمال الفاظ کو نکال دیا گیا ہے۔ مشہور و معروف آدمیوں کا تعارف نہایت مناسب اور صحیح انداز میں کیا گیا ہے۔ پرانے لغت نویسوں کی طرح یہ نہیں کیا گیا کہ حاتم و رستم کی توضیح میں خیالی افسانے لکھ دیئے جائیں۔

ان باتوں کی وجہ سے یہ لغت فارسی کے طالب علموں کے لئے بے انتہا مفید ہے۔ اردو زبان سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی میز پر بھی اس کا رہنا ضروری ہے۔ اس لئے کہ ہماری زبان میں عربی، فارسی کے بہت کافی الفاظ مستعمل ہیں، جن کے معنی اور تلفظ کو معلوم کرنے میں اکثر دقت پیش آتی ہے۔ اس مقصد کے لئے یہ فرہنگ بہترین رہبر کا کام دے سکتی ہے۔ پھر چونکہ یہ مختصر ہے اور چھوٹی تقطیع کی یک دست (Handy) ایڈیشن میں چھاپی گئی ہے، اس لئے بڑے لغات کے مقابلہ میں قابل ترجیح ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کتاب کی خوبیوں اور ضخامت کو دیکھتے ہوئے قیمت بہت ہی کم ہے۔

الامان دہلی

یوں تو ملک میں اردو لغت کی بہت سی کتابیں رائج الوقت ہیں مگر اردو جیسی عالمگیر اور عام فہم زبان کے لئے جس عام فہم اردو لغت کی ضرورت تھی، ملک کی یہ اہم ضرورت تشنۂ تکمیل تھی، چونکہ اردو زبان فارسی، عربی، ترکی وغیرہ لغات سے مرکب ہے اس لئے پڑھے لکھے صحاب کو لغت کے صحیح تلفظ میں، یا سخت تکلف سے کام لینا پڑتا تھا، یا پھر صحیح تلفظ میں دشواریاں پیش آتی تھیں مگر ؎

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

خدا کا شکر ہے کہ مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے ملک کی اس اہم ضرورت کا احساس فرماکر، فرہنگ عامرہ کے نام سے جدید اصول تالیف کو پیش نظر رکھتے ہوئے کافی جد وجہد، تحقیق و تدقیق کے بعد تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ و مصطلحات کا ایک بیش بہا ذخیرہ جمع فرماکر دنیائے علم و ادب پر احسان عظیم کیا ہے جو طلبائے مدارس کے علاوہ فضلاء و کملاء کے وسعت معلومات کیلئے نہایت قیمتی سرمایہ ہے۔

صحت تلفظ، دورِ حاضرہ کے معرب و مفرس لغات، علامات قرأت، حروف پر اعراب کا عمل وغیرہ وغیرہ، یہ وہ مخصوص صفات ہیں جو کسی دوسری لغت میں جستجو سے بھی دستیاب نہ ہوسکیں گے۔

ان تمام خصوصیات کو پیش نظر رکھ کر یہ رائے حق بجانب ہوگی کہ متلاشیان الفاظ و معانی کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر کوئی لغت ملک میں تالیف نہیں ہوئی۔

انصاری دہلی

یہ لغت جدید اصول ترتیب پر چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ اور مصطلحات جدید کا بیش بہا ذخیرہ ہے، جسے فاضل مؤلف نے کافی جد وجہد، کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔ یہ لغت جدید طرز کی بہت سی خوبیوں کی حامل ہے۔ سب سے بڑی، اہم اور ضروری

خصوصیت اور خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اسکا صحیح تلفظ قوسین (بریکٹ) میں دیدیا گیا ہے۔ الفاظ کے معانی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ لغات کے حروف تہجی کی ترتیب جدید لائنوں پر نہایت صحت کے ساتھ قائم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فرہنگ ہذا کو عصر جدید کے قالب میں ڈھالنے کی جو کامیاب کوشش کی گئی ہے وہ قابل قدر، لائق تحسین اور کافی قدر افزائی کی مستحق ہے۔

ہم ایک نظر دیکھنے کے بعد بلاشبہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس فرہنگ کی ممتاز خصوصیات متلاشیانِ الفاظ و معنی کے لیے بڑی حد تک تسکین بخش ثابت ہوں گی۔ اس بنا پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اپنے امتیازی محاسن کے اعتبار سے ملک میں پہلی کوشش ہے۔ ضرورت ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جائے۔ اس کی بہت سی افادی خصوصیات صرف مطالعے سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس مختصر ریویو میں ان کا اظہار نہیں کیا جاسکتا۔

علم و تمدن کے ارتقا کے ساتھ زبان میں جن نئے نئے الفاظ و مصطلحات کا اضافہ ہوا ہے ان کے جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے اور اکثر کتب متداولہ سے زیادہ لغات کا ذخیرہ فرہنگ عامرہ کے دامن میں نظر آتا ہے۔

ریاست دہلی

"فرہنگ عامرہ" جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ایک لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ اس لغت میں سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اس کا تلفظ بریکٹ میں دیدیا گیا ہے۔ اور الفاظ کے معنی بیان کرنے میں جامعیت و اختصار سے کام لیا گیا ہے۔

فارسی کی خلاف قیاس اور عربی کی مستقل جمع اپنے صیغہ مفرد کے ذیل میں درج کر دی گئی ہیں اور جمع کے کثیر الاستعمال صیغوں کو مستقل لغت کی حیثیت سے اس کے مقام پر ہر جگہ مکرر درج کر دیا ہے۔ فارسی میں جو حروف دوسرے حروف سے بدل جاتے ہیں ان کی بھی

ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں صراحت کر دی گئی ہے۔ چیزوں کی ماہیت اور ان کے معنی بیان کرنے میں جدید تحقیقات کا خیال رکھا گیا ہے۔

علاوہ ازیں فرہنگ عامرہ میں ہر مصدر کے ساتھ اس کا مضارع بھی درج ہے۔ مردہ اور بے رواج چیزوں کے نام علیحدہ کر کے ان کی جگہ ہزاروں مفید اور کارآمد معربات اور مفرسات داخل کیے گئے ہیں۔ دیباچے میں انسلاک المصدر اور لواحقات ترکیبی کی فہرست مع تمثیلات دی گئی ہے، جس کے باعث نئے نئے خوبصورت الفاظ اختراع کرنے میں مدد ملتی ہے۔

غرض کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت دلکش ہے۔

ہند، کلکتہ

جناب محمد عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ نام سے ایک اردو لغت تیار کی ہے جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے وہ تمام الفاظ جمع کیے ہیں، جو کسی صورت سے ہماری زبان میں شامل ہو چکے ہیں۔ اس میں چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔

الفاظ کی ترتیب اور معنوں کے ساتھ آپ نے زبان پر یہ بہت بڑا احسان کیا ہے کہ ہر لفظ کا صحیح صحیح تلفظ بھی کر دیا ہے مثلاً لکھا ہے :-

امداد (اِم - دَاد) مدد کرنا   امراض (اَم - راض) بیمار کرنا (اَم - راض) مرض کی جمع

اس طرح ہر شخص صحیح تلفظ اور اس تلفظ کے معنی نہایت آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

اس کتاب کو اگر اسکولوں میں شامل کر دیا جائے۔ اور طالب علموں کو استفادہ کا موقع دیا جائے تو بہت ہی کارآمد چیز ثابت ہو گی۔ ہم خاص صورت سے اپنی طرف سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کو اردو کی اس خدمت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

ملاپ لاہور

فرہنگ عامرہ ایک مختصر و جامع لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیئے گئے ہیں اور ان کا عام فہم اردو ترجمہ نہایت دلنشیں انداز میں کیا گیا ہے۔ اس فرہنگ کی ایک چیدہ خصوصیت جو ہماری دوسری فرہنگوں میں سرے سے مفقود ہے یہ ہے کہ اس میں ہر لفظ کے سامنے حرکت و اعراب کے ساتھ اسکا تلفظ بریکٹ میں دیدیا گیا ہے اور وہ اس طرح پر کہ لفظ کا صحیح تلفظ بآسانی ذہن نشین ہو جاتا ہے اس کے علاوہ انگریزی ڈکشنریوں کے اصول پر الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے اس طرح رکھی گئی ہے کہ کسی لفظ کی جستجو میں چنداں دقت نہیں ہوتی۔ خویشگی صاحب نے جس جانفشانی اور عرقریزی سے اس گراں پایہ ادبی خدمت کو انجام دیا ہے۔ اس کے لیئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اہلِ ذوق ان کی کاوش کی قدر کر کے حسن ذوق کا ثبوت دینگے۔

تیج ویکلی دہلی

فرہنگ عامرہ :۔ اس نام سے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے زبان اردو کے لیئے ایک بہترین لغت تصنیف کی ہے جس میں عربی، فارسی، ترکی اور وہ تمام الفاظ شامل ہیں جو زبان اردو میں داخل اور مستعمل ہو گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ دنیا میں ہر زبان کو ایک مستقل فرہنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ڈکشنری کو شائع کر کے جناب عبداللہ خاں خویشگی نے وقت کی ایک بڑی ضرورت پوری کر دی ہے۔ فرہنگ عامرہ میں پوری تحقیق کے بعد تمام الفاظ کے تلفظ بھی لکھے گئے ہیں اور چالیس ہزار الفاظ شامل ہیں۔ جن کے معنی بھی نہایت واضح اور جامع طریقہ پر دیئے گئے ہیں۔ اس ڈکشنری کی خوبی یہ ہے کہ جامع ہونے کے باوجود مختصر ہے اس لیئے نہایت آسانی سے ہر شخص اس سے کام لے سکتا ہے اور ضرورت کے لیئے

اپنی میز پر رکھ سکتا ہے۔ فرہنگ عامرہ اردو میں نئے طرز کی ایک مکمل لغت ہے جو مدرسوں، طالب علموں، مصنفوں، اخبارات اور رسائل کے ایڈیٹروں مترجموں، مضمون نگاروں اور ادیبوں کے لئے مفید ہے۔

ہماری رائے ہے کہ یہ کتاب ہر اس اسکول یا کالج کی لائبریری میں ہونی چاہیئے، جہاں زبان اردو ذریعۂ تعلیم ہے۔ اس ڈکشنری میں الفاظ کی ترتیب بھی بہت سہل رکھی گئی ہے تاکہ لفظ کو ڈھونڈھنے میں آسانی ہو۔

مُنادی دہلی

فرہنگ عامرہ:۔ اردو کی خوش نصیبی ہے کہ اس میں ہر مہینہ نہایت مفید اور اعلیٰ کتابوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک فرہنگ مرتب کی ہے جو ہر لحاظ سے بے مثل ہے۔ اردو کے تقریباً سب الفاظ اس میں جمع کر دئے گئے ہیں اور ان کے معنی بہت سلیس اور مختصر الفاظ میں درج کئے گئے ہیں اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ الفاظ کا تلفظ بہت اچھی طرح سے سمجھایا ہے مثلاً:۔

ضیق النفس (ضِیْ۔ قُنْ۔ نَفْ۔ س) سانس کی بیماری

عبداللہ خاں کی اس کاوش کی قدر کرنی چاہیئے۔

پارس لاہور

ضرورت کو ایجاد کی ماں کہا جاتا ہے۔ "فرہنگ عامرہ" کی تدوین و تالیف نے اس ضرب المثل پر تصدیق کی مہر ثبت کر دی۔

"فرہنگ" اردو زبان میں جدید رنگ کی وہ پہلی کتاب ہے جس کے قابل قدر مولف نے عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا خزانہ اس خوبی کے ساتھ جمع کر کے ملک و قوم کے سامنے پیش کر دیا ہے کہ ایک انسان کو اپنی علمی ضروریات کی تلاش

ہیں مختلف لغتوں کی اوراق گردانی کی قطعاً ضرورت باقی نہیں رہ جاتی ۔

" فرہنگ عامرہ" نہ صرف تعلیمیافتہ طبقہ کے لئے مفید ہے بلکہ اس سرچشمۂ علم سے معمولی علمی استعداد رکھنے والے حضرات بھی یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں بشرطیکہ اٹھانا چاہیں ۔

ہمارے خیال میں " فرہنگ" شعرا، ادبا، فصحا، مضامین نگاروں، واعظوں خطیبوں، طلبا، اور اساتذہ غرض ہر طبقہ، ہر جماعت، اور ہر مذاق کے لوگوں کے علمی خزانوں میں اضافہ کرنے کی پوری پوری استعداد رکھتی ہے۔ الفاظ کی ماہیتوں اور مشتقات کے معانی کے بیان کا طریقہ جدید اور جلدی سے سمجھ میں آجانے والا ہے۔ جہاں جہاں مصادر آگئے ہیں وہاں مضارع بھی درج کر دئے ہیں اور یہ ایک ایسی چیز ہے جس سے آپ کو دوسری لغتیں کلیتًا خالی نظر آئیں گی ۔

یہ فرہنگ اپنے ظاہری اور باطنی دونوں محاسن کے لحاظ سے مفید، کارآمد اور قابل قدر کتاب اور لغات اردو میں اپنی نوعیت کا جدید ترین اضافہ ہے ۔

ہم ادب اردو کی اس قابل قدر خدمت کے سلسلہ میں فرہنگ عامرہ کے فاضل مؤلف کی خدمت میں قلبی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ملک کا علم دوست طبقہ آپ کی خدمات جلیلہ سے وسیع پیمانہ پر فایدہ اندوز ہوگا ۔

گرو گھنٹال لاہور

فرہنگ عامرہ میں الفاظ کی ترتیب اور انکے ادائے تلفظ کی ترکیب ایسی آسان رکھی گئی ہے کہ معمولی لکھا پڑھا شخص بھی ہر لفظ کو بے تکلف ڈھونڈھ سکتا اور اس کے صحیح تلفظ کو سمجھنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی ۔

یہ کتاب اپنے طرز کی ایک نئی کتاب ہے جو موجودہ زمانہ کے صاحب ذوق حضرات کی علمی ضرورتوں کو اچھی طرح پورا کریگی ۔

اسکول ماسٹروں کیلئے بیحد ضروری کتاب ہے کیونکہ انھیں ہر روز لغوی اور علمی الجھنیں درپیش ہوتی رہتی ہیں ۔

طلبا کے لیئے ایک نادر تحفہ ہے کیونکہ اس میں ان کی ہر قسم کی سہولتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے اور وہ اس زبان کے مطالعہ سے کامل زباندان بن سکتے ہیں ۔

علم دوست حضرات کو بھی کتب و رسائل اور اخبارات کے مطالعہ میں کافی سے زیادہ مدد مل سکتی ہے ہر لفظ کو اچھی طرح سمجھ اور بول سکتے ہیں ۔ وہ لوگ جو اردو بولتے ہیں مگر تلفظ صحیح نہیں ادا کر سکتے ۔ ان کے لیئے اس کا مطالعہ ضروری ہے ۔ وہ اس کے مطالعہ سے زباندانوں کی مجلس میں بے خوفی سے زباندانوں کی طرح بول سکتے ہیں ۔ اس کتاب کی خوبصورتی اور خوبیاں ہر شخص کو مجبور کرتی ہیں کہ یہ ان کی میز پر ضرور ہونی چاہیئے ۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ مترجم حضرات کے لیئے اس میں بہت سی علمی اصطلاحات اور لغات کا وافر ذخیرہ موجود ہے ۔

اخبار نویس و مضمون نگار حضرات کے لیئے ہر قسم کی اقتصادی، تمدنی اور سیاسی الفاظ جنکی اخباری دنیا میں ہر روز ضرورت پیش آتی رہتی ہے موجود ہیں ۔

مقرر حضرات کو جلسوں میں تقریر کرتے وقت صحیح تلفظ کا خیال رکھنا ضروری ہے ۔ اس سلسلہ میں یہ کتاب ان کے لیئے ایک کامل رہنما ثابت ہوگی ۔ کیونکہ اس میں مجلسی الفاظ کا خاص خیال رکھا گیا ہے ۔

نیشنل کانگریس لاہور

فرہنگ عامرہ :۔ یہ با تلفظ لغت ہے اور اسے ترتیب دینے میں مؤلف نے کافی محنت اور عرقریزی سے کام لیا ہے ۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ اچھے سے اچھے پڑھے لکھے آدمیوں کا تلفظ بھی غلط ہوتا ہے اور یہ ایک ایسی کمزوری ہے ، جس کی تلافی یونیورسٹی کی بڑی سے بڑی ڈگری بھی نہیں کر سکتی ۔

اردو زبان میں ایسے لغت تقریباً ہیں ہی نہیں، جن میں تلفظ کا خیال رکھا گیا ہو اسلئے

امید کی جانی چاہیئے کہ اس لغت کا غیر معمولی گرمجوشی سے استقبال کیا جائیگا اور مؤلف کی محنت کی داد دی جائے گی۔

مؤلف نے یہ لغت ترتیب دے کر اردو زبان پر واقعی احسان کیا ہے۔

جناب پروفیسر حامد اللہ صاحب افسر (لکھنؤ کالج)

"فرہنگ عامرہ" ہر تعریف و توصیف سے بالا تر ہے، آپ کی محنت اور تحقیق و تدقیق کی داد نہ دینا ظلم ہے۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کا ایک مختصر سے حجم میں جمع کر دینا، معانی کی تفہیم میں اختصار و فصاحت کا خیال رکھنا، تلفظ کی توضیح جدید مغربی زبانوں کے طرز پر ہر لفظ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کرنا، اسقدر دشوار کام تھا کہ علماء کی ایک جماعت سے بھی اس کا بخیر و خوبی انجام کو پہونچنا مشکل تھا، اس کا صلہ آپ کو حکومت سے ملنا چاہیئے۔ حامیان اردو غریب ہیں، اُنکے پاس "دعا" کے سوا دینے کے لئے کچھ نہیں ہے، خدا آپ کو جزائے خیر دے۔

"کتاب نما" جامعہ ملیہ دہلی

اردو زبان میں نئے طرز کی یہ پہلی لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک اہم تصنیف ہے جسے فاضل مؤلف نے بڑی کاوش اور تحقیق کے بعد مرتب کیا ہے۔

مصنف نے اس کتاب کو ترتیب دیکر اردو زبان کی ایک بہت بڑی کمی کو پورا کر دیا ہے۔ ہر لفظ کے معنی کے ساتھ صحیح تلفظ اور استعمال پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

تہذیب نسواں لاہور

یہ کتاب جو عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا مجموعہ ہے جناب محمد عبد اللہ خاں خویشگی نے بڑی محنت اور کاوش سے مرتب کی ہے اور عام اردو داں طبقے کے علاوہ معلمین

اور متعلمین کے لئے یکساں مفید ہے۔ الفاظ کے معنی کے علاوہ کتاب کے شروع میں ایسی ہدایات درج ہیں جن سے زبان سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔

امید ہے کہ اس لغات کی اشاعت کے بعد اردو اور فارسی الفاظ پر اس قسم کے اعتراضات کا سلسلہ بند ہو جائیگا کہ ان کی "مکتوبی صورت" اور "ملفوظی صورت" میں کوئی تطابق نہیں۔ یعنی ہم ان الفاظ کو اس طرح نہیں لکھتے جس طرح انھیں ادا کرتے ہیں۔

دیباچے میں مصنف نے صحیح تلفظ کی ضرورت پر بحث کی ہے۔

طلوع اسلام دہلی

اردو میں کوئی لغت ایسا نہیں ملتا تھا جو جدید اصول کے مطابق مرتب کیا گیا ہو، اس باب میں مولوی عبداللہ خاں خویشگی شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے برسوں کی محنت شاقہ کے بعد عربی، فارسی، ترکی کے قریب چالیس ہزار ایسے الفاظ کا لغت مرتب کیا ہے جو ہماری زبان میں مستعمل ہیں۔

یہ فرہنگ ہماری موجودہ ضروریات کو بڑی حد تک پورا کرے گا۔ قارئین طلوع اسلام میں سے وہ حضرات جو رسالہ کے انداز تحریر کی مشکل پسندی کی شکایت کیا کرتے ہیں۔ اس فرہنگ سے ضرور فائدہ حاصل کریں۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوشش بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں پیدا ہوگئی ہیں۔ ان کے مطابق پرانے مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جاوے۔

ادبی دنیا لاہور

کسی زبان کی اہم ترین کتاب اس زبان کی لغت ہی ہوتی ہے۔ اردو زبان میں فرہنگ آصفیہ کے بعد سے کوئی خاص اچھی لغت شائع نہیں ہوئی تھی۔ البتہ لوگوں کی نظریں انجمن ترقی اردو کی لغات کی جانب تھیں۔ یہ ڈکشنریاں جہاں تک ان کے حسن وخوبی کا تعلق ہے خوب ہیں لیکن ان میں دو باتوں کی کمی ہے۔ پہلی یہ کہ ان کی قیمتیں ایک غریب طالب علم کے لئے بہت زیادہ ہیں۔ دوسرے یہ اپنی جامعیت کی وجہ سے بہت زیادہ لمبی چوڑی معلوم ہوتی ہیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسی لغت بھی شائع کی جائے جو الفاظ کی کثرت کے ساتھ ہلکی پھلکی روزمرہ کے استعمال کے قابل ہو۔ مولوی محمد عبداللہ خاں (صاحب) خویشگی نے حال ہی میں "فرہنگ عامرہ" کے نام سے ایک ڈکشنری مرتب کرکے شائع کی ہے۔

یہ لغت اردو زبان کے ہر طالب علم کے لئے ایک مفید کتاب ہو سکتی ہے۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی اس میں درج ہے۔ ہم کئی روز سے وقتاً فوقتاً اس لغت کا استعمال کر رہے ہیں اور ہم نے اسے اب تک ہر طرح سے صحیح پایا ہے۔

امید ہے کہ اردو زبان کے مشتاق اس لغت کی قدر کریں گے۔

سرگذشت علی گڑھ

فرہنگ عامرہ :- زبان اردو میں نئے طرز کی یہ پہلی فرہنگ ہے جس میں موجودہ زمانہ کے مذاق کی کلی ضرورتیں پوری کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ یہ نہ صرف ماہرین زبان کے واسطے ایک مفید ذخیرہ ہے بلکہ معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے بھی حد درجہ مفید ہے۔ کیونکہ اس نے روزمرہ گفتگو میں ہر لفظ صحیح بولنا و لکھنا آسان کر دیا ہے۔ المختصر یہ کہ مدرسوں، دفاتر قانون پیشہ، مضمون نگاروں اور شاعروں، غرض ہر مذاق کے لوگوں کیواسطے مفید اور کارآمد ہے۔

یہ فرہنگ اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت ہی مفید و دلکش ہے۔ جس کے واسطے فاضل خاں صاحب ملک سے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

صداقت کان پور

کسی زبان کی تکمیل کے لئے قواعد صرف و نحو کے علاوہ ایک مکمل لغت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ چنانچہ اس ضرورت کو ہر دور کے فضلا ء پورا کرتے رہتے ہیں۔

اردو زبان میں لغت کی کتابوں کی بہت کمی ہے، مگر ہم کو فرہنگ عامرہ دیکھ کر نہایت خوشی ہوئی ہے جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے اور بڑی قابلیت، محنت اور جانفشانی کے ساتھ مرتب کی گئی ہے، اور اس میں وہ خصوصیات ہیں جو یقینی طور پر کسی دوسرے اردو لغت میں نہیں پائی جاتی اور جن کی اشد ضرورت تھی۔

ہم فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ اردو زبان کی تقریباً تمام ضروریات کو اچھی طرح پورا کر سکتی ہے، جس کے لئے ملک کو مولانا محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کا ممنون ہونا چاہیئے۔ کہ ان کی بدولت اردو زبان میں ایک بڑی کمی پوری ہوگئی۔ غرضکہ کتاب اپنی صوری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت قابل تعریف اور مفید و کارآمد ہے۔

ہمارے خیال میں یہ لغت اردو اور فارسی زبان کے طلبا و معلمین، دونوں کے لئے نہایت مفید ہے اور کتب خانوں، درسگاہوں یا دیگر علم دوست حضرات کی الماریوں میں رہنے کے قابل ہے۔

ہمایوں لاہور

فرہنگ عامرہ:۔ یہ چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی الفاظ کا ایک لغت ہے، جو محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بڑی کاوش سے مرتب کیا ہے۔ معانی کے ساتھ ہر لفظ کا صحیح تلفظ بھی درج کیا گیا ہے۔ جہاں تک ہمیں علم ہے اب تک ہمارے ہاں کوئی ایسا

لغت موجود نہیں جس میں یک جا ان زبانوں کے الفاظ مل سکیں ۔
خویشگی صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے ۔ اہل علم کو اس کی پوری پوری قدر کرنی چاہیئے ۔

انقلاب لاہور

فرہنگ عامرہ جو مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی کی کئی سال کی جانفشانی اور عرق ریزی کا نتیجہ ہے ۔ اس میں ایسی خوبیاں ہیں جن سے توقع ہے کہ فرہنگ عامرہ بہت مقبولیت حاصل کرے گی ۔ یہ لغت ہمارے خیال میں نہ صرف طلبا اور معلمین بلکہ ادبا، شعراء، مصنفین، مؤلفین اور قانون پیشہ حضرات کے لئے بھی بہت مفید ہے ۔
ہم مولوی عبداللہ خاں خویشگی خورجوی کو اس کامیابی پر مستحق مبارکباد سمجھتے ہیں ۔

احسان لاہور

فرہنگ عامرہ :۔ مؤلف نے یہ گرانقدر ذخیرہ مرتب کر کے اردو زبان پر ایک غیر فانی احسان کیا ہے ۔

علوم و فنون کی ترقی کے لازمی نتیجہ میں جو اصطلاحات پیدا ہوئی ہیں وہ عمدہ اسلوب اور ترتیب کے ساتھ جمع کر دی گئی ہیں ۔ الفاظ کی تلاش میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی ۔
جدید فارسی کے لغات بھی بکثرت شامل ہیں ، اسلئے طلباء کے لئے یہ لغت خصوصیت کے ساتھ مفید ہے ۔
جامعیت اور اختصار کے لحاظ سے فرہنگ عامرہ لغات میں ایک ممتاز حیثیت رکھتی ہے امید ہے کہ حامیان اردو فاضل مؤلف کی حوصلہ افزائی کریں گے ۔

زمیندار لاہور

فرہنگ عامرہ :- یہ سارا جو چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کا گرانقدر ذخیرہ ہے جدید اردو لغات میں بلند پایہ اضافہ ہے۔ اس لغت کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اعراب کے ذریعہ صحیح تلفظ بتا دیا گیا ہے جو حد درجہ مفید ہے۔

الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو ایک جا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک و تحسین ہیں۔

اس گرانقدر ذخیرہ کتب کو دیکھتے ہوئے اس کی قیمت کچھ بھی زیادہ نہیں۔

شہباز لاہور

یہ ایک جامع فرہنگ ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی زبان کے چالیس ہزار الفاظ کا صحیح تلفظ اور معنی درج ہیں۔

اردو زبان میں ایسی فرہنگ قریباً کمیاب ہے جس میں الفاظ کے صحیح تلفظ کو پورے اعراب کے ساتھ اور لفظ کے ٹکڑے کرکے دکھایا گیا ہو۔ عربی اور فارسی الفاظ کے اعراب میں تغیر ہونے پر ان کے معنی بدل جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ بعض اوقات ایک ہی لفظ کی پہلی صورت اور آخری صورت میں معنوی لحاظ سے کوئی علاقہ تک باقی نہیں رہتا۔ ان زبانوں کے الفاظ کے متعلق دوسری مشکل یہ ہے۔ بعض الفاظ کے ساتھ کچھ ایسے زائد حروف شامل ہوتے ہیں کہ ان کے املا اور تلفظ میں کامل ہم آہنگی نہیں ہوتی۔

فرہنگ عامرہ میں ایسی تمام مشکلات حل کر دی گئی ہیں اور ہر لفظ کی ماہیت واضح کر دی گئی ہے۔

یہ کتاب بیحد مفید ہے اور اہل قلم کے پاس ضرور موجود ہونی چاہیئے۔

ساقی دہلی

فرہنگ عامرہ :- محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے یہ نئی لغت ساری عمر کی کاوش تحقیق کے بعد پیش کی ہے۔ یہ تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی، ترکی وغیرہ الفاظ کی جامع فرہنگ ہے۔ الفاظ کے علاوہ مصطلحات کی بھی اس میں ایک بہت بڑی تعداد ہے۔

سب سے بڑی خوبی اس لغت کی یہ ہے کہ ہر لفظ کا صحیح تلفظ حروف کے جوڑ الگ الگ بناکر اور اعراب کے ذریعے بتایا ہے۔ یہ اس دشواری کا بہت اچھا حل ہے جو ہمیں اکثر عربی میں پیش آتی ہے کہ لفظ کو املا کے مطابق (جیساکہ فارسی اور اردو کا قاعدہ ہے) نہیں پڑھا جاتا مثلاً "رب النوع" میں بلحاظ لفظ "ا" اور "ل" کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ صاحب فرہنگ عامرہ نے اس کا تلفظ اس طرح بتایا ہے۔ (رَبّ۔ بُن۔ نَوْع)

اسی طرح کی بے شمار تلفظی دشواریوں سے آئے دن سابقہ پڑتا رہتا ہے جن کے لئے فرہنگ عامرہ سے بہتر اردو لغت ملنی ناممکن ہے۔

خیّام لاہور

فرہنگ عامرہ :- یہ لغت جو عربی، فارسی، اور ترکی کے قریب چالیس ہزار الفاظ پر مشتمل ہے۔ اردو داں طبقہ کی ایک دیرینہ ضرورت کو پورا کرتا ہے۔ مرتب نے انتہائی محنت و کاوش سے کام لیا ہے۔ لغت میں بہت سی ایسی خصوصیات ہیں جو اردو کے کسی اور لغت میں موجود نہیں ہیں۔

یہ فرہنگ اخبار نویسوں، مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کے لئے علی الخصوص مفید رہے گی۔

ہم مصنف کو اس عظیم الشان کارنامہ ــــــ پر مبارکباد دیتے ہیں۔

اوڈ لوک آف علی گڈھ

فرہنگ عامرہ :۔ قرمزی جلد کی ایک نہایت خوشنما لغات اس وقت ہمارے پیش نظر ہے جس کو محمد عبداللہ خاں خویشگی نے سالہا سال تک شبانہ روز کی عرق ریزی اور کاوش کے بعد مرتب کی ہے۔

یہ بہت سی اچھوتی اور مستغنی خوبیوں کی حامل ہے جو کسی دوسری متداول لغت میں نہیں پائی جاتی ہیں۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغت کو صوبجات سرحد، سندھ، بنگال اور مملکت آصفیہ میں علی الخصوص رواج دینے کی ضرورت ہے۔ جہاں آجکل اردو اشاعت پذیر ہے، تاکہ وہاں کے نوآموز لوگوں کو زبان کے سمجھنے، بولنے اور کتابیں و اخبارات کے پڑھنے میں فرہنگ عامرہ سے پوری مدد حاصل ہو۔

ہمیں امید ہے کہ مؤلف کی ہر طریقہ پر حوصلہ افزائی کی جاوے گی۔

زمانہ کانپور

فرہنگ عامرہ :۔ اس نام سے محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے عربی، فارسی، ترکی کی لغات کا ایک کارآمد فرہنگ تیار کیا ہے۔ جس میں کئی ہزار الفاظ و اصطلاحات کے معنی درج ہیں اور ہر لفظ کے سامنے بریکٹ میں اس کا تلفظ بھی دیدیا گیا ہے۔ جس سے لفظ کا صحیح تلفظ معلوم ہو جاتا ہے۔

حریم لکھنؤ

زبان اردو کو ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت تھی جو موجودہ زمانہ کی ضرورتوں کو پورا کرے اور اس میں آجکل کے مروج اور جدید الفاظ ہوں۔ فرہنگ عامرہ نے اس کمی کو پورا کر دیا ہے

یہ اردو کی پہلی فرہنگ کہی جاسکتی ہے جو بلحاظ ترتیب، کتابت، طباعت اور قیمت، اردو لٹریچر میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اردو میں اب تک اسقدر جامع اور کارآمد لغت نہیں شائع ہوئی ہے۔ ہر اردو داں کو اپنے پاس اس کی ایک جلد رکھنا چاہیئے۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایسی مفید کتاب کو پیش کر کے صحیح معنوں میں ملک اور قوم کی خدمت کی ہے۔

پرتاب لاہور

عرصہ سے ایک ایسے لغت کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ جس میں فارسی، عربی اور ترکی کے ان الفاظ کا جو عام استعمال میں آتے ہیں انھیں اردو کا جامہ پہنایا جائے۔

مولوی عبداللہ خاں خویشگی نے فرہنگ عامرہ تالیف کر کے اس ضرورت کو پورا کر دیا ہے اور ایسا مجمد عہ پوری کاوش اور محنت سے مرتب کیا ہے۔

اس لغت سے پہلے کئی لغت شائع ہوچکی ہیں مگر ان میں وہ ترتیب اور ضبط نہیں جو فرہنگ عامرہ میں ہے۔ یہ لغت بالکل انگریزی طرز پر تیار کی گئی ہے۔

انجام غازی آباد

اس وقت ۵۹۶ صفحات کی ایک ضخیم لغت "فرہنگ عامرہ" ہمارے سامنے ہے۔ جس کی ترتیب کا سہرا جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کے سر ہے۔

ہمیں اچھی طرح معلوم ہوا ہے کہ جناب خویشگی صاحب اس کتاب کی تالیف میں لگاتار چار پانچ سال تک شب و روز محنت کرتے رہے۔

کتاب کے مطالعہ سے اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے اب تک ہمارے یہاں کوئی ایسی عمدہ و بہترین لغت موجود نہیں تھی۔

خویشگی صاحب نے اردو زبان پر احسان عظیم کیا ہے اور ہمیں توقع ہے کہ اہل علم حضرات اس کی پوری قدر کریں گے۔

قومی گزٹ غازی آباد

فرہنگ عامرہ :- عبداللہ خاں صاحب خویشگی رئیس خورجہ نے درحقیقت ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بیحد مفید ہے۔ اب تک جس قدر لغت ترتیب دی گئی ہیں ان کو ایک ایسی لغت نہیں کہا جا سکتا جس سے معمولی استعداد کے طلبا اور اعلیٰ استعداد کے اساتذہ یکساں مستفید ہو سکیں۔ ان خوبیوں کی حامل اگر کوئی لغت ہو سکتی ہے تو وہ "فرہنگ عامرہ" ہی ہے۔

اتنی خوبیاں یک جا جمع کر دینا مؤلف کی محنت کی داد دینے پر مجبور کرتی ہیں اور ہم دعوے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ لغت فرہنگ عامرہ کو دیکھ کر ہر صاحب ذوق سلیم خریدے بغیر نہیں رہ سکتا۔

وطن دہلی

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے "فرہنگ عامرہ" نامی ایک جامع لغات کی تدوین فرما کر درحقیقت اردو علم ادب کی شاندار خدمت انجام دی ہے جو سلسلہ ترقی اردو کی اہم کڑی ہے۔ لغات مذکور کی تدوین و ترتیب میں جدید اصول تالیف کو سختی کے ساتھ مدنظر رکھا گیا ہے

فرہنگ عامرہ واقعی عربی، فارسی اور ترکی لغات کا مخزن ہے۔

پیسہ اخبار لاہور

فرہنگ عامرہ :- جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی ساکن خورجہ نے فرہنگ عا

کا ایک نسخہ برائے ریویو ہمارے پاس بھیجا ہے - یہ کتاب خاں صاحب نے بچوں
کے لئے تالیف کی ہے، جو موجودہ زمانہ کی علمی ضرورتوں کو کما حقہ پورا کرتی ہے -
ادیب اور ادیب عالم وغیرہ کے امتحانوں کی تیاری کے لئے یہ لغات بڑی مفید ہے -
یہ فرہنگ اپنی ظاہری اور معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت مفید ہے -

اداکار لاہور

ہماری رائے میں یہ لغت ماہرین زبان اور معمولی لکھے پڑھوں کے واسطے صد درجہ
مفید ہے خصوصیت سے کالجوں اور اسکولوں کے طلبا رکے لئے یہ لغت ایک
نعمت غیر مترقبہ ہے -

غرضکہ یہ لغت اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بہت ہی مفید اور
دلکش ہے جس کے لئے اس کتاب کے قابل تالیف کنندہ جناب محمد عبداللہ خاں
صاحب خویشگی مبارکباد کے مستحق ہیں -

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی
صدر مدرس دارالعلوم دیوبند

یہ کتاب اپنے نئے اسلوب پر نہایت عرق ریزی سے تیار کی گئی ہے اور ہندوستان
کے اردو خوان طلبہ کے لئے بہت زیادہ نافع اور مفید ہے - میرا خیال ہے کہ نہ صرف
اسکول اور کالج کے طلبہ بلکہ ان کے مدرسین بھی اس سے مستغنی نہیں ہو سکتے -
ان کے لئے تعلیم و تعلم کے سلسلہ میں یہ کتاب آب حیات کا کام دے گی - نیز ارباب علم
اور شائقین اردو فارسی کے لئے بھی نہایت کارآمد ہے -

میں علم دوست طبقہ سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس کتاب کی اشاعت
میں بیش از بیش حصہ لیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مؤلف موصوف کو

اس علمی خدمت کی جزائے خیر عطا فرمائے اور عام و خاص اہل ہند کو اس سے نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے - آمین!

عصمت دہلی

ہر ترقی یافتہ زبان میں ایسی لغات موجود ہوتی ہیں جو لسانی ضروریات کو پورا کریں۔ اردو میں چند لغات ایسی تو ضرور ہیں جنھیں عمدہ کہا جا سکتا ہے، مگر ایسی کوئی نہیں تھی جس میں زبان کے تمام متعلقات موجود ہوں
شکر ہے عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے، سالہا سال کی محنت، عرقریزی کے بعد "فرہنگ عامرہ" کو ترتیب دے کر اس کمی کو بڑی حد تک پورا کر دیا۔
اس میں ایسی خصوصیات ہیں جو اُسے تمام دوسری لغات سے ممتاز کرتی ہیں۔

جناب پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی صدر شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

فرہنگ عامرہ میں ان تمام الفاظ کے معنی اور تلفظ نہایت واضح اور جامع طریقہ سے دیئے گئے ہیں جو اردو میں عام طور سے مروج ہیں۔
قابل مؤلف نے بڑی محنت اور تحقیق سے کام لیا ہے۔ اور یہ دیکھ کر اور تعجب ہوتا ہے کہ انھوں نے ایک خالص علمی اور تحقیقی کام کو ایسے مقام و ماحول میں رہ کر انجام دیا جو ایسے کام کے لئے موزوں نہ تھے۔
فرہنگ عامرہ کی تالیف بڑی عرقریزی، قابلیت اور ذمہ داری کا کام ہے، اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ خانصاحب ممدوح اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے میں پورے طور پر کامیاب ہوئے ہیں۔
مجھے امید ہے کہ اس فرہنگ کی پذیرائی اردو داں طبقہ میں نہایت فراخ دلی سے ہوگی۔

سوراجیہ دہلی

اردو زبان میں اب تک کوئی مستند اور مکمل لغت نہ تھی جو جملہ ضروریات پر حاوی ہو سکتی۔ حالانکہ ویسے کئی لغت تھیں مگر وہ ناکافی خیال کی جاتی تھیں۔ اس کمی کو جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے "فرہنگ عامرہ" تصنیف کرکے پورا کر دیا۔

دوسرے الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ خانصاحب موصوف نے اپنے اس کارنامہ سے اردو زبان میں نئے سرے سے جان ڈالدی ہے۔

فرہنگ عامرہ ایک جامع اور مکمل لغات ہے جس کا مطالعہ خاصکر طلباء کے لئے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

میں جناب عبداللہ خاں صاحب کو خصوصاً ایک عظیم الشان کارنامے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ امید کامل ہے کہ اردو داں طبقہ اس جانفشانی کا اعتراف کرے گا۔

حضرت مولنا طیب صاحب قاسمی ناظم دارالعلوم دیوبند

ذخیرۂ لغت پر زبان کا، اور زبان پر تمدنی شائستگی کا بہت حد تک دارومدار ہے۔ اجتماعی زندگی میں تعارف و تعاون باہمی کے لئے پہلا سابقہ زبان ہی سے پڑتا ہے، عمل دوسرے درجہ کی چیز ہے، اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ "زبان و لغت" تمدن انسان کی پوری زندگی کا ½ حصہ ہے، جس پر اس کی عملی زندگی کی، جو زندگی کا نصف ثانی ہے، خوبی و خرابی موقوف ہے اور اس لئے پوری زندگی کو شائستہ بنانے کے لئے ناگزیر ہوگا کہ زبان اور تعبیر کو درست اور بامحاورہ کیا جائے اور ذخیرۂ لغت کی فراہمی اور اس کے صحیح تلفظ کی ترجمانی

میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے۔

میرے محترم دوست عبداللہ خاںصاحب خویشگی خورجوی مبارک باد کے مستحق ہیں جنھوں نے اس مقصد کی تکمیل کے لئے "فرہنگ عامرہ" کے نام سے چالیس ہزار لغات کا ذخیرہ جمع فرمادیا اور ساتھ ہی ہر ہر لغت کے صحیح تلفظ اور ہجا کے لئے ایسی مقبول صورت اختیار کی کہ یہ مقصد بغیر کسی عبارت وعنوان کے محض اعراب اور نشست کلمات سے حاصل ہو جاتا ہے۔ کتاب بحیثیت مجموعی اردو ادب کی ایک بے نظیر خدمت ہے، خدا تعالیٰ قبول فرمائے اور اردو خواں طبقہ کے لئے اُسے مشعل راہ بنائے۔

امید ہے کہ اہل زبان اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے اور مصنف کو دعائے خیر سے فراموش نہ کریں گے۔

نگارستان دہلی

جہاں تک ہمیں تحقیق ہے اردو زبان میں یہ فرہنگ اپنی قسم کی واحد فرہنگ ہے جو انگریزی ڈکشنری کے اصول پہ تالیف کی گئی ہے۔

خورجہ جیسی غیر ادبی سرزمین میں بیٹھ کر الفاظ کے اتنے بڑے ذخیرہ کو یکجا کرنے میں مولوی عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے جو کوشش کی ہے وہ اس کے لئے مستحق تبریک وتحسین ہیں۔

ہماری رائے میں اس قابل قدر لغات کو اردو کی ترویج کے لئے ہر جگہ رواج دینے کی ضرورت ہے، تاکہ نوآموز طالبان اردو زبان کے سمجھنے بولنے اور کتابیں واخبارات کے پڑھنے میں اس فرہنگ سے استفادہ کر سکیں۔

امید ہے کہ حامیان ترقی اردو اسے قدر کے ہاتھوں لیں گے۔

ہمجولی دہلی

اردو زبان و ادب کے شیدائیوں کو یہ معلوم کرکے خوشی ہوگی کہ فرہنگ عامرہ کے نام سے لغت کی ایک نہایت مفید کتاب شائع ہوگئی ہے، یہ لغت جناب عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی کی محنت اور ادبی ذوق کا نتیجہ ہے۔
آپ نے اس فرہنگ میں ایسے چالیس ہزار الفاظ جمع کر دیئے ہیں جو اسکولوں اور کالجوں کے طلباء کی ضروریات کی بہت بڑی حد تک پورا کر سکتے ہیں۔
فرہنگ عامرہ یقیناً لغت کی ایک مفید کتاب ہے اور ہمارا مشورہ یہ ہے کہ جو لوگ لغت کی کتاب خریدنے والے ہوں وہ فرہنگ عامرہ کو کم سے کم دیکھ ضرور لیں۔ گمان غالب یہی ہے کہ وہ اسی کو خریدنا پسند کریں گے۔

حسان العصر حضرت احسن مارہروی سابق پروفیسر اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

اس وقت تک جتنی کتب لغت متداول ہیں، ان کی ضخامت، نیز ان کی عبارت طلباء کی برداشت اور قدرت فہم سے باہر ہے، اس صورت میں کسی جامع و مانع لغت کا شائع ہونا، پڑھنے، پڑھانے والوں کے لئے افادہ و استفادے کا بہترین ذریعہ ہے۔
مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی قابل مبارکباد ہیں کہ انھوں نے ایک ایسا مجموعۂ لغت اپنی پوری محنت اور گہری کاوش سے مرتب کیا ہے۔ جس میں چالیس ہزار الفاظ ضروری تشریح اور مناسب تصریح کے ساتھ فراہم ہوگئے ہیں۔ اس سے پہلے لغات کشوری وغیرہ کی طرح اور کتب لغت بھی شائع ہو چکی ہیں، لیکن ان میں وہ شرح و بسط اور قید و ضبط نہیں جس سے فرہنگ عامرہ

معمور ہے۔ مروجہ انگریزی لغات کی ترتیب کے مطابق اسکو مرتب کیا ہے۔ ہر لغت کے تحت میں ضروری اور مفید معنی و مفہوم کے اندراج سے کام لیا گیا ہے۔ فضولیات کو یک قلم ترک کر دیا ہے اور تمام وہ لغات جو مروجہ کتب نصاب میں پائے جاتے ہیں۔ فرہنگ عامرہ میں یکجا کر دئے گئے ہیں۔

ایک نمایاں اور مفید ترین خصوصیت، صحیح تلفظ کا اظہار و التزام ہے، جس کی وجہ سے طلبہ غلط تلفظ کی ابتلا سے بچے رہیں گے اور بغیر کسی کی مدد کے صحت الفاظ پر اعتماد حاصل کر سکیں گے۔

مؤلف موصوف نے یہ علمی فرض کفائی پوری کامیابی کے ساتھ پورا کیا ہے۔ طلبہ غلطی کریں گے۔ اگر ایسے کارآمد لغت سے کام نہ لیں گے۔ اس کا مطالعہ یقیناً ان کو دوسرے لغتوں سے مستغنی کر دے گا اور امتحان کے وقت بآسانی کامیابی کا اطمینان دلائے گا۔

جناب غلام العابدین صاحب ڈائرکٹر سررشتہ تعلیمات ریاست کاشمیر

آپنے اس فرہنگ کو بہت محنت اور قابلیت سے مرتب کیا ہے اور اب سے پہلے جس مقصد کے لئے ضخیم تر کتابوں کی طرف رجوع کرنا ہوتا تھا وہ اب آپ کی اس فرہنگ سے حاصل ہو سکتا ہے۔

خدا کرے آپ کی یہ ادبی اور لسانی کوشش مشکور ہو۔

جناب قاضی سید محمد احمد صاحب کاظمی ایم ایل اے (مرکزل) ایڈوکیٹ الہ آباد ہائی کورٹ

زمانہ کی تبدیلی کے ساتھ زبان کی تبدیلی ایک فطری امر ہے۔ لیکن اور زبانوں کے مقابلہ میں اردو زبان میں جو تبدیلیاں ہو رہی ہیں وہ بہت زیادہ ہیں۔ ایسے وقت میں عبداللہ خاں صاحب خویشگی نورجوی کی خدمت نہایت قابل قدر ہے۔

انھوں نے فرہنگ عامرہ ترتیب دے کر ایک بڑی ضرورت کو پورا کر دیا۔ تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو یکجا کر کے اور ان کے صحیح تلفظ، معنی اور ماخذ تحقیق سے جمع کر کے انھوں نے پبلک کے سامنے ایک خزانہ پیش کر دیا ہے۔

ظاہر ہے کہ ایسی جامع کتاب کی تیاری کے لئے تبحر علمی کے ساتھ صد درجہ کی محنت و کاوش کی ضرورت ہے اور یہ کتاب برسوں کی سعی و کوشش کا نتیجہ ہے۔

میں مولوی عبداللہ خاں صاحب کو اس کی تکمیل پر مبارک باد دیتا ہوں، انھوں نے اردو زبان پر ایک بڑا احسان کیا ہے اور امید ہے کہ اس کی ہر طبقہ کے حضرات پوری قدر کریں گے۔

آتاترک دہلی

اس لغت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ایک نوجوان جس کو اردو سے شوق ہو لیکن اردو کے تلفظ سے ناآشنا ہو، بغیر کسی دوسرے کی امداد کے اس کتاب کے مطالعہ سے اپنی خواہش پوری کر سکتا ہے۔

اس کتاب کی جس قدر بھی تعریف کی جائے کم ہے، ضرورت ہے کہ ملک کا اُردو زبان سے دلچسپی رکھنے والا طبقہ کتاب کی قدر کرے۔ ہمارے خیال میں اس کتاب کو ملک کی تمام یونیورسٹیوں کے نصاب میں داخل کرنا چاہیئے۔

نگارخانہ دہلی

عبداللہ خاں صاحب خویشگی خورجوی نے جس محنت و جانفشانی سے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ وہ قابل صد ستائش و داد ہے۔ قدیم و جدید اردو کے الفاظ میں کوئی ایسا لفظ نہیں معلوم ہوتا جو آپ نے چھوڑ دیا ہو۔

سرپنچ لکھنؤ

سرپنچ کے کالموں میں آپ سرپنچی لغات تو عرصہ تک ملاحظہ فرما چکے ہیں، اب آج ایک ایسی لغت پر تبصرہ کیا جا رہا ہے جو صحیح معنوں میں اردو کی پہلی مکمل ڈکشنری کہلانے کی مستحق ہے۔

دراصل فرہنگ عامرہ کی تالیف مولانا محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کا ایک کارنامہ عظیم ہے۔

عالمگیر لاہور

مدت سے اردو میں ایک ایسے لغت کی ضرورت تھی جو جامع ہونے کے علاوہ اخبار نویسو مترجموں، شاعروں اور طالب علموں کی ضروریات کو پورا کرے۔ ہمیں مسرت ہے کہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے بے انتہا محنت و کاوش سے ایک ایسا لغت مرتب کیا ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ کی تشریح کی گئی ہے۔

مرتب نے انتہائی عرق ریزی اور شبانہ روز کاوش سے کام لیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ حامیان اردو کے حلقہ میں اس لغت کا پرجوش خیر مقدم کیا جائے گا۔

محشر خیال دہلی

جناب محمد عبداللہ صاحب خویشگی نے نہایت محنت اور کاوش کے بعد تقریباً چالیس ہزار الفاظ کو کتابی شکل میں جمع کرکے لغت کی کتاب تیار کی ہے۔ اس کا نام فرہنگ عامرہ رکھا گیا ہے۔

مؤلفین اور مصنفین اور شائقین ادب اردو کے لئے فرہنگ عامرہ ایک ضروری کتاب ہے۔

جناب سید سجاد حیدر صاحب یلدرم سابق رجسٹرار مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

یہ فرہنگ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پر لکھی گئی ہے، جس سے الفاظ کے ڈھونڈنے میں بہت آسانی ہوتی ہے۔ الفاظ کے معانی مختصر مگر صحیح اور تشفی بخش دیئے گئے ہیں۔

جناب پروفیسر الیاس صاحب برنی ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

ناظم دار الترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن

مدت سے اردو میں ایسے مختصر اور جامع فرہنگ کی ضرورت تھی، اس کتاب نے بڑی حد تک یہ ضرورت پوری کر دی۔ الفاظ کی ترتیب، معنی کی مختصر تفہیم اور رخائر تلفظ کی توضیح، اس فرہنگ کی یہ خصوصیات بہت مفید ہیں۔

مصنفین اُردو دہلی

اردو زبان کا بالکل جدید چالیس ہزار با تلفظ لغات کا خزانہ ہے، فرہنگ کو دور حاضرہ کے قالب میں ڈھالنے کی ہر امکانی کوشش کی گئی ہے۔ نہایت جامع اور پراز معلومات ہے۔

عزیز ہند جھانسی

فرہنگ ہٰذا جس میں تقریباً چالیس ہزار فارسی، عربی اور ترکی کے الفاظ جمع کئے گئے ہیں، ایک نادر ڈکشنری ہے۔

کوئی کمی ایسی نہیں ہے جو اس میں پوری نہ کی گئی ہو۔

نیرنگ خیال لاہور

اس لغت میں چالیس ہزار الفاظ ہیں جن کے تلفظ کا طریقہ بتلاتے ہوئے اُن کے معانی بھی بتلائے گئے ہیں۔

یہ جدید طرز کا لغت مڈل اور ہائی کلاسوں کے لئے بیحد مفید ہوگا۔

مولوی محمد مظہر اللہ صاحب اسسٹنٹ رجسٹرار عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن

یہ بڑی مفید کتاب ہے اور جدید طرز پر مرتب ہوئی ہے۔

نشور دہلی

"فرہنگ عامرہ" محمد عبداللہ خاں خویشگی کی تالیف ہے۔ اس میں ایسے چالیس ہزار مرکب اور مفرد الفاظ جمع کیے گئے ہیں جو اردو زبان میں معمولاً بولے اور لکھے جاتے ہیں۔ ہر لفظ کے معنی تحقیق کے ساتھ درج کیے گئے ہیں اور اعراب لگا کر اور الفاظ کا تجزیہ کر کے صحیح تلفظ بتائے گئے ہیں۔ الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق ہے اور بالکل دور حاضر کے دستور کے مطابق۔ اس لئے الفاظ کی تلاش میں بڑی سہولت ہوتی ہے۔

یہ فرہنگ طلباء کے لئے اور ان سب لوگوں کے لئے مفید ہے جو مطالعہ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔

نوائے وطن

فرہنگ عامرہ عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی دماغ سوزی کا کامیاب نتیجہ ہے۔ مؤلف نے تقریباً چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ یکجا کر دیا ہے۔ انگریزی لغت کے مانند ہر لفظ کے ٹکڑے کر دیے گئے ہیں تاکہ تلفظ

ادا کرنے میں آسانی ہو۔

عبداللہ صاحب کی یہ کوشش زبان اردو پر بڑا بھاری احسان ہے۔ کتاب نہایت مفید ہے اور قیمت بہت کم۔

پیغام وطن دہلی

اردو زبان میں ہندی، عربی، فارسی اور ترکی زبان کے بے انتہا الفاظ داخل ہیں۔ مگر موجودہ زمانہ میں جو لغات پائی جاتی ہیں۔ اُن میں محض پُرانی اصطلاحات ملتی ہیں۔ جدید اصطلاحی الفاظ اور ان کے معانی کا نام ونشان بھی نہیں۔

عرصہ سے ایک ایسی لغت کی ضرورت تھی، جس میں دورِ حاضرہ کے اصطلاحی معنے درج کئے گئے ہوں۔ ہمیں خوشی ہے کہ مصنف ممدوح نے فرہنگ میں اس ضرورت کو پورا کر کے اردو پر احسان کیا ہے۔ اس میں قریب قریب چالیس ہزار الفاظ کے معنے دیئے گئے ہیں۔ جن کی زبان نہایت ہی آسان ہے۔

مصنف اردو کے حامیوں کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

نیشنل گزٹ دہلی

فرہنگ عامرہ ہی صرف ایک ایسی مستثنیٰ لغات ہے جو زمانہ جدیدہ کے مطابق ہے اور اردو زبان کو ملک میں رواج دینے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہے اداۓ تلفظ کا طریقہ اس قدر مفید اور کارآمد ہے جس سے ہر شخص مستفید ہو سکتا ہے۔ اس لئے حامیانِ اردو کو یہ کتاب خریدنا اور اس کو ملک میں رواج دینا چاہئے۔

رائٹ آنریبل ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو
صدر آل انڈیا انجمن ترقی اردو

میں آپ کی عنایت کا بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے ایک جلد اپنی کتاب کی عطا فرمائی۔ اس عرصہ میں میں نے چند بار آپ کی کتاب کا مطالعہ کیا۔ میں بہت خوش ہوں کہ "ایسی فرہنگ" اس وقت شائع ہوئی۔ میری رائے ناقص میں یہ نہایت مفید ثابت ہوگی اور ہم سب کو جنکو کہ اردو سے تعلق ہے آپ کا احسان ماننا پڑے گا کہ آپ نے اس قدر محنت کے ساتھ اس کتاب کو طیار کیا۔

یہ لغت نہایت قابل قدر ہے۔

حق لکھنؤ

فرہنگ عامرہ۔ عربی، فارسی اور ترکی لغات کا با تلفظ مخزن مؤلفہ جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی اسوقت ہمارے روبرو ہے۔ اس میں چالیس ہزار با تلفظ لغات کا خزانہ محفوظ ہے جو ترقی اردو کے سلسلہ میں ایک قابل قدر اور غیر فانی چیز ہے۔

کہنے کو تو یہ لغت طالب علموں کے لئے لکھا گیا ہے۔ لیکن ہماری آزاد رائے یہ ہے کہ یہ لغت مبتدی اور منتہی دونوں کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔ مصنف نے اس کی ترتیب و تدوین میں انتہائی دقت نظر، محنت اور تلاش و تحقیق سے کام لیا ہے پورے لغت کو دیکھ جائیے، ایک جملہ، ایک لفظ یا ایک حرف بھی خلاف تہذیب نہ ملے گا۔ ورنہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ اعضا و اعصاب کا ترجمہ نہایت غلیظ الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔ فرہنگ عامرہ اس قسم کی تمام لغویات اور لسانی مکروہات سے پاک و صاف ہے۔

عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ مایۂ ناز پیشکش، اُن کی ادبی و فنّی جد و جہد اور علمی زندگی کا ایک ایسا کارنامہ ہے جسکو محفوظ رکھنے اور اس کے فوائد کو عام و وسیع کرنا ہر فرد قوم کا اولیں فرض ہے۔

اردو طالب علموں اور اناڑی ادبا و شعرا کے لئے عموماً یہ ایسی مشعل راہ ہے جس کی روشنی میں ذہن و نگاہ کی مجبوریاں غبار کارواں بن سکتی ہیں۔ غرض جدت، ندرت اور بلاغت کی وہ تمام مثالیں جو کسی ذخیرۂ لغت کے لئے ضروری ہو سکتی ہیں فرہنگ عامرہ میں ایک ایک لفظ کے ساتھ موجود ہیں۔

محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی کی یہ خلوص بھری پیشکش قابل قبول اور لائق ستائش ہے۔ خدا کرے ملک کے طول و عرض میں اسکا طوطی بولے اور ملک کے ہر چھوٹے بڑے تعلیمی اداروں، انجمنوں، مجلسوں میں اسکو نمایاں جگہ ملے۔

جناب آصف علی صاحب بیرسٹر دہلی - ایم - ایل - اے (سنٹرل)

آپ نے ایک بڑی مہم سر کی ہے اور جس محنت سے آپ نے یہ کام انجام دیا ہے وہ مبارکباد کی مستحق ہے۔ ہر ایک شخص صراح اور قاموس اور بڑی بڑی ضخیم لغت کی کتابیں ہر وقت پاس نہیں رکھ سکتا مگر مختصر ضرورت فرہنگ عامرہ سے قطعی پوری ہو جانی چاہیئے۔

عصر جدید کلکتہ

خورجہ ضلع بلند شہر کے جناب محمد عبداللہ خاں صاحب خویشگی نے ایک جدید لغات "فرہنگ عامرہ" کے نام سے تصنیف کی ہے جس کی ایک جلد ہمارے پاس تبصرہ کے لئے آئی ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کے معنی بیان کئے گئے ہیں۔

اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ الفاظ کے ساتھ ساتھ ان کا تلفظ بھی دے دیا گیا ہے اور یہ جدت بیحد قابل تحسین ہے۔ ہم نے جا بجا سے اس کو دیکھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اردو

زبان کے طلبہ ہی کے لئے نہیں بلکہ اساتذہ کے لئے بھی یہ مجموعہ بیحد مفید ہے۔ ضرورت کے تمام الفاظ اس میں موجود ہیں۔ جہاں تک ہم نے اندازہ کیا ہے عربی کے جدید الفاظ بھی اس میں لے لئے گئے ہیں۔

ہم کو معلوم ہے کہ اسکول اور مدارس کے طلبہ اس قسم کی جامع لغات کی تلاش میں رہتے ہیں بنا بریں اسکولوں اور مدارس کے تمام طلبہ سے ہم سفارش کرتے ہیں کہ وہ ضرور کتاب منگوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اتنی جامع لغت کی کتاب ایسی خوبصورت تقطیع پر شاید اب تک ہماری نظروں سے نہیں گذری ہے۔

مصنف صاحب یقیناً ملک کے اہل علم کی طرف سے ہمت افزائی کے مستحق ہیں۔

حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت العلماء ہند

یہ کتاب عربی، فارسی، ترکی کے چالیس ہزار الفاظ کا بیش بہا خزانہ ہے۔ فاضل مؤلف نے الفاظ کے صحیح تلفظ کو اعراب کے ذریعہ واضح کرنے کی سعی مشکور فرمائی ہے جو لغت کی تالیفات میں ایک مفید اضافہ ہے۔

میرا خیال ہے کہ اس قسم کی سہل الماخذ مفید اور کوئی کتاب موجود نہیں ہے، جو اہل علم تحریر و انشا سے دلچسپی رکھتے ہیں ان کیلئے یہ کتاب بیحد کار آمد ہے۔

حق تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر دے اور اس تالیف کو مقبولیت عامہ کے خلعت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

شاہکار لاہور

یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اکثر ہندوستانی تعلیمات و ادبیات سے اب خاص دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کی یہ کوششیں بڑی حد تک کامیاب ہو رہی ہیں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ تعلیم و تعلم میں جو بہتر تبدیلیاں ہوگئی ہیں، ان کے مطابق پڑھنے

مشرقی انداز کو بھی نیا رنگ دیا جائے۔

اسی سلسلہ میں مولوی محمد عبداللہ خاں خویشگی نے ایک ایسا مجموعہ لغت مرتب کیا ہے۔ جسے ہر لحاظ سے جامع کہا جا سکتا ہے۔ کتاب انگریزی ترتیب کے مطابق ہے اور اس کی تکمیل اس خوبی سے کی گئی ہے کہ اس میں موجودہ زمانہ کی ہر علمی ضرورت پیدا کرنے کی صلاحیت ہے۔

کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ کے سامنے اس کا صحیح تلفظ درج ہے اور الفاظ کے معنی جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔ ہر مصدر کے ساتھ اسکا مضارع بھی موجود ہے اور ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں ان حروف کو مثالوں کے ساتھ دیا گیا ہے جن سے اس کا بدل ہے۔

دیباچے نے کتاب کی خوبیوں میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ نئے نئے الفاظ کے لئے اس میں جہاں انسلاک الصدور اور توابعات ترکیبی کی فہرست دی گئی ہے وہاں عام فارسی اسمار کی جمع بنانے کا قاعدہ بھی لکھ دیا گیا ہے۔ معنوں میں روزمرہ کی شستگی، مجلسی رواداری، تہذیب اور سنجیدگی کا لحاظ رکھا گیا ہے اور بے رواج چیزوں کی جگہ ہزاروں نئے اقتصادی، تمدنی اور سیاسی الفاظ داخل کئے گئے ہیں۔

مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب نے یہ قابل قدر فرہنگ مرتب کر کے زبان پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ ملک کے علمی و ادبی حلقوں میں اس کی بہت قدر ہو گی۔

ویش سماچار دہلی

فرہنگ عامرہ۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ ایک لغت ہے جس میں عربی، فارسی اور ترکی کے تقریباً چالیس ہزار الفاظ یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ عبداللہ خاں خویشگی نے درحقیقت یہ ایک ایسی لغت تالیف کی ہے جو موجودہ دور تعلیم کے لئے بے حد مفید ہے۔

خویشگی صاحب نے زبان کی بڑی خدمت کی ہے۔ اہل علم کو اسکی پوری قدر کرنی چاہیئے۔

دین دنیا دہلی

فرہنگ عامرہ عربی اور فارسی الفاظ کی (جن میں مستعمل ترکی الفاظ بھی شامل ہیں) ایک مختصر اور جامع فرہنگ ہے۔ ترتیب و تالیف فرہنگ میں زیادہ تر انگریزی سکولوں اور کالجوں میں پڑھنے والے طالب علموں کی ضرورتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس لئے فرہنگ عامرہ مذکور طالب علموں کے لئے ایک جامع، مختصر، سستی اور مفید لغت ہے جس سے فائدہ اٹھانا بڑی لغتوں کے مقابلہ میں ان کے لئے زیادہ آسان ہے۔

امید ہے کہ قابل مؤلف کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور اسکولوں اور کالجوں میں فرہنگ عامرہ بہت جلد کافی مقبولیت حاصل کرلے گی۔

نواب ابوالمعظم سراج الدین احمد خانصاحب سائل

جانشین استاد داغ

مؤلف موصوف نے جس خوبی و انتظام سے اتنا ضخیم لغت فراہم کیا قابل ستائش ہے الفاظ کے تلفظ کی صحت کی غرض سے جو اہتمام حروف مقطعات کی صورت میں کیا ہے یہ ان کی اختراع ہے، جو کم پایہ استعداد کے لوگوں کو تصحیح تلفظ لغات میں مشعل راہ ہے۔ یہ مجموعہ خط خفی میں اس غرض سے مدون کیا گیا ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ کم استطاعت کے لوگوں کے ہاتھوں تک پہونچ جائے۔ جہانتک میں دیکھ سکا، اسکی خوبیوں کا مجھے اعتراف ہے۔

مؤلف کے متعلق میرے ہاتھ دعا کیلئے اٹھتے ہیں۔ خدائے توانا و تقدس اس کی عمر میں برکت دے۔ ذوق مطالعہ میں اضافہ فرمائے اور مبارک باد دیتا ہوں اس کو جسے میں اپنا قوت بازو جانتا ہوں اور فیروز بھائی کہکر خطاب کرتا ہوں۔

مجھے امید ہے کہ یونیورسٹیوں کے کتبخانے جتنے ہندوستان میں ہیں اور پرائیویٹ کالج

مدارس و غیرہ کے کتب خانوں کے لیے اس فرہنگ عامرہ کو موجب زینت سمجھیں گے - اور شائقین ادب اردو اسے نعمت غیر مترقبہ جانیں گے اور اس کے مطالعہ سے عام و خاص فوائد کثیر حاصل کریں گے ۔

انوکھی دنیا لاہور

فرہنگ عامرہ میری نظر میں :-

فاضل مؤلف نے چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کو اس خوبی و قابلیت سے مرتب کیا ہے کہ ایک بڑے سے بڑے دار العلوم کو فرہنگ عامرہ کی موجودگی میں کسی دوسری لغت کی ضرورت ہی نہیں رہتی ۔ مؤلف نے طالب علموں اور عالموں پر یکساں احسان کیا ہے اس تالیف کے لیے وہ مستحق مبارکباد ہیں ۔ میں ضرورتمند اصحاب سے اس کے خریدنے کی سفارش کرتا ہوں ۔

(ایڈیٹر)

کامیاب دہلی

زبان اردو کے شاداب چمن میں ایک اور پھول کھلا ۔ اس نئے پھول کا نام فرہنگ عامرہ ہے ۔ مدت سے ایک ایسی فرہنگ کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی جو اردو کی جملہ ضروریات پر حاوی کہی جا سکے ۔ اب یہ دیکھ کر ہمیں بیحد مسرت ہوئی کہ خورجہ کے مولوی عبداللہ صاحب خویشگی نے نہایت ذمہ داری اور ہوشمندی کے ساتھ فرہنگ عامرہ مرتب کر کے ضرورتمندوں کے سامنے پیش کر دی ۔

فرہنگ عامرہ کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ مغربی ڈکشنریوں کے طرز پر مرتب ہوئی ہے اور الفاظ کا تلفظ سمجھانے کا بہت ہی آسان طریقہ استعمال کیا گیا ہے ۔

ہمارا خیال ہے کہ "فرہنگ عامرہ" اخبار نویسوں اور مترجموں اور طالب علموں کے لیے خصوصیت سے کارآمد ثابت ہوگی ۔

خوشگی صاحب اس شاندار خدمت زبان کے لئے یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں۔
امید ہے کہ حامیان اردو خوشگی صاحب کی حوصلہ افزائی میں امکانی امداد دینگے۔
اور ان کے اس انتہائی مفید کارنامہ کی قدر کریں گے۔

کہکشاں دہلی

یو۔پی کے مشہور اہل قلم مولوی محمد عبداللہ خانصاحب خوشگی نے ہمیں فرہنگ عامرہ
تبصرہ کے لیے روانہ فرمائی ہے۔ یہ چالیس ہزار عربی، فارسی اور ترکی کے ایسے الفاظ کا
لغت ہے جو اردو میں مستعمل ہیں اور جو ہم تقریر و تحریر میں روزانہ استعمال کرتے ہیں۔
یہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ مبتدیوں کے علاوہ خاصے پڑھے لکھے لوگ بھی اعرابی
غلطیاں کرتے ہیں۔ اس فرہنگ نے یہ مشکل خوبصورتی کے ساتھ ختم کر دی ہے۔
حقیقت میں فرہنگ عامرہ، مفید، دلکش اور آسان لغت ہے جس کی ایک ایک جلد
اڈیٹر، واعظ، لیڈر اور اردو داں حضرات کے پاس ضرور رہنی چاہیئے۔

خضر راہ لاہور

مولوی عبداللہ خانصاحب نے اردو زبان کے چالیس ہزار الفاظ، ان کے صحیح تلفظ،
معانی و ماخذ کو تحقیق سے جمع کر کے اردو زبان کی گرانقدر خدمت کی ہے۔
حقیقت میں کسی زبان کی ترقی کے لئے اچھی لغات کی موجودگی نہایت ضروری امر ہے
چنانچہ مولوی صاحب موصوف نے اس طرف توجہ کر کے ایک بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے۔
فرہنگ عامرہ ترتیب، حروف تہجی، صحت تلفظ اور معانی کے اعتبار سے عام لغات سے امتیاز
رکھتی ہے۔

جدت مرادآباد

اردو ہندوستان کی "لنگوفرنکا" (مشترک زبان) ہے، جس کو دس کروڑ سے زائد باشندے

بولتے اور لکھتے ہیں اور جسکو تقریباً تمام ملک سمجھتا ہے۔ لیکن کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ دنیا کی اتنی بڑی زبان میں کوئی ایک بھی ایسی لغات کی کتاب نہیں ہے جو عہد حاضرہ کے معیار پر پوری اتر سکے ہمیں مسرت ہے کہ مولوی محمد عبد اللہ خان صاحب خویشگی نے ایک فرہنگ "فرہنگ عامرہ" کے نام سے تالیف فرما کر اردو زبان کی نہایت ہی قابل قدر خدمت انجام دی ہے جس کے لئے وہ ابنائے ملک کے شکریہ کے مستحق ہیں۔ یوں تو یہ کتاب ہر شخص کیلئے مفید و کار آمد ہے لیکن طلبا کے لئے بالخصوص یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

ہم سفارش کرتے ہیں کہ "فرہنگ عامرہ" کو ہر دار المطالعہ، کتب خانہ اور ادارۂ تعلیمی کی زینت بنایا جائے اور کسی اردو خواں شخص کا گھر اس کتاب سے خالی نہ رہے۔

ماہ نیم ماہ دہلی

فرہنگ عامرہ اردو زبان کی ایک لغت ہے جو فارسی، عربی اور مروجہ ترکی الفاظ پر مشتمل ہے۔ اس کے مرتب ہمارے محترم نواب محمد عبد اللہ خاں صاحب خویشگی ہیں۔

فرہنگ کم و بیش چالیس ہزار الفاظ اور ان کے ضروری معانی و مطالب کا جامع ذخیرہ ہے۔ جس میں الفاظ کے ٹکڑے کرکے اور اعراب لگا کر ہر لفظ کے تلفظ کو اس طرح نمایاں کیا گیا ہے۔ کہ ایک مبتدی بھی آسانی کے ساتھ صحیح تلفظ معلوم کر سکتا ہے۔

ہم پر زور الفاظ میں درخواست کرینگے کہ وہ تمام حضرات جو اردو زبان سے دلچسپی رکھتے ہوں اس فرہنگ سے ضرور استفادہ حاصل کریں۔

ہندوستان ریویو پٹنہ عظیم آباد

فرہنگ عامرہ: ۔ ایک اردو لغات

یہ کتاب ایک فرہنگ ہے جسمیں عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے معنی اردو میں دئے گئے ہیں اور جو بلا شبہ مؤلف کی گہری کاوش اور تدقیق کا ثمرہ ہے۔ ایک سبک دست مگر جامع لغات کی ضرورت جو اردو کے طلبہ عرصے سے محسوس کر رہے تھے، یہ کتاب بااحسن وجوہ پوری کر دے گی۔ (ترجمہ)

جس زبان کی خود اپنی مستقل فرہنگ نہیں وہ ناکمل ہے، اور جو فرہنگ تلفظ سے معرّا ہے لایعنی ہے، اس لیئے کہ تلفظ ہی کے بطن سے معانی پیدا ہوتے ہیں پس جس طرح کہ لغات کے معنوں کو سمجھنا اور اُن کو یاد کرنا طالب علم کے لیے ایک ضروری امر ہے، بالکل اسی قدر بلکہ اس سے بھی زیادہ ضروری صحیح تلفظ کو جاننا اور بولنا ہے۔

کسی زبان کو شستہ لب و لہجہ میں ادا کرنے کی مہارت کا فقدان کمال زباندانی میں ایک نقص ہے، مگر اس سے بھی بڑھ کر معیوب یہ ہے کہ ہم غلط اور بے جوڑ الفاظ بولنے کے باعث اپنا صحیح مافی الضمیر بیان کرنے سے قاصر ہوں، کیونکہ عربی اور فارسی لغات میں ایک ہی املے کے متعدد تلفُّظ ہوتے ہیں اور بسا حالات ہر تلفظ اپنی ایک جُداگانہ حیثیت اور معنے رکھتا ہے، چنانچہ اس فرہنگ کے مطالعہ سے یہ حقیقت واضح طور پر منکشف ہو جاویگی کہ ایک ہی لغت کے اعراب میں تغیّر ہونے پر کس طرح اُس کے معنے بدلتے ہوئے چلے جاتے ہیں، حتیٰ کہ بعض اوقات اُن میں کوئی باہمی علاقہ تک باقی نہیں رہتا، لہٰذا تلفُّظ سے ناواقفیت کی بنا پر ایک ہم شکل مگر غیر معنے لفظ کا بے محل استعمال کور ذوقی اور جہالت لسانی کا مضحکہ انگیز نمونہ ہے اور ایک مدعی علم کی عبائے

فضیلت پر ایسا بدنما دھبّہ ہے کہ جس کی تلافی کسی یونیورسٹی کی اعلیٰ ترین سند بھی نہیں کر سکتی۔

عربی میں علی العموم مرکب الفاظ، فارسی اور ترکی میں بالخصوص مفرد لغات ایسے پائے جاتے ہیں کہ جن کے چہروں پر زائد حروف کے پردے پڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے اُن کے اِملے اور تلفّظ میں کامل ہم آہنگی نہیں، یعنی جِس ہجّے کے بموجب لکھے جاتے ہیں اُس کے ماتحت پڑھے نہیں جاتے، اور یہ تفہیم تلفظ میں ایک ایسی سنگین دشواری ہے کہ جس کا ازالہ اعراب بھی نہیں کر سکتے، اس لیے جب تک ہر لغت کے پہلو بہ پہلو اُس کا براہِ راست تلفظ مُندرج نہ ہو اصلی شکل بے نقاب نہیں ہو سکتی۔

آج سے تقریباً ایک صدی ماقبل جب کہ فارسی ہندوستان کی سرکاری زبان تھی اور گھر گھر اُس کا چرچا تھا، جب کہ یہاں کا طبقۂ اعلےٰ اُردو کی نوشت وخواند سے بھی اِبا کرتا تھا اور فارسی انشا پردازی کا سِکّہ جما ہوا تھا، ممکن ہے کہ یہ کسی حد تک کتابی تلفظ سے بے نیاز ہو، اور کیا عجب ہے کہ اس زمانہ کی فرہنگوں میں ہر لغت کے ہمدوش مکمل تلفظ کا التزام نہ ہونے کی یہی عِلت غائی ہو، مگر آج جب کہ فارسی کے سر سے بادشاہت کا تاج اُتر چکا ہے اور خود اُسی کے متوسلین دیرینہ کی ایک جماعت موقع پاکر بیخ کنی پر تلی ہوئی بیٹھی ہے، آج جب کہ فارسی سمجھنے والوں کی تعداد بتدریج محدود اور بولنے والوں کی مفقود ہوتی چلی جاتی ہے، ناممکن ہے کہ تشنہ کامانِ

وب با تلفظ فرہنگوں کی امداد کے بغیر پورے طور پر سیراب ہو سکیں۔
اب تک ہماری زبان اُردو میں فارسی کی جتنی فرہنگیں لکھی جا چکی ہیں وہ تلفظ سے بیگانہ ہیں اور اُن کا نصب العین طلباء کو صرف لغات کے معانی رٹا کر تحریری امتحانات میں کامیاب کرا دینا ہے، یہ ایک ایسا صریح نقص ہے جو ان کی قدر و قیمت کو بہت کم کر دیتا ہے، کیونکہ شُعَراء، خُطَباء اور صحیح الذوق جویانِ علم و ادب جو ایک زبان کو بحیثیتِ زبان سیکھنا چاہتے ہیں ایسی ناتمام کتابوں سے کوئی معتدبہ فائدہ حاصل نہیں کر سکتے کہ جن میں لغات کا تلفظ محض قیاس اور وجدان پر یاد کرنا پڑتا ہے۔

فرہنگ ہٰذا میں حتی الوسع پوری تحقیق و تدقیق کے بعد تلفظ لکھے گئے ہیں مگر بڑی مصیبت یہ ہے کہ جہاں ہماری اجتماعی زندگی کا شیرازہ ہر معاملہ میں بکھرا ہوا ہے وہاں ہماری زبان بھی اس پراگندگی اور انتشار سے مستثنیٰ نہیں کیونکہ ہمارے یہاں کوئی ایسی فارسی فرہنگ موجود نہیں جو ایک مسلّم حاکمانہ سند متصور ہو، بس نکتہ چینوں کو ہر جدید فرہنگ کی تردید کے لیے کوئی نہ کوئی موافق مطلب کتاب ہاتھ لگ جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ ایک غریب مؤلّف سالہا سال خونِ جگر کھا کر لغات مرتب کرتا ہے مگر پنی مساعی شاقہ کا کوئی خوشگوار صلہ پانے کے بجائے اُس کو اُلٹا معترضین کا ہدفِ لامت بننا پڑتا ہے۔

ڈاکٹر سیموئل جانسن نے ۱۷۵۵ء میں جب اپنی ڈکشنری لندن کی

پبلک کے سامنے پیش کی تو مشہور مربی علوم ارل آف چیسٹر فیلڈ نے مح
"ورلڈ" کی دو مسلسل اشاعتوں میں نہایت فراخدلی سے دادِ تحسین دی، جبر
تمام قوم نے ہمنوا ہو کر لبیک کہا اور اس کے ہجے، تلفظ اور معنوں کو قول فیص
کیا۔ مگر ٹھیک اُسی زمانہ میں جب کہ علّامہ سراج الدین خاں آرزو نے اپنی فا
فرہنگ "دلی والوں" کی نذر کی تو وہ خود بیں اور خود پسند طبائع کے غبار میں د
رہ گئی، حالانکہ جانسن کا جو پایہ انگریزی لٹریچر میں تسلیم کیا گیا ہے خان آرز
کہ جن کی دایۂ قابلیت نے میرؔ، سوداؔ، دردؔ اور مظہرؔ جیسے فخر روزگار باکمال پر
چڑھائے، ہمارے علمِ ادب میں اس سے بھی بڑھ کر ارفع و اعلےٰ ہے۔

لغات کا تلفظ بیان کرنے کا پُرانا طریقہ اس قدر طولانی اور دیر عمل ہے کہ کتا
کی ضخامت میں بیجا طوالت اور قیمت میں ناواجب اضافہ کے ماسوا ہ
طالب علم کے قیمتی وقت کا ایک حصہ تلفظ ٹٹول کر نکالنے میں صرف ہوتا ہ
اس کے علی الرغم فرہنگ ہٰذا کے ادائے تلفظ کا طریقہ انگریزی کتب لغا
استخراج کیا گیا ہے اور اس کے اصول و ضوابط فارسی کتب قواعد سے ماخو
ہیں، جو اس قدر جامع اور حاوی ہیں کہ تمام کتاب میں ایک لغت بھی اُن ک
حدود سے باہر نہیں پایا جا سکتا۔ بحمداللہ اب تلفظ اتنا سلیس اور عام فہم بن گ
ہے کہ ایک نوآموز بھی بیک نظر صحیح طور پر معلوم کر سکتا ہے۔

مُلک میں قدیم فارسی فرہنگوں کی کمی نہیں، مگر مرقعِ عالم کے جس

نگین ورق پر یہ نقوش ثبت کیے گئے تھے باد حوادث کے تھپیڑوں نے اُس کو
لٹ دیا وہ دور منقلب ہوگیا، البتہ یہ مجموعۂ اوراق تقاویم پارینہ بن کر یادگار
باقی رہ گئے ہیں جن میں آج سے صدہا سال پہلے کی مجلسی زندگی اور تمدّن کا
انعکاس جلوہ نما ہے اور جو بے شمار ایسے فرسودہ اسماء سے مملو ہیں کہ جن کے مسمّے
تک بھی زمانہ کی دستبرد سے معدوم ہو چکے ہیں۔ جب ہم ان لغات قدیمہ کی
سیر کرتے ہیں تو عالمِ تصوّر میں وہ تمام جیتا جاگتا سماں پیش نظر ہو جاتا ہے
کہ جس کو زمانہ اپنی ازلی بے پرواہی سے پیچھے چھوڑتا ہوا آج سیکڑوں برس آگے
بڑھ آیا ہے۔

سچی بات یہ ہے کہ ارتقائے علوم و فنون کے دوش بدوش ہماری فرہنگوں
کی تہذیب و تجدید نہیں کی گئی، اور اس کوتاہی کے بہت سے اسباب تھے جو اس وقت
ہمارے موضوع بحث سے خارج ہیں، مگر جن پر بجائے خود ایک مستقل کتاب
تصنیف کی جا سکتی ہے۔ ان ہی میں سے ایک سبب یہ بھی تھا کہ قدیم الایام سے
پرانی فارسی کتابیں نصاب تعلیم میں داخل تھیں، اور اُن کے اندر جو متروک لغات و
دور از کار تلمیحات اور فرضی اسماء مرقوم تھے وہ سب بلا تحقیق و امتیاز طالب علموں کے
فہم مطالب کی خاطر عام فرہنگوں میں بھی بھر دیئے جاتے تھے۔

متاخّرین نے جو فارسی فرہنگیں ہماری زبان میں تدوین کیں اُن میں اکثر
بدقسمتی سے تجارتی اغراض پر مبنی تھیں جن میں کسی اصلاح کی جانب توجہ

نہیں کی گئی جو یا تو فرہنگہائے قدیمہ کے تحت اللفظ تراجم تھے یا اُن کی محض کورانہ تقلید۔

فرہنگ ہذا کو عصر جدید کے قالب میں ڈھالنے کے لیے حتے الامکان جانفشانی کی گئی ہے جس کے خاص خاص اصلاحی امور علی الترتیب مندرجۂ ذیل ہیں

(۱) لغات کے حروفِ تہجّی کی ترتیب جدید لائنوں پر نہایت صحت کے ساتھ قائم رکھی گئی ہے جس کے باعث کسی لفظ کی جُستجو میں اِصرافِ وقت اور پریشانیِ خاطر کا اب کوئی احتمال باقی نہیں رہا ہے۔

(۲) ادائے تلفُّظ کا التزام اعراب اور علائمِ ترکیبی سے مکمل طور پر کر دیا گیا ہے۔

(۳) فارسی کی خلافِ قیاس اور عربی کی مستعمل جمع اپنے صیغۂ مفرد کے ذیل میں بتمامہ درج کر دی گئی ہیں اور کثیر الاستعمال صیغہائے جمع کو مستقل لغت کی حیثیت میں اپنی مُناسب جگہ پر پھر دوبارہ دیدیا گیا ہے۔ جمع فراہم کرنے میں سب سے بڑی صعوبت یہ پیش آئی کہ پُرانی لُغاتوں میں جمع کے معنے صرف جمع میں دیدیئے گئے ہیں الّا اُن کا مُفرد بیان نہیں کیا۔ برعکس ازیں فرہنگ ہٰذا میں جمع کے معنے میں اُس کا صیغۂ مفرد بتادیا گیا ہے جس کے معنے آسانی سے تلاش کیے جاسکتے ہیں۔

(۴) کثیر الاستعمال فارسی مَصادر کے مضارعات نیز اُن کے سماعی اور قیاسی مشتقات خاص اہتمام سے درج کئے گئے ہیں اور افادۂ طلباء کی غرض سے ایک

بڑی تعداد قلیل الاستعمال مَصادِر کی بھی شامل کر دی گئی ہے۔

(۵) فارسی میں ایسے الفاظ بیشتر پائے جاتے ہیں کہ جو فی الواقع ایک ہی لغت کی دو مختلف صورتیں ہیں۔ بات یہ ہے کہ فارسی کے اکثر حروف میں باہمی بدل ہے جس سے معنے اور طریقۂ ادائے تلفظ میں گو کوئی فرق نہیں آنے پاتا مگر املا تبدیل ہو جاتا ہے اس ضروری امر کی وضاحت ہماری فرہنگوں میں نہیں پائی جاتی جس کے باعث بہت سے طلباء اُن لفظوں کو اپنی اپنی جگہ جداگانہ لغات سمجھتے رہتے ہیں کہ جو فی الاصل ایک ہی ماں کے جڑواں بچے ہیں۔ کونسے حرف کا کس کے ساتھ بدل ہے اس کی پوری تصریح فرہنگ ہذا کے اندر ہر حرف کی تقطیع کے شروع میں معلوم کی جاسکتی ہے۔ معہٰذا یہ امر فراموش نہ ہونا چاہیے کہ اس تبادلہ کرنے کا ہر شخص مجاز نہیں، بلکہ جس لفظ میں جس طرح پر اگلے اساتذہ تصرُّف کر گئے ہیں اُن ہی کا تتبُّع ہم کو بھی کرنا پڑتا ہے، چنانچہ یہ پہلو مدِّنظر رکھتے ہوئے ایسے ہمسلک لغات کے معنے صرف ایک جگہ پر لکھ دیئے گئے ہیں اور مابقی میں اُس کو دیکھنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

(۶) عہدِ مظلمہ کی مُردہ اور بے رواج چیزوں کے نام احتیاط سے الگ کر کے اُن کی جگہ زمانہ حاضرہ کے ہزارہا مفید اور زندہ معرّبات اور مُفرّسات درج کر دیئے گئے ہیں۔

(۷) مخرّبِ اخلاق استعارات اور محرّکِ جذبات شوخ تشبیہات سے جو زوالِ

حکومت کے بعد ہمارے مجلسی عیش پرستانہ زندگی کا لازمہ اور اُس عہد کے لٹریچر کا مایۂ افتخار بن چکی تھیں تا بمقدور اجتناب کیا گیا ہے، البتہ اعضائے جسمانی کے نام، نیز طبی اصطلاحات یا بعض دیگر لغات ضروریہ کا مفہوم متانت اور تہذیب کے ساتھ ادا کر دیا گیا ہے۔

(۸) اشیا کی ماہیت اور معانی میں جو قدیم تحقیقاتیں علوم جدیدہ اور تازہ انکشاف سے غلط ثابت ہو چکی ہیں اُن کے بجائے نئی تحقیقاتیں انگریزی کتب لغات کے توسّل سے داخل کر دی گئی ہیں۔

(۹) فرہنگہائے قدیمہ نے افسانوی افراد اور تاریخی شخصیتوں سے متعارف کرانے میں کذب و صِدق کے مابین کوئی حدِ فاصل قائم نہیں کی، اُن کے اندر حاتم طائی اور رستم دستاں پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں، حالانکہ ایک ان میں تاریخی حقیقت ہے اور دوسرا حکیم فردوسی کی قوّت متخیلہ کی شاعرانہ تخلیق۔ اس کوتاہی کی وجہ سے لسان و ادب کے طالب علم کا ذہن تاریخی حقائق کے ادراک سے عاری رہتا تھا۔ فرہنگ ہٰذا میں اسماء الرجال کی ترتیب اور تبویب سے یہ غلط فہمی بھی رَفع کر دی گئی ہے۔

(۱۰) لغات کے معانی بیان کرنے میں مجلسی رواداری کا احترام حتی الامکان ملحوظ رکھا گیا ہے۔

صرف مُندرجہ بالا اصلاحات ہی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اور بہت سے ضمنی

اور جزوی معاملات میں بھی اصلاح و درستی کی گئی ہے جن کا اعادہ موجبِ طوالت ہوگا۔ غرض کتاب کو مفید بنانے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا گیا، مگر بہر کیف یہ ایک محض منفردہ اور اپنی نوعیت کی اولین اصلاحی کوشش ہے، جس میں قدم قدم پر بے شمار مشکلات حائل تھیں اور کوئی مددگار مشورہ، اور نمونہ رہنمائی کے لئے موجود نہ تھا، لہٰذا قارئین کرام کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر کوئی لغزش پائیں تو نگاہ عفو فرمائیں۔ آئندہ اشاعت میں مزید تصحیح کی سعی کی جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری زبان اُردو نے فارسی کی آغوش تربیت میں پرورش پائی ہے، سو یہ فرہنگ اُن الفاظ کے بھی ایک قیمتی خزانہ سے معمور ہے جو ہماری زبان کی زینت ہیں، لہذا اُردو اور فارسی طالب علموں کے لیے یکساں مفید ہے۔ ماسوٰے اس کے علوم و تمدّن کے ارتقاء کے ساتھ روز افزوں اخباری لٹریچر، مختلف العنوان تازہ تراجم، روزانہ جدید انکشافات و اکتشافات اور نت نئی ایجادات نے بے شمار نئے الفاظ کی ضرورت ہماری زبان میں آئے دن پیدا کر رکھی ہے، جن کے لیے فرہنگ ہذا ہر طرح مُعین ثابت ہوگی جو اکثر کتب متداولہ سے زیادہ لغات کا ذخیرہ اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، اور اُن زندۂ جاوید الفاظ سے لبریز ہے کہ جو ایک علم پرور اور ثریّا رفعت تہذیب کے امانت دار ہیں اور جو ہزار سال سے ہندوستان، ایشیا، مشرقی یورپ اور شمالی و مشرقی افریقہ کے کروڑوں اشراف خاندانوں کا

نسلاً بعد نسلٍ روزمرّہ بنے ہوئے ہیں اور ایک ہمہ گیر بین الاقوامی وسعت اپنے اندر رکھتے ہیں فرہنگ اور وہ بھی ایک ایسی فرہنگ جس کے اندر ان گنت اعراب و علائم ہوں لیتھو کی صحّت طباعت کے لیے کس قدر جانفشانی اور عرق ریز مساعی کی محتاج ہے، اس کا اندازہ کچھ وہی لوگ زیادہ اچھی طرح کر سکتے ہیں جنہوں نے کبھی اس دشت کی سیّاحی کی ہے۔

میں اپنے اُن تمام اعزّا اور احبّاء کا بدل ممنون ہوں کہ جنہوں نے کسی نوع سے اس کام میں میرا ہاتھ بٹایا ہے۔ علی الخصوص میرے لائق دوست پروفیسر لکشمی نرائن ٹنڈن ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔ نے جن کو اُردو اور فارسی ادبیات سے ایک شغف ہے بعض قابل قدر کتابیں بہم پہنچائیں۔

بہرکیف پبلک کی خدمت میں یہ ایک اصلاحی نمونہ پیش کیا جا رہا ہے، ملک و قوم کا جو مفاد اس خدمت سے متصوّر ہے اُس کو تجربہ خود ثابت کر دیگا۔ اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللہِ ؞

محمد عبد اللہ خان خویشگی

فیروز منزل۔ خورجہ

دوشنبہ ۱۵ فروری ۱۹۳۷ء

اَصْنافِ کَلِمات

انسلاک الصُّدُور و توابعاتِ ترکیبیؔ

آسا، مانند مثلاً شیر آسا، مرد آسا۔
ار، زینت کلام مثلاً گفتار، دیدار۔
ار، فاعلیت مثلاً خریدار، فروختار۔
ار، حاصل مصدر مثلاً گُفتار، رفتار۔
اک، نسبت مثلاً فغاک، مغاک۔
ان، نسبت مثلاً مغان، ایران۔
ان، فاعلیت مثلاً خنداں، گریاں۔
انہ، نسبت مثلاً سالانہ، ماہانہ۔
انہ، لیاقت مثلاً شاہانہ، مردانہ۔
اوند، مشابہت مثلاً خویشاوند۔
ب، زینت کلام مثلاً بجز، بگو۔
بار، کثرت مثلاً دریابار، رودبار۔
بام، رنگ مثلاً سبز بام، سُرخ بام۔
بان، محافظت مثلاً دربان، فیلبان۔
بر، زینتِ کلام مثلاً برجہید، بربست
پش، مشابہت مثلاً شیر پش۔
جرتہ، جردہ، رنگ مثلاً سیاہ جرتہ، سیاہ جردہ
چہ، تصغیر مثلاً باغچہ، طاقچہ۔
دار، محافظت مثلاً پردہ دار، رازدار۔
دان، ظرفیت مثلاً نمکدان، چائدان۔
در، زینت کلام مثلاً درخواست، درساخت۔
وس، مشابہت مثلاً حوروس۔
ویس، مشابہت مثلاً حورویس۔
زار، ظرفیت یا کثرت مثلاً گلزار، صدف زار۔

سار، مشابہت مثلاً خاکسار، سنگسار۔
سار، ظرفیت یا کثرت مثلاً شاخسار، نمکسار۔
سان، مشابہت مثلاً شیرسان، تیرسان۔
ستان، ظرفیت مثلاً گلستان، نیستان۔
ش، حاصل مصدر مثلاً آمرزش، گردش۔
فام، رنگ مثلاً گلفام، سیاہ فام۔
فرا، زینت کلام مثلاً فرارفت۔
فرو، زینت کلام مثلاً فروگذاشت، فروخواند۔
فش، مشابہت مثلاً شاہ فش، ماہ فش۔
ک، تصغیر مثلاً مردک، اسپک۔
کدہ، ظرفیت مثلاً بتکدہ، میکدہ۔
گار، صاحب، خداوند مثلاً پروردگار، گنہگار۔
گان، لیاقت مثلاً شایگان، رایگان۔
گر، فاعلیت مثلاً شیشہ گر، فتنہ گر۔
گون، رنگ مثلاً گلگون، شفقگون۔
گونہ، رنگ مثلاً زردگونہ، گلگونہ۔
گین، پیوستگی مثلاً اندوہگین، سہمگین۔
لاخ، کثرت مثلاً سنگلاخ، رودلاخ۔
ما، زینت کلام مثلاً ماوزسے، ماسوسے۔
مند، صاحب، خداوند مثلاً زورمند، مستمند۔
ن، نسبت مثلاً امین، جوشن۔
ناک، پیوستگی مثلاً غمناک، نمناک۔
و، تصغیر مثلاً پسرو، بچہ سقو۔
وا، زینت کلام مثلاً واگذاشت، واشگاف۔

وار، مشابہت مثلاً بزرگوار، بندہ وار۔
وار، لیاقت مثلاً شاہوار، گوشوار۔
وام، رنگ مثلاً سبزوام، زردوام۔
وان، محافظت مثلاً پہلوان، بندیوان۔
وان، مشابہت مثلاً پلوان۔
ور، صاحب، خداوند مثلاً تاجور، ہنرور۔
وش، مشابہت مثلاً ماہوش، پری وش۔
ون، مشابہت مثلاً پیلون، استرون۔
وند، ظرفیت مثلاً آوند۔

وند، مشابہت مثلاً خداوند، پولادوند۔
ویہ، نسبت مثلاً راہویہ، سیبویہ۔
ہ، نسبت مثلاً یکسالہ، یکروزہ۔
ہم، شرکت مثلاً ہمدرد، ہمراز۔
ی، حاصل مصدر مثلاً شرمندگی، بخشندگی۔
ی، لیاقت مثلاً گفتنی، خوردنی۔
ی، نسبت مثلاً قریشی، برنی۔
ین، زینت کلام مثلاً کمترین، نخستین۔
ین، نسبت مثلاً سیمین، نگارین۔

تشریح التلفظ

علامات قرأت

زیر، کسرہ، جر، یعنی علامت (ِ)
زبر، فتحہ، نصب، " " (َ)
پیش، ضمہ، رفعہ، " " (ُ)
جزم مطلق، " " (ْ)
جزم مجہول، " " (ٛ)
تشدید، " " (ّ)
مد، " " (~)
حرکت، یعنی زبر، زیر یا پیش (َ، ِ، ُ)
تنوین، یعنی دو زبر، زیر یا پیش (ً، ٍ، ٌ)
وقف، یعنی کوئی علامت نہ ہونا

سکتہ، یعنی علامت (،)
بیت کامل، " " (-)
بیت ناقص، " " (۱)
قوسین، " " ( )

اعراب کا عمل حروف پر

مجرور، مکسور، جس کے نیچے زیر ہو مثلاً دل (دِل) کی دال۔
مفتوح، منصوب، جس کے اوپر زبر ہو مثلاً من (مَن) کی میم۔
مضموم، مرفوع، جس پر پیش ہو مثلاً گل (گُل) کا گاف۔
مجزوم، جس پر کوئی جزم ہو مثلاً بدگو (بَدْ گوٗ) کے دال اور واو۔
مشدد، جس پر تشدید ہو اور دو دفعہ پڑھا جائے مثلاً ملت (مِلْ لَت) کا لام۔
ممدودہ، جس الف کے اوپر مد ہو۔
متحرک، جس پر کوئی حرکت ہو مثلاً غلامی (غُلَامِی) کا غین یا لام یا میم۔
منون، جس پر تنوین ہو اور جس کے آخر میں نون پڑھا جاوے مثلاً قولاً (قَوْ لَن)۔

موقوف، جس کا ماقبل مجزوم ہو مگر خود اُس پر کوئی اعراب نہ ہو مثلاً اسپ (اَس، پ) کی پ۔

مدہ جس حرفِ علت کی حرکت ماقبل موافق ہو مثلاً نور، باغ، چین (نُور، بَاغ، چِین)

لین جس حرفِ علت کی حرکت ماقبل موافق نہ ہو مثلاً قول، بیت (قَول، بَیت)

اقسامِ حروف باعتبار تلفظ

الف مقصورہ، جو اپنی اکیلی آواز دے مثلاً اگر (اَگَر) کا الف۔

الف ممدودہ، جو دوسرے الف سے مل کر آواز دے مثلاً آ (اا)

نون مخلوط، جو درمیان کلمہ میں حرف ماقبل سے مل کر آواز دے مثلاً سنگ، رنگ (سَنگ، رَنگ)۔

نون غنہ، جو درمیان کلمہ میں الف کے ساتھ ناک میں بولا جاوے مثلاً خواند، ناند (خواں، د، ناں، د)

نون غنہ، جو آخر کلمہ میں حرف علت کے ساتھ ناک میں بولا جاتے مثلاً جہاں، بریں، چوں (جَہَاں، بَرِیں، چُوں)۔

واو معروف، جس کے ماقبل ضمہ خالص ہو مثلاً فضول، مشہور (فُضُول مَش، ہُور)۔

واو مجہول، جس کے ماقبل ضمہ غیر خالص ہو مثلاً ہوش، شور (ہُوش، شُور)

واو معدولہ، جو پڑھنے میں نہ آئے مثلاً خوش تو (خُش، ت)

واو اشمام، جس کے پہلے خائے مفتوحہ اور مابعد الف ہو اور جس کے تلفظ میں خ کو ادا کرتے ہی ہونٹھوں کو بغیر ملائے ضمہ کی طرف اشارہ کیا جاوے مثلاً خواہ، خواں (خُواہ، خُواں)

یائے معروف، جس کے ماقبل کسرہ خالص ہو مثلاً امیر، فقیر (اَمِیر، فقِیر)

یائے مجہول، جس کے ماقبل کسرہ غیر خالص ہو مثلاً بیشی، شیر (بے، شی، شیر)۔

جس لغت کے معانی سلسلہ وار دئے گئے ہیں منشا یہ ہے کہ وہ اپنے علیحدہ معنوں اور جدا مفہوم کے ساتھ ان اسنۂ مختلفہ میں علی الترتیب مستعمل ہے جن سے ہماری زبان اُردو نے تشکیل پائی ہے۔

مخففات

جع یعنی جمع
جع جع " جمع الجمع
مضع " مضارع

فارسی جمع

اکثر الفاظ کی جمع فارسی قاعدے کے بموجب ہماری زبان اُردو کے اندر بھی استعمال ہوتی ہیں۔ جن کے بنانے کے قاعدے بہت آسان مگر حاوی اُصولوں پر مبنی ہیں۔ لہٰذا بنظر اختصار ان کو عربی جمع کے ہمدوش اپنے مفردات کے ساتھ درج کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ تاہم قارئین اُردو کی سہولت کو ملحوظ رکھتے ہوئے چند عام فہم قاعدے بیان کیے جاتے ہیں۔

جاندار اسماء

(۱) اسم مفرد ذی روح کے آخر میں خواہ وہ مذکر ہو یا مؤنث حروف 'ان' بڑھا دینے سے اُس کی جمع بن جاتی ہے۔ مثلاً مرد سے 'مردان' زن سے 'زنان' مرغ سے 'مرغان'۔

(۲) جو اسم مفرد حروف 'او' میں سے کسی پر ختم ہوتا ہو اُس کی جمع بنانے میں حروف 'ان' علامتِ جمع سے پہلے حرف 'ی' اور زائد ملا لینا چاہیئے مثلاً دانا سے دانایان، خوبرو سے خوبرویان۔

(۳) جس اسم مفرد کے آخر میں حرف 'ہ' ہو اُس کی جمع بناتے وقت یہ حرف 'ہ' حرف 'گ' سے بدل دینا چاہیئے مثلاً بچہ سے بچگاں، خفتہ سے خفتگاں۔

بے جان اشیاء

(۱) اسم مفرد غیر ذی روح کے آخر میں خواہ وہ اُردو کے اندر مذکر بولا جاتا ہو یا مؤنث حروف 'ہا' یعنی کلمہ 'ہا' بڑھا دینے سے اُس کی جمع بن جاتی ہے مثلاً دل سے دلہا۔ سنگ سے سنگہا۔

(۲) اگر یہ اسم مفرد حرف 'ہ' پر ختم ہو تو یہ 'ہ' جمع کی 'ہ' سے ملکر ساقط ہو جاویگی مثلاً افسانہ سے افسانہا۔

بعض اسماء کی جمع بطریقہ عربی بھی فارسی میں بنائی جاتی ہے مثلاً بیگم سے بیگمات، دہ سے دہات کارخانہ سے کارخانجات وغیرہ۔

کبھی کبھی متذکرہ بالا فارسی قواعد کے برعکس بھی جمع استعمال کی گئی ہیں اس قسم کی خلافِ قیاس جمع کو اپنے مفرد کے ماتحت حتی الامکان درج کر دیا گیا ہے۔

(مطبوعہ جید برقی پریس بلیماران دہلی)

ا (اَلِفْ) قائم مقام عدد ا، حرف قمری، حرف علت، فارسی میں چند حرفوں سے بدل ہے - ۱ - و کے ساتھ مثلاً بایں، بدیں - ۲ - گ کے ساتھ مثلاً اُستاخ، گستاخ - ۳ - ہ کے ساتھ مثلاً ایچ، ہیچ - ۴ - ی کے ساتھ مثلاً ایلاق، ییلاق -

آ (آ) حرف ندبہ، حرف تشبیہ، آؤ، نقل آواز،

آب (آبْ) پانی، رونق، چمک، خوبی، عزت، قدر، جوہر، خالص شراب -

آبا (آبا) اب کی جمع، پرکھے، باپ دادا (آ-با) نلکی نیستاں، بوستان -

آب آتشیں (آبِ-آ-تَشِیْں) تیز شراب -

آباد (آ-بَادْ) ۱ سرسبز، بسا ہوا - ۲ - ابد کی جمع

آبادان (آ-بَا-دَانْ) آباد کا مزید علیہ، سرسبز -

آبادانی (آ-بَا-دَا-نِیْ) سرسبزی، چہل پہل -

آبادی (آ-بَا-دِیْ) بستی، بساہت -

آبار (آ-بَارْ) ۱ - بیر کی جمع - ۲ - جلا ہوا سیسہ -

آبارانیدن (آ-بَا-رَا-نِیْ-دَنْ) تعریف کرنا -

آبارہ (آ-بَا-رَہْ) حساب -

آبال (آ-بَالْ) ابل کی جمع -

آبان (آ-بَانْ) فارسی کا آٹھواں شمسی مہینہ -

آب انار (آبِ اَنَارْ) سرخ شراب -

آب انگور (آبِ - اَنْگُوْرْ) انگور کی شراب -

آبائی (آ-بَا-اِیْ) منسوب بہ آبا، پشتینی -

آب باراں (آبِ-بَا-رَاں) بینھ کا پانی -

آبباز (آبْ - بَازْ) تیراک -

آب برندہ (آبِ - بُرَنْ - دَہْ) ہلکا اور ہاضم پانی -

آب بستہ (آبِ - بَسْ - تَہْ) شیشہ -

آب بقا (آبِ - بَقَا) آبحیات -

آبپاشی (آبْ - پَا-شِیْ) سینچائی، چھڑکاؤ -

آبتاب (آبْ - تَابْ) چمک دمک، رونق -

آبتاختن (آبْ - تَاخْ - تَنْ) پیشاب کرنا -

آب جاری (آبِ جَا - رِیْ) بہتا ہوا پانی -

آبجو (آبْ - جُوْ) ندی، نالہ -

آبجوش (آبْ - جُوْشْ) شوربا، یخنی، سوڈا واٹر -

آب چشم (آبِ - چَشْ م) آنسو -

آبچک (آبْ - چَکْ) پانی ٹپکنے کی جگہ -

آب حیات، آب حیوان (آبِ - حَیَاتْ، آبِ - حَیْ - وَانْ) امرت، وہ پانی جسکو پی کر کبھی موت نہیں آتی -

آب خاصہ (آبِ - خَاصَہْ) امیروں کے پینے کا پانی

آبخانہ (آب-خا-نہ) پائیخانہ، پانی رکھنے کا مکان۔
آبخست (آب-خس-ت) پانی کے درمیان کی سوکھی زمین
آبِ خضر (آبِ-خض-ر) آب حیات۔
آبخورد (آب-خر-د) مقسوم، نصیب۔
آبخورہ (آب-خو-رہ) پانی پینے کا برتن۔
آبخیز (آب-خیز) موج۔
آبدار (آب-دار) چمکدار، امیر، پانی۔
آبدار خانہ (آب-دار-خانہ) پانی رکھنے کی جگہ
آبداری (آب-دا-ری) چمک، صفائی۔
آب ودانہ (آب-دا-نہ) دانہ پانی، رزق، روزی۔
آبدست (آب-دس-ت) پانی کا استنجا، وضو۔
آبدوز (آب-دوز) پانی کے اندر والا۔
آبراہ (آب-راہ) موری، پانی کا راستہ، براہ
آب رفتن (آب-رف-تن) بے آبرو ہونا۔
آبرو (آب-رو) عزت، نیکنامی، تازگی۔
آبِ رواں (آبِ-رواں) بہتا ہوا پانی۔
آبرہ (آب-رہ) دیکھو ابرہ۔
آب ریختن (آب-ریخ-تن) بے آبرو کرنا۔
آبریز (آب-ریز) پانی کا برتن، لوٹا وغیرہ۔
آبر یشم (آب-ریے-شم) دیکھو ابریشم۔
آبِ زر (آبِ-زر) چاندی سونے کا پانی۔
آبِ زلال (آبِ-زلال) میٹھا صاف پانی۔
آبزن (آب-زن) نہانے کا حوض۔
آبسال (آب-سال) باغ، انگور کا باغ۔
آبست، آبستان، آبستن (آ-بس-ت، آ-بس-تان، آ-بس-تن) گابھن، حاملہ، پوشیدہ
آبستنی (آ-بس-تنی) حاملہ، گابھن، بربط۔
آبستہ (آ-بس-تہ) حاملہ، گابھن، بچہ دانی، (آ-بس-تہ) کھیتی کے لئے نکالی ہوئی زمین۔
آبشار (آب-شار) جھرنا
آبشتن (آ-بش-تن) پوشیدہ رکھنا۔

آب شناس (آب-شناس) ملاح۔
آبِ شور (آبِ-شور) کھاری پانی۔
آب شورہ (آب-شو-رہ) شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔
آبق (آ-بق) بھاگنے والا۔
آبکار (آب-کار) شراب کا کام کرنے والا، بھشتی۔
آبکاری (آب-کا-ری) شراب کا کاروبار، منشیات کا محصول۔
آبِ کوثر (آبِ-کو-ثر) جنت کے حوض کوثر کا پانی
آبِ گوشت (آبِ-گوش-ت) یخنی، شوربا۔
آبگیر (آب-گیر) پوکھر، جوہڑ۔
آبگینہ (آب-گی-نہ) شیشہ، کانچ۔
آبلہ (آب-لہ) پھپھولہ، چھالا، ہیچک۔
آبنائی (آب-نا-ئی) دو سمندروں کے ملنے کا تنگ راستہ۔
آبِ نقرہ (آبِ-نق-رہ) پارہ، سیماب
آبنوس (آب-نوس) ایک قسم کی چمکدار کالی لکڑی
آبونہ (آ-بو-نہ) اخبار یا رسالے کا چندہ۔
آبی (آ-بی) منسوب بہ آب، ابکاری، معفونہ
آبیاری (آب-یا-ری) آبپاشی، سینچائی۔
آبیانہ (آب-یا-نہ) پانی کا محصول۔
آپا (آ-پا) بہن۔
آت (آت) گھوڑا۔
آتش (آ-تش) آگ، غصہ، جہنم۔
آتش افگن (آ-تش-اف-گن) آگ پھینکنے والا۔
آتش انگیز (آ-تش-انگ-گیز) آگ بھڑکانیوالا۔
آتشبار (آ-تش-بار) آگ برسانے والا۔
آتشباری (آ-تش-با-ری) آتشیں اسلحہ کا استعمال
آتشباز (آ-تش-باز) آتشبازی بنانے والا۔
آتشبازی (آ-تش-با-زی) آتشیں کھلونا، آتشیں کھیل
آتشپا (آ-تش-پا) بیقرار۔

آتشپارہ (آ-تش-پا-رہ) چنگاری، انگارہ۔
آتشپرست (آ-تش-پرس-ت) مجوسی، پارسی، آگ کا پجاری۔
آتشپرستی (آ-تش-پرس-تی) آگ کی پوجا۔
آتشخانہ (آ-تش-خا-نہ) انگیٹھی۔
آتشخوار (آ-تش-خوار) چکور، آگ کھانے والا۔
آتشدان (آ-تش-دان) انگیٹھی۔
آتشزبان (آ-تش-زبان) تیز زبان۔
آتشزبانی (آ-تش-زبا-نی) تیز زبانی۔
آتشزدگی (آ-تش-زدگی) آگ لگ جانا۔
آتشزدہ (آ-تش-زدہ) آگ لگا ہوا، جلا ہوا۔
آتشزن (آ-تش-زن) آگ لگانے والا۔
آتشزنی (آ-تش-زنی) آگ لگانا۔
آتش زیرپا (آ-تش-زیر-پا) بے قرار۔
آتشستان (آ-تش-ستان) آتش عظیم، میدان جنگ
آتشک (آ-تشک) ایک موذی بیماری، جگنو۔
آتشکار (آ-تش-کار) باورچی، آتشباز۔
آتشکاری (آ-تش-کا-ری) تپکن، سیکنا۔
آتشکدہ (آ-تش-کدہ) آتش خانہ۔
آتشگیر (آ-تش-گیر) آگ پکڑنے والی چیز۔
آتشمزاج (آ-تش-مزاج) غصیلا، غضبناک۔
آتشمزاجی (آ-تش-مزا-جی) غصیلاپن، غضبناکی۔
آتشی (آ-تشی) آتش سے منسوب، آگ کا۔
آتشیزہ (آ-تشی-زہ) جگنو، پٹ بیجنا۔
آتشیں (آ-تشیں) آتشی۔
آتون (آ-تون) اتالیقہ، استانی۔
آتی (آ-تی) آنے والا، ہونے والا۔
آتیہ (آ-تی-یہ) آنے والی، ہونے والی۔
آثار (آ-ثار) اثر کی جمع، دیوار کی چوڑائی۔
آثار الصنادید (آ-ثا-رص-صنا-دید) سرداروں کے نشانات

آثارِ قدیمہ (آ۔ثا۔رِ۔قَدِی۔مَہ) پرانے نشانات۔
آثم (آ۔ثِم) گنہگار، پاپی۔
آثی (آ۔ثی) سخن چیں، عیب گو۔
آجدن (آ۔جَدَ۔دَن) جھری پڑنا، گودنا۔
آجدہ (آ۔جَدَہ) چھیدا ہوا، گھونپا ہوا، جھری پڑا ہوا۔
آجر (آ۔جَر) پکی اینٹ (آ۔جِر) اجرت دینے والا۔
آجل (آ۔جِل) عقبیٰ، قیامت (آ۔جَل) دو کار۔
آجیدن (آ۔جی۔دَن) دیکھو آجدن۔
آجیدہ (آ۔جی۔دَہ) دیکھو آجدہ۔
آچار (آ۔چار) کسی پھل کا مصالحہ دار ترش مرکب۔
آچاریدن (آ۔چا۔ری۔دَن) ملنا، ملانا مضح آچارد۔
آخ (آخ) کلمۂ تحسین و آفرین۔
آختن (آخ۔تَن) کھینچنا، سونتنا مضح آخذ، آختند۔
آختہ (آخ۔تَہ) خصّی جانور، کھینچا ہوا۔
آخذ (آ۔خِذ) لینے والا، پکڑنے والا۔
آخذہ (آ۔خِذَہ) لینے والی، پکڑنے والی۔
آخر (آ۔خَر) دوسرا (آ۔خِر) پچھلا جمع اَواخِر آخُر
(آ۔خُر) گردن کے ہنس کی ہڈی، نہار، چارہ، طویلہ
آخرالامر (آ۔خِرُل۔اَم۔ر) آخرکو، آخرکار۔
آخربیں (آ۔خِر۔بیں) دور اندیش، آخر دیکھنے والا۔
آخربینی (آ۔خِر۔بی۔نی) دور اندیشی، انجام سوچنا۔
آخرت (آ۔خِرَت) عقبیٰ۔
آخروشیدن (آخ۔رُو۔شی۔دَن) شور کرنا۔
آخری (آ۔خِری) پچھلا، قطعی۔
آخرین (آ۔خِرِین) آخر کی جمع (آ۔خِرِین) سب سے پچھلا
آخشیج، آخشیگ (آخ۔شیج، آخ۔شیگ) ضد، مخالف عنصر
آخور (آ۔خُور) چراگاہ، اصطبل۔
آخوند (آ۔خُن۔د) معلم، استاد۔
آداب (آ۔داب) ادب کی جمع ۔۲۔ پسندیدہ طریقہ
شائستگی، مراسم، سلام، کورنش۔

آوت (آ۔ وَتْ) ہتھیار جمع آوات۔
آور (آ۔ وُرْ) دیکھو آذر (آ۔ذَرْ) نشتر۔
آورخش (آ۔ وَرَ۔ خَشْ) بجلی، کڑک، اجالا۔
آدم (آ۔ دَمْ) انسان۔
آدم خور (آ۔ دَمْ۔ خُوْر) جو آدمی کو کھا جائے۔
آدم زاد (آ۔ دَمْ۔ زَادْ) انسان، نسل انسان۔
آدمی (آ۔ دَمِیْ، آدْ۔ مِیْ) انسان۔
آدمیت (آ۔ دَمِیْ۔ یَتْ) انسانیت۔
آدینہ (آ۔ دِیْ۔ نَہْ) جمعہ۔
آذان (آ۔ ذَانْ) اُذن کی جمع۔
آذر (آذَرْ) فارسی کا نواں شمسی مہینہ، چنگاری
آذریون (آ۔ ذَرْ۔ یُوْنْ) سورج مکھی۔
آذن (آ۔ ذَنْ) لمبے کانوں والا، کنکٹو۔
آر (آرْ) لاؤ، لے آؤ۔
آرا (آ۔ رَا) آراستہ کرنے والا (آ۔ رَاءْ) رائے کی جمع۔
آراب (آ۔ رَابْ) ارب کی جمع۔
آراستگی (آ۔ رَاسْ۔ تَگِیْ) سجاوٹ۔
آراستن (آ۔ رَاسْ۔ تَنْ) سجانا مضع آرایند۔
آراستہ (آ۔ رَاسْ۔ تَہْ) سجایا ہوا۔
آرام (آ۔ رَامْ) چین، تسکین، تخفیف مرض۔ ۲۔ ریم کی جمع
آرامجاں (آ۔ رَامْ۔ جَاںْ) جان کا آرام، محبوب
آرامش (آ۔ رَا۔ مِشْ) راحت، فراغت۔
آرامگاہ (آ۔ رَامْ۔ گَاہْ) چین کی جگہ۔
آرامندہ (آ۔ رَا۔ مَنْ۔ دَہْ) آرام کرنے والا
آرامیدن (آ۔ رَا۔ مِیْ۔ دَنْ) آرام کرنا، پانا مضع آرامد۔
آرامیدہ (آ۔ رَا۔ مِیْ۔ دَہْ) آرام کیا ہوا۔
آرائی (آ۔ رَا۔ اِیْ) سجاوٹ۔
آرائیدن (آ۔ رَا۔ اِیْ۔ دَنْ) سجانا مضع آرایند
آرائیدہ (آ۔ رَا۔ اِیْ۔ دَہْ) سجایا ہوا

آرای (آ۔ رَاءِیْ) سجانے والا۔
آرایش (آ۔ رَا۔ یِشْ) سجاوٹ۔
آرایندہ (آ۔ رَا۔ یَنْ۔ دَہْ) سجانے والا۔
آرد (آرْدْ) آٹا۔
آردن (آرْ۔ دَنْ) کفگیر، بڑچھا۔
آرزم (آ۔ رَزْمْ) لڑائی، جنگ
آرزو (آرْ۔ زُوْ) امید، آس۔
آرزوگاہ (آرْ۔ زُوْ۔ گَاہْ) حصول آرزو کی جگہ۔
آرزومند (آرْ۔ زُوْ۔ مَنْدْ) امید وار۔
آرستن (آ۔ رَسْ۔ تَنْ) سکنا، طاقت رکھنا مضع آرَدْ۔
آرغیدن (آرْ۔ غِیْ۔ دَنْ) غصہ کرنا۔
آرمان (آرْ۔ مَانْ) دیکھو ارمان۔
آرمانیدن (آرْ۔ مَا۔ نِیْ۔ دَنْ) حسرت کرنا، آرزو کرنا
آرمیدن (آرْ۔ مِیْ۔ دَنْ) آرام پانا مضع آرمد
آرن، آرنج (آ۔ رَنْ، آ۔ رَنْجْ) کہنی، مرفق۔
آرندہ (آ۔ رَنْ۔ دَہْ) لانے والا۔
آرنہ (آرْ۔ نَہْ) نہیں تو، ورنہ۔
آروغ (آ۔ رُوْغْ) ڈکار۔
آروغندہ (آ۔ رُوْ۔ غَنْ۔ دَہْ) ڈکار لینے والا۔
آروغیدن (آ۔ رُوْ۔ غِیْ۔ دَنْ) ڈکار لینا مضع آروغد
آروغیدہ (آ۔ رُوْ۔ غِیْ۔ دَہْ) ڈکار لیا ہوا۔
آروق (آ۔ رُوْقْ) دیکھو آروغ۔
آروین (آرْ۔ وِیْنْ) امتحان، آزمائش، تجربہ۔
آرے (آ۔ رے) ہاں، بلے، اچھا۔
آز (آزْ) حرص، ہوس، لالچ۔
آزاد، آزادہ (آ۔ زَادْ، آ۔ زَا۔ دَہْ) حر، بے قید
آزادی (آ۔ زَا۔ دِیْ) حریت، بے قیدی۔
آزار (آ۔ زَارْ) دکھ، بیماری، روگ۔
آزاردن (آ۔ زَارْ۔ دَنْ) دیکھو آزردن
آزاردہ (آ۔ زَارْ۔ دَہْ) ستایا ہوا۔

آزارندہ (آ-زا-رَن-دَہ) ستانے والا، موذی
آزاری (آ-زا-ری) بیمار، ردگی۔
آزاریدن (آ-زا-ری-دَن) ستانا مضع آزارد
آزدن (آ-زَ-دَن) سوئی چبھونا۔
آزردگی (آ-زُر-دَ-گی) ایذا، رنجیدگی، تکلیف
آزردن (آ-زُر-دَن) ستانا مضع آزارد
آزردہ (آ-زُر-دَہ) رنجیدہ، ملول، ستایا ہوا
آزرم (آ-زَرم) شرم، حیا، صلح۔
آزما (آز-ما) آزمانے والا۔
آزمایش (آز-ما-یش) جانچ، امتحان۔
آزمایندہ (آز-ما-یَن-دَہ) آزمانے والا۔
آزمند (آز-مَند) لالچی، لوبھی
آزمودن (آز-مو-دَن) آزمانا مضع آزماید
آزمودنی (آز-مو-دَنی) آزمانے کے لایق۔
آزمودہ (آز-مو-دَہ) آزمایا ہوا۔
آزمودہ کار (آز-مو-دَہ-کار) تجربہ کار۔
آزمودہ کاری (آز-مو-دَہ-کا-ری) تجربہ کاری
آزقہ، آزوقہ (آز-قہ، آ-زو-قہ) پرند کا چوگا، تھوڑی سی غذا۔
آزور (آز-وَر) لالچی، لوبھی۔
آژنج (آ-ژَنج) آنکھ کا چھڑا۔
آژخ (آ-ژَخ) مسّہ۔
آژدن (آژ-دَن) دیکھو آزدن۔
آژمون (آژ-مون) امتحان، آزمایش۔
آژندن (آ-ژَن-دَن) دیکھو آژیدن
آژندیدن (آ-ژَن-دی-دَن) اینٹ کی چنائی کرنا
آژنگ (آ-ژَنگ) جھری، سرد ٹ۔
آژیدن (آ-ژی-دَن) سرد ٹ پڑنا، جھری پڑنا
آژیر (آ-ژیر) زیادتی، غلبہ، فریاد، تالاب، آواز، مہیا۔
آژیریدن (آ-ژی-ری-دَن) مہیا کرنا، آمادہ کرنا، خبردار کرنا، آواز کرنا۔

آژینہ (آ-ژی-نَہ) چھینی۔
آس (آس) چکی، گنجفہ، تاش کا یکہ۔
آسا (آ-سا) مانند، مثل۔
آساس (آ-سا-س) اسس کی جمع۔
آسان (آ-سان) سہل۔
آسانی (آ-سا-نی) سہولت۔
آسائیدن (آ-سا-ای-دَن) آرام پانا مضع آساید
آسائیدنی (آ-سا-ای-دَنی) آرام پانے کے لایق
آسائیدہ (آ-سا-ای-دَہ) آرام پایا ہوا۔
آسایش (آ-سا-یش) سکھ، چین
آسایندہ (آ-سا-یَن-دَہ) آرام پانے والا۔
آستان، آستانہ (آس-تان، آس-تا-نَہ) چوکھٹ
آستر (آس-تَر) ضد ابرہ، پوشش کا الٹا رخ
آستین، آستین (آس-تین، آس-تین) ہاتھ کی پوشش
آسک (آ-سَک) ہاتھ کی چکی۔
آسمان (آس-مان) چرخ، گردوں، عرش۔
آسمانہ (آس-ما-نَہ) چھت، جنت۔
آسمانی (آس-ما-نی) سماوی، آسمان سے متعلق
آسودگی (آ-سو-دَ-گی) خوشحالی، سیری۔
آسودن (آ-سو-دَن) آرام پانا مضع آساید
آسودہ (آ-سو-دَہ) آرام پایا ہوا، خوشحال، سیر۔
آسی (آ-سی) غمگین، طبیب، راہ نشین۔
آسیا (آ-سیا) چکی۔
آسیاب (آ-سیاب) پن چکی۔
آسیازنہ (آ-سیا-زَ-نَہ) چکی کھوٹنے کا آلہ۔
آسیانہ (آ-سیا-نَہ) دھار تیز کرنے کا پتھر
آسیب (آ-سیب) خلل، خطرہ، تکلیف۔
آسیب باد (آ-سیب-باد) جھوکا۔
آسیمہ (آ-سی-مَہ) پریشان، متحیر، مدہوش۔
آش (آش) شوربا، رقیق غذا، آہار۔
آشام، آشامندہ (آ-شام،

آ-شا-مِن-دَہ) پینے والا۔
آشامیدن (آ-شا-مِی-دَن) پینا مضع آشامَد
آشامیدہ (آ-شا-مِی-دَہ) پئے ہوئے، پیا ہوا۔
آشپز (آش-پَز) باورچی۔
آشپزخانہ (آش-پَز-خا-نَہ) باورچی خانہ۔
آشتاب (آش-تاب) جلدی، شتاب۔
آشتی (آش-تی) دوستی، صلح۔
آشفتگی (آ-شُف-تَگی) بوکھلاہٹ، بدحواسی۔
آشفتن (آ-شُف-تَن) برہم ہونا، فریفتہ ہونا
مضع آشوبَد۔
آشفتہ (آ-شُف-تَہ) پریشان، سراسیمہ، پراگندہ، بدحواس
آشفتہ بیان (آ-شُف-تَہ-بَیان) یاوہ گو۔
آشفتہ بیانی (آ-شُف-تَہ-بَیا-نی) یاوہ گوئی، بکواس
آشفتہ حال (آ-شُف-تَہ-حال) پریشان حال۔
آشفتہ سر (آ-شُف-تَہ-سَر) سر پھرا ہوا
آشفتہ مو (آ-شُف-تَہ-مُو) بال بکھرا ہوا۔
آشفتہ نوا (آ-شُف-تَہ-نَوا) پریشان، نالہ وفریاد کرنیوالا
آشکار، آشکارا (آش-کار، آش-کا-را) ظاہر۔
آشلیق (آش-لیق) غلہ، اناج۔
آشمالی (آش-ما-لی) خوشامد، بے جھجکی۔
آشنا (آش-نا) واقفکار، پیراک۔
آشناب (آش-ناب) پیراک، شناور۔
آشنائی (آش-نا-ئی) جان پہچان، واقفکاری
آشوب (آ-شوب) ہل چل، گھبراہٹ، فتنہ۔
آشوب آگہی (آ-شوب-آ-گہی) افکار دنوسی۔
آشوب چشم (آ-شوب-چَش-م) آنکھیں دکھنا۔
آشوب زمانہ (آ-شوب-زَما-نَہ) زمانے کی
ہلچل، زمانے کا فتنہ۔
آشوبندہ (آ-شو-بَن-دَہ) فریفتہ ہونے
والا، پریشان ہونے والا۔
آشوبیدن (آ-شو-بی-دَن) فریفتہ ہونا،
پریشان ہونا مضع آشوبَد۔
آشوبیدہ (آ-شو-بی-دَہ) پریشان، فریفتہ
آشوردن، آشوریدن (آ-شور-دَن، آ-شو-ری-دَن) ملانا، خمیر کرنا، سوندنا۔
آشوفتن (آ-شوف-تَن) دیکھو آشفتن۔
آشیان، آشیانہ (آ-شیان، آ-شیا-نَہ) گھونسلا۔
آشیہہ (آ-شی-ہَہ) دیکھو شیہہ۔
آصال (آ-صال) اصیل کی جمع۔
آصفیہ (آ-صَفی-یَہ) منسوب بہ آصف (اعلیٰحضرت
آصفجاہ ناظم حیدرآباد دکن)
آغا (آ-غا) بھائی، صاحب۔
آغاریدن (آ-غا-ری-دَن) دیکھو آغالیدن
آغاز (آ-غاز) شروع، ابتدا۔
آغازندہ (آ-غا-زَن-دَہ) شروع کرنے والا۔
آغازیدن (آ-غا-زی-دَن) شروع کرنا
مضع آغازَد۔
آغازیدہ (آ-غا-زی-دَہ) شروع کیا ہوا۔
آغاشتن (آ-غاش-تَن) اکٹھا کرنا، حاصل کرنا
آغال (آ-غال) جنگل میں چوپایوں کے رہنے کی جگہ۔
آغالیدن (آ-غا-لی-دَن) بھڑکانا، لڑائی
جھگڑا کرانا، شور وغل مچانا۔
آغشتن (آ-غَش-تَن) آلودہ ہونا، لتھڑنا۔
آغشتہ (آ-غَش-تَہ) آلودہ، لتھڑا ہوا۔
آغل (آ-غُل) حظیرہ، باڑہ
آغندن (آ-غَن-دَن) دیکھو آگندن۔
آغوز (آ-غوز) پیوسی۔
آغوش (آ-غوش) گود، برہ، کنار۔
آغوشیدن (آ-غو-شی-دَن) بغل میں لینا۔
آف (آف) سورج، خورشید۔
آفاق (آ-فاق) دنیا۔ ۲۔ افق کی جمع

آفاقی (آ-فا-قی) حرم سے باہر کا باشندہ، دنیا والا
آفت (آ-فت) مصیبت جمع **آفات**
آفتاب (آف-تاب) سورج -
آفتاب پرست (آف-تاب-پَرَس(ت)
آفتاب کا پجاری، سورج مکھی، گرگٹ -
آفتاب گیر (آف-تاب-گیر) چھجہ،
سائبان، چھتری -
آفتابہ (آف-تا-بہ) پانی کا لوٹا -
آفتابی (آف-تا-بی) دھوپ دی ہوئی چیز،
سورج مکھی، کڑھائی، لنگوٹ -
آفریدگار (آف-رید-گار) پیدا کرنیوالا، خدا
آفریدن (آف-ری-دن) پیدا کرنا مضع آفرید
آفریدہ (آف-ری-دہ) پیدا کیا ہوا،
مخلوق جمع **آفریدگاں**
آفریں (آف-ریں) کلمۂ تحسین، شاباش، پیدا کرنیوالا
آفرینش (آف-ری-نش) پیدائش، جنم
آفرینندہ (آف-ری-نن-دہ) پیدا کرنیوالا، خدا
آفندن (آ-فن-دن) دیکھو آفندیدن -
آفندی (آ-فن-دی) ترکی زبان میں صاحب کا مرادف
آفندیدن (آ-فن-دی-دن) دشمنی اور
لڑائی ٹھاننا -
آفیدن (آ-فی-دن) تعجب کرنا -
آقا (آ-قا) مالک، آغا -
آکا (آ-کا) بڑا بھائی -
آکال (آ-کال) اکل کی جمع -
آکل (آ-کل) کھانے والا، بادشاہ،
کھانا کھایا ہوا، ردی -
آکو (آ-کو) الو -
آکوفت (آ-کوف(ت) دیکھو کوفت -
آگاہ (آ-گاہ) خبردار، مطلع، واقف -
آگاہی (آ-گا-ہی) خبرداری -

آگاہیدن (آ-گا-ہی-دن) خبردار ہونا،
جتانا مضع آگاہد -
آگندن (آ-گن-دن) بھرنا مضع آگند -
آگندہ (آ-گن-دہ) بھرا ہوا -
آگوش (آ-گوش) دیکھو آغوش -
آگوشیدن (آ-گو-شی-دن) دیکھو آغوشیدن -
آگہی (آ-گہی) دیکھو آگاہی -
آگیدن (آ-گی-دن) پاٹنا، ڈھیر کرنا -
آگیرہ (آ-گی-رہ) آگ لے اٹھنے والی چیز -
آگیں (آ-گیں) بھرا ہوا، پر، لبالب -
آل (آل) کنبہ، اولاد، اہل خانہ جمع **آلوال**
آلا (آ-لا) الی کی جمع، الو کی جمع الجمع -
آلاف (آ-لاف) الف کی جمع -
آلام (آ-لام) الم کی جمع -
آلائیدن (آ-لا-ای-دن) لتھڑنا، لتھیڑنا
مضع آلاید -
آلائیدہ (آ-لا-ای-دہ) لتھڑا ہوا، لتھیڑا ہوا -
آلایش (آ-لا-یش) آلودگی -
آلایندہ (آ-لا-ین-دہ) لتھڑنے والا، لتھیڑنے والا
آلت (آ-لت) اوزار، ہتھیار جمع آلہ، آلات
آل تمغا (آل-تم-غا) فرمان شاہی، مہر بادشاہی، ساز و نکا
ایک محصول -
آلف (آ-لف) محبت کرنے والا -
آلفتہ (آ-لف-تہ) رند مشرب، بے باک -
آلو (آ-لو) آلو بخارا، چیری، آڑو -
آلود (آ-لود) لتھڑنیوالا، آلودہ ہونے والا
آلودگی (آ-لو-د-گی) ناپاکی، آلایش -
آلودن (آ-لو-دن) لتھڑنا، لتھیڑنا، آلودہ ہونا مضع آلاید
آلودہ (آ-لو-دہ) لتھڑا ہوا، ملوث -
آلوس (آ-لوس) ناز، غصہ میں کنکھیوں سے دیکھنا
آلہ (آ-لہ) دیکھو آلت جمع آلات

آلۂ حرارت (آ-لِ اِ حَرَا-رَتْ) گرمی دیکھنے کا آلہ۔
آلۂ کار (آ-لِ اِ-کَارْ) کام کا آلہ۔
آماج (آ-مَاجْ) نشانہ، گِل
آماجگاہ (آ-مَاجْ-گَاہْ) نشانہ کی جگہ۔
آمادگی (آ-مَا-دَگِیْ) رضامندی، مستعدی
آمادن (آ-مَا-دَنْ) بھرنا، مستعد کرنا مضع آمایدؔ۔
آمادہ (آ-مَا-دَہْ) رضامند، مستعد۔
آمارہ (آ-مَا-رَہْ) دیکھو آبارہ۔
آماس (آ-مَاسْ) سوجن، ورم۔
آماسندہ (آ-مَا-سِنْ-دَہْ) سوجنے والا، متورم۔
آماسیدن (آ-مَا-سِیْ-دَنْ) سوجنا مضع آماسدؔ
آماسیدنی (آ-مَا-سِیْ-دَنِیْ) سوجنے کے لایق۔
آماسیدہ (آ-مَا-سِیْ-دَہْ) سوجا ہوا۔
آمال (آ-مَالْ) امل کی جمع۔
آمان (آ-مَانْ) امن کی جمع۔
آماہ (آ-مَاہْ) دیکھو آماس۔
آمائیدن (آ-مَا-اِیْ-دَنْ) بھرنا، سنوارنا مضع آمایدؔ۔
آمد (آ-مَدْ) از خود خیال آنا، آمدن، آنا۔
آمد آمد (آ-مَدْ-آ-مَدْ) آنے کا تنتنا۔
آمدن (آ-مَدَنْ) آنا مضع آیدؔ۔
آمدنی (آ-مَدَنِیْ) پیداوار، آمد۔
آمد و رفت، آمد و شد (آ-مَدُ-رَفْت، آ-مَدُوشُدْ) آنا جانا۔
آمدہ (آ-مَدَہْ) آیا ہوا۔
آمر (آ-مِرْ) حکم کرنے والا، صاحب حکم، ڈکٹیٹر جمع آمرین۔
آمرزش (آ-مُرْ-زِشْ) بخشش
آمرزگار (آ-مُرْزْ-گَارْ) بخشنے والا۔
آمرزگاری (آ-مُرْزْ-گَا-رِیْ) بخشش۔
آمرزندہ (آ-مُرْ-زَنْ-دَہْ) بخشنے والا۔
آمرزیدن (آ-مُرْ-زِیْ-دَنْ) بخشنا مضع آمرزدؔ
آمرزیدہ (آ-مُرْ-زِیْ-دَہْ) بخشا ہوا۔
آمس (آ-مِسْ) وقت نزدیک۔
آمل (آ-مِلْ) امید وار جمع آمال۔
آملہ (آ-مْلَہْ) ایک پھل۔
آمن (آ-مِنْ) بیخوف (آ-مَنْ) برابے خوف۔
آموختن (آ-مُوخْ-تَنْ) سیکھنا، سکھانا مضع آموزدؔ۔
آموختنی (آ-مُوخْ-تَنِیْ) سیکھنے سکھانیکے لایق۔
آموختہ (آ-مُوخْ-تَہْ) سکھایا سکھلایا ہوا، پڑھا ہوا سبق
آمودن (آ-مُو-دَنْ) بھرنا، سنوارنا مضع آمایدؔ۔
آمودنی (آ-مُو-دَنِیْ) بھرنے کے لایق
آمودہ (آ-مُو-دَہْ) بھرا ہوا، پر۔
آموز (آ-مُوزْ) سکھانے والا، سیکھنے والا۔
آموزش (آ-مُو-زِشْ) سکھاوٹ، سکھائی۔
آموزگار (آ-مُوزْ-گَارْ) سکھانیوالا، سیکھنے والا
آموزندہ (آ-مُو-زَنْ-دَہْ) سکھانیوالا، سیکھنے والا
آموزیدن (آ-مُو-زِیْ-دَنْ) دیکھو آموختن۔
آمہ (آ-مَہْ) دوات۔
آمیختن (آ-مِیخْ-تَنْ) ملنا، ملانا مضع آمیزدؔ۔
آمیختنی (آ-مِیخْ-تَنِیْ) ملنے کے لایق، ملانے کے لایق۔
آمیختہ (آ-مِیخْ-تَہْ) ملایا ہوا، مغشوش۔
آمیز (آ-مِیزْ) ملنے والا، ملانے والا۔
آمیزش (آ-مِے-زِشْ) ملاوٹ، ملونی۔
آمیزندہ (آ-مِے-زَنْ-دَہْ) ملنے والا، ملانے والا
آمیزیدن (آ-مِے-زِیْ-دَنْ) دیکھو آمیختن
آمیزیدہ (آ-مِے-زِیْ-دَہْ) ملایا ہوا۔
آمیغ (آ-مِیغْ) دیکھو آمیز
آمین (آ-مِیْنْ) خدا یونہی کرے۔
آن (آنْ) وقت، لمحہ جمع آنا، آنات،
آن (آنْ) ۲-شان، پھبن، مال، ملکیت

(آں) وہ شخص جمع آناں، حرف اشارہ بعید، وہ

آنار (آ-نارْ) دیکھو انار۔

آنا فانا (آ-نَنْ-فَا-نَنْ) ایکا ایکی، یکلخت۔

آنام (آ-نامْ) دیکھو انام۔

آنچہ (آں-چِہْ) جو کچھ۔

آنرا (آں-رَا) اُس کے لئے، اُس کو۔

آنس (آ-نِسْ) محبت کرنے والا (آ-نَسْ) عادی۔

آنسہ (آ-نِسَہْ) محبت کرنے والی، کنواری لڑکی۔

آنشتہ (آ-نَشْ-تَہْ) موتھا گھاس، سعد۔

آنف (آ-نِفْ) اوّل وقت، آہستہ، سابق۔

آنک (آ-نَکْ) چھالا، دور کی چیز کیلئے اشارہ (آنک) سیسہ۔

آنکس، آنگز (آن-کُسْ، آن-گُزْ) ہاتھی بان کا ہانکنے کا آلہ۔

آنہا (آں-ہا) وہ لوگ۔

آنیرہ (آ-نِیرَہْ) انار کی جمع۔

آو (آوْ) دیکھو آب۔

آوا (آ-وَا) آواز۔

آوارگی (آ-وَا-رَگِیْ) اوباشی، خاک چھاننا۔

آوارہ (آ-وَا-رَہْ) بے ٹھکانہ، اوباش، جدا۔

آوارہ گردی (آ-وَا-رَہ-گَرْ-دِیْ) خاک چھاننا پھرنا

آواز (آ-وَازْ) نوا، صوت، بول۔

آوازہ (آ-وَا-زَہْ) شہرا، ناموری۔

آواک (آ-وَاکْ) ٹاپو، جزیرہ۔

آوال (آ-وَالْ) آل کی جمع۔

آوان (آ-وَانْ) آن کی جمع۔

آوای (آ-وَایْ) دیکھو آواز۔

آور (آ-وَرْ) یقین، تحقیق، درست، لگھادنا، صاحب، مالک، لانے والا

آورد (آ-وَرْدْ) لایا ہوا، پیدا کیا ہوا خیال۔

آوردن (آ-وَرْ-دَنْ) لانا مضع آوَرَد

آوردنی (آ-وَرْ-دَنِیْ) لانے کے قابل۔

آوردہ (آ-وَرْ-دَہْ) لایا ہوا، متوسل

آوردیدن (آ-وَرْ-دِیْ-دَنْ) حملہ کرنا مضع آوَرَد

آورندہ (آ-وَرَنْ-دَہْ) لانے والا، حملہ آور

آوند، آونگ (آ-وَنْدْ، آ-وَنْگْ) برتن، کمر، الگنی

آویج (آ-وِیجْ) دیکھو آویز۔

آویختن (آ-وِیخْ-تَنْ) لپٹنا، لٹکنا، لٹکانا مضع آوِیزَد۔

آویختنی (آ-وِیخْ-تَنِیْ) لٹکانے کے قابل۔

آویختہ (آ-وِیخْ-تَہْ) لپٹا ہوا، لٹکا ہوا، لٹکایا ہوا۔

آویز (آ-وِیزْ) لپٹنے والا، لٹکانے والا، لٹکنے والا۔

آویزش (آ-وِے-زِشْ) چپقلش، لاگ ڈانٹ۔

آویزندہ (آ-وِے-زِنْ-دَہْ) لپٹنے والا، لٹکنے والا، لٹکانے والا

آویزہ (آ-وِے-زَہْ) بندا، گھرکی، لٹکن کا لمپ

آہ (آہْ) کلمۂ افسوس و درد، ہائے۔

آہا (آ-ہا) کلمۂ اظہار خوشنودی۔

آہار (آ-ہَارْ) مانڈی، لپی، کلف۔

آہختن (آ-ہَخْ-تَنْ) دیکھو آہیختن۔

آہستگی (آ-ہِسْ-تَگِیْ) دھیما پن۔

آہستہ (آ-ہِسْ-تَہْ) دھیما، مندا۔

آہک (آ-ہَکْ) چونا۔

آہل (آ-ہِلْ) جہاں کسی کے بیوی بچے ہوں۔

آہن (آ-ہَنْ) لوہا۔

آہنج (آ-ہَنْجْ) دیکھو آہنگ۔

آہنجیدن (آ-ہَنْ-جِیْ-دَنْ) کھینچنا، قصد کرنا۔

آہن ربا (آ-ہَنْ-رُبَا) چمک پتھر، مقناطیس۔

آہنگ (آ-ہَنْگْ) قصد، وقت، آواز، راگ۔

آہنگر (آ-ہَنْ-گَرْ) لوہار۔

آہنگیدن (آ-ہَنْ-گِیْ-دَنْ) دیکھو آہنجیدن۔

آہنی، آہنیں (آ-ہَنِیْ، آ-ہَنِیں) لوہے کی چیز۔

آہو (آ-ہُو) ہرن، عیب
آہو برہ (آ-ہُو-بَرَہ) ہرن کا بچہ۔
آہو پرستی (آ-ہُو-پَرَس-تی) شکار کی وحشت۔
آہون (آ-ہُون) سرنگ، سوراخ۔
آہیختن (آ-ہِیخ-تَن) کھینچنا، لٹکانا مضارع آہیزد۔
آہیختنی (آ-ہِیخ-تَنی) لٹکانے کے لائق۔
آہیختہ (آ-ہِیخ-تَہ) لٹکایا ہوا، کھینچا ہوا۔
آہیزیدن (آ-ہے-زی-دَن) دیکھو آہیختن۔
آئبار (آ-اِب-بار) بھرنے والا جمع آواب، آیاب، اوب
آئین (آ-اِین) قانون، قاعدہ، دستور، طریقہ، چلن
آئینہ (آ-اِی-نَہ) منہ دیکھنے کا شیشہ۔
آئینہ بندی (آ-اِی-نَہ-بَن-دی) خاص موقع پر شہر کی سجاوٹ
آئینہ وار (آ-اِی-نَہ-وار) نائی، آئینہ رکھنے والا
آئینہ داری (آ-اِی-نَہ-دا-ری) آئینہ رکھنا۔
آیا (آ-یا) حرفِ شک، حرفِ ندا۔
آیان (آ-یان) آنے والا
آیائی (آ-یا-ئی) شائستگی، خوبی۔
آیت (آ-یَت) نشانی، آسمانی کتاب کا جملہ۔
جمع آیات۔
آیندہ (آ-یَن-دَہ) آنے والا۔
آیہ (آ-یَہ) دیکھو آیت جمع آیات
اب (اَب) باپ جمع آبا
ابا (اِبا) باز رہنا، نہ ماننا (اَبا) ساتھ، یا، شوربا، آش
علامت کنیت (اُبا) انکار کرنا۔
ابابیل (اَبا-بِیل) ابول، ابیل کی جمع نام پرند۔
اباحت (اِبا-حَت) اجازت، مباح کرنا۔
اباریق (اَبا-رِیق) ابریق کی جمع۔
اباطل (اَبا-طِل) ابطل کی جمع۔
اباطیل (اَبا-طِیل) باطل کی جمع۔
اباً عن جدٍ (اَب-بَن-عَن-جَد-دِن) باپ دادا سے

اباق (اَب-باق) بھگوڑا
ابتدا (اِب-تِدا) آغاز، شروع
ابتداءً (اِب-تِدا-اَن) شروع میں، پہلے
ابتذال (اِب-تِذال) فضول خرچی، ذلیل پن، احتیاط سے پرکھنا
ابتر (اَب-تَر) بدحال، بدچلن، دُم کٹا ہوا۔
ابتری (اَب-تَری) خرابی، بدحالی۔
ابتسام (اِب-تِسام) مسکراہٹ، کھلنا۔
ابتعاد (اِب-تِعاد) دور ہونا۔
ابتغا (اِب-تِغا) چاہت کرنا، خواہش کرنا۔
ابتکار (اِب-تِکار) نیا کرنا۔
ابتلا (اِب-تِلا) آزمائش، بلا ٹوٹنا۔
ابتلاع (اِب-تِلاع) سٹکنا، نگلنا۔
ابتلال (اِب-تِلال) بھیگنا، تر ہونا۔
ابتہاج (اِب-تِہاج) خوشی، مسرور ہونا۔
ابتہال (اِب-تِہال) زاری، رونا۔
ابجد (اَب-جَد) الف بے یعنی حروفِ تہجی۔
ابحار، ابحر (اَب-حار، اَب-حُر) بحر کی جمع۔
ابخر (اَب-خَر) گندہ دہن۔
ابخرہ (اَب-خِرَہ) بخار، بخور کی جمع۔
ابخل (اَب-خَل) بہت کنجوس۔
ابد (اَبَد) ہمیشگی جمع آباد۔
ابدا (اِب-دا) ظاہر کرنا، پیدا کرنا۔
ابداً (اَبَدَن) ہرگز، زنہار، اصلاً، کبھی
ابداد (اَب-داد) بد کی جمع۔
ابداع (اِب-داع) ایجاد، نئی چیز پیدا کرنی
ابدال (اِب-دال) تبادلہ کرنا، بدلی کرنا (اَب-دال)
اولیا کامل - بدل، بدیل کی جمع۔
ابدان (اَب-دان) بدن کی جمع۔
ابدی (اَبَدی) دائمی، منسوب بہ ابد (اِب-دا) آشکار
ابذا (اِب-ذا) ناسزا کہنا۔
ابذار (اَب-ذار) بذر کی جمع۔

ابر (اَبْر) بادل، گھٹا (اَبْرَۃ) دیکھو برہ۔
ابراد (اِبْ۔ رَادْ) بیزاری، بیماری سے اچھا ہونا۔
ابرار (اَبْ۔ رَارْ) بار، بَر کی جمع۔
ابراز (اِبْ۔ رَازْ) ظاہر، فاش کرنا۔
ابراق (اِبْ۔ رَاقْ) بجلی مارنا، بجلی گرنا۔
ابرام (اِبْ۔ رَامْ) رنجیدگی، افسردگی، التماس، کبیدگی، استواری
ابر بہاراں (اَبْ۔ رِ۔ بَہَا۔ رَاں) موسم برسات کی گھٹا
ابرد (اَبْ۔ رَدْ) بہت ٹھنڈا۔
ابرش (اَبْ۔ رَشْ) ابلق
ابرص (اَبْ۔ رَصْ) سفید کوڑھ کا بیمار۔
ابرق، ابرک (اَبْ۔ رَقْ، اَبْ۔ رَکْ) شیشہ کی مانند ایک پرتی۔
ابرل (اِبْ۔ رِلْ) اپریل۔
ابرو (اَبْ۔ رُوْ) بھوں۔
ابرہ (اَبْ۔ رَہْ) ضد استر، پوشش کا بیرونی پرت، سرد بادل (اِبْ۔ رَہْ) ڈنک، سوئی جمع اِبَر، اِبَارْ
ابری (اِبْ۔ رِیْ) بحری مسافر (اَبْ۔ رِیْ) ابر دار کاغذ، منسوب طرف ابر۔
ابریج (اِبْ۔ رِیْجْ) چھاچھ بلونے کی رَی، شہر زنبہ۔
ابریسم، ابریشم (اِبْ۔ رِیْ۔ سَمْ، اَبْ۔ رِ۔ یْشَمْ) ریشم
ابریشمینہ (اَبْ۔ رِے۔ شَمِیْ۔ نَہْ) ریشمین چیز۔
ابریق (اِبْ۔ رِیْقْ) ٹونٹی دار لوٹا جمع اَبَارِیْقْ
ابشار (اَبْ۔ شَارْ) بشر کی جمع۔
ابصار (اِبْ۔ صَارْ) دیکھنا (اَبْ۔ صَارْ) بصر کی جمع
ابط (اِبْطْ، اِبِطْ) بغل جمع آباط۔
ابطاء (اِبْ۔ طَاءْ) دیر کرنا۔
ابطال (اِبْ۔ طَالْ) باطل کرنا، نیست کرنا (اَبْ۔ طَالْ) بطل کی جمع۔
ابطل (اَبْ۔ طَلْ) بہت ناحق جمع اَبَاطِلْ
ابعاد (اِبْ۔ عَادْ) دور کرنا (اَبْ۔ عَادْ) بُعد کی جمع۔
ابعاد ثلاثہ (اَبْ۔ عَادِ ثَلَا۔ ثَہْ) لمبائی چوڑائی گہرائی

ابعار (اَبْ۔ عَارْ) بعرہ کی جمع۔
اباعر، اباعیر (اَبَا۔ عِرْ، اَبَا۔ عِیْرْ) بعیر کی جمع۔
ابعد (اَبْ۔ عَدْ) بڑا دور، فائق۔ جمع اَبَاعِدْ
ابعرہ (اَبْ۔ عِرَہْ) بعیر کی جمع۔
ابقا (اِبْ۔ قَاءْ) باقی رکھنا، مرحمت کرنا۔
ابقاق (اِبْ۔ قَاقْ) بہت کہنا، بہت بکنا۔
ابقر (اَبْ۔ قَرْ) شورہ۔
ابکار (اِبْ۔ کَارْ) ترلانا
ابکار (اَبْ۔ کَارْ) بکر کی جمع (اَبْ۔ کَارْ) صبح۔
ابکم (اَبْ۔ کَمْ) گونگا جمع بُکْم
ابکی (اَبْ۔ کَا) بڑا رلانے والا۔
ابل (اِبِلْ) بہت سے اونٹ جمع آبال۔
ابلا (اِبْ۔ لَاءْ) آزمائش، ظاہر کرنا، بلا میں ڈالنا۔
ابلاس (اِبْ۔ لَاسْ) نا امیدی، غمگین ہونا۔
ابلاغ (اِبْ۔ لَاغْ) نگلانا۔
ابلاغ (اِبْ۔ لَاغْ) پہونچانا، بھیجنا۔
ابلج (اَبْ۔ لَجْ) روشن، ظاہر۔
ابلق (اَبْ۔ لَقْ) چتلا، کبرا۔
ابلوج (اَبْ۔ لُوْجْ) شکر سفید۔
ابلہ (اَبْ۔ لَہْ) مورکھ، نادان، بیوقوف جمع بُلْہ
ابلہی (اَبْ۔ لَہِیْ) حماقت، سادگی۔
ابلیس (اِبْ۔ لِیْسْ) شیطان، نا امید۔
ابن (اِبْنْ) بیٹا جمع اَبْنَاء، بَنِیْن، بچہ، پوت۔
ابنا (اَبْ۔ نَاءْ) بناؤ، لَناء (اَبْ۔ نَاءْ) ابن کی جمع۔
ابن الاخ (اِبْ۔ نُلْ۔ اَخْ) بھتیجا۔
ابن الاخت (اِبْ۔ نُلْ۔ اُخْ۔ تْ) بھانجا۔
ابن السبیل (اِبْ۔ نُسْ۔ سَبِیْلْ) مسافر، راہگیر۔
ابن العرس (اِبْ۔ نُلْ۔ عِرْسْ) نیولا
ابن العنب (اِبْ۔ نُلْ۔ عِنَبْ) انگوری شراب
ابن الوقت (اِبْ۔ نُلْ۔ وَقْتْ) زمانہ ساز
ابنائے جنس (اَبْ۔ نَا۔ ءِ۔ جِنْسْ) ہمقوم، ہموطن

ابنائے زمانہ (اَب۔نا۔اِے۔زَما۔نَہ) زمانہ سازلوگ
ابنائے وطن (اَب۔نا۔اِے۔وَطَن) ہم وطن، دیس والے
ابنہ (اِب۔نَہ) بیٹی (اَب۔نَہ) لکڑی کا کیڑا
ابنیات، ابنیہ (اَب۔نِیات، اَب۔نِیَہ) بنا کی جمع۔
ابو (اَبُو) باپ، صاحب، علامتِ کنیت۔
ابواب (اَب۔واب) باب کی جمع، بدر نویسی۔
ابواز (اَب۔واز) باز کی جمع۔
ابوال (اَب۔وال) بول کی جمع
ابوالشفا (اَبُش۔شِفا) مٹھاس، شکر۔
ابوالمنہا (اَبُل مِن۔ہا) شراب۔
ابوبہ (اَب۔وِبَہ) باب کی جمع۔
ابوت (اُبُوّ۔وَت) باپ ہونا۔
ابول (اَب۔بُول) گروہ جمع ابابیل
ابوی (اَبَوِی) اب سے منسوب
ابہام (اِب۔ہام) انگوٹھا جمع اَباہِم، اَباہیم صاف بیان نہ کرنا۔
ابہت (اُب۔ہَت) بزرگی، رونق، شکوہ۔
ابہی (اَب۔ہا) بہت زیبا، سیاہ لب۔
ابی (اَبِی) متمرد، سرکش، میرے باپ
ابیے (اَبیے) دیکھو بے۔
ابیات (اَب۔یات) بیت کی جمع۔
ابیس (اَب۔یَس) بہت خشک۔
ابیض (اَب۔یَض) اجلا، سفید، چاندی، تلوار جمع بیض
ابیضان (اَب۔یَضان) دو سفید چیزیں، دودھ اور پانی
ابیل (اَبِیل) گروہ جمع اَبابِیل
ابیون (اَب۔یُون) دیکھو ابیون
ات (اَت) دلیل سے بھاری پڑنا۔
اتا (اَتا) باپ
اتابک (اَتا۔بَک) بزرگ باپ، شاہانہ خطاب۔
اتازونی (اَتا۔زُو۔نِی) ممالک متحدہ امریکہ۔

اتاق (اُتاق) خیمہ، ڈیرہ، مکان، گھر۔
اتاقہ (اُتا۔قَہ) کلغی، طرہ
اتالیق (اَتا۔لِیق) استاد، ادب سکھانے والا۔
اتالیقی (اَتا۔لِی۔قِی) ادب آموزی کا حق
اتان (اَتان) گدھیا، گدھی جمع اُتُن، اُتْن، اُتُن
اتب (اِت۔ب) کرتی۔
اتباع (اِت۔تِباع) پیروی، تابع ہونا (اَت۔باع) تبیع کی جمع۔
اتبال (اِت۔بال) دشمنی رکھنا، فانی کرنا۔
اتحاد (اِت۔تِحاد) یگانگت، ملاپ، دوستی۔
اتحاف (اِت۔حاف) سوغات، تحفہ دینا۔
اتخاذ (اِت۔تِخاذ) پکڑنا، لینا، مالدار ہونا۔
اتراب (اِت۔راب) مٹی میں ملانا (اَت۔راب) ترب کی جمع
اتراس (اَت۔راس) ترس کی جمع۔
اتراک (اَت۔راک) ترک کی جمع۔
اتران (اِت۔ران) سنجیدہ ہونا۔
اتریک (اِت۔ریک) الیکٹریسٹی، بجلی۔
اتساق (اِت۔تِساق) ترتیب دینا، فراہم ہونا، درست ہونا
اتسام (اِت۔تِسام) نقش، نشان کرنا۔
اتصاف (اِت۔تِصاف) صفت رکھنا، تعریف کیا جانا
اتصال (اِت۔تِصال) میل، لگاتار ملنا۔
اتضاح (اِت۔تِضاح) روشن ہونا۔
اتعاب (اِت۔عاب) دکھ میں ڈالنا، ماندہ کرنا رنج میں ڈالنا (اَت۔عاب) تعب کی جمع۔
اتعاد (اِت۔تِعاد) وعدہ کرنا
اتفاق (اِت۔تِفاق) اچانک بات، یکجہتی جمع اِتِّفاقات، ساتھی ہونا۔
اتفاقاً (اِت۔تِفاقَن) اچانک سے، ناگاہ۔
اتفاقی، اتفاقیہ (اِت۔تِفا۔قِی، اِت۔تِفا۔قِیَہ) منسوب بہ اتفاق۔

اتقا (اِت۔ تقا) پرہیزگاری، گناہ سے بچنا
اتقان (اِت۔ تقان) مضبوط کرنا۔
اتقیا (اَت۔ قِیا) تقی کی جمع۔
اتکا (اِت۔ تکا) تکیہ، بھروسہ کرنا۔
اتکار (اِت۔ تکار) گھونسلا بنانا۔
اتکال (اِت۔ تکال) تکیہ، بھروسہ کرنا۔
اتکہ (اَت۔ کہ) انّا یا دائی کا شوہر۔
اتلاد (اِت۔ لاد) پرانے مال کا مالک ہونا۔
اتلاف (اِت۔ لاف) بربادی، ضائع ہونا۔
اتلال (اَت۔ لال) تل کی جمع۔
اتم (اَتم) کامل، پورا، تمامتر۔
اتمام (اِت۔ مام) تمام کرنا۔
اتمک (اَت۔ مک) نان، خمیری روٹی۔
اتون (اَتّون، اَت۔ تون) انگیٹھی، تنور، بھٹی۔
اتہاب (اِت۔ تہاب) بخشش منظور کرنا، ہبہ کرنا۔
اتہام (اِت۔ تہام) بہتان، تہمت تراشنا۔
اتیان (اِت۔ یان) رسیدگی، قدم، دخول۔
اثابت (اِثا۔ بت) پاداش، جزا، بدلہ دینا۔
اثاث (اَثاث) اثاثہ کی جمع۔
اثاث البیت (اَثا۔ ثل۔ بیت) گھر کا سامان
اثاثہ (اَثا۔ ثہ) اسباب خانگی جمع اَثاث۔
اثارہ (اِثا۔ رہ) دھول اڑانا، جوتنا۔
اثامی (اَثا۔ می) مجرم، گنہگار۔
اثبات (اِث۔ بات) ثبوت، اقرار، ثابت کرنا۔
(اَث۔ بات) ثبت کی جمع۔
اثخان (اِث۔ خان) زخموں سے نڈھال کر دینا
اثر (اَثر) سنت نبوی، تاثیر، نشان، زخم کا داغ، کھنڈر، کھوج جمع آثار، اثرات
اثفیہ (اُثفی۔ یہ) چولھے کا پاوا، دیگپایہ جمع اثافی
اثقال (اِث۔ قال) بھاری ہونا، لدنا، لادنا
(اَث۔ قال) ثقل کی جمع۔

اثقل (اَث۔ قل) بہت بھاری جمع اَثاقل
اثل (اَثل) جھاؤ کا درخت جمع اثول، اثلات۔
اثم (اِثم) گناہ، شراب، جوا جمع آثام۔
اثمار (اِث۔ مار) پھل لانا، پھلدار ہونا (اَث۔ مار) ثمر کی جمع
اثمان (اِث۔ مان) آٹھ عدد ہونا (اَث۔ مان) ثمن کی جمع
اثمد (اِث۔ مد) سرمہ کا پتھر۔
اثمن، اثمنہ (اَث۔ مُن، اَث۔ منہ) ثمن کی جمع۔
اثنا (اِث۔ نا) تعریف کرنا (اَث۔ نا) ثنی کی جمع
اثنا عشر (اِث۔ نا۔ عشر) بارہ ۱۲۔
اثنا عشری (اِث۔ نا۔ عشری) شیعہ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو ۱۲ اماموں کو مانتا ہے، پیٹ کی ایک آنت۔
اثنان (اِث۔ نان) دو۔
اثنین (اِث۔ نین) دوشنبہ، دو، اثنان۔
اثنیہ (اَث۔ نیہ) ثنا کی جمع (اِثن۔ یہ) شہر اتھنز (یونان)
اثواب (اَث۔ واب) ثوب کی جمع۔
اثوار (اَث۔ وار) ثور کی جمع۔
اثیر (اَثیر) بلند، آسمان، فضائے بسیط، اثیر خالص، برگزیدہ
اثیل (اَثیل) دیکھو اصیل۔
اثیم (اَثیم) گنہگار۔
اج (اُج) لمبا کدو، ترنج، وبار۔
اجابت (اِجا۔ بت) منظوری، پاخانہ، جواب دینا۔
اجاج (اُجاج) کڑوا، کھاری۔
اجارہ (اِجا۔ رہ) ٹھیکہ۔
اجارہ دار (اِجا۔ رہ۔ دار) ٹھیکہ دار
اجارہ داری (اِجا۔ رہ۔ دا۔ ری) ٹھیکہ داری
اجازت (اِجا۔ زت) پروانگی۔
اجاص (اِنج، جاص) آلو بخارہ۔
اجاق (اُجاق) چولھا۔
اجانب (اَجا۔ نب) اجنبی کی جمع۔
اجانہ (اِج، جانہ) کونڈا، لاوک، مرکن
اجبار (اِج۔ بار) زبردستی، جبر کرنا۔

اجبال (اَجْ۔بَالْ، اَجْ۔بَلْ) جبل کی جمع۔
اجتبار (اِجْ۔تِبَار) پسند کرنا، اچھا چننا۔
اجترام (اِجْ۔تِرَامْ) جرم لگانا، گنہگار ہونا۔
اجتماع (اِجْ۔تِمَاعْ) بھیڑ، اکٹھا ہونا، سمٹنا۔
اجتماع ضدین (اِجْ۔تِمَاعِ۔ضِدْ۔دَیْن) دو برخلاف چیزوں کی یکجائی۔
اجتماعی (اِجْ۔تِمَا۔عِی) منسوب بہ اجتماع۔
اجتنا (اِجْ۔تِنَار) پھل چننا، میوہ چننا۔
اجتناب (اِجْ۔تِنَابْ) پرہیز، بچاؤ، گوشہ پکڑنا۔
اجتہاد (اِجْ۔تِہَادْ) کوشش کرنا، ٹھیک راہ ڈھونڈنا۔
اجداب (اِجْ۔دَابْ) کال پڑنا۔
اجداد (اِجْ۔دَادْ) راہ راست چلنا (اَجْ۔دَادْ) جد کی جمع
اجدع (اَجْ۔دَعْ) بوچا، ہاتھ کٹا ہوا، ہونٹھ کٹا۔
اجدل (اَجْ۔دَلْ) شکاری جانور جمع اَجادِلْ۔
اجذم (اَجْ۔ذَمْ) ہاتھ کٹا ہوا۔
اجر (اَجْرْ) انعام، اجرت، ثواب جمع اُجُورْ۔
اجرا (اِجْ۔رَا) جاری کرنا۔
اجرام (اِجْ۔رَامْ) جرم کرنا (اَجْ۔رَامْ) جرم کی جمع
اجرام فلکی (اَجْ۔رَامِ۔فَلَکِی) سورج چاند ستارے
اجرت (اُجْ۔رَتْ) مزدوری۔
اجرد (اَجْ۔رَدْ) صفا چٹ، چکنا، بے بال کا آدمی
اجر غیر ممنون (اَجْ۔رِ غیر۔مَمْ۔نُوْن) ثواب بے نقصان
اجزا (اِجْ۔زَا) ٹکڑے ٹکڑے کرنا، لاپرواہ ہونا، جزا دینا (اَجْ۔زَا) جزو کی جمع۔
اجزا خانہ (اَجْ۔زَا۔خَا۔نَہ) عطاری کی دوکان
اجزار (اِجْ۔زَارْ) کھیت کٹائی آنا۔
اجزائے ترکیبی (اَجْ۔زَا۔ءِ۔تَرْ۔کِی۔بِی) ٹکڑے جن سے مل کر چیز بنی ہو۔
اجزم (اَجْ۔زَمْ) کاٹا ہوا۔
اجساد (اَجْ۔سَادْ) جسد کی جمع۔

اجساس (اِجْ۔سَاسْ) خبروں کی جستجو کرنا۔
اجسام (اَجْ۔سَامْ) جسم کی جمع۔
اجسر (اَجْ۔سُرْ) جسر کی جمع۔
اجفان، اجفن (اَجْ۔فَانْ، اَجْ۔فُنْ) جفن کی جمع۔
اجل (اَجَلْ) موت، تقدیر، وقت مقررہ، مہلت اور انتہا جمع آجالْ (اَجَلْ) نہایت بڑا (اَجْ۔لْ) لئے، واسطے
اجلاد (اَجْ۔لَادْ) جلد کی جمع۔
اجلاس (اِجْ۔لَاسْ) نشست، بٹھانا۔
اجلاف (اَجْ۔لَافْ) جلف کی جمع، کمینے۔
اجلال (اِجْ۔لَالْ) بزرگی، شکوہ، منزلت (اَجْ۔لَالْ) جل کی
اجلح (اَجْ۔لَحْ) جس کے ہونٹھ برابر نہ ملتے ہوں
اجلہ (اَجِلْ۔لَہ) اجل، جلیل کی جمع (اَجْ۔لَہ) تمام چٹا
اجلی (اَجْ۔لَا) بہت روشن۔
اجم (اَجَمْ) اجمہ، ایک غذا سے اکتا جانا، منڈا۔
اجماع (اِجْ۔مَاعْ) اتفاق کرنا، متفق ہونا۔
اجمال (اِجْ۔مَالْ) اختصار، طول کر نہ کہنا (اَجْ۔مَالْ) جمل کی جمع۔
اجمعون، اجمعین (اَجْ۔مَعُوْن، اَجْ۔مَعِیْن) تمام، کل، سب۔
اجمل (اَجْ۔مَلْ) نہایت خوبصورت۔
اجمہ (اَجْ۔مَہ) بیہڑ، جنگل جمع آجامْ، اِجَامْ، اُجُمْ۔
اجناب (اِجْ۔نَابْ) بے غسل ہونا، جنوب کو جانا (اَجْ۔نَابْ) جنب کی جمع۔
اجناد (اَجْ۔نَادْ) جند کی جمع۔
اجناس (اَجْ۔نَاسْ) جنس کی جمع۔
اجنان (اِجْ۔نَانْ) دیوانہ کرنا۔
اجنب (اَجْ۔نَبْ) انجان، بیگانہ جمع اَجانِبْ
اجنبی (اَجْ۔نَبِی) انجان، بیگانہ۔
اجنبیت (اَجْ۔نَبِی۔یَتْ) بیگانگت۔

اجنحہ (اَجْ۔نِحَہ) جناح کی جمع۔
اجنہ (اَجِنْ۔نَہ) جنین کی جمع۔
اجواد (اَجْ۔وَادْ) جواد کی جمع۔
اجوار (اَجْ۔وَارْ) جار کی جمع۔
اجواف (اَجْ۔وَافْ) جوف کی جمع۔
اجوبہ (اَجْ۔وِبَہ) جواب کی جمع۔
اجور، اجورہ (اُجُوْر، اُجُوْ۔رَہ) مزدوری، محنتانہ، کرایہ
اجوف (اَجْ۔وَفْ) کھوکھلا، خالی پیٹ۔
اجہر (اَجْ۔ہَرْ) جس کو دن میں نظر نہ آئے۔
اجہرہ (اَجْ۔ہَرَہ) چرچٹا گھاس۔
اجہل (اَجْ۔ہَلْ) بڑا جاہل جمع اَجاہِلْ۔
اجیاف (اَجْ۔یَافْ) جیفہ کی جمع
اجید (اَجْ۔یَدْ) بہت عمدہ، اچھا۔
اجیر (اَجِیْر) مزدور، محنتی۔
اچار (اَچَارْ) دیکھو آچار۔
اچچی (اِچْچِی) بڑا بھائی۔
اچ (اَچْ) کھانسنا۔
احاد (اَحَادْ) احد کی جمع۔
احادیث (اَحَا۔دِیْثْ) احدوثہ، حدیث کی جمع۔
احاطہ (اِحَا۔طَہ) گھیر، حصار، چار دیواری۔
احب (اَحَبْ) بہت پیارا۔
احبا (اَحِبْ۔بَا) حبیب کی جمع۔
احباب (اِحْ۔بَابْ) دانہ پڑنا (اَحْ۔بَابْ) حبیب کی جمع
احبار (اَحْ۔بَارْ) حبر کی جمع۔
احباس (اِحْ۔بَاسْ) چیز وقف کرنا۔
احتبار (اِحْ۔تِبَارْ) مضبوط باندھنا۔
احتباس (اِحْ۔تِبَاسْ) رکاوٹ، رک جانا۔
احتبان (اِحْ۔تِبَانْ) جلندھر کا مرض ہونا۔
احتجاج (اِحْ۔تِجَاجْ) حجت کرنا۔
احتجار (اِحْ۔تِجَارْ) حجرہ بنانا، کمرہ بنانا۔
احتجام (اِحْ۔تِجَامْ) پچھنے لگانا۔

اجتذاب (ا ج - تِذَاب) اپنی طرف کھینچنا۔
احتراب (ا ح - تِرَاب) آپس میں لڑائی لڑنا
احتراز (ا ح - تِرَاز) پرہیز، بچنا۔
احتراس (ا ح - تِرَاس) نگہبانی، نگرانی کرنا۔
احتراق (ا ح - تِرَاق) سوزش، جلا ہوا ہونا۔
احترام (ا ح - تِرَام) عزت، عزت کرنا۔
احتساب (ا ح - تِسَاب) نگرانی، ممنوع باتوں سے روکنا
احتشام (ا ح - تِشَام) ٹھاٹھ، صاحب مقدور ہونا
احتضار (ا ح - تِضَار) شہری ہونا، موت کا سامنے آنا، حاضر ہونا
احتضار علم (ا ح - تِضَار - عِل م) علم کا تازہ ہونا۔
احتظا (ا ح - تِظَا) بہرہ مند ہونا۔
احتظاظ (ا ح - تِظَاظ) لذت یابی، مزا اٹھانا۔
احتفال (ا ح - تِفَال) جلسہ، محفل۔
احتفان (ا ح - تِفَان) جڑ سے اکھاڑنا۔
احتقار (ا ح - تِقَار) ذلیل جاننا، حقارت کرنا۔
احتقان (ا ح - تِقَان) حقنہ کرنا، انیمہ کرنا۔
احتکار (ا ح - تِکَار) گراں فروشی کو غلہ بھرنا۔
احتلاب (ا ح - تِلَاب) دودھ کاڑھنا۔
احتما (ا ح - تِمَا) خود کو کسی چیز سے بچانا۔
احتمال (ا ح - تِمَال) گمان جمع احتمالات اٹھانا۔
احتوا (ا ح - تِوَا) اپنے پاس اکٹھا کرنا۔
احتیاج (ا ح - تِیَاج) خواہش، ضرورت، حاجت ہونا۔
احتیاز (ا ح - تِیَاز) جمع ہونا۔
احتیاط (ا ح - تِیَاط) ہوشیاری سے کام کرنا۔
احتیال (ا ح - تِیَال) حیلہ بازی، مکر کرنا۔
احجار (ا ح - جَار) حجر کی جمع۔
اجحاف (ا ج - حَاف) نقصان کرنا، نزدیک ہونا، چیز لیجانا
احجیہ (اُ ح - جِی یَہ) چیستاں، جمع اَحَاجی۔
احد (اَ حَد) ایک جمع آحاد نام اللہ تعالیٰ،
اتوار، یکشنبہ (اُ حُد) مدینہ منورہ کے قریب
ایک پہاڑی جہاں دوسرا غزوہ واقع ہوا۔

احداث (اِح - دَاث) نئی بات نکالنا، حدیث کرنا
(اَح - دَاث) حَدَث کی جمع۔
احداق (اِح - دَاق) گھیر ڈالنا، اکٹھا ہونا (اَح - دَاق) حَدَقَہ کی جمع
احد عشر (اَحَدَ عَشَرَ) گیارہ
احدوثہ (اُح - دُو - ثَہ) افسانہ جمع اَحَادِیث۔
احدی (اَح - دِی) بیکار، ایک قسم کا سپاہی (اِح - دَا) احد کا مونث
احدیت (اَح - دِی - یَت) یکتائی، ایک پن۔
احذاد (اِح - ذَا) جوتی پہنانا۔
احرار (اَح - رَار) حُر کی جمع۔
احراز (اِح - رَاز) مضبوط کرنا، جمع کرنا۔
احراس (اِح - رَاس) مقیم ہونا (اَح - رَاس) حارس کی جمع
احراق (اِح - رَاق) جلانا۔
احرام (اِح - رَام) حج کا لباس (اَح - رَام) حرم کی جمع۔
احرس (اَح - رَس) زمانہ بھر سے گذرا۔
احزاب (اَح - زَاب) حِزب کی جمع۔
احزان (اِح - زَان) حزن، غم میں ڈالنا۔
(اَح - زَان) حُزن کی جمع۔
احساب (اَح - سَاب) حسب کی جمع۔
احساس (اِح - سَاس) تاثر، حِس، چھونا۔
احسان (اِح - سَان) بھلائی، نیکی کرنا جمع احسانات۔
احسان مند (اِح - سَان مَن - د) بھلائی ماننے والا۔
احسان ناشناس (اِح - سَان نَا - شِنَاس)
جو احسان نہ مانے۔
احسب (اَح - سَب) بڑا خاندانی، بڑا حسب والا۔
احسن (اَح - سَن) نہایت خوب جمع اَحَاسِن۔
احسنت (اَح - سَن - تَ) کلمۂ آفریں، واہ وا۔
احشا (اَح - شَا) حشو، حشا کی جمع
احشام (اِح - شَام) شرمندہ کرنا، غصہ دلانا
(اَح - شَام) حشم کی جمع۔
احصا (اِح - صَا) مردم شماری، گنتی، گننا۔
(اَح - صَا) حصات کی جمع۔

احصار (اِح - صَار) گننا، احاطہ کرنا۔
احصان (اِح - صَان) عورت کا پوشیدہ ہونا، مرد کا
عورت کی خواہش کرنا، نگہداشت کرنا (اَح - صَان)
حِصن کی جمع (اَحصَن، صَان) غلام، گدھا۔
احضار (اِح - ضَار) حاضر کرنا، گھوڑا دوڑانا۔
احضان (اَح - ضَان) حضن کی جمع۔
احطاب (اَح - طَاب) حطب کی جمع۔
احفاد (اَح - فَاد) حفد کی جمع۔ دھیتوان۔
احفی (اَحفیٰ) بہت زیادہ مستغنی دار۔
احقاب (اَح - قَاب) حقب کی جمع۔
احقاد (اَح - قَاد) حقد کی جمع۔
احقاف (اَح - قَاف) حقف کی جمع۔
احقاق (اِح - قَاق) برحق رکھنا، تحقیق جاننا
(اَح - قَاق) حقہ کی جمع۔
احقان (اِح - قَان) دوا پیٹنا (اَح - قَان) حقنہ کی جمع
احقر (اَح - قَر) نہایت حقیر، کلمۂ کسرنفسی۔
احکام (اَح - کَام) حکم کی جمع۔
احکم (اَح - کَم) بہت مضبوط۔
احلاف (اِح - لَاف) قسم دلانا (اَح - لَاف) حلف کی جمع
احلاق (اَح - لَاق) حلق کی جمع۔
احلام (اَح - لَام) حلم کی جمع۔
احلی (اَح - لَا) بہت میٹھا۔
احلیل (اِح - لِیل) مرد کے پیشاب اور عورت کے
دودھ کی نالی جمع اَحَالِیل۔
احمال (اِح - مَال) لدوانا (اَح - مَال) حمل کی جمع
احمر (اَح - مَر) سرخ، لال جمع حُمُر، اَحَامِر،
حُمرَان
احمش (اَح - مَش) جس کی پنڈلی پتلی ہو۔
احمض (اَح - مَض) کھٹا، ترش، جمع حُمض
احمق (اَح - مَق) بیوقوف جمع حَمقَار، حُمقیٰ
حَمَاقیٰ، حُمُوق

احناف (اَح۔ ناف) حنفی کی جمع۔
احناک (اَح۔ناک) حنک کی جمع۔
احواض (اَح۔ واض) حوض کی جمع۔
احوال (اَح۔ وال) حال کی جمع۔
احور (اَح۔ وَر) جسکی آنکھ میں گہری سفیدی و سیاہی ہو۔
احوص (اَح۔ وَص) کنجوس۔
احول (اَح۔ وَل) بھینگا جسکو ایک کے دو نظر آئیں
احیا (اِح۔ یا) زندہ کرنا (اَح۔ یا) حی کی جمع۔
احیان (اَح۔ یان) حین کی جمع۔
احیاناً (اَح۔ یا۔ نن) اتفاقاً، شاید۔ جمع
اخ (اَخ) بھائی جمع اِخوان، اِخوت
کلمہ تحسین، کلمہ ترحم و تاسف۔
اخار (اِخار) کسی کیساتھ بھیا چارہ کرنا (اَخ اخ) کلمہ تعجب
اخبار (اِخ۔ بار) خبریں دینا (اَخ۔ بار) خبر کی جمع
۲۔ سوقت پرچہ جو خبریں دیتا ہے جمع اَخبارات
اخبار نویس (اَخ۔ بار۔ نویس) اخبار میں لکھنے والا۔
اخبار نویسی (اَخ۔ بار۔ نو۔ یسی) صحافت، اخبار میں لکھنا
اخباری (اَخ۔ با۔ ری) اخبار سے منسوب، اخبار کا
اخبث (اَخ۔ بث) بڑا خبیث۔
اخج (اَخ۔ تج) چترائی، دانشمندی۔
اخت (اُخ۔ ت) بہن جمع اَخوات۔
اختان (اَخ۔ تان) ختن کی جمع۔
اختبار (اِخ۔ تبار) خبریابی، آزمانا۔
اختباس (اِخ۔ تباس) چھین لینا۔
اختتام (اِخ۔ تتام) خاتمہ، پورا کرنا۔
اختتان (اِخ۔ تتان) ختنہ کرنا۔
اختر (اَخ۔ تر) ستارہ، تارہ۔
اختراع (اِخ۔ تراع) ایجاد، نئی چیز نکالنی۔
اختراق (اِخ۔ تراق) پھٹنا، پھاڑنا۔
اخترام (اِخ۔ ترام) کاٹنا، جڑ سے اکھیڑنا۔
اختر شماری (اَخ۔ تر۔ شما۔ ری) رات کو
جاگنا، تارے گننا۔
اختر شناس (اَخ۔ تر۔ شناس) نجومی، ستاروں کا
علم جاننے والا۔
اختصار (اِخ۔ تصار) کمی، چھوٹا کرنا۔
اختصاص (اِخ۔ تصاص) خصوصیت، خاص کرنا۔
اختصام (اِخ۔ تصام) دشمنی کرنا۔
اختضاب (اِخ۔ تضاب) خضاب لگانا۔
اختطاف (اِخ۔ تطاف) اُچک لینا۔
اختفا (اِخ۔ تفا) چھپانا۔
اختلاج (اِخ۔ تلاج) عضو کا اُچھلنا۔
اختلاس (اِخ۔ تلاس) اچک لیجانا۔
اختلاط (اِخ۔ تلاط) میل جول، ملنا، ملجانا۔
اختلاف (اِخ۔ تلاف) ناموافقت، فرق
باہمی ہونا۔
اختلال (اِخ۔ تلال) رخنہ، خلل پڑنا۔
اختمار (اِخ۔ تمار) خمیر اُٹھانا۔
اختناق (اِخ۔ تناق) بند کرنا، گھونٹنا
اختہ (اَخ۔ تہ) دیکھو آختہ۔
اختیار (اِخ۔ تیار) پسندیدگی، کام کرنے کی قوت
جمع اِختیارات بوڑھا۔
اختیال (اِخ۔ تیال) خیال کرنا، سوچنا۔
اختیان (اِخ۔ تیان) خیانت کرنا۔
اخدار (اَخ۔ دار) خدر کی جمع۔
اخدام (اِخ۔ دام) خادم رکھنا (اَخ۔ دام) خادم کی جمع
اخدان (اَخ۔ دان) خدن کی جمع۔
اخدہ (اَخِدّہ) خد کی جمع۔
اخذ (اَخ۔ ذ) پکڑنا، لینا، شروع کرنا (اَخذ)
جسکی آنکھ میں درد ہو (اَخذ) آنکھ کا درد۔
اخراب (اِخ۔ راب) ویران کرنا
اخراج (اِخ۔ راج) نکالنا، نکلنا (اَخ۔ راج)
خرج کی جمع۔

اخراجات (اِخْ ۔ رَا ۔ جَاتْ) اخراج کی جمع (اَخْ ۔ رَا ۔ جَاتْ) خرج کی جمع الجمع ۔
اخراس (اِخْ ۔ رَاسْ) گونگا کرنا ۔
اخرب (اَخْ ۔ رَبْ) نہایت خراب جمع اَخَارِبْ ۔
اخرس (اَخْ ۔ رَسْ) گونگا جمع خُرْس ، خرسان ۔
اخرم (اَخْ ۔ رَمْ) نکٹا جمع اَخَارِمْ ۔
اخزم (اَخْ ۔ زَمْ) نر سانپ ۔
اخس (اَخَسّ) بڑا خسیس ۔
اخسا (اَخِسْ ۔ سَا) خسیس کی جمع ۔
اخشم (اَخْ ۔ شَمْ) سونگھنے سے ناقابل جمع اَخَاشِمْ
اخشیج (اَخْ ۔ شِیجْ) دیکھو اخشیج ۔
اخص (اَخَصّ) بہت خاص ۔
اخصاف (اِخْ ۔ صَافْ) حقیر جاننا ۔
اخصم (اَخْ ۔ صَمْ) لمبی ناک والا ۔
اخضر (اَخْ ۔ ضَرْ) ہرا ، سبز
اخضری (اَخْ ۔ ضَرِی) منسوب بہ اخضر ۔
اخضریت (اَخْ ۔ ضَرِی ۔ یَتْ) ہراپن ، سبزیت
اخطار (اِخْ ۔ طَارْ) خود کو خطرہ میں ڈالنا
(اَخْ ۔ طَارْ) خطرہ کی جمع ۔ نوٹس ، اطلاعنامہ ۔
اخطب (اَخْ ۔ طَبْ) بڑا خطیب ، عمدہ خطبہ دینے والا
اخف (اَخَفّ) نہایت ہلکا ۔
اخفا (اِخْ ۔ فَا) پوشیدہ ، چھپانا ، پوشیدہ کرنا ۔
اخفاف (اِخْ ۔ فَافْ) سبکباری ، سبکبالی ، ہلکا ہونا ۔
اخفش (اَخْ ۔ فَشْ) چندھا ۔
اخگر (اَخْ ۔ گَرْ) چنگاری ، شرار
اخلا (اَخِلْ ۔ لَا) خلیل کی جمع ۔
اخلاص (اِخْ ۔ لَاصْ) سچی ہمدردی ، خالص دوستی کرنا ۔
اخلاصمند (اِخْ ۔ لَاصْ ۔ مَنْدْ) خیرخواہ دوست
اخلاص مندی (اِخْ ۔ لَاصْ ۔ مَنْ ۔ دِی) خیرخواہی کے ساتھ دوستی ۔

اخلاط (اَخْ ۔ لَاطْ) خلط کی جمع ۔
اخلاط اربعہ (اَخْ ۔ لَاط ۔ اَرْ ۔ بَعَہْ) صفرا ، خون ، بلغم ، سودا ۔
اخلاف (اَخْ ۔ لَافْ) خلف کی جمع ۔
اخلاق (اِخْ ۔ لَاقْ) پرانا ہونا ، پرانا کرنا
(اَخْ ۔ لَاقْ) خلق کی جمع ۔
اخلاق حسنہ ، اخلاق فاضلہ (اَخْ ۔ لَاقِ حَسَنَہْ ، اَخْ ۔ لَاقِ ۔ فَا ۔ ضِلَہْ) عمدہ اخلاق ۔
اخلندود (اَخْ ۔ لَنْ ۔ دُودْ) جھنجھنا ۔
اخماد (اِخْ ۔ مَادْ) آگ بجھانا ۔
اخماس (اِخْ ۔ مَاسْ) پانچ ہونا ۔
اخمرہ (اَخْ ۔ مِرَہْ) خمار کی جمع ۔
اخمص (اَخْ ۔ مَصْ) تلوا ، کفِ پا ۔
اخن (اَخَنّ) دیکھو اغن ۔
اخوات (اَخَ ۔ وَاتْ) اخت کی جمع ۔
اخوال (اَخْ ۔ وَالْ) خال بمعنی ماموں کی جمع
اخوان (اِخْ ۔ وَانْ) اخ کی جمع سگے بھائی
(اَخْ ۔ وَانْ) دو بھائی
اخوان الشیاطین (اِخْ ۔ وَا ۔ نُشْ شَیَا ۔ طِیْنْ) شیطان کے بھائی بند ۔
اخوان الصفا (اِخْ ۔ وَا ۔ نُصْ ۔ صَفَا) بھلے مانس ، اچھے لوگ ، پاک دل لوگ
اخوت (اُخُوْ ۔ وَتْ) برادری ، بھائی بندی
(اِخْ ۔ وَتْ) اخ کی جمع ، سوتیلے بھائی ۔
اخون ، اخوند (اَخُونْ ، اَخُونْ ۔ دْ) معلم ، استاد
اخوی (اَخَوِی) منسوب بہ اخ بمعنی بھائی ۔
اخی (اَخِی) میرا بھائی ۔
اخیار (اَخْ ۔ یَارْ) خیر کی جمع ۔
اخیاط (اَخْ ۔ یَاطْ) خیط کی جمع ۔
اخیاف (اَخْ ۔ یَافْ) خیف کی جمع ۔
اخیال (اَخْ ۔ یَالْ) خیل کی جمع ۔

اخیر (اَخِیر) پچھلا، آخری۔
اخیف (اَخ۔یَف) طاقی، ایک کالی دوسری نیلی آنکھ والا
اخیلہ (اَخ۔یِلَہ) خیال کی جمع۔
ادا (اَدا) انداز، ناز، رمز، اشارہ،
آواز۔ ۲۔ بیان کرنا، پہنچانا۔
اداب (اِدْ۔آب) رنجیدہ کرنا۔
ادات (اَدات) کوئی چیز حاصل کرنے کا آلہ
جمع اَدَوات۔
ادارت (اِدا۔رَت) ایڈیٹری۔
ادارہ (اِدا۔رَہ) محکمہ، دفتر، انتظام۔
ادارۂ قلمی (اِدا۔رَۂ۔قَلَمی) محکمۂ مال۔
ادارۂ نظامی (اِدا۔رَۂ۔نِظامی) محکمۂ فوج
اداکار (اَدا۔کار) ایکٹر، ایکٹرس
اداکاری (اَدا۔کا۔ری) ایکٹنگ۔
ادالت، ادالہ (اِدا۔لَت، اِدا۔لَہ)
دولتِ دنیا، تصرفِ دنیا۔
ادام (اِدام) شوربا، سالن۔
ادامت (اَدا۔مَت) ہمیشگی۔
ادانہ (اِدا۔نَہ) قرض دینا، جزا دینا
ادانی (اَدا۔نی) ادنیٰ کی جمع۔
اداوت (اِدا۔وَت) پانی کو صاف کرنیوالی چیز
ادب (اَدَب) تعظیم، قاعدہ، دقر، پسندیدہ
طریقہ جمع آداب علم زباندانی (اَدِب)
مودب آدمی (اُدُب) عجیب۔
ادبا (اُدَبا) ادیب کی جمع۔
ادبار (اِدْ۔بار) نحوست، بداقبالی (اَدْ۔بار) دبر کی جمع
ادب العالیہ (اَدَبُل۔عا۔لِیَہ) اعلیٰ علم ادب۔
ادبانہ (اَدَبا۔نَہ) ادب سے منسوب۔
ادبی (اَدَبی) منسوب بہ ادب۔
ادبیت (اَدَبی۔یَت) زباندانی، ادب پن
ادجان (اِدْ۔جان) مینھ کی جھڑی لگنا۔

ادخال (اِدْ۔خال) داخل کرنا، اندر لانا۔
(اِدِّ۔خال) اندر گھس جانا۔
ادخان (اِدْ۔خان) الگ ہوجانا۔
ادخنہ (اَدْ۔خِنَہ) دخان کی جمع۔
ادراج (اِدْ۔راج) آپس میں لپٹنا۔
(اَدْ۔راج) درج کی جمع۔
ادرار (اِدْ۔رار) روزینہ، وظیفہ، پیشاب۔
ادراک (اِدْ۔راک) ہوش، بوجھ، بوجھنا، پکنا۔
ادرد (اَدْ۔رَد) پوپلا، دندان ریختہ۔
ادرفن (اَدَرَ۔فَن) داد، قوبا۔
ادرنہ (اَدْ۔رَنَہ) شہر ایڈریانوپل (بلقان)
ادرہ (اَدْ۔رَہ) ایک خصیہ بڑھ جانا۔
ادّعا (اِدّ۔عا) دعوی کرنا، آرزو کرنا
ادعام (اِدّ۔عام) تکیہ لگانا، سہارا لینا، ٹیکنا۔
ادعج (اَدْ۔عَج) کالی پتلیوں والا۔
ادعیہ (اَدْ۔عِیَہ) دعا کی جمع۔
ادغام (اِدْ۔غام) (اِدِّ۔غام) باہم پیوستہ
ہوجانا (اَدْ۔غام) نکھوڑا۔
ادق (اَدَق) نہایت مشکل، بہت کٹھن۔
ادقاق (اِدْ۔قاق) باریک کرنا۔
ادکار (اِدّ۔کار) یاد کرنا، نصیحت پکڑنا۔
ادلاج (اِدْ۔لاج) رات کی سیر۔
ادلال (اِدْ۔لال) ناز کرنا، غمزہ کرنا۔
ادلہ (اَدِلَّہ) دلیل کی جمع۔
ادم (اَدَم) گندم گوں آدمی جمع اُدمان۔
ادماد (اِدْ۔ماد) لہولہان ہونا۔
ادمان (اِدْ۔مان) لگاتار شراب پینا۔
(اُدْ۔مان) ادم کی جمع۔
ادن (اَدَن) گبڑا آدمی۔
ادنا (اَدْ۔نا) نالائق، کم رتبہ جمع اَدانی۔
(اِدْ۔نا) نزدیک کرنا، آنا۔

ادناس (اَدْ۔ نَاسْ) دنس کی جمع۔
ادناف (اِدْنَافْ) سورج کا قریب غروب ہونا۔
ادنیٰ (اَدْ۔ نَا) دیکھو ادنا۔
ادوا (اَدْ۔ وَار) دار کی جمع۔
ادوات (اَدْ۔ وَاتْ) اداۃ کی جمع، آلات۔
ادوار (اَدْ۔ وَارْ) دور کی جمع۔
ادون (اَدْ۔ وَنْ) بہت کمینہ۔
ادویہ (اَدْ۔ وِیَہْ) دوا کی جمع۔
ادہام (اِدْ۔ ہَامْ) سیاہ ہونا۔
ادہان (اِدْ۔ ہَانْ) خیانت کرنا، نفاق کرنا (اَدْ۔ ہَانْ) تیل چپڑنا (اَدْ۔ ہَانْ) دہن کی جمع۔
ادہم (اَدْ۔ ہَمْ) آہنی بیڑی، مشکی گھوڑا۔
ادہیہ (اَدْ۔ ہِیَہْ) داہیہ کی جمع۔
ادیار (اَدْ۔ یَارْ) دیر کی جمع۔
ادیان (اَدْ۔ یَانْ) دین کی جمع۔
ادیب (اَدِیْبْ) زباندان فصیح و بلیغ جمع اُدَبَار
ادیم (اَدِیْمْ) کچا بو دار چمڑا، سطح زمین۔
ادینہ (اَدِیْ۔ نَہْ) دیکھو آدینہ۔
اذ (اِذْ) جب، جبکہ، جس وقت۔
اذا (اِذَا) دیکھو اذ (اَذَا) دیکھو اذی۔
اذابہ (اِذَا۔ بَہْ) پگھلانا۔
اذاقت، اذاقہ (اِذَا۔ قَتْ، اِذَا۔ قَہْ) مزہ چکھانا۔
اذالہ (اِذَا۔ لَہْ) خوار کرنا
اذان (اَذَانْ) بانگ، آواز، نماز کو بلانیکی پکار۔
اذبہ (اَذْبِ۔ بَہْ) ذباب کی جمع۔
اذراق (اَذْ۔ رَا۔ قْ) کیلا جو یکساں زرد ہے۔
اذرع (اَذْ۔ رُعْ) ذراع کی جمع۔
اذعان (اِذْ۔ عَانْ) طاعت، حکم ماننا۔
اذفر (اَذْ۔ فَرْ) تیز بو والی چیز
اذقان (اَذْ۔ قَانْ) ذقن کی جمع۔
اذکار (اَذْ۔ کَارْ) تذکرہ، ذکر کرنا (اَذْ۔ کَارْ) ذکر کی جمع

اذکی (اَذْ۔ کَا) بہت روشن۔
اذکیا (اَذْ۔ کِیَا) ذکی کی جمع۔
اذل (اَذَلّ) بہت ذلیل۔
اذلق (اَذْ۔ لَقْ) تیز زبان جمع ذُلق۔
اذلہ (اَذِلْ۔ لَہْ) ذلیل کی جمع۔
اذمہ (اَذِمْ۔ مَہْ) ذمام کی جمع۔
اذن (اُذُنْ) کان، گوش جمع آذان
(اِذْنْ) اجازت۔
اذناب (اِذْ۔ نَابْ) گناہ کرنا (اَذْ۔ نَابْ) ذنب کی جمع
اذہاب (اِذْ۔ ہَابْ) سونے کا جھول چڑھانا
(اَذْ۔ ہَابْ) ذہب کی جمع۔
اذہال (اِذْ۔ ہَالْ) غافل کرنا۔
اذہان (اَذْ۔ ہَانْ) ذہن کی جمع
اذی (اَذَا) دکھ، ایذا۔
اذیال (اَذْ۔ یَالْ) ذیل کی جمع
اذیت (اَذِیْ۔ یَتْ) دکھ، مصیبت۔
ار (اَرْ) گر، اگر۔
ارابت (اِرَا۔ بَتْ) شک کرنا۔
ارابچی (اَرَابَ۔ چِیْ) گاڑی بان۔
ارابہ (اَرَا۔ بَہْ) گاڑی (اِرَا۔ بَہْ) دیکھو ارابت
اراجل (اَرَا۔ جِلْ) رجل کی جمع
ارادت (اِرَا۔ دَتْ) عقیدت، گرویدگی، چاہنا۔
ارادہ (اِرَا۔ دَہْ) خواہش، قوت جس سے افعال صادر ہوں
ارادی (اِرَا۔ دِیْ) منسوب بہ ارادہ۔
اراذل (اَرَا۔ ذِلْ) ارذل کی جمع۔
اراضی (اَرَا۔ ضِیْ) ارض کی جمع زرعی زمین
جمع اَرَاضِیَاتْ۔
ارافت، ارافہ (اِرَا۔ فَتْ، اِرَا۔ فَہْ) طلب کرنا۔
اراقہ (اِرَا۔ قَہْ) پانی بکھیرنا۔
اراک (اَرَاکْ) پیلو کا پیڑ۔
ارامل (اَرَا۔ مِلْ) ارمل کی جمع۔

ارائک (اَرَا-اِکْ) اریکہ کی جمع۔
ارب (اِرْبْ) حاجت، ضرورت، جمع آراب، اور آرب (اَرَبْ) دیکھو اَرَبَہ
ارباب (اَرْ-بَابْ) رب کی جمع۔
ارباب قلم (اَرْ-بَابِ-قَلَمْ) قلم والے لوگ۔
ارباب وفا (اَرْ-بَابِ-وَفَا) باوفا لوگ۔
اربائع (اَرْ-بَائِعْ) ربیع کی جمع۔
اربع (اَرْ-بَعْ) ربعہ کا مونث، چار (اَرْ-بُعْ) ربع کی جمع
اربعا (اَرْ-بِعَا) بدھ، چہارشنبہ۔
اربعہ (اَرْ-بَعَہْ) چار۔
اربعہ عشر (اَرْ-بَعَہ-عَشَرْ) چودہ۔
اربعہ عناصر (اَرْ-بَعَہ-عَنَا-صِرْ) آگ، پانی، مٹی، ہوا۔
اربعون، اربعین (اَرْ-بَعُوْنْ، اَرْ-بَعِیْنْ) چالیس
اربہ (اُرْ-بَہْ) گانٹھ، گرہ۔
اربی (اَرْ-بَا) زیادہ تر۔
اربیان (اُرْ-بِیَانْ) جھینگا مچھلی۔
اربیہ (اُرْ-بِیَہْ) جڑا، ران کی جڑ۔
ارتباح (اِرْ-تِبَاحْ) تجارت میں نفع اٹھانا، سود لینا۔
ارتباط (اِرْ-تِبَاطْ) ربط ضبط، میل جول، ملانا
ارتجا (اِرْ-تِجَاءْ) امید رکھنا۔
ارتجال (اِرْ-تِجَالْ) بے سوچے بولنا۔
ارتجالاً (اِرْ-تِجَا-لَنْ) بطور ارتجال۔
ارتحال (اِرْ-تِحَالْ) رحلت، کوچ کرنا۔
ارتداد (اِرْ-تِدَادْ) جیا دردا دڑھنا۔
ارتداد (اِرْ-تِدَادْ) ترک اسلام۔
ارتسام (اِرْ-تِسَامْ) نقش ونگار، نقاشی، مصوری۔
ارتشا (اِرْ-تِشَاءْ) رشوت خوری، رشوت لینا۔
ارتضا (اِرْ-تِضَاءْ) آپس میں راضی ہونا۔
ارتضاع (اِرْ-تِضَاعْ) دودھ پینا۔
ارتعاد، ارتعاس، ارتعاش (اِرْ-تِعَادْ، اِرْ-تِعَاسْ، اِرْ-تِعَاشْ) لرزش، کپکپاہٹ

ارتفاع (اِرْ-تِفَاعْ) بلندی، اونچا ہونا۔
ارتقا (اِرْ-تِقَاءْ) ترقی، اوپر چڑھنا۔
ارتقاب (اِرْ-تِقَابْ) امید رکھنا۔
ارتکاب (اِرْ-تِکَابْ) کام میں ہاتھ ڈالنا، گناہ کرنا۔
ارتکاز (اِرْ-تِکَازْ) گڑنا۔
ارتکاض (اِرْ-تِکَاضْ) پیٹ میں پھرنا۔
ارتل (اَرْ-تَلْ) ہکلا، گنگلانج۔
ارتنگ (اَرْ-تَنْگْ) دیکھو ارژنگ
ارتہان (اِرْ-تِہَانْ) رہن قبول کرنا۔
ارتیاب (اِرْ-تِیَابْ) شک کرنا۔
ارتیاح (اِرْ-تِیَاحْ) خوش ہونا، راحت پانا۔
ارث (اِرْثْ) میراث۔
ارج (اَرْجْ) قیمت، قدر، مرتبہ، خوشبو، حد، اندازہ، گینڈا، نام ایک پرند۔
ارجا (اَرْ-جَاءْ) رجا کی جمع۔
ارجاف (اِرْ-جَافْ) جھوٹی خبر، جمع اراجیف۔
ارجل (اَرْ-جَلْ) بڑے پیر کا آدمی، ایک سفید پاؤں کا گھوڑا۔
ارجمند (اَرْ-جُ-مَنْدْ) معزز، عزت والا۔
ارجوجہ (اُرْ-جُوْ-جَہْ) ہنڈولا، پالنا، جھولا۔
ارچند (اَرْ-چَنْدْ) دیکھو ہرچند۔
ارچہ (اَرْ-چِہْ) دیکھو ہرچہ۔
ارحا (اَرْ-حَاءْ) رحی کی جمع۔
ارحام (اَرْ-حَامْ) رحم کی جمع۔
ارحم (اَرْ-حَمْ) نہایت مہربان۔
ارحم الراحمین (اَرْ-حَمُ-رْ-رَاحِمِیْنْ) مہربانوں کا مہربان، اللہ تعالےٰ۔
ارخا (اِرْ-خَاءْ) چھوڑ دینا، ڈھیلا کرنا۔
(اَرْ-ظَا) پیٹھ، پشت۔
اردک (اُرْ-دَکْ) مرغابی
اردو (اُرْ-دُوْ) ہندوستانی زبان، چھاؤنی، لشکر، بازار۔

اردوے معلی (اُرْ - دُوْ - اِ ے - مُعَل - لا) بادشاہی لشکر، دلی، اعلےٰ اُردو زبان۔

اردی، اردی بہشت (اُرْ - دِی، اُرْ - دی - بِہِش - ت) فارسی کا دوسرا شمسی مہینہ۔

ارذال (اِرْ - ذال) فرومایہ کرنا (اَرْ - ذال) رذل کی جمع۔

ارذل (اَرْ - ذَل) بڑا رذیل جمع اَرَاذِل۔

ارز (اَرْز) قیمت (اَرُز) چاول۔

ارزاق (اَرْ - زَاق) رزق کی جمع۔

ارزاں (اَرْ - زَاں) سستا، مندا۔

ارزانی (اَرْ - زَا - نِی) بخشش، سستا پن۔

ارزن (اَرْ - زَن) چینا۔

ارزندہ (اَرْ - زَن - دَہ) قیمت پانے والا۔

ارزیدن (اَرْ - زِی - دَن) قیمت پانا مفع اَرْزَد

ارزیدنی (اَرْ - زِی - دَنی) قیمت پانے کے لائق۔

ارزیدہ (اَرْ - زِی - دَہ) قیمت پایا ہوا۔

ارزیز (اَرْ - زِیز) ٹین، رانگا۔

ارژنگ (اَرْ - ژَنگ) تصویروں کی کتاب۔

ارسا (اِرْ - سا) لنگر ڈالنا۔

ارساغ (اَرْ - سَاغ) رسغ، رسغہ کی جمع۔

ارسال (اِرْ - سَال) روانگی، بھیجنا، چھوڑنا۔

ارسان (اَرْ - سَان) رسن کی جمع۔

ارسلان (اَرْ - سَلان) شیر، غلام۔

ارشن (اَرْشَن) ہاتھ (اَرِشن) عقلمند، انجمن۔

ارشاد (اِرْ - شَاد) حکم، سمت، راہ راست دکھانا۔

ارشد (اَرْ - شَد) بہت درست جمع اَرَاشِد۔

ارصاد (اِرْ - صَاد) نگہبانی کرنا (اَرْ - صَاد) رصد کی جمع

ارض (اَرْض) زمین جمع اَرَاضی جمع جمع اَرَاضِیَات۔

ارضاد (اِرْ - ضَاد) منانا۔

ارضاع (اِرْ - ضَاع) دودھ پلانا۔

ارضہ (اَرْ - ضَہ) دیمک

ارضی (اَرْ - ضِی) زمین کا، زمین کی، منسوب بہ زمین۔

ارضیہ (اَرْ - ضِی - یَہ) مال گودام کا کرایہ۔

ارطال (اَرْ - طَال) رطل کی جمع۔

ارعا (اِرْ - عا) چرانا۔

ارغل (اَرْ - غَل) جس کی ختنہ نہ ہوئی ہو۔

ارغن، ارغنون (اَرْ - غَن، اَرْ - غَنُون) قسم باجہ ارگن

ارغوان (اَرْ - غَوَان) سرخ، نارنجی۔

ارغوانی (اَرْ - غَوَا - نِی) سرخ یا نارنجی رنگ والا۔

ارغون (اَرْ - غُون) ارغن۔

ارفاہ (اِرْ - فَاہ) تمام دن تیل ملنا۔

ارفع (اَرْ - فَع) بہت بلند۔

ارقام (اِرْ - قَام) لکھنا، معلوم کرنا (اَرْ - قَام) رقم کی جمع، ڈاک کا خط

ارقان (اَرْ - قَان) دیکھو یرقان۔

ارقم (اَرْ - قَم) کالا سانپ۔

ارک (اَرْک) شاہی محل، گڑھی۔

ارکاک (اَرْ - کَاک) پھوہار۔

ارکان (اَرْ - کَان) رکن کی جمع۔

ارکان دولت (اَرْ - کَا - نِ - دَوْلَت) افراد حکومت

ارم (اِرَم) جنت شداد، نشان فرسنگ۔

ارماح (اَرْ - مَاح) رمح کی جمع۔

ارماع (اِرْ - مَاع) تک بھرنا۔

ارماق (اَرْ - مَاق) رمق کی جمع۔

ارمان (اَرْ - مَان) حسرت، آرزو۔

ارمد (اَرْ - مَد) جسکی آنکھ درد کرے جمع اَرَامِد۔

ارمغان (اَرْ - مُغَان، اَرْ - مَغَان) تحفہ، سوغات۔

ارمل (اَرْ - مَل) بے بیوی والا، مسکین، بے توشہ خشک سال جمع اَرَامِل۔

ارملہ (اَرْ - مَلَہ) بے شوہر والی جمع اَرَامِل۔

ارمن، ارمنستان (اَرْ - مَن، اَرْ - مَنِس - تَان) ایک ملک (مغربی ایشیا)

آرمنی (آرْ - مَنِی) ملک ارمن کا باشندہ۔

ارناؤط (اَرْ-نا-ؤُط) البانوی ترک۔
ارنب (اَرْ-نَبْ) خرگوش۔
ارنی (اَرِنی) دکھا۔
ارواح (اَرْ-وَاح) روح کی جمع۔
اروام (اَرْ-وَام) رومی کی جمع۔
اروپا (اَرُوْ-پا) یورپ، فرنگستان۔
اروپائی (اَرُوْ-پا-ئی) یورپین، یورپ والا
اروک (اُرُوْک) زخم کی سوجن اترنا۔
اروند (اَرْ-وَنْد) دیکھو الوند۔
اروین (اَرْ-وِیْن) امتحان، آزمائش، تجربہ۔
ارہاج (اِرْ-ہاج) دھول اڑانا۔
ارہاط (اَرْ-ہاط) رہط کی جمع۔
ارياح (اَر-یاح) ریح کی جمع۔
اریب (اَرِیب) عقلمند، دانشمند جمع ارباب، (اَرِبّا) آرِبّا۔
اریکہ (اَرِیْ-کَہ) تخت، مسہری جمع ارائک
از (اَزْ) سے۔
ازاح (اِزاح) جوان لگانا۔
ازار (اِزار) پاجامہ جمع اَزِرَہ، اُزُر، اُزر (اِزْ-آر) دبانا، ڈکارنا، ڈرد کنا۔
ازاربند (اِزار-بَنْد) کمربند۔
ازاغت (اِزا-غَتْ) راہ راست سے بھٹکانا۔
ازالت، ازالہ (اِزا-لَتْ) اِزا-لَہ دور کرنا، دفع کرنا۔
ازاں (اَزاں) اس سے۔
ازاں باز (اَزاں-باز) اس وقت سے۔
ازاں جملہ (اَزاں-جُمْ-لَہ) اس سب میں سے۔
ازبر (اَزْ-بَرْ) حفظ، نوکِ زباں۔
ازبس (اَزْ-بَسْ) بہت۔
ازبغال (اِزْ-بِغال) بھگنا، تڑپنا۔
ازخود (اَزْ-خُدْ) آپ سے آپ، خود بخود

ازدحام (اِزْ-دِحام) انبوہ، بھیڑ کرنا۔
ازدن (اَزْ-دَنْ) سوئی چبھونا۔
ازدواج (اِزْ-دِوَاج) نکاح کرنا۔
ازدیاد (اِزْ-دِیاد) زیادہ ہونا۔
ازرق (اَزْ-رَق) نیلا جمع زُرْق
ازرہ (اَزْ-رَہ) صورت سے، صورت کے مطابق۔
ازغیب (اَزْ-غَیْب) غیب سے۔
ازغیبی (اَزْ-غَیْ-بی) غیبی۔
ازقراریکہ (اَزْ-قَرا-رے کہ) بموجب، مطابق۔
اذکارہ (اَزْ-کا-رَہ) افسانہ، سرگذشت، جریدۂ حساب
ازکیا (اَزْ-کِیا) زکی کی جمع۔
ازل (اَزَل) جس کا شروع نہ ہو، اناد۔
ازلاق (اِزْ-لاق) پھسلانا۔
ازلال (اِزْ-لال) ڈگانا۔
ازلی (اَزَلی) انادی، ازل والا۔
ازم (اَزْم) دانت سے کاٹنا۔
ازمان، ازمن (اَزْ-مان، اَزْ-مُن) زمن کی جمع۔
ازمنہ (اَزْ-مِنَہ) زمانہ کی جمع۔
ازمہ (اَزِمَّہ) زمام کی جمع۔
ازمیر (اِزْ-میر) شہر سمرنا (ایشیائے کوچک)
ازناد (اَزْ-ناد) زند کی جمع۔
ازو (اَزُو) اس سے۔
ازواج (اَزْ-وَاج) زوج کی جمع۔
ازہاد (اِزْ-ہاد) رغبت نہ چاہنا، تھوڑے مال والا ہونا۔
ازہر (اَزْ-ہَر) نہایت چمکیلا، نام یونیورسٹی (مصر)
ازہران (اَزْ-ہَران) دو روشن چیزیں، چاند سورج
ازیا (اَزْ-یا) زی کی جمع۔
ازیاف (اَزْ-یاف) زیف کی جمع۔
ازیں (اَزِیں) اس سے۔
ازیں مہر (اَزِیں-مَہر) اس سبب سے۔

اژدر، اژدرہا، اژدہا (اَژ۔دَر، اَژ۔دَر۔ہا، اَژ۔دَہا) بہت بڑا سانپ۔
اژیدیدن (اَژِی۔دِی۔دَن) عقلمند ہونا، چتر ہونا۔
اس (اِس، اُس) بنیاد جمع اَساس
اساتذہ (اَسا۔تِذَہ) اُستاذ کی جمع۔
اساتین (اَسا۔تِین) استوانہ کی جمع۔
اساجع (اَسا۔جِع) سجع کی جمع۔
اسادہ (اِسا۔دَہ) بالش، تکیہ۔
اسار (اِس۔آر) جھوٹا کرنا۔
اساری (اُسا۔رَا، اَسا۔رَا) اسیر کی جمع
اساریر (اَسا۔رِیر) سرار کی جمع الجمع، ہاتھ کی لکیریں
اساس (اَساس) بنیاد، نیو۔ جمع اُسُس
اسامہ (اَسا۔مَہ) کنکھیوں سے دیکھنا۔
اساسی (اَسا۔سِی) بنیادی۔
اساطیر (اَسا۔طِیر) اسطارہ، اُسطورہ کی جمع
اساطین (اَسا۔طِین) اسطوانہ کی جمع۔
اساعہ (اِسا۔عَہ) چھوڑنا، ضائع کرنا۔
اسافل (اَسا۔فِل) اسفل کی جمع۔
اساقی (اَسا۔قِی) سقایہ کی جمع۔
اسالہ (اِسا۔لَہ) پانی جاری کرنا
اسالیب (اَسا۔لِیب) اسلوب کی جمع۔
اسامہ (اُسا۔مَہ) شیر درندہ۔
اسامی (اَسا۔مِی) جس سے روپیہ کا لین دین ہو۔ ۲۔ اسم کی جمع الجمع۔
اساورہ (اَسا۔وِرَہ) سوار کی جمع۔
اساوق (اَسا۔وِق) ساق کی جمع۔
اسب (اِس۔ب) مقعد کے بال۔
اسباب (اَس۔باب) سبب کی جمع۔ ۲۔ سامان۔
اسباط (اَس۔باط) سبط کی جمع۔
اسباق (اَس۔باق) سبق کی جمع۔
اسبال (اِس۔بال) ٹخنوں تک پہنچنا۔

اسبانیہ (اِس۔پا۔نِیَہ) دیکھو ہسپانیہ۔
اسبق (اَس۔بَق) سب سے اوّل، جمع اَسابِق۔
اسبوبہ (اُس۔بُو۔بَہ) نالی
اسبوع (اُس۔بُوع) ہفتہ، سات مرتبہ جمع اَسابِیع۔
اسپ (اَس۔پ) گھوڑا۔
اسپانیہ (اِس۔پا۔نِیَہ) دیکھو ہسپانیہ۔
اسپغول (اِس۔پَغ۔وَل) پرند کی بیٹ، اسپغول
اسپ دوانی (اَس۔پ۔دَوا۔نی) گھوڑ دوڑ۔
اسپر (اِس۔پَر) دیکھو سپر۔
اسپردن (اِس۔پُر۔دَن) روندنا، انجام کو پہنچانا۔
اسپرزہ (اُس۔پُر۔زَہ) طحال، تلی
اسپرم (اِس۔پَرَم) تڑپتا۔
اسپغوش، اسپغول (اِس۔پَغ۔وَش، اِس۔پَغ۔وَل) نام دوا، بذر قطونا۔
اسپک (اَس۔پَک) اسپ کی تصغیر، چھوٹا گھوڑا۔
اسپناخ (اِس۔پِنا۔خ) پالک، بتھوا۔
اسپنج (اِس۔پَن۔ج) دیکھو اسفنج۔
اسپند (اِس۔پَن۔د) دیکھو سپند۔
است (اَس۔ت) ہست، ہے (اِس۔ت) پاخانہ کی جگہ، مقعد۔
استا (اَس۔تا) نام کتاب، اوستا، ژند بیان۔ (اِس۔تا) تعریف۔
استاج (اِس۔تا۔ج) اٹیرن، چنگلوک۔
استاخ (اُس۔تا۔خ) دیکھو گستاخ۔
استاد (اُس۔تاد) مدرس، ماہر علم و فن، ہوشیار۔
استادگی (اِس۔تا۔دَگی) کھڑے ہونے کی حالت۔
استادن (اِس۔تا۔دَن) کھڑا ہونا، جمع اِستادَند
استادنی (اِس۔تا۔دَنی) کھڑے ہونے کے لائق۔
استادہ (اِس۔تا۔دَہ) کھڑا ہونا۔
استادی (اُس۔تا۔دی) اُستادپنا۔

استاذ (اُس-تاذ) مدرس، پڑھانیوالا جمع اَسَاتِذَہ
استاذالانام (اُس-تا-ذل-اَنَام) جگت گرو استاد روزگار
استاذی (اُس-تا-ذِی) میرا اُستاد، میرے استاد
استار (اِس-تار) وزن ساڑھے چار مثقال (اَس-تار) ستر کی جمع
استاکار (اُس-تا-کار) استاد
استباحت (اِس-تِبا-حَت) مباح کرنا۔
استبداد (اِس-تِب-داد) ہٹ، خودرائی، ضد کرنا۔
استبدادی (اِس-تِب-دا-دِی) ضدی، ہٹی۔
استبدادیت (اِس-تِب-دا-دِی یَت) ضدیت، خودرائی
استبرا (اِس-تِب-را) بری ہونے کی خواہش، پاکی چاہنا۔
استبشار (اِس-تِب-شار) خوشخبری دینا۔
استبصار (اِس-تِب-صار) دانائی، بینائی، سوجھتا ہونا۔
استبعاد (اِس-تِب-عاد) دوری، علیحدگی چاہنا۔
استتابت (اِس-تِتا-بت) توبہ کرانا۔
استتار (اِس-تِتار) چھپانا۔
استثکاک (اِس-تِث-کاک) ازار بند ڈالنا۔
استثقال (اِس-تِث-قال) گرانی، مصیبت، ادبار۔
استثنا (اِس-تِث-نا) نکالنا، الگ کرنا۔
استجابت (اِس-تِجا-بت) قبولیت، جواب کہنا۔
استجلاب (اِس-تِج-لاب) اپنی طرف کھینچنا۔
استحاضہ (اِس-تِحا-ضہ) حیض کثرت سے آنا۔
استحالہ (اِس-تِحا-لہ) طلب محال، دشوار پسندی
استحباب (اِس-تِح-باب) دوست رکھنا، اچھا جاننا۔
استحسار (اِس-تِح-سار) ماندہ ہونا
استحسان (اِس-تِح-سان) پسندیدگی، اچھا جاننا، پسند کرنا۔
استحصار (اِس-تِح-صار) گننا، حساب کرنا۔
استحصال (اِس-تِح-صال) حاصل کرنا۔
استحضار (اِس-تِح-ضار) یاد داشت، یاد رکھنا، حاضری چاہنا۔

استحفاظ (اِس-تِح-فاظ) نگہداشت، نگرانی رکھنا، یاد رکھنا چاہنا۔
استحقار (اِس-تِح-قار) ذلیل رکھنا، حقارت کرنا۔
استحقاق (اِس-تِح-قاق) حق، انصاف خواہی، حق مانگنا۔
استحکام (اِس-تِح-کام) مضبوطی، مضبوطی چاہنا۔
استحلاف (اِس-تِح-لاف) قسم لینا۔
استخارہ (اِس-تِخا-رہ) آگاہی اور خیریت چاہنا۔
استخدام (اِس-تِخ-دام) خدمت چاہنا۔
استخراج (اِس-تِخ-راج) باہر نکالنا، نکالنا چاہنا۔
استخفاف (اِس-تِخ-فاف) خفت، سبکی، بے قدر جاننا۔
استخلاص (اِس-تِخ-لاص) آزاد کرنا۔
استخوان (اُس-تُخوان) ہڈی، گٹھلی۔
استدارت (اِس-تِدا-رت) گردی ہونا۔
استدامت (اِس-تِدا-مت) ہمیشگی چاہنا۔
استدراج (اِس-تِد-راج) کافر سے عجائبات کا ظہور۔
استدراک (اِس-تِد-راک) پوچھنا چاہنا۔
استدعا (اِس-تِد-عا) درخواست، خواہش کرنا
استدفاع (اِس-تِد-فاع) ہٹانا، الگ کرنا۔
استدلال (اِس-تِد-لال) دلیل، دلیل چاہنا، دلیل لانا۔
استر (اَس-تَر) ۱-استر، خچر-۲-دیکھو آستر-
استراحت (اِس-تِرا-حت) آرام چاہنا، راحت طلبی۔
استراخان (اَس-ترا-خان) نام شہر (قفقاز)
استراق (اِس-تِراق) چھپکر باتیں سننا
استرجاع (اِس-تِر-جاع) انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنا، دی ہوئی چیز واپس لینا۔

استرخاء (اِس۔ تِرْ۔ خَار) ڈھیلا پن، کسی عضو کا چھوٹا پڑ جانا۔
استرخاص (اِس۔ تِرْ۔ خَاص) رخصت چاہنا۔
استرداد (اِس۔ تِرْ۔ دَاد) واپس لینا، واپسی چاہنا
استردن (اِس۔ تُرْ۔ دَن) مونڈنا، صاف کرنا۔ مفعول استرد
استردنی (اِس۔ تُرْ۔ دَنی) مونڈنے کے لائق۔
استرده (اِس۔ تُرْ۔ دَه) مونڈا ہوا۔
استرضا (اِس۔ تِرْ۔ ضَار) خوشنودی، رضامندی پوچھنا
استرنده (اِس۔ تُرْنْ۔ دَه) مونڈنے والا۔
استرون (اِس۔ تُرْ۔ وَن) عقیم، بانجھ عورت۔
استره (اِس۔ تُرَه) مونڈنے کا اوزار۔
استزلاق (اِس۔ تِزْ۔ لَاق) پھسلانا۔
استسعاد (اِس۔ تِسْ۔ عَاد) طلب سعادت، نیکی چاہنا۔
استسقا (اِس۔ تِسْ۔ قَار) جلندھر۔
استسلام (اِس۔ تِسْ۔ لَام) طلب سلامتی، سر تسلیم خم کرنا۔
استشاره (اِس۔ تِشَا۔ رَه) مشورہ چاہنا، صلاح پوچھنا
استشعار (اِس۔ تِشْ۔ عَار) چپکے چپکے دل میں ڈرنا۔
استشفا (اِس۔ تِشْ۔ فَار) شفا حاصل کرنا، شفا چاہنا۔
استشفاع (اِس۔ تِشْ۔ فَاع) شفاعت چاہنا۔
استشمام (اِس۔ تِشْ۔ مَام) سونگھنا چاہنا۔
استشهاد (اِس۔ تِشْ۔ هَاد) طلب شہادت، گواہی چاہنا
استشهادنامه (اِس۔ تِشْ۔ هَا۔ دْنَا۔ مَه) ڈپلومہ، سند۔
استصابه (اِس۔ تِصَا۔ بَه) ٹھیک جاننا۔
استصلاح (اِس۔ تِصْ۔ لَاح) اصلاح پوچھنا۔
استصواب (اِس۔ تِصْ۔ وَاب) درست جاننا، دریافت رائے، مشورہ، منظوری۔
استطابت (اِس۔ تِطَا۔ بَت) پاکی، خوشبوئی
استطاعت (اِس۔ تِطَا۔ عَت) طاعت، مقدرت، طاقت
استطلاع (اِس۔ تِطْ۔ لَاع) آگاہی چاہنا۔

استطلاق (اِس۔ تِطْ۔ لَاق) قید سے چھڑانا۔
استظلال (اِس۔ تِظْ۔ لَال) چھاؤں لینا۔
استظهار (اِس۔ تِظْ۔ هَار) امداد، مدد چاہنا، پشتی ڈھونڈنا۔
استعادت (اِس۔ تِعَا۔ دَت) مہربان کہنا۔
استعاذت (اِس۔ تِعَا۔ ذَت) پناہ لینا۔
استعاره (اِس۔ تِعَا۔ رَه) مانگنا، عاریت لینا۔
استعانت (اِس۔ تِعَا۔ نَت) مدد، مدد چاہنا۔
استعباد (اِس۔ تِعْ۔ بَاد) غلام بنانا، غلامی میں لینا۔
استعجاب (اِس۔ تِعْ۔ جَاب) تعجب کرنا۔
استعجال (اِس۔ تِعْ۔ جَال) جلدی چاہنا، جلدی کرنا۔
استعداد (اِس۔ تِعْ۔ دَاد) دستگاہ علمی، آمادگی، آمادہ ہونا۔
استعطاف (اِس۔ تِعْ۔ طَاف) مہربانی، دل مٹھی میں لینا۔
استعفا (اِس۔ تِعْ۔ فَار) برطرفی ملازمت کی درخواست، معافی چاہنا۔
استعلا (اِس۔ تِعْ۔ لَار) طلب بلندی، برتری چاہنا
استعلاج (اِس۔ تِعْ۔ لَاج) علاج چاہنا۔
استعلام (اِس۔ تِعْ۔ لَام) دریافت حال، آگاہی چاہنا
استعلان (اِس۔ تِعْ۔ لَان) آشکارا کرنا۔
استعمار (اِس۔ تِعْ۔ مَار) نو آبادی، آبادی چاہنا
استغماض (اِس۔ تِغْ۔ مَاض) کم نظر کرنا۔
استعمال (اِس۔ تِعْ۔ مَال) برتنا، کام کی طلب کرنا
استغاثه (اِس۔ تِغَا۔ ثَه) دادخواہی، فریاد چاہنا۔
استغراب (اِس۔ تِغْ۔ رَاب) بے حد تعریف کرنا، حیرت، انوکھی بات کہنا۔
استغراق (اِس۔ تِغْ۔ رَاق) محویت، کھو جانا، غرق ہو جانا۔

استغفار (اِس۔تِغ۔فَار) بخشش چاہنا۔
استغلاظ (اِس۔تِغ۔لَاظ) دلدار ہونا، موٹا ہونا
استغنا (اِس۔تِغ۔نَا) بے نیازی، لاپروا ہونا
استفادہ (اِس۔تِفَا۔دَہ) فائدہ حاصل کرنا۔
استفاضہ (اِس۔تِفَا۔ضَہ) فیض چاہنا، پراگندہ ہونا
استفاف (اِس۔تِفَاف) بھانکنا۔
استفتا (اِس۔تِف۔تَا) شرعی حکم پوچھنا۔
استفراغ (اِس۔تِف۔رَاغ) قے، فراغت چاہنا۔
استفسار (اِس۔تِف۔سَار) دریافت، پوچھ گچھ۔
استفلا (اِس۔تِف۔لَا) جوئیں دیکھنا۔
استفہام (اِس۔تِف۔ہَام) پوچھنا، سمجھنا چاہنا۔
استفہام انکاری (اِس۔تِف۔ہَام۔اِن۔کَا۔رِی) دوائے استفہام
استقا (اِس۔تِقَا) قے کرنا۔
استقامت (اِس۔تِقَا۔مَت) استقلال، راست کرداری، سیدھا پن، مستقیم ہونا۔
استقبال (اِس۔تِق۔بَال) خیر مقدم، آگے جانا، پیشوائی کرنا۔
استقدام (اِس۔تِق۔دَام) استقبال کرنا، درپیش ہونا۔
استقرا (اِس۔تِق۔رَا) پیچھے جانا، بہت ڈھونڈنا، خاص چیز سے عام نتیجہ نکالنا۔
استقرار (اِس۔تِق۔رَار) ٹھہرنا، قرار پکڑنا، آرام حاصل کرنا، ثابت ہونا۔
استقراض (اِس۔تِق۔رَاض) قرض چاہنا۔
استقراضِ دولتی (اِس۔تِق۔رَاض۔دَو۔لَتِی) سرکاری قرضہ
استقسام (اِس۔تِق۔سَام) حصہ کروانا، قسم کھلوانا۔
استقصا (اِس۔تِق۔صَا) بے حد کوشش، کنجوسی۔
استقصار (اِس۔تِق۔صَار) کم کرنا۔
استقضا (اِس۔تِق۔ضَا) تقاضی کرنا۔
استقلال (اِس۔تِق۔لَال) مضبوطی، استحکام، کم جاتا، کام پر کھڑا ہو جانا۔
استقواس (اِس۔تِق۔وَاس) کبڑا ہو جانا۔

استکانت (اِس۔تِکَا۔نَت) فروتنی، حقارت، عجز۔
استکبار (اِس۔تِک۔بَار) گھمنڈ کرنا، بڑا سمجھنا۔
استکتاب (اِس۔تِک۔تَاب) لکھنا، پڑھنا چاہنا۔
استکثار (اِس۔تِک۔ثَار) کثرت چاہنا۔
استکرار (اِس۔تِک۔رَار) بار بار چاہنا۔
استکراہ (اِس۔تِک۔رَاہ) گھن کرنا، ناپسند کرنا۔
استکساب (اِس۔تِک۔سَاب) کوئی چیز ذاتی کوشش سے حاصل کرنا۔
استکفا (اِس۔تِک۔فَا) کفایت چاہنا، کافی ہونا چاہنا۔
استکفاف (اِس۔تِک۔فَاف) ہاتھ پھیلانا۔
استکتام (اِس۔تِک۔تَام) چھپا ہونا چاہنا۔
استلام (اِس۔تِلَام) وصول پانا۔
استلذاذ (اِس۔تِل۔ذَاذ) لذت لینا، مزا لینا۔
استلزام (اِس۔تِل۔زَام) لازم پکڑنا۔
استلقا (اِس۔تِل۔قَا) چت لیٹنا۔
استم (اِس۔تَم) دیکھو ستم۔
استماحت (اِس۔تِمَا۔حَت) شفاعت کرانا، عطا چاہنا۔
استماع (اِس۔تِمَاع) سننا۔
استمالت (اِس۔تِمَا۔لَت) مائل کرنا۔
استمامت (اِس۔تِمَا۔مَت) موت چاہنا، موت سے نڈر ہونا۔
استمتاع (اِس۔تِم۔تَاع) نفع چاہنا، منفعت ڈھونڈھنا۔
استمداد (اِس۔تِم۔دَاد) مدد چاہنا۔
استمرار (اِس۔تِم۔رَار) ہمیشگی، جاری ہونا، مضبوط ہونا۔
استمراری (اِس۔تِم۔رَا۔رِی) منسوب بہ استمرار، ہمیشگی والا۔
استمزاج (اِس۔تِم۔زَاج) مرضی پوچھنا، مزاج دانی کرنا۔
استمساک (اِس۔تِم۔سَاک) رکاوٹ، بند کرنا۔
استن (اُس۔تُن) ستون، کھم۔
استنابت (اِس۔تِنَا۔بَت) سپردگی، نیابت چاہنا۔
استناد (اِس۔تِنَاد) سہارا لگانا، سند چاہنا۔
استنارت (اِس۔تِنَا۔رَت) روشن ہونا۔
استنان (اِس۔تِنَان) کلیل، سیدھا ہونا۔

استنباط (اِس۔تِم۔باط) کرید، بات میں سے بات نکالنا، اینٹھنا۔

استنبول (اِس۔تَم۔بُول) قسطنطنیہ۔

استنثار (اِس۔تِن۔ثار) ناک صاف کرنا۔

استنجا (اِس۔تِن۔جا) گندگی پاک کرنا۔

استنساخ (اِس۔تِن۔ساخ) نسخہ چاہنا، نسخہ لینا۔

استنشاد (اِس۔تِن۔شاد) شعر پڑھوانا چاہنا۔

استنشاق (اِس۔تِن۔شاق) ہوا یا پانی وغیرہ ناک میں کھینچنا

استنصار (اِس۔تِن۔صار) مدد چاہنا۔

استنطاق (اِس۔تِن۔طاق) بات پوچھنا، بیان کرنا۔

استنظار (اِس۔تِن۔ظار) رخصت مانگنا۔

استنفان (اِس۔تِن۔فان) جامہ تلاشی، جھاڑ لینا

استنقاہ (اِس۔تِن۔قاہ) پوچھنا اور سمجھنا چاہنا۔

استنکار (اِس۔تِن۔کار) ناخوش رکھنا، ناپہچاننا۔

استوا (اِس۔تِوا) راست اور یکساں ہونا، ظاہر ہونا، قرار پکڑنا، برابری، ہمواری۔

استوار (اُس۔تُوار) مضبوط۔

استواری (اُس۔تُوا۔ری) مضبوطی۔

استوان (اُس۔تُوان) دیکھو استوار

استوانہ (اُس۔تُوا۔نہ) کھم، ستون جمع اساطین

استوزار (اِس۔تِو۔زار) وزارت چاہنا۔

استہ (اَس۔تہ) پھل کی گٹھلی۔

استہانت (اِس۔تِہا۔نت) توہین، اہانت، برا جاننا۔

استہزا (اِس۔تِہ۔زا) خشکی، مذاق، ٹھٹھول۔

استہلاک (اِس۔تِہ۔لاک) ہلاکت چاہنا، نیست کرنا

استہلال (اِس۔تِہ۔لال) نیا چاند دیکھنا، نیا چاند نکلنا، پیدائش کے وقت بچہ کا رونا۔

استہال (اِس۔تِہ۔ہال) مہلت چاہنا۔

استہوا (اِس۔تِہ۔وا) سرگشتہ کرنا

استیاک (اِس۔تِیاک) مسواک کرنا

استیہال (اِس۔تِی۔ہار) ہوا خوش نہ آنا۔

استیخار (اِس۔تِی۔خار) خیر اور درستی چاہنا۔

استیخام (اِس۔تِی۔خام) ہوا ناموافق آنا۔

استیدا (اِس۔تِی۔دا) مدد چاہنا۔

استیذان (اِس۔تِی۔ذان) اجازت چاہنا۔

استیثاق (اِس۔تِی۔ثاق) مضبوطی چاہنا، مضبوط کرنا۔

استیصا (اِس۔تِی۔صا) نصیحت دل کرنا۔

استیصال (اِس۔تِی۔صال) بیخ کنی، جڑ سے اکھیڑنا۔

استیعاب (اِس۔تِی۔عاب) شروع سے آخر تک سب لے لینا، جڑ سے اکھیڑنا۔

استیفا (اِس۔تِی۔فار) پورا کرنا، بھر لینا۔

استیقاظ (اِس۔تِی۔قاظ) جاگنا، بیدار ہونا۔

استیلا (اِس۔تِی۔لار) غالب ہونا۔

استیلاد (اِس۔تِی۔لاد) ولادت چاہنا۔

استیلاف (اِس۔تِی۔لاف) طلب الفت، محبت چاہنا۔

استیلام (اِس۔تِی۔لام) ہاتھ کے اشارے یا ہونٹوں سے پتھر چومنا۔

استیمان (اِس۔تِی۔مان) امن چاہنا۔

استیناس (اِس۔تِی۔ناس) طلب محبت، انس ہو جانا۔

استیناف (اِس۔تِی۔ناف) اپیل، از سر نو شروع کرنا

استیہیدن (اِس۔تے۔ہی۔دَن) دیکھو ستیہیدن۔

اسجاع (اِس۔جاع) سجع کہنا، (اَس۔جاع) سجع کی جمع۔

اسحار (اَس۔حار) سحر، سحر کی جمع۔

اسحم (اَس۔حَم) بہت سیاہ۔

اسخیا (اَس۔خِیا) سخی کی جمع۔

اسد (اَسَد) شیر جمع اساد، اسود، اسد، اسدہ، اسدات، اسدان نام برج آسمانی

اسدا (اِس۔دار) نام تنا۔

اسداد (اَس۔داد) سد کی جمع۔

اسدہ (اَسدَہ) شیرنی۔

استر (اَستر) نہایت خوش (اِس۔ر) قید، بند۔

اسرا (اَس۔را) رات کو چلنا (اُسرا) اسیر کی جمع۔

اسرار (اِس۔ رَارْ) بھید، کسی کو بات بھیر سمجھانا، پوشیدہ کرنا (اَس۔ رَارْ) سِیر کی جمع۔
اسراف (اِس۔ رَافْ) فضول خرچی، بے اندازہ خرچ کرنا
اسرافیل (اِس۔ رَا۔ فِیلْ) روزِ حشر میں صور پھونکنے والا فرشتہ۔
اسرائیل (اِس۔ رَا۔ اِیلْ) بندۂ خدا، نام حضرت یعقوب۔
اسرائیلی (اِس۔ رَا۔ اِی۔ لِیْ) فرقۂ بنی اسرائیل سے، یہودی۔
اسرع (اَس۔ رَعْ) بہت جلد۔
اسرنج (اِس۔ رِنْ۔ ج) جلے ہوئے سیسہ کا سرخ رنگ۔
اسریٰ (اَس۔ رَا) اسیر کی جمع۔
اُسس (اُسُسْ) بنیاد جمع آساس۔
اسطارہ (اِس۔ طَا۔ رَہْ) دیکھو اسطورہ جمع اَساطِیر۔
اسطر (اَس۔ طُرْ) ترازو۔
اسطرلاب (اُس۔ طُرْ۔ لَابْ) اجرامِ فلکی کی پیمائش کا آلہ۔
اسطقس (اُس۔ طُقُسْ) عنصر جمع اُسطقسات۔
اسطوانہ (اُس۔ طُوَا۔ نَہْ) استوانہ جمع اَساطِین۔
اسطورہ (اُس۔ طُو۔ رَہْ) افسانہ، کہانی جمع اَساطِیر۔
اسطول (اُس۔ طُولْ) جنگی جہاز۔
اسعاد (اِس۔ عَادْ) مدد دینا، نیک بخت کرنا۔
اسعار (اِس۔ عَارْ) بھاؤ چکانا (اَس۔ عَارْ) سعر کی جمع
اسعاط (اِس۔ عَاطْ) طعن، بھالا مارنا۔
اسعاف (اِس۔ عَافْ) حاجت روائی کرنا۔
اسعد (اَس۔ عَدْ) نہایت نیک، سعید تر۔
اسف (اَسَفْ) بڑا رنج (اَسِفْ) غصیلا، غضبناک۔
اسفار (اِس۔ فَارْ) روشن ہونا (اَس۔ فَارْ) سفر، سِفر کی جمع۔
اسفاف (اِس۔ فَافْ) نزدیک ہونا، گھورنا، ٹکٹکی لگانا۔
اسفاناج (اِس۔ فَا۔ نَاجْ) اسفیج۔
اسفاناخ (اِس۔ فَا۔ نَاخْ) دیکھو اسپاناخ۔
اسفل (اَس۔ فَلْ) نہایت نیچا۔ جمع اَسافِل
اسفل السافلین (اَس۔ فَلُس۔ سَا۔ فِلِینْ) ہاویہ، دوزخ کا ساتواں طبقہ۔

اسفنج، اسفنجہ (اِس۔ فَنْ۔ ج، اِس۔ فَنْ۔ جَہْ) اسپنج
اسفند، اسفندار (اِس۔ فَنْدْ، اِس۔ فَنْ۔ دَارْ) فارسی کا بارھواں شمسی مہینہ۔
اسفندیار (اِس۔ فَنْ۔ دِیَارْ) قدرتِ حق، لطفِ یزداں۔
اسفاد (اِس۔ قَادْ) پیلانا۔
اسقاط (اِس۔ قَاطْ) گرانا، ڈالنا (اَس۔ قَاطْ) سقط کی جمع
اسقام (اَس۔ قَامْ) سقم کی جمع۔
اسقف (اُس۔ قُفْ) پادری۔
اسقیل (اِس۔ قِیلْ) جنگلی پیاز۔
اسقیہ (اَس۔ قِیَہْ) سقایہ کی جمع۔
اسکات (اِس۔ کَاتْ) خاموشی، چپکا کرنا۔
اسکاف (اِس۔ کَافْ) موچی، کاریگر۔
اسکان (اِس۔ کَانْ) آرام دینا، آرام کرنا۔
اسکدار (اُس۔ کُدَارْ) چوکی ڈاک، ایلچی
اسکفہ (اُس۔ کُفْ۔ فَہْ) چوکھٹ۔
اسکن (اَس۔ کَنْ) بڑا آرام پایا ہوا۔
اسکنہ (اِس۔ کِنَہْ) چھیدنے کا برما۔
اسلاخ (اِس۔ لَاخْ) کھال کھینچنا، کھال اُتارنا۔
اسلاف (اَس۔ لَافْ) سلف کی جمع۔
اسلاک (اَس۔ لَاکْ) سلک کی جمع۔
اسلال (اِس۔ لَالْ) رشوت دینا، چوری کرنا۔
اسلام (اِس۔ لَامْ) مسلمان ہونا، اطاعت میں گردن رکھ دینا (اَس۔ لَامْ) سلم کی جمع۔
اسلحہ (اَس۔ لِحَہْ) سلاح کی جمع۔
اسلحہ خانہ (اَس۔ لِحَہ۔ خَا۔ نَہْ) ہتھیار خانہ۔
اسلم (اَس۔ لَمْ) نہایت سالم، مارگزیدہ۔
اسلوب (اُس۔ لُوبْ، اُس۔ لُوْبْ) طریقہ، طرز، روش جمع اَسالِیب۔
اسم (اِسْم) نام جمع اَسماء، جمع جمع اَسامی۔
اسمار (اَس۔ مَارْ) سمر کی جمع۔

اسماع (اِسْ ۔ مَاع) سُنانا، گانا بجنا (اَسْ ۔ مَاع) سمع کی جمع۔
اسماء الرجال (اَسْ ۔ مَا ۔ اُرْ ۔ رِجَال) لوگوں کے نام۔
اسمر (اَسْ ۔ مَرْ) گندمی رنگ، جمع اَسَامِر۔
اسمان (اَسْ ۔ مَان) پھول۔
اسمی (اِسْ ۔ مِی) منسوب بہ اسم۔
اسناد (اِسْ ۔ نَاد) سند دینا (اَسْ ۔ نَاد) سند کی جمع۔
اسنان (اَسْ ۔ نَان) سن کی جمع۔
اسنیٰ (اَسْ ۔ نَا) بڑا ابتدا، بڑا روشن۔
اساور (اَسْ ۔ وَار) سوار کی جمع۔
اسواط (اَسْ ۔ وَاط) سوط کی جمع۔
اسواق (اَسْ ۔ وَاق) سوق کی جمع۔
اسوج (اَسْوِ ۔ ذَن) ملک سویڈن۔
اسود (اَسْ ۔ وَد) کالا جمع سُود، اَساوِد۔
اسولہ (اَسْ ۔ وِلَہ) سوال کی جمع۔
اسوہ (اُسْ ۔ وَہ) سردار قوم (اُسْ ۔ وَہ) پیروی، نمونہ۔
اسہار (اِسْ ۔ ہَار) بیدار کرنا، بیدار ہونا۔
اسہال (اِسْ ۔ ہَال) دست، پیٹ چلنا۔
اسہل (اَسْ ۔ ہَل) نہایت سہل۔
اسی (اَسِی) رنجیدہ، مغموم۔
اسیاف (اَسْ ۔ یَاف) سیف کی جمع۔
اسیر (اَسِیر) قیدی، جمع اُسَارىٰ، اَسَارىٰ، اُسَرَاء یا اَسْرىٰ۔
اسیرغہ (اَسِیرْ ۔ غَہ) بالی۔
اسیری (اَسِی ۔ رِی) قید و بند۔
اسیلم (اُسَی ۔ لِم) ہاتھ کی ایک رگ۔
اشاجیع (اَشَا ۔ جِیع) اشجع کی جمع۔
اشادہ (اِشَا ۔ دَہ) بلند آواز سے پڑھنا۔
اشارت، اشارہ (اِشَا ۔ رَت، اِشَارَہ) ایما، سین مارنا۔
اشاش (اَشَاش) خوشی، خوشی کرنا۔

اشاعت (اِشَا ۔ عَت) آشکارا کرنا، پھیلانا، پراگندہ کرنا۔
اشافی (اَشَا ۔ فِی) شفار کی جمع۔
اشاق (اُشَاق) لڑکا، بچہ، اشاقان، غلام بچہ۔
اشاکت (اِشَا ۔ کَت) کانٹا دینا۔
اشباح (اَشْ ۔ بَاح) شبح کی جمع۔
اشبار (اَشْ ۔ بَار) شبر کی جمع۔
اشباع (اِشْ ۔ بَاع) حرف علت کی حرکت دراز کرنا (اَشْ ۔ بَاع) شبع کی جمع۔
اشباک (اَشْ ۔ بَاک) شبکہ کی جمع۔
اشبال (اِشْ ۔ بَال) مہربانی کرنا، بیوہ کا بچوں کی خاطر نکاح نہ کرنا (اَشْ ۔ بَال) شبل کی جمع۔
اشباہ (اِشْ ۔ بَاہ) مشابہ ہونا (اَشْ ۔ بَاہ) شبہ کی جمع۔
اشپشہ (اِشْ ۔ پِشَہ) کیڑا۔
اشتات (اِشْ ۔ تَات) پراگندہ کرنا (اَشْ ۔ تَات) شتت کی جمع۔
اشتار (اِشْ ۔ تَار) ۲۶ ویں شمسی مہینہ کا تیسواں دن۔
اشتباک (اِشْ ۔ تِبَاک) انبوہ، گھل مل جانا۔
اشتباہ (اِشْ ۔ تِبَاہ) مشابہ ہونا، چیز پوشیدہ ہونا۔
اشتجار (اِشْ ۔ تِجَار) ڈاڑھی ہاتھ پر ٹیکنا۔
اشتداد (اِشْ ۔ تِدَاد) شدت، تنگی کرنا۔
اشتر (اُشْ ۔ تُر) دیکھو شتر۔
اشترا (اِشْ ۔ تِرَا) خرید و فروخت، مول لینا۔
اشتراط (اِشْ ۔ تِرَاط) بازی بدنا۔
اشتراک (اِشْ ۔ تِرَاک) ساجھا، اخبار یا رسالہ کی مستقل خریداری۔
اشتراکی (اِشْ ۔ تِرَا ۔ کِی) منسوب بہ اشتراکیت، جمہوریت پسند، شخصی سیاسی اقتدار کا مخالف۔
اشتراکیت (اِشْ ۔ تِرَا ۔ کِی ۔ یَت) جمہوریت پسندی۔
اشتعال (اِشْ ۔ تِعَال) بیش مانا، بھڑکنا۔
اشتعالک (اِشْ ۔ تِعَا ۔ لَک) بزار ایک بھڑک۔
اشتغال (اِشْ ۔ تِغَال) مشغولیت، مشغول ہونا، ۲۔ منہ پھیرنا، بیزار ہونا (از کے ساتھ استعمال)
اشتقاق (اِشْ ۔ تِقَاق) ایک لفظ سے دوسرا بنانا، پھٹنا، نکلنا

اشتکا (اِشْ ۔ تِکَا) فریاد کرنا، گلہ کرنا۔
اشتلم (اِشْ ۔ تَلَم) دیکھو شتلم۔
اشتمال (اِشْ ۔ تِمَال) شامل کرنا یا ہونا، ملانا۔
اشتہا (اِشْ ۔ تِہَا) بھوک، خواہش۔
اشتہار (اِشْ ۔ تِہَار) شہرت دینا، شہرت پانا۔ جمع اِشْتِہَارَات۔
اشتیاف (اِشْ ۔ تِیَاف) سربلند رکھنا، بجلی دیکھنا۔
اشتیاق (اِشْ ۔ تِیَاق) شوق، آرزومندی۔
اشتیہ (اَشْ ۔ تِیَہ) شتار کی جمع۔
اشجار (اَشْ ۔ جَار) شجر کی جمع۔
اشجان (اَشْ ۔ جَان) شجن کی جمع۔
اشجع (اَشْ ۔ جَع) بڑا بہادر، جمع اَشَاجِع (اِشْ ۔ جَع) انگلی کی جڑ، جمع اَشَاجِیع۔
اشحار (اَشْ ۔ حَار) شحیح کی جمع۔
اشحام (اِشْ ۔ حَام) چربی کھلانا۔
اشحہ (اَشِحَّہ) شحیح کی جمع۔
اشخاص (اِشْ ۔ خَاص) بھیجنا، نکال دینا، غیبت کرنا (اَشْ ۔ خَاص) شخص کی جمع۔
اشخام (اِشْ ۔ خَام) کھانا وغیرہ سڑ جانا۔
اشخص (اَشْ ۔ خُص) شخص کی جمع۔
اشد (اَشَدّ) نہایت شدید، بہت سخت۔
اشدا (اَشِدَّا) شدید کی جمع۔
اشدق (اَشْ ۔ دَق) فراخ دہن۔
اشر (اَشَرّ) بڑا شریر (اَشْ ۔ ر) ٹکڑا ٹکڑا کاٹنا۔
اشرا (اَشِرَّا) شریر کی جمع۔
اشراب (اِشْ ۔ رَاب) کام کا بیڑا اٹھانا۔
اشرار (اِشْ ۔ رَار) بدی سے منسوب کرنا، شر اٹھانا (اَشْ ۔ رَار) شریر کی جمع۔
اشراف (اِشْ ۔ رَاف) نیچے جھانکنا، بلند ہونا (اَشْ ۔ رَاف) شریف کی جمع، بھلا مانس، بلند جگہ۔
اشراق (اِشْ ۔ رَاق) سورج نکلنے کا وقت، چمکنا۔

اشراقات (اِش۔ رَا۔ قَاتْ) کرنیں، چمکنے والی چیزیں۔
اشراقی (اِش۔ رَا۔ قِیْ) حکمائے قدیم کا ایک فرقہ۔
اشراک (اِش۔ رَاکْ) ساجھی ہونا (اَش۔ رَاکْ) شریک کی جمع
اشربہ (اَش۔ رِبَہْ) شراب کی جمع۔
اشرف (اَش۔ رَفْ) بڑا شریف، بڑا بزرگ۔
اشرف الاشراف (اَش۔ رَفُلْ۔ اَش۔ رَافْ) شریفوں کا شریف۔
اشرف المخلوقات (اَش۔ رَفُلْ۔ مَخْ۔ لُوْ۔ قَاتْ) مخلوقات میں نہایت اعلیٰ۔
اشرفی (اَش۔ رَفِیْ) ایک بڑا نا طلائی سکہ۔
اشرم (اَش۔ رَمْ) ناک چھدا ہوا۔
اشعار (اِش۔ عَارْ) آگاہ کرنا، مشہور کرنا
(اَش۔ عَارْ) شعر کی جمع۔
اشتعال (اِش۔ تِعَالْ) آگ بھڑکانا۔
اشعل (اَش۔ عَلْ) جس کی دم میں سفیدی ہو۔
اشعریہ (اَش۔ عَرِیْ۔ یَہْ) حکمائے اسلام کا ایک طبقہ۔
اشقعہ (اَشِعَّہْ) شعاع کی جمع۔
اشغال (اَش۔ غَالْ) شغل کی جمع۔
اشغل (اَش۔ غَلْ) بہت مشغول۔
اشفاق (اِش۔ فَاقْ) مہربانی کرنا، ڈرنا (اَش۔ فَاقْ) شفقت، شفق کی جمع
اشفی (اَش۔ فَا) ستالی۔
اشفعہ (اَش۔ فِعَہْ) شفاعہ کی جمع۔
اشق (اَشَقّ) نہایت مشکل۔
اشقی (اَش۔ قَا) بڑا شقی۔
اشقیا (اَش۔ قِیَا) شقی کی جمع۔
اشک (اِشْک) گدھا (اَشْک) آنسو۔
اشکال (اِش۔ کَالْ) مشکل ہونا (اَش۔ کَالْ) شکل کی جمع
اشکبار (اَشْک۔ بَارْ) آنسو برسانے والا۔
اشکباری (اَشْک۔ بَا۔ رِیْ) آنسو برسانا۔
اشکرہ (اِشْ۔ کَ۔ رَہْ) دیکھو شکرہ۔
اشکل (اَش۔ کَلْ) بڑا مشکل، بڑا اشکیلا۔

اشکم (اِش - کَم) دیکھو شکم۔
اشکنبہ (اِش - کَنَب) بھینی کا برا
اشکوخ (اِش - کُوخ) ٹھوکر، پھسلن، لغزش۔
اشکوخیدن (اِش - کُو - خی - دَن) پھسلنا، رپٹنا ٹھوکر کھانا۔
اشکوفہ (اِش - کُو - فَہ - تے) قلس، شکوفہ۔
اشگرف (اِش - گَر - ف) دیکھو شنگرف (اِش - گَر - ف) دیکھو شنگرف
اشل (اَشَل) لنجا، ہاتھ سوکھا۔
اشلق (اُش - لَق) تہمت، بہتان۔
اشم (اَشَم) کھڑی ناک والا، شرم والا۔
اشمام (اِش - مَام) سنگھانا، سونگھنا۔
اشمل (اَش - مَل) بڑا شامل۔
اشن (اُشن) کچا خربوزہ۔
اشنان (اُش - نان) کپڑے دھونے کی گھاس۔
اشنوشہ (اِش - نُو - شَہ) چھینک، عطسہ۔
اشنہ (اُش - نَہ) بلاگیر، چھڑیلہ۔
اشواق (اَش - وَاق) شوق کی جمع۔
اشواک (اِش - وَاک) کانٹوں دار ہونا
(اَش - وَاک) شوکہ کی جمع۔
اشوق (اَش - وَق) نہایت شائق جمع شُوق
اشہاد (اِش - ہَاد) گواہ کرنا، حاضر کرنا
(اَش - ہَاد) شاہد کی جمع۔
اشہب (اَش - ہَب) بھورا رنگ (اَش - ہُب) شہاب کی جمع
اشہر (اَش - ہَر) بہت مشہور (اَش - ہُر) شہر کی جمع۔
اشہل (اَش - ہَل) زردی مائل سیاہ چیز
بھیڑ کی سی آنکھوں والا۔
اشیا (اَش - یَا) شے کی جمع۔
اشیاع (اَش - یَاع) شیعہ کی جمع۔
اشیب (اَش - یَب) بوڑھا جمع شِیب یا شُیُب۔
اصابت (اِصَا - بَت) رسائی، پہونچنا، صواب پانا۔
اصابہ (اِصَا - بَہ) حیضہ کا کیس، ہیضہ میں مبتلا ہونا۔

اصاحیب (اَصَا - حِیب) اصحاب کی جمع اور صاحب کی جمع الجمع۔
اصاخت (اِصَا - خَت) کان لگانا۔
اصادق (اَصَا - دِق) اصدق، صدیق کی جمع
اصالت (اَصَا - لَت) اصل پن، نکھراؤ، جڑ بنیادی
اصالتاً (اَصَا - لَتَن) بلا وسیلہ، براہ راست۔
اصباح (اِص - بَاح) سویرا، صبح کرنا۔
(اَص - بَاح) صبح کی جمع۔
اصباغ (اَص - بَاغ) صبغ کی جمع۔
اصبع (اَص - بَع) پھر رنگ زنگ، جمع اَصَابِع۔
اصبع (اِص - بَع، اُص - بُع) انگلی جمع اَصَابِع
اصبغ (اَص - بَغ) سفید دُم، سفید پیشانی
اصح (اَصَح) نہایت صحیح۔
اصحا (اَص - حَا) صحیح کی جمع۔
اصحاب (اِص - حَاب) دوست بنانا، رام ہونا
(اَص - حَاب) صاحب کی جمع الجمع۔
اصحاب منقل (اَص - حَابِ مُن - قَل) دوستانہ ہمنشینا
اصداد (اِص - دَاد) زخم میں مواد پڑنا۔
اصدار (اِص - دَار) نکالنا، اپنا صادر کرنا۔
اصداف (اَص - دَاف) صدف کی جمع۔
اصداق (اِص - دَاق) بات سچی قرار دینا، مہر مقرر کرنا۔ (اَص - دَاق) صدق کی جمع۔
اصدق (اَص - دَق) بہت سچا جمع اَصَادِق
اصدقا (اَص - دِقَا) صدیق کی جمع۔
اصر (اِصْر) پیغام، پیام۔
اصراخ (اِص - رَاخ) فریاد کو پہونچنا۔
اصرار (اِص - رَار) ہٹ، تاکید، ضد کرنا۔
اصراف (اِص - رَاف) خرچ کرنا۔
اصرام (اِص - رَام) فقیر ہونا۔
اصرخ (اَص - رَخ) بڑا فریادی۔
اصطباح (اِص - طِبَاح) صبح کو شراب پینا۔

اصطبار (اِص ۔ طِبَار) صبر کرنا۔
اصطباغ (اِص ۔ طِبَاغ) ڈوب دینا، رنگنا۔
اصطبل (اِص ۔ طَب ۔ ل) طویلہ، آخُر۔
اصطراخ (اِص ۔ طِرَاخ) فریاد وفغاں کرنا۔
اصطرلاب (اُص ۔ طُر ۔ لَاب) دیکھو اسطرلاب۔
اصطفا (اِص ۔ طِفَاء) برگزیدگی۔
اصطفاف (اِص ۔ طِفَاف) صف بندی، قطار باندھنا
اصطفام (اِص ۔ طِفَام) برگزیدگی، چھانٹنا۔
اصطلاح (اِص ۔ طِلَاح) دوسرے معنی مقرر کرنا جمع اِصْطِلَاحات۔
اصطلاحی (اِص ۔ طِلَا ۔ حِی) منسوب بہ اصطلاح۔
اصطلاع (اِص ۔ طِلَاع) کام پر چڑھا جانا۔
اصطلام (اِص ۔ طِلَام) جڑسے اکھیڑنا۔
اصطناع (اِص ۔ طِنَاع) بھلائی کرنا۔
اصطیاد (اِص ۔ طِیَاد) شکار کرنا۔
اصغا (اِص ۔ غَا) سننے کو کان جھکانا۔
اصغر (اَص ۔ غَر) نہایت چھوٹا جمع اَصَاغِر۔
اصفاح (اِص ۔ فَاح) مائل کرنا، سوال رد کرنا
اصفاد (اَص ۔ فَاد) صفد کی جمع۔
اصفار (اِص ۔ فَار) مفلس ہونا (اَص ۔ فَار) صفر کی جمع
اصفر (اَص ۔ فَر) پیلا، زرد۔
اصفی (اَص ۔ فَا) بہت صاف۔
اصفیا (اَص ۔ فِیَا) صفی کی جمع۔
اصل (اَص ۔ ل) جڑ، نسل، بنیاد جمع اُصُول، اُصُل
اصلا (اَص ۔ لَا) ہرگز (اِص ۔ لَا) جلانا۔
اصلاً (اَص ۔ لَن) از روئے اصل۔
اصلاب (اَص ۔ لَاب) صلب کی جمع۔
اصلاح (اِص ۔ لَاح) درستی، سدھارنا۔
اصل السوس (اَص ۔ لُس) سوس، ملہٹی۔
اصلح (اَص ۔ لَح) بہت درست۔
اصلخ (اَص ۔ لَخ) بہرہ بٹ۔

اصلع (اَص ۔ لَع) تام چٹا۔
اصلم (اَص ۔ لَم) بوچا۔
اصلی (اَص ۔ لِی) منسوب بہ اصل، بنیادی، بے بناوٹ۔
اصلیت (اَص ۔ لِی ۔ یَت) واقفیت، حقیقت۔
اصم (اَصَم) بہرا جمع صُمّ، صُمَّان۔
اصمام (اِص ۔ مَام) بہرا ہونا۔
اصمع (اَص ۔ مَع) چھوٹے کان والا، تیز خاطر، اہل دل۔
اصناف (اَص ۔ نَاف) صنف کی جمع۔
اصنام (اَص ۔ نَام) صنم کی جمع۔
اصنان (اِص ۔ نَان) گندہ بغل، گھمنڈ کرنا۔
اصوات (اَص ۔ وَات) صوت کی جمع۔
اصواع (اَص ۔ وَاع) صاع کی جمع۔
اصوب (اَص ۔ وَب) بہت ٹھیک۔
اصول (اُصُول) اصل کی جمع۔
اصولی (اُصُو ۔ لِی) منسوب بہ اُصُول۔
اصہب (اَص ۔ ہَب) سفیدی مائل سرخ
اصیاب (اِص ۔ یَاب) دلمیں کینہ ڈالنا، خاموش ہونا۔
اصیاف (اَص ۔ یَاف) صیف کی جمع۔
اصیل (اَصِیل) شام، خالص نسل والا، مضبوط۔ جمع صَائِل، آصَال۔
اضاض (اِضَاض) پناہ کی جگہ۔
اضاعت (اِضَا ۔ عَت) ضائع کر دینا، کھو دینا۔
اضافت (اِضَا ۔ فَت) نسبت دینا، زیادہ کرنا۔
اضافہ (اِضَا ۔ فَہ) زیادتی، بڑھوتری۔
اضافی (اِضَا ۔ فِی) نسبتی، زائد۔
اضاءت (اِضَا ۔ ءَت) روشن کرنا یا ہونا۔
اضائف (اَضَا ۔ اِف) ضیف کی جمع۔
اضجاع (اِض ۔ جَاع) کروٹ کے بل سلانا، لٹانا۔
اضحاک (اِض ۔ حَاک) چھلکنا، کھاس چرنا۔
اضحوکہ (اُض ۔ حُو ۔ کَہ) جس سے ہنسی آوے۔

اضحی (اَضْ-حَا) قربانی، صبح کو کام کرنا۔
اضحیہ (اُضْ-حِیَہ) قربانی کی بکری جمع اَضَاحِیْ۔
اضداد (اَضْ-دَادْ) ضد کی جمع۔
اضراب (اِضْ-رَابْ) منھ پھیر لینا، مقیم ہونا، سر
نیچے ڈال لینا (اَضْ-رَابْ) ضرب کی جمع۔
اضرار (اِضْ-رَارْ) ضرر پہنچانا، دوڑنا
(اَضْ-رَارْ) ضرر کی جمع۔
اضراس (اَضْ-رَاسْ) ضرس کی جمع۔
اضطرام (اِضْ-طِرَامْ) آگ جلانا۔
اضطجاع (اِضْ-طِجَاعْ) کروٹ سے سونا۔
اضطراب (اِضْ-طِرَابْ) گھبراہٹ، پھڑپھڑانا۔
اضطرار (اِضْ-طِرَارْ) بے اختیاری، ناچاری، عاجزی
اضطراری (اِضْ-طِرَا-رِیْ) منسوب بہ اضطرار
اضطرام (اِضْ-طِرَامْ) شعلہ مارنا۔
اضطلاع (اِضْ-طِلَاعْ) پختہ کاری، کام کو مضبوط ہونا
اضعاف (اِضْ-عَافْ) دونا کرنا، ضعیف کرنا۔
(اَضْ-عَافْ) ضعف کی جمع۔
اضعف (اَضْ-عَفْ) بہت ضعیف۔
اضغاث (اَضْ-غَاثْ) ضغث کی جمع۔
اضغاث احلام (اَضْ-غَاثْ-اَحْ-لَامْ) خواب پریشاں
اضل (اَضَلّ) بڑا گمراہ۔
اضلاع (اَضْ-لَاعْ) ضلع کی جمع۔
اضلال (اِضْ-لَالْ) راہ بھلانا، گمراہ کرنا۔
اضلع (اَضْ-لُعْ) ضلع کی جمع۔
اضم (اَضَمّ) غصہ کرنا۔
اضمار (اِضْ-مَارْ) ضمیر لانا، دل میں رکھنا۔
اضمحلال (اِضْ-مِحْ-لَالْ) مضمحل ہونا، نیست ہونا۔
اضیاف (اَضْ-یَافْ) ضیف کی جمع۔
اضیع (اَضْ-یَعْ) نہایت ضائع کرنے والا۔
اضیق (اَضْ-یَقْ) بہت تنگ۔
اطابت (اِطَا-بَتْ) خوشبو کرنا، استنجا کرنا، خوش کرنا۔

اطاحت (اِطَا-حَتْ) ہلاک کرنا، ڈالنا۔
اطارت (اِطَا-رَتْ) اُڑانا۔
اطاعت (اِطَا-عَتْ) تابعداری کرنا، حکم ماننا۔
اطاق (اُطَاقْ) کمرہ
اطالت (اِطَا-لَتْ) لمبا کرنا۔
اطالس (اَطَا-لِسْ) اطلس کی جمع۔
اطالوی، اطالیائی (اَطَا-لَوِیْ، اَطَا-لِیَا-
ئِیْ) منسوب بہ اطالیہ۔
اطالیہ (اَطَا-لِیَہ) ملک اٹلی۔
اطالہ (اِطَا-لَہ) دیکھو اطالت۔
اطام (اُطَامْ) پیشاب بند ہو جانا۔
اطبا (اَطِبْ-بَا) طبیب کی جمع۔
اطباخ (اِطْ-بَاخْ) پکانا، بھوننا۔
اطباع (اَطْ-بَاعْ) طبع کی جمع (طَبْع، طِبْع)
اطباق (اِطْ-بَاقْ) دروازہ بھیڑنا
(اَطْ-بَاقْ) طبق کی جمع۔
اطبال (اَطْ-بَالْ) طبل کی جمع۔
اطبخ (اَطْ-بَخْ) بہت پکانے والا۔
اطبقہ (اَطْ-بِقَہ) طبق کی جمع۔
اطرا (اِطْ-رَا) تعریف میں مبالغہ کرنا۔
اطراب (اِطْ-رَابْ) خوش کرنا۔
اطراح (اِطْ-رَاحْ) ڈالنا، پھینکنا۔
اطراد (اِطْ-رَادْ) ہانکنا، چلانا (اِطْ-طِرَادْ)
کام ٹھیک ہونا، آگے پیچھے جانا۔
اطرار (اِطْ-رَارْ) ناز کرنا، بے موقع غصہ کرنا
(اَطْ-رَارْ) طرہ کی جمع۔
اطراز (اِطْ-رَازْ، اِطْ-طِرَازْ) نقش کرنا۔
اطراف (اَطْ-رَافْ) طرف کی جمع، اعضائے جسمانی
اطرق، اطرقا (اَطْ-رُقْ، اَطْ-رِقَا) طریق کی جمع
اطروسہ (اُطْ-رُو-سَہ) فرحت بخش، نغمہ، مزامیر
اطروش (اُطْ-رُوشْ) بہرا۔

اطرہ (اَطْ-رَہْ) ناخن کی جڑ۔
اطریش (اَطْ-رِیْش) اسٹریا (وسطی یورپ)
اطریفل (اِطْ-رِیْ-فَلْ) ایک یونانی مرکب دوا۔
اطریہ (اِطْ-رِیْ-یَہْ) سوتیاں۔
اطعام (اِطْ-عَامْ) کھانا کھلانا۔
اطعمہ (اَطْ-عِمَہْ) طعام کی جمع۔
اطغا (اِطْ-غَا) گمراہ کرنا۔
اطفا (اِطْ-فَا) آگ بجھانا، چراغ گل کرنا۔
اطفال (اِطْ-فَالْ) چھوٹا بچہ ہونا (اَطْ-فَالْ) طفل کی جمع
اطل (اِطْ-ل) کوکھ، پہلو جمع آطال
اطلاع (اِطْ-لَاعْ) بھید بتانا، خبر دینا جمع اطلاعات
اطلاق (اِطْ-لَاقْ) روان کرنا، چھوڑنا، بے قید کرنا۔
اطلال (اِطْ-لَالْ) خون باطل کرنا، مشرف ہونا (اَطْ-لَالْ) طلل کی جمع
اطلس (اَطْ-لَسْ) ریشمی کپڑا، صاف آسمان جمع اطالس
اطلنطیقی (اَطْ-لَنْ-طِیْ-قِیْ) بحر اٹلانٹک۔
اطم (اُطُمْ) پتھر کا قلعہ۔
اطماع (اِطْ-مَاعْ) لالچ میں ڈالنا۔
اطمینان (اِطْ-مِیْ-نَانْ) تسلی، دلاسا۔
اطناب (اِطْ-نَابْ) طول دینا (اَطْ-نَابْ) طنب کی جمع
اطوار (اَطْ-وَارْ) طور کی جمع۔
اطواق (اَطْ-وَاقْ) ۱۔ نایل کا پانی ۲۔ طوق کی جمع
اطوال (اِطْ-وَالْ) لمبا کرنا (اَطْ-وَالْ) طول کی جمع
اطہار (اِطْ-ہَارْ) پاک کرنا (اَطْ-ہَارْ) طاہر، طہر کی جمع
اطہر (اَطْ-ہَرْ) نہایت پاک۔
اطیاب (اَطْ-یَابْ) طیب کی جمع۔
اطیار (اَطْ-یَارْ) طائر کی جمع الجمع۔
اطیب (اَطْ-یَبْ) نہایت پاکیزہ۔
اطیط (اَطِیْطْ) پیٹ بولنا۔
اظافیر (اَظَا-فِیْرْ) ظفر کی جمع
اظانین (اَظَا-نِیْنْ) ظن کی جمع الجمع
اظفار (اِظْ-فَارْ) فتحمندی دینا، جتانا (اَظْ-فَارْ)

ظفر، ظفر کی جمع۔
اظفر (اَظْ-فَرْ) بڑے ناخن والا۔
اظلال (اِظْ-لَالْ) سایہ ڈالنا (اَظْ-لَالْ) ظل کی جمع
اظلام (اِظْ-لَامْ) تاریک ہونا۔
اظلم (اَظْ-لَمْ) نہایت ظالم۔
اظہار (اِظْ-ہَارْ) کھولنا، ظاہر کرنا۔
اظہار نامہ (اِظْ-ہَارْ-نَا-مَہْ) سمن عدالت۔
اظہر (اَظْ-ہَرْ) نہایت ظاہر جمع اَظَاہِر۔
اظہر من الشمس (اَظْ-ہَرْ-مِنَشْ-شَمْسْ)
سورج سے زیادہ ظاہر۔
اعابد (اَعَا-بِدْ) اعبد کی جمع۔
اعاجم (اَعَا-جِمْ) اعجم کی جمع۔
اعاجیب (اَعَا-جِیْبْ) عجیب کی جمع۔
اعادت، اعادہ (اِعَا-دَتْ، اِعَا-دَہْ) پھیر کر لانا، لوٹانا
اعادی (اَعَا-دِیْ) عدو کی جمع۔
اعاذت (اِعَا-ذَتْ) پناہ میں لینا۔
اعارت (اِعَا-رَتْ) مانگنے دینا۔
اعاظم (اَعَا-ظِمْ) اعظم کی جمع۔
اعالت (اِعَا-لَتْ) عیالدار ہونا، حقیر ہونا۔
اعالی (اَعَا-لِیْ) اعلیٰ کی جمع۔
اعانت، اعانہ (اِعَا-نَتْ، اِعَا-نَہْ) مدد، چندہ
امداد کرنا۔
اعبد (اَعْ-بُدْ) عبد کی جمع۔
اعبیہ (اَعْ-بِیَہْ) عباء کی جمع۔
اعتا (اِعْ-تَا) دینا (اَعْ-تَا) عتو کی جمع۔
اعتاق (اِعْ-تَاقْ) غلام آزاد کرنا۔
اعتام (اِعْ-تَامْ) تنگ کرنا۔
اعتباد (اِعْ-تِبَادْ) غلام بنانا۔
اعتبار (اِعْ-تِبَارْ) عبرت پکڑنا۔ بھروسہ کرنا۔
اعتبار نامہ (اِعْ-تِبَارْ-نَا-مَہْ) سند، سرٹیفکیٹ۔
اعتدا (اِعْ-تِدَا) ظلم کرنا۔

اعتداد (ا ع - تِداد) شمار کرنا، حاضر کرنا۔
اعتدال (ا ع - تِدال) برابر کرنا۔
اعتذار (ا ع - تِذار) عذر کرنا۔
اعتراض (ا ع - تِراض) مانع ہونا، عیب نکالنا۔
اعتراف (ا ع - تِراف) اقرار کرنا، ماننا۔
اعتراک (ا ع - تِراک) اکٹھا ہونا، جمع ہونا۔
اعتزا (ا ع - تِزا) خود کو نسبت دینا۔
اعتزال (ا ع - تِزال) الگ ہو بیٹھنا، یکسو ہونا۔
اعتزام (ا ع - تِزام) قصد کرنا، عزم کرنا۔
اعتساس (ا ع - تِساس) رات کو پہرہ دینا۔
اعتساف (ا ع - تِساف) سفاکی، بےراہ روی کا کام چاہنا۔
اعتشان (ا ع - تِشان) سوچکر اپنی رائے سے بات کہنا۔
اعتصاب (ا ع - تِصاب) گروہ بندی، عمامہ باندھنا۔
اعتصار (ا ع - تِصار) نچوڑنا، قبضہ سے مال نکالنا۔
اعتصام (ا ع - تِصام) پرہیزگاری، سہارا، چنگل مارنا، پکڑنا۔
اعتضاد (ا ع - تِضاد) قوت پانا، مدد چاہنا۔
اعتقاد (ا ع - تِقاد) یقین، عقیدہ، گرویدگی۔
اعتقال (ا ع - تِقال) باندھنا، بند کرنا۔
اعتکار (ا ع - تِکار) غٹ پٹ ہونا۔
اعتکاف (ا ع - تِکاف) گوشہ نشینی، باز رہنا۔
اعتلا (ا ع - تِلا) اونچا ہونا۔
اعتلاف (ا ع - تِلاف) گھاس کھانا۔
اعتلاق (ا ع - تِلاق) عاشق ہونا۔
اعتلال (ا ع - تِلال) بیمار پڑنا، بہانہ کرنا۔
اعتماد (ا ع - تِماد) بھروسہ کرنا، تکیہ کرنا۔
اعتماز (ا ع - تِماز) کام میں عیب نکالنا۔
اعتماس (ا ع - تِماس) ڈبکی مارنا۔
اغتماض (ا غ - تِماض) اونگھنا۔
اعتمال (ا ع - تِمال) کام کرنا۔

اعتنا (ا ع - تِنا) غمخواری، تکلیف اٹھانا۔
اعتناق (ا ع - تِناق) گلے ملنا۔
اعتیاد (ا ع - تِیاد) عادت ڈالنا۔
اعتیاض (ا ع - تِیاض) بدلہ دینا۔
اعجاب (ا ع - جاب) غرور کرنا، عجیب جاننا۔
اعجاز (ا ع - جاز) نبی سے خرق عادت ا عاجز کرنا (ا ع - جاز) عجز کی جمع۔
اعجاز عیسوی (ا ع - جاز - عی - سوی) حضرت عیسیٰ کا اعجاز۔
اعجال (ا ع - جال) دوڑانا (ا ع - جال) عجل کی جمع
اعجام (ا ع - جام) حرفوں پہ نقطے لگانا۔
اعجب (ا ع - جب) بہت زیادہ عجیب
اعجم (ا ع - جم) گونگا (ا ع - جم) عجم۔
اعجمی (ا ع - جمی) گونگا، ناداں۔
اعجوبہ (ا ع - جو - بہ) عجیب، نرالی چیز۔
اعدا (ا ع - دا) عدو کی جمع (ا ع - دا) دشمن ہونا، گھوڑا دوڑانا۔
اعداد (ا ع - داد) عدد کی جمع (ا ع - داد) آمادہ کرنا، تیار کرنا۔
اعدام (ا ع - دام) نیست کرنا، منع کرنا۔
اعدل (ا ع - دل) نہایت عادل، ٹھیک گواہ۔
اعذار (ا ع - ذار) ختنہ کرنا، عذر کرنا (ا ع - ذار) عذر کی جمع۔
اعذبہ (ا ع - ذبہ) عذاب کی جمع۔
اعراب (ا ع - راب) حرکات حروف (زبر، زیر، پیش) لگانا (ا ع - راب) بادیہ نشین اہل عرب (اس کا مفرد اعرابی)
اعرابی (ا ع - رابی) عرب قوم کا کوئی آدمی۔
اعراس (ا ع - راس) داماد ہونا، خوشی کرنا۔ (ا ع - راس) عرس کی جمع۔
اعراش (ا ع - راش) عرش کی جمع۔
اعراض (ا ع - راض) منہ پھیرنا، بچنا (ا ع - راض) عرض کی جمع

اعراف (اَ عْ - رَافْ) جنت اور دوزخ کے مابین ایک مقام، عُرف، عَرَف کی جمع (اِ عْ - رَافْ) ایال بڑھ جانا۔

اعراق (اِ عْ - رَاقْ) پانی پلانا، عراق کو جانا (اَ عْ - رَاقْ) عرق کی جمع

اعرج (اَ عْ - رَجْ) لنگڑا۔

اعز (اَ عَزّ) بہت عزیز۔

اعزاز (اِ عْ - زَازْ) آبرو، عزت کرنا۔

اعزل (اَ عْ - زَلْ) نہتا آدمی، خالی بادل، جمع عُزْل

اعزہ (اَ عِزْ - زَہْ) عزیز کی جمع۔

اعسار (اِ عْ - سَارْ) فقیر ہونا۔

اعسال (اَ عْ - سَالْ) عسل کی جمع۔

اعسر (اَ عْ - سَرْ) بہت مشکل۔

اعشاب (اَ عْ - شَابْ) عشب کی جمع۔

اعشار (اَ عْ - شَارْ) عشر کی جمع۔

اعشی (اَ عْ - شَا) شب کور، رات کا اندھا۔

اعصا (اِ عْ - صَا) حکم عدولی کرنا (اَ عْ - صَا) عصا کی جمع

اعصاب (اَ عْ - صَابْ) عصب کی جمع۔

اعصار (اِ عْ - صَارْ) بگولہ، گھٹا بوند (اَ عْ - صَارْ) عصر کی جمع۔

اعصام (اِ عْ - صَامْ) جھپٹا مارنا۔

اعضا (اَ عْ - ضَا) عضو کی جمع۔

اعضائے رئیسہ (اَ عْ ضَا ئے - رَ ئِیْ - سَہْ) دل، دماغ وغیرہ

اعطا (اِ عْ - طَا) دینا، بخشش کرنا۔

اعطاب (اِ عْ - طَابْ) ہلاک ہونا۔

اعطاش (اِ عْ - طَاشْ) پیاسا مارنا۔

اعطاف (اَ عْ - طَافْ) عطف کی جمع۔

اعطیہ (اَ عْ - طِیَہْ) عطا کی جمع۔

اعظام (اِ عْ - ظَامْ) بزرگ رکھنا، عظمت کرنا۔

اعظم (اَ عْ - ظَمْ) نہایت بڑا جمع اَعَاظِم

اعفا (اِ عْ - فَا) معافی یا آزادی دینا (اَ عْ - فَا) عفیف کی جمع۔

اعفاف (اِ عْ - فَافْ) پرہیزگار بنانا۔

اعقاب (اِ عْ - قَابْ) بدلہ دینا (اَ عْ - قَابْ) عقب کی جمع۔

اعقال (اِ عْ - قَالْ) عقلمند کرنا۔

انعکاس (اِ نْ - عِ - کَاسْ) الٹا کرنا، عکس ڈالنا۔

اعلا (اِ عْ - لَا) بلند کرنا (اَ عْ - لَا) دیکھو اعلیٰ۔

اعلاف (اَ عْ - لَافْ) علف کی جمع۔

اعلاق (اَ عْ - لَاقْ) علق کی جمع (اِ عْ - لَاقْ) جونک لگانا۔

اعلال (اِ عْ - لَالْ) بیمار کرنا، بیمار ڈالنا۔

اعلام (اِ عْ - لَامْ) علم کرانا (اَ عْ - لَامْ) علم کی جمع۔

اعلان (اِ عْ - لَانْ) فوش، ظاہر کرنا (اَ عْ - لَانْ) علن کی جمع۔

اعلم (اَ عْ - لَمْ) بڑا دانشکار، ہونٹھ پھٹا ہوا۔

اعلن (اَ عْ - لَنْ) بہت آشکارا

اعلیٰ (اَ عْ - لَا) بڑا بلند جمع اَعَالِیْ۔

الّا (اَ لّا) کلمۂ استثنا، عام اس سے، بہت عام۔

اعمار (اِ عْ - مَارْ) معمور رکھنا (اَ عْ - مَارْ) عمر کی جمع۔

اعماق (اَ عْ - مَاقْ) عمق کی جمع۔

اعمال (اِ عْ - مَالْ) کام کرانا، عمل دینا (اَ عْ - مَالْ) عمل کی جمع۔

اعمام (اِ عْ - مَامْ) بہت سے چچا والا ہونا (اَ عْ - مَامْ) عم کی جمع۔

اعمدہ (اَ عْ - مِدَہْ) عمود کی جمع۔

اعمش (اَ عْ - مَشْ) جس کی آنکھ بہتی ہو۔

اعمہ (اَ عِمْ - مَہْ) عم کی جمع۔

اعمی (اَ عْ - مَا) اندھا جمع عُمْی، عُمْیان۔

اعناب (اَ عْ - نَابْ) عنب کی جمع۔

اعنات (اِ عْ - نَاتْ) ہلاک کرنا، ناممکن کرنا۔

اعناق (اَ عْ - نَاقْ) عنق کی جمع۔

اعنش (اَ عْ - نَشْ) چھنگا، چھ انگلیوں والا

اعنق (اَ عْ - نَقْ) گردن دراز، پٹہ والا کتا۔ (اَ عْ - نُقْ) عناق کی جمع۔

اعنہ (اَعِنْ۔ نَہْ) عنان کی جمع۔
اعنی (اَعْ۔ نِیْ) عنی کا صیغہ واحد متکلم، میں مراد رکھتا ہوں، قصد کرتا ہوں۔
اعواد (اَعْ۔ وَادْ) عود کی جمع۔
اعواز (اِعْ۔ وَازْ) فقیر ہونا، کام مشکل ہونا۔
اعواص (اِعْ۔ وَاصْ) دشمن پر کام مشکل ڈالنا۔
اعواض (اَعْ۔ وَاضْ) عوض کی جمع۔
اعوام (اَعْ۔ وَامْ) عام کی جمع۔
اعوان (اَعْ۔ وَانْ) عون کی جمع۔
اعوج (اَعْ۔ وَجْ) ٹیڑھا جمع عُوْج۔
اعوجاج (اِعْ۔ وِجَاجْ) ٹیڑھا ہونا۔
اعور (اَعْ۔ وَرْ) سوتیلا بھائی، کانا، نام آشنا، حرمان نصیب، بے خبر، جمع عُوْران، عِیْران
اعونہ (اَعْ۔ وِنَہْ) عاکن کی جمع۔
اعیا (اِعْ۔ یَارْ) چلتے چلتے تھک جانا۔
اعیاد (اَعْ۔ یَادْ) عید کی جمع۔
اعیان (اَعْ۔ یَانْ) عین کی جمع۔
اعیانی (اَعْ۔ یَا۔ نِیْ) سگا۔
اعیبط (اَعْ۔ یَبْطْ) دراز گردن۔
اعین (اَعْ۔ یَنْ) بڑی آنکھوں والا جمع عِیْن (اَعْ۔ یُنْ) عین کی جمع۔
اغاثت (اِغَا۔ ثَتْ) فریاد رسی، داد دینا۔
اغار (اَغَارْ) نمناک زمین، مقصود۔
اغارت (اِغَا۔ رَتْ) دوڑنا، لوٹنا۔
اغاردن (اَغَارْ۔ دَنْ) حرکت کرنا، بہت گوندھنا۔
اغالیدن (اَغَا۔ لِیْ۔ دَنْ) تیز کرنا یا ہونا، شور کرنا، لتھڑنا۔
اغالیط (اَغَا۔ لِیْطْ) غلط، اغلوط کی جمع۔
اغانم (اَغَا۔ نِمْ) غنم کی جمع۔
اغانی (اَغَا۔ نِیْ) اُغنیہ کی جمع۔
اغبر (اَغْ۔ بَرْ) گرد آلود، خاکی رنگ

اغبیا (اَغْ۔ بِیَارْ) غبی کی جمع۔
اغتراب (اِغْ۔ تِرَابْ) مسافر ہونا۔
اغتراف (اِغْ۔ تِرَافْ) اوک سے پینا۔
اغتزال (اِغْ۔ تِزَالْ) کاتنا۔
اغتسال (اِغْ۔ تِسَالْ) غسل کرنا، دھونا۔
اغتشاش (اِغْ۔ تِشَاشْ) اچھل۔
اغتصاب (اِغْ۔ تِصَابْ) چھیننا، غصب کرنا۔
اغتضاب (اِغْ۔ تِضَابْ) غصہ میں لانا۔
اغتفار (اِغْ۔ تِفَارْ) مغفرت چاہنا۔
اغتم (اَغْ۔ تَمْ) مرد غیر فصیح۔
اغتماس (اِغْ۔ تِمَاسْ) ڈبکی کھانا۔
اغتمام (اِغْ۔ تِمَامْ) غم کھانا۔
اغتنام (اِغْ۔ تِنَامْ) غنیمت سمجھنا۔
اغتیاب (اِغْ۔ تِیَابْ) پیٹھ پیچھے برا کہنا۔
اغتیاظ (اِغْ۔ تِیَاظْ) غصہ کرنا۔
اغتیال (اِغْ۔ تِیَالْ) بچہ کا فربہ ہونا۔
اغذیہ (اَغْ۔ ذِیَہْ) غذا کی جمع۔
اغر (اَغَرْ) شریف، مشہور، جمع غُرّ، غُرْ۔
اغرا (اِغْ۔ رَارْ) ابھارنا، بھڑکانا۔
اغراب (اِغْ۔ رَابْ) انوکھی چیز لانا، مسافر ہونا۔
اغراض (اِغْ۔ رَاضْ) تنگدل کرنا (اَغْ۔ رَاضْ) غرض کی جمع
اغراق (اِغْ۔ رَاقْ) شدید مبالغہ، غرق کرنا۔
اغرام (اِغْ۔ رَامْ) ہلاک کرنا، لالچ کرنا، تاوان لینا۔
اغرب (اَغْ۔ رَبْ) عجیب تر۔
اغربہ (اَغْ۔ رِبَہْ) غراب کی جمع۔
اغزا (اِغْ۔ زَا) جہاد پر بھیجنا، قرض دار کو مہلت دینا۔
اغزال (اِغْ۔ زَالْ) چرخہ کاتنا۔
اغسا (اِغْ۔ سَا) رات اندھیری ہونا۔
اغشا (اِغْ۔ شَا) پردہ ڈالنا، اندھا کرنا۔

اغشیہ (اَغْ۔شِیَہْ) غشا کی جمع۔
اغصان (اَغْ۔صَانْ) غصن، غصنہ کی جمع۔
اغضا (اِغْ۔ضَا) چشم پوشی۔
اغضاب (اِغْ۔ضَابْ) غصہ میں لانا۔
اغطاش (اِغْ۔طَاشْ) رات اندھیری ہونا۔
اغطش (اَغْ۔طَشْ) کمزور بینائی والا۔
اغفا (اِغْ۔فَا) سونا۔
اغفال (اِغْ۔فَالْ) غفلت، بےخبری۔
اغفر (اَغْ۔فَرْ) بڑا چھپانے والا۔
اغلا (اِغْ۔لَا) بھاؤ بڑھانا، مہنگا خریدنا۔
اغلاط (اِغْ۔لَاطْ) غلط کرنا (اَغْ۔لَاطْ) غلط کی جمع
اغلاظ (اِغْ۔لَاظْ) سخت کہنا (اَغْ۔لَاظْ) غلیظ کی جمع
اغلاظ ایمان (اَغْ۔لَاظِ۔اِیْ۔مَانْ) سخت قسمیں۔
اغلاق (اِغْ۔لَاقْ) مشکل کرنا، بند کرنا۔
اغلال (اِغْ۔لَالْ) خیانت کرنا، کینہ رکھنا
(اَغْ۔لَالْ) غل کی جمع۔
اغلام (اِغْ۔لَامْ) لڑکوں کیساتھ خلاف وضع فطری۔
اغلب (اَغْ۔لَبْ) گمان غالب۔
اغلط (اَغْ۔لَطْ) بڑا غلط۔
اغلف (اَغْ۔لَفْ) بلا ختنوں والا
اغلمہ (اَغْ۔لِمَہْ) غلام کی جمع۔
اغلوطہ (اُغْ۔لُوطَہْ) دھوکا، غلطی میں ڈالنے والی چیز۔
جمع اَغالیط۔
اغم (اَغَمّ) تنگ پیشانی، تنگ گردھی
اغما (اِغْ۔مَا) بے ہوش کرنا۔
اغمار (اَغْ۔مَارْ) غمر کی جمع۔
اغماز (اِغْ۔مَازْ) عیب کرنا، کم حرمت کرنا۔
اغماض (اِغْ۔مَاضْ) چشم پوشی، درگذر کرنا۔
اغمام (اِغْ۔مَامْ) گھٹا چھا جانا۔
اغن (اَغَنّ) خنخنا، منمنا، جو ناک میں بولے۔
اغنا (اِغْ۔نَا) مالدار کرنا، بے پروا بنانا۔

اغنام (اَغْ۔نَامْ) غنم کی جمع۔
اغنان (اِغْ۔نَانْ) بھنبھنانا۔
اغنیا (اَغْ۔نِیَا) غنی کی جمع۔
اغنیہ (اُغْ۔نِیَہْ) ہاتھ کا باجہ جمع اَغانی۔
اغوا (اِغْ۔وَا) بہکانا، ابھارنا۔
اغوار (اَغْ۔وَارْ) غار کی جمع۔
اغیار (اَغْ۔یَارْ) غیر کی جمع۔
اغیر (اَغْیَرْ) منہ، فم، دہان۔
اف (اُفّ) کلمۂ افسوس (اُفْ) پھونک۔
افادہ (اِفَا۔دَہْ) فائدہ پہونچانا۔
افادی (اِفَا۔دِی) منسوب بہ افادہ۔
افاضل (اَفَا۔ضِلْ) افضل کی جمع۔
افاضہ (اِفَا۔ضَہْ) خبر پہونچانا، بہتا کرنا،
بات شروع کرنا۔
افاظہ (اِفَا۔ظَہْ) ہلاک کرنا۔
افاعی (اَفَا۔عِی) افعی کی جمع۔
افاغنہ (اَفَا۔غِنَہْ) افغان کی جمع۔
افاقت، افاقہ (اِفَا۔قَتْ، اِفَا۔قَہْ) افراقہ
تخفیف مرض، صحت پانا۔
افاک (اَفْ۔فَاکْ) بڑا جھوٹا۔
افانین (اَفَا۔نِیْنْ) فنن کی جمع الجمع
افتاد (اِفْ۔تَادْ) فتوا دینا۔
افتاد (اُفْ۔تَادْ) اتفاق، مصیبت، ڈھنگ۔
افتادگی (اُفْ۔تَا۔دَگِی) عاجزی۔
افتادن (اُفْ۔تَا۔دَنْ) گر پڑنا، اتفاق
پڑنا مضع اُفتد۔
افتادنی (اُفْ۔تَا۔دَنِی) گرنے کے لائق،
اتفاق پڑنے کے لائق۔
افتادہ (اُفْ۔تَا۔دَہْ) درماندہ، گرا پڑا ہوا،
افتار، افتال (اِفْ۔تَارْ۔ اِفْ۔تَالْ)
بکھرا ہوا، چھڑکا ہوا۔

افتار یدن ، افتالیدن (اِفْ۔ تا۔ رِیْ۔ دَنْ ، اِفْ۔ تا۔ لِیْ۔ دَنْ) چھڑکنا ، بکھیرنا۔

افتتاح (اِفْ۔ تِتَا حْ) کھولنا ، شروع کرنا۔

افتتاحی (اِفْ۔ تِتَا۔ حِیْ) افتتاح سے منسوب۔

افتتاحیہ (اِفْ۔ تِتَا۔ حِیْ۔ یَہْ) افتتاح سے منسوب ، اخبار کا وہ اپنا خاص پہلا مضمون کہ جسکو مدیر خود لکھے۔

افتتاش (اِفْ۔ تِتَاشْ) ڈھونڈھنا۔

افتتان (اِفْ۔ تِتَانْ) فتنہ اٹھانا۔

افتخار (اِفْ۔ تِخَارْ) فخر کرنا ، گھمنڈ کرنا۔

افتدا (اِفْ۔ تِدَا) جان کا بدلہ مال دینا۔

افترا (اِفْ۔ تِرَا) بہتان ، جھوٹ باندھنا۔

افتراح (اِفْ۔ تِرَاحْ) بے سوچے بات کہنا۔

افترار (اِفْ۔ تِرَارْ) دانت نکالنا ، دانت چمکانا۔

افتراش (اِفْ۔ تِرَاشْ) بدگوئی کرنا ، کھوج لینا۔

افتراض (اِفْ۔ تِرَاضْ) فرض کرنا

افتراق (اِفْ۔ تِرَاقْ) پھوٹ ڈالنا۔

افتضاح (اِفْ۔ تِضَاحْ) رسوا ہونا۔

افتعال (اِفْ۔ تِعَالْ) بہتان ، تہمت۔

افتقاد (اِفْ۔ تِقَادْ) گم کرنا ، نہ پانا۔

افتقار (اِفْ۔ تِقَارْ) احتیاج ، افلاس ، فقیری

افتکاک (اِفْ۔ تِکَاکْ) علیحدگی ، جدا ہونا۔

افحاش (اِفْ۔ حَاشْ) فحش بکنا ، ناسزا کہنا۔

افحام (اِفْ۔ حَامْ) دلیل سے خاموش کرنا۔

افخاذ (اَفْ۔ خَاذْ) فخذ کی جمع۔

افخام (اِفْ۔ خَامْ) بزرگ بنانا۔

افخم (اَفْ۔ خَمْ) بڑا بزرگ۔

افدر (اَفْ۔ دَرْ) چچا ، عمو۔

افر (اَفَرْ) موٹا ہونا ، خوشی منانا۔

افراج (اِفْ۔ رَاجْ) کھولنا یا راہ دینا۔

افراح (اِفْ۔ رَاحْ) خوش کرنا (اَفْ۔ رَاحْ) فرح کی جمع۔

افراخ (اِفْ۔ رَاخْ) دور نکل جانا (اَفْ۔ رَاخْ) فرخ کی جمع۔

افراختن (اَفْ۔ رَاخْ۔ تَنْ) بلند کرنا مضارع افرازد۔

افراختنی (اَفْ۔ رَاخْ۔ تَنِیْ) بلند ہونے کے قابل۔

افراختہ (اَفْ۔ رَاخْ۔ تَہْ) بلند کیا ہوا۔

افراد (اِفْ۔ رَادْ) تنہا کرنا ، ایک جگہ دینا (اَفْ۔ رَادْ) فرد کی جمع۔

افراز (اِفْ۔ رَازْ) جدا کرنا (اَفْ۔ رَازْ) بلندی ، بلند کرنے والا ، ترکیب میں مستعمل۔

افرازندہ (اَفْ۔ رَا۔ زِنْ۔ دَہْ) بلند کرنے والا

افرازیدن (اَفْ۔ رَا۔ زِیْ۔ دَنْ) دیکھو افراختن۔

افرازیدہ (اَفْ۔ رَا۔ زِیْ۔ دَہْ) بلند کیا ہوا۔

افراس (اَفْ۔ رَاسْ) فرس کی جمع۔

افراش (اِفْ۔ رَاشْ) غیبت کرنا ، بچھانا (اَفْ۔ رَاشْ) فرش کی جمع۔

افراشتن (اَفْ۔ رَاشْ۔ تَنْ) بلند کرنا۔

افراشتہ (اَفْ۔ رَاشْ۔ تَہْ) بلند کیا ہوا۔

افراض (اِفْ۔ رَاضْ) واجب کرنا۔

افراط (اِفْ۔ رَاطْ) حد سے گذرنا یا گذرانا۔

افراغ (اِفْ۔ رَاغْ) پانی یا خون بہانا۔

افراق (اِفْ۔ رَاقْ) بیماری سے اچھا ہونا (اَفْ۔ رَاقْ) فرق کی جمع۔

افرض (اَفْ۔ رَضْ) نہایت فرض۔

افرقہ ، افرقا (اَفْ۔ رِقَہْ ، اَفْ۔ رِقَا) فریق کی جمع۔

افرنج (اِفْ۔ رَنْجْ) یورپ ، فرنگستان۔

افرنجی (اِفْ۔ رَنْ۔ جِیْ) یوروپین ، فرنگی۔

افرنجیت (اِفْ۔ رَنْ۔ جِیْ۔ یَتْ) فرنگی پنا

افروختن (اَفْ۔ رُوْخْ۔ تَنْ) روشن کرنا ، روشن ہونا۔ مضارع افروزد یا فروزد۔

افروختنی (اَفْ۔ رُوْخْ۔ تَنِیْ) روشن کرنے یا ہونے کے لائق

افروختہ (اَفْ۔رُوْخْ۔تَہْ) روشن کیا ہوا، بھڑکایا ہوا۔
افروز (اَفْ۔رُوْز) روشن کرنے والا۔
افروزندہ (اَفْ۔رُوْ۔زَنْ۔دَہْ) روشن کرنیوالا۔
افروزہ (اَفْ۔رُوْ۔زَہْ) لیمپ یا چراغ کی بتی۔
افروزیدن (اَفْ۔رُوْ۔زِیْ۔دَنْ) دیکھو افروختن۔
افزا (اَفْ۔زَا) بڑھانے والا۔
افزار (اَفْ۔زَارْ) اوزار، کسی کام کا آلہ۔
افزاع (اِفْ۔زَاعْ) ڈرانا، فریاد کو پہنچنا
(اَفْ۔زَاعْ) فزع کی جمع۔
افزائیدن (اَفْ۔زَا۔اِیْ۔دَنْ) دیکھو افزودن۔
افزائیدہ (اَفْ۔زَا۔اِیْ۔دَہْ) زیادہ کیا ہوا
افزایش (اَفْ۔زَا۔یِشْ) بڑھوتری، بڑھوار۔
افزایندہ (اَفْ۔زَا۔یَنْ۔دَہْ) بڑھنیوالا، بڑھانیوالا۔
افزود (اَفْ۔زُوْدْ) زیادتی۔
افزودن (اَفْ۔زُوْ۔دَنْ) بڑھنا، زیادہ کرنا، بڑھانا مضع افزاید۔
افزودنی (اَفْ۔زُوْ۔دَنِیْ) بڑھنے یا بڑھانے کے لایق۔
افزودہ (اَفْ۔زُوْ۔دَہْ) بڑھا ہوا، بڑھایا ہوا۔
افزولیدن (اَفْ۔زُوْ۔لِیْ۔دَنْ) تقاضا کرنا، بھڑکانا، کپڑے کی خاک جھاڑنا۔
افزوں (اَفْ۔زُوْں) زیادہ، بیش، کثیر۔
افزونی (اَفْ۔زُوْ۔نِیْ) بیشی، زیادتی۔
افسا (اَفْ۔سَا) جادوگر۔
افساد (اِفْ۔سَادْ) فساد کرنا (اَفْ۔سَادْ) فساد کی جمع
افسار (اَفْ۔سَارْ) باگ ڈور۔
افسال (اَفْ۔سَالْ) دوبارہ تیز کرنے کا جمعہ، جادوگر، افسانہ، سرگذشت۔
افسانوی (اَفْ۔سَا۔نَوِیْ) افسانہ والا، منسوب بہ افسانہ۔
افسانہ (اَفْ۔سَا۔نَہْ) داستان، کہانی، قصہ۔

افسانہ گو (اَفْ۔سَا۔نَہْ۔گُوْ) افسانہ کہنے والا۔
افسانہ نگار، افسانہ نویس (اَفْ۔سَا۔نَہْ۔نِگَارْ، اَفْ۔سَا۔نَہْ۔نَوِیْسْ) افسانہ لکھنے والا۔
افسانیدن (اَفْ۔سَا۔نِیْ۔دَنْ) افسوں پڑھنا۔
افسر (اَفْ۔سَرْ) تاج، ٹوپی، حاکم۔
افسردگی (اَفْ۔سُرْ۔دَگِیْ) غمگینی، کمہلاہٹ۔
افسردن (اَفْ۔سُرْ۔دَنْ) جمنا، مرجھانا، غمگین ہونا مضع افسرد۔
افسردہ (اَفْ۔سُرْ۔دَہْ) غمگین ہوا، جما ہوا۔
افسوس (اَفْ۔سُوْسْ) حسرت، پچھتاوا۔
افسوں (اَفْ۔سُوْں) منتر، جادو۔
افسونِ سامری (اَفْ۔سُوْ۔نِ۔سَا۔مِرِیْ) سامری کا جادو۔
افشا (اِفْ۔شَا) ظاہر کرنا۔
افشار (اَفْ۔شَارْ) نچوڑنا، نچوڑنے والا۔
افشارندہ (اَفْ۔شَا۔رَنْ۔دَہْ) نچوڑنے والا۔
افشاں (اَفْ۔شَاں) چھڑکن، جھڑاون، جھاڑنے والا، جھاڑتا ہوا۔
افشاندن (اَفْ۔شَاں۔دَنْ) جھاڑنا، چھڑکنا مضع افشاند
افشاندنی (اَفْ۔شَاں۔دَنِیْ) چھڑکنے کے لائق، جھاڑنے کے لائق۔
افشاندہ (اَفْ۔شَاں۔دَہْ) چھڑکا ہوا، جھاڑا ہوا۔
افشانندہ (اَفْ۔شَا۔نَنْ۔دَہْ) جھاڑنیوالا، چھڑکنے والا۔
افشردن (اَفْ۔شُرْ۔دَنْ) نچوڑنا، نچوڑنا
مضع افشارد، افشرد۔
افشردنی (اَفْ۔شُرْ۔دَنِیْ) نچوڑنے کے لائق۔
افشردہ (اَفْ۔شُرْ۔دَہْ) افشردہ، نچوڑا ہوا۔
افصح (اَفْ۔صَحْ) نہایت فصیح۔
افضاح (اِفْ۔ضَاحْ) رسوا کرنا۔

افضال (اِف۔ ضال) فضل کرنا، بڑھانا۔
(اَف۔ ضال) فضل کی جمع۔
افضح (اَف۔ ضح) بڑا بدنام، بھوسا، شیر درندہ۔
افضل (اَف۔ ضل) بہت افزوں جمع اَفاضل۔
افضلیت (اَف۔ ضلی۔ یت) افضل پن، افزونی۔
افطار (اِف۔ طار) روزہ کھولنا۔
افطاری (اِف۔ طا۔ ری) جس سے روزہ کھولیں
افطس (اَف۔ طس) حبشی ناک والا۔
افعال (اَف۔ عال) فعل کی جمع۔
افعی (اَف۔ عی) ایک سانپ جمع اَفاعی۔
افغان (اَف۔ غان) پٹھان جمع اَفاغنہ (اَف۔ غان) فریاد و زاری
افق (اُفُق، اُف۔ رق) آسمان کا کنارہ جمع آفاق۔
افقار (اِف۔ قار) بے کھانا دانا ہونا۔
افقر (اَف۔ قر) نہایت فقیر۔
افقم (اَف۔ قم) طوطے منواں، کج دہن۔
افقہ (اَف۔ قہ) بہت بڑا فقیہ۔
افقی (اُفُقی) منسوب بہ افق۔
افک (اِف۔ ک) جھوٹ، بہتان۔
افکار (اَف۔ کار) فکر کی جمع۔
افکار عالیہ (اَف۔ کا۔ رِعا۔ لیہ) بلند خیالات۔
افکل (اَف۔ کل) لرزہ، تھرتھری۔
افگار (اَف۔ گار) زخمی، زخم۔
افگانہ (اَف۔ گا۔ نہ) ادھورا بچہ۔
افگن (اَف۔ گن) گرانے والا، ڈالنے والا، پھینکنے والا۔
افگندن (اَف۔ گن۔ دن) ڈالنا، پھینکنا، گرانا مضع اَفگندہ
افگندنی (اَف۔ گن۔ دنی) گرانے کے قابل۔
افگندہ (اَف۔ گن۔ دہ) گرا ہوا، پھینکا ہوا۔
افگندہ (اَف۔ گن۔ دہ) ڈالنے والا پھینکنے والا۔

افلا (اِف۔ لا) جنگل کی راہ لینا۔
افلاج (اِف۔ لاج) فالج گرنا، عضو رہجانا۔
افلاح (اِف۔ لاح) بھلائی، نیکی کرنا۔
افلاس (اِف۔ لاس) مفلسی، کنگال ہونا۔
افلاک (اَف۔ لاک) فلک کی جمع۔
افلاق (اَف۔ لاق) فلق کی جمع۔
افلح (اَف۔ لح) ہونٹھ پھٹا ہوا۔
افلس (اَف۔ لس) فلس کی جمع (اَف۔ لس) چھوٹا سا سکہ
افنا (اِف۔ نا) فنا کرنا۔
افنان (اَف۔ نان) فنن کی جمع۔
افوات (اَف۔ وات) فوت کی جمع۔
افواج (اَف۔ واج) فوج کی جمع۔
افواہ (اَف۔ واہ) ۱۔ فوہ کی جمع ۲۔ شہرت، اچرچا
افول (اُفُول) ڈوبنا، غروب۔
افہام (اِف۔ ہام) سمجھانا (اَف۔ ہام) فہم کی جمع
افیاض (اَف۔ یاض) فیض کی جمع۔
افیال (اَف۔ یال) فیل کی جمع۔
افیل (اَفیل) جوان اونٹ۔
افیون (اَف۔ یون) تریاک، افیم۔
افیمچی، افیونی (اَف۔ یون چی، اَف۔ یو۔ نی) تریاک کا نشئی۔
اقارب (اَقا۔ رب) اقرب کی جمع۔
اقاسم (اَقا۔ سم) قسیم کی جمع۔
اقالت (اِقا۔ لت) موقوف کرنا، فسخ کرنا۔
اقالہ (اِقا۔ لہ) اقالت، کام سے علیحدگی۔
اقالیم (اَقا۔ لیم) اقلیم کی جمع۔
اقامت (اِقا۔ مت) بہیر نماز، ٹھہرنا، قیام کرنا، کھڑا ہونا۔
اقانیم (اَقا۔ نیم) اُقنُوم کی جمع۔
اقانیم ثلاثہ (اَقا۔ نی۔ مِ۔ ثلا۔ ثہ) عیسائی مذہب میں باپ، بیٹا اور روح القدس۔

اقباح (اِق - باح) خراب کرنا، بھونڈا بنانا۔

اقبار (اِق - بار) گور دلوانا، دفن کرنا

اقباس (اِق - باس) علم سکھانا۔

اقبال (اِق - بال) سرسبزی، دبدبہ، اقرار، بڑھنا، قبول کرنا

اقبال مند (اِق - بال - مَن - د) خوش قسمت، دبدبہ والا۔

اقبالمندانہ (اِق - بال - مَن - دا - نَہ) اقبالمند سے منسوب۔

اقبالمندی (اِق - بال - مَن - دی) سرسبزی، خوش قسمتی۔

اقبح (اَق - بَح) بڑا خراب۔

اقبل (اَق - بَل) بھینگا، بڑا قابل۔

اقتباس (اِق - تِباس) چنیدہ جمع اقتباسات

اخذ کرنا، نور چھینا۔

اقتبال (اِق - تِبال) نیا کام کرنا، از سر نو کرنا۔

اقتتال (اِق - تِتال) باہم کارزار کرنا۔

اقتدا (اِق - تِدا) پیروی کرنا۔

اقتدار (اِق - تِدار) قدرت، طاقتور ہونا۔

اقتراب (اِق - تِراب) پاس آنا، نزدیک ہونا۔

اقتراح (اِق - تِراح) فرمائش، تجویز، سوال کرنا۔

اقتراض (اِق - تِراض) قرض لینا۔

اقتران (اِق - تِران) نکاح، نزدیکی، نزدیک ہونا۔

اقتسار (اِق - تِسار) جبر سے کام کرانا۔

اقتسام (اِق - تِسام) آپس میں بانٹنا۔

اقتصاد (اِق - تِصاد) میانہ روی، سیدھی راہ چلنا۔

اقتصادی (اِق - تِصا - دی) منسوب بہ اقتصاد۔

اقتصادیات (اِق - تِصا - دی - یات) وہ علم جس

میں ملک کی مادی پیداوار کے مفید صرف کی تعلیم ہے۔

اقتصار (اِق - تِصار) چھوٹا کرنا

اقتصاص (اِق - تِصاص) قصہ کرنا، خون کا عوض لینا

اقتضا (اِق - تِضا) خواہش کرنا۔

اقتضاض (اِق - تِضاض) اچھوتی عورت کے ساتھ ہمبستری

اقتفا (اِق - تِفا) پیروی، پیروی کرنا۔

اقتفال (اِق - تِفال) قفل بند ہونا۔

اقتمام (اِق - تِمام) سب چٹ کرنا۔

اقتنا (اِق - تِنا) پونجی اکٹھی کرنا۔

اقتناص (اِق - تِناص) شکار کرنا، کمانا۔

اقتناع (اِق - تِناع) قناعت کرنا۔

اقتیاس (اِق - تِیاس) پیروی کرنا، قیاس کرنا۔

اقتیال (اِق - تِیال) کہنا، حکومت جتانا۔

اقچہ (اَق - چَہ) سونے یا چاندی کا سکہ۔

اقداح (اِق - داح) ہجو کرنا (اَق - داح) قدح کی جمع

اقدار (اَق - دار) قدر کی جمع۔

اقدام (اِق - دام) پیش قدمی، بہادر ہونا۔

(اَق - دام) قدم کی جمع۔

اقدح (اَق - دَح) بہت ناقص۔

اقدس (اَق - دَس) بہت پاک۔

اقدم (اَق - دَم) نہایت آگے۔

اقراب (اِق - راب) پورے دن کا حمل ہونا۔

اقراد (اَق - راد) قرد کی جمع۔

اقرار (اِق - رار) ہامی، ہاں کرنا۔

اقرار صالح (اِق - را - رِ - صا - لِح) صحیح اقرار۔

اقرار نامہ (اِق - رار - نا - مَہ) اقرار کی تحریر۔

اقراش (اِق - راش) بدگوئی کرنا۔

اقراص (اَق - راص) قرص کی جمع۔

اقراض (اِق - راض) اُدھار دینا۔

اقراع (اِق - راع) قرعہ ڈالنا۔

اقران (اِق - ران) نزدیک آنا، دفع کرنا۔

(اَق - ران) قرن، اقرین کی جمع۔

اقرب (اَق - رَب) بہت نزدیک جمع اقاربِہ۔

اقربا (اَق - رِبا) قریب کی جمع، رشتہ دار لوگ۔

اقرع (اَق - رَع) تمام چٹا۔

اقرن (اَق - رَن) گھنی بھووں والا۔

اقزل (اَق - زَل) لنگڑا۔

اقسا (اِق - سا) دل سخت کرنا۔

اکالہ (اَکَ۔کَالَہ) بلانوش عورت ۔
اکباب (اِکْ۔بَابْ) اوندھا گرنا، اوندھا گرانا ۔
اکباد (اَکْ۔بَادْ) کبد کی جمع ۔
اکبر (اَکْ۔بَرْ) بہت بڑا جمع آکابِر ۔
اکتتاب (اِکْ۔تِتَاْب) چندہ کی فہرست کھولنا، لکھنا، لکھنا سیکھنا ۔
اکتتام (اِکْ۔تِتَامْ) چھپانا، خضاب لگانا ۔
اکتحال (اِکْ۔تِحَالْ) سرمہ لگانا ۔
اکتسا (اِکْ۔تِسَا) کپڑے پہننا ۔
اکتساب (اِکْ۔تِسَابْ) ذاتی محنت سے حاصل کرنا، پیدا کرنا
اکتشاف (اِکْ۔تِشَافْ) ظاہر ہونا، کھلنا جمع اکتشافات ۔
اکتفا (اِکْ۔تِفَا) کفایت کرنا، بس کرنا ۔
اکتم (اَکْ۔تَمْ) نہایت پوشیدہ، بڑے پیٹ والا ۔
اکتمان (اِکْ۔تِمَانْ) چھپنا، گھات میں بیٹھنا ۔
اکتناف (اِکْ۔تِنَافْ) حمایت میں آنا، پناہ میں آنا ۔
اکتناہ (اِکْ۔تِنَاہْ) بات کی تہ کو پہونچنا، بات پانا ۔
اکتوا (اِکْ۔تِوَا) داغنا، داغ دینا ۔
اکثار (اِکْ۔ثَارْ) بہت باتیں بنانا، بہت کام کرنا ۔
اکثر (اَکْ۔ثَرْ) بہت زیادہ ۔
اکثریت (اَکْ۔ثَرِی۔یَتْ) زیادتی، زیادہ ہونا ۔
اکحل (اَکْ۔حَلْ) جس کی آنکھ سرمہ والی ہو، نام رگ جمع اَکَاحِل ۔
اکدر (اَکْ۔دَرْ) نہایت مکدر ۔
اکدش (اِکْ۔دِشْ) دیکھو یکدش ۔
اکذاب (اِکْ۔ذَابْ) جھوٹ کہنا (اَکْ۔ذَابْ) اکذب کی جمع
اکذب (اَکْ۔ذَبْ) بڑا جھوٹا جمع اَکَاذِب ۔
اکراد (اَکْ۔رَادْ) کرد کی جمع ۔
اکرام (اِکْ۔رَامْ) بخشش، عزت، بزرگ کرنا (اَکْ۔رَامْ) کرم کی جمع ۔
اکراہ (اِکْ۔رَاہْ) گھن، نفرت، زبردستی کام کرنا

اکرم (اَکْ۔رَمْ) بڑا بزرگ، بہت بخشنے والا جمع اَکَارِم ۔
اکسار (اَکْ۔سَارْ) کسر کی جمع ۔
اکسیر (اِکْ۔سِیْرْ) رسائن، کیمیا ۔
اکسیرگر (اِکْ۔سِیْر۔گَرْ) کیمیاگر ۔
اکسیری (اِکْ۔سِیْ۔رِیْ) دیکھو اکسیرگر ۔
اکسیہ (اَکْ۔سِیَہْ) کیسہ کی جمع ۔
اکشف (اَکْ۔شَفْ) نہتھا ۔
اکفاد (اِکْ۔فَادْ) ایک عیب دار فیہ (اَکْ۔فَادْ) کفو کی جمع
اکفار (اِکْ۔فَارْ) کافر بنانا، کافر کہنا ۔
اکفال (اِکْ۔فَالْ) ضامن کرنا ۔
اکفان (اَکْ۔فَانْ) کفن کی جمع ۔
اکفر (اَکْ۔فَرْ) نہایت کافر، سخت کافر ۔
اکل (اَکْ۔لْ) کھانا (اُکُلْ) روزی، پھل جمع آکَال ۔
اکلاح (اِکْ۔لَاحْ) ترشروئی کرنا ۔
اکلال (اِکْ۔لَالْ) ماندہ کرنا ۔
اکل وشرب (اَکْ۔لُو۔شُرْب) کھانا پینا ۔
اکلہ (اُکْ۔لَہْ) نوالہ ۔
اکلیل (اِکْ۔لِیْلْ) تاج، مرصع عصابہ جمع اَکَالِیل ۔
اکمال (اِکْ۔مَالْ) کامل کرنا، تمام کرنا ۔
اکمام (اَکْ۔مَامْ) کم کی جمع ۔
اکمل (اَکْ۔مَلْ) نہایت کامل ۔
اکمہ (اَکْ۔مَہْ) پیدائشی اندھا ۔
اکناف (اِکْ۔نَافْ) مدد دینا (اَکْ۔نَافْ) کنف کی جمع
اکنان (اَکْ۔نَانْ) کن کی جمع ۔
اکنون (اَکْ۔نُوْنْ) اب، ابھی ۔
اکواب (اَکْ۔وَابْ) کوب کی جمع ۔
اکواز (اَکْ۔وَازْ) کوز، کوزہ کی جمع ۔
اکوان (اَکْ۔وَانْ) کون کی جمع

اکول (اکْ۔ وَلْ) بڑپیٹو، ملاؤنش۔
اکیاس (اکْ۔ یَاسْ) کیس، کیسہ کی جمع۔
اکیال (اَکْ۔ یَالْ) کیل کی جمع۔
اکید (اَکْ۔ یَدْ) مضبوط، استوار۔
اکیس (اَکْ۔ یَسْ) بڑا عقلمند۔
اکیل (اَکِیْلْ) ہم پیالہ، ہمنوالہ۔
اکیلہ (اَکِیْ۔ لَہْ) کھانے کی چیز۔
اگر (اَگَرْ) ۱۔ کلمۂ شرط، جو۔ ۲۔ جیسے جو ایک دعوٰی ہے۔
اگرچہ (اَگَرْ۔ چِہْ) گرچہ، ارچہ۔
ال (اِلْ) پیمان، امان، سوگند۔
الا (اَلَا) کلمۂ تنبیہ، خبردار (اِلْ۔ لَا) نہیں تو

حرف رفع شرط، حرف استثنا (اَلْ۔ لَا) حرف تخصیص (اِلَا) دیکھو الی۔
الاچق (اَ۔ لَا۔ چُقْ) جھونپڑا۔
الاچہ (اَ۔ لَا۔ چَہْ) دو رنگ دھاریدار کپڑا۔
الاربعون، الاربعین (اَلْ۔ اَرْ۔ بَعُوْنْ، اَلْ۔ اَرْ۔ بَعِیْنْ) چالیسواں۔ ۱/۴۰
الاغ، الاق (اُ۔ لَاغْ، اُ۔ لَاقْ) ہمجولی، کشتی، ڈاک کا گھوڑا۔
الاقی (اَ۔ لَا۔ قِیْ) القیہ کی جمع۔
الالف (اَلْ۔ اَلْفْ) ہزار دال۔
الامان (اَلْ۔ اَمَانْ) کلمۂ خوف، پناہ بخدا (اَ۔ لَا۔ مَانْ) جرمن۔
الامانی (اَ۔ لَا۔ مَا۔ نِیْ) جرمنی۔
الآن (اَلْ۔ آنْ) ابھی، اسیوقت۔
البا (اَلِبْ۔ بَا) لبیب کی جمع۔
الباب (اِلْ۔ بَابْ) مقیم ہونا (اَلْ۔ بَابْ) لب کی جمع
الباس (اِلْ۔ بَاسْ) کپڑے پہننا۔
البان (اِلْ۔ بَانْ) دودھ اترنا (اَلْ۔ بَانْ) لبن کی جمع
البتہ (اَلْ۔ بَتْ۔ تَہْ) بیشک، لاریب
البرز (اَلْ۔ بُرْزْ) نام پہاڑ۔

البسہ (اَلْ۔ بِسَہْ) لباس کی جمع۔
التباس (اِلْ۔ تِبَاسْ) مشابہت، شبہ پڑنا پوشیدہ ہونا۔
التثام (اِلْ۔ تِثَامْ) چومنا، بوسہ لینا، منہ باندھنا۔
التجا (اِلْ۔ تِجَا) آرزو کرنا۔
التجاج (اِلْ۔ تِجَاجْ) لڑنا، جنگ کرنا۔
التحا (اِلْ۔ تِحَا) چھیلنا۔
التحاد (اِلْ۔ تِحَادْ) میل کرنا، مذہب سے پھرجانا
التحاف (اِلْ۔ تِحَافْ) سر سے کپڑا اوڑھنا۔
التحام (اِلْ۔ تِحَامْ) زخم بھرنا۔
التذاذ (اِلْ۔ تِذَاذْ) لذت اٹھانا، مزہ لینا۔
التزاق (اِلْ۔ تِزَاقْ) چمٹنا، چپکنا۔
التزام (اِلْ۔ تِزَامْ) لازم پکڑنا۔
التسعون (اَتْ۔ تِسْ۔ عُوْنْ) نوّے واں ۱/۹۰
التساق، التصاق (اِلْ۔ تِسَاقْ، اِلْ۔ تِصَاقْ) دیکھو التزاق۔
التفات (اِلْ۔ تِفَاتْ) توجہ، مہربانی کرنا۔
التقا (اِلْ۔ تِقَا) اکٹھا ہونا، باہم ہونا۔
التقاط (اِلْ۔ تِقَاطْ) اکٹھا کرنا، چننا۔
التقام (اِلْ۔ تِقَامْ) نوالہ کرنا، نگلنا۔
التماس (اِلْ۔ تِمَاسْ) عرض کرنا، ڈھونڈھنا۔
التماع (اِلْ۔ تِمَاعْ) چمکنا۔
التمش (اَلْ۔ تَمَشْ) آگے کی فوج۔
التوا (اِلْ۔ تِوَا) لپٹنا، ملتوی کرنا۔
التہاب (اِلْ۔ تِہَابْ) بھڑکنا۔
التی (اَلْ۔ تِیْ) جو، جس۔
التیاط (اِلْ۔ تِیَاطْ) چپکانا، ملانا۔
التیام (اِلْ۔ تِیَامْ) زخم بھرنا، باہم ملنا۔
الثالوث (اَثْ۔ ثَا۔ لُوْثْ) تثلیث۔
الثلاثون (اَثْ۔ ثَلَا۔ ثُوْنْ) تیسواں ۱/۳۰

الثمانون (اَثْ۔ ثَمَا۔نُوْنَ) اسّی (۸۰)

الجام (اِلْ۔ جَامْ) لگام دینا۔

الجبر ومقابلہ (اَلْ۔جَبْ۔رُ وَ مُقَا۔بَلَہ) الجبرا۔

الجذع الکبیر (اَلْ۔ جَذْ۔عُلْ کَبِیْر) شہتیر۔

الجزائر (اَلْ۔ جَزَا۔ اِرْ) ملک الجیریا (شمالی افریقہ)

الجمہ (اَلْ۔ جِمَّہْ) لجام کی جمع۔

الجوع (اَلْ۔ جُوْع) بھوک۔

الحاج (اَلْ۔ حَاجْ) حاجی۔

الحاح (اِلْ۔ حَاحْ) مبالغہ کرنا، گڑگڑانا۔

الحاد (اِلْ۔ حَادْ) دینِ حق سے پھر جانا (اَلْ۔ حَادْ) لحد کی جمع۔

الحادی والعشرون (اَلْ۔ حَا۔ دِیْ۔ وَلْ۔ عِشْ۔ رُوْن) اکیسواں۔

الحاصل (اَلْ۔ حَا۔صِلْ) آخرِ کلام، خلاصۂ کلام۔

الحاف (اِلْ۔ حَافْ) دیکھو الحاح۔

الحاق (اِلْ۔ حَاقْ) ملانا، پیوستہ کرنا۔

الحال (اَلْ۔ حَالْ) ابھی، اسی وقت۔

الحان (اِلْ۔ حَانْ) گیت، شعر، گانا۔ (اَلْ۔ حَانْ) لحن کی جمع۔

الحق (اَلْ۔ حَقْ) سچ، فی الواقع۔

الحم (اَلْ۔ حُمْ) الم کی جمع۔

الحمرا (اَلْ۔ حَمْ۔رَا) ایک عربی عمارت (اندلس)

الحمالۃ (اَلْ۔ حَمَا۔ لَتْ) نام پوشش۔

الخمسون (اَلْ۔ خَمْ۔ سُوْن) پچاسواں۔

الخن (اَلْ۔ خِنْ) گبرا۔

الد (اَلَدّ) بڑا جھگڑالو جمع لُدّ

الذ (اَلَذّ) بہت مزیدار۔

الذی (اَلْ۔ لَذِیْ) جو، جس۔

الرادیو (اَرْ۔رَا۔ دِیُوْ) ریڈیو۔

الزاق (اِلْ۔ زَاقْ) چپکنا، چپکانا۔

الزام (اِلْ۔ زَامْ) مسند ھی بات جمع الزامات لازم کرنا۔

الزم (اَلْ۔ زَمْ) لازم تر۔

الساق (اِلْ۔ سَاقْ) دیکھو الزاق۔

السبعون (اَسْ۔ سَبْ۔ عُوْن) سترھواں ہے۔

الست (اَلَسْتُ) اللہ تعالیٰ و انسان کے پیمان کا اشارہ جس کا ذکر قرآن میں ہے

الستون (اَسْ۔ سِتْ۔ تُوْن) ساٹھواں۔

السلام (اَسْ۔ سَلَامْ) سلام۔

السن، السنہ (اَلْ۔ سُنْ، اَلْ۔ سِنَہْ) لسان کی جمع

الش (اَلَشّ) دیکھو الوش۔

الشعر المنقلب (اَشْ۔ شَعْ۔ رُلْ مُنْ۔ قَلِبْ) پربال، آنکھ کا بال

الصاق (اِلْ۔ صَاقْ) دیکھو الزاق۔

الطاف (اَلْ۔ طَافْ) لطف کی جمع۔

الطف (اَلْ۔ طَفْ) بہت پاکیزہ۔

الظاظ (اِلْ۔ظَاظْ) لازم رکھنا، ملازم ہونا۔

العاب (اِلْ۔ عَابْ) کھیل کودنا۔

العشرون (اَلْ۔ عِشْ۔ رُوْن) بیسواں۔

العطش (اَلْ۔ عَطَشْ) کلمۂ اظہارِ پیاس۔

اُلغ (اُ۔لُغْ) نہایت بزرگ۔

الغار (اِلْ۔ غَارْ) دیکھو یلغار۔

الغاز (اِلْ۔ غَازْ) پہیلیاں کہنا (اَلْ۔ غَازْ) لغز کی جمع۔

الغاظ (اِلْ۔ غَاظْ) سٹکنا، گلے میں اتارنا۔

الغرض (اَلْ۔ غَرَضْ) القصہ، حاصلِ مطلب۔

الغوزہ (اَلْ۔ غُوْ۔ زَہْ) سیٹی، بانسری (اُلْ۔ غُوْ۔ زَہْ) چیستاں، پہیلی۔

الغیاث (اَلْ۔ غِیَاثْ) فریاد، دہائی۔

الف (اَلْ۔ فْ) ہزار جمع اُلُوف، آلاف (اِلْ۔ فْ) دوستی، یار دوست، عادی ہونا (اُلْفَتْ) عادت پکڑنا، دوست بنانا (اِلْفَا) گھوڑا دو پاؤں پر کھڑا ہو جانا۔

الفاد (اِل - فَار) پانا، محبت کرنا۔
الفاختن (اَل - فَاخ - تَن) جمع کرنا، اکٹھا کرنا، بہم پہونچانا۔
الفاظ (اَل - فَاظ) لفظ کی جمع۔
الفاف (اَل - فَاف) آپس میں لپٹنا (اَل - فَاف) لف کی جمع۔
الفت (اُل - فَت) محبت، پریم۔
الفختن (اَل - فَخ - تَن) دیکھو الفاختن۔
الفسح (اَل - فِس - ح) ایک عیسائی تہوار (ایسٹر)
الفغدن یا الفنجیدن (اَل - فَغ - دَن) (اَل - فَن - جی - دَن) دیکھو الفختن۔
القار (اِل - قَار) ڈالنا، غیب سے دل میں ڈالنا۔
القاب (اَل - قَاب) لقب کی جمع۔
القاط (اَل - قَاط) لقطہ کی جمع
القصہ (اَل - قِص - صَہ) حاصل کلام، مطلب۔
القیہ (اَل - قِی - یَہ) سوال، مسئلہ، حادثہ جمع الاقی۔
الکا (اُل - کَا) پرگنہ، زمین، دیس۔
الکاہل (اَل - کَا - ہِل) تجربا سنگ۔
الکن (اَل - کَن) ہکلا، توتلا۔
الکہ (اُل - کَہ) ولایت، کشور۔
اللاثی (اَل - لَا - ثِی) جو، جن۔
اللذین (اَل - لَذِی - نَ) جو، جن
اللہ (اَل - لَاہ) خدا تعالیٰ۔
الم (اَ - لَم) رنج جمع آلام۔
الماث (اَل - مَا - ثَہ) سو دال ۱/۱۰۰
الماس (اَل - مَاس) ہیرا، شیشہ، فولاد۔
المان، المانیہ (اَل - مَان) (اَل - مَا - نِیَہ) ملک جرمن
المشد (اَل - مَشد) کھوسا، جتی دار تھا، والا۔
المعی (اَل - مَعِی) صاحب رائے، دانشور۔
الم غلم (اَل - لَم - غَل - لَم) معمولی بات۔

الملیون (اَل - مِل - یُون) دس لاکھ۔
الم نشرح (اَلَم - نَش - رَح) کیا ہم نے نہیں کھولا، آشکارا۔
المیہ (اَل - مِی - یَہ) غم انگیز قصہ۔
النگ (اَ - لَنگ) ، سورج یو ح (اَ - لَنگ) ہرا بھرا چمن، سبزہ، بادل۔
النگو (اَ - لَنگ - گُو) کانچ کی چوڑی۔
النی (اَل - نِی) کولا، چوکھٹ۔
الو (اُ - لُو) ذو کی خلاف قیاس جمع (اَل - و) نعت جمع الی جمع آلا تقصیر کرنا، دیر لگانا۔
الوا (اِل - وَا) حق مارنا (اَل - وَا) کھیکوار۔
الواث (اَل - وَاث) لوث کی جمع۔
الواح (اَل - وَاح) لوح کی جمع۔
الواز (اَل - وَاز) لوز کی جمع۔
الواط (اَل - وَاط) تماشبین، رند، لوطی کی جمع۔
الوان (اَل - وَان) لون کی جمع۔
الوش (اَ - لُوش) امیر و گدا جھوٹا کھانا۔
الوف (اُ - لُوف) الف کی جمع۔
الوند (اَل - وَن - د) نام پہاڑ۔
الوہیت (اُ - لُو - ہی - یَت) خدائی، خداوند کا۔
الویہ (اَل - وِ - یَہ) لوا کی جمع۔
الہ (اِ - لَاہ) اللہ۔
الہا (اِ - لَا - ہَا) اے اللہ تعالیٰ
اللہ اللہ (اَل - لَہ - اَل - لَہ) کلمہ تعجب۔
الہاب (اِل - ہَاب) بھڑکانا۔
الہام (اِل - ہَام) خدا کی طرف سے دل میں بات آنی
الٰہی (اِ - لَا - ہِی) میرے اللہ۔
الٰہیات (اِ - لَا - ہِی - یَات) علم الٰہی، مطابق فلسفہ، حکمت۔
الی (اِ - لَا، اِلَ - ہِی) الو کی جمع نعمت (اِ - لَا) کونا، کنگ۔

الی الآن (اِ لَلْ۔ آنْ) اب تک۔
الی این (اِلَا۔ اَیْ۔ نَ) کدھر۔
الیس (اَلِ۔ یَس) بہادر، دلیر۔
الیف (اَلِیف) یار، دوست جمع آلائف۔
الیم (اَلِیم) دردناک۔
الیوم (اَلْ۔ یَوم) آج۔
الیہ (اِلَیْہِ) اُسکی طرف (اَلْ۔ یَہ) چوتڑ، بھاری
اُم (اُمّ) ماں جمع اُمّہات۔
اِمّا (اِمّا) لیکن، حرف تردید (اُمّا) اُمّت کی جمع
امّا بعد (اَمّا۔ بَعْد) لیکن بعد۔
اماتت (اِما۔ تَتْ) قتل کرنا، مار ڈالنا۔
اماثل (اَما۔ ثِلْ) امثل کی جمع۔
اماجد (اَما۔ جِدْ) امجد کی جمع۔
امارت (اِمارَتْ) امیری، حکومت (اَما۔ رَتْ) نشان، علامت۔
امارد (اَما۔ رِدْ) امرد کی جمع۔
امارہ (اَمْ۔ ما۔ رَہْ) بدی کی طرف رغبت دلانیوالا
اماس (اَماس) دیکھو آماس
اماکن (اَما۔ کِنْ) مکان کی جمع الجمع۔
ام الجیش (اُمُّلْ۔ جَیْش) لشکر کا جھنڈا۔
ام الخبائث (اُمُّلْ۔ خَبا۔ ئِث) شراب۔
ام الشیاطین، ام الصبیان (اُمُّش۔ شَیا۔ طِین، اُمُّص۔ صِب۔ یان) مسان، جھنگا۔
ام العلوم (اُمُّلْ۔ عُلُوم) علم صرف۔
ام القری (اُمُّلْ۔ قُرا) مکہ معظمہ۔
ام الکتاب (اُمُّلْ۔ کِتاب) سورہ فاتحہ، قرآن پاک، لوح محفوظ۔
ام الولد (اُمُّلْ۔ وَلَد) وہ کنیز جس کے اپنے آقا سے اولاد ہو۔
امالہ (اِما۔ لَہ) میل دینا، زبر کو زیر بنانا مثلاً کتاب کا امالہ کتیب (کہتے ہیں)

امام (اِمام) پیشوا، ہادی، نماز پڑھانے والا، بادشاہ جمع ائمہ (اَمام) آگے، پیش، قبل۔
امامت (اِما۔ مَت) پیشوائی، منصب نماز۔
امام مبین (اِمام مُبِین) لوح محفوظ۔
امامیہ (اِما۔ مِی۔ یَہ) امام سے نسبت رکھنے والا، شیعہ مسلمان۔
امان (اَمان) پناہ، بے خوفی۔
امانت (اَمانَت) حفاظت میں لی ہوئی چیز، پارسل، منی آرڈر جمع اَمانات چیز حفاظت میں لینا۔
امانی (اَما۔ نِی) امنیت کی جمع۔
امپراطور (اَم۔ پَرا۔ طُور) شہنشاہ۔
امپراطریس (اَم۔ پَرا۔ طْ۔ رِیس) ملکہ۔
امت (اُم۔ مَت) پیروان نبی، گروہ، جماعت، گروہ جمع اُمَم (اَمَت) لونڈی، باندی جمع آماء (اَم۔ تِ) ٹیڑھا، ٹیلہ، اونچا نیچا۔
امتاع (اِم۔ تاع) نفع پہونچانا۔
امتثال (اِم۔ تِثال) حکم ماننا، تعمیل کرنا۔
امتثال امر (اِم۔ تِثا۔ لِ۔ اَمْر) تعمیل حکم۔
امتخاط (اِم۔ تِخاط) ناک صاف کرنا۔
امتحان (اِم۔ تِحان) آزمائش جمع امتحانات آزمانا۔
امتخاخ (اِم۔ تِخاخ) ہڈی سے گودا نکالنا۔
امتداد (اِم۔ تِداد) درازی، لمبا ہونا
امتراش (اِم۔ تِراش) اچک لینا، چھینا۔
امتزاج (اِم۔ تِزاج) ملونی کرنا۔
امتشاط (اِم۔ تِشاط) کنگھی کرنا۔
امتصاص (اِم۔ تِصاص) چوسنا۔
امتعہ (اَم۔ تِعَہ) متاع کی جمع۔
امتقاع (اِم۔ تِقاع) رنگ فق ہوجانا۔

امتلا (اِم۔ تِلا) مستی، اُبکائی، بھرا ہونا، چھلک جانا۔
امتلاخ (اِم۔ تِلاخ) چھڑانا، چھیننا، اکھاڑنا۔
امت مرحومہ (اُم۔ مَت۔ مَر۔ حُو۔ مَہ) رحمت کی ہوئی امت، مسلمان۔
امتناع (اِم۔ تِناع) روک، باز ہونا، منع کرنا۔
امتنان (اِم۔ تِنان) احسان رکھنا، نعمت دینا۔
امتہان (اِم۔ تِہان) ذلیل و خوار رکھنا۔
امتیاز (اِم۔ تِیاز) لائسنس، حق، فرق کرنا، تمیز کرنا۔
امتیاز نامہ (اِم۔ تِیاز۔ نا۔ مَہ) لائسنس۔
امثال (اِم۔ ثال) ناک کان کاٹنا (اَم۔ ثال) مثل کی جمع۔
امثل (اَم۔ ثَل) بزرگ، برگزیدہ جمع اَماثِل۔
امثلہ (اَم۔ ثِلَہ) مثال کی جمع۔
امجد (اَم۔ جَد) نہایت بزرگ جمع اَماجِد۔
امحاش (اِم۔ حاش) آگ جلانا۔
امحال (اِم۔ حال) قحط سالی ہونا، قحط میں پڑنا۔
امحاش (اِم۔ حاش) جھلسا ہوا ہونا۔
امخاض (اِم۔ خاض) خالص دودھ پینا۔
امداد (اِم۔ داد) مدد کرنا۔
امر (اَم۔ ر) حکم جمع اَوامِر، کام، بات، جمع اُمُور۔
امرا (اُمَرا) امیر کی جمع (اِم۔ را) کھانا ہضم ہونا۔
امراۃ (اِم۔ رَاۃ) عورت جمع نسا، نسوۃ، نسوان۔
امرار (اِم۔ رار) گزارنا، عہد مضبوط کرنا۔
امراض (اِم۔ راض) بیمار کرنا (اَم۔ راض) مرض کی جمع۔
امراغ (اِم۔ راغ) منہ کی رال گرانا، ادل فول بکنا۔
امر بالمعروف (اَم۔ رِ۔ بِل۔ مَع۔ رُوف) اچھے کام کا حکم۔

امرت (اِم۔ رَت) امیری۔
امرد (اَم۔ رَد) نوجوان لڑکا جسکے خط نہ نکلا ہو جمع مُرد، اَمارِد۔
امرط (اَم۔ رَط) کھوسا، ننگی داڑھی والا
امردت (اَم۔ رَدت) سفری، امرود۔
امروز (اَم۔ روز) آج۔
امرجہ (اَم۔ رِجَہ) مزاج کی جمع۔
امس (اَمس) کل، گذشتہ، گذشتہ دن۔
امسا (اِم۔ سا) رات کا وقت کر دینا۔
امساس (اِم۔ ساس) چھونا، مسلنا۔
امساک (اِم۔ ساک) کنجوسی، رکاوٹ، قبض۔
امشب (اِم۔ شب) آج کی رات۔
امصار (اَم۔ صار) مصر کی جمع۔
امضا (اِم۔ ضا) سرکاری مہر، دستخط، نشان، حکم جاری کرنا۔
امطار (اِم۔ طار) مینھ برسنا (اَم۔ طار) مطر کی جمع۔
امعا (اَم۔ عا) معا کی جمع۔
امعار (اِم۔ عار) درویش ہونا۔
امعان (اِم۔ عان) گہری نظر ڈالنا، گہرا سوچنا۔
امعط (اَم۔ عَط) کھوسا، ننگی داڑھی والا
ام غیلان (اُم۔ مِ۔ غَی۔ لان) ببول، کیکر۔
امکان (اِم۔ کان) ہو سکنا۔
امکنہ (اَم۔ کِنَہ) مکان کی جمع۔
امل (اَ۔ مَل) امید، آس جمع آمال۔
املا (اِم۔ لا) رسم الخط، لکھنا، یاد سے لکھنا، پُر کرنا، لکھوانا (اَم۔ لا) ملا کی جمع۔
املاح (اِم۔ لاح) نمکین کرنا (اَم۔ لاح) ملیح کی جمع۔
املاص (اِم۔ لاص) پیٹ گرانا۔
املاق (اِم۔ لاق) کنگالی، فقیری۔
املاک (اِم۔ لاک) مالک کر دینا (اَم۔ لاک) ملک کی جمع۔

املال (اِمْ۔لَالْ) رنجیدہ کرنا۔
املج (آمْ۔لَجْ) آملہ۔
املس (آمْ۔لَسْ) سادہ، ہموار، صاف، نرم، چکنا۔
امم (اُمَمْ) امت کی جمع۔
امن (اَمْ۔اَنْ) چین چان جمع آمَانْ
امنا (اُمَنَاء) امین کی جمع۔
امنیت (اُمْ۔نِی۔یَتْ) آرزو، امید جمع اَمَانِیْ
(اَمْ۔نِیْ۔یَتْ) چین چان جمع آمَانِی
امنیہ (اُمْ۔نِیْ۔یَہْ) دیکھو امنیت۔
اموات (اَمْ۔وَاتْ) موت، میت کی جمع۔
امواج (اَمْ۔وَاجْ) موج کی جمع۔
اموال (اَمْ۔وَالْ) مال کی جمع۔
امواہ (اَمْ۔وَاہْ) ماء کی جمع۔
امور (اُمُوْرْ) امر کی جمع۔
امومیت (اُمُو۔مِیْ۔یَتْ) ماتا۔
اموی (اُمَوِیْ) بنی امیہ کی طرف منسوب
امہات (اُمْ۔مَہَاتْ) امہ کی جمع۔
امہال (اِمْ۔ہَالْ) نرمی، آہستگی، مہلت دینا۔
امہق (اَمْ۔ہَقْ) بے حد سفید۔
امی (اُمْ۔مِیْ) بلا پڑھا لکھا، میری ماں۔
امیال (اَمْ۔یَالْ) میل کی جمع۔
امید (اُمْ۔مِیْد، اُمِیْد) آس، آرزو۔
امیدوار (اُمِیْد۔وَارْ) آرزومند۔
امیدوارانہ (اُمِیْد۔وَا۔رَا۔نَہْ) آرزومندانہ۔
امیدواری (اُمِیْد۔وَا۔رِیْ) آرزومندی۔
امیر (اَمِیْرْ) سردار، حاکم، بادشاہ جمع اُمَرَاء۔
امیرالبحر (اَمِیْ۔رُلْ۔بَحْ۔رْ) بحری بیڑے کا افسر اعلیٰ۔
امیر لشکر (اَمِیْ۔رِ۔لَشْ۔کَرْ) فوج کا سردار۔
امیری (اَمِیْ۔رِیْ) خراج، ٹیکس، سرداری، مالداری

امین (اَمِیْنْ) امانت دار جمع اُمَنَاء
ان (اِنْ) اگر، جو (اِنْ۔نَ) تحقیق، ہونا۔
انا (اِنَاء) ظرف، پانی کا برتن جمع آنِیَہْ جمع جمع اَوَانِیْ (اِنَا) تنت، وقت (اَنَا) ہم۔
انابت (اِنَا۔بَتْ) الٹا پھرنا، برے کاموں سے پھرنا۔
انابیب (اَنَا۔بِیْبْ) انبوبہ کی جمع، واٹر ورکس، پانی کے نلکے۔
انات (اَنَاتْ) دیر، آہستگی۔
اناث (اِنَاثْ) انثیٰ کی جمع۔
اناج (اَنَاجْ) غلہ۔
اناجیل (اَنَا۔جِیْلْ) انجیل کی جمع۔
انارت (اِنَا۔رَتْ) روشن کرنا۔
اناس (اُنَاسْ) بہت سے لوگ (اسم جمع)
اناسی (اَنَا۔سِیْ) انسی کی جمع۔
انا البحر (اَنَلْ۔بَحْ۔رْ) میں سمندر ہوں۔
انا البرق (اَنَلْ۔بَرْ۔قْ) میں بجلی ہوں
انا الحق (اَنَلْ۔حَقْ) میں خدا ہوں۔
انام (اَنَامْ) مخلوقات (اسم جمع)
انامل (اَنَا۔مِلْ) انملہ کی جمع۔
انان (اِنَانْ) دیکھو انین (اَنْ۔نَانْ) بہت نالہ کرنیوالا
انانیت (اَنَا۔نِیْ۔یَتْ) خودستائی، خودبینی، خودی۔
انب (اَنَبْ) بیگن، بادنجان۔
انبا (اِمْ۔بَاءْ) خبر دینا (اَمْ۔بَاءْ) نبأ کی جمع۔
انبجاح (اِمْ۔بَاجْ) بھونکنا۔
انبار (اَمْ۔بَارْ) نبر کی جمع، ڈھیر۔
انباردن (اَمْ۔بَارْ۔دَنْ) پاٹنا، ڈھیر کرنا مضع اَنْبَارَدْ۔
انباردنی (اَمْ۔بَارْ۔دَنِیْ) ڈھیر کرنے کے قابل۔
انبارده (اَمْ۔بَارْ۔دَہْ) ڈھیر کیا ہوا، پاٹا ہوا۔
انبارش (اَمْ۔بَا۔رِشْ) حشو، بھرتی، جسکو کسی چیز میں بھرا

انبارنده (اَم۔ بَا۔ رِن۔ دَہ) ڈھیر کرنیوا، پاٹنے والا۔
انباز (اَم۔ بَاز) شریک، ساجھی۔
انبازی (اَم۔ بَا۔ زی) شرکت، سنگت۔
انباغ (اَم۔ بَاغ) سوت، سوکن۔
انبال (اَم۔ بَال) بیل کی جسم
انبان (اَم۔ بَان) کمایا ہوا چمڑا۔
انبان باد (اَم۔ بَان۔ بَاد) دھونکنی۔
انباسہ (اَم۔ بَا۔ سَہ) چمڑی تھیلا۔
انباہ (اِم۔ بَاہ) بیدار کرنا۔
انبج (اَم۔ بَج) انبہ، آم۔
انبساط (اِم۔ بِسَاط) خوشی، کھلنا، پھیلنا۔
انبعاث (اِم۔ بِعَاث) اٹھنا، برانگیختہ ہونا۔
انبوبہ (اَم۔ بُو۔ بَہ) ٹونٹی، نلکی۔ جمع
انبوب) آنا بیٹ۔
انبودن (اَم۔ بُو۔ دَن) چننا۔
انبودنی (اَم۔ بُو۔ دَنی) چننے کے لائق۔
انبودہ (اَم۔ بُو۔ دَہ) چنا ہوا۔
انبوسیدن (اَم۔ بُو۔ سی۔ دَن) ظاہر ہونا، موجود ہونا۔
انبوہ (اَم۔ بُوہ) ہجوم، بھیڑ، مجمع۔
انبوئیدن (اَم۔ بُو۔ اِی۔ دَن) بو کرنا، سونگھنا۔
انبہ (اَم۔ بَہ) آم، انبج۔
انبیا (اَم۔ بِیا) نبی کی جمع۔
انباشتن (اَم۔ بَاش۔ تَن) دیکھو انباردن۔
انباشتنی (اَم۔ بَاش۔ تَنی) دیکھو انبارنی۔
انباشتہ (اَم۔ بَاش۔ تَہ) دیکھو انبارده۔
انت (اَن۔ ت) تو ایک مرد (اَن۔ تِ) تو ایک عورت۔
انتباش (اِن۔ تِبَاش) کفن چرانا، ننگا کرنا۔
انتباہ (اِن۔ تِبَاہ) آگاہی، خبردار ہونا، خبردار کرنا۔

انتجاب (اِن۔ تِجَاب) چننا۔
انتحال (اِن۔ تِحَال) سخن چوری، مضمون چرانا
انتخاب (اِن۔ تِخَاب) چننا، پسند کرنا۔
انتداب (اِن۔ تِدَاب) کام کیلئے بلانا۔
انتزاع (اِن۔ تِزَاع) اکھڑنا، اکھاڑنا۔
انتساب (اِن۔ تِسَاب) لگاؤ، نسبت دینا۔
انتساخ (اِن۔ تِسَاخ) نقل مطابق اصل لکھنا، نسخہ حاصل کرنا۔
انتساق (اِن۔ تِسَاق) طریقہ، انتظام، ترتیب دینا۔
انتسال (اِن۔ تِسَال) نسل چلنا۔
انتشام (اِن۔ تِشَام) خوشبو سونگھنا۔
انتشار (اِن۔ تِشَار) پراگندگی، تتر بتر ہونا۔
انتصاب (اِن۔ تِصَاب) اٹھ کھڑا ہونا، دشمن رکھنا۔
انتصاح (اِن۔ تِصَاح) نصیحت ماننا۔
انتصاف (اِن۔ تِصَاف) انصاف پانا، آدھا ہونا۔
انتطاح (اِن۔ تِطَاح) سینگ مارنا۔
انتظار (اِن۔ تِظَار) راہ دیکھنا۔
انتظام (اِن۔ تِظَام) بندوبست، کام ٹھیک ہونا۔
انتعاش (اِن۔ تِعَاش) عیش و نشاط، اچھا حال ہونا، بلند ہونا، اٹھنا۔
انتفا (اِن۔ تِفَا) ناپید ہو جانا، کھویا جانا۔
انتفاخ (اِن۔ تِفَاخ) سوجنا، پھول لنا۔
انتفاض (اِن۔ تِفَاض) جھڑا ہوا ہونا۔
انتفاع (اِن۔ تِفَاع) فائدہ، نفع پانا۔
انتقا (اِن۔ تِقَا) چننا، قبول کرنا۔
انتقاد (اِن۔ تِقَاد) نقد لینا، پرکھنا۔
انتقاش (اِن۔ تِقَاش) بال اکھیڑنا۔
انتقاص (اِن۔ تِقَاص) گھٹنا، نقص ہونا

انتقاض (اِن۔ تِقَاض) پیمان توڑنا۔
انتقاع (اِن۔ تِقَاع) ذرا ایک سمت پھیر لینا۔
انتقال (اِن۔ تِقَال) موت، مقام تبدیل کرنا۔
انتقالِ ذہنی (اِن۔ تِقَا۔ لِ۔ ذِہ۔ نی) ایک بات سے دوسری کو ذہن جانا۔
انتقام (اِن۔ تِقَام) بُرا بدلہ، کینہ نکالنا۔
انتقاماً (اِن۔ تِقَا۔ مَا۔ نَہ) انتقام کے طور پر۔
انتکاث (اِن۔ تِکَاث) عہد توڑنا۔
انتکاس (اِن۔ تِکَاس) اوندھا ہونا۔
انتکاف (اِن۔ تِکَاف) لاج رکھنا۔
انتُم (اَن۔ تُم) تم بہت سے مرد۔
انتما (اِن۔ تِمَا) بڑھنا، پھولنا (اَن۔ تُمَا) تم دو۔
انتُن (اَن۔ تُن۔ نَ) تم بہت سی عورتیں۔
انتہا (اِن۔ تِہَا) اخیر حد، حدود، سرا، سرے تک۔
انتہاب (اِن۔ تِہَاب) لُٹ جانا۔
انتہا پسند (اِن۔ تِہَا۔ پَسَن۔ د) کسی چیز کی انتہا پسند کرنے والا۔
انتہا پسندی (اِن۔ تِہَا۔ پَسَن۔ دِی) انتہا پسند کرنا۔
انتہار (اِن۔ تِہَار) ہانپنا۔
انتہاز (اِن۔ تِہَاز) فرصت پانا، قابو پانا، وقت تاکنا۔
انتہاض (اِن۔ تِہَاض) کوچ کرنا، اُٹھنا۔
انتیاع (اِن۔ تِیَاع) حل ہونا، رواں ہونا۔
انثیٰ (اُن۔ ثَا) عورت، مادہ جمع اناث، اُنث، اناثیٰ
انثیال (اِن۔ ثِیَال) ٹوٹ پڑنا۔
انجا (اِن۔ جَار) دوڑنا، بھاگنا، چھڑانا۔
انجاح (اِن۔ جَاح) حاجت روا ہونا یا کرنا۔
انجاز (اِن۔ جَاز) وعدہ وفا کرنا، حاجت روا کرنا

انجاس (اِن۔ جَاس) گندا کرنا (اَن۔ جَاس) نجس کی جمع۔
انجام (اَن۔ جَام) آخر، انتہا۔ ۲۔ نجم کی جمع۔
انجامندہ (اَن۔ جَا۔ مِن۔ دَہ) آخر ہونے والا۔
انجامیدن (اَن۔ جَا۔ می۔ دَن) آخر ہونا، تمام ہونا۔ مضع آنجامد۔
انجامیدہ (اَن۔ جَا۔ می۔ دَہ) تمام شدہ، آخر شدہ
انجب (اَن۔ جَب) بڑا شریف، باندی بچہ۔
انجخیدن (اَن۔ جَخی۔ دَن) دیکھو انجوخیدن۔
انجدان (اَن۔ جُدَان) ہینگ کا پیڑ۔
انجذاب (اِن۔ جِذَاب) جذب ہونا، کشیدہ ہونا تیز چلنا۔
انجر (اَن۔ جَر) لنگر، لنجر۔
انجس (اَن۔ جَس) نہایت ناپاک۔
انجغیدن (اَن۔ جَغی۔ دَن) دیکھو انجوغیدن۔
انجل (اَن۔ جَل) فراخ چشم۔
انجلا (اِن۔ جِلَا) روشن ہونا، وطن سے جانا۔
انجلاب (اِن۔ جِلَاب) جلب ہونا، کشیدہ ہونا۔
انجم (اَن۔ جُم) نجم کی جمع۔
انجماد (اِن۔ جِمَاد) جمنا، بستہ ہونا۔
انجمن (اَن۔ جُمَن) مجلس، محفل۔
انجوخیدن، انجوغیدن (اَن۔ جو۔ خی۔ دَن، اَن۔ جو۔ غی۔ دَن) جھری پڑنا، سرو ٹیڑھا
انجیدن (اَن۔ جی۔ دَن) چور رنگ کرنا ریزہ ریزہ کرنا۔
انجیدہ (اَن۔ جی۔ دَہ) زخمی، چور رنگ۔
انجیل (اِن۔ جیل) مژدہ، خوش خبری، عیسائیوں کی آسمانی کتاب جمع اناجیل۔
انحا (اِن۔ حَا) جاری کرنا، پھرانا (اَن۔ حَا) نحو کی جمع۔
انحتاث (اِن۔ حِتَاث) پت جھڑ۔

انجذاب (اِنْ۔جِذَابْ) کبڑا ہونا۔
انحراف (اِنْ۔حِرَافْ) پھر جانا، ٹیڑھا ہونا۔
انحسار (اِنْ۔حِسَارْ) بال جھڑنا۔
انحصار (اِنْ۔حِصَارْ) احاطہ، گھیر لینا۔
انحطاط (اِنْ۔حِطَاطْ) کم ہونا، گھٹنا۔
انحطام (اِنْ۔حِطَامْ) شکستہ ہونا۔
انحنا (اِنْ۔حِنَا) ٹیڑھا ہونا، کبڑا ہونا، جھکنا۔
انخداع (اِنْ۔خِدَاعْ) دغا کھانا، فریب کھانا۔
انخراط (اِنْ۔خِرَاطْ) پتلا ہونا، چھیلا جانا۔
انخراق (اِنْ۔خِرَاقْ) تڑقنا، پھٹ جانا۔
انخرام (اِنْ۔خِرَامْ) چھپی جانا۔
انخفاف (اِنْ۔خِفَافْ) سبکی، خفت۔
انخلاد (اِنْ۔خِلَادْ) کٹا ہوا ہونا۔
انخلاع (اِنْ۔خِلَاعْ) اکھڑنا۔
انخلال (اِنْ۔خِلَالْ) تباہی۔
اند (اَنْ۔دْ) تھوڑا، چند۔
انداختن (اَنْ۔دَاخْ۔تَنْ) ڈالنا، پھینکنا مضارع اندازد۔
انداختنی (اَنْ۔دَاخْ۔تَنِی) ڈالنے کے لایق۔
انداختہ (اَنْ۔دَاخْ۔تَہْ) پھینکا ہوا، ڈالا ہوا۔
اندار (اَنْ۔دَارْ) سرگزشت، کہانی (اِنْ۔دَارْ) ڈالنا۔
انداز (اَنْ۔دَازْ) قیاس، قدرت، ڈھنگ، ڈیل، وضع، چھب، مرتبہ، مقدار، ڈالنے والا، پھینکنے والا۔
اندازندہ (اَنْ۔دَا۔زَنْ۔دَہْ) ڈالنے والا، پھینکنے والا۔
اندازہ (اَنْ۔دَا۔زَہْ) تخمینہ، نمونہ، جرأت، طاقت، مانند، نشان۔
اندازیدن (اَنْ۔دَا۔زِی۔دَنْ) دیکھو انداختن۔
اندام (اَنْ۔دَامْ) جسم، بدن (اِنْ۔دَامْ) میل محبت رکھنا۔

اندامی (اَنْ۔دَا۔مِی) چست اور خوشنما لباس۔
اندائیدن (اَنْ۔دَا۔اِی۔دَنْ) دیکھو اندودن
اندالیش (اَنْ۔دَا۔لِیشْ) لیپن، ٹھیسن، کہگل۔
اندایندہ (اَنْ۔دَا۔یِنْ۔دَہْ) اندودہ۔
اندایہ (اَنْ۔دَا۔یَہْ) راج کی کرنی، کہگل مالہ
اندباغ (اِنْ۔دِبَاغْ) چمڑا پکانا۔
اندخسیدن (اَنْ۔دَخْ۔سِی۔دَنْ) حمایت لینا، پشتی کرنا۔
اندر (اَنْ۔دَرْ) کھلیان جمع آنادر۔ بیچ، درمیان۔
اندراج (اِنْ۔دِرَاجْ) داخل ہونا، درج ہونا۔
اندراس (اِنْ۔دِرَاسْ) کہنگی، پرانا ہونا
اندراع (اِنْ۔دِرَاعْ) دربیش ہونا۔
اندرز (اَنْ۔دَرْزْ) نصیحت، حکایت، وصیت، کتاب۔
اندروا (اَنْ۔دَرْ۔وَا) سرنگوں، حیران، آرزو، حاجتمندی۔
اندرون (اَنْ۔دَرُونْ) اندر، بیچ۔
اندساس (اِنْ۔دِسَاسْ) پنہاں ہونا۔
اندفاع (اِنْ۔دِفَاعْ) دور ہونا۔
اندک (اَنْ۔دَکْ) تھوڑا۔
اندلاص (اِنْ۔دِلَاصْ) گر پڑنا۔
اندلاع (اِنْ۔دِلَاعْ) زبان نکل آنا، توند نکل آنا
اندلاق (اِنْ۔دِلَاقْ) اگل پڑنا۔
اندلس (اُنْ۔دُ۔لُسْ، اَنْ۔دَلُسْ) اسپین، اسپانیہ (جنوب و مغربی یورپ)
اندمال (اِنْ۔دِمَالْ) زخم بھرنا۔
اندوختن (اَنْ۔دُوخْ۔تَنْ) اکٹھا کرنا مضارع اندوزد
اندوختنی (اَنْ۔دُوخْ۔تَنِی) اکٹھا کرنے کے لایق۔
اندوختہ (اَنْ۔دُوخْ۔تَہْ) جڑا، جٹا، جوڑا ہوا۔
اندود (اَنْ۔دُودْ) لیپا ہوا، جھول چڑھا ہوا۔

اندودن (اَن۔ دُو۔ دَن) لیپنا، ملمع کرنا، مضع آندا ید۔

اندودنی (اَن۔ دُو۔ دَنی) ملمع کرنے کے لائق، لیپنے کے لائق۔

اندودہ (اَن۔ دُو۔ دَہ) جھول کیا ہوا، لپا ہوا۔

اندوز (اَن۔ دُوز) جمع کرنے والا۔

اندوزندہ (اَن۔ دُو۔ زَن۔ دَہ) جوڑنے والا۔

اندوزیدن (اَن۔ دُو۔ زی۔ دَن) دیکھو اندوختن۔

اندوہ (اَن۔ دُوہ) رنج جمع اَندُہ یا اَندُہان

اندوہگیں (اَن۔ دُوہ۔ گیں) رنجیدہ، مغموم۔

اندہ (اَن۔ دَہ) دیکھو اندوہ۔

اندیدن (اَن۔ دی۔ دَن) تعجب کرنا، اچنبھے سے بات کہنا۔

اندیدنی (اَن۔ دی۔ دَنی) اچنبھے کے لائق۔

اندیدہ (اَن۔ دی۔ دَہ) متحیر۔

اندیش (اَن۔ دیش) سوچنے والا۔

اندیشندہ (اَن۔ دے۔ شَن۔ دَہ) سوچنے والا۔

اندیشہ (اَن۔ دے۔ شہ) فکر، سوچ، کھٹکا۔

اندیشیدن (اَن۔ دے۔ شی۔ دَن) سوچنا مضع اَندیشد

اندیشیدنی (اَن۔ دے۔ شی۔ دَنی) سوچنے کے لائق

اندیشیدہ (اَن۔ دے۔ شی۔ دَہ) سوچا ہوا۔

انذار (اِن۔ ذار) ڈرنا، ڈرانا۔

انزال (اِن۔ زال) اُترنا، اُتارنا (اَن۔ زال) نزل کی جمع

انزوا (اِن۔ زِوا) گوشہ نشینی، کونے میں بیٹھنا۔

انزہاق (اِن۔ زِہاق) ہلاک ہونا، نیست ہونا۔

انزیاغ (اِن۔ زِیاغ) حق سے باطل پر جھکنا۔

انس (اِن۔ س) دیکھو اناس، (اُن۔ س) محبت۔

انسا (اِن۔ سا) بھلا دا دینا، (اَن۔ سا) انیس کی جمع۔

انساب (اَن۔ ساب) نسب کی جمع۔

انسان (اِن۔ سان) آدمی، مردم۔

انسانی (اِن۔ سا۔ نی) منسوب بہ انسان، آدمی کا

انسانیت (اِن۔ سا۔ نی۔ یت) آدمیت۔

انسب (اَن۔ سَب) نہایت مناسب۔

انسباک (اِن۔ سِباک) چاندی سونا گلانا۔

انسحاب (اِن۔ سِحاب) کشیدہ ہونا۔

انسداد (اِن۔ سِداد) بند کر دینا۔

انسکاب (اِن۔ سِکاب) رونا، دھونا، پانی بکھیرنا

انسلاب (اِن۔ سِلاب) گم جاتا، نیست ہونا۔

انسلاخ (اِن۔ سِلاخ) کوئی چیز باہر نکل آنا۔

انسلاع (اِن۔ سِلاع) پھٹا ہوا ہونا۔

انسلاک (اِن۔ سِلاک) ایک کا دوسری چیز میں آنا۔

انسلال (اِن۔ سِلال) چھپ کر نکلنا۔

انسی (اِن۔ سی)، (اُنسی) آدمی جمع اَناسی۔

انسیت (اُن۔ سی۔ یت) محبت، پریم۔

انشا (اِن۔ شا) عبارت لکھنا، بات پیدا کرنا۔

انشا پرداز (اِن۔ شا۔ پَر۔ داز) مضمون نگار، ادیب۔

انشا پردازی (اِن۔ شا۔ پَر۔ دا۔ زی) عبارت نویسی، مضمون نگاری۔

انشاد (اِن۔ شاد) شعر خوانی، شعر پڑھنا۔

انشار (اِن۔ شار) زندہ کرنا۔

انشائیہ (اِن۔ شا۔ ئی۔ یہ) منسوب بہ انشا۔

انشراح (اِن۔ شِراح) کشادہ دلی، دل کا کھلنا۔

انشرام (اِن۔ شِرام) پھٹا ہوا ہونا۔

انشقاق (اِن۔ شِقاق) شق ہونا، تڑخنا۔

انصاب (اَن۔ صاب) نصب کی جمع۔

انصار (اَن۔ صار) مدینے کے وہ باشندے جنہوں نے سردار دو جہاں کی مدد کی تھی، نصر کی جمع

انصاری (اَن۔ صا۔ ری) جماعت انصار کا فرد

انصاف (اِن۔ صاف) نیاؤ، دو ٹوک کرنا، فیصلہ کرنا، (اَن۔ صاف) نصف کی جمع۔

انصباب (اِنْ۔صِبَابْ) رقیق چیز بہنا۔
انصباغ (اِنْ۔صِبَاغْ) رنگین ہونا۔
انصراف (اِنْ۔صِرَافْ) پھرنا، لوٹ آنا۔
انصرام (اِنْ۔صِرَامْ) پورا ہونا، آخر ہونا، کاٹا ہوا ہونا۔
انصرامی (اِنْ۔صِرَا۔مِیْ) منسوب بہ انصرام۔
انصف (اَنْ۔صَفْ) بڑا انصاف کرنے والا۔
انصلاح (اِنْ۔صِلَاحْ) دیکھو انسلاح۔
انضلاج (اِنْ۔ضِلَاجْ) خلط پکانا، کچیل پکانا۔
انضمام (اِنْ۔ضِمَامْ) جڑنا، اکٹھا ہونا۔
انطاکیہ (اَنْ۔طَا۔کِیَہْ) ایک عہدہ کے پادری۔
انطباع (اِنْ۔طِبَاعْ) چھپنا، طبع ہونا۔
انطباعی (اِنْ۔طِبَا۔عِیْ) چھپنے والی چیز۔
انطباق (اِنْ۔طِبَاقْ) جڑنا، باہم ملنا۔
انطفا (اِنْ۔طِفَاء) چھپنا، بجھنا، گل ہونا۔
انطواء (اِنْ۔طِوَاء) لپٹا ہوا ہونا۔
انظار (اِنْ۔ظَارْ) مہلت دینا (اَنْ۔ظَارْ) نظر کی جمع
انظام (اِنْ۔ظَامْ) آراستہ کرنا، مرتب کرنا۔
انعام (اِنْ۔عَامْ) نعمت دینا، زیادہ ہونا۔ (اَنْ۔عَامْ) نعم کی جمع۔
انعدام (اِنْ۔عِدَامْ) نیست ہونا، ناپید ہونا۔
انعطاف (اِنْ۔عِطَافْ) لوٹنا، پھرنا، جھکنا۔
انعقاد (اِنْ۔عِقَادْ) جمع ہونا، بستہ ہونا۔
انعکاس (اِنْ۔عِکَاسْ) پرچھائیں، عکس جھلکنا۔
انغراس (اِنْ۔غِرَاسْ) درخت اگنا۔
انغماس (اِنْ۔غِمَاسْ) غوطہ مارنا۔
انغمام (اِنْ۔غِمَامْ) غمگین کرنا۔
انف (اَنْفْ) بینی، ناک جمع آنوف۔
انفاذ (اِنْ۔فَاذْ) روان کرنا، روان ہونا، بھیجنا۔
انفار (اَنْ۔فَارْ) نفر کی جمع۔

انفاس (اِنْ۔فَاسْ) عمدہ اور نفیس ہونا (اَنْ۔فَاسْ) نفس کی جمع۔
انفاغ (اَنْ۔فَاغْ) شوخ، دہقانی۔
انفاق (اِنْ۔فَاقْ) خرچ کرنا۔
انفال (اِنْ۔فَالْ) مال غنیمت باندھنا (اَنْ۔فَالْ) نفل کی جمع۔
انفت (اَنْ۔فَتْ) شرم وحیا۔
انفتاح (اِنْ۔فِتَاحْ) کشادہ ہونا، کھلنا۔
انفجار (اِنْ۔فِجَارْ) رسنا، پھوٹنا۔
انفراد (اِنْ۔فِرَادْ) تنہا ہونا، اکیلا ہونا۔
انفرادی (اِنْ۔فِرَا۔دِیْ) منسوب بہ انفراد۔
انفراق (اِنْ۔فِرَاقْ) شگافتہ ہونا، پھٹا ہونا۔
انفس (اَنْ۔فُسْ) نفس کی جمع (اَنْ۔فَسْ) بہت نفیس۔
انفصال (اِنْ۔فِصَالْ) فیصلہ ہونا، جدا ہونا، چکنا۔
انفصام (اِنْ۔فِصَامْ) ٹوٹ جانا۔
انفضاض (اِنْ۔فِضَاضْ) پراگندہ ہونا، ٹوٹا ہوا ہونا۔
انفطار (اِنْ۔فِطَارْ) پھٹنا، شگافتہ ہونا۔
انفعال (اِنْ۔فِعَالْ) شرمندگی، شرمندہ ہونا
انفکاک (اِنْ۔فِکَاکْ) الگ الگ ہونا۔
انقا (اِن۔قَاء) چھننا۔
انقاب (اَنْ۔قَابْ) نقب، نقاب کی جمع۔
انقاذ (اِنْ۔قَاذْ) چھڑانا۔
انقاش (اِنْ۔قَاشْ) لینا، پکڑنا۔
انقاص (اِنْ۔قَاصْ) ناقص کرنا، بگاڑنا (اَنْ۔قَاصْ) نقص کی جمع۔
انقباض (اِنْ۔قِبَاضْ) سکڑنا، بھینچنا، رکنا۔
انقراض (اِنْ۔قِرَاضْ) مدت پوری ہونا، کٹا ہونا۔
انقرہ (اَنْ۔قَرَہْ) دارالحکومت ترکی شہر انگورہ۔
انقسام (اِنْ۔قِسَامْ) بٹا ہونا

انقشاع (اِن۔ قِشاع) بادل کھلنا، غم دلسے دور ہونا
انقص (اَن۔ قص) بہت ناقص۔
انقصام (اِن۔ قِصام) ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا
انقضاء (اِن۔ قِضاء) مدت پوری ہونا۔
انقضاض (اِن۔ قِضاض) اوپر سے گر پڑنا۔
انقطاع (اِن۔ قِطاع) کاٹا ہوا ہونا۔
انقلاب (اِن۔ قِلاب) الٹ پلٹ، گردش، زمانہ کا چکر کھانا۔
انقلابی (اِن۔ قِلابی) انقلاب سے منسوب۔
انقلاع (اِن۔ قِلاع) اکھڑا ہوا ہونا۔
انقلیس (اَن۔ قلیس) گینڈ مچھلی، بام مچھلی، مار ماہی، جرّی، جرّیت۔
انقماع (اِن۔ قِماع) ذلیل و خوار ہونا۔
انقیاد (اِن۔ قِیاد) تابع ہونا، رام ہونا۔
انکار (اِن۔ کار) نہ ماننا، منظور نہ کرنا۔
انکاس (اِن۔ کاس) سرنگوں کرنا۔
انکباب (اِن۔ کِباب) دوا آگ کی دھونی لینا۔
انکسار (اِن۔ کِسار) شکست، عاجزی۔
انکساف (اِن۔ کِساف) سورج گہنا۔
انکشاف (اِن۔ کِشاف) کھولنا، کھلنا۔
انکلترہ (اِن۔ کل۔ تِرہ) انگلینڈ، انگلستان۔
انگار (اَنگ۔ گار) تصور کرنیوالا، تصور، پندار
انگاردن (اَنگ۔ گار۔ دن) معلوم کرنا، تصور کرنا مضع انگاریدن۔
انگاردنی (اَنگ۔ گار۔ دنی) تصور کرنے کے لائق۔
انگاردہ (اَنگ۔ گار۔ دہ) تصور کیا ہوا۔
انگارش (اَنگ۔ گا۔ رِش) سرگذشت، افسانہ۔
انگارندہ (اَنگ۔ گا۔ رن۔ دہ) تصور کرنیوالا۔
انگارہ (اَنگ۔ گا۔ رہ) دفتر، حساب، تصویر کا خاکہ، ناتمام چیز، ڈھنگ، طریقہ، افسانہ۔
انگاشتن (اَنگ۔ گاش۔ تن) دیکھو انگاردن۔
انگاشتنی (اَنگ۔ گاش۔ تنی) دیکھو انگاردنی۔
انگاشتہ (اَنگ۔ گاش۔ تہ) معلوم کیا ہوا۔
انگبین (اَنگ۔ بین) شہد، امرت۔
انگریز (اَنگ۔ ریز) انگلستان کا باشندہ
انگریزی (اَنگ۔ رے۔ زی) انگلستان کی زبان۔
انگژد (اَنگ۔ گژد) انکس فیلبان۔
انگژہ (اَنگ۔ گژ۔ ہ) دیکھو انگوزہ۔
انگشت (اَنگ۔ گشت) انگلی (اَنگ۔ گِش۔ ت) کوئلا۔
انگشتانہ (اَنگ۔ گش۔ تا۔ نہ) انگلی کے پورے کا دھات کا خول۔
انگشت پیچ (اَنگ۔ گش۔ ت۔ پیچ) عہد و پیمان، دست آویز۔
انگشتری یا انگشترین (اَنگ۔ گش۔ تری، اَنگ۔ گش۔ ترین) انگوٹھی
انگشت نما (اَنگ۔ گش۔ ت۔ نما) مشہور، بدنام جس کی طرف انگلی اٹھائی جائے۔
انگشت نمائی (اَنگ۔ گش۔ ت۔ نما۔ ئی) شہرت، بدنامی
انگشتو (اَنگ۔ گش۔ تو) علیحدہ
انگلستان (اَنگ۔ لِس۔ تان) انگلینڈ۔
انگلہ (اَنگ۔ گلہ) گھنڈی، تکمہ۔
انگلیز (اَنگ۔ لیز) دیکھو انگریز۔
انگلیسی (اَنگ۔ لی۔ سی) انگریزی۔
انگلیون (اَنگ۔ گل۔ یون) انجیل، مانی نقاش کی کتاب۔
انگور (اَنگ۔ گور) میوہ، کھرنڈ۔
انگورک (اَنگ۔ گو۔ رک) پتلی۔
انگوزہ (اَنگ۔ گو۔ زہ) ہینگ، حلتیت۔
انگیختن (اَنگ۔ گیخ۔ تن) اٹھنا، اٹھانا۔ مضع انگیزد
انگیختنی (اَنگ۔ گیخ۔ تنی) اٹھنے کے قابل، اٹھانے کے لائق۔

انگیختہ (اَنگ۔ گیخ۔ تَہ) اٹھایا ہوا۔
انگیز (اَنگ۔ گیز) برداشت، اٹھانے والا۔
انگیزندہ (اَنگ۔ گے۔ زِن۔ دَہ) اٹھانے والا۔
انگیزہ (اَنگ۔ گیِ۔ زَہ) سبب، باعث۔
انگیزیدن (اَنگ۔ گے۔ زِی۔ دَن) دیکھو انگیختن۔
انمار (اَن۔ مَار) نمر کی جمع۔
انماس (اِن۔ مَاس) شکاری کا شکار کیلئے چھپنا۔
انملہ (اَن۔ مِلَہ) انگلی کا پور، جمع انامل۔
انموذج (اُن۔ مُو۔ ذَج) نمونہ۔
انمیاث (اِن۔ مِیا۔ ثْ) گھلنا۔
انوار (اَن۔ وَار) نور کی جمع۔
انواع (اَن۔ وَاع) نوع کی جمع۔
انوان (اَن۔ وَان) نون بمعنی مچھلی کی جمع۔
انوشہ (اَنو۔ شَہ) دولہا، خوشحال۔
انوف (اُنُوف) انف کی جمع (اَنُوف) جسکی ناک خوبصورت ہو
انوئیدن (اَنو۔ اِی۔ دَن) نوحہ کرنا۔
انہاء (اِن۔ ہَا) خبر پہونچانا۔
انہاب (اِن۔ ہَاب) لٹانا۔
انہار (اَن۔ ہَار) نہر کی جمع (اِن۔ ہَار) پانی جاری کرنا
انہاک (اِن۔ ہَاک) تکلیف دینا، دبلا اور کمزور کرنا۔
انہدام (اِن۔ ہِدَام) ڈھینا، ڈھانا۔
انہزام (اِن۔ ہِزَام) تتر بتر ہونا، بھاگ کھڑا ہونا۔
انہصاف (اِن۔ ہِصَاف) شکستہ ہونا۔
انہضام (اِن۔ ہِضَام) ہضم ہونا، پچنا۔
انہلال (اِن۔ ہِلَال) مینہ کی جھڑی پڑنا۔
انہماک (اِن۔ ہِمَاک) حد سے بڑھکر کوشش کرنا۔
انہمام (اِن۔ ہِمَام) پگھلنا، گلنا۔
انی (اِن۔ نِی) منسوب بہ اِنّ، منطق کی اصطلاح میں ایک دلیل کا نام۔
انیاب (اَن۔ یَاب) ناب کی جمع۔
انیث (اَنِیث) نرم لوہا۔

انیران (اَنی۔ رَان) نکاح کا فرشتہ، شمسی مہینہ کی تیسویں تاریخ۔
انیس (اَنِیس) دوست، محبت کرنیوالا جمع آنسار۔
انیق (اَنِیق) عجیب، خوب۔
انیقہ (اَنی۔ قَہ) دیکھو انیق۔
انیم (اَنِیم) دیکھو اَنام۔
انین (اَنِین) بلبلاہٹ، نالہ و فریاد۔
او (اَو) وہ (اَو) یا، بلکہ۔
اواب (اَوّ۔ وَاب) تسبیح خواں۔
اوارجہ (اَوَا۔ رِجَہ، اَوَارْ۔ جَہ) بہی، رجسٹر۔
اوارہ (اَوَا۔ رَہ) دیکھو اوارجہ (اُوَا۔ رَہ) گرمی کا موسم، لو۔
اواسط (اَوَا۔ سِط) اوسط کی جمع۔
اوامر (اَوَا۔ مِر) امر کی جمع۔
اوان (اَوَان) وقت جمع آونہ (اِوَان) بڑا صفّہ، ایوان۔
اوانی (اَوَا۔ نِی) انا کی جمع الجمع۔
اواہ (اَوّ۔ وَاہ) نرم دل، مومن، فقیہ، آہ کش۔
اوائل (اَوَا۔ ئِل) اول کی جمع۔
اوباریدن (اَو۔ بَا۔ رِی۔ دَن) ڈالنا، نگلنا (اَو۔ بَا۔ رِی۔ دَن) رونا، دھونا۔
اوباش (اَو۔ بَاش) بوش کی جمع، لچا، غنڈا۔
اوباشتن (اَو۔ بَاش۔ تَن) ڈالنا، بھرنا۔
اوتاد (اَو۔ تَاد) وہ چار سرتاج اولیاء جو ہر زمانہ میں موجود رہتے ہیں، وتد کی جمع۔
اوتار (اَو۔ تَار) وَتر کی جمع۔
اوتاغ، اوتاق (اَو۔ تَاغ، اَو۔ تَاق) مکان کا حجرہ۔
اوثان (اَو۔ ثَان) وثن کی جمع۔
اوثق (اَو۔ ثَق) نہایت مضبوط۔
اوج (اَوج) اونچائی، بلندی، شان۔

اوجاع (اَوْ۔جَاعْ) وجع کی جمع۔
اوجاغ (اُوْ۔جَاغْ) چولھا، دیگدان۔
اوجال (اَوْ۔جَالْ) وجل کی جمع۔
اوجب (اَوْ۔جَبْ) واجب تر۔
اوجس (اَوْ۔جَسْ) تھوڑی سی چیز (اَوْ۔جَسْ) روزگار، ہمیشہ، ہرگز۔
اوچاغ، اوچاق (اُوْ۔چَاغْ، اُوْ۔چَاقْ) دیکھو اوجاغ۔
اوحد (اَوْ۔حَدْ) یگانہ۔
اودا (اَوْ۔دَا) ودید کی جمع۔
اوداج (اَوْ۔دَاجْ) وداج کی جمع۔
اودر (اَوْ۔دَرْ) بچھا۔
اودرون (اُوْ۔دُرْ۔دَنْ) مرنا، دنیا سے کوچ کرنا۔
اوراد (اَوْ۔رَادْ) ورد کی جمع۔
اوراشتن (اَوْ۔رَاشْ۔تَنْ) اٹھانا، بلند کرنا۔
اوراق (اَوْ۔رَاقْ) ورق کی جمع۔
اورام (اَوْ۔رَامْ) ورم کی جمع۔
اوردہ (اَوْ۔رِدَہْ) ورید کی جمع۔
اوردیدن (اَوْر۔دِی۔دَنْ) حملہ کرنا، جنگ کرنا
اورک (اَوْ۔رَکْ) جھولا۔
اورمزد (اُوْرْ۔مُزْدْ) ستارۂ مشتری۔
اورند (اَوْ۔رَنْدْ) شاہی تخت، فریب، دغا، زیبائی، قسمت، سیاہی۔
اورنیدن (اَوْ۔رِنْ۔دِی۔دَنْ) جھانسا دینا، حیلہ کرنا۔
اورنگ (اَوْ۔رَنْگْ) شاہی تخت، عقلمندی، خوشی، فریب، دھوکا۔
اوروختن (اَوْ۔رُوْخْ۔تَنْ) دیکھو افروختن۔
اورہ (اَوْ۔رَہْ) دیکھو ابرہ بمعنی ضد استر۔
اوز (اَوْزْ، اَوَزْ) راج ہنس۔
اوزار (اَوْ۔زَارْ) وزر کی جمع۔

اوزان (اَوْ۔زَانْ) وزن کی جمع۔
اوزم (اَوْ۔زَمْ) انگور۔
اوزون (اَوْ۔زُوْنْ) دیکھو افسوں۔
اوژندیدن، اوژندن (اَوْ۔ژَنْ۔دِی۔دَنْ، اَوْ۔ژَنْ۔دَنْ) ڈالنا۔
اوژودن (اَوْ۔ژُوْ۔دَنْ) دیکھو افزودن۔
اوژولیدن (اَوْ۔ژُوْ۔لِی۔دَنْ) دیکھو افزولیدن
اوس (اُوْسْ) عوض، عطا، بھیڑیا۔
اوساخ (اَوْ۔سَاخْ) وسخ کی جمع۔
اوسان (اَوْ۔سَانْ) دیکھو افسان۔
اوستام (اُوْس۔تَامْ) قابل بھروسہ، معتمد۔
اوسط (اَوْ۔سَطْ) منجھلا، میانہ ج اَوَاسِط۔
اوسع (اَوْ۔سَعْ) نہایت فراخ۔
اوسون (اَوْ۔سُوْنْ) دیکھو افسوں۔
اوشاق (اُوْ۔شَاقْ) بچہ، امرد۔
اوشال (اُوْ۔شَالْ) وہ لوگ۔
اوشع (اَوْ۔شَعْ) سمور۔
اوشنگ (اَوْ۔شَنْگْ) الگنی، معلاق۔
اوصاف (اَوْ۔صَافْ) وصف کی جمع۔
اوصیا (اَوْ۔صِیَا) وصی کی جمع۔
اوضاع (اَوْ۔ضَاعْ) وضع کی جمع۔
اوضح (اَوْ۔ضَحْ) نہایت واضح۔
اوضہ (اَوْ۔ضَہْ) گرہ
اوطار (اَوْ۔طَارْ) وطر کی جمع۔
اوطان (اَوْ۔طَانْ) وطن کی جمع۔
اوعیہ (اَوْ۔عِیَہْ) وعا کی جمع۔
اوغل (اُوْ۔غُلْ) لڑکا، محبوب۔
اوفتادگی (اُوْفْ۔تَا۔دَگِیْ) دیکھو افتادگی۔
اوفتادن (اُوْفْ۔تَا۔دَنْ) گرنا، پڑنا، اتفاق پڑنا مضع اُوْفْتَادْ۔
اوفتادنی (اُوْفْ۔تَا۔دَنِیْ) گرنے یا پڑنے کے لائق۔

اوفتادہ (اُوْ-فْ-تا-دَہْ) گرپڑا ہوا۔
اوقات (اَوْ-قاتْ) وقت کی جمع۔
اوقاف (اَوْ-قافْ) وقف کی جمع۔
اوقر (اَوْ-قَرْ) بہرا۔
اوقص (اَوْ-قَصْ) کوتہ گردن۔
اوقیہ (اُوْ-قِیْ-یَہْ) چالیس درم وزن جمع اَوَاقِیْ۔
اوقیانوس (اُوْ-قِیا-نُوْس) بحرِ اطلانتک۔
اوکع (اَوْ-کَعْ) کنجوس، احمق، تلوار۔
اول (اَوْ-وَلْ) پہلا جمع اَوَائِلْ۔
اولاً (اَوْ-وَلَنْ) سب سے پہلے۔
اولا (اَوْ-لا) دیکھو اَوْلیٰ (اُوْ-لا) دیکھو اُوْلیٰ۔
اولاد (اَوْ-لادْ) ولد کی جمع۔
اولاغ (اُوْ-لاغْ) گدھا۔
اولکہ (اُلْ-کَہْ) دیکھو اُلکہ
اولنگ (اُوْ-لَنْگْ) سبزہ زار
اولو (اُوْلُوْ) دیکھو اولی۔
اولوالالباب (اُوْلُ-اَلْ-بابْ) صاحب عقل۔
اولوالامر (اُوْلُ-اَمْ-رْ) صاحب حکم، بادشاہ۔
اولوالعزم (اُوْلُ-عَزْ-مْ) صاحب ہمت۔
اولوالعزمی (اُوْلُ-عَزْ-مِیْ) بلند ہمتی، ارادے کی مضبوطی
اولئک (اُلا-ئِکَ) وہ سب۔
اولی (اُوْلِیْ) ذو کی جمع (اَوْ-لیٰ) بہتر جمع اَوَالِیْ (اُوْ-لا) پہلی مونث چیز جمع اُوَلْ۔
اولیٰ تر (اَوْ-لا-تَرْ) بہت بہتر۔
اولیٰ ترین (اَوْ-لا-تَرِیْن) بہت زیادہ بہتر۔
اولیا (اَوْ-لِیا) ولی کی جمع۔
اولی اجنحہ (اُوْلِیْ-اَجْ-نِحَہْ) پروں والے یعنی فرشتے۔
اولیائے دولت (اَوْ-لِیا-اِ-دَوْ-لَتْ) امیر لوگ، صاحبانِ دولت۔
اولیت (اَوْ-وَلِیْ-یَتْ) اول پن، بہتری، فوقیت۔

اولین (اَوْ-وَلِیْن) سب سے اول۔
اوہ (اَوْہ) ہائے ہائے، اِنگی گگی۔
اوہام (اَوْ-ہامْ) وہم کی جمع۔
اہاب (اِہابْ) کچا چمڑا، نری جمع اُہُبْ، آہِبَہْ
اہالی (اَہا-لِیْ) اہل کی جمع۔
اہانت (اِہا-نَتْ) توہین، ذلیل کرنا۔
اہبت (اُہْ-بَتْ) گھوڑے کا ساز۔
اہتدا (اِہْ-تِدا) راہِ راست پانا۔
اہتزاز (اِہْ-تِزازْ) جھومنا، ہلنا۔
اہتضام (اِہْ-تِضامْ) ستم کرنا، کسی کا حق گھٹانا۔
اہتکاک (اِہْ-تِکاکْ) ہتک کرنا۔
اہتمام (اِہْ-تِمامْ) کوشش کرنا، توجہ کرنا۔
اہتیال (اِہْ-تِیالْ) ڈرنا۔
اہجار (اِہْ-جارْ) فحش بکنا۔
اہدا (اِہْ-دا) تحفہ یا سوغات بھیجنا۔
اہدار (اِہْ-دارْ) خون مباح کرنا۔
اہدام (اِہْ-دامْ) ہدم کی جمع۔
اہدب (اَہْ-دَبْ) جس کی پلکیں لمبی ہوں۔
اہذار (اِہْ-ذارْ) بہت کہنا۔
اہزاق (اِہْ-زاقْ) بہت ہنسنا۔
اہرام (اِہْ-رامْ) بہت بڈھا ہونا (اَہْ-رامْ) ہَرَم کی جمع۔
اہرم (اَہْ-رَمْ) شیطان، سانپ کا پھن۔
اہرمن (اَہْ-رَمَنْ) آتش پرستوں کا برائی کا خدا۔
اہضم (اَہْ-ضَمْ) جسکی کمر پتلی ہو۔
اہل (اَہْ-لْ) مالک، سزاوار، لائق، منکوحہ، خاندان جمع اَہالِیْ جمع الجمع اَہْلُوْنَ، آہالْ۔
اہلا (اَہْ-لا) سزاوار۔
اہلاس (اِہْ-لاسْ) سست ہونا۔
اہلاک (اِہْ-لاکْ) ہلاک ہونا۔
اہلال (اِہْ-لالْ) نیا چاند دیکھنا۔

اہل اللہ (اَہ ۔ لُل ۔ لاہ) اللہ والے۔
اہلکار (اَہ ل ۔ کار) افرادِ حکومت۔
اہلِ مجاز (اَہ ل ۔ مجاز) ملک ہنگری والے۔
اہلہ (اَہِل ۔ لَہ) ہلال کی جمع۔
اہلی (اَہ ۔ لی) پالتو جانور، گھریلو جانور۔
اہلیت (اَہ ۔ لی ۔ یت) لیاقت، استعداد۔
اہلیلج اسود (اِہ ۔ لی ۔ لج ۔ اَس ۔ وَد) زنگی ہڑا ہلیلہ سیاہ۔
اہلیہ (اَہ ۔ لیہ) گھروالی، بیوی۔
اہم (اَہم) نہایت ضروری، بہت مشکل۔
اہمال (اِہ ۔ مال) چوک، چوکنا، چھوڑ دینا۔
اہمام (اِہ ۔ مام) غمگین کرنا، بے آرام کرنا۔
اہوا (اِہ ۔ وا) قصد کرنا، اشارہ کرنا (اَہ ۔ وا) ہوا کی جمع۔
اہوال (اَہ ۔ وال) ہَول کی جمع۔
اہوج (اَہ ۔ وَج) احمق، نادان۔
اہون (اَہ ۔ وَن) نہایت آسان، دوشنبہ، سوموار
اہویہ (اَہ ۔ وِیَہ) ہوا کی جمع۔
ائمہ (اَ اِم ۔ مَہ) امام کی جمع۔
ای (اَی) حرفِ ندا، کلمۂ مخاطبہ، یعنی۔
ایا (اَیا) حرفِ ندا، حرفِ شک، کلمۂ افسوس، کلمۂ استفہام۔
ایاب (اِیاب) بازگشت، واپسی
ایادی (اَیا ۔ دی) ید کی جمع۔
ایارجہ (اِیا ۔ رجہ) مسہل کی ایک معجون جمع ایارج جمع الجمع ایارجات۔
ایاس (اِیاس) ناامید ہونا۔
ایاغ، ایاق (اَیاغ، اَیاق) پیالہ۔
ایال (اَیال) جانور کی گردن کے لمبے بال، گردن
ایالت (اِیالت) ولایت، سرداری، نگرانی رکھنا۔
ایام (اَیّام) یوم کی جمع۔
ایامی (اَیا ۔ ما) ایم کی جمع۔
ایان (اِیان) ہنگام، وقتا، ہر چیز کا اول۔
ایما (اِی ۔ ما) اشارہ، ایما۔
ایباس (اِی ۔ باس) شکھانا۔
ایبس (اَی ۔ بس) سوکھا کھنکھڑ، خشک۔
ایبک (اَے ۔ بک) غلام، قاصد، معشوق۔
ایت (اِیت) ا ۔ کتا ۔ ۲ ۔ گوشت۔
ایتار (اِی ۔ تار) نمازِ وتر پڑھنا۔
ایتاع (اِی ۔ تاع) پھل کا پکنا۔
ایتام (اَی ۔ تام) یتیم کی جمع۔
ایتان (اِی ۔ تان) آنا۔
ایتلاف (اِی ۔ تلاف) میل جول، ملنا جلنا۔
ایتلاق (اِی ۔ تلاق) چمکنا، روشن ہونا۔
ایتمان (اِی ۔ تمان) امین بنانا۔
ایتناف (اِی ۔ تناف) ازسرِنو کرنا۔
ایثار (اِی ۔ ثار) بزرگی، برگزیدہ ہونا، اپنے سے دوسرے کا فائدہ مقدم جاننا۔
ایثاق (اِی ۔ ثاق) پکڑنا، مضبوط کرنا۔
ایجاب (اِی ۔ جاب) لازم کرنا، مقرر کرانا، واجب کرنا۔
ایجاد (اِی ۔ جاد) وجود میں لانا، پیدا کرنا۔
ایجادِ بندہ (اِی ۔ جادِ ۔ بَن ۔ دَہ) من گھڑت، خود ایجاد۔
ایجار (اِی ۔ جار) کرایہ پر دینا۔
ایجاز (اِی ۔ جاز) مضمون چھوٹا کرنا۔
ایجاس (اِی ۔ جاس) دل میں لانا۔
ایجال (اِی ۔ جال) ڈرانا۔
ایچ (اِیچ) دیکھو ہیچ
ایخاش (اِی ۔ خاش) خراب ہونا۔
ایداع (اِی ۔ داع) امانت رکھانا، یاد رکھنا۔
ایدر (اِی ۔ دَر) اس جگہ، اب، ادھر۔

ایدون (اِی۔ دُون) اس وقت، اس طرح، اس جگہ (اَی۔ دُون) اب۔
ایذا (اِی۔ ذَا) تکلیف، دُکھ دینا۔
ایذان (اِی۔ ذَان) آگاہ کرنا۔
ایر (اَیر) مرد کا عضو تناسل (اِیر) پنّی کی بیماری
ایراث (اِی۔ رَاث) ترکہ پہونچانا، باقی چھوڑ دینا۔
ایراد (اِی۔ رَاد) آمدنی، وارد کرنا، لانا۔
ایراس (اِی۔ رَاس) پیڑ کے پتے پہلے بڑھانا۔
ایراق (اِی۔ رَاق) کونپلیں پھوٹنا، ہریانا۔
ایران (اِی۔ رَان) ملک فارس، پرشیا۔
ایرانی (اِی۔ رَا۔ نی) ایران سے منسوب، ایران کا باشندہ۔
ایرسا (اِیر۔ سَا) دھنک، قوس قزح، سوسن کی جڑ
ایرمان (اِیر۔ مَان) کسی کا طفیلی، حسرت، ندامت، عاریت۔
ایزاد (اِی۔ زَاد) زیادہ کرنا۔
ایزادی (اِی۔ زَا۔ دِی) ایزاد سے منسوب۔
ایزد (اِے۔ زَد) نام اللہ تعالےٰ۔
ایزدی (اِے۔ زَدِی) ایزد سے منسوب۔
ایس (اَیس) ناامیدی۔
پینو (پِی۔ نو) خشک کی ہوئی دہی۔
پینہ (پِی۔ نَہ) پیوند، ٹھگلی، گھٹا، کام کی کثرت سے ہاتھ پاؤں کا کھردرا پن۔
پیو (پیو) نارو کی بیماری، مٹی کا ڈھیلا۔
پیوست (پَی۔ وَس۔ ت) جذب، جوڑ، میلان۔
پیوستگی (پَی۔ وَس۔ تَگی) ملا ہوا پن، جڑائی، ہمیشگی۔
پیوستن (پَی۔ وَس۔ تَن) ملنا، ملانا، جوڑنا مضم پیوندد۔
پیوستنی (پَی۔ وَس۔ تَنی) ملنے کے لایق، جوڑنے کے لائق۔
پیوستہ (پَی۔ وَس۔ تَہ) ملا ہوا، لگاتار، ہمیشہ۔
پیوند (پَی۔ وَن۔ د) جوڑ، ٹکڑا۔
پیوی (پیوی) عروسی۔
پیہ (پِیہ) چربی، گھمنڈ (پِہ) بیٹا، تابع۔
پیہم (پَی۔ ہَم) لگاتار۔

ت

ت (تا)، تے، قائم مقام عدد ۴۰۰، حرف شمسی (تیرا، تجھکو، تیرے لئے، حرف زائد مثلاً فراموش، فراموشت، چند حرف سے بدل ہے ۱۔ ج کے ساتھ مثلاً تاراج، تاراج ۲۔ د کے ساتھ مثلاً بت، بد ۳۔ ش کے ساتھ مثلاً بخت، بخش ۴۔ ط کے ساتھ مثلاً تبرزد، طبرزد ۵۔ غ کے ساتھ مثلاً چیوتک، چیونک۔

تا (تا)، ۱۔ تک، ہرگز، جب سے، جب تک، تاکہ۔ ۲۔ نرم خاک۔

تاب (تاب) برداشت، طاقت، گرمی، روشنی، چمک، پیچیدگی، پیچ، چمکنے والا۔

تاباں (تا۔باں) چمکدار، چمکنے والا۔

تابانی (تا۔با۔نی) چمکداری۔

تابخانہ (تاب۔خا۔نہ) حمام، تنور گھر۔

تابدار (تاب۔دار) چمکدار۔

تابداری (تاب۔دا۔ری) چمکداری۔

تابدان (تاب۔دان) روشن دان، روشن۔

تابستان (تا۔بس۔تان) گرمی کا موسم۔

تابش (تا۔بش) گرمی، چمک، طاقت۔

تابط (تَ۔اَ۔بُط) بغل میں داب لینا۔

تابع (تا۔بِع) ماتحت، نوکر، تابعدار، پیرو، جمع تبعہ، توابع، تبعات، تابعین

تابعی (تا۔بعی) وہ مسلمان جس نے اصحاب رسول اللہ کا زمانہ پایا۔ جمع تابعین

تابکے (تا۔بکے) کب تک

تابناک (تاب۔ناک) روشن، چمکدار۔

تابناکی (تاب۔نا۔کی) روشنی، چمک۔

تابندگی (تا۔بن۔دگی) چمک۔

تابندہ (تا۔بن۔دہ) چمکنے والا۔

تابوت (تا۔بوت) مردے کا صندوق جمع توابیت۔

تابہ (تا۔بہ) توا۔

تابید (تا۔پید) ہمیشہ ہمیشہ کرتے رہنا۔

تابیدن (تا۔بی۔دن) دیکھو تافتن۔

تابیدہ (تا۔بی۔دہ) چمکتا ہوا۔

تابین (تا۔بین) پیرو، سپاہی، پیروی امرتبہ کہنا، منہ پر عیب بتانا۔

تاپ (تاپ)، دیکھو تاب۔

تاپاک (تا۔پاک)، بے قراری، اضطرابی، تپک۔

تاپال (تا۔پال)، گندہ، پلیتہ۔

تاتار (تا۔تار) قدیم ترکستان (وسطی ایشیا)

تاتاری (تا۔تا۔ری)، منسوب بہ تاتار۔

تاتق (تَ۔اَ۔تُق) بدخوئی، آرزومندی۔

تاتورہ (تا۔تو۔رہ) دھتورہ۔

تاتول (تا۔تول) تڑھے مزال۔

تاثر (تَ۔اَ۔ثُر) اثر قبول کرنا۔

تاثم (تَ۔اَ۔ثُم) خود کو گنہگار جاننا۔

تاثیر (تا۔ثیر، تَ۔ءْ۔ثیر)، اثر، اثر ڈالنا۔

تاثیم (تا۔ثیم) گناہ سے نسبت کرنا

تاج (تاج)، شاہی ٹوپی، طرہ جمع تیجان۔

تاجپوشی (تاج۔پو۔شی)، تاج پہننا۔

تاجج (تَ۔اَ۔جُج) آگ کا لپٹ مارنا۔

تاج خروس (تا۔ج۔خروس) مرغ کیس، نام پھلواری۔

تاجدار (تاج۔دار) بادشاہ۔

تاجدارانہ (تاج۔دا۔را۔نہ) تاجدار سے منسوب۔

تاجداری (تاج۔دا۔ری) بادشاہت۔

تاجر (تا۔جر) سوداگر جمع تجار، تجارت، تاجرین۔

تاج شمع (تاج۔شمع) چراغ کی لو۔

تاجک (تا۔جک)، دیکھو تاجیک۔

تاجگذاری (تاج۔گذا۔ری) تاج پوشی۔

تاجور (تاج۔ور)، بادشاہ۔

تاجوری (تاج-وَری) بادشاہی، بادشاہت۔
تاجیک (تا-جِیک) عجم میں پرورش پایا ہوا عرب، سوداگر۔
تاجیل (تَ-اَ-جِیل) مہلت دینا۔
تاچند (تا-چَنْد) کب تک۔
تاحال (تا-حَال) اب تک۔
تاخ (تاخ) نام درخت، اندھیرا، اندھیری۔
تاخت (تاخْت) دوڑ، حملہ، چھاپہ۔
تاختن (تاخ-تَن) دوڑنا، حملہ کرنا مصدر تازد۔
تاختنی (تاخ-تَنی) دوڑنے کے لائق۔
تاختہ (تاخ-تَہ) دوڑا ہوا۔
تاخر (تَ-اَخ-خُر) پیچھے ہونا، دیر کرنا۔
تاخیر (تا-خِیر) دیر، دیر لگانا، پیچھے چھوڑنا۔
تاخیرہ (تا-خِی-رَہ) نصیب، حصہ، لہنا۔
تادب (تَ-اَد-دُب) علم زبان سیکھنا، ادب سیکھنا۔
تادیب (تا-دِیب) ادب سکھلانا۔
تادیہ (تا-دِیَہ) پہنچانا، ادا کرنا۔
تاذن (تَ-اَذ-ذُن) آگاہ کرنا۔
تاذی (تَ-اَذ-ذِی) آزردہ ہونا۔
تاذین (تا-ذِین) کان اینٹھنا، کام کی دستوری دینا، خبردار کرنا، اذان دینا۔
تار (تار) ڈورا، سوت، تانا، لوہے کا تار، اندھیرا، تنگ، نام ساز، رقیق چیز کی دھار۔
تارات، تاراج (تا-رات، تا-راج) لوٹ، تالان، یغما، غنیمت۔
تاراجگاہ (تا-راج-گاہ) لوٹ مار کی جگہ۔
تارت (تا-رَت) ایک بار جمع تارات۔
تارک (تا-رِک) چھوڑنے والا۔ جمع تارکین
سر (تا-رَک) سر کی مانگ۔
تارکش (تار-کَش) تار کھینچنے والا۔

تارکشی (تار-کَشی) تار کی کھنچائی۔
تارم (تا-رَم) دیکھو طارم۔
تارمار (تار-مار) پریشان، تتر بتر۔
تارپود (تار-پُود) تانا اور بانا۔
تاری (تا-رِی) دیکھو تاریک۔
تاریخ (تا-رِیخ) ظاہر ہونیکا وقت، مہینے کا کوئی دن، واقعاتِ زمانہ کا بیان۔ جمع تواریخ
تاریق (تا-رِیق) جگانا، بیدار کرنا۔
تاریک (تا-رِیک) اندھیرا۔
تاریکی (تا-رِی-کی) اندھیرا پن۔
تاز (تاز) حملہ، ہلہ، دوڑ، تازہ۔
تازانہ (تا-زا-نَہ) دیکھو تازیانہ۔
تازش (تا-زِش) دوڑ، حملہ۔
تازک (تا-زِک) دیکھو تاجیک۔
تازگی (تا-زَگی) تازہ پن۔
تازندہ (تا-زَن-دَہ) دوڑنے والا، دوڑانے والا، حملہ آور۔
تازہ (تا-زَہ) نیا، تر، صاف کرنے والا۔
تازہ خیال (تا-زَہ-خَیال) نئی سوچنے والا۔
تازہ خیالی (تا-زَہ-خَیا-لی) نئی سوچنا۔
تازہ دم (تا-زَہ-دَم) خوش۔
تازہ دماغ (تا-زَہ-دِماغ) عقلمند، خوشحال۔
تازہ دماغی (تا-زَہ-دِما-غی) خوشحالی، دانائی۔
تازہ کار (تا-زَہ-کار) تازہ کرنے والا
تازہ کاری (تا-زَہ-کا-ری) تازہ کرنا۔
تازی (تا-زی) عربی۔
تازیانہ (تا-زِیا-نَہ) کوڑا، چابک، ہنٹر۔
تازیدن (تا-زِی-دَن) دیکھو تاختن۔
تازیک (تا-زِیک) دیکھو تاجیک۔
تاس (تاس) دیکھو طاس۔
تاسع (تا-سِع) نواں، نو میں ایک

تاسع عشر (تا-سِعْ-عَشَرْ) انیسواں (۱۹)

تاسف (ت، اَس، سُّف) افسوس، غم کھانا۔

تاسہ (تا-سَہ) بیکلی، سانس کی آواز، خرخراہٹ۔

تاسی (ت، اَس، سِی) اطاعت، پیروی۔

تاسیس (تا-سِیس) بنیاد، جڑ، مضبوطی۔

تاش (تاش) خدا وند، شریک، دوست، گنجفہ۔

تاشقند (تاش-قَنْد) نام شہر در روسی ترکستان۔

تاشکل (تاش-کَل) مسہ، آژخ۔

تاصل (ت، اَص، صُّل) جڑ پکڑنا۔

تاغ (تاغ) تاغ کا پیڑ، پہاڑ۔

تاغچہ (تا-غْچَہ) طاق، خوشنما۔

تاغی (تا-غِی) روگرداں، نافرمان۔

تافتن (تاف-تَن) چمکنا، ہٹنا، پھیرنا مفعم تابکر۔

تافتنی (تاف-تَنی) چمکنے کے قابل۔

تافتہ (تاف-تَہ) بٹا ہوا، چمکا ہوا۔

تافیف (تا-فِیف) اُف کہنا۔

تاقی (تا-قِی) کلاہ، ٹوپی۔

تاک (تاک) انگور کی بیل۔

تاکجا (تا-کُجا) کہاں تک۔

تاکد (ت، اَک، کُّد) مضبوط ہونا۔

تاکستان (تا-کِس-تان) انگور کا باغ۔

تاکید (تا-کِید) پختگی، مضبوطی، بار بار کہنا۔

تالاب (تا-لاب) تال

تالار (تا-لار) منڈوا، کھیت کی ٹانڈ۔

تالان (تا-لان) لوٹ، تاراج۔

تالاو (تا-لاو) دیکھو تالاب۔

تالد (تا-لِد) پرانا مال۔

تالف (ت، اَل، لُّف) الفت، دوستی، سازگاری۔

تالق (ت، اَل، لُّق) چمکنا۔

تالم (ت، اَل، لُّم) درد پانا۔

تال مال (تال-مال) دیکھو تار مار۔

تالہ (ت، اَل، لُّہ) حق پرستی۔

تالی (ت، اَل، لِّی) تاہم مقام، پیرو، قسم کھانا۔

تالیف (تا-لِیف) مختلف ارباب قلم کا مجموعہ، جمع تالیفات، الفت دلانا، ربط دینا، ملانا۔

تام (تام) پورا، تمام، کامل جمع تامات

تامل (ت، اَم، مُّل) سوچ بچار، اندیشہ۔

تامول (تا-مُول) دیکھو تنبول۔

تامہ (تا-مَہ) تمام، کامل، پورا جمع تامات۔

تامیل (ت، مِیل) امید رکھنا۔

تامین (تا-مِین) آمین کہنا۔

تان (تان) تکلو، تکلو، جولاہے کا تانا۔

تانبول (تام-بُول) دیکھو تنبول۔

تانس (ت، اَن، نُّس) عادت پکڑنا، محبت کرنا۔

تانف (ت، اَن، نُّف) شرم کرنا، عار رکھنا۔

تانق (ت، اَن، نُّق) تعجب سے دیکھنا۔

تانی (ت، اَن، نِّی) دیر، تاخیر۔

تانیث (تا-نِیث) مادین، مادہ پن۔

تانیس (تا-نِیس) عادت ڈالنا، محبت کرنا۔

تاو (تاو) دیکھو تاب۔

تاوان (تا-وان) ڈنڈ، جرمانہ۔

تاوانی (تا-وا-نی) منسوب بہ تاوان۔

تاوہ (ت، اَو، وُّہ) آہ کھینچنا۔

تاویل (تا-وِیل) تعبیر خواب، ظاہر سے پھیر کر دوسرے معنی پہنانا۔

تاہ (تاہ) بعض، تہ، لائی۔

تاہب (ت، اَہ، ہُّب) آمادگی، مستعدی۔

تاہل (ت، اَہ، ہُّل) بیوی کرنا، گھر بسانا۔

تاہم (تا-ہَم) نیز، بھی، باوجود۔

تائب (تا۔ اِب) توبہ کرنے والا جمع توّاب۔
تائق (تا۔ اِق) شائق، شوقین۔
تائید (تا۔ اِید) مدد کرنا۔
تاہم (تَ۔ اَہَ۔ ہَم) رانڈ ہونا۔
تب (تَب) دیکھو تپ
تباب (تَبا۔ ب) ہلاکت، زیاں کاری۔
تبادر (تَبا۔ دُر) باہم دوڑنا، بازی لیجانا۔
تبادل (تَبا۔ دُل) باہم ادلنا بدلنا۔
تبادلہ (تَبا۔ دُلہ) باہمی بدلی، آپس میں بدلنا۔
تبار (تَبار) ۱۔ خاندان، اولاد ۲۔ ہلاکی۔
تبارک (تَبا۔ رُک) بلند ہونا، پاک ہونا، زیادہ ہونا (تَبا۔ رَک) بلند ہوا۔
تباشیر (تَبا۔ شیر) دیکھو طباشیر
تباع (تِباع) عمل میں پیروی کرنا۔
تباعد (تَبا۔ عُد) ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تباغض (تَبا۔ غُض) ایکدوسرے سے بیر رکھنا۔
تباکی (تَبا۔ کی) باہم رونا۔
تبالہ (تَبا۔ لہ) خود کو پاگل دکھانا۔
تبان (تَبّ۔ بان) گھاس بھوسلی بیچنے والا (تُبان) چھوٹی شلوار۔
تباہ (تَباہ) برباد، اوجڑ۔
تباہی (تَبا۔ ہی) بربادی، خرابی، اُجاڑ۔
تبایع (تَبا۔ یُع) سودا جم تبایع باہم بیع کرنا، باہم بیعت کرنا۔
تباین (تَبا۔ یُن) تفاوت باہمی، باہم فرق ہونا۔
تبت (تِب۔ بَت) نام ملک (جنوبی چین)
تبتل (تَبَت۔ تُل) خدا سے لو لگانا، دنیا سے دل اُٹھانا۔
تبتنک (تَبَ۔ تِنک) کاٹنا۔
تبجح (تَبَج۔ جُح) خوش ہونا۔
تبجیل (تَب۔ جیل) عزت کرنا۔

تبحر (تَبَح۔ حُر) بہت علم والا ہونا، دریا سا ہونا۔
تبخالہ (تَب۔ خا۔ لہ) ننھے گرمی دانے جو بخار کے بعد ہونٹھوں پر نکل آتے ہیں۔
تبختر (تَبَخ۔ تُر) اترا کر چلنا، اکڑنا، اینڈنا۔
تبخیر (تَب۔ خیر) نام بیماری، بھاپ بنانا، بھاپ بنکر اُٹھنا۔
تبدل (تَبَد۔ دُل) بدلا کرنا۔
تبدیل (تَب۔ دیل) ایک چیز سے دوسری چیز بدلنا۔
تبدین (تَب۔ دین) کمزور اور بڈھا ہونا۔
تبذیر (تَب۔ ذیر) فضول خرچی کرنا، پراگندہ کرنا۔
تبر (تَبَر) ایک قسم کی کلہاڑی (تَب۔ ر) ۱۔ کاری ہونا ۲۔ نام جانور۔
تبرا (تَبَر۔ را) بیزاری۔
تبرزد (تَبَر۔ زَد) دیکھو طبرزد۔
تبرزن (تَبَر۔ زَن) لکڑہارا۔
تبرزہ (تَبَر۔ زَہ) دیکھو تبرزد۔
تبرع (تَبَر۔ رُع) چیز بخشنا، وہ کام کرنا جو واجب نہ ہو
تبرک (تَبَر۔ رُک) پرشاد، برکت حاصل کرنے کی چیز، مبارک شمار کرنا۔
تبرقع (تَبَر۔ قُع) برقعہ پوشی، برقع پہننا۔
تبرم (تَبَر۔ رُم) ملول ہونا، عاجز ہونا۔
تبرہ (تَب۔ رَہ) دیکھو توبرہ۔
تبرید (تَب۔ رید) ٹھنڈائی، سرد کرنا۔
تبریز (تَب۔ ریز) نام شہر (ایران)
تبریزی (تَب۔ رے۔ زی) تبریز کی طرف منسوب، نام مٹھائی۔
تبریق (تَب۔ ریق) تیز دیکھنا۔
تبسط (تَبَس۔ سُط) کشادگی۔
تبسم (تَبَس۔ سُم) مسکرانا، کلی کھلنا۔
تبسیدن (تَب۔ سی۔ دَن) دیکھو تفسیدن۔

تبشیر (تَبْ۔شِیْر) خوشخبری دینا۔
تبصر (تَبَصْ۔صُرْ) نظر، دیکھنا۔
تبصرہ (تَبْ۔صِرَہْ) عینک، بینا کرنا، سمجھانا۔
تبصیر (تَبْ۔صِیْر) بینا کرانا، پہنچوانا، روشن کرنا۔
تبطن (تَبَطْ۔طُنْ) کسی کو اپنے نیچے لینا۔
تبطین (تَبْ۔طِیْن) ہمراز اور محرم بنانا۔
تبع (تَبَعْ) ایک پیرو، بہت سے پیرو جمع اَتباع، تَبابِعہ
تبع تابعی (تَبَعْ۔تا۔بِعِیْ) وہ مسلمان جس نے تابعین کا زمانہ پایا۔
تبعض (تَبَعْ۔عُضْ) حصہ حصہ ہونا۔
تبعل (تَبَعْ۔عُلْ) شوہری، شوہر بننا۔
تبعہ (تَبِعَہْ) برا کام، انجام بد جمع تَبِعات (تَبِعَاتْ) تابع کی جمع۔
تبعیت (تَبَعِیْ۔یَتْ) پیروی۔
تبعید (تَبْ۔عِیْد) دور کرنا۔
تبعیض (تَبْ۔عِیْض) حصہ حصہ کرنا۔
تبغ (تَبْ۔غْ) سوکھا تمباکو۔
تبغض (تَبَغْ۔غُضْ) دشمن ہونا۔
تبغیض (تَبْ۔غِیْض) دشمن کرنا۔
تبقیل (تَبْ۔قِیْل) خط نکلنا، سبزہ برآمد ہونا۔
تبقیہ (تَبْ۔قِیَہْ) باقی رکھنا۔
تبلد (تَبَلْ۔لُدْ) کند ذہن، کند ذہنی۔
تبلغ (تَبَلْ۔لُغْ) تھوڑی سی چیز سے بسر کرنا، التفات کرنا
تبلہ (تَبَلْ۔لُہْ) بیوقوف اور نادان ہونا۔
تبلیج (تَبْ۔لِیْج) بالوں میں سپیدی آنا۔
تبلیغ (تَبْ۔لِیْغ) پہونچانا۔
تبن (تِبْ۔نْ) گھاس، پھونس، بھس، بھوسہ۔
تبنک (تُنْبُ۔نُکْ) سانچہ
تبنی (تَبَنْ۔نِیْ) بیٹا بنانا، گود لینا۔
تبنیت (تَبْ۔نِیْت) بیٹا بنانا، لے پالک۔
تبور (تُبُوْر) ہلاکی، کاہلی۔

تبوراک (تَبُوْ۔رَاکْ) کھیت کی رکھوال کا ڈھول یا کھٹکا، چھپنی، خوان، کفگیر۔
تبوک (تَبُوْک) دائرہ جو ڈھول کی ایک قسم ہے۔
تبہ (تَبَہْ) دیکھو تباہ۔
تبہ کار (تَبَہْ۔کَار) اُجاڑ کرنے والا۔
تبیازہ (تَبْ۔یَا۔زَہْ) تپ و لرزہ۔
تبیان (تِبْ۔یَانْ) بہت زیادہ آشکارا اور واضح کرنا۔
تبیرہ (تَبِیْ۔رَہْ) ڈھول، نقارہ۔
تبیرہ زن (تَبِیْ۔رَہْ۔زَنْ) نقارچی۔
تبیع (تَبِیْع) پیرو، مددگار جمع تبایع، تباع۔
تبیین (تَبْ۔یِیْن) آشکارا ہونا، آشکارا کرنا۔
تبییت (تَبْ۔یِیْت) شبخون مارنا، چھاپا مارنا۔
تبییض (تَبْ۔یِیْض) سفید کرنا۔
تبیین (تَبْ۔یِیْن) بیان کرنا، پیدا کرنا، پیدا ہونا۔
تپ (تَپْ) بخار، تابش، بیقراری۔
تپاک (تَپَاکْ) گرمجوشی، چالاکی۔
تپاں (تَپَاں) تڑپتا ہوا۔
تپانچہ (تَپَاں۔چَہْ) دیکھو طپانچہ۔
تپش (تَپِشْ) سوزش، گرمی۔
تپک (تَپَکْ) دیکھو توپک (تَپَکْ) بیقراری۔
تپ لرزہ (تَپْ۔لَرْ۔زَہْ) بخار جاڑا، جوڑی۔
تپنچہ (تَپَنْ۔چَہْ) دیکھو تپانچہ
تپندہ (تَپَنْ۔دَہْ) تڑپنے والا۔
تپیدن (تَپِیْ۔دَنْ) تڑپنا، گرم ہونا مضع تپید۔
تپیدہ (تَپِیْ۔دَہْ) تڑپا ہوا، گرم ہوا، جو گرم ہو گیا ہو۔
تتابع (تَتَا۔بُعْ) لگاتار ہونا۔
تتبع (تَتَبْ۔بُعْ) پیروی کرنا، ڈھونڈھنا۔
تتر (تَتَرْ) ملک تاتار (وسطی ایشیا)
تتراق (تَتْ۔رَاقْ) سر کی مانگ۔
تترس (تَتَرْ۔رُسْ) روکنا، سپر بننا۔

تتری (تَتَ۔رِی) منسوب بہ تاتار (تَتَ۔رَا) آگے پیچھے، یکے بعد دیگرے۔
تتق (تَتُق) بڑی چادر، سراپردہ۔
تتمہ (تَتِم۔مَہ) آخر، بقیہ۔
تتمیم (تَتْ۔مِیم) تمام کرنا۔
تتن (تُتُن، تُتْ۔ن) تمباکو۔
تتویج (تَتْ۔وِیج) تاجپوشی۔
تثاقل (تَثَا۔قُل) گرانیٔ خاطر، گرانبار ہونا۔
تثاوب (تَثَا۔ؤُب) جمھائی۔
تثریب (تَثْ۔رِیب) سرزنش کرنا، ملامت کرنا۔
تثقل (تَثَق۔قُل) گرانبار ہونا۔
تثقیب (تَثْ۔قِیب) برمانا۔
تثقیل (تَثْ۔قِیل) گرانبار کرنا۔
تثلیث (تَثْ۔لِیث) تین حصہ کرنا، تین کرنا۔
تثمیر (تَثْ۔مِیر) میوہ چننا، نفع پانا۔
تثمین (تَثْ۔مِین) آٹھ پہلو کرنا، ہشت گوشہ کرنا۔
تثنی (تَثَن۔نِی) مڑ جانا، بکھر جانا۔
تثنیہ (تَثْ۔نِیَہ) دوگنا، دو کرنا۔
تثویر (تَثْ۔وِیر) لڑائی بھڑکانا۔
تجار (تُجْ۔جَار) تاجر کی جمع (تُج۔جَار) بڑا سوداگر (تَجَار) بچھیرا جس پر سواری نہ ہوئی ہو۔
تجارب (تَجَا۔رِب) تجربہ کی جمع (تَجَا۔رُب) آپس میں آزمانا۔
تجارت (تِجَا۔رَت) بیوپار، بیوپار۔
تجاسر (تَجَا۔سُر) دلیری کرنا، جسارت کرنا۔
تجالس (تَجَا۔لُس) ہمنشین ہونا۔
تجان (تَجَان) بادلہ بننا، دیوانہ بننا۔
تجانس (تَجَا۔نُس) ہم جنس ہونا۔
تجانف (تَجَا۔نُف) آپس میں میل کرنا۔
تجالی (تَجَا۔لِی) یکسو ہونا، کسی چیز سے دور ہونا۔
تجاور (تَجَا۔وُر) ہمسائگی کرنا، پڑوسی ہونا۔
تجاوز (تَجَا۔وُز) حد سے بڑھنا، گذرنا۔
تجاہد (تَجَا۔ہُد) کوشش کرنا۔
تجاہل (تَجَا۔ہُل) دانستہ انجان بننا۔
تجبر (تَجَب۔بُر) سرکشی کرنا۔
تجدد (تَجَد۔دُد) نیا ہونا۔
تجدید (تَج۔دِید) از سرنو کرنا، نیا کرنا۔
تجدیف (تَج۔دِیف) کافر نعمتی کرنا۔
تجر (تَج۔ر) دیکھو تجارت۔
تجرب (تَجَر۔رُب) آزمانا۔
تجربہ (تَج۔رِبَہ) آزمایش جمع تجارِب آزمانا۔
تجربہ کار (تَج۔رِبَہ۔کَار) جانچ کیا ہوا، آزمودہ۔
تجربہ کاری (تَج۔رِبَہ۔کَا۔رِی) جانچ ہونا، آزمودہ کاری۔
تجرد (تَجَر۔رُد) تنہائی، کوراپن، قطع علایق، ننگاپن، ننگا ہونا۔
تجرع (تَجَر۔رُع) گھونٹ گھونٹ پینا۔
تجرم (تَجَر۔رُم) جھوٹا جرم لگانا، سال تمام ہونا۔
تجریح (تَج۔رِیح) گھائل کرنا۔
تجرید (تَج۔رِید) تنہائی، مجرد کرنا، ننگا کرنا۔
تجزی (تَجَز۔زِی) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تجزیم (تَج۔زِیم) عاجز ہونا۔
تجزیہ (تَج۔زِیَہ) تقسیم کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تجسس (تَجَس۔سُس) ڈھونڈھنا، تلاش کرنا۔
تجسم (تَجَس۔سُم) موٹا ہونا، کسی چیز کا قصد کرنا، کسی کو بڑا بنانا۔
تجشم (تَجَش۔شُم) محنت مشقت کرنا۔
تجشع (تَجَش۔شُع) ڈکاریں کھانا۔
تجعد (تَجَع۔عُد) جھنڈولے بال ہونا۔
تجفاف (تِج۔فَاف) پاکھر، برگستواں، کیچم۔
تجفیف (تَج۔فِیف) خشک کرنا۔
تجلا (تَجَل۔لَا) دیکھو تجلی۔

تجلد (تَجَلُّ۔لُد) جلدی کرنا، پھرتی دکھانا۔
تجلیہ (تَجْ۔لِیَہ) گھُول جڑھانا، اُجالنا، روشن اور آشکارا کرنا۔
تجلی (تَجَلُّ۔لِی، تَجَلْ۔لَا) جھمکڑا، روشنی، جلوہ کرنا۔
تجلیات (تَجَلْ۔لِیَات) تجلی کی جمع روشنیاں۔
تجلید (تَجْ۔لِیْد) جلد باندھنا، کھال اُتارنا۔
تجمش (تَجَمْ۔مُش) بال مونڈنا، باریک آواز نکالنا۔
تجمع (تَجَمْ۔مُع) فراہم ہونا۔
تجمل (تَجَمْ۔مُل) آرایش کرنا، ٹھاٹھ دکھانا۔
تجملات (تَجَمْ۔مُلَات) فرنیچر، سروسامان آرایش۔
تجنب (تَجَنْ۔نُب) دور ہونا، الگ تھلگ ہونا۔
تجنی (تَجَنْ۔نِی) بہانہ ڈھونڈھنا، تقصیر وار ٹھہرانا۔
تجنید (تَجْ۔نِیْد) لشکر جمع کرنا۔
تجنیس (تَجْ۔نِیْس) ہم جنس کرنا، یکساں کرنا۔
تجوید (تَجْ۔وِیْد) صحیح تلفظ ادا کرنا، اچھی بات کرنا۔
تجویز (تَجْ۔وِیْز) رائے دینا، جائز کرنا، جائز رکھنا۔
تجویع (تَجْ۔وِیْع) بالقصد بھوکا رکھنا۔
تجویف (تَجْ۔وِیْف) کھوکھلا کرنا۔
تجہز (تَجَہْ۔ہُز) کام پر آمادہ ہونا۔
تجہیز (تَجْ۔ہِیْز) سروسامان، جہیز تیار کرنا، کفن دفن کا بندوبست کرنا۔
تحاب (تَحَا۔بّ) آپس میں محبت کرنا۔
تحادث (تَحَا۔دُث) آپس میں باتیں کرنا۔
تحارب (تَحَا۔رُب) باہم لڑنا۔
تحاسد (تَحَا۔سُد) آپس میں حسد کرنا
تحاسیا (تَحَا۔سِیْ) آپس میں پینا۔
تحاشی (تَحَا۔شِی) الگ ہونا، یکسو ہونا
تحافی (تَحَا۔فِی) نیک ہونا، جدا ہونا۔
تحاکم (تَحَا۔کُم) باہم حاکم کے نزدیک ہونا۔
تحالف (تَحَا۔لُف) آپس میں حلف اٹھانا۔

تحامی (تَحَا۔مِی) پرہیز کرنا، اپنے کو نگاہ رکھنا۔
تحاور (تَحَا۔وُر) آپس میں گفتگو کرنا۔
تحائف (تَحَا۔ئِف) تحفہ کی جمع۔
تحت (تَحْت) زیر، نیچے۔
تحت الثریٰ (تَحْ۔تُث۔ثَرَا) زیر زمین۔
تحت الشعاع (تَحْ۔تُش۔شُعَاع) مہینہ کے وہ آخری تین دن جن میں چاند نہیں نکلتا۔
تحت الحنک (تَحْ۔تُل۔حَنَک) عمامہ کا پیچ ٹھوڑی کے نیچے۔
تحت القہوہ (تَحْ۔تُل۔قَہْ۔وَہ) قہوہ یا چائے کے ساتھ کھانے کی چیز۔
تحت اللفظ (تَحْ۔تُل۔لَفْ۔ظ) لفظی، زبانی، لفظ بہ لفظ۔
تحتانی (تَحْ۔تَا۔نِی) منسوب بہ تحت، نیچے والی یا والا۔
تحتم (تَحَتْ۔تُم) واجب ہونا۔
تحجر (تَحَجْ۔جُر) پتھر بن جانا۔
تحجم (تَحَجْ۔جُم) کسی چیز کا اُبھرنا یا نکلنا، چوسنا، پچھنے لگانا، باز رکھنا۔
تحجیر (تَحْ۔جِیْر) چاند کا ہالہ پڑنا۔
تحدث، تحادیث (تَحَدْ۔دُث، تَحْ۔دِیْث) بات کہنا، خبر کرنا۔
تحدی (تَحَدْ۔دِی) لڑائی کرنا، للکارنا۔
تحدیب (تَحْ۔دِیْب) اُبھارنا، اونچا کرنا۔
تحدید (تَحْ۔دِیْد) تیز کرنا، حد لگانا، حد باندھنا۔
تحدیق (تَحْ۔دِیْق) تیز دیکھنا۔
تحذیر (تَحْ۔ذِیْر) ڈرانا۔
تحذیق (تَحْ۔ذِیْق) عقلمندی کا دعوی کرنا۔
تحرز (تَحَرْ۔رُز) پرہیز کرنا، خود پر تابو رکھنا۔
تحرق (تَحَرْ۔رُق) جلا ہوا ہونا۔
تحرک (تَحَرْ۔رُک) ہلنا۔
تحرم (تَحَرْ۔رُم) حرمت رکھنا۔

تحری (تَحَرْ۔رِی) دیتی ڈھونڈھنا، بہتری کو ڈھونڈھنا
تحرید (تَحْ۔رِیْد) غصہ دلانا، عمارت بنانا۔
تحریر (تَحْ۔رِیْر) لکھائی، نقش، جمع تحاریر، تحریرات، لکھنا
تحریش (تَحْ۔رِیْش) لوگوں میں اس رنجش ڈالنا
تحریص (تَحْ۔رِیْص) لالچ دلانا، شغف میں ڈالنا۔
تحریض (تَحْ۔رِیْض) جنگ پر اُبھارنا، ورغلانا۔
تحریف (تَحْ۔رِیْف) بات کا محل بدلنا۔
تحریق (تَحْ۔رِیْق) بہت جلانا۔
تحریک (تَحْ۔رِیْک) متفقہ کوشش، جمع تحریکات، ہلانا۔
تحریم (تَحْ۔رِیْم) محترم کرنا، حرام کرنا۔
تحریمہ (تَحْ۔رِیْ۔مَہ) تکبیر، نیت نماز۔
تحزن (تَحَزْ۔زُنْ) رنجیدہ ہونا۔
تحزیز (تَحْ۔زِیْز) تیز کرنا۔
تحزین (تَحْ۔زِیْن) رنجیدہ کرنا، حزین آواز سے پڑھنا۔
تحسر (تَحَسْ۔سُرْ) حسرت کرنا، افسوس کرنا۔
تحسیر (تَحْ۔سِیْر) حسرت میں ڈالنا، آزردہ کرنا۔
تحسین (تَحْ۔سِیْن) سراہنا، تعریف کرنا۔
تحشم (تَحَشْ۔شُمْ) غصہ دکھانا، نوکر چاکر والا ہونا
تحشیر (تَحْ۔شِیْر) اہل و عیال کو نفقہ پورا نہ دینا۔
تحشیہ (تَحْ۔شِیَہ) حاشیہ لکھنا۔
تحصن (تَحَصْ۔صُنْ) قلعہ بند ہونا۔
تحصی (تَحْ۔صَا) گھیرا گیا، احاطہ کیا گیا۔
تحصیل (تَحْ۔صِیْل) لینا، حاصل کرنا، جمع کرنا۔
تحصیلات (تَحْ۔صِیْ۔لَاتْ) تحصیل کی جمع، رقمیں جو جمع کی گئی ہوں۔
تحصین (تَحْ۔صِیْن) شہر پناہ کھچوانا۔
تحضیض (تَحْ۔ضِیْض) ورغلانا، برانگیختہ کرنا۔
تحفگی (تُحْ۔فَگِی) خوبی، تحفہ پن۔
تحفہ (تُحْ۔فَہ) نادر، انوکھا، سوغات، جمع تحائف، تحف، تحفجات۔
تحفی (تَحَفْ۔فِی) مہربانی دکھانا۔

تحفیظ (تَحْ۔فِیْظ) یاد کرانا۔
تحقق (تَحَقْ۔قُقْ) ثابت ہونا، درست ہونا۔
تحقیر (تَحْ۔قِیْر) ذلیل کرنا، حقیر جاننا۔
تحقیق (تَحْ۔قِیْق) کھوج، جمع تحقیقات، حقیقت جاننا۔
تحکم (تَحَکْ۔کُمْ) حکومت دکھلانا۔
تحکیم (تَحْ۔کِیْم) پنچ بنانا، حاکم بنانا۔
تحلاق (تِحْ۔لَاقْ) مونڈن۔
تحلب (تَحَلْ۔لُبْ) منھ میں پانی بھر آنا۔
تحلل (تَحَلْ۔لُلْ) تحلل کرنا ہوجانا۔
تحلم (تَحَلْ۔لُمْ) حلم ظاہر کرنا، موٹا ہونا۔
تحلی (تَحَلْ۔لِی) زیور پہنانا، آراستہ ہونا۔
تحلیف (تَحْ۔لِیْف) قسم دینا، حلف اٹھوانا۔
تحلیق (تَحْ۔لِیْق) گلے تک بھرنا، حلق تک بھرنا۔
تحلیل (تَحْ۔لِیْل) حلال کرنا، گھلا ڈالنا۔
تحلیم (تَحْ۔لِیْم) بردباری کرنا۔
تحلیہ (تَحْ۔لِیَہ) میٹھا کرنا، تعریف کرنا، زیور پہنانا۔
تحمق (تَحَمْ۔مُقْ) احمق ہونا۔
تحمل (تَحَمْ۔مُلْ) برداشت، بردباری، اٹھانا۔
تحمید (تَحْ۔مِیْد) حمد کرنا، سراہنا۔
تحمیر (تَحْ۔مِیْر) بالوں کا جوڑا باندھنا۔
تحمیق (تَحْ۔مِیْق) احمق بنانا۔
تحمیل (تَحْ۔مِیْل) حوالہ کرنا۔
تحنط (تَحَنْ۔نُطْ) اپنے خوشبو ملنا، بوجھ لادنا۔
تحنف (تَحَنْ۔نُفْ) سیدھی راہ چلنا، بہترین مذہب پر چلنا۔
تحنن (تَحَنْ۔نُنْ) مہربانی کرنا۔
تحنی (تَحَنْ۔نِی) ٹیڑھا ہونا، ہاتھ مروڑنا۔
تحنیط (تَحْ۔نِیْط) مردے کے خوشبو دار دوائیں لگانا۔
تحور (تَحَوْ۔وُرْ) جلدی کرنا، غصہ کرنا۔
تحول (تَحَوْ۔وُلْ) ایک سے دوسری جگہ جانا، حوالہ ہونا۔

تحویلط (تَحْ۔ وِیْلِط) دیوار بنانا۔
تحویل (تَحْ۔ وِیْل) ہنڈی یا منی آرڈر، سپردگی، حوالہ کرنا۔
تحویلدار (تَحْ۔ وِیْل۔ دَار) خزانچی۔
تحیت (تَحِیْ۔ یَتْ) سلام، بادشاہی جمع تحیات۔
تحیر (تَحَیْ۔ یُر) حیرانی، بھونچکا ہونا۔
تحین (تَحَیْ۔ یُنْ) وقت تاکنا۔
تحیہ (تَحِیْ۔ یَہ) دیکھو تحیت۔
تحییر (تَحْ۔ یِیْر) سرگشتہ کرنا۔
تخارج (تَخَا۔ رُج) تقسیم ہونا۔
تخاصم (تَخَا۔ صُم) آپس میں دشمنی کرنا۔
تخافت (تَخَا۔ فُتْ) پوشیدہ کہنا، راز بتانا۔
تخالج (تَخَا۔ لُج) دل میں شک آنا۔
تخالص (تَخَا۔ لُصْ) آزادی۔
تخالف (تَخَا۔ لُفْ) مخالفت، دگرگونی۔
تخاوف (تَخَا۔ وُفْ) آپس میں خوف کھانا۔
تخبط (تَخَبْ۔ بُطْ) بے راہ چلنا، جن کا پڑھ کر دیوانہ کر دینا۔
تخت (تَخْ۔ ت) تخت شاہی، بیٹھنے کی چوکی۔
تخت گاہ (تَخْ۔ ت۔ گَاہ) راجدھانی۔
تختم (تَخَتْ۔ تُمْ) انگوٹھی انگلی میں ڈالنا۔
تخت نشین (تَخْ۔ ت۔ نَشِیْن) بادشاہ، تخت پر بیٹھنے والا۔
تخت نشینی (تَخْ۔ ت نَشِیْ۔ نِیْ) بادشاہ ہونا۔
تختہ (تَخْ۔ تَہ) لکڑی کا کوئی تختہ، تابوت۔
تخت یا تختہ (تَخْ۔ ت۔ یَا۔ تَخْ۔ تَہ) شاہی تخت یا تابوت۔
تختۂ اول (تَخْ۔ تَۂ۔ اَوْ۔ وَل) لوح محفوظ۔
تختہ بند (تَخْ۔ تَہ۔ بَنْ۔ د) ٹوٹی ہڈی پر باندھنے کی تختی۔
تختہ نرد (تَخْ۔ تَہ۔ نَرْ۔ د) چوپڑ شطرنجی۔
تختی (تَخْ۔ تِیْ) لکھنے کی مشق کی تختی، چھوٹا تختہ۔

تخجیل (تَخْ۔ جِیْل) شرمندہ کرنا۔
تخدد (تَخَدْ۔ دُدْ) کھال ڈھیلی پڑجانا، بدن دبلا ہو جانا۔
تخدیر (تَخْ۔ دِیْر) عورت کو پردے بٹھلانا، عضو سن کر دینا۔
تخرج (تَخَرْ۔ رُج) علم سیکھ لینا، ادب پانا۔
تخرجہ (تَخْ۔ رِجَہ) خارج کرنا، نکالنا۔
تخرق (تَخَرْ۔ رُقْ) جھوٹا ہونا، جھوٹ بولنا۔
تخریب (تَخْ۔ رِیْب) بگاڑنا، خراب کرنا۔
تخریج (تَخْ۔ رِیْج) باہر لانا، ادب دینا۔
تخریق (تَخْ۔ رِیْق) چیرنا، پھاڑنا۔
تخسیر (تَخْ۔ سِیْر) کمی، ہلاک کرنا۔
تخش (تَخْ۔ شُ) اونچا، صدر مجلس، بالا۔
تخشع (تَخَشْ۔ شُعْ) عاجزی کرنا۔
تخشیدن (تَخْ۔ شِیْ۔ دَن) ادبر بیٹھنا۔
تخصیص (تَخْ۔ صِیْص) خصوصیت، خاص کرنا۔
تخضع (تَخَضْ۔ ضُعْ) عاجزی کرنا۔
تخضیر (تَخْ۔ ضِیْر) ہرا کرنا، سبز کرنا۔
تخطف (تَخَطْ۔ طُفْ) اچک لے جانا۔
تخطی (تَخَطْ۔ طِیْ) خطا سے منسوب کرنا، چھوڑنا۔
تخطیہ (تَخْ۔ طِیَہ) خطا پکڑنا۔
تخفیر (تَخْ۔ فِیْر) شرمندہ کرنا۔
تخفیف (تَخْ۔ فِیْف) کمی، ہلکا کرنا۔
تخلخل (تَخَلْ۔ خُل) بکھر جانا۔
تخلص (تَخَلْ۔ لُصْ) شاعر کا وہ چھوٹا سا نام جو کسی مناسبت سے شعروں میں اختیار کیا جاوے۔
تخلج (تَخَلْ۔ لُج) اکھڑا ہونا، پراگندہ ہونا، جدا ہونا۔
تخلف (تَخَلْ۔ لُفْ) وعدہ خلافی کرنا، پیچھے رہنا۔
تخلق (تَخَلْ۔ لُقْ) عادت ڈالنا، خوش خو ہونا۔
تخلل (تَخَلْ۔ لُلْ) خرابی، خلل پڑنا۔
تخلی (تَخَلْ۔ لِیْ) خالی ہونا۔

تخلید (تخ۔لید) ہمیشگی کرنا، کان میں پہنانا۔
تخلیص (تخ۔لیص) خلاص کرنا، چھڑانا۔
تخلیط (تخ۔لیط) کلام میں باطل ملانا۔
تخلیع (تخ۔لیع) اکھاڑ دینا، جدا کرنا۔
تخلیق (تخ۔لیق) پیدا کرنا۔
تخلیل (تخ۔لیل) خلال کرنا، سرکہ ڈالنا۔
تخلیہ (تخ۔لیہ) خالی کرنا
تخم (تخ۔م) بیج، انڈا، ج تخوم، تخمہ۔
تخماق (تخ۔ماق) کھونٹا وغیرہ گاڑنے کی موگری۔
تخمر (تخ۔مر) چادر اوڑھنا۔
تخم ریزی (تخ۔م۔ری۔زی) بیج کی بوائی۔
تخمہ (تخ۔مہ) پیدائش، اصل یا تخمہ، نسل کے ساتھ یہ معنی ج تخمات، تخم۔
تخمہ و تخمہ (تخ۔مہ، ذر۔ تخ۔مہ) نسلاً بعد نسلٍ۔
تخمی (تخ۔می) خیمہ لگانا۔ (تخ۔می) تخم سے منسوب، بیج کا۔
تخمیر (تخ۔میر) خمیر اٹھانا۔
تخمیس (تخ۔میس) پانچ کرنا۔
تخمین (تخ۔مین) اندازہ کرنا۔
تخمیناً (تخ۔می۔ناً) اٹکل سے۔
تخمینہ (تخ۔می۔نہ) اٹکل، اندازہ۔
تخوخہ (تخو۔خہ) خمیر کھٹا ہونا۔
تخوف (تخو۔وف) ڈرنا۔
تخون (تخو۔ون) کسی کا حق گھٹانا۔
تخویف (تخ۔ویف) ڈرانا۔
تخوین (تخ۔وین) خیانت سے منسوب کرنا۔
تخیل (تخ۔یل) خیال میں لانا۔
تخییر (تخ۔ییر) اختیار کرنا۔
تخییل (تخ۔ییل) دھیان کرنا، خیال میں لانا۔
تداخل (تدا۔خل) ایک غذا ہضم ہوئے بغیر دوسری کھا لینا، باہم مل جانا۔
تدارک (تدا۔رک) بدلہ، چارۂ کار، پیچھا۔
تداعی (تدا۔عی) ایک دوسرے کو بلانا۔
تدافع (تدا۔فع) ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تداول (تدا۔ول) دست بدست پھرنا۔
تداوی (تدا۔وی) دوا دارو کرنا۔
تدبر (تد۔بر) بات کا پیچھا سوچنا۔
تدبیر (تد۔بیر) انجام کار پر غور، عقل ج تدابیر۔
تدثر (تد۔ثر) چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
تدخین (تد۔خین) دھواں کرنا۔
تدریج (تد۔ریج) رفتہ رفتہ ہونا۔
تدریس (تد۔ریس) پڑھانا۔
تدسیہ (تد۔سیہ) گمراہ کرنا، تباہ کرنا۔
تدفین (تد۔فین) دفنانا، دابنا۔
تدقیق (تد۔قیق) باریک کرنا، خوب کوٹنا۔
تدلک (تد۔لک) خود کو ملنا۔
تدلل (تد۔لل) باہم ناز کرنا۔
تدلی (تد۔لی) بہت نزدیک ہونا، لٹکا ہونا، لٹکنا۔
تدلیس (تد۔لیس) گاہک کی نظر بچانا۔
تدمیر (تد۔میر) ہلاکت میں ڈالنا۔
تدنس (تد۔نس) میلا ہونا۔
تدنی (تد۔نی) آہستہ آہستہ نزدیک ہونا۔
تدنیس (تد۔نیس) میلا کرنا۔
تدنیق (تد۔نیق) نظر کم سے دیکھنا، کام کی دیکھ بھال کرنا۔
تدویخ (تد۔ویخ) شہروں شہروں پھرنا، رام کرنا۔
تدویر (تد۔ویر) گرد پھرنا۔
تدوین (تد۔وین) جمع کرنا، تالیف کرنا۔
تدہن، تدہین (تد۔ہن، تد۔ہین) تیل چپڑنا۔
تدین (تد۔ین) دیانت داری، دینداری۔
تذبذب (تذ۔ب۔ذب) ڈگمگانا، تردد کرنا۔

تذرو (تَذَرْ-رُو) ایک نہایت خوبصورت جنگلی مرغ۔
تذریق (تَذْ-رِیْق) دودھ میں پانی ملانا۔
تذکار (تَذْ-کَارْ) یادگار، چرچا۔
تذکر (تَذَکْ-کُرْ) یاد کرنا، یاد آجانا۔
تذکرہ (تَذْ-کِرَہْ) ذکر، یادداشت، یادگار، پروانۂ راہداری، ٹکٹ، نشانی۔
تذکرتی (تَذْ-کِرَ-تِیْ) بطور تذکرہ۔
تذکیر (تَذْ-کِیْر) مذکر کرنا، یاد دلانا، نصیحت کرنا۔
تذکیہ (تَذْ-کِیَہْ) گلا کاٹنا، آگ بھڑکانا۔
تذلل (تَذَلْ-لُلْ) رام ہونا، عاجزی کرنا۔
تذلیق (تَذْ-لِیْق) تیز کرنا۔
تذلیل (تَذْ-لِیْل) بےعزت کرنا، ذلیل کرنا۔
تذنیب (تَذْ-نِیْب) دم دار بنانا۔
تذہب، تذہیب (تَذَہْ-ہُبْ، تَذْ-ہِیْب) سونے کا جھول چڑھانا۔
تذییل (تَذْ-یِیْل) ایک چیز کا دوسری چیز پر دامن لگانا۔
تر (تَرْ) تازہ، نیا، آبدار، صاف، پاکیزہ، بھیگا، لتھڑا، شرمندہ، کلمۂ تفضیل، زیادہ۔
ترا (تُرَا) تجھکو (تَرَا) مضبوط دیوار۔
تراب (تُرَابْ) مٹی، زمین، خاک
ترابخدا (تُرَا-بَخُدَا) تجھے خدا کی قسم۔
ترابی (تُرَا-بِیْ) منسوب بہ تراب، مٹی کا۔
ترابیدن (تَرَا-بِیْ-دَنْ) دیکھو ترادیدن۔
ترابیزہ (تَرَا-بِیْ-زَہْ) سبز
تراج (تُرَاجْ، تَرَاجْ) دیکھو دُراج۔
تراجع (تَرَا-جُعْ) واپس پھرنا، منقلب ہونا۔
تراجم (تَرَا-جِمْ) ترجمہ کی جمع۔
تراجی (تَرَا-جِیْ) باہم امید رکھنا۔
تراخی (تَرَا-خِیْ) کاہلی، تساہل کرنا، دیر کرنا۔
ترادف (تَرَا-دُفْ) آگے پیچھے بیٹھنا، ہم معنی ہونا۔
تراز (تَرَازْ) دیکھو طراز۔
ترازو (تَرَا-زُوْ) تولنے کا آلہ، تل جانا۔
ترازیدن (تَرَا-زِیْ-دَنْ) دیکھو طرازیدن۔
ترازدی (تَرَا-ژِ-دِیْ) غمناک یا اضطراب انگیز ڈرامہ۔
تراسل (تَرَا-سُلْ) آپس میں نامہ و پیام بھیجنا۔
تراش (تَرَاشْ) آرائش، کانٹ چھانٹ، انتخاب، قطع، چھیلنے والا۔
تراشندہ (تَرَا-شَنْ-دَہْ) چھیلنے والا، کاٹنے والا، کترنے والا۔
تراشہ (تَرَا-شَہْ) چھیلن، کٹن، کترن۔
تراشیدن (تَرَا-شِیْ-دَنْ) کترنا، کاٹنا، چھیلنا مضع تراشندہ۔
تراشیدنی (تَرَا-شِیْ-دَنِیْ) کاٹنے کے لائق۔
تراشیدہ (تَرَا-شِیْ-دَہْ) کاٹا ہوا، چھیلا ہوا، کترا ہوا۔
تراض، تراضی (تَرَاضْ، تَرَا-ضِیْ) آپس میں ایک دوسرے سے راضی ہونا۔
تراقی (تَرَا-قِیْ) ترقوہ کی جمع۔
تراکم (تَرَا-کُمْ) جمگھٹا، بھیڑ، انبوہ۔
تراکیب (تَرَا-کِیْب) ترکیب کی جمع۔
ترامی (تَرَا-مِیْ) آپس میں پتھر مارنا، کام میں تاخیر کرنا۔
ترانہ (تَرَا-نَہْ) راگ، گیت۔
تراوت (تَرَا-وَتْ) نمی، تراوٹ۔
تراوش (تَرَا-وِشْ) ٹپکا، رشحن۔
تراوندہ (تَرَا-وَنْ-دَہْ) ٹپکنے والا۔
تراویح (تَرَا-وِیْحْ) ترویح کی جمع۔
ترادیدن (تَرَا-وِیْ-دَنْ) ٹپکنا، رسنا مضع تراود۔
تراویدنی (تَرَا-وِیْ-دَنِیْ) ٹپکنے کے لائق۔
تراویدہ (تَرَا-وِیْ-دَہْ) ٹپکا ہوا، رسا ہوا۔
تراہی (تَرَا-ہِیْ) نیا پھل، نیا پودا۔

ترائب (تَرَا-اِبْ) تریبہ کی جمع۔
ترائیدن (تَرَا-اِی-دَنْ) دیکھو ترادیدن۔
ترب (تِرْ-ب) ہمعمر، ہمجولی جمع اَتْرَاب۔
(تَرْ-ب) مولی (تُرْ-ب) مفلسی، خاک آلودگی
جمع اَتْرِبَہ، تُرْبَان۔
تربت (تُرْ-بَتْ) قبر، مٹی، زمین۔
ترید (تَرْ-بِدْ) ہوا بھیگی ہونا، ترش رو ہونا، چہرہ متغیر ہونا (تُرْ-بُدْ) نام دست آور دوا، نسوت۔
تربز (تَرْ-بُزْ) تربوز، ہندوانہ، جنجب۔
تربزہ (تُرْ-بُزَہ) مولی (تَرْ-بُزَہ) تربوز۔
تربص (تَرَبْ-بُصْ) ڈھیل، امید، راہ دیکھنا۔
تربیت (تَرْ-بِیَتْ) پرورش کرنا، پالنا۔
تربیع (تَرْ-بِیع) چار حصوں میں تقسیم کرنا۔
ترتب (تَرَتْ-تُبْ) ٹھیک اور راست ہونا۔
ترت ومرت (تَرْ-تُو-مَرْتْ) زیر و زبر۔
ترتیب (تَرْ-تِیبْ) موزوں جگہ پر رکھنا، حسب درجہ ٹھیک کرنا۔
ترتیل (تَرْ-تِیلْ) آہستہ اور صاف کھول کر پڑھنا۔
ترجل (تَرَجْ-جُلْ) پیدل چلنا۔
ترجم (تَرَجْ-جُمْ) دوسری زبان میں مطلب بدلنا۔
ترجمان (تَرْ-جُمَانْ) ایک کی بولی دوسرے کو سمجھانے والا
ترجمانی (تَرْ-جُمَا-نِی) منسوب بطرف ترجمان۔
ترجمہ (تَرْ-جَمَہ) دوسری زبان میں بدلنا، بیان کرنا جمع تَرَاجِمْ۔
ترجی (تَرَجْ-جِی) امید رکھنا۔
ترجیب (تَرْ-جِیبْ) بزرگ رکھنا، شان رکھنا۔
ترجیح (تَرْ-جِیحْ) غالب ہونا، افزوں ہونا، جھلانا۔
ترجیع (تَرْ-جِیعْ) انا للّٰہ و انا الیہ راجعون پڑھنا، واپس پھیرنا۔
ترجیل (تَرْ-جِیلْ) چھوڑنا۔

ترجیہ (تَرْ-جِیَہ) امیدوار کرنا، امیدوار رکھنا۔
ترح (تَرَحْ) رنج، غم۔
ترحال (تَرْ-حَالْ) کوچ کرنا۔
ترحب (تَرَحْ-حُبْ) مرحبا کہنا۔
ترحل (تَرَحْ-حُلْ) کوچ کرنا۔
ترحم (تَرَحْ-حُمْ) رحم کرنا، ترس کھانا۔
ترحی (تَرَحْ-حِی) اکٹھا ہونا۔
ترحیب (تَرْ-حِیبْ) تعظیم، مرحبا کہنا۔
ترحیل (تَرْ-حِیلْ) کوچ کرانا۔
ترخان (تَرْ-خَانْ) جسکی شخصیت قانون سے بالا ہو۔
ترخص (تَرَخْ-خُصْ) آسانی کرنا، رخصت پانا۔
ترخیص (تَرْ-خِیصْ) اجازت دینا، رخصت دینا۔
ترخیم (تَرْ-خِیمْ) نرم بنانا، کلمہ کا آخر حرف گرانا۔
تردامن (تَرْ-دَا-مَنْ) گنہگار۔
تردامنی (تَرْ-دَا-مَنِی) گنہگاری۔
تردد (تَرَدْ-دُدْ) فکر، جنجالی، آمد و رفت۔
تردست (تَرْ-دَسْتْ) چست و چالاک، مشّاق۔
تردستی (تَرْ-دَسْ-تِی) مشّاقی۔
تردماغ (تَرْ-دِمَاغْ) عقلمند، سرمست۔
تردی (تَرَدْ-دِی) کندھے پر چادر ڈالنا۔
تردید (تَرْ-دِیدْ) رد کرنا، کسی بات کا جواب دینا۔
تردیف (تَرْ-دِیفْ) اپنے پیچھے سوار کرنا۔
ترزبان (تَرْ-زَبَانْ) خوش کلام۔
ترزبانی (تَرْ-زَبَا-نِی) خوش کلامی۔
ترس (تَرْسْ) ڈر، ڈرنے والا (تُرْسْ) ڈھال جمع تُرُوسْ، تِرَاسْ، اَتْرَاسْ۔
ترسا (تَرْ-سَا) آتش پرست، نصرانی۔ ۲۔ ڈرنے والا۔
ترسان (تَرْ-سَانْ) ڈرتا ہوا، ڈرنے والا۔
ترسانیدن (تَرْ-سَا-نِی-دَنْ) ڈرانا۔
ترسل (تَرَسْ-سُلْ) مکتوب، خط، رسالہ لکھنا۔
ترسناک (تَرْسْ-نَاکْ) ڈرا ہوا۔

ترسندہ (تَرْ۔سِنْ۔دَہْ) ڈرنے والا۔
ترسیدن (تَرْ۔سِیْ۔دَنْ) ڈرنا مضم تَرْسَنْدْ۔
ترسیدہ (تَرْ۔سِیْ۔دَہْ) ڈرا ہوا۔
ترسیل (تَرْ۔سِیْل) روانہ کرنا، خط بھیجنا۔
ترش (تُرْش) کھٹا، ناراض۔
ترشح (تَرَشْ۔شُحْ) مینہ کی پھوار، ٹپکنا۔
ترش رو (تُرْش۔رُوْ) بدمزاج۔
ترش روئی (تُرْش۔رُوْ۔اِیْ) بدمزاجی۔
ترشہ (تُرْ۔شَہْ) چوکا، حماض، ایک کھٹی گھاس۔
ترشی (تُرْ۔شِیْ) کھٹائی، ناراضی۔
ترشیح (تَرْ۔شِیْح) پانی دینا، نام صنعت شاعری۔
ترشیش (تَرْ۔شِیْش) مینہ کا چھینٹا، پھوار۔
ترصد (تَرَصْ۔صُدْ) امید رکھنا، گھات لگانا۔
ترصیص (تَرْ۔صِیْص) مضبوط بنانا۔
ترصیع (تَرْ۔صِیْع) جواہر جڑنا، مقفی عبارت لکھنا۔
ترضی یا ترضیہ (تَرَضْ۔ضِیْ یا تَرْ۔ضِیَہْ) راضی کرنا، خوشنود کرنا۔
ترطیب (تَرْ۔طِیْب) تر کرنا، مزاج میں تری لانا۔
ترع (تَرَعْ) حوض یا بھرا ہوا برتن۔
ترعرع (تَرَعْ۔رُعْ) بچہ بڑھنا۔
ترعہ (تُرْ۔عَہْ) نہر، سبزہ زار جمع تُرَعْ۔
ترغاق، ترغاک (تُرْ۔غَاقْ، تُرْ۔غَاکْ) پاسبانی، نگہبانی۔
ترغیب (تَرْ۔غِیْب) رغبت دلانا، لالچ دینا۔
ترف (تَرَفْ) پنیر، سکھ چین کی تازگی۔
ترفان (تَرْ۔فَانْ) ترجمان۔
ترفع (تَرَفْ۔فُعْ) گھمنڈ، غرور، بلندی ڈھونڈھنا۔
ترفق (تَرَفْ۔فُقْ) نرمی دکھلانا، مہربانی کرنا
ترفہ (تَرْ۔فَہْ) آسودگی، مالداری۔
ترفیہ (تَرْ۔فِیْ۔ہْ) آسودگی، آسایش دینا۔
ترقب (تَرَقْ۔قُبْ) امید، انتظار۔
ترقوہ (تَرْ۔قُوَہْ) ہنسلی کی ہڈی جمع تَرَاقِیْ۔

ترقی (تَرَقْ۔قِیْ) اوپر چڑھنا، اونچا ہونا۔
ترقیدن (تَرْ۔قِیْ۔دَنْ) دیکھو ترکیدن مضم تَرْقَدْ۔
ترقیص (تَرْ۔قِیْص) رقص کرانا، نچوانا۔
ترقیع (تَرْ۔قِیْع) ٹکڑے ٹکڑے لگانا۔
ترقیق (تَرْ۔قِیْق) بہت کرنا، باریک کرنا۔
ترقیم (تَرْ۔قِیْم) لکھنا، رقم کرنا۔
ترقین (تَرْ۔قِیْن) تخیان لکھنا، نقطے اور اعراب لگانا، کتاب کی آرایش کرنا، مہندی کا خضاب لگانا۔
ترک (تَرْک) ۱۔ چھوڑ دینا۔ ۲۔ ٹوپی (تَرْکْ) گرج، رخنہ، کنواری لڑکی، قلعہ کی کھائی۔
(تُرْک) ایک قوم کا نام، غلام، محبوب جمع اَتْرَاکْ ملک ترکستان۔
ترکان (تُرْ۔کَانْ) ترکن بیبیوں کا لقب (تُرْ۔کَانْ) ترک کی فارسی جمع۔
ترکانہ (تُرْ۔کَا۔نَہْ) ترک سے منسوب۔
ترکتاز (تُرْک۔تَازْ) دوڑ دھوپ، ہلہ، دھاوا۔
ترکش (تَرْ۔کَشْ) تیر رکھنے کا خانہ۔
ترکمان (تُرْک۔مَانْ) ترکوں کی ایک قوم کا نام۔
ترکندہ (تَرْ۔کَنْ۔دَہْ) شق ہونے والا۔
ترکہ (تَرِ۔کَہْ) متوفی کا چھوڑا ہوا مال ومتاع (تَرْ۔کَہْ) میراث کا مال جو وارثوں کو ملے، خود۔
ترکی (تُرْ۔کِیْ) ترکوں کی زبان، نام ملک (مغربی ایشیا)
ترکیب (تَرْ۔کِیْب) جڑائی، ملاوٹ، ملانا، جڑنا جمع تَرَاکِیْب۔
ترکیبی (تَرْ۔کِیْ۔بِیْ) منسوب طرف ترکیب۔
ترکیدن (تَرْ۔کِیْ۔دَنْ) شق ہونا، پھٹنا مضم تَرْکَدْ۔
ترکیدہ (تَرْ۔کِیْ۔دَہْ) پھٹا ہوا۔
ترمس (تُرْ۔مُسْ) باقلا مصری جو ایک دوا ہے۔
ترمیل (تَرْ۔مِیْل) خون آلودہ کرنا۔
ترمیم (تَرْ۔مِیْم) مرمت کرنا۔

ترن (تَرَن) سیوتی کا پھول۔
ترنابند (تَرْ۔نا۔بَنْد) روٹی سالن۔
ترنج (تُرَن۔ج) لیمو، میٹھا، سردش۔
ترنجبین (تَرَنْ۔جَبِیْن) ایک میٹھی چیز جو جھاڑیوں پر جمی ہوئی ممالک شام اور ترکستان میں پائی جاتی ہے۔
ترنجیدن (تُرُنْ۔جی۔دَن) آزردہ ہونا، گتھی پڑنا۔
ترنجیدہ (تُرُنْ۔جی۔دَہ) آزردہ، گتھی پڑا ہوا۔
ترنخ (تَرَنْ۔نخ) جھومنا۔
ترنگ (تَرَنْگ) کمان کی کڑک۔
ترنگبین (تَرَنْگ۔بِیْن) دیکھو ترنجبین۔
ترنم (تَرَنْ۔نُم) راگ، گیت گانا۔
ترنوازی (تَرْ۔نَوا۔زی) خوش گلوئی۔
تروتازہ (تَرُوْ۔تا۔زَہ) نیا، تازہ، خوش۔
ترویج (تَرْ۔وِیْج) چلانا، رواج دینا۔
ترویح (تَرْ۔وِیْح) راحت دینا، مہکانا جمع تراویح۔
ترویع (تَرْ۔وِیْع) تخویف، ڈرانا۔
ترویق (تَرْ۔وِیْق) چھاننا، چھت گیری لگانا۔
ترویل (تَرْ۔وِیْل) روٹی چیڑنا۔
ترہ (تَرَہ، تَرَہ) بتہ، ساگ، بات (تَرَہ) کینہ (تَرِہ) باطل۔
ترہب (تَرَہْ۔ہُب) راہب ہونا۔
ترہت (تُرْ۔رَہَت) بے فائدہ جھوٹ، بیہودہ بات جمع ترہات۔
ترہیب (تَرْ۔ہِیْب) ڈرانا۔
تری (تَرِی) صفائی، آبداری۔
تریاق (تِرْ۔یاق) زہرمہرہ، زہر کی دوا۔
تریاک (تِرْ۔یاک) افیون، تریاق۔
تریاکی (تِرْ۔یا۔کی) افیونی۔
تریان (تَرْ۔یان) ڈلیا، ڈالی، سبد، طبق۔
تریب (تَرِیْب) دہی۔
تریبہ (تَرِی۔بَہ) سینہ، سینہ کی ہڈی جمع ترائب۔

تریدن (تَرِی۔دَن) بھاگنا مضم ترد (تَرِی۔دَن) کھینچنا مضم ترد۔
ترین (تَرِیْن) کلمۂ تفصیل، زیادہ، پٹھانوں کا ایک فرقہ۔
تزاحم (تَزا۔حُم) مزاحمت، انبوہ، بھیڑ کرنا۔
تزاور (تَزا۔وُر) انحراف کرنا، میل کرنا۔
تزاید (تَزا۔یُد) افزون ہونا، بڑھنا۔
تزجر (تَزْ۔جُر) جھڑکی دینا۔
تزحر، تزحیر (تَزْ۔حُر، تَزْ۔حِیْر) پیچش کی بیماری ہو جانا۔
تزریق (تَزْ۔رِیْق) ریا، نفاق، دروغ۔
تزعزع (تَزَعْ۔زُع) جنبش کرنا، ہلنا۔
تزعیف (تَزْ۔عِیْف) ہلاک کرنا۔
تزک (تُزُک) ترتیب، انتظام، قانون، شان، بادشاہ کا خود نوشت واقعہ۔
تزکی، تزکیہ (تَزَکْ۔کی، تَزْ۔کِیَہ) پاک کرنا، زکوٰۃ دینا۔
تزلزل (تَزَلْ۔زُل) بھونچال آنا، ڈگمگانا۔
تزلل (تَزَلْ۔لُل) لغزش، لڑکھڑانا۔
تزمیر (تَزْ۔مِیْر) بانسری بجانا۔
تزمیل (تَزْ۔مِیْل) کپڑے میں لپیٹنا۔
تزوج (تَزَوْ۔وُج) بیاہ کرنا، شوہر کرنا۔
تزود (تَزَوْ۔وُد) توشہ بغل میں لینا۔
تزویج (تَزْ۔وِیْج) جوڑا ملانا، میاں بیوی بنانا۔
تزویر (تَزْ۔وِیْر) مکر و فریب کرنا۔
تزویق (تَزْ۔وِیْق) سجانا، کتاب درست کرنا۔
تزہد (تَزَہْ۔ہُد) عبادت کرنا۔
تزییف (تَزْ۔یِیْف) کھوٹا کرنا۔
تزین (تَزَیْ۔یُن) آراستہ ہونا، ٹھاٹھ دکھانا۔
تزیین (تَزْ۔یِیْن) زینت دینا، سنوارنا، آراستہ کرنا۔
تس (تُس) پھسکی، آواز بے صدا۔

تسابق (تَسا۔ بُق) ایک دوسرے کے آگے ہونا۔
تسافد (تَسا۔ فُد) جانوروں کا باہم جفتی کرنا۔
تساقط (تَسا۔ قُط) ایک دوسرے پر گر پڑنا۔
تساکر (تَسا۔ کُر) مدہوش نشہ میں ہونا۔
تسالم (تَسا۔ لُم) آپس میں صلح کرنا۔
تسامح (تَسا۔ مُح) چشم پوشی، جوانمردی کرنا، آسان کرنا۔
تساوی (تَسا۔ وِی) برابری، برابر ہونا۔
تساہل (تَسا۔ ہُل) نرمی برتنا، غفلت کرنا، سہل سمجھنا۔
تساہم (تَسا۔ ہُم) باہم قرعہ ڈالنا۔
تسبب (تَسَب۔ بُب) سبب بنانا۔
تسبیح (تَس۔ بیح) سبحہ، سبحان اللہ کہنا، خدا کو پاکی سے یاد کرنا۔
تسبیع (تَس۔ بیع) سات حصے کرنا۔
تستر (تَسَت۔ تُر) پوشیدہ ہونا، چھپنا۔
تستیر (تَس۔ تیر) چھپانا، پردہ ڈالنا۔
تسجیع (تَس۔ جیع) سجع کہنا۔
تسجیل (تَس۔ جیل) رجسٹری، قاضی کا قبالہ یا تمسک لکھنا۔
تسجین (تَس۔ جین) جیل بھیجنا، قید کو بھیجنا۔
تسخر (تَسَخ۔ خُر) بیگار، پکڑ
تسخی (تَسَخ۔ خی) بخشش کرنا۔
تسخیر (تَس۔ خیر) قابو میں کرنا، رام کرنا۔
تسخین (تَس۔ خین) گرم کرنا (تَس۔ خین) جوتی، کفش۔
تسدید (تَس۔ دید) درست کرنا، مضبوط کرنا۔
تسدیس (تَس۔ دیس) چھ حصوں میں بانٹنا۔
تسرع (تَسَر۔ رُع) جلدی کرنا۔
تسری (تَسَر۔ رِی) باندی کو بیوی بنانا
تسریح (تَس۔ ریح) بال سلجھانا۔

تسریق (تَس۔ ریق) چوری سے منسوب کرنا۔
تسطیح (تَس۔ طیح) ہموار کرنا، سطح بنانا۔
تسطیر (تَس۔ طیر) سطربندی کرنا، لکھنا۔
تسع (تُس، ع، تُسُع) نواں حصہ (تِس، ع) تسعہ کا مونث، نو (۹)
تسعون (تِس۔ عُون) نوّے (۹۰)
تسعہ (تِس۔ عَہ) نو (۹)
تسعہ عشر (تِس۔ عَہ۔ عَشَر) انیس (۱۹)
تسعیر (تَس۔ عیر) نرخ، بھاؤ مقرر کرنا۔
تسعین (تِس۔ عین) دیکھو تسعون۔
تسفہ (تَسَف۔ فُہ) نادانی کرنا۔
تسفیہ (تَس۔ فیہ) نادان اور کمینہ بنانا۔
تسقیف (تَس۔ قیف) چھت پاٹنا۔
تسکین (تَس۔ کین) تسلی، آرام، ڈھارس۔
تسلح (تَسَل۔ لُح) ہتھیار سجنا۔
تسلس (تَسَل۔ لُس) مکاری، مکاری کرنا۔
تسلسل (تَسَل۔ سُل) سلسلہ بندی، لڑی بندھنا۔
تسلط (تَسَل۔ لُط) غالب آجانا، حاکم ہوجانا۔
تسلف (تَسَل۔ لُف) پیشگی قیمت لینا۔
تسلی (تَسَل۔ لی) ڈھارس، دلجمعی۔
تسلیخ (تَس۔ لیخ) کھال کھینچنا۔
تسلیط (تَس۔ لیط) کسی کو کسی پر مقرر کرنا۔
تسلیم (تَس۔ لیم) سلام کرنا، حکم ماننا، سونپنا۔
تسلیمات (تَس۔ لی۔ مات) تسلیم کی جمع، کورنش، سلام۔
تسمہ (تَس۔ مَہ) چمڑے کی لمبی کترن۔
تسمیت (تَس۔ میت) دعا کرنا۔
تسمیط (تَس۔ میط) فتراک سے چیز باندھنا۔
تسمیع (تَس۔ میع) سنانا۔
تسمین (تَس۔ مین) فربہ کرنا، موٹا کرنا۔
تسمیہ (تَس۔ میَہ) نام رکھنا، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

تسند (تَسَ - نُدْ) تکیہ لگانا، بھروسہ کرنا۔
تس نفسی (تُس - نَفْسِی) بیہودہ گوئی۔
تسنن (تَسَ - نُنْ) سنی ہونا، متغیر ہونا۔
تسنہ (تَسَ - نُہْ) آبسنا، مزہ بگڑ جانا۔
تسنیم (تَس - نِیم) جنت کی ایک نہر۔
تسوق (تَسَ - وُّق) بازار ڈھونڈھنا، خرید و فروخت کرنا۔
تسوید (تَس - وِید) لکھنا، کالا کرنا۔
تسویس (تَس - وِیس) وسواس کرنا۔
تسویغ (تَس - وِیغ) جاری کرنا، جاری دیکھنا۔
تسویف (تَس - وِیف) ڈھیل کرنا، وعدہ پورا نہ کرنا، فریب دینا۔
تسویک (تَس - وِیک) مسواک کرنا، داتون کرنا۔
تسویل (تَس - وِیل) افترا، سخن آرائی، آراستہ کرنا۔
تسویم (تَس - وِیم) غارت کرنا، کار مختار کرنا۔
تسویہ (تَس - وِیَہ) سیدھا کرنا، برابر کرنا۔
تسہد (تَسَ - ہُد) بے خواب کرنا۔
تسہل (تَسَ - ہُل) سہل ہونا، آسان ہونا۔
تسہیل (تَس - ہِیل) سہل کرنا، آسان کرنا۔
تسیر (تَسَیَّ - یُر) سیر کرنا۔
تسییر (تَس - یِیر) سیر کرانا، شہر بدر کرنا، جاری کرنا۔
تش (تَش) تیشہ۔
تشابہ (تَشَا - بُہ) آپس میں مشابہ ہونا۔
تشابک (تَشَا - بُک) انبوہ، اژدحام، آپس میں گھل مل جانا، ایک چیز کو دوسری میں ملانا۔
تشاتم (تَشَا - تُم) آپس میں گالی بکنا۔
تشارک (تَشَا - رُک) شرکت کرنا، ساجھی ہونا۔
تشاعر (تَشَا - عُر) خود کو شاعر جتلانا۔
تشاغل (تَشَا - غُل) خود کو مشغول کرنا۔
تشاکل (تَشَا - کُل) آپس میں ہم شکل ہونا۔
تشاکی (تَشَا - کِی) آپس میں گلہ کرنا۔
تشاور (تَشَا - وُر) آپس میں مشورہ کرنا۔
تشاہد (تَشَا - ہُد) ملاقات، باہم حاضر ہونا، آپس میں گواہی دینا۔
تشبث (تَشَب - بُث) چنگل مارنا، جھپٹا مارنا۔
تشبک (تَشَب - بُک) انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔
تشبہ (تَشَب - بُہ) مشابہ ہونا۔
تشبیب (تَش - بِیب) قصیدے کی تمہید، ممدوح کی تعریف سے پہلے قصیدے کی ابتدا اٹھانا۔
تشییع (تَش - یِیع) مسافر کو پہنچانے جانا، جنازے کے پیچھے چلنا۔
تشبیک (تَش - بِیک) انگلیاں باہم ڈالنا۔
تشبیہ (تَش - بِیہ) مشابہ کرنا، مثال دینا۔
تشت (تَش - ت) دیکھو طشت۔
تشت از بام (تَش - ت - اَز - بَام) ظاہر، فاش۔
تشتت (تَشَت - تُت) پراگندگی، پریشانی۔
تشحط (تَشَح - حُط) بھڑکنا۔
تشحید (تَش - حِید) دھار تیز کرنا۔
تشخص (تَشَخ - خُص) تعین پانا، معین ہو جانا۔
تشخیص (تَش - خِیص) دواکاری، مقرر کرنا، جانچنا۔
تشدد (تَشَد - دُد) سختی، سخت ہونا۔
تشدید (تَش - دِید) ایک حرف کو دو مرتبہ پڑھنے کی علامت (ّ)، استوار کرنا، سخت کرنا۔
تشرب (تَشَر - رُب) پینا۔
تشرع (تَشَر - رُع) شریعت پر عمل کرنا۔
تشرق (تَشَر - رُق) سورج کے آگے بیٹھنا۔
تشریح (تَش - رِیح) شرح کرنا، کھول کر بتلانا، بدن کی ساخت بیان کرنا جمع تشریحات۔
تشریف (تَش - رِیف) خلعت شاہی، بزرگی، عزت رکھنا، بزرگ کرنا۔
تشریفات (تَش - رِی - فَات) جلوس۔
تشریق (تَش - رِیق) مشرق کی طرف جانا، گوشت دھوپ میں سکھانا

تشریک (تَش-رِیک) کسی کو شریک کرنا۔
تشطیح (تَش-طِیح) بے حیائی کرنا، خلاف شریعت بکنا۔
تشعب (تَشَعُّ، عُب) شاخ در شاخ ہونا، گروہ در گروہ ہونا۔
تشفع (تَشَفُّ، فُع) شفاعت کرنا۔
تشفی (تَشَفْ، فِی) شفا پانا، کسی سے دل خوش ہونا۔
تشقق (تَشَقُّ، قُق) شق ہونا، پھٹنا۔
تشکک (تَشَکُّ، کُک) شک میں پڑنا۔
تشکل (تَشَکُّ، کُل) خوبصورت ہونا، شکل پکڑنا۔
تشکی (تَشَکْ، کِی) شکوہ کرنا، گلہ کرنا۔
تشکیک (تَش-کِیک) شک میں ڈالنا۔
تشکیل (تَش-کِیل) شکل بنانا۔
تشمر (تَشَمُّ، مُر) کام پر مہیا ہونا، کام میں چست ہونا۔
تشمم (تَشَمُّ، مُم) سونگھنا۔
تشمیر (تَش-مِیر) چستی، مستعدی، اسٹھنا۔
تشمیم (تَش-مِیم) سونگھانا۔
تشنج (تَشَنُّ، نُج) اینٹھن، اکڑن، کھنچنا۔
تشنک (تَش-نَک) تالو، جاندانہ۔
تشنگی (تَش-نَگی) پیاس۔
تشنن (تَشَنُّ، نُن) پرانا ہونا۔
تشنہ (تَش-نَہ) پیاسا۔
تشنیج (تَش-نِیج) کھینچنا۔
تشنیع (تَش-نِیع) برا کہنا، لعنت ملامت کرنا۔
تشوش (تَشَوُّ، وُش) پریشان ہونا، گھبرانا۔
تشوق (تَشَوُّ، وُق) آرزومند ہونا، شوق ہونا۔
تشویر (تَش-وِیر) شور کرنا، اشارہ کرنا۔
تشویش (تَش-وِیش) پریشانی، فکر میں ڈالنا۔
تشویغ (تَش-وِیغ) روا رکھنا۔
تشویق (تَش-وِیق) شوق دلانا۔
تشویک (تَش-وِیک) کانٹے دیوار پر چننا، مونڈے ہوئے بال نکلنا۔

تشویہ (تَش-وِیہ) خراب کرنا (تَش-وِیَہ) بھونا۔
تشہ (تَش، شَہ) تیل کی پلی۔
تشہد (تَشَہْ، ہُد) کلمۂ شہادت پڑھنا۔
تشہی (تَشَہْ، ہِی) آرزومندی چاہنا۔
تشہیر (تَش-ہِیر) برائی سے منسوب کرنا، شہرت دینا۔
تشیخ (تَشَیْ، یُخ) ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا۔
تشیع (تَشَیْ، یُع) شیعہ مذہب کا دعویٰ کرنا، خود کو شیعہ دکھانا۔
تشین، تشیین (تَشَیْ، یُن، تَش-یِین) شاندار ہونا۔
تصابی (تَصَا-بِی) عاشق ہونا۔
تصادف (تَصَا-دُف) بلا ارادہ ملاقات۔
تصادق (تَصَا-دُق) باہم سچائی سے پیش آنا۔
تصادم (تَصَا-دُم) دھکا، بھیڑ، آپس میں ٹکرانا۔
تصاریف (تَصَا-رِیف) تصریف کی جمع۔
تصاعد (تَصَا-عُد) بلندی، برتری۔
تصافح (تَصَا-فُح) ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا۔
تصانیف (تَصَا-نِیف) تصنیف کی جمع۔
تصاویر (تَصَا-وِیر) تصویر کی جمع۔
تصافف (تَصَا-فُف) باہم صف کھینچنا، ٹکرانا۔
تصبیر (تَص-بِیر) صبر کرنا، صبر کرانا۔
تصبیرہ (تَص-بِی-رَہ) ناشتا۔
تصبیغ (تَص-بِیغ) رنگ کرنا، رنگنا۔
تصحیح (تَص-حِیح) صحیح کرنا، درست کرنا۔
تصحیف (تَص-حِیف) کتابت میں غلطی کرنا۔
تصدق (تَصَدْ، دُق) وسیلہ، صدقہ کرنا۔
تصدی (تَصَدْ، دِی) درپیش ہونا، سامنے آنا۔
تصدیر (تَص-دِیر) دیباچہ لکھنا، مقدم کرنا، روانہ کرنا۔
تصدیع (تَص-دِیع) دردسر کرنا، تکلیف دینا۔
تصدیعہ (تَص-دِی-عَہ) دردسری، تکلیف دہی۔
تصدیق (تَص-دِیق) سچا کرنا۔
تصرف (تَصَرْ، رُف) دخل کرنا، کام میں ہاتھ ڈالنا۔
تصرم (تَصَرْ، رُم) کٹا ہوا ہونا۔

تصریح (تَصْ-رِیْحْ) ظاہر کرنا -
تصریع (تَصْ-رِیْعْ) ڈالنا، پہلے مصرعہ میں قافیہ لانا -
تصریف (تَصْ-رِیْفْ) گردان کرنا، پھرانا جمع تَصَارِیْفْ -
تصریم (تَصْ-رِیْمْ) کاٹنا -
تصعد (تَصَعْ-عُدْ) اوپر چڑھنا -
تصعید (تَصْ-عِیْدْ) اوپر جگہ پر جانا، دوا کا جوہر اڑانا -
تصغیر (تَصْ-غِیْرْ) چھوٹا کرنا -
تصفح (تَصَفْ-فُحْ) تلاش، چھان بین، صفحہ صفحہ دیکھنا -
تصفید (تَصْ-فِیْدْ) بند کرنا، سخت باندھنا -
تصفیف (تَصْ-فِیْفْ) پرا باندھنا -
تصفیق (تَصْ-فِیْقْ) انڈیلنا، تالی بجانا -
تصفیہ (تَصْ-فِیَہْ) پاک کرنا، صاف کرنا -
تصلب (تَصَلْ-لُبْ) سخت اور مضبوط ہونا -
تصلف (تَصَلْ-لُفْ) ڈینگ مارنا، گپ اڑانا
تصلیب (تَصْ-لِیْبْ) سولی دینا، سخت کرنا، صلیب بنانا -
تصلیہ (تَصْ-لِیَہْ) نماز ادا کرنا -
تصمیت (تَصْ-مِیْتْ) خاموش کرنا، خاموش ہونا -
تصمید (تَصْ-مِیْدْ) قصد کرنا -
تصمیم (تَصْ-مِیْمْ) پختہ کرنا، خالص کرنا -
تصنع (تَصَنْ-نُعْ) خوشامد، بناوٹ، کاریگری کرنا، بناؤ سنگھار کرنا -
تصنیف (تَصْ-نِیْفْ) خود نوشت کتاب جمع تَصَانِیْفْ کتاب بنانا، قسم وار بیان کرنا -
تصور (تَصَوْ-وُرْ) دھیان، جمع تَصَوُّرَاتْ دل میں نقشہ جمانا -
تصوع (تَصَوْ-وُعْ) گھاس سکھانا، خبر پھیلنا -

تصوف (تَصَوْ-وُفْ) دھیان گیان، اللہ تعالیٰ سے لو لگانے کا ایک علم، ایک طرف چلنا -
تصویب (تَصْ-وِیْبْ) ٹھیک رکھنا، سچا کہنا -
تصویر (تَصْ-وِیْرْ) صورت، صورتگری جمع تَصَاوِیْرْ شکل کھینچنا -
تصویع (تَصْ-وِیْعْ) گھاس سکھانا -
تصیح (تَصَیْ-یُحْ) خشک ہونا -
تصیید (تَصْ-یِیْدْ) شکار کرنا -
تضاحک (تَضَا-حُکْ) ٹھٹھول کرنا، باہم ہنسنا -
تضاد (تَضَادْ) باہم دشمنی کرنا، آپس میں ضد کرنا -
تضاعف (تَضَا-عُفْ) دوگنا، دوچند ہونا -
تضافر (تَضَا-فُرْ) ہم پشت ہونا، ایک دوسرے کی مدد کرنا -
تضایف (تَضَا-یُفْ) باہم نسبت ہونا، ہم پہلو ہونا -
تضایق (تَضَا-یُقْ) آپس میں تنگ ہونا، باہم ضیق آنا -
تضجر (تَضَجْ-جُرْ) دلتنگی، غم سے بیکل ہونا -
تضجیع (تَضْ-جِیْعْ) کام میں تقصیر کرنا -
تضحی (تَضْ-حِیْ) چاشت کا کھانا کھانا -
تضحیک (تَضْ-حِیْکْ) ٹھٹھول، ہنسنا، ہنسانا -
تضحیہ (تَضْ-حِیَہْ) قربانی کرنا -
تضرر (تَضَرْ-رُرْ) رنجور ہونا، ضرر پانا -
تضرع (تَضَرْ-رُعْ) منت و زاری، گڑگڑانا، رونا -
تضرم (تَضَرْ-رُمْ) غصہ کرنا، آگ بھڑکنا -
تضرہ (تَضَرْ-رُہْ) ضرورت -
تضریم (تَضْ-رِیْمْ) بھڑکنا، برافروختہ ہونا -
تضعیف (تَضْ-عِیْفْ) کمزور کرنا، دونا کرنا
تضلیل (تَضْ-لِیْلْ) گمراہی سے منسوب کرنا -
تضمن (تَضَمْ-مُنْ) قبول کرنا، ضمن میں لینا
تضمید (تَضْ-مِیْدْ) لیپ، لیپ کرنا -
تضمین (تَضْ-مِیْنْ) کسی دوسرے کے مشہور شعر کو

اپنے کلام میں ملانا، قبول کرنا، ضامن کرنا، پناہ میں لینا۔
تضور (تَضَوْ۔ وُرْ) تلملانا۔
تضیف (تَضَیْ۔ یُفْ) مہمان ہونا۔
تضیق (تَضَیْ۔ یُقْ) تنگ ہونا، ضیق میں ہونا۔
تضییع (تَضْ۔ یِیْعْ) ضائع کرنا۔
تضییق (تَضْ۔ یِیْقْ) تنگ کرنا، ضیق میں کرنا۔
تطابق (تَطَا۔ بُقْ) باہم مطابق ہونا۔
تطامن (تَطَا۔ مُنْ) آرام کرنا۔
تطاول (تَطَا۔ وُلْ) دست درازی کرنا۔
تطبق (تَطَبْ۔ بُقْ) تہ بتہ ہونا، مطابق ہونا۔
تطبیق (تَطْ۔ بِیْقْ) مطابق کرنا۔
تطرق (تَطَرْ۔ رُقْ) راہ کرنا، راہ پانا۔
تطعم (تَطَعْ۔ عُمْ) چکھنا، دانہ بدلنا، چوگا بدلنا۔
تطعیم (تَطْ۔ عِیْمْ) چکھانا، ٹیکہ لگانا۔
تطفل (تَطَفْ۔ فُلْ) طفیلی ہونا۔
تطفیف (تَطْ۔ فِیْفْ) کم ناپنا۔
تطفیل (تَطْ۔ فِیْلْ) طفیلی بنانا۔
تطفیہ (تَطْ۔ فِیَہْ) آگ بجھانا۔
تطلع (تَطَلْ۔ لُعْ) نگاہ رکھنا۔
تطلیق (تَطْ۔ لِیْقْ) طلاق دینا۔
تطلیہ (تَطْ۔ لِیَہْ) بیمار پرسی کرنا۔
تطمیع (تَطْ۔ مِیْعْ) لالچ میں ڈالنا۔
تطوع (تَطَوْ۔ وُعْ) حکم ماننا، ناواجب بات بجا لانا۔
تطوف (تَطَوْ۔ وُفْ) طواف کرنا۔
تطوق (تَطَوْ۔ وُقْ) ہار پہننا، ہنسلی پہنانا۔
تطول (تَطَوْ۔ وُلْ) انعام کرنا، احسان رکھنا۔
تطویع (تَطْ۔ وِیْعْ) سہل کرنا، کام پر مستعد کرنا۔
تطویق (تَطْ۔ وِیْقْ) طوق ڈالنا، مطیع کرنا۔
تطویل (تَطْ۔ وِیْلْ) لمبا کرنا۔

تطہر (تَطَہْ۔ ہُرْ) پاک ہونا، غسل کرنا۔
تطہیر (تَطْ۔ ہِیْرْ) پاک کرنا۔
تطیب (تَطَیْ۔ یُبْ) خوشبودار ہونا۔
تطیر (تَطَیْ۔ یُرْ) بُری فال لینا۔
تطین (تَطَیْ۔ یُنْ) مٹی سے لیپنا۔
تطییب (تَطْ۔ یِیْبْ) خوشبودار کرنا۔
تطییر (تَطْ۔ یِیْرْ) پرندوں کو اُڑانا۔
تظاہر (تَظَا۔ ہُرْ) باہم پشتی کرنا، آپس میں امداد کرنا۔
تظرف (تَظَرْ۔ رُفْ) زیرکی اور عقلمندی دکھانا۔
تظلم (تَظَلْ۔ لُمْ) ظلم سے رونا، دُہائی دینا۔
تظلیل (تَظْ۔ لِیْلْ) سایہ داری، سایہ ڈالنا۔
تعاہد (تَعَا۔ ہُدْ) عہد کرنا، نگاہ رکھنا۔
تعادل (تَعَا۔ دُلْ) آپس برابر ہونا۔
تعادی (تَعَا۔ دِیْ) باہم دشمنی کرنا۔
تعار (تَعَارْ) چونکنا
تعارض (تَعَا۔ رُضْ) جھگڑا کرنا، آمنے سامنے آنا۔
تعارف (تَعَا۔ رُفْ) روزمرہ، جان پہچان، آپس میں پہچاننا۔
تعاشر (تَعَا۔ شُرْ) باہم زندگی بسر کرنا۔
تعاطف (تَعَا۔ طُفْ) باہم مہربانی کرنا۔
تعاطی (تَعَا۔ طِیْ) لینا۔
تعاقب (تَعَا۔ قُبْ) ایک دوسرے کے پیچھے آنا، پیچھا کرنا۔
تعاقد (تَعَا۔ قُدْ) باہم عہد و پیمان کرنا، آپس میں گرہ باندھنا۔
تعاقل (تَعَا۔ قُلْ) بیوقوف کا اپنے کو عقلمند دکھانا۔
تعال (تَعَالْ) آؤ۔
تعالیٰ (تَعَا۔ لَا) بلند ہوا، اصطلاحاً بلند ہے (تَعَا۔ لِیْ) بلند ہونا۔
تعامی (تَعَا۔ مِیْ) خود کو اندھا ظاہر کرنا۔
تعامل (تَعَا۔ مُلْ) آپس میں عمل کرنا

تعاند (تَعا - نُد) آپس میں عناد رکھنا -
تعانق (تَعا - نُق) بغلگیر ہونا، معانقہ کرنا -
تعاون (تَعا - وُن) آپس میں مدد کرنا -
تعاہد (تَعا - ہُد) آپس میں عہد کرنا -
تعب (تَعَب) رنج، ماندگی، تھکن جمع متاعب (تَعِب) ماندہ -
تعبد (تَعَب - بُد) بندگی کرنا -
تعبید (تَع - بِید) غلام بنانا، ذلیل کرنا -
تعبیر (تَع - بِیر) بیان کرنا، خواب کے معنی بتانا -
تعبیہ (تَع - بِیَہ) آراستہ کرنا، چھپانا -
تعتم (تَعَت - تُم) دیر، تاخیر کرنا -
تعجب (تَعَج - جُب) اچنبھا، حیرانی -
تعجل (تَعَج - جُل) جلدی کرنا -
تعجیب (تَع - جِیب) تعجب میں ڈالنا -
تعجیل (تَع - جِیل) وقت سے پہلے جلدی کرنا -
تعجیم (تَع - جِیم) عربی کو عجمی کرنا، نقطے لگانا -
تعدا (تَعَد - دا) دیکھو تعدی -
تعداد (تَع - داد) گننا، شمار کرنا -
تعدد (تَعَد - دُد) گننا -
تعدی (تَعَد - دِی) ظلم حد سے بڑھ جانا -
تعدید (تَع - دِید) شمار کرنا -
تعدیل (تَع - دِیل) برابر کرنا، ٹھیک کرنا -
تعدیہ (تَع - دِیَہ) گذارنا، فعل لازم کو متعدی بنانا -
تعذر (تَعَذ - ذُر) عذر کرنا، معذور ہونا -
تعذیب (تَع - ذِیب) عذاب کرنا، دکھ دینا -
تعذیر (تَع - ذِیر) عذر کرنا، معذور رکھنا -
تعرض (تَعَر - رُض) پیش آنا، چھیڑنا -
تعرف (تَعَر - رُف) شناسائی ڈھونڈھنا، پوچھنا -
تعری (تَعَر - رِی) ننگا ہونا، برہنہ ہونا -
تعریب (تَع - رِیب) غیر لفظ کو عربی بنانا، کلام کو غلطی سے پاک کرنا

تعریس (تَع - رِیس) شب باشی -
تعریض (تَع - رِیض) دوسرے پر بات ڈھالنا -
تعریف (تَع - رِیف) معنی بیان کرنا، سراہنا، جتلانا -
تعریفہ (تَع - رِی - فَہ) شرح نامہ -
تعریک (تَع - رِیک) ملنا، کان اینٹھنا -
تعریہ (تَع - رِیَہ) ننگا کرنا، برہنہ کرنا -
تعزز (تَعَز - زُز) عزیز ہونا -
تعزی (تَعَز - زِی) صبر کرنا، نسبت کرنا -
تعزیت (تَع - زِیَت) پرسا، ماتم پرسی -
تعزیت خانہ (تَع - زِیَت - خا - نَہ) ماتم خانہ -
تعزیر (تَع - زِیر) سیاست کرنا، سزا دینا -
تعزیز (تَع - زِیز) عزیز بنانا، قوی کرنا -
تعزیل (تَع - زِیل) برطرف کرنا -
تعزیہ (تَع - زِیَہ) ۱- حضرت امام حسینؑ کے روضہ مبارک کی نقل جسکو محرم میں بناتے ہیں - ۲- دیکھو تعزیت -
تعزیہ خانہ (تَع - زِیَہ - خا - نَہ) جہاں تعزیہ رکھا جائے
تعزیہ داری (تَع - زِیَہ - دا - رِی) تعزیہ بنانے کی رسم -
تعزیم (تَع - زِیم) تاوان زدہ کرنا، ڈنڈیانا -
تعسر (تَعَس - سُر) دشواری، مشکل ہونا -
تعسف (تَعَس - سُف) بیراہ چلنا، بھٹک جانا -
تعسم (تَعَس - سُم) لبھیانا -
تعشق (تَعَش - شُق) عاشق ہونا، فریفتہ ہونا -
تعشی (تَعَش - شِی) شام کا کھانا کھانا -
تعشیش (تَع - شِیش) چڑیوں کا گھونسلہ بنانا -
تعصب (تَعَص - صُب) ہٹ دھرمی کرنا، طرفداری کرنا -
تعصف (تَعَص - صُف) بے راہ چلنا -
تعضب (تَعَض - ضُب) تیز زبانی کرنا -
تعضی (تَعَض - ضِی) نیست ہونا، ویران ہونا -
تعطر (تَعَط - طُر) خوشبودار ہونا، مہکنا -
تعطش (تَعَط - طُش) تشنگی، پیاسا ہونا -

تعطف (تَعَطْ ۔ طُفْ) مہربانی کرنا۔
تعطل (تَعَطْ ۔ طُلْ) بیکار رہنا، نکھالی ہونا۔
تعطیر (تَعْ ۔ طِیْر) خوشبو میں بسانا۔
تعطیس (تَعْ ۔ طِیْس) چھینکانا۔
تعطیل (تَعْ ۔ طِیْل) چھٹی، نکھالی کرنا، بیکار کرنا۔
تعظم (تَعَظْ ۔ ظُمْ) بزرگ ہونا۔
تعظیم (تَعْ ۔ ظِیْم) بزرگی کرنا، عظمت کرنا۔
تعفف (تَعَفْ ۔ فُفْ) پرہیزگاری، پارسائی۔
تعفن (تَعَفْ ۔ فُنْ) سڑاند، بدبو ہونا، سڑ جانا۔
تعقب (تَعَقْ ۔ قُبْ) پیچھے جانا، پیچھا کرنا۔
تعقد (تَعَقْ ۔ قُدْ) باز رکھنا، بندھا ہونا۔
تعقل (تَعَقْ ۔ قُلْ) بات پر غور کرنا، سمجھنا۔
تعقید (تَعْ ۔ قِیْد) پردے میں بات کہنا، بہت سی گانٹھیں باندھنا۔
تعلق (تَعَلْ ۔ لُقْ) لگاؤ، علاقہ رکھنا، لپٹنا، لٹکنا۔
تعلقہ (تَعَلْ ۔ لُقَہْ) علاقہ، لگاؤ، اراضیات متعلقہ۔
تعلل (تَعَلْ ۔ لُلْ) بہانہ کرنا، بیمار بنانا، کام سے باز رکھنا۔
تعلم (تَعَلْ ۔ لُمْ) علم پڑھنا، کچھ سیکھنا۔
تعلی (تَعَلْ ۔ لِیْ) شیخی، بلند ہونا۔
تعلیق (تَعْ ۔ لِیْق) نام رسم الخط، لٹکانا۔
تعلیقہ (تَعْ ۔ لِیْ ۔ قَہْ) بڑے آدمیوں کی تحریر، خط، اسباب ضبطی کی تحریر، ج تعلیقات۔
تعلیل (تَعْ ۔ لِیْل) وجہ بتانا، دلیل لانا۔
تعلیم (تَعْ ۔ لِیْم) پڑھانا، کچھ سکھانا
تعمد (تَعَمْ ۔ مُدْ) کام کا قصد کرنا۔
تعمق (تَعَمْ ۔ مُقْ) غور کرنا، تہ کو پہنچنا۔
تعمل (تَعَمْ ۔ مُلْ) عمل میں لانا، کام کرنا۔
تعمید (تَعْ ۔ مِیْد) بپتسمہ دینا، پانی چھڑک کر عیسائی بنانا۔
تعمیر (تَعْ ۔ مِیْر) عمارت بنانا، آباد کرنا، دراز عمر کرنا۔
تعمیق (تَعْ ۔ مِیْق) غور کرنا، انجام سوچنا۔

تعمیل (تَعْ ۔ مِیْل) عمل میں لانا، عمل دینا۔
تعمیم (تَعْ ۔ مِیْم) عمومیت، عام کرنا، شامل کرنا۔
تعمیہ (تَعْ ۔ مِیَہْ) چھپانا، اندھا کرنا، معما کہنا۔
تعنت (تَعَنْ ۔ نُتْ) بدگوئی، عیب ڈھونڈھنا۔
تعند (تَعَنْ ۔ نُدْ) دشمنی کرنا، لڑائی ٹھاننا۔
تعنی (تَعَنْ ۔ نِیْ) رنج کرنا۔
تعنیف (تَعْ ۔ نِیْف) سختی کرنا، سرزنش کرنا۔
تعنین (تَعْ ۔ نِیْن) عنوان لکھنا، مرد کو جماع کے ناقابل کر دینا۔
تعود (تَعَوْ ۔ وُدْ) عادی ہونا، خوگر ہونا۔
تعوذ (تَعَوْ ۔ وُذْ) پناہ لینا، اعوذ باللہ کہنا۔
تعور (تَعَوْ ۔ وُرْ) عاریت لینا، مانگے لینا۔
تعوق (تَعَوْ ۔ وُقْ) باز آنا، ڈھیل ہونا۔
تعوید (تَعْ ۔ وِیْد) عادت ڈالنا، خوگر ہونا۔
تعویذ (تَعْ ۔ وِیْذ) نقش مراد، پناہ دینا، پناہ میں لینا۔
تعویر (تَعْ ۔ وِیْر) آنکھ پھوڑنا۔
تعویض (تَعْ ۔ وِیْض) بدلہ دینا۔
تعویق (تَعْ ۔ وِیْق) ڈھیل کرنا، باز رکھنا۔
تعویل (تَعْ ۔ وِیْل) بھروسہ کرنا، بوجھ لادنا۔
تعوین (تَعْ ۔ وِیْن) عورت کا گھربکن ہونا۔
تعہد (تَعَہْ ۔ ہُدْ) ضامنی کرنا، کام کا بیڑا اٹھانا
تعیش (تَعَیْ ۔ یُشْ) سامان عیش مہیا کرنا، عیش اڑانا۔
تعین (تَعَیْ ۔ یُنْ) ہستی، وجود، مخصوص ہونا۔ (تعیین) دیکھو تعیین۔
تعینات (تَعَیْ ۔ یُنَاتْ) تعین کی جمع (تَعْ ۔ یِنَاتْ) تعین کی جمع، متعینہ۔
تعیناتی (تَعْیِ ۔ نَا ۔ تِیْ) منسوب بہ تعینات۔
تعییث (تَعْ ۔ یِیْث) ٹٹولنا۔
تعیید (تَعْ ۔ یِیْد) حاضر کرنا۔
تعییر (تَعْ ۔ یِیْر) سرزنش، ملامت کرنا، عار دلانا

تعیین (تَعْ-یِیْن)، مخصوص کرنا۔
تغابن (تَغَا-بُنْ)، گھاٹا، باہم ٹوٹا دینا۔
تغابی (تَغَا-بِیْ)، غفلت دکھانا۔
تغادی (تَغَا-دِیْ)، فتنہ و فساد کیلئے اکٹھا ہونا۔
تغار (تَغَارْ)، مٹی کی ناند۔
تغاری (تَغَا-رِیْ)، مٹی کا کونڈا یا چھوٹی ناند۔
تغازل (تَغَا-زُلْ)، باہم غزل کہنا، باہم عشق کرنا۔
تغافل (تَغَا-فُلْ)، بے پروائی، دانستہ غفلت کرنا۔
تغافل شعار (تَغَا-فُلْ-شِعَارْ)، جس کا طریقہ بے پروائی ہو۔
تغانی (تَغَا-نِیْ)، ایک دوسرے سے لاپروائی کرنا۔
تغائی (تَغَا-اِیْ)، ہامون۔
تغایر (تَغَا-یُرْ)، فرق، باہم مغائر ہونا۔
تغذی (تَغَذْ-ذِیْ)، صبح کا کھانا کھانا۔
تغذیہ (تَغْ-ذِیَہْ)، غذا دینا، پالنا۔
تغریب (تَغْ-رِیْبْ)، شہر بدر کرنا، جلاوطن کرنا، غریب بتلانا۔
تغریق (تَغْ-رِیْقْ)، غرق کرنا۔
تغریم (تَغْ-رِیْمْ)، تاوان ڈالنا۔
تغزل (تَغَزْ-زُلْ)، عشق کرنا، غزل کہنا۔
تغسیل (تَغْ-سِیْلْ)، غسل کرانا۔
تغشی (تَغَشْ-شِیْ)، لپٹنا، چھپانا۔
تغطی (تَغَطْ-طِیْ)، اوڑھنا۔
تغفل (تَغَفْ-فُلْ)، خود کو غافل دکھلانا۔
تغفیل (تَغْ-فِیْلْ)، غفلت سے نسبت دینا۔
تغلب (تَغَلْ-لُبْ)، غلبہ کرنا، غالب ہونا۔
تغلق (تَغْ-لُقْ)، سردار۔
تغلیط (تَغْ-لِیْطْ)، غلطی میں ڈالنا، غلطی سے منسوب کرنا۔
تغلیظ (تَغْ-لِیْظْ)، سختی کرنا، درشتی کرنا، غلیظ کرنا۔
تغلیق (تَغْ-لِیْقْ)، پیچیدہ کرنا، باندھنا۔
تغلیل (تَغْ-لِیْلْ)، غالیہ ملنا، خوشبو میں بسانا۔
تغمیض (تَغْ-مِیْضْ)، آنکھ بند کرنا۔

تغنم (تَغَنْ-نُمْ)، غنیمت جاننا۔
تغنی (تَغَنْ-نِیْ)، گانا، بے نیازی کرنا۔
تغوط (تَغَوْ-وُطْ)، پاخانہ پھرنا۔
تغویث (تَغْ-وِیْثْ)، دہائی دینا۔
تغویر (تَغْ-وِیْرْ)، دوپہر ڈھلنا۔
تغیر (تَغَیْ-یُرْ)، حالت بدل جانا۔
تغیظ (تَغَیْ-یُظْ)، غصہ کرنا، جھنجھلانا۔
تغییر (تَغْ-یِیْرْ)، حالت بدل دینا۔
تف (تُفْ)، تھوک، تھو جمع اُتْفَافْ، تُفُوفْ
تھوکنا (تَفْ)، دیکھو تپ (تُفْ)، کان کا میل۔
تفاح (تُفْ-فَاحْ)، سیب۔
تفاخر (تَفَا-خُرْ)، آپس میں فخر کرنا، گھمنڈ کرنا۔
تفارق (تَفَا-رُقْ)، ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
تفاریق (تَفَا-رِیْقْ)، تفریق کی جمع۔
تفاسیر (تَفَا-سِیْرْ)، تفسیر کی جمع۔
تفاصل (تَفَا-صُلْ)، آپس میں جدا کرنا، فرق کرنا۔
تفاصیل (تَفَا-صِیْلْ)، تفصیل کی جمع۔
تفاضل (تَفَا-ضُلْ)، ایک دوسرے سے بڑھ جانا۔
تفال (تُفَالْ)، تھوک۔
تفانی (تَفَا-نِیْ)، آپس میں فنا ہونا۔
تفاوت (تَفَا-وُتْ)، دو چیزوں کا درمیانی فرق اور فاصلہ، باہم دوری واقع ہونا۔
تفاوض (تَفَا-وُضْ)، ساجھا، شرکت، باہم مشورہ کرنا۔
تفاؤل (تَفَا-اُلْ)، نیک فال لینا۔
تفت (تَفْتْ)، گرم، سوختہ، غصہ، جلدی، مفلس۔
تفتان (تَفْ-تَانْ)، پراٹھا، دھوپ یا آگ میں گرم کی ہوئی کوئی چیز۔
تفتت (تَفَتْ-تُتْ)، ریزہ ریزہ ہو جانا۔
تفتح (تَفَتْ-تُحْ)، پھولنا، کھلنا۔
تفتخ (تَفَتْ-تُخْ)، چھلا پہننا۔
تفتگی (تَفْ-تَگِیْ)، گرماہٹ، گرمی، تپش۔

تفتن (تَفَ۔ تَنْ) گرم ہونا، خفا ہونا، تپنا۔
تفتنی (تَفَ۔ تَنِی) گرم ہونے کے لایق۔
تفتہ (تَفْ۔ تَہْ) گرم ہوا، تپا ہوا۔
تفتیت (تَفْ۔ تِیت) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تفتیح (تَفْ۔ تِیح) کھولنا، کھول دینا۔
تفتیدہ (تَفْ۔ تِی۔ دَہْ) دھوپ یا آگ سے گرم ہوئی چیز
تفتیش (تَفْ۔ تِیش) کھوج لگانا، ڈھونڈھنا۔
تفتیل (تَفْ۔ تِیل) بٹنا، موڑنا، بل دینا۔
تفتین (تَفْ۔ تِین) فتنہ میں ڈالنا۔
تفجر (تَفَجْ۔ جُرْ) پانی جاری ہونا، نکلنا۔
تفجع (تَفَجْ۔ جُعْ) دردمند ہونا۔
تفجیر (تَفْ۔ جِیر) پانی جاری کرنا۔
تفجیع (تَفْ۔ جِیع) دردمند کرنا۔
تفحش (تَفَحْ۔ حُشْ) فحش بکنا۔
تفحص (تَفَحْ۔ حُصْ) کھوج لگانا، ڈھونڈنا، کھودنا۔
تفحیم (تَفْ۔ حِیم) کالا کرنا۔
تفخر (تَفَخْ۔ خُرْ) گھمنڈ کرنا، غرور کرنا۔
تفخیم (تَفْ۔ خِیم) بزرگ کرنا، بزرگ رکھنا۔
تفدیہ (تَفْ۔ دِیَہْ) واری جانا، فدا ہونا۔
تفرج (تَفَرْ۔ رُجْ) سیر تماشا، کشایش، خوشحالی۔
تفرج گاہ (تَفَرْ۔ رُجْ۔ گَاہْ) سیر اور تماشے کی جگہ۔
تفرح (تَفَرْ۔ رُحْ) خوش ہونا۔
تفرد (تَفَرْ۔ رُدْ) یگانہ ہونا، تنہائی پسند ہونا۔
تفرر (تَفَرْ۔ رُرْ) پرہیزگاری، بھاگنا، ڈرنا۔
تفرس (تَفَرْ۔ رُسْ) سمجھداری، فوراً تاڑ جانا۔
تفرع (تَفَرْ۔ رُعْ) شاخ نکلنا۔
تفرغ (تَفَرْ۔ رُغْ) فراغت پانا۔
تفرق (تَفَرْ۔ رُقْ) پراگندہ ہونا۔
تفرقہ (تَفْ۔ رِ۔ قَہْ) فرق، فاصلہ، جدائی، پراگندگی۔
تفرنج (تَفَرْ۔ نُجْ) فرنگی ہونا۔
تفرہ (تَفْ۔ رَہْ) غرور، گھمنڈ۔
تفریج (تَفْ۔ رِیج) کم رفع کرنا، خون آلود کرنا۔
تفریح (تَفْ۔ رِیح) خوش کرنا، فرحت دینا۔
تفرید (تَفْ۔ رِید) یگانہ کرنا، اکیلا کرنا۔
تفریس (تَفْ۔ رِیس) غیر لفظ کو فارسی بنانا۔
تفریش (تَفْ۔ رِیش) فرش کرنا، فرش بچھانا۔
تفریط (تَفْ۔ رِیط) ضایع کرنا، بھول جانا، تقصیر کرنا، کم کرنا، ترک کرنا، چھوڑنا، درگذر کرنا۔
تفریع (تَفْ۔ رِیع) پہاڑ سے اترنا، پہاڑ پر چڑھنا، شاخ نکالنا۔
تفریغ (تَفْ۔ رِیغ) فارغ کرنا۔
تفریق (تَفْ۔ رِیق) پراگندگی جمع تفاریق پراگندہ کرنا، جدا کرنا۔
تفزیع (تَفْ۔ زِیع) ڈرانا۔
تفسان (تَفْ۔ سَانْ) نہایت گرم۔
تفسح (تَفَسْ۔ سُحْ) کشادہ ہونا۔
تفسطط (تَفَسْ۔ سُطُطْ) سوفسطائی ہونا، احمق ہونا، حقایق سے انکار کرنا۔
تفسندہ (تَفْ۔ سَنْ۔ دَہْ) گرم ہونے والا۔
تفسیح (تَفْ۔ سِیح) کشادگی، کشادہ کرنا۔
تفسیدن (تَفْ۔ سِی۔ دَنْ) گرم ہونا مخفف تفسیدن۔
تفسیدنی (تَفْ۔ سِی۔ دَنِی) گرم ہونے کے لایق۔
تفسیدہ (تَفْ۔ سِی۔ دَہْ) جو گرم ہو گیا ہو۔
تفسیر (تَفْ۔ سِیر) شرح قرآن شریف جمع تفاسیر کلام کے معنی پیدا کرنا۔
تفسیق (تَفْ۔ سِیق) فاسق کہنا۔
تفش (تَفِشْ) دیکھو تپش۔
تفصی (تَفَصْ۔ صِی) تنگی اور مشکل سے چھٹکارا پانا۔

تفصیل (تَف - صِیل) قطع ، آشکارا ج تفاصیل جدا کرنا ، پارہ پارہ کرنا۔
تفضّل (تَفَضْ - ضُل) بزرگی ، بڑائی ، فضیلت -
تفضّی (تَفَضْ - ضِی) تنگی اور دشواری سے چھٹکارا پانا -
تفضیح (تَف - ضِیح) رسوائی کرنا ، فضیحت کرنا -
تفضیل (تَف - ضِیل) فضیلت دینا ، بزرگی کرنا -
تفطیر (تَف - طِیر) روزہ کھلوانا -
تفقّد (تَفَق - قُد) ڈھونڈھنا ، پوچھنا ، غمخواری کرنا -
تفقّہ (تَفَق - قُہ) علم فقہ پڑھنا ، عقلمند ہونا -
تفقیہ (تَف - قِیہ) عقلمند اور دانا ہونا -
تفک (تُفَک) بندوق -
تفکّر (تَفَک - کُر) فکر ، سوچ ج تفکّرات سوچنا -
تفکّک (تَفَک - کُک) چھٹنا ، جدا ہونا -
تفکّہ (تَفَک - کُہ) میوہ کھانا -
تفکیر (تَف - کِیر) سوچنا ، فکر کرنا -
تفکیک (تَف - کِیک) چھٹانا ، جدا کرنا -
تفل (تُف - ل) کلی ، تھوک ، تھوکنا -
تفلسف (تَفَل - سُف) فلسفیت ، حکمت ، فلسفی ہونا
تفلّل (تَفَل - لُل) بارڑھ کر جانا ، دھار بگڑ جانا
تفلیہ (تَف - لِیہ) جوں دیکھنا -
تفلیس (تَف - لِیس) افلاس سے نسبت دینا ، جج کا کسی کو مفلس ٹھہرانا -
تفنگ (تُفَنگ) بندوق -
تفنگ اندازی (تُفَنگ - اَن - دا - زی) بندوق چلانا -
تفنگ تہ پر (تُفَنگ - تَہ - پُر) بریچ لوڈنگ بندوق ، نال کے تلے سے بھری جانیوالی بندوق -
تفنگچی (تُفَنگ - چی) بندوقچی -
تفنگ دہن پر (تُفَنگ - دَہَن - پُر) مزل لوڈنگ بندوق ، نال کے منھ سے بھری جانیوالی بندوق

تفنگ سوزنی (تُفَنگ - سو - زَنی) بریچ لوڈنگ رائفل جو سوئی سے چلتا ہے -
تفنّن (تَفَن - نُن) تفریح ، رنگ برنگ ہونا -
تفنّی (تَفَن - نی) بہت سے فن جاننا (تُف - نی) مکڑی کا جالا -
تفنید (تَف - نِید) ملامت کرنا ، جھوٹ اور کم عقلی سے نسبت دینا -
تفنین (تَف - نِین) رنگ برنگ کرنا -
تفو (تُفُو) تھوک ، تھو -
تفوّق (تَفَو - وُق) اوپر ہونا ، برتری دکھانا -
تفوّہ (تَفَو - وُہ) بات چیت -
تفویض (تَف - وِیض) سپرد کرنا ، اپنا کام حوالے کرنا -
تفہ (تَفِہ) پھیکا ، سیٹھا -
تفہّم (تَفَہ - ہُم) تھوڑا تھوڑا سمجھنا -
تفہیم (تَف - ہِیم) سمجھانا -
تقا (تُقا) پرہیزگاری -
تقابل (تَقا - بُل) باہم مقابل ہونا -
تقاتل (تَقا - تُل) ایک دوسرے کو قتل کرنا -
تقادم (تَقا - دُم) برابر کھڑا ہونا ، مقابل ہونا -
تقادیر (تَقا - دِیر) تقدیر کی جمع -
تقارب (تَقا - رُب) باہم قریب ہونا -
تقاریر (تَقا - رِیر) تقریر کی جمع -
تقاسم (تَقا - سُم) باہم قسم کھانا ، مال کا حصہ لگانا -
تقاضا (تَقا - ضا) خواہش ، مانگ
تقاضی (تَقا - ضی) تقاضا کرنا ، مانگنا -
تقاطر (تَقا - طُر) بوند بوند ٹپکنا ، لگاتار ٹپکنا -
تقاطع (تَقا - طُع) باہم قطع کرنا ، باہم قطع ہونا -
تقاعد (تَقا - عُد) کام سے ہاتھ اٹھا لینا -
تقالیب (تَقا - لِیب) تقلیب کی جمع -
تقاول (تَقا - وُل) قول کرنا ، گفت و شنید کرنا -

تقاوی (تَقا۔وِی) زراعتی سرکاری قرضہ، قوت دینا۔
تقاویم (تَقا۔وِیم) تقویم کی جمع۔
تقبّل (تَقَب۔بُل) قبول کرنا، منظور کرنا۔
تقبیح (تَق۔بِیح) بُرا کام کرنا، بُرا کرنا۔
تقبیل (تَق۔بِیل) چومنا، بوسہ لینا۔
تقتیر (تَق۔تِیر) بیوی بچوں کے روٹی کپڑے میں تنگی کرنا
تقدّس (تَقَد۔دُس) پاک ہونا۔
تقدّم (تَقَد۔دُم) آگے ہونا، پہلے ہونا۔
تقدمہ (تَق۔دِمَہ) سابقی، پیشگی، مقدمہ، پیشوا، پیش کرنا، درپیش ہونا۔
تقدیر (تَق۔دِیر) اندازہ جمع تقادیر۔
تقدیس (تَق۔دِیس) پاک کرنا، پاکی سے منسوب کرنا۔
تقدیم (تَق۔دِیم) درپیش ہونا، درپیش کرنا، مقدم کرنا۔
تقذیہ (تَق۔ذِیَہ) آنکھ میں سے تنکا نکالنا۔
تقرّب (تَقَر۔رُب) نزدیکی
تقرّر (تَقَر۔رُر) مقرر ہونا، ٹھہرنا، قرار پکڑنا۔
تقرّع (تَقَر۔رُع) کروٹیں بدلنا۔
تقریب (تَق۔رِیب) وجہ، سبب جمع تقاریب، نزدیک کرنا۔
تقریباً (تَق۔رِی۔بَنْ) تخمیناً۔
تقریر (تَق۔رِیر) رپورٹ، گفتار جمع تقاریر، بات کہنا، قرار دینا۔
تقریض (تَق۔رِیض) زندہ شخص کی تعریف جمع تقاریض۔
تقریط (تَق۔رِیط) چراغ کا گل لینا۔
تقریظ (تَق۔رِیظ) تعریف جمع تقاریظ۔
تقریع (تَق۔رِیع) ملامت کرنا، درستی کرنا۔
تقرین (تَق۔رِین) ایک کو دوسری کے پاس کرنا۔
تقزیع (تَق۔زِیع) سر کے بال کاٹنا۔
تقسّم (تَقَس۔سُم) پراگندہ ہونا، قسم قسم ہونا۔
تقسیط (تَق۔سِیط) قسط بندی کرنا۔

تقسیم (تَق۔سِیم) بانٹنا، حصے کرنا۔
تقشّف (تَقَش۔شُف) درویشی، موٹا جھوٹا چلن رکھنا۔
تقشّف جلد (تَقَش۔شُفِ۔جِل۔د) کھال کی سختی اور سیاہی جو کثرت کام سے پیدا ہو جاتی ہے
تقشیر (تَق۔شِیر) چھلکا اُتارنا۔
تقصیر (تَق۔صِیر) کمی کرنا، کوتاہی کرنا۔
تقصیر وار (تَق۔صِیر۔وَار) قصور وار، جس سے کوتاہی ہو۔
تقضّی (تَقَض۔ضِی) مدت پوری ہونا۔
تقضیہ (تَق۔ضِیَہ) قاضی بننا۔
تقطّع (تَقَط۔طُع) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
تقطیر (تَق۔طِیر) ٹپکانا، بوند بوند گرانا۔
تقطیع (تَق۔طِیع) ٹکڑا، ٹکڑے کرنا، شعر وزن کرنا۔
تقطیع (تَق۔طِیع) حصہ حصہ ہونا، حصہ حصہ کرنا۔
تقفّع (تَقَف۔فُع) ٹھٹھرنا۔
تقفیل (تَق۔فِیل) تالا لگانا۔
تقلّب (تَقَل۔لُب) گردش، پلٹنا، پھر جانا۔
تقلّد (تَقَل۔لُد) ذمہ دار ہونا، پیرو ہونا۔
تقلقل (تَقَل۔قُل) بیقراری، اندوہ اندیشی میں صراحی بولنا۔
تقلیب (تَق۔لِیب) اُلٹ پلٹ جمع تقالیب، پلٹنا، بدلنا، اُلٹنا۔
تقلید (تَق۔لِید) پیروی اپنی گردن پر کام لینا، اندھی پیروی کرنا۔
تقلیدی (تَق۔لِی۔دِی) پیرو، مقلد۔
تقلیس (تَق۔لِیس) کھلی آواز سے گانا۔
تقلیع (تَق۔لِیع) اُکھیڑنا۔
تقلیل (تَق۔لِیل) تھوڑا کرنا، کم کرنا۔
تقلیم (تَق۔لِیم) کاٹنا، ناخن تراشنا۔
تقماق (تُق۔ماق) میخ کوب، موگری۔

تقوّل (تَقَوُّ ۔ وُل) جھوٹھ لگانا ۔
تقوّم (تَقَوُّ ۔ وُم) راست ہونا، درست ہونا ۔
تقویٰ (تَق ۔ وا) پرہیزگاری، ڈرنا ۔
تقویت (تَق ۔ وِیَت) ڈھارس، قوت، طاقت دینا ۔
تقویم (تَق ۔ وِیم) جنتری، پترا جمع تقاویم، قائم کرنا، درست کرنا، سول کرنا ۔
تقویم البلدان (تَق ۔ وِیْ مُل بُل ۔ دان) جغرافیہ
تقی (تَقی) پرہیزگار، خداترس جمع اتقیاء
تقیّد (تَقَیْ ۔ یُد) قید ہونا، بند ہونا ۔
تقیّہ (تَقی ۔ یَہ) شیعہ مسلمانوں کے عقیدہ میں کسی ظلم کے ڈر سے حق پوشی ۔
تقیید (تَق ۔ یید) قید کرنا، بند کرنا ۔
تکاثر (تَکا ۔ ثُر) کثرت، بہتایت، افزون ہونا ۔
تکاثف (تَکا ۔ ثُف) دلدار اور موٹا ہونا، فراہم ہونا ۔
تکارم (تَکا ۔ رُم) باہم کرم کرنا، باہم بخشش کرنا ۔
تکاسل (تَکا ۔ سُل) خود کو کاہل اور سست دکھلانا ۔
تکافو، تکافی (تَکا ۔ فُو، تَکا ۔ فِی) آپس میں برابر ہونا ۔
تکالیف (تَکا ۔ لِیف) تکلیف کی جمع ۔
تکامل (تَکا ۔ مُل) تمام ہونا، کامل ہونا ۔
تکان (تَکان) تھکاوٹ، تھکن، جنبش، جھٹکا، دھکا، ٹکر ۔
تکانیدن (تَکا ۔ نی ۔ دَن) جھاڑنا ۔
تکاہل (تَکا ۔ ہُل) خود کو کاہل دکھلانا ۔
تکبّر (تَکَب ۔ بُر) گھمنڈ کرنا، اترانا ۔
تکبیر (تَک ۔ بِیر) بڑا کرنا، بڑا کہنا، اللہ اکبر کہنا ۔
تکتک (تَک ۔ تَک) پاؤں کی چاپ ۔
تکثّر (تَکَث ۔ ثُر) زیادہ ہونا ۔
تکثیر (تَک ۔ ثِیر) زیادہ کرنا ۔
تکثیف (تَک ۔ ثِیف) دلدار اور موٹا کرنا، فراہم کرنا ۔

تکحّل (تَکَح ۔ حُل) اپنے سرمہ لگانا ۔
تکحیل (تَک ۔ حِیل) دوسرے کے سرمہ لگانا ۔
تکدّر (تَکَد ۔ دُر) مکدر ہونا، تیرہ ہونا
تکذیب (تَک ۔ ذِیب) جھٹلانا، جھوٹا کرنا ۔
تکرار (تَک ۔ رار) بار بار کرنا، دُہرانا ۔
تکرّج (تَکَر ۔ رُج) پھپھوندنا ۔
تکرّر (تَکَر ۔ رُر) بار بار پھر کر آنا ۔
تکرّع (تَکَر ۔ رُع) وضو کرنا ۔
تکرّم (تَکَر ۔ رُم) بخشدینا، کرم کرنا ۔
تکریر (تَک ۔ رِیر) دیکھو تکرار ۔
تکریم (تَک ۔ رِیم) بزرگی کرنا، عزت کرنا ۔
تکریہ (تَک ۔ رِیَہ) دشمن رکھنا، ناخوش رکھنا ۔
تکژہ، تکس (تَکژَہ، تَکَس) انگور کا دانہ، انگور کا بیج ۔
تکسّر (تَکَس ۔ سُر) ٹوٹا ہونا، ٹوٹنا ۔
تکسّل (تَکَس ۔ سُل) سست ہونا، کاہل ہونا ۔
تکسیر (تَک ۔ سِیر) توڑنا ۔
تکشّف (تَکَش ۔ شُف) برہنہ ہونا ۔
تکفین (تَک ۔ فِین) کفنانا ۔
تکلان (تُک ۔ لان) اعتماد، بھروسہ، توکل ۔
تکلتو (تَکَل ۔ تُو) خوگیر، زین کا نمدہ، ڈاڑھی مع موچھ ۔
تکفّل (تَکَف ۔ فُل) ذمہ دار ہونا ۔
تکفیر (تَک ۔ فِیر) کافر کہنا، کفارہ دینا، چھپانا ۔
تکفیل (تَک ۔ فِیل) کفالت کرنا، ضمانت دینا ۔
تکلّف (تَکَل ۔ لُف) بناوٹ، خود تکلیف اٹھانا، وہ بات دکھلانا جو خود میں نہ ہو ۔
تکلّم (تَکَل ۔ لُم) بات کرنا ۔
تکلیف (تَک ۔ لِیف) دکھ جمع تکالیف ۔ رنج میں ڈالنا ۔
تکلیل (تَک ۔ لِیل) تاج پہنانا، چمکنا، جگمگانا ۔
تکلیم (تَک ۔ لِیم) کلام کرنا، بات کرنا ۔

تکملہ (تک-مِلَہ) تکمیل، تمامی، کامل کرنا۔
تکمہ (تُک-مَہ) گھنڈی کا خانہ۔
تکمید (تک-مید) ٹکورے دینا، پوٹلی سے سینکنا۔
تکمیل (تک-میل) کامل کرنا، تمام کرنا۔
تکنّی (تکن-نی) کنیت پانا۔
تکوّن (تکوّ-وُن) ہو جانا، وجود پانا۔
تکویم (تک-ویم) ڈھیر لگانا۔
تکویر (تک-ویر) پگڑی لپیٹنا، گٹھری باندھنا۔
تکوین (تک-وین) پیدا کرنا، وجود میں لانا۔
تکہ (تِک-کہ) ازاربند جو تکمک (تک-کہ) بکرا
(تُک-کہ) بے پیکان کا تیر۔
تکیہ (تک-یہ) سہارا، تکیہ، بھروسہ، کمر ٹیکنے کی
چیز، گورستان، فقیروں کا گھر۔
تکیہ کلام (تک-یہ-کلام) کوئی خاص لفظ جو
ہر بات میں بولا جاوے۔
تگ (تگ) قدم، ڈگ، تہ، زمین، دوڑ۔
تگاب (تگا-ب) قیف، تیغ، جنگ، خصومت،
سبزہ زار۔
تگاپو (تگا-پو) دوڑ دھوپ۔
تگامشی (تگا-مشی) دوڑ دھوپ۔
تگانیدن (تگا-نی-دن) جھٹکنا، جھاڑنا۔
تگاو (تگاو) قیف، ہری بھری نشیبی زمین، لڑائی۔
تگادر (تگا-در) تیز گھوڑا۔
تگ دو (تگ-دو) دیکھو تگ و دو۔
تگرگ (تگرگ) اولا، ژالہ، بنجہ۔
تگل (تگل) جنگی فوج۔
تگ دو (تگا-پو) دیکھو تگ ب در
تگ و تاز (تگو-تاز) دوڑا دوڑ، بھاگ دوڑ۔
تگ و دو (تگو-دو) دوڑ دھوپ، ڈھونڈھنا۔
تگین (تگین) پہلوان، آگ کا چھوٹا حوض۔
تل (تَل) تودہ، شیلہ جو تلال، آتلال

تلا (تَلا) دیکھو طلا۔
تلاج (تَلاج) شور و غل۔
تلاحق (تَلا-حق) باہم پیوستہ ہونا۔
تلازم (تَلا-زُم) باہم لازم ہونا۔
تلازمہ (تَلا-زُمَہ) خاص تشبیہ اختیار کرنا،
لازم پکڑنا۔
تلاش (تَلاش) جستجو، ڈھونڈھنا۔
تلاشی (تَلا-شی) نابود ہونا، جستجو، جویا۔
تلاطم (تَلا-طُم) باہم تھپیڑ مارنا، تھپیڑے کھانا۔
تلافی (تَلا-فی) بدلہ، تدارک پانا۔
تلاق، تلاقی (تَلاق، تَلا-قی) باہم
ملاقات کرنا
تلالا (تَلا-لا) ۱۔ روشنی۔ ۲۔ قلندروں کا نعرہ۔
تلامذہ، تلامیذ (تَلا-مِذَہ، تَلا-میذ) تلمیذ
کی جمع۔
تلاوت (تِلا-وَت) پڑھنا، قرآن شریف پڑھنا۔
تلب (تَل-ب) جماعت، گروہ۔
تلبد (تَلَب-بُد) چپکنا۔
تلبس (تَلَب-بُس) لباس پہننا۔
تلبیس (تَل-بیس) مکر و فریب، جامہ پہنانا۔
تلبین (تَل-بین) اینٹ پاتھنا۔
تلبیہ (تَل-بیَہ) جواب میں لبیک کہنا۔
تلثم (تَلَث-ثُم) منہ پر منڈ باندھنا۔
تلثیم (تَل-ثیم) چومنا، بوسہ لینا۔
تلچی (تَل-چی) ہرکارہ، جاسوس، ایلچی۔
تلخ (تَلخ) کڑوا، ناگوار، کالا رنگ۔
تلخاب، تلخابہ (تَل-خاب، تَل-خا-بَہ) کڑوا پانی
تلخ کام (تَلخ-کام) ناکام، نامراد۔
تلخ کامی (تَلخ-کامی) ناکامی، نامرادی۔
تلخچہ (تَل-خَچہ) پتّہ، پت، صفرا، ستو۔
تلخی (تَل-خی) کڑواہٹ، ناگواری

تلخیص (تَل۔ خِیص، خلاصہ کرنا، پاک صاف کرنا۔
تلذذ (تَلَذْ۔ ذُذْ) مزہ پانا، لذت پانا۔
تلزج (تَلَزْ۔ زُجْ) چلکنا۔
تلطف (تَلَطْ۔ طُفْ) مہربانی، لطف کرنا۔
تلظی (تَلَظْ۔ ظِی) شعلہ بھڑکنا۔
تلغراف (تَل۔ غِراف) خبر بھیجنے کا تار۔
تلف (تَلَفْ) ضائع، تباہ، ہلاک ہونا۔
تلفظ (تَلَفْ۔ فُظْ) لفظ بولنے کا طریقہ، بات کہنا۔
تلفف (تَلَفْ۔ فُفْ) اپنے اوپر لپیٹنا۔
تلفیف (تَل۔ فِیف) لپیٹ، پیچ ج تَلَافِیف۔
خط پر لفافہ چڑھانا۔
تلفیق (تَل۔ فِیق) مطابق کرنا، جمع کرنا۔
تلقاء (تِل۔ قَاء) دیدار، دیکھنا (تَل۔ قَار)
جانب، جہت، برابر۔
تلقاع (تِلْقَ۔ قَاع) حاضر جواب۔
تلقب (تَلَقْ۔ قُبْ) لقب پانا۔
تلقط (تَلَقْ۔ قُطْ) چننا، چگنا۔
تلقف (تَلَقْ۔ قُفْ) فوراً گرفت کر لینا۔
تلقم (تَلَقْ۔ قُمْ) لوالہ نگلنا۔
تلقن (تَلَقْ۔ قُنْ) سمجھنا۔
تلقی (تَلَقْ۔ قِی) ملاقات کرنا، قبول کرنا۔
تلقیب (تَل۔ قِیب) ملقب کرنا، لقب دینا۔
تلقیم (تَل۔ قِیم) لقمہ دینا۔
تلقین (تَل۔ قِین) سمجھانا، تعلیم کرنا۔
تلقیہ (تَل۔ قِیہ) کوئی چیز سامنے لانا۔
تلک (تِلَکْ) جنگلی سیب، پیشواز، چھوٹی آستین، پیمانہ (تَل۔ ک) سونے کا ورق، گڑھوا (تَل۔ ک) لوبیا (تَل۔ ک)، آذرکت (تِلَکْ) کھنی مونچھوں والا (تَل۔ ک)، یہ مونث، یہ۔
تلگراف (تَل۔ گِراف) دیکھو تلغراف۔
تلمذ (تَلَم۔ مُذْ) شاگرد ہونا، شاگردی کرنا۔

تلمع (تَلَم۔ مُعْ) روشن ہونا، چمکنا۔
تلمیح (تَل۔ مِیح) کلام میں کسی قصہ کی طرف اشارہ، اچٹتی نگاہ ڈالنا۔
تلمیذ (تَل۔ مِیذ) شاگرد ج تَلَامِذَہ، تَلَامِیذ۔
تلنگ (تِلَنْگ) ١ ملک، تلنگانہ (تِلَنْگ) ٢ انگلیوں سے بجانا (تَلَنْگ) حاجت، آرزو (تَل۔ نَگ) ایک پھل۔
تلنگی (تِلَنْگ۔ گِی) مروت، دردمندی، گداگری۔
(تَلَنْگ۔ گی) نیازمند، آرزومند۔
تلو (تِل۔ و) پیرو، بلند (تُلُو) پیروی کرنا۔
تلواسہ (تَل۔ وَا۔ سَہ) غم، فکر، اضطراب۔
تلوث (تَلَوْ۔ وُثْ) بھرنا۔
تلون (تَلَوْ۔ وُنْ) رنگ برنگ، رنگارنگ ہونا۔
تلون مزاج (تَلَوْ۔ وُنْ۔ مِزَاج) جس کا مزاج گھڑی گھڑی میں بدلے۔
تلون مزاجی (تَلَوْ۔ وُنْ۔ مِزَاجِی) گھڑی گھڑی میں مزاج کی تبدیلی۔
تلویث (تَل۔ وِیث) آلودہ کرنا۔
تلویح (تَل۔ وِیح) اشارہ کرنا، چمکانا، روشن کرنا۔
تلویم (تَل۔ وِیم) ملامت کرنا۔
تلوین (تَل۔ وِین) رنگ برنگ کرنا۔
تلہ (تَلَہ، تَل۔ لَہ) سونا، (تَلَہ) ١۔ پرند پکڑنے کا ایک جال۔ ٢۔ حیران ہونا، تلف ہونا، والہ ہونا۔
تلہی (تَلَہْ۔ ہِی) کھیلنا، بازی کرنا۔
تلہب (تَلَہْ۔ ہُبْ) آگ بھڑکنا۔
تلہج (تَلَہْ۔ ہُجْ) شیفتگی، لالچ۔
تلہف (تَلَہْ۔ ہُفْ) رنج و افسوس۔
تلیین (تَل۔ یِین) نرم کرنا، ملائم کرنا۔
تم (تَمْ) آنکھ کی ایک بیماری، غشاوہ، پردہ۔
تماثل (تَمَا۔ ثُل) ایک دوسرے کے مانند ہونا، بیماری سے اچھا ہونا۔

تماثیل (تَمَا۔ثِیل) تمثیل کی جمع۔
تماچہ (تَمَا۔چَہ) تھپڑ، لپڑ، چانٹا
تماخرہ (تَمَا۔خَرَہ) مسخراپن، ٹھٹھول۔
تمادی (تَمَا۔دِی) درازی، کشیدگی، مدت گذر جانا
تمارض (تَمَا۔رُض) بیماری کا بہانہ بنانا۔
تماری (تَمَا۔رِی) آپس میں جنگ کرنا، کسی بات میں شک کرنا۔
تماسخ (تَمَا۔سُخ) شکل بھونڈی ہو جانا۔
تماسک (تَمَا۔سُک) تحمل، وقار، آپس میں جنگل مارنا، اپنے کو نگاہ رکھنا۔
تماشا (تَمَا۔شَا) میلہ، سیر، ہنگامہ، عجیب چیز۔
تماشائی (تَمَا۔شَا۔ئِی) سیر کرنے والا۔
تماشبین (تَمَاش۔بِین) اوباش، آوارہ۔
تماشبینی (تَمَاش۔بِی۔نِی) اوباشی، آوارگی۔
تماشی (تَمَا۔شِی) باہم پیدل چلنا۔
تمالک (تَمَا۔لُک) اپنا اختیار رہنا، اپنا مالک ہونا۔
تمام (تَمَام) پورا، کامل۔
تمام عیار (تَمَام۔عِیَار) کامل، بے نقصان۔
تمامی (تَمَا۔مِی) پوراپن، کلیت، جملگی۔
تمت (تَم۔مَت) پوری ہوئی، تمام ہوئی چیز۔
تمتام (تَم۔تَام) توتلا۔
تمتع (تَمَت۔تُع) نفع، فائدہ جمع تمتعات فائدہ اٹھانا
تمتیع (تَم۔تِیع) لمبا کرنا، فائدہ دینا۔
تمثال (تِم۔ثَال) شکل، صورت، فرمان شاہی جمع تماثیل۔
تمثالدار (تِم۔ثَال۔دَار) تصویر دار، مصور۔
تمثال گر (تِم۔ثَال۔گَر) نقاش، مصور۔
تمثل (تَمَث۔ثُل) مثال دینا، سامنے ہونا۔
تمثیل (تَم۔ثِیل) مثال، تشبیہ جمع تماثیل نقشہ اتارنا۔

تمجس (تَمَج۔جُس) آتش پرست ہونا۔
تمجید (تَم۔جِید) بزرگی کے ساتھ نسبت کرنا۔
تمجیس (تَم۔جِیس) آتش پرست بنانا۔
تمحل (تَمَح۔حُل) مکر و حیلہ کرنا۔
تمحیص (تَم۔حِیص) آزمانا، کم کرنا، پاک کرنا۔
تمخط (تَمَخ۔خُط) رینٹ، ناک صاف کرنا۔
تمدد (تَمَد۔دُد) لمبا ہونا، کھنچا ہونا، لیٹنا۔
تمدید (تَم۔دِید) کھینچنا، لمبا کرنا۔
تمدین (تَم۔دِین) شہر بنانا، شہر تعمیر کرنا۔
تمر (تَم۔ر) کھجور جمع تمور آنکھ کی ایک بیماری (تَمَر) لوہا (تِمَر) اندھیرا جمع تمور۔
تمرد (تَمَر۔رُد) نافرمانی، سرکشی کرنا
تمرستان (تَمَر۔سْتَان) کھجور کا باغ
تمرغ (تَمَر۔رُغ) مٹی میں لوٹنا۔
تمرن (تَمَر۔رُن) نرم ہونا، عادت کرنا۔
تمرہ (تَم۔رَہ) کھجور کا ایک دانہ جمع تمر، تمرات تمور۔
تمر ہندی (تَم۔رِ۔ہِن۔دِی) املی۔
تمریج (تَم۔رِیج) بدن پر تیل وغیرہ ملنا۔
تمرین (تَم۔رِین) مشق، نرم بنانا۔
تمزق (تَمَز۔زُق) پھٹا ہونا۔
تمزیق (تَم۔زِیق) پھاڑنا۔
تمساح (تِم۔سَاح) ناکہ، نگرمال جمع تماسیح۔
تمسار (تِم۔سَار) پنساری۔
تمسخر (تَمَس۔خُر) ٹھٹھول، ہنسی کرنا۔
تمسک (تَمَس۔سُک) دستاویز، پکڑنا، چنگل مارنا۔
تمسکن (تَمَس۔کُن) مسکین ہونا۔
تمشی (تَمَش۔شِی) جاری کرنا، جانا، کار گذاری کرنا۔
تمشیت (تَم۔شِیَت) جاری کرنا، روان کرنا۔

تمطق (تَمَطْ ـ طُق) ، چٹخارنا ۔
تمطی (تَمَطْ ـ طی) ، خمیازہ ، انگڑائی ۔
تمغہ (تَم ـ غَہ) ، اعزازی نشان ، مہر ، فرمان شاہی ، محصولی مہر ۔
تمغاچی (تَم ـ غا ـ چی) ، محصول وصول کرنے والا ۔
تمکن (تَمَکْ ـ کُن) ، جگہ پکڑنا ، قائم ہونا ۔
تمکنت (تَم ـ کَنَت) ، غرور ، ٹیپ ٹاپ ۔
تمکین (تَم ـ کِین) ، قدر ، مرتبہ ، جگہ دینا ، جگہ پر پاؤں رکھنا ۔
تملق (تَمَل ـ لُق) ، چاپلوسی ، نرم ہونا ، عادت پکڑنا ۔
تملک (تَمَل ـ لُک) ، مالک ہونا ۔
تململ (تَمَل ـ مُل) ، بیقراری ، بے آرامی ، نیم خوابی ۔
تملیت (تَم ـ لِیت) ، علاوہ ، سرباری سر بوجھ
تملیح (تَم ـ لِیح) ، سلونی چیز لانا ، نمکین کرنا ۔
تملیک (تَم ـ لِیک) ، مالک بنانا ۔
تمن (تُمَن) ، دس ہزار ، ساڑھے پندرہ ڈالر ، دس ہزار فوجی جوان مہیا کرنے والا علاقہ ۔
تمنا (تَمَن ـ نا) ، آرزو ، خواہش ۔
تمنائی (تَمَن ـ نا ـ ای) ، تمنا سے منسوب ۔
تمنی (تَمَن ـ نی) ، خواہش کرنا ۔
تموج (تَمَو ـ وُج) ، موج مارنا ۔
تموز (تَمُّوز) ، سخت گرمی ۔
تمول (تَمَو ـ وُل) ، دولتمندی ، مالدار ہونا ۔
تمویل (تَم ـ وِیل) ، مالدار کرنا ۔
تمویہ (تَم ـ وِی ـ ہ) ، مکر و فریب ، ملمع ، سونے کا جھول چڑھانا ، سجانا ۔
تمہد (تَمَہ ـ ہُد) ، حال یا کام کا سیدھا ہونا ، جگہ پکڑنا ، جگہ پانا ۔
تمہل (تَمَہ ـ ہُل) ، توقف کرنا ، دیر کرنا ۔
تمہید (تَم ـ ہِید) ، شروعات ، دیباچہ ، بچھوانا ، عذر پیش کرنا ، عذر قبول کرنا ۔

تمہیل (تَم ـ ہِیل) ، مہلت دینا ، فرصت دینا ۔
تمیمہ (تَمی ـ مَہ) ، تعویذ جمع تمائم ۔
تمیز ، تمییز (تَمِیز ، تَم ـ یِیز) ، عقل و ہوش ، جدا کرنا ۔
تن (تَن) ، بدن ، شخص ، تنخواہ ، انگریزی وزن
ٹن (تِن) ، ہمزاد ، مانند ، حریف ۔
تناجی (تَنا ـ جی) ، ایک دوسرے سے راز کہنا ۔
تناد (تَناد) ، دیکھو تنادی ۔
تنادم (تَنا ـ دُم) ، باہم ہمنشینی کرنا ۔
تنادی (تَنا ـ دِی) ، آپس میں پکارنا ، انجمن میں ملکر بیٹھنا ۔
تنازع (تَنا ـ زُع) ، کھینچا تانی ، کشاکش ، جھگڑا ۔
تنازعہ (تَنا ـ زُعَہ) ، ایکدوسرے سے جھگڑا کرنا ۔
تنازل (تَنا ـ زُل) ، باہم اترنا ۔
تن آسانی (تَن ـ آ ـ سا ـ نی) ، راحت ، آرام ۔
تناسب (تَنا ـ سُب) ، آپس میں مناسبت رکھنا ۔
تناسخ (تَنا ـ سُخ) ، آواگون ، روح کا قالب بدلنا ، زمانہ بدلنا
تناسل (تَنا ـ سُل) ، باہم نسل چلانا ، باہم جننا ۔
تناسیدن (تَنا ـ سی ـ دَن) ، خوش ہونا ۔
تناصف (تَنا ـ صُف) ، آپس میں انصاف کرنا ۔
تنافر (تَنا ـ فُر) ، آپس میں نفرت کرنا ، بھاگنا ۔
تنافس (تَنا ـ فُس) ، سانس لینا ، باہم فخر کرنا ۔
تنافی (تَنا ـ فی) ، ایک دوسرے کو نابود کرنا ۔
تناقض (تَنا ـ قُض) ، ایک دوسرے کی ضد ہونا ۔
تناکح (تَنا ـ کُح) ، باہم نکاح کرنا ۔
تنان (تَنان) ، دو ہمدگر چیزیں ۔
تنانیر (تَنا ـ نِیر) ، تنور کی جمع ۔
تنانین (تَنا ـ نِین) ، تنین کی جمع ۔
تناور (تَنا ـ وَر) ، قوی الجثہ ، بڑے جسم والا
تناول (تَنا ـ وُل) ، کھانا ، پکڑنا ، اٹھانا ۔
تناوم (تَنا ـ وُم) ، سوتا ہوا بن جانا ۔

تناہی (تَنَا۔ہی) انتہا پسندی، باز رکھنا، انتہا کو پہونچنا۔
تنباک (تَم۔باک) تمباکو، تتن
تنبان (تَم۔بان) پاجامہ، ازار، شلوار۔
تنبک (تُم۔بک) ڈھولکی۔
تنبل (تَم۔بَل) جاہل، کاہل، بیکار، موٹا، پھپس (تُم۔بَل) مکر، حیلہ۔
تنبلی (تَم۔بَلی) سستی، الکسی۔
تنبو (تَم۔بو) خیمہ، ڈیرہ۔
تنبوک (تَم۔بوک) لیزم، لڑوم۔
تنبول (تَم۔بول) پان۔
تنبولی (تَم۔بو۔لی) پان فروش۔
تنبہ (تَنَب۔بُہ) آگاہ ہونا، خبردار ہونا۔
تنبی (تَنَب۔بی) بہ تکلف نبوت کا دعوی کرنا۔
تنبیت (تَم۔بیت) اگانا، اُبھارنا۔
تنبیدن (تَن۔بی۔دَن) تھرتھرانا، کانپنا، لرزنا۔
تنبیق (تَم۔بیق) لکھنا۔
تنبیہ (تَن۔بیہ) جتلانا، واقف کرنا۔
تنجس (تَنَج۔جُس) گندہ ہونا، پلید ہونا۔
تنجی (تَنَج۔جی) دور ہونا۔
تنجید (تَن۔جید) آراستہ ہونا، آزمانا۔
تنجیدن (تَن۔جی۔دَن) لپیٹنا، نچوڑنا۔
تنجیس (تَن۔جیس) گندہ کرنا، ناپاک کرنا۔
تنجیم (تَن۔جیم) ستارہ شناسی، تاروں سے اچھی بری گھڑی پہچاننا۔
تنحنح (تَنَح۔نُح) کھنکارنا، گلا صاف کرنا۔
تنخواہ (تَن۔خواہ) مزدوری۔
تنخواہ دار (تَن۔خواہ۔دار) تنخواہ پانے والا۔
تند (تُند) تیز، بلند، غصیلا، بیابانی۔
تندباد (تُند۔باد) آندھی، جھکڑ۔
تندخو (تُند۔خو) تیز مزاج۔

تندر (تَن۔دَر، تُن۔دُر) کڑک، گرج، بلبل۔
تندرائی (تُند۔رائی) کوتہ اندیش۔
تندرو (تُند۔رو) کنجوس (تُند۔رَو) تیز رفتار۔
تندم (تَنَد۔دُم) پشیمانی ظاہر کرنا۔
تندو (تَن۔دُو) مکڑی، عنکبوت۔
تندور (تَن۔دور) دیکھو تندر
تندہ (تَن۔دَہ) نئی ٹہنی، کلّا۔
تندہی (تَن۔دِہی) کوشش۔
تندی (تُن۔دی) تیزی۔
تندید (تَن۔دید) ظاہر کرنا، پردہ دری کرنا۔
تندیر (تَن۔دیر) ڈرانا، خوف دلانا۔
تنزل (تَنَز۔زُل) اُتار، اُترنا۔
تنزہ (تَنَز۔زُہ) خوشی، سیر و تفریح جمع تنزہات، دور ہونا۔
تنزیق (تَن۔زیق) گھوڑا کُدانا۔
تنزیل (تَن۔زیل) قرآن شریف نیچے اتارنا، ترتیب دینا۔
تنزیہہ (تَن۔زی۔ہ) خرابی سے پاک کرنا۔
تنسدن (تِنِس۔دَن) دیکھو تنیدن۔
تنسق (تَنَس۔سُق) مرتب ہونا، منتظم ہونا۔
تنسک (تَنَس۔سُک) خدا پرستی، عبادت کرنا۔
تنسل (تَنَس۔سُل) نسل کشی، اولاد بڑھانا۔
تنسم (تَنَس۔سُم) سونگھنا، سانس لینا۔
تنسوق (تَن۔سوق) انوکھی چیز، تحفہ۔
تنسیخ (تَن۔سیخ) منسوخ کرنا۔
تنسیق (تَن۔سیق) انتظام کرنا، ترتیب دینا۔
تنسیم (تَن۔سیم) سانس لینا، دم کھینچنا۔
تنسیہ (تَن۔سیہ) بھلا دینا۔
تنشر (تَنَش۔شُر) پراگندہ کرنا۔
تنشط (تَنَش۔شُط) خوش ہونا، شاداں ہونا۔
تنشیر (تَن۔شیر) خوب پھیلانا، بہت پراگندہ کرنا۔

تنشیط (تَن۔شِیط) خوش کرنا، شادماں کرنا۔
تنصر (تَنَ۔صُر) عیسائی ہونا، نصرانی ہونا۔
تنصیر (تَن۔صِیر) نصرانی بنانا، عیسائی بنانا۔
تنصیص (تَن۔صِیص) کوئی چیز ظاہر کرنا۔
تنصیف (تَن۔صِیف) دو حصے کرنا، آدھوں آدھ کرنا۔
تنضیج (تَن۔ضِیج) پکانا، پختہ کرنا۔
تنضیر (تَن۔ضِیر) تازہ روئی، ناز و نعمت سے پالنا۔
تنظف (تَنَظُّف) پاکی دکھانا، پاکی ڈھونڈھنا۔
تنظیر (تَن۔ظِیر) مثال لانا، نظیر بنانا۔
تنظیف (تَن۔ظِیف) پاک کرنا۔
تنظیفہ (تَن۔ظِی۔فَہ) میونسپلٹی، بلدیہ۔
تنظیم (تَن۔ظِیم) درستی، ترتیب، لڑی پرونا، کلام مرتب کرنا۔
تنعل (تَنَعُّل) جوتی پہننا۔
تنعم (تَنَعُّم) سکھ کی زندگانی جمع تنعمات، ناز و نعمت میں پلنا۔
تنعیش (تَن۔عِیش) عیش میں رہنا۔
تنعیل (تَن۔عِیل) نعل باندھنا۔
تنعیم (تَن۔عِیم) ناز و نعمت میں پالنا۔
تنفج (تَنَفُّج) ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا۔
تنفر (تَنَفُّر) نفرت کرنا، بھاگنا۔
تنفس (تَنَفُّس) سانس لینا، خود کو نفیس جاننا۔
تنفش (تَنَفُّش) پَر افشانی، جانوروں کی پھریری۔
تنفیذ (تَن۔فِیذ) خط یا فرمان جاری کرنا۔
تنفیر (تَن۔فِیر) بھگانا۔
تنفیس (تَن۔فِیس) غم سے رہائی دینا۔

تنقب (تَنَقُّب) نقاب پوشی۔
تنقص (تَنَقُّص) نقص ہونا، عیب ہونا۔
تنقل (تَنَقُّل) کھانا، نقل کرنا۔
تنقی (تَنَقِّی) پاک کرنا، صاف کرنا۔
تنقیح (تَن۔قِیح) زوائد سے پاک کرنا، خالص کرنا۔
تنقید (تَن۔قِید) پرکھنا۔
تنقیش (تَن۔قِیش) نقش کرنا۔
تنقیص (تَن۔قِیص) ناقص کرنا، کم کرنا۔
تنقیہ (تَن۔قِیَہ) پاک و صاف کرنا۔
تنک (تُنُک) باریک، تھوڑا، ہلکا، نازک (تُنَک) ٹین۔
تنک دل (تُنُک۔دِل) نرم دل۔
تنک ظرف (تُنُک۔ظَرف) اوچھا، خفیف الحرکات۔
تنک ظرفی (تُنُک۔ظَر۔فی) اوچھاپن۔
تنک مایگی (تُنُک۔ما۔یَگی) کنگالی، مفلسی۔
تنک مایہ (تُنُک۔ما۔یَہ) کنگال، مفلس۔
تنک مزاج (تُنُک۔مِزاج) چڑچڑا، اکھل کھرا۔
تنک مزاجی (تُنُک۔مِزا۔جی) چڑچڑاپن۔
تنکیر (تَن۔کِیر) بری حالت کرنا، انجان بنانا، اسم نکرہ کرنا۔
تنکیس (تَن۔کِیس) سرنگوں کرنا۔
تنگ (تَنگ) سکڑا، بھنچا ہوا، نزدیک، رنجیدہ، نایاب، پہاڑ کا درہ، زین کا تنگ، نقاش کی کتاب، نام ملک (ترکستان) (تُنگ) چھوٹے منہ کا کوزہ (تُنگ) چونچ۔
تنگار (تِنگار) سہاگہ۔
تنگبار (تَنگ۔بار) جہاں عام باریابی نہ ہو۔
تنگ پوش (تَنگ۔پوش) چست لباس پہننے والا۔
تنگ تاب (تَنگ۔تاب) ناتواں۔
تنگ چشم (تَنگ۔چَش۔م) کنجوس، نودولت۔
تنگ حال (تَنگ۔حال) کنگال، پریشان۔

تنگ حالی (تَنگ۔حا۔لی) کنگالی، پریشانی۔
تنگ حوصلگی (تَنگ۔حَو۔صَلگی) پست ہمتی۔
تنگ حوصلہ (تَنگ۔حَو۔صَلَہ) پست ہمت۔
تنگدست (تَنگ۔دَس۔ت) محتاج، مفلس۔
تنگدستی (تَنگ۔دَس۔تی) محتاجی، کنگالی۔
تنگدل (تَنگ۔دِل) کنجوس، کم ظرف، آزردہ
تنگدلی (تَنگ۔دِلی) آزردگی، کنجوسی۔
تنگ دہن (تَنگ۔دَہَن) جس کے منہ کا دہانہ چھوٹا سا ہو۔
تنگری (تَنگ۔رِی، تَنگ۔رِی) اللہ تعالےٰ۔
تنگسار (تَنگ۔سار) عقل کا ٹوٹا، رائے کی غلطی
تنگسال (تَنگ۔سال) خشک سال۔
تنگ عیش (تَنگ۔عَیش) مفلس۔
تنگنا، تنگنائی (تَنگ۔نا، تَنگ۔نائی) تنگ جگہ، تنگ جگہ، تنگی۔
تنگ نظر (تَنگ۔نَظَر) کوتاہ خیال، خودغرض۔
تنگوز (تَنگ۔گُز) سؤر، خوک، خنزیر۔
تنگہ (تَنگ۔گَہ) رائج الوقت سکہ (تَنگ۔گَہ) چھری جانگیا۔
تنگی (تَنگ۔گی) غلیظی، سکڑا ہوا پن، کنگالی
تنمیہ (تَن۔مِیَہ) قد بڑھنا۔
تنمیق (تَن۔مِیق) لکھنا، کتابت سے آراستہ کرنا۔
تنندہ (تَنَن۔دَہ) تننے والا۔
تنو (تَنُو) طاقت، زور۔
تنودن (تَنُو۔دَن) دیکھو تنیدن۔
تنور (تَنُور، تَن۔نُور) نان پکانے کا زمیں دوز ظرف جو تنگنا ہو (تَنُو۔رَہ) آگ گھنا دور سے آگ کو تکنا، چھونے کا کام کرنا۔
تنورہ (تَنُو۔رَہ) انگیٹھی، جوشن جنگ، بیٹی کوٹ۔

تنوط (تَنُو۔بِط، تَنُو۔وُط) پیپا جو ایک مشہور پڑتا ہے۔
تنوع (تَنُو۔وُع) طرح طرح کا ہونا۔
تنوفہ (تَنُو۔فَہ) بیابان جنگل۔
تنومند (تَنُو۔مَند) موٹا، بھاری بھرکم۔
تنومندی (تَنُو۔مَن۔دی) مٹاپا، بھاری بھرکم پن۔
تنوہ (تَنُو۔وُہ) بلند ہونا۔
تنویر (تَن۔وِیر) روشنی، روشنی کرنا، نور بخشنا۔
تنویع (تَن۔وِیع) طرح طرح کا کرنا۔
تنویم (تَن۔وِیم) سلانا۔
تنوین (تَن۔وِین) نون پیدا کرنا، دو حرکت (ًٍ ٌ) کے ساتھ نون پڑھنا۔
تنہ (تَنَہ) پیڑ کی پینڈ، مطیع، راضی، جالا۔
تنہا (تَن۔ہا) اکیلا، خالی۔
تنہائی (تَن۔ہا۔ئی) اکیلا پن۔
تنیدن (تَنی۔دَن) تنا مضم تنندہ۔
تنیدنی (تَنی۔دَنی) تننے کے لایق۔
تنیدہ (تَنی۔دَہ) تنا ہوا، بُنا ہوا۔
تنین (تِن۔نِین) اژدہا، جمع تنانین۔
تنین فلک (تِن۔نی۔نِ۔فَلَک) کہکشاں۔
تو (تُو، تُو) کلمۂ خطاب، تو، تجھکو، خود، بھائی، دعوت (تُو) اندر، تہ، پردہ (تُو) کسی چیز کی چمک، دھوپ، چاندنی (تُو) تنہا، اکیلا کاموں سے فارغ۔
توا (تَوا) ہلاکت، خراب، ضائع۔
تواب (تَو۔واب) توبہ قبول کرنے والا (تُوّاب) تائب کی جمع۔
توابع (تَوا۔بِع) تابع کی جمع۔
توابل (تَوا۔بِل) گرم مصالحہ، انداز۔
توابیت (تَوا۔بِیت) تابوت کی جمع۔

تواتر (تَوا-تُر) پے در پے ہونا۔
توافق (تَوا-فُق) کسی بات پر باہم مضبوط ہونا۔
تواجد (تَوا-جُد) باہم جھومنا، وجد کرنا۔
توارث (تَوا-رُث) آپس میں میراث پانا۔
توارد (تَوا-رُد) باہم ایک جگہ اترنا، دو شعر کے مضمون کا نادانستہ مل جانا۔
تواری (تَوا-ری) پوشیدگی، پنہاں ہونا۔
تواریخ (تَوا-ریخ) تاریخ کی جمع، گذشتہ وقائع زمانہ کا علم۔
توازن (تَوا-زُن) ہم وزنی، وزن کا باہم برابر تل جانا۔
توازی (تَوا-زی) باہم برابر ہونا۔
تواصی (تَوا-صی) ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔
تواصل (تَوا-صُل) ایک دوسرے میں پیوستہ ہونا
تواضع (تَوا-ضُع) فروتنی کرنا، عاجزی کرنا۔
تواعد (تَوا-عُد) باہم وعدہ کرنا۔
توافر (تَوا-فُر) زیادتی، زیادہ ہونا۔
توافق (تَوا-فُق) باہم موافق ہونا
توالت (تَوا-لَت) بناؤ سنگھار Toilet
توالد (تَوا-لُد) باہم اولاد پیدا کرنا۔
توالی (تَوا-لی) لگاتار ہونا۔
توام (تَوء-اَم) جوڑواں بچہ جمع توائم، جوڑا
توامان (تَوء-اَمان) دونوں جوڑواں بچے (تثنیہ)
توان (تُوان) زور، قوت، قدرت۔
توانا (تُوا-نا) طاقتور، زوردار۔
توانائی (تُوا-نا-ئی) طاقت، زور۔
توانستن (تُوا-نِس-تَن) سکنا، طاقت رکھنا مضارع تواند۔
توانگر (تُوان-گر، تُونگر) مالدار، زردار۔
توانگری (تُوان-گری، تونگری) مالداری، زرداری۔

توانندہ (تُوا-نِن-دہ) طاقت رکھنے والا۔
توانی (تَوا-نی) سستی کرنا، کوتاہی کرنا۔
توائم (تَوا-ئِم) توام کی جمع۔
توب (تُوب) تھان، طاقہ۔
توبال (تُو-بال) تانبے یا لوہے کا برادہ۔
توبرہ (تُو-بَ-رہ) توڑہ۔
توبزہ (تُوب-زہ) خربوزہ کی بیل کی جڑ۔
توبک (تُو-بَک، تُوبَک) مخزن، خزانہ۔
توبہ (تَو-بہ) گناہ سے باز آنا۔
توبیخ (تَو-بیخ) جھڑکی، ملامت۔
توپ (تُوپ) ترکی، عظیم الشان آتشی بندوق۔
توپا (تُو-پا) سیب۔
توپ توپ (تُوپ-تُوپ) فوج فوج یعنی بہت زیادہ
توپچی (تُوپ-چی) توپ چھوڑنے والا۔
توپ خانہ (تُوپ-خا-نہ) توپیں چلانے والی فوج، توپیں رکھنے کا مقام۔
توپک (تُو-پَک) بندوق، تفنگ۔
توپیک (تُو-پیک، تُو-پیک) دیکھو تپک۔
توت (تُوت) شہتوت۔
توتہ (تُو-تہ) طوطا۔
توتی (تُو-تی) جہازی قسم، دیکھو طوطی۔
توتیا (تُوت-یا) سرمہ، توتیا۔
توثق (تَو-ثُق) مضبوط ہونا۔
توثیق (تَو-ثیق) مضبوط کرنا۔
توجس (تَو-جُس) پوچھنا۔
توجع (تَو-جُع) درد دکھانا، مرثیہ کہنا۔
توجہ (تَو-جُہ) کسی کی طرف منہ پھیرنا۔
توجیہہ (تَو-جیہ) فہم کھانا۔
توجیہ (تَو-جِیہ) بیان کرنا، وجہ بتانا، سامنے کرنا

توحد (تَوَ حُّد) یکتائی، یگانہ ہونا۔
توحش (تَوَ حُّش) وحشت، وحشی ہونا، بھگوڑا ہونا۔
توحید (تَو۔ حِید) خدا کو ایک ماننا، ایک جاننا۔
تو حیش (تَو۔ حِیش) بھگانا، بھگدڑ ڈالنا۔
توختن (تُوخ۔ تَن) جمع کرنا، ادا کرنا
ڈھونڈھنا، چاہنا۔
توخی (تَوَ خّی) ڈھونڈھنا، قصد کرنا۔
تود (تُود) دیکھو توت
تودد (تَوَدُّد) دوستی، محبت۔
تودہ (تُو۔ دَہ) انبار، ڈھیر، ٹیلہ۔
تودیع (تَو۔ دِیع) رخصت کرنا، وداع کرنا۔
تور (تُور) پہلوان، بہادر۔ (تَور) طبق، تغار، پانی کا کوزہ جو آبخورا، (تَور) جالی، جھلملی، مچھلی کے شکار کا جال، مہمانی
تورات (تَو۔ رات) دیکھو توریت۔
توران (تُو۔ ران) نام ملک (وسطی ایشیا)
تورع (تَوَرُّع) پرہیزگاری۔
تورک (تَوَرُّک) ایک کروٹ سے بیٹھنا۔
تورگ (تُو۔ رَگ، تُورُگ) خرفہ کا ساگ۔
تورم (تَوَرُّم) سوجنا۔
تورہ (تُو۔ رَہ) قانون، رسم، قاعدہ
(تُو۔ رَہ) بیٹا، پیارا۔
توریب (تَو۔ رِیب) کجی، ٹیڑھا ہونا۔
توریت (تَو۔ رِیت) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی آسمانی کتاب۔
توریث (تَو۔ رِیث) وارث کرنا۔
توریخ (تَو۔ رِیخ) دیکھو تاریخ۔
توریدن (تَو۔ رِی۔ دَن) جھینپنا، شرمندہ ہونا۔
توریس (تَو۔ رِیس) دنگ کرنا۔
توریش (تَو۔ رِیش) فتنہ و فساد ڈالنا۔
توریط (تَو۔ رِیط) ہلاکت میں ڈالنا۔

توریع (تَو۔ رِیع) باز رکھنا۔
توریہ (تَو۔ رِیَہ) دل میں کچھ زبان پر کچھ، پہنانا۔
توز (تُوز) بھوج پتر، جلدار، جمع کرنے والا۔
(تُوز) اصل، طبیعت، خلق۔
توزع (تَوَزُّع) حصہ لینا، پراگندہ ہونا۔
توزف (تَوَزُّف) آہستہ چلنا، اکھلانا۔
توزک (تُوزُک) سامان آرائش، انتظام مجلس، دربار، فوج کی ترتیب۔
توزیدن (تُو۔ زِی۔ دَن) دیکھو توختن
توزیر (تَو۔ زِیر) بہتان لگانا۔
توزیع (تَو۔ زِیع) پراگندہ کرنا، بانٹنا۔
توزیغ (تَو۔ زِیغ) پیٹ میں پیچ پڑنا۔
توزین (تَو۔ زِین) تولنا، وزن کرنا۔
توس (تُوس) طبیعت، اصل، عادت، نام شہر مشہد (ایران)
توسخ (تَوَسُّخ) میلا ہونا، غلیلا ہونا۔
توسد (تَوَسُّد) خوار کرنا، تکیے ڈالنا۔
توسط (تَوَسُّط) بیچ میں پڑنا، بچولیا بننا۔
توسع (تَوَسُّع) کشادہ ہونا، کشادگی کرنا۔
توسل (تَوَسُّل) ذریعہ، وسیلہ ڈھونڈھنا۔
توسم (تَوَسُّم) فراست سے دریافت کرنا۔
توسن (تَو۔ سَن) چنچل اور جلیلا گھوڑا۔
توسیخ (تَو۔ سِیخ) میلا کرنا، غلیلا کرنا۔
توسیط (تَو۔ سِیط) درمیان میں لانا، بیچ میں ڈالنا۔
توسیع (تَو۔ سِیع) چوڑائی، کشادگی، وسعت۔
توسیل (تَو۔ سِیل) توسل۔
توسیم (تَو۔ سِیم) موسم میں نکل آنا۔
توش (تُوش) سینہ، قوت، بدن، بھوک۔
توشح (تَوَشُّح) ہار پہننا، سنورنا۔
توشدان (تُوش۔ دَان) کھانا رکھکر لیجانیکا برتن
توشقان (تُش۔ قَان) خرگوش۔

توشک (تَو۔شَکْ) روئی دار بچھونا، بنا لین (تُشْ۔ک) فرش۔
توشمال (تُوش۔مَالْ) خانساماں۔
توشہ (تَو۔شَہْ) رختِ سفر، زاد راہ۔
توشیح (تَو۔شِیْحْ) ایک صنعتِ شاعری، ہار پہنانا، سنوارنا۔
توشیم (تَو۔شِیْمْ) ہاتھ پر سوئی سے گودنا۔
توصل (تَوَص۔صُلْ) پیوند ہونا، پیوست ہونا۔
توصیص (تَو۔صِیْصْ) گہری نقاب ڈالنا۔
توصیف (تَو۔صِیْفْ) تعریف کرنا، وصف کرنا۔
توصیل (تَو۔صِیْلْ) پیوست ہونا، ملجانا۔
توصیم (تَو۔صِیْمْ) کاہلی سے بدن ٹوٹنا۔
توصیہ (تَو۔صِیَہْ) وصیت کرنا۔
توضح (تَوَض۔ضُحْ) روشن کرنا، بجا ئے لانا۔
توضع (تَوَض۔ضُعْ) رحم و شفقت ظاہر کرنا۔
توضو (تَوَض۔ضُو) ہاتھ منھ دھونا۔
توضیح (تَو۔ضِیْحْ) روشن اور ظاہر کرنا، وضاحت کرنا۔
توضیع (تَو۔ضِیْعْ) کپڑے میں روئی بھرنا۔
توطد (تَوَط۔طُدْ) کھڑا ہونا۔
توطن (تَوَط۔طُنْ) وطن اختیار کرنا۔
توطید (تَو۔طِیْدْ) مضبوط کرنا، کھڑا کرنا۔
توطین (تَو۔طِیْنْ) وطن اختیار کرنا، آرام دینا۔
توطیہ (تَو۔طِیَہْ) تمہید، بچھانا، روندنا۔
توظیف (تَو۔ظِیْفْ) وظیفہ کرنا۔
توعد (تَوَع۔عُدْ) ڈرانا، سرزنش کرنا۔
توغ (تُوغْ) پرچم، پھریرا، بیل کا جوا۔
توغل (تَوَغ۔غُلْ) دور تک سمانا، کمال پر پہنچنا۔
توغم (تَوَغ۔غُمْ) غم اور غصہ میں ڈالنا۔
توفاق (تَو۔فَاقْ) کام کا موافق ہونا۔
توفر (تَوَف۔فُرْ) بہت ہونا۔
توفق (تَوَف۔فُقْ) موافقت، یکسانی۔

توفی (تَوَف۔فِی) جگہ پکڑنا، بچانا، پورا کرنا۔
توفیدن (تَو۔فِی۔دَنْ) غرانا، دہاڑنا۔
توفیر (تَو۔فِیْرْ) زیادتی، ٹھیکہ کا نفع، بہت کرنا، بہت ہونا
توفیق (تَو۔فِیْقْ) اسباب خداوند کی موافقت جمع تَوْفِیْقَاتْ مدد کرنا۔
توقان (تَو۔قِیْنْ) آرزو کرنا۔
توقیہ (تَو۔قِیَہْ) پورا ہوا وفا کرنا۔
توق، توقان (تَوْقْ، تَو۔قَانْ) آرزو مندی۔
توقد (تَوَق۔قُدْ) آگ بھڑکنا، چراغ جلنا۔
توقر (تَوَق۔قُرْ) آبرو عزت رکھنا، شکم میں جنانا۔
توقع (تَوَق۔قُعْ) امید، بھروسہ۔
توقف (تَوَق۔قُفْ) دیر کرنا، وقفہ کرنا۔
توقی (تَوَق۔قِی) نگہبانی، پرہیز، بچاؤ۔
توقیت (تَو۔قِیْتْ) وقت مقرر کرنا۔
توقیر (تَو۔قِیْرْ) بڑائی، عزت کرنا۔
توقیص (تَو۔قِیْصْ) سوکھی لکڑی آگ پر رکھنا۔
توقیع (تَو۔قِیْعْ) خاصہ کا فرمان، مکتوب پر مہر یا کوئی نشان جمع تَوْقِیْعَاتْ مکتوب پر نشان لگانا۔
توقیف (تَو۔قِیْفْ) خبردار کرنا، روکنا، مال وقف کرنا۔
توقیہ (تَو۔قِیَہْ) پورا کرنا، بھروسہ۔
توکاف (تَو۔کَافْ) چھت ٹپکنا۔
توکد (تَوَک۔کُدْ) مضبوط ہونا۔
توکف (تَوَک۔کُفْ) انتظار کرنا، چھت ٹپکنا۔
توکل (تَوَک۔کُلْ) دنیا پر لات مار کر خدا پر بھروسہ کرنا۔
توکن (تَوَک۔کُنْ) جگہ پکڑنا، قرار پکڑنا۔
توکید (تَو۔کِیْدْ) تاکید۔
توکیل (تَو۔کِیْلْ) وکیل کرنا، کام سونپنا۔
تولا (تَوَل۔لَا) محبت، دوستی (تُو۔لَا) کتے کا بچہ۔

تولب (تَو-لَب) گدھے کا بچہ۔
تولچہ (تَو-لَ-چَہ) تولہ، بارہ ماشے کا وزن۔
تولد (تَ-وَل-لُد) پیدا ہونا۔
تولع (تَ-وَل-لُع) لالچ، حرص کرنا۔
تولہ (تُو-لَہ) بو سونگھ کر شکار کرنے والا کتا، کتے کا پلّہ، بارہ ماشہ کا وزن۔
تولی (تَ-وَل-لی) پھر جانا، حکومت کرنا، حاکم کرنا، دوست رکھنا۔
تولیت (تَو-لی-یَت) حاکم کرنا، کارکن بنانا، پیٹھ پھیرنا۔
تولید (تَو-لید) پیدا وار، جنانا، پیدا کرنا۔
تولیدن (تُو-لی-دَن) یکسو ہونا، دور ہونا، بھاگنا۔
تولیہ (تَو-لی-یَہ) شیفتہ کرنا، ماں کو بچہ سے چھڑانا، (تَو-لِیَہ) دیکھو تولیت۔
توم، تومہ (تُوم، تُو-مَہ) چاندی کا موتی۔
تومان (تُو-مان) دیکھو تمن۔
تون (تُون) بچہ دانی، حمام ابھاڑ، کوڑھی (تُون) دیکھو تن۔
تونقطار (تُن-قطار) دیکھو چوبدار۔
تونہ (تُو-نَہ) چاہ زنخدان۔
تونی (تُو-نی) بھنگی، چور، مکار۔
تونیل (تُو-نیل) ٹنل، پہاڑی سرنگ۔
توہم (تَ-وَہ-ہُم) وہم ہونا، وہم کرنا۔
توہم پرست (تَ-وَہ-ہُم-پَ-رَس-ت) وہم پوجنے والا۔
توہم پرستی (تَ-وَہ-ہُم-پَ-رَس-تی) وہم پوجنا۔
توہن (تَ-وَہ-ہُن) سست ہونا۔
توہیم (تَو-ہیم) وہم میں ڈالنا۔
توہین (تَو-ہین) بےعزتی، اہانت کرنا، سست کرنا۔
توی (تُو-ای، تُوی) شادی بیاہ۔

تہ (تَہ) نیچے کا فرش، اکلیٹی، لپیٹ (تَہ) خالی (تُنُہ) دیکھو تُف۔
تہالبد (تَہا-لُبُد) فراہم ہونا۔
تہاتر (تَہا-تُر) ایک دوسرے پر جھوٹا دعوی کرنا۔
تہاجر (تَہا-جُر) باہم جدا ہونا۔
تہادن (تَہا-دُن) کلام ٹھیک ہونا۔
تہادی (تَہا-دی) باہم سوغات بھیجنا، لڑکھڑانا۔
تہارط (تَہا-رُط) ایک دوسرے کو گالی بکنا۔
تہالک (تَہا-لُک) باہم ہلاک ہونا، الھڑ چال چلنا۔
تہامہ (تِہا-مَہ) مکہ معظمہ کی سرزمین۔
تہامی (تِہا-می) منسوب بہ تہامہ۔
تہانی (تَہا-نی) تہنیت کی جمع، آپس میں مبارکی دینا۔
تہاون (تَہا-وُن) سستی کرنا، ذلیل رکھنا، حقیر سمجھنا۔
تہ بازاری (تَہ-با-زا-ری) بازار کی زمین کا محصول۔
تہبج (تَہَبُّج) پھولاہٹ، ورم سا معلوم ہونا۔
تہبند (تَہ-بَن-د) لنگ، لنگوٹا۔
تہبندی (تَہ-بَن-دی) کتاب کی جلد بندی۔
تہ پوش (تَہ-پوش) ساڑھی کے نیچے کا جانگیا۔
تہ پیچ (تَہ-پیچ) عمامہ یا لنگی کے نیچے کی ٹوپی۔
تہتک (تَہَتُّک) رسوائی، پردہ دری ہونا، رسوا ہونا۔
تہجاع (تِہ-جاع) سونا۔
تہجد (تَ-ہَج-جُد) پچھلے پہر رات کی نماز۔
تہ جرعگی (تَہ-جُر-عَگی) تلچھٹ پن۔
تہ جرعہ (تَہ-جُر-عَہ) تلچھٹ۔
تہجی (تَ-ہَج-جی) ہجے کرنا، ہجو کرنا۔
تہجیع (تَہ-جیع) سلانا، نیند میں ڈالنا۔
تہجیل (تَہ-جیل) گالیاں بکنا۔
تہجین (تَہ-جین) ذلیل کرنا، معیوب کرنا۔

تہجیہ (تہ۔ جیۃ) ہجے کرنا۔
تہ خانہ (تہ۔ خا۔ نہ) نیچے کا مکان۔
تہ دار (تہ۔ دار) بامعنی، تہہ رکھنے والا۔
تہدد (تہد۔ دُد) ڈرانا، ڈرنا۔
تہ درز (تہ۔ درز) نیا، نئی چیز۔
تہدم (تہد۔ دُم) ویران ہونا، اوجڑ ہونا۔
تہدید (تہ۔ دید) ڈرانا، دھمکانا۔
تہ دیگی (تہ۔ دے۔ گی) کھرچن۔
تہدیم (تہ۔ دیم) ویران کرنا، اوجڑ کرنا۔
تہدینا (تہ۔ دین) آہستگی۔
تہدیہ (تہ۔ دیۃ) ہدیہ کرنا، ہدیہ پیش کرنا۔
تہذم (تہذ۔ ذُم) ٹوٹا ہوا ہونا۔
تہذیب (تہ۔ ذیب) پاک کرنا، اصلاح دینا۔
تہرع (تہر۔ رُع) کانپنا، پارہ پارہ ہونا۔
تہ ردہ (تہ۔ رد) زمین کے نیچے بچھانے کا نمدہ۔
تہریش (تہ۔ ریش) فساد ڈالنا۔
تہزیع (تہ۔ زیع) ٹوٹ کر کھیل کھیل ہو جانا۔
تہضم (تہض۔ ضُم) ٹوٹنا، شکستہ ہونا۔
تہضیم (تہ۔ ضیم) ظلم اور ناانصافی کرنا۔
تہقم (تہق۔ قُم) بڑے نوالے نگلنا۔
تہک (تہک) خالی، ننگا۔
تہکم (تہک۔ کُم) استہزا، افسوس، گھمنڈ کرنا، گلا زبوں بات پر پشیمان ہونا۔
تہلکہ (تہ۔ لکہ، تہ لکہ) مرنا، نابود ہونا۔
تہلل (تہل۔ لُل) بجلی چمکنا، خوشی سے چہرہ دمکنا۔
تہلیک (تہ۔ لیک) ہلاک کرنا۔
تہلیل (تہ۔ لیل) لا الہ الا اللہ کہنا۔
تہمت (تہم۔ مت، تہ۔ مت) بہتان جمع تہم یا تہم عیب لگانا۔
تہمع (تہم۔ مُع) جھوٹ موٹ رونا۔

تہمک (تہم۔ مک) کوشش کرنا، مبالغہ کرنا۔
تہمم (تہم۔ مُم) چاہنا۔
تہ میدانی (تہ۔ مے۔ دا۔ نی) خانہ بدوش۔
تہ نشین (تہ۔ نشین) تلچھٹ۔
تہنم (تہن۔ نُم) ٹوٹا ہوا ہونا۔
تہنیت (تہ۔ نیت) مبارکباد جمع تہانی مبارکی دینا۔
تہنید (تہ۔ نید) ہندوستانی بنانا۔
تہ و بالا (تہو۔ با۔ لا) اوپر تلے، تلپٹ، زیر و زبر۔
تہود (تہو۔ وُد) یہودی بننا، نیکی کرنا، توبہ کرنا۔
تہور (تہو۔ وُر) جوانمردی۔
تہوع (تہو۔ وُع) متلی، ابکائی، قے کرنا۔
تہوک (تہو۔ وُک) تہور، متحیر ہونا۔
تہوید (تہ۔ وید) یہودی بنانا۔
تہویر (تہ۔ ویر) ویران کرنا۔
تہویس (تہ۔ ویس) بہت لالچی بنانا۔
تہویع (تہ۔ ویع) قے کرانا۔
تہویل (تہ۔ ویل) ڈرانا، خوف دلانا۔
تہوین (تہ۔ وین) ہلکا کرنا، آسانی کرنا۔
تہی (تہی) خالی۔
تہیج (تہی۔ یُج) سوجنا، غبار اٹھنا۔
تہیدست (تہی۔ دس۔ ت) خالی ہاتھ، مفلس۔
تہیدستی (تہی۔ دس۔ تی) مفلسی۔
تہیر (تہی۔ یُر) دیکھو تہور۔
تہیگاہ (تہی۔ گاہ) کوکھ، کشح۔
تہی مغز (تہی۔ مغ۔ ز) کوڑ مغز، بیوقوف۔
تہیہ (تہی۔ یہ) آمادگی، تیاری، سامان۔
تہییر (تہ۔ ییر) دیکھو تہویر۔
تی (تی) تہی۔ خالی۔
تیار (تی۔ یار) موجزن، جلد رفتار۔ ۲۔ دیکھو طیار
تیاری (تی۔ یا۔ ری) دیکھو طیاری۔

تیاسر (تَیا۔ سُرْ) تساہل، باہم آسان پکڑنا، بائیں کو چلنا۔
تیامن (تَیا۔ مُنْ) سیدھی طرف میل کرنا۔
تیب (تے۔ ب) سیب، بیقرار، مدہوش۔
تیبا (تِیْ۔ با) ناز، انتظار، رفع کرنا۔
تیتال (تِیْ۔ تالْ) مکروفریب۔
تیتھ (تِیْ۔ تھْ) ٹیکا، بندی۔
تیجان (تِیْ۔ جانْ) تاج کی جمع۔
تیداک، تیداکی (تِیْ۔ داکْ، تِیْ۔ دا۔ کی) ایہودی
تیر (تِیرْ) فارسی کا چوتھا شمسی مہینہ، بان، قصہ، قدرت، اصطلاح۔
تیرانداز (تیر۔ اَنْ۔ دازْ) تیر چلانے والا۔
تیراندازی (تیر۔ اَنْ۔ دا۔ زِیْ) تیر چلانا۔
تیرآور (تیر۔ آ۔ وَرْ) قزمساق، مکار۔
تیر پرتاب (تیر۔ پَرْ۔ تابْ) وہ فاصلہ جہاں تک تیر چوٹ کرے۔
تیر تظلم (تِیْ، رِ۔ تَظَلْ۔ لُمْ) مظلوم کی آہ۔
تیر خدنگ (تِیْ، رِ۔ خَدَنْگْ) مضراب، زخمہ، اجوہ۔
تیر خوردہ (تیر۔ خُرْ۔ دَہْ) تیر کا گھائل۔
تیردان (تیر۔ دانْ) ترکش۔
تیردستی (تیر۔ دَسْ۔ تِیْ) لاٹھی، عصا۔
تیررس (تیر۔ رَسْ) تیر کی پہنچ۔
تیرزن (تیر۔ زَنْ) تیر مارنے والا۔
تیرساز (تِیْ، رِ۔ سازْ) مضراب، زخمہ۔
تیرکاری (تیر۔ کا۔ رِیْ) تیر سے چھیدنا۔
تیرکش (تیر۔ کَشْ) چھانٹی، رندہ۔
تیرگر (تیر۔ گَرْ) تیر بنانے والا۔
تیرگی (تِیْ۔ رَ۔ گِیْ) اندھیرا، سیاہی، دھندلاپن
تیرہ (تِیْ۔ رَہْ) دھندلا، کالا، اندھیرا۔
تیرہ باطن (تِیْ۔ رَہْ۔ با۔ طِنْ) بدسرشت۔
تیرہ بخت (تِیْ۔ رَہْ۔ بَخْ، تْ) بدقسمت، بدنصیب۔
تیرہ بختی (تِیْ۔ رَہْ۔ بَخْ۔ تِیْ) بدقسمتی۔
تیرہ درون (تِیْ۔ رَہْ۔ دَرُونْ) بدسرشت، بدطینت
تیرہ روزگار (تِیْ۔ رَہْ۔ رُوزْ۔ گارْ) بدقسمت۔
تیرہ روزی (تِیْ۔ رَہْ۔ رُوزْ۔ زِیْ) بدقسمتی۔
تیرہوائی (تِیْ، رِ۔ ہَوا۔ اِیْ) بان، نام آتشبازی۔
تیز (تِیزْ) چالاک، دھاردار، پھرتیلا، تیز گوز، پاد۔
تیزاب (تے۔ زابْ، تیز۔ آبْ) پانی جو کاٹ کرے۔
تیزابیت (تے۔ زا۔ بِیْ، یَتْ) تیزاب پنا۔
تیزپر (تیز۔ پَرْ) تیز اُڑنے والا۔
تیزرو (تیز۔ رَوْ) جلدی چلنے والا۔
تیزروی (تیز۔ رَوِیْ) جلدی چلنا۔
تیزطبع (تیز۔ طَبْ، عْ) ذہین۔
تیزفہم (تیز۔ فَہْ، مْ) سوجھ بوجھ والا۔
تیزک (تے۔ زَکْ) جرجیر، ترہ تیزک، ہالم، جندسور۔
تیزگام (تیز۔ گامْ) جلدی قدم اُٹھانے والا۔
تیزگامی (تیز۔ گا۔ مِیْ) جلد قدم اُٹھانا۔
تیزمزاج (تیز۔ مِزاجْ) غصیلا، چڑچڑا۔
تیزمزاجی (تیز۔ مِزا۔ جِیْ) غصہ، چڑچڑاپن۔
تیزہوش (تیز۔ ہوشْ) جیتر، عقلمند۔
تیزی (تے۔ زِیْ) چالاکی، پھرتی، کاٹ۔
تیس (تَیسْ) بوک، بکرا جو تیوس، اتیاس۔
تیسر (تَیسْ۔ سُرْ) آسان ہونا۔
تیسیر (تَیْ۔ سِیرْ) آسان کرنا۔
تیش (تَیشْ) دانشہ، وندانہ۔
تیشہ (تے۔ شَہْ) بڑھئی کا اوزار، بسولا۔
تیع (تَیعْ) قے آنا۔
تیغ (تیغْ) تلوار، چاندنی، دھوپ، پیشہ، چوٹی۔
تیغدار (تیغ۔ دارْ) تلوار رکھنے والا۔
تیغ دودم (تے، غِ۔ دُو دَمْ) دودھاری تلوار۔

تیغ شدن (تیغ۔شُدَن) مقابل ہونا۔
تیغ کوہ (تے۔غ۔کُوہ) پہاڑ کی چوٹی۔
تیغ ہند (تے۔غ۔ہِن۔دْ) ہندوستانی تلوار۔
تیغہ (تے۔غہ) خنجر۔
تیغۂ پشت (تے۔غَ۔اِ۔پُش۔ت) ریڑھ کی ہڈی۔
تیفاق (تی۔فاق) کام کا موافق ہونا۔
تیق (تَیِّق) بد مزاج، غصیلا۔
تیقظ (تَیَق۔قُظ) بیداری، جاگنا۔
تیقن (تَیَق۔قُن) یقین ہونا، اعتبار ہونا۔
تیقیظ (تی۔قیظ) بیداری، جگانا۔
تیم (تَیْم) بندہ، غلام (تیم) سرائے۔
تیما (تی۔ما) جنگل، بیابان۔
تیماج (تی۔ماج) کچا یودار چمڑا، ادیم۔
تیمار (تی۔مار) غمخواری، نگہداشت۔
تیماردار (تی۔مار۔دار) بیمار کی خدمت کرنے والا۔
تیمارداری (تی۔مار۔دا۔ری) بیمار کی خدمت کرنا۔
تیمم (تَیَم۔مُم) قصد کرنا، خاک سے وضو اور غسل کرنا۔
تیمن (تَیَم۔مُن) بابرکت ہونا۔
تین (تِیْن) انجیر، گھاس۔
تیناب (تی۔ناب) سپنا، خواب، رویا۔
تیو (تے۔و) طاقت، قوت۔
تیول (تِیُول) جاگیر، گذارہ۔
تیہ (تی۔ہ) دہشتناک جنگل، تکبر کرنا۔
تیہا (تی۔ہا) بیابان، جنگل
تیہو، تیہوج (تی۔ہو) (تی۔ہوج) ولایتی لوا، بٹیر۔

ث

ث (ثا) یہ اتائم مقام عدد ۵۰۰، مخصوص حرف عربی، حرف شمسی، ف کے ساتھ بدل ہے مثلاً جدث، جدف۔
ثابت (ثا۔بِتْ) قائم، مضبوط جمع ثوابت۔

ثاج (ثاج) بھیڑ کی ممیاہٹ۔
ثاد (ثاد) جاڑا، سرما، تر، نم۔
ثادق (ثا۔دِق) برسا دگھٹا۔
ثار (ثار) خون کا بدلہ، قصاص، دشمنی۔
ثاطہ (ثا۔طَہ) مٹی، کیچڑ جمع ثاط
ثاعی (ثا۔عی) گالی بکنے والا، بدی سے نسبت دینے والا۔
ثاقب (ثا۔قِب) چمکیلا، درخشاں جمع ثواقب۔
ثاقل (ثا۔قِل) بھاری، بوجھل جمع ثواقل۔
ثالث (ثا۔لِث) تیسرا، پنچ، تین کرنے والا۔
ثالث بالخیر (ثا۔لِث۔بِل۔خَیر) بھلائی کے ساتھ پنچ، بے لاگ پنچ۔
ثالث ثلاثہ (ثا۔لِث۔ثَلا۔ثَہ) تثلیث یعنی خدائے تعالیٰ حضرت عیسیٰؑ اور روح القدس۔
ثالث عشر (ثا۔لِث۔عَشَر) تیرہواں۔
ثالثون (ثا۔لِثُون) تیسواں حصہ۔
ثالثہ (ثا۔لِثَہ) تیسری، پنچ عورت، لحظہ، لمحہ، سکنڈ۔
ثالثی (ثا۔لِثی) پنچایت، پنچ بچاؤ۔
ثالوث (ثا۔لُوث) تثلیث۔
ثالیل (ثَ۔آ۔لیل) ثولول کی جمع۔
ثامر (ثا۔مِر) پھلا ہوا پیڑ، لوبیا۔
ثامن (ثا۔مِن) آٹھواں۔
ثامن عشر (ثا۔مِن۔عَشَر) اٹھارواں۔
ثانوی (ثا۔نَوی) دوسرے والا، دویمی۔
ثانی (ثا۔نی) دوسرا، جمع ثوانی۔
ثانیاً (ثا۔نِیَن) دوسری مرتبہ، دوسرے۔
ثانی الحال (ثا۔نِیل۔حال) دوسرا وقت۔
ثانی عشر (ثا۔نی۔عَشَر) بارھواں۔
ثانیہ (ثا۔نِیَہ) منٹ، دقیقہ، دوسری۔
ثائر (ثا۔اِر) قصاص کرنے والا، کینہ نکالنے والا۔
ثاہبا (ثا۔ہِبا) جھاوٹ، تیز ہوا جو بارش سے چلے۔
ثبات (ثَباتْ) پائداری، قیام، قرار۔

ثبت (ثَبْ، ت)، نوشتہ، تحریر، اقرار دیا ہوا جمع اَثْبات
لکھنا، اقرار دینا (ثَبْتْ) ثبت ۔
ثبوت (ثُبُوت)، پختگی، ثابت ہونا ۔
ثبور (ثُبُور)، ہلاکت، ہلاک ہونا ۔
ثج (ثَجّ)، خون یا پانی کا بہنا ۔
ثجاج (ثَجْ، جَاج)، بہانے والا، بہنے والا ۔
ثخن (ثِخَن)، دَل، موٹا پا، حجم ۔
ثخین (ثَخِین)، گاڑھا کپڑا ۔
ثدی (ثَدْ، ی)، ثدی، چھاتی، چوچی ۔
ثرا (ثَرَا)، مالداری، دولتمندی (ثَرَا) دیکھو ثری ۔
ثرب (ثَرْ، ب)، آنتوں والی چربی کی جھلی ۔
ثرثرہ (ثَرْ۔ثَرَہ)، بکواس، درازنفسی ۔
ثرح (ثَرْ، ح)، جوالی ۔
ثرد (ثَرْد)، بیچ کی پھار، روٹی چورنا ۔
ثرط (ثَرَط)، سرلیش، گوبر (ثَرْ، ط)، گوبر کرنا ۔
ثرملہ (ثَرْ۔مَلَہ)، مادین لومڑی ۔
ثروا (ثَرْ۔وَاہ) مالدار عورت ۔
ثروت (ثَرْ۔وَت) مالداری، سرداری ۔
ثروتہ (ثَرْ۔وَتُ ہُو)، اُس کی دولت ۔
ثری (ثَرَا)، نمی، گیلی مٹی ۔
ثریا (ثُرَ، یّا)، جھمکا، پردین، روشنی کا جھاڑ، جھنڈی
ثرید (ثَرِید)، چوری ہوئی روٹی ۔
ثط (ثَطّ)، چھنگی داڑھی والا جمع ثِطَاط
ثطط (ثَطَط)، چھنگی داڑھی ہونا ۔
ثطع (ثَطْ، ع)، زکام ہونا ۔
ثع (ثَع)، قے کرنا ۔
ثعبان (ثُع۔بَان)، اژدہا جمع ثَعَابِین ۔
ثعط (ثَعَط)، پانی یا گوشت کا سڑنا ۔
ثعل (ثُعْ، ل)، زائد تھن جمع ثُعُول، ثُعْل، زائد دانت
ثعلب (ثَعْ۔لَب)، لومڑی جمع ثَعَالِب، ثَعَالِی
ثعلبان (ثُعْ۔لُبَان)، نر لومڑی ۔

ثعلب مصری (ثَعْ۔لَب مِص۔رِی)، نام دوا ۔
ثغ (ثَغّ)، مورت، صنم ۔
ثغا (ثُغَا)، بکری یا ہرن کی آواز ۔
ثغاریہ (ثُغَا۔رِیَہ)، دستنبوی، ایک قسم کی سپید ۔
ثغثغہ (ثَغْ۔ثَغَہ)، ہکلاہٹ ۔
ثغر (ثَغْ، ر)، دانت، اگلے دانت، سرحد درمیان
ملک کفر و اسلام جمع ثُغُور ۔
ثغو (ثُغْ، و)، بکری یا ہرن کی آواز ۔
ثفا (ثُفَّ، فَا)، رائی، خردل، آہور ۔
ثفال (ثِفَال)، لوٹا، ابریق ۔
ثفر (ثَفَر)، دُمچی، پاردم ۔
ثفل (ثُفْل)، تلچھٹ، پھوکس، فضلہ ۔
ثفلدان (ثُفْل۔دَان)، اگالدان ۔
ثفو (ثَفْ، و)، اثفیہ، دیگپایہ جمع اَثَافی ۔
ثقات (ثِقَات)، ثقہ کی جمع ۔
ثقالت (ثَقَا۔لَت)، گرانی، بوجھ، بھاری پنا ۔
ثقبہ (ثُقْ۔بَہ)، چھید، سوراخ جمع ثُقَب،
ثُقَب، ثُقُوب، اَثْقَاب ۔
ثقت (ثِقَت)، مضبوطی، استواری
ثقف (ثَقِف)، چتر، دانشمند ۔
ثقل (ثِقْ، ل)، بوجھ، بھاری پن، بدہضمی جمع
اَثْقَال ۔ ثَقَل، ہر نفیس چیز (ثِقَل)
بھاری پن، بھاری ہونا ۔
ثقلان، ثقلین (ثَقَلَان، ثَقَلَین)، دو گروہ
جنات اور انسان ۔
ثقوہ (ثُقْ۔وَہ)، سکورہ جمع ثُقُوَات ۔
ثقہ (ثِقَہ)، قابل اعتماد آدمی، پائداری
جمع ثِقَات ۔
ثقیف (ثَقِیف، ثَقْ، قِیف)، نہایت تیز سرکہ ۔
ثقیل (ثَقِیل)، بوجھل، بھاری، دیر ہضم ۔
ثکلی (ثَک۔لَا)، مرے ہوئے بیٹے کی ماں ۔

ثکن (ثُکَن) پرندوں کی ٹکڑیاں۔
ثلاث (ثَلَاث) ثلاثہ کا مونث، تین (ثُلَاث)
تین تین۔
ثلاثا (ثَلَاثَا) منگل جمع ثلاثاوات۔
ثلاثہ (ثَلَا-ثَہ) دیکھو ثلثہ۔
ثلاثی (ثُلَا-ثِی) تین حرفی کلمہ۔
ثلاج (ثَل۔لَاج) برف فروش۔
ثلب (ثِل۔ب) بڈھا آدمی (ثَل۔ب) میل
گندگی (ثَلَب) نقصان کرنا، عیب کرنا۔
ثلث (ثُل۔ث) ایک عربی رسم الخط، تہائی۔
ثلثا (ثُلا-ثَا) دیکھو ثلاثا۔
ثلثان (ثُل-ثَان) دو تہائی ⅔
ثلثون (ثَلَا-ثُون) تیس (۳۰)
ثلث، ثلثہ (ثَلَاث، ثَلَا-ثَہ) تین۔
ثلثہ عشر (ثَلَا-ثَہ-عَشَر) تیرہ (۱۳)
ثلثین (ثَلَا-ثِین) دیکھو ثلاثون۔
ثلج (ثَل۔ج) برف جمع ثلوج (ثَلَج) آرام
لینا، دل ٹھنڈا ہونا۔
ثلط (ثَل۔ط) پونکنا، پتلا ہگنا۔
ثلع (ثَل۔ع) سرکشی۔
ثلم (ثَل۔م) گرجانا، سوراخ کرنا۔
ثلمہ (ثُل-مَہ) رخنہ۔
ثلوج (ثُلُوج) ثلج کی جمع، برف باری۔
ثلہ (ثُل۔لَہ) آدمیوں کا غول۔
ثلیث (ثَلِیث) تیسرا حصہ۔
ثم (ثُم۔م) پھر، پیچھے، پس (ثَم۔م)
وہاں، اس جگہ۔
ثمار (ثِمَار) ثمر کی جمع۔
ثمال (ثُمَال) زہر قاتل (ثِمَال) کارگزار آدمی۔
ثمالہ (ثُمَا-لَہ) جھاگ، جھک جمع ثمال۔
ثمان (ثَمَان) آٹھ (۸)۔

ثمانون (ثَمَا-نُون) اسی (۸۰)۔
ثمانی (ثَمَا-نِی) ثمانیہ کا مونث، (۸)
ثمانین (ثَمَانِین) دیکھو ثمانون۔
ثمانیہ (ثَمَا-نِیَہ) آٹھ (۸)
ثمانیہ عشر (ثَمَانِیَہ عَشَر) اٹھارہ (۱۸)
ثمد (ثَمَد، ثَم۔د) تھوڑا پانی۔
ثمر (ثَمَر) پھل، نتیجہ، بیٹا، مال جمع اثمار،
ثمار، ثمرات (ثُمُر) بہت مال۔
ثمرا (ثِم-رَار) پھلدار پیڑ۔
ثمرہ (ثَمَرَہ، ثَم-رَہ) پھل، انجام جمع ثمارہا
ثمرات۔
ثملہ (ثَم-لَہ) چارا۔
ثمن (ثَمَن) قیمت جمع اثمان، اثمن
(ثُم۔ن، ثُمُن) آٹھواں حصہ (ثَم۔ن)
آٹھواں ہونا، آٹھواں حصہ لینا۔
ثمود (ثَمُود) ایک قدیم قوم جو جل کر فنا ہو گئی۔
ثمیر (ثَمِیر) پھلدار، میوہ دار۔
ثمین (ثَمِین) آٹھواں حصہ، قیمتی، بڑھیا۔
ثن (ثِن) سوکھی گھاس۔
ثنا (ثَنَا) تعریف، مدح جمع اثنیہ (ثِنَا) آنگن۔
ثناگر، ثناگستر (ثَنَا-گَر، ثَنَا-گُس-تَر) مداح۔
ثنان (ثِنَان) اثنان کا مونث، دو (۲)۔
ثنایا (ثَنَا-یَا) ثنیہ کی جمع۔
ثنائی (ثُنَا-ئِی) دو حرفی، دو اگلے دانت
ثنی (ثِن۔ی) سروٹ، شکن، درمیان جمع اثنا،
ثنا (ثِنَی) وہ عورت جس کے دو جوڑواں بچے پیدا
ہوں (ثَنَا) ایک قوم کے دو ہم مرتبہ سردار۔
(ثَن۔ی) دوسرا ہونا، دوہرا کرنا (ثَنِی)
گائے بھیڑ جو تیسرے سال میں ہو، گھوڑا جو چھٹے
سال میں ہو (ثِنَا) کام جو دوبارہ کیا جائے۔
ثنایہ (ثِنَا-یَہ) سروٹ، شکن۔

ثنیہ (ثَنِی۔یَہ)، آگے کا دانت جمع ثنایا جوان گائے بیل۔
ثواب، (ثَوا۔بْ)، مزدوری، نیک بدلہ (ثَوْ وَابْ)، جامہ، جامہ فروش۔
ثوابت (ثَوا۔بِتْ، ثابت کی جمع، غیر متحرک تارے
ثواج (ثُواجْ)، بھیڑ کی ممیاہٹ۔
ثواقب (ثَوا۔قِبْ)، ثاقب کی جمع۔
ثوانی (ثَوا۔نِیْ)، ثانی کی جمع۔
ثوب (ثَوْب)، پہننے کا کپڑا جمع ثیاب، اَثْوابْ، اَثْوُبْ
ثوباء (ثُوَبا۔ءْ)، جماہی، خمیازہ، فاژہ۔
ثوبان (ثَوَبانْ)، واپس پھرنا، لوٹنا۔
ثور (ثَوْرْ)، سانڈ، بیل، بجارم ثیران، ثِیَرَہ، اَثْوارْ، اَثْوِرَہْ نام برج آسمانی۔
ثوران (ثَوَرانْ)، خون کا جوش، فتنہ خیزی۔
ثورہ (ثَوْ۔رَہْ)، شورش، بغاوت، سوزش۔
ثول (ثَوْل)، شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔
ثولا (ثَوْ۔لاْ)، مادہ بھیڑ۔
ثولول (ثُؤْ۔لُوْل)، بھٹی، سر لپستان، مسہ جمع ثآلیل۔
ثوم (ثُوْم)، لہسن، گیہوں۔
ثہلان (ثَہْ۔لانْ)، نام پہاڑ۔
ثیب (ثَیْ۔یِبْ)، وہ مرد یا عورت جو کنوارا نہ ہو
ثئید (ثَئِیْدْ)، ٹھنڈی اور مرطوب جگہ۔

ج

ج (جِیْم)، حرف قمری، قائم مقام عدد ۳، فارسی میں متعدد حروف سے بدل جاتا ہے علی الخصوص ۱۔ پ کے ساتھ مثلاً جالیز، پالیز۔ ۲۔ ت کے ساتھ تاراج، تارات۔ ۳۔ چ کے ساتھ مثلاً جفتہ، چفتہ۔ ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً باج، باز ۵۔ ژ کے ساتھ مثلاً کج، کژ۔ ۶۔ س کے ساتھ مثلاً ریواج، ریواس۔ ۷۔ ش کے ساتھ کاج، کاش۔ ۸۔ غ کے ساتھ مثلاً سفلاج، سفلاغ۔ ۹۔ ک کے ساتھ مثلاً زاج، زاک۔ ۱۰۔ گ کے ساتھ مثلاً فرنج فرنگ۔ ۱۱۔ ہ کے ساتھ مثلاً ناگاج، ناگاہ۔
جا (جَا)، جگہ۔
جابجا (جَا۔بَجَا)، جگہ جگہ، ہر جگہ۔
جابر (جَا۔بِرْ)، زیادتی کرنیوالا، جبر نے والا۔
جابلص (جَا۔بَلْ۔صْ)، مغرب میں ایک خیالی شہر۔
جابلق (جَا۔بَلْ۔قْ)، مشرق میں ایک خیالی شہر۔
جاثلیق (جَا۔ثَلِیْقْ)، آتش پرست عالم یا عابد۔
جاثم (جَا۔ثِمْ)، سینہ کے بل سونے والا، بے حس و حرکت جمع جثوم۔
جاثوم (جَا۔ثُوْم)، کابوس۔
جاجم (جَا۔جِمْ)، قسم فرش۔
جاحد (جَا۔حِدْ)، دانستہ انکاری۔
جاحظ (جَا۔حِظْ)، جسکی آنکھ کا ڈھیلا نکلا ہوا ہو۔
جاداد (جَا۔دَادْ)، دیکھو جایداد۔
جادج (جَا۔دَجْ)، دیکھو جادہ۔
جادل (جَا۔دِلْ)، کج بحث، لڑنے والا۔
جادو (جَا۔دُوْ)، منتر، سحر، جادوگر۔
جادوسخن (جَا۔دُو۔سُخَنْ)، فصیح و بلیغ۔
جادوگر (جَا۔دُوْ۔گَرْ) جادو کرنے والا۔
جادوی (جَا۔دُوِیْ)، سحر، ساحری۔
جادہ (جَا۔دَہْ، جَادْ۔دَہْ) پگڈنڈی، بٹیا جمع جواد
جادی (جَا۔دِیْ)، طالب بخشش جمع جداء (جَا۔دِیْ)، زعفران۔
جاذب (جَا۔ذِبْ)، جذب کرنے والا جمع جواذب

جاذبہ (جا۔ذِبہ) جذب کرنے والی قوت، تاثیر
جم جواذِب۔
جار (جار) شوہر، نگہبان، پڑوسی، ساجھی، پناہ
گزین جم جیراں، اجوار۔ ۲۔ جمعیت،
ڈھونڈھورا، منادی (جار) کھینچنے والا۔
جارچی (جار۔چی) ڈھنڈورے والا
جارحہ (جا۔رِحہ) ہاتھ اور دیگر اعضاء، شکاری
جانور، زخم ڈالنے والا۔ جم جوارح
جارف (جا۔رِف) ڈھور ڈنگر کی وبا، مویشیوں کی مری۔
جارن (جا۔رن) سنپولا۔
جاروب (جا۔رُوب) جھاڑو، سوہنی۔
جارود (جا۔رُود) نحس اور شوم آدمی۔
جارہ (جار، رہ) کھینچنے والا۔
جاری (جا۔ری) رواں، بہتا ہوا۔
جاریہ (جا۔ریہ) لونڈی، بیٹی، کشتی، جہاز،
سورج، نعمتِ الٰہی، بہتا پانی جم جواری
جازع (جا۔زِع) بے صبر، جزع کرنے والا،
پکا قصد کرنے والا۔
جازم (جا۔زِم) حرفِ متحرک کو ساکن کرنیوالا،
قطع کرنے والا۔
جازی (جا۔زی) کافی، بدلہ دینے والا۔
جاسد (جا۔سِد) خونِ خشک۔
جاسوس (جا۔سوس) مخبر، بھیدی جم جواسیس۔
جاش (جاش) کھلیان میں صاف غلہ کا ڈھیر۔
جاعل (جا۔عِل) پھیرنے والا، پیدا کرنیوالا، بنانے والا
جاغر (جا۔غر) پرندوں کا پوٹہ۔
جاف (جاف) خشک، سوکھی روٹی۔
جافی (جا۔فی) جفا کرنے والا۔
جاگیر (جا۔گیر) وہ اراضی جو سرکار سے ملے۔
جاگیردار (جا۔گیر۔دار) جاگیر رکھنے والا۔
جال (جال) پیلو کا پیڑ۔

جالب (جا۔لِب) اپنی طرف کھینچنے والا۔
جالس (جا۔لِس) بیٹھنے والا، بٹھانیوالا جم جلوس
جالع (جا۔لِع) بے حیا۔
جالف (جا۔لِف) مرگ عام، وبا۔
جالہ (جا۔لہ) ٹہنیوں کی کشتی، گڑھا۔
جالی (جا۔لی) جلا دینے والا، صاف کرنے والا۔
جالیز (جا۔لیز) دیکھو پالیز۔
جالیہ (جا۔لیہ) جزیہ، جلاوطن۔
جام (جام) شراب کا پیالہ، آسمان۔
جامِ جم، جامِ جہاں نما (جا۔مِ۔جم، جا۔مِ۔
جہاں۔نما) ایک روایتی پیالہ جس میں دنیا کا
احوال نظر آتا تھا۔
جامح (جا۔مِح) سرکش۔
جامد (جا۔مِد) اسم غیر مشتق، پتھر سا جما ہوا
جم جُمّد۔
جامِ سفال (جا۔مِ۔سِفال) مٹی کا پیالہ۔
جامع (جا۔مِع) جمع کرنے والا، شامل۔
جامِ عالی (جا۔مِ۔عا۔لی) بڑا پیالہ۔
جامع مسجد (جا۔مِع۔مس۔جِد) جمعہ کی نماز
پڑھنے کیلئے بڑی مسجد۔
جامعہ (جا۔مِعہ) یونیورسٹی، دار العلوم،
تمام، سب جم جوامع۔
جامعیت (جا۔مِعی۔یت) جامع پن۔
جامول (جا۔مول) حرامزادہ، شریر۔
جامگی (جا۔مگی) روزینہ، وظیفہ، راتب، جھگڑا، ٹنٹا۔
جاموس (جا۔موس) بھینسا جم جوامیس۔
جاموسہ (جا۔مو۔سہ) بھینس۔
جامہ (جا۔مہ) فرش، کپڑا، شراب کا پیالہ۔
جامہ تلاشی (جا۔مہ۔تلا۔شی) کپڑوں کا جھاڑا۔
جامہ صورت (جا۔مہ۔صو۔رت) تصویر
دار کپڑا۔

جامہ غوک (جا-مہ-غوک)، کائی۔
جان (جانْ)، روح، طاقت، ہتھیار (جانّ)
وہ پہلا جن جس سے جنوں کی نسل چلی۔
جان آزاری (جانْ-آ-زا-ریْ)، دُکھ دینا۔
جاناں (جا-ناں)، محبوب، محبوبہ۔
جانانہ (جا-نا-نہْ)، جاناں سے نسبت رکھنے والی چیز۔
جانب (جا-نِبْ)، طرف جمع جوانبْ۔
جانباز (جانْ-بازْ)، جان پر کھیلنے والا۔
جانبازی (جاں-با-زِیْ)، جان پر کھیلنا۔
جان بحق تسلیم (جانْ-بحقْ-تسْ-لیم)، خدا کو
جان سونپنا۔
جاں بخش (جاں-بَخْ-شْ)، جان بخشنے والا۔
جاں بخشی (جاں-بَخْ-شیْ)، جان بخشنا۔
جانبدار (جا-نبْ-دارْ)، طرفدار۔
جانبداری (جا-نِبْ-دا-رِیْ)، طرفداری۔
جان بریاں (جا-نِ-برْ-یاں)، انگوری شراب۔
جاں بلب (جاں-بَلَبْ)، مرنے کے قریب۔
جانبین (جا-نِبَیْن)، دونوں طرف۔
جان جاں (جا-نِ-جاں)، خدائے تعالےٰ، روح
اعظم، آگ، پرانتھا۔
جاندار (جانْ-دارْ)، ۱-ذی روح، طاقتور۔
۲- دیکھو جانہ دار۔
جان دارو (جانْ-دا-رُوْ)، تریاق، نوشدارو۔
جاندانہ (جانْ-دا-نہْ)، تالو، رماعہ، یا فوخ۔
جاں سپار (جاں-سِپارْ)، جان سونپنے والا۔
جاں سپاری (جاں-سِپا-رِیْ)، جان سونپنا۔
جاں ستاں (جاں-سِتاں)، جان لینے والا۔
جاں ستانی (جاں-سِتا-نِیْ)، جان لینا۔
جانسوز (جاں-سُوزْ)، جو جان جلا دے۔
جاں سوزی (جاں-سُو-زِیْ)، جان جلانا۔
جانشین (جا-نشِیْن)، قائم مقام، کسی کی جگہ پر جو بیٹھے۔

جانشینی (جا-نشی-نِیْ)، قائم مقامی۔
جانفشانی (جاں-فِشا-نِیْ)، محنت، سعی۔
جانفرسا (جاں-فَرْ-سا)، جان رگڑنے والا۔
جانفرسائی (جاں-فَرْ-سا-ئِیْ)، جان رگڑنا۔
جانفزا (جاں-فِزا)، جان کو بڑھانے والا۔
جانفزائی (جاں-فِزا-ئِیْ)، جان بڑھانا۔
جانکاہ (جاں-کاہْ)، جان گھٹانے والا۔
جانکاہی (جاں-کا-ہِیْ)، جان گھٹانا۔
جانکندن (جاں-کَنْ-دَنْ)، جان اکھڑنا۔
جانکندنی، جانکنی (جاں-کَنْ-دِنی، جاں-
کَنی)، نزع، جان نکلنے کی حالت۔
جانگداز (جاں-گُدازْ)، جان کا پگھلانے والا۔
جانگزا (جاں-گَزا)، جان پر خطرہ پہنچانے والا۔
جاں نثار (جاں-نِثارْ)، جان قربان کرنے والا۔
جاں نثاری (جاں-نِثا-رِیْ)، وفاداری، جان
قربان کرنا۔
جاں نواز (جاں-نَوازْ)، محبوب، جان پر نوازش
کرنے والا۔
جاں نوازی (جاں-نَوا-زِیْ)، محبوبی۔
جانور (جانْ-وَرْ)، حیوان۔
جانہ دار (جا-نہْ-وارْ)، روزی، رزق، نگہبان،
مددگار، ہتھیار۔
جانی (جا-نِیْ)، ۱-گنہگار جمع جُناۃ ۲-مہربان،
منسوب بہ جان۔
جاوا (جا-وا)، نام جزیرہ (بحر ہند)
جاوداں (جا-وِداں)، ہمیشہ۔
جاودانی (جا-وِدا-نِیْ)، ہمیشگی۔
جاورس (جا-وَرْس)، باجرہ۔
جاوید، جاویداں (جا-وید، جا-وِیدْ-داں)
ہمیشہ، قائم۔
جاہ (جاہْ)، رتبہ، قدر، عزت، مرتبہ۔

جاہل (جَا-ہِل) ، اَن پڑھ ، نادان جمع اَجْہال ، جُہّال ، جُہلاء ، جَہَلَہ۔
جاہلیت (جَا-ہِلی-یَت) ، اسلام سے پہلا زمانہ ، جاہل پن۔
جائداد (جَا-اِ-دَاد) دیکھو جایداد۔
جائر (جَا-اِر) ستمگار۔
جائز (جَا-اِز) درست ، مطابق
جائزہ (جَا-اِزَہ) انعام ، صلہ ، نیک بدلہ ، تصحیح کی علامت جمع جَوَائِز۔
جائع (جَا-اِع) بھوکا جمع جِیَاع ، جُوَّع۔
جای (جَا-ی) دیکھو جا ، جوہی۔
جای جو (جَای-جُو) آتشدان۔
جایداد (جَای-دَاد) مال ، اسباب۔
جایفہ (جَا-یِفَہ) ٹیلہ جمع جَوَائِف۔
جایک (جَا-یَک) چھوٹی جگہ۔
جایگاہ (جَای-گَاہ) مقام ، جگہ۔
جایی (جَا-یِی) ، جوہی۔
جب (جُبّ) ، گڑھا ، کنواں جمع جِبَبَہ۔
جبا (جبا) ، باج ، خراج (جُبَ-بَا) بددل (جَبَا) ، اپنے پیالے سے دوسرے کی تواضع۔
جبار (جَبْ-بَار) جابر ، ظالم جمع جَبَابِرَہ نام اللہ تعالے (جُبَار) مشکل ، سشنبہ ، رائگاں۔
جباری (جَبْ-بَا-رِی) تکبر ، شان۔
جبال (جِبَال) ، جبل کی جمع۔
جبان (جَبَان) ، نامرد ، تھڑدلا (جَبْ-بَان) ، پنیرفروش ، جبانہ ، صحرائی ، بیابانی ، جنگلی۔
جبانت (جَبَا-نَت) ، نامردی ، تھڑدلی۔
جبانہ (جَبْ-بَا-نَہ) جنگل ، بیابان ، قبرستان۔
جباہ (جِبَاہ) ، جبہہ کی جمع۔
جبایت (جِبَا-یَت) ، مالی جوڑنا ، خراج اکٹھا کرنا۔

جبت (جِبْ-ت) ، مورت ، کاہن ، نجومی ، جادو ، ساحر ، اللہ کے علاوہ ہر وہ چیز جو پوجی جاوے۔
جبجبہ (جَبْ-جَبَہ) ، اوجھڑی ، شکنبہ۔
جبر (جَبْ-ر) ، زبردستی ، پٹی۔
جبراً (جَبْ-رَاً) زبردستی سے۔
جبرائیل (جَبْ-رَا-اِیل) دیکھو جبریل۔
جبروت (جَبَرُوت) بزرگی ، عظمت۔
جبر و مقابلہ (جَبْ-رُو-مُقَا-بَلَہ) علم حساب کی ایک شاخ۔
جبرئیل (جَبْ-رَ-اِیل) ، دیکھو جبریل۔
جبری (جَبْ-رِی) ، منسوب بہ جبر۔
جبریل (جِبْ-رِیل) ، نام فرشتہ رحمت۔
جبریہ (جَبْرِی-یَہ) وہ جماعت جو بندے کو اپنے فعل کا مختار نہیں سمجھتی (جَبْ-رِی-یَہ) منسوبہ جبر
جبس (جِبْ-س) ، چونہ۔
جبل (جَبَل) ، پہاڑ جمع جِبَال ، اَجْبَال ، اَجْبُل۔
(جِبِل) ، جبلت ، عادت (جِبِل) ، جفاکار ، بدمزاج۔
جبل الطارق (جَبَلُ-طَا-رِق) جبرالٹر (غربی بحیرۂ روم)
جبلت (جِبِلْ-لَت) ، خلقت ، فطرت ، پیدائش۔
جبلہ (جُبْ-لَہ) ، کوہان۔
جبلی (جِبِلْ-لِی) ، پیدائشی ، منسوب بہ جبلت
جبن (جُبْ-ن ، جُبُن) پنیر ، پھٹے ہوئے دودھ کی سفیدی (جُبْ-ن) ، نامردی ، تھڑدلی۔
جبوب (جَبُوب) ، بھیڑ۔
جبہ (جُبْ-بَہ) ، پیراہن جمع جُبَّات۔
جبہہ (جَبْ-ہَہ) ، ماتھا ، پیشانی جمع جِبَاہ۔
جبہہ سا (جَبْ-ہَہ-سَا) پیشانی رگڑنے والا۔
جبہہ سائی (جَبْ-ہَہ-سَا-اِی) ، پیشانی رگڑنا۔
جبیرہ (جَبِی-رَہ) ، ٹوٹی ہڈی پر باندھنے کی پٹری جمع جَبَائِر۔
جبین (جَبِین) ، پیشانی ، ماتھا۔

جبیں گرفتہ (جَبِیں۔ گِرِفْ۔ تَہ) ترشرو آدمی۔
جبث (جَبْثْ) بیخ کنی کرنا۔
جثام (جُثَام) دیکھو جاثوم۔
جثم (جَثْ۔ م) سینہ کے بل لیٹنا۔
جثمان (جُثْ۔ مَان) بدن، تن۔
جثو (جَثْوْ، و، جُثْو) چشان (جُثُوْ) زانو کے بل بیٹھنا۔
جثوم (جُثُوْم) دیکھو جثم۔
جثہ (جُثْ۔ ثَہ) بدن، ڈیل، جسم۔
جحال (جُحَال) زہر قاتل۔
ججحاح (جَحْ۔ جَاح) سردار قوم جم جحاجح، جحاجیح۔
جحد (جَحْد، جَحْ۔ د) دانستہ انکار کرنا۔
جحش (جَحْ، ش) جفا، غضب، گھوڑے یا گدھے کا بچہ۔
جحمرش (جَحْ۔ مَرِشْ) بدرد کھوسٹ بڑھیا جم جحامر۔
جحود (جُحُوْد) دیکھو جحد۔
جحیم (جَحِیْم) دوزخ کا چھٹا طبقہ، بہت تیز آگ۔
جخدب (جُخْ۔ دُب) بڑی قسم کی سرخ ٹیڑھی۔
جد (جَدّ) دادا، نانا جم اجداد (جِدّ) درستی کوشش (جُدّ) کنواں جو کھیت میں ہو۔
جدا (جُدَا) الگ
جدا (جِدًّا) کوشش سے۔
جدار (جِدَار) دیوار جم جُدُر، جُدْر۔
جدال (جِدَال) جنگ، دشمنی
جداول (جَدَا۔ وِل) جدول کی جمع۔
جدائی (جُدَا۔ ئی) دوری، تفرقہ۔
جدب (جَدْب) قحط سالی، خشک سالی۔
جدت (جِدْ۔ دَت) نیاپن، تازگی۔
جدث (جَدَث) قبر، تربت، گور جم اجداث۔

جدد (جَدَد) ہموار زمین۔
جدر (جَدْر) دیوار جم جُدران (جَدَر) اچھا لا پڑنے کا نشان
جدری (جُدَ۔ رِی) سیتلا، چیچک۔
جدع (جَدْع) کھونا۔
جدف (جَدَف) دیکھو جدث۔
جدل (جَدَل) لڑائی، جنگ جم اجدال جُدُول۔
جدوار (جَدْ۔ وَار) نربسی۔
جد وجہد (جِدّ وَ جُہْد) کوشش۔
جدول (جَدْ۔ وَل) نالہ، نہر، صفحہ کے گرداگرد لکیر جم جداول
جدہ (جَدْ۔ دَہ) دادی، نانی (جِدْ۔ دَہ) نام شہر حجاز عرب۔
جدی (جَدْی) بکری کا بچہ، نام برج آسمانی خط جنوبی منطقہ محرقہ (جَدْ۔ دِی) ایک دادا کی اولاد، منسوب بہ جد۔
جدید (جَدِیْد) نئی چیز، نو۔
جدیدان (جَدِیْ۔ دَان) دن رات۔
جدیر (جَدِیْر) لائق، سزاوار، احاطہ۔
جذ (جَذّ) کاٹنا، توڑنا۔
جذاذ (جُذَاذ) سونا، ریزہ۔
جذام (جُذَام) کوڑھ۔
جذامی (جُذَا۔ مِی) کوڑھی۔
جذامیر (جَذَا۔ مِیر) تمام، سب، جذمور کی جمع۔
جذب (جَذْب) کشش، کھچاوٹ۔
جذبہ (جَذْ۔ بَہ) ایک مرتبہ کشش، دل کا جوش جم جذبات۔
جذبی (جَذْ۔ بِی) جاذب سے نسبت رکھنے والی چیز۔
جذر (جَذْر) ہر چیز کی اصل، جو عدد ضرب کیا جاوے۔
جذرہ (جَذْ۔ رَہ) پتنگا، چنگاری۔

جذع (جَذْع) کڑی، پینڈا، تنہ جم جُذُوع، جُذْعَانْ۔
جذعہ (جَذْ۔عَہْ) جوان گائے بیل۔
جذلان (جَذْ۔لَانْ) خوش وخرم۔
جذم (جِذْم) ہر چیز کی بنیاد۔
جذمار، جذمور (جِذْ۔مَارْ، جُذْمُورْ) اصل بنیاد جم جَذَامِیْر۔
جذمہ (جَذْمَہْ) بونا آدمی (جِذْمَہْ) کوڑا، سہرا۔
جذوہ (جَذْ۔وَہْ) انگارہ، آتشپارہ جم جِذَاء، جُذَیٰ۔
جبر (جَبَرْ) حرکت زبیر، کشش کھینچنا (جَبْرْ) گڑھا، نقب (جُبْرْ) گھوڑے کا زین۔
جراب (جِرَابْ) توشہ دان، خصیہ کی کھال، ادھوڑی جُرثہ (جُرَابْ) خالی کشتی (جُرْ۔رَابْ) موزہ۔
جرات (جُرْ۔اَتْ) جوانمردی، دلاوری۔
جراثیم (جَرَا۔ثِیْمْ) جرثوم کی جمع۔
جراح (جَرْ۔رَاحْ) سرجن، چیرہ لگانے والا۔
جراحت (جِرَا۔حَتْ) گھاؤ، چیرہ جم جَرَاحْ، جِرَاحَاتْ۔
جراحی (جَرْ۔رَا۔حِیْ) چیر پھاڑ، سرجری۔
جراد (جَرَادْ) ٹیڑی، ملخ۔
جرار (جَرْ۔رَارْ) بہت بڑی فوج، کھینچنے والا۔
جرارہ (جَرْ۔رَا۔رَہْ) بڑی فوج، ایک خطرناک زہریلا بچھو جو دم زمین پر گھسیٹتا ہوا چلتا ہے۔
جراز (جُرَازْ) تلوار
جرائد (جَرَا۔اِدْ) جریدہ کی جمع۔
جرائم (جَرَا۔اِمْ) جریمہ کی جمع۔
جرب (جَرَبْ) خارش (جُرَبَا) تیتر۔
جربا (جَرْ۔بَاء) آسان۔
جربان (جِرِبْ۔بَانْ) گریبان (جُرْ۔بَانْ) جریب کی جمع
جرت (جُرْ۔اتْ) جوار

جرثقیل (جَرْ۔رِ۔ثَقِیْلْ) بھاری بوجھ کھینچنے اور اٹھانے کا علم۔
جرثوم (جُرْ۔ثُوْمْ) چھوٹا کیڑا جو بغیر خوردبین کے نظر نہیں آتا جم جَرَاثِیْمْ۔
جرجرہ (جَرْ۔جَرَہْ) غٹ غٹ۔
جرح (جُرْحْ) گھاؤ، زخم جم جُرُوْحْ (جَرْحْ) گواہ پر طعن، چوٹ کرنا۔
جرد (جَرْدْ) چٹیل جنگل (جِرْدْ) پلا، سگ بچہ۔
جردہ (جَرْ۔دَہْ) دیکھو جیردہ۔
جرذ (جُرْذْ) جنگلی چوہا جم جِرْذَانْ (جَرَذْ) چارپایوں کی ایک بیماری۔
جرز (جُرْزْ) گرز، کلہ، دمسر (جَرْزْ) سختی سخت سال (جَرْ۔زْ) کاٹنا۔
جرزہ (جُرْ۔زَہْ) پولی، گٹھا، پشارہ۔
جرس (جَرَسْ) گھڑیال، گھنٹہ (جَرْسْ) سہادنی آواز۔
جرسام (جِرْ۔سَامْ) نام بیماری، برسام۔
جرضم (جِرْ۔ضَمْ) پیٹو، لت ابنان۔
جرعہ (جُرْ۔عَہْ) گھونٹ جم جُرْعَاتْ۔
جرعہ کش (جُرْ۔عَہْ۔کَشْ) گھونٹ پینے والا۔
جرعہ کشی (جُرْ۔عَہْ۔کَشِیْ) گھونٹ پینا۔
جرغند (جَرْ۔غَنْ۔دْ) گوشت کا ایک کھانا، کلمہ
جرف (جُرْفْ) جوہڑ، پوکھر۔
جرگ (جُرْگْ) اکھاڑا، جنگل۔
جرگہ (جِرْ۔گَہْ) آدمیوں کا مجمع۔
جرم (جُرْمْ) خطا، گناہ، قصور (جَرَمْ) علاج، چارہ (جِرْمْ) جثہ، جسم، تن جم اَجْرَامْ، جُرُوْمْ، جَرَمْ۔
جرمانہ (جُرْ۔مَا۔نَہْ) ڈنڈ، رقم جو گنہگار سے لیں۔

جرموز (جُرْ۔مُوزْ) چھوٹا مکان، حوض، کنواں، مونث جم جَراَمیز
جرمہ (جَرْ۔مَہْ) سفید گھوڑا۔
جرنال (جَرْ۔نَال) اخبار، ڈائری، روز نامچہ۔
جرنغار (جُرْ۔نْ۔غَارْ) جنگی فوج کا بایاں بازو۔
جرہ (جُرْ۔رَہْ) ایک شکاری پرند جس کی مادہ باز ہے (جَرْ۔رَہْ) چھاگل، آبشخورا (جَرْ۔رَہْ) ٹھلیا، گگری۔
جری (جَرِیْ) بہادر، شوخ (جِرْ۔رِیْ) بام مچھلی، گینڈا مچھلی، سانپ کی صورت کی ایک مچھلی۔
جریان (جَرْ۔یَانْ، جَرَ۔یَانْ) ایک بیماری، بہاؤ، بہنا۔
جریب (جَرِیْبْ) زمین ناپنے کا پیمانہ جم اَجْرِبَہ، جُرْبَان۔
جریب کش (جَرِیْبْ۔کَشْ) زمین ناپنے والا۔
جریب کشی (جَرِیْبْ۔کَشِیْ) زمین ناپنا۔
جریث (جِرْ۔رِیْثْ) بام مچھلی، مار ماہی، انقلیس۔
جریح (جَرِیْحْ) گھائل، زخمی جم جَرْحَیٰ۔
جرید (جَرِیْدْ) قاصد، جاسوس، نامہ بر، تمام۔
جریدہ (جَرِیْ۔دَہْ) اخبار، دفتر، اکیلا جم جَرَائِدْ۔
جریرہ (جَرِیْ۔رَہْ) گناہ جم جَرَائِرْ۔
جریش (جَرِیْشْ) ادوری چیز، دلیا۔
جریم (جَرِیْمْ) گراں ڈیل، جڑسے الگ کیا ہوا۔
جریمہ (جَرِیْ۔مَہْ) گناہ، خطا، جرم جم جَرَائِمْ۔
جرین (جَرِیْنْ) چھوہارے سکھانے کی جگہ۔
جز (جُزْ) سوائے، بدون (جَزْ) جزیرہ (جَزّ) اکاٹنا۔
جزا (جَزَا) بدلا، عوض۔
جزاف (جُزَافْ) دیکھو گزاف
جزالت (جَزَا۔لَتْ) مضبوطی، خوبی، بزرگی۔

جزائر (جَزَا۔اِرْ) جزیرہ کی جمع۔
جزائل (جَزَا۔اِلْ) جزیلہ کی جمع۔
جزبز (جِزْ۔بِزْ) خفا، ناراض۔
جزدیدہ (جُزْ۔دِیْ۔دَہْ) اندھا، نابینا۔
جزر (جَزْر) گھاؤ، بھاٹا (جَزَرْ) دیکھو گزر۔
جزر و مد (جَزْ۔رُوْ۔مَدْ) جوار بھاٹا۔
جزع (جَزَعْ) بے صبری (جَزْعْ) مہرۂ سلیمانی۔
جزل (جَزْلْ) سوکھا ایندھن، سخت کلام، مضبوط، بڑا سخی، صائب الرائے، عقلمند۔
جزم (جَزْمْ) پختہ قصد، علامت سکون حرف (ْ)
جزمہ (جَزْ۔مَہْ) انگریزی جوتا
جزو (جُزْ۔وْ) حصہ، ٹکڑا جم اَجْزَاء۔
جزو بندی (جُزْ۔وْ۔بَنْ۔دِیْ) کتاب کی جلد بندی۔
جزو حقیقی (جُزْ۔وِ۔حَقِیْ۔قِیْ) اصلی حصہ۔
جزو رس (جُزْ۔وْ۔رَسْ) کفایت شعار، معاملہ فہم۔
جزو رسی (جُزْ۔وْ۔رَسِیْ) کفایت شعاری، معاملہ فہمی۔
جزوز (جُزْ۔وْزْ) خشکی۔
جزو لا یتجزا (جُزْ۔وِ۔لَا۔یَتَجَزْ۔زَا) اتنا چھوٹا حصہ جس کی تقسیم نہ ہوسکے۔
جزو لا ینفک (جُزْ۔وِ۔لَا۔یَنْ۔فَکْ) وہ حصہ جو الگ نہ ہوسکے۔
جزوی (جُزْ۔وِیْ) منسوب بہ جزو، تھوڑا حصہ جم جُزْوِیَّاتْ
جزیرہ (جَزِیْ۔رَہْ) ٹاپو جم جَزَائِرْ۔
جزیل (جَزِیْلْ) مضبوط، بہت، فصیح سخن۔
جزیلہ (جَزِیْ۔لَہْ) مضبوط، بہت جم جَزَائِلْ۔
جزیہ (جِزْ۔یَہْ) اسلامی حکومت کے اندر حقوق شہریت کے بدلے میں غیر مسلم پر ایک تھوڑا سا سالانہ محصول جم جِزْیٰ، جِزیٰ

جساد (جِ-سَادْ) زعفران۔
جسارت (جَسَا-رَتْ) دلیری، گستاخی۔
جساس (جَسْ-سَاسْ) کھوجی، بڑا جستجو کرنے والا۔
جسام (جُسَامْ) بڑا، گرانڈیل (جِسَامْ) جسیم کی جمع
جسامت (جَسَا-مَتْ) موٹاپا، جسیم ہونا۔
جست (جَسْ-تْ) چھلانگ (جُسْ-تْ) تلاش۔
جستجو (جُسْ-تُجُوْ) ڈھونڈائی، تلاش۔
جستن (جَسْ-تَنْ) کودنا مصدر جَہَنْدْ (جُسْ-تَنْ) ڈھونڈھنا مصدر جُوئِیدْ
جستہ (جَسْ-تَہْ) کودا ہوا (جُسْ-تَہْ) ڈھونڈھا ہوا۔
جستہ رگ (جَسْ-تَہْ-رَگْ) خبردار۔
جسد (جَسَدْ) بدن، تن جمع اَجْسَادْ۔
جسدی (جَسَدِیْ) بدن سے نسبت رکھنے والی چیز۔
جسر (جِسْ-رْ) پل جمع جُسُوْرْ، اَجْسُرْ۔
جسک (جَسْ-کْ) درد، رنج، بلا۔
جسم (جِسْ-مْ) بدن، ہر چیز جس میں لمبائی چوڑائی گہرائی ہو جمع اَجْسَامْ۔
جسم تعلیمی (جِسْ-مِ-تَعْ-لِیْ-مِیْ) لمبائی چوڑائی گہرائی۔
جسمان (جُسْ-مَانْ) دیکھو جثمان۔
جسمانی (جِسْ-مَا-نِیْ) منسوب بہ جسم، جسم والی چیز
جسمانیت (جِسْ-مَا-نِیْ-یَتْ) جسم پن۔
جسیم (جَسِیْمْ) تنومند، جسم والا جمع جِسَامْ۔
جسور (جَسُوْرْ) دلیر (جُسُوْرْ) جسر کی جمع۔
جش (جَشْ) کوٹنا، توڑنا۔
جشا (جُشَا) ڈکار، آروغ، آچل۔
جشب (جَشْبْ) روکھی سوکھی روٹی۔
جشن (جَشْ-نْ) محفل خوشی۔
جشن سدہ (جَشْ-نِ-سَدَہْ) بہمن کی دسویں تاریخ کا جشن۔
جشیب (جَشِیْبْ) بدمزہ چیز۔
جشیش (جَشِیْشْ) دلیا، بلغور۔

جص (جِصّ) دیکھو گچ۔
جصاص (جَصْ-صَاصْ) چونہ فروش۔
جعال (جِعَالْ) دستاں، حسافی، قابل تعریف کام۔
جعالہ (جَعَا-لَہْ) سلائی، سینے کی مزدوری۔
جعبہ (جَعْ-بَہْ) ترکش جمع جِعَابْ۔
جعجعہ (جَعْ-جَعَہْ) گھڑگھڑاہٹ۔
جعد (جَعْ-دْ) گھونگریالے بال جمع جِعَادْ۔
جعد برچیدہ (جَعْ-دِ-بَرْ-چِیْدَہْ) جھنڈے کی چوٹی کے بال۔
جعد پرخم (جَعْ-دِ-پُرْ-خَمْ) دلآویز تحریر، گھونگریالی زلف۔
جعد قلم (جَعْ-دِ-قَلَمْ) خط خفی۔
جعدہ (جَعْ-دَہْ) زلف، بھیڑیا۔
جعفر (جَعْ-فَرْ) ندی، نالہ، خربزہ۔
جعفری (جَعْ-فَرِیْ) ایک گیندا، زرد، ٹھاکڑا، گٹی۔
جعل (جَعْ-لْ) بناوٹ، جھوٹ (جُعَلْ) گبریلا کیڑا (جُعْ-لْ) مزدوری۔
جعل ساز (جَعْ-لْ-سَازْ) فریبی۔
جعل سازی (جَعْ-لْ-سَا-زِیْ) فریب کرنا۔
جعلی (جَعْ-لِیْ) بناوٹی، نقلی۔
جعبیر (جَعْبِیْرْ) بونا اور سخت مزاج آدمی۔
جغ (جُغْ) بیل کا جوا (جَغْ) چھاچھ کی رئی۔
جغب (جَغْ-بْ) شرانگیز آدمی۔
جغد (جُغْ-دْ) دیکھو جغد۔
جغرات (جُغْ-رَاتْ) دہی۔
جغرافیہ (جُغْ-رَا-فِیَہْ) صفحۂ زمین کا بیان۔
جغرافی (جُغْ-رَا-فِیْ) علم جغرافیہ جاننے والا۔
جغرافیائی (جُغْ-رَا-فِیَا-ئِیْ) جغرافیہ سے نسبت رکھنے والی چیز۔

جغلہ (جُغ۔ لَہ) ناچنے والا لڑکا۔
جف (جَفّ) پژمردہ، بے آب۔
جفا (جَفَا) ظلم و ستم (جُفَار) سونے چاندی کا میل، کوڑا کرکٹ۔
جفا پیشگی (جَفَا۔ پے۔ شَگی) ظلم۔
جفا پیشہ، جفا شعار (جَفَا۔ پے۔ شَہ، جَفَا۔ شَعَار) ظالم، ستمگار۔
جفا شعاری (جَفَا۔ شِعَا۔ رِی) ظلم۔
جفاف (جَفَاف) خشک ہونا۔
جفا کار (جَفَا۔ کَار) ظالم۔
جفا کاری (جَفَا۔ کَا۔ رِی) ظلم۔
جفت (جُفْت) ہر دو چیز، جوڑا، جوٹا، جوڑ، جوتہ
جفتک (جُفْ۔ تَک) بچھڑا، چکوی، سرخاب کا جوڑا۔
جفتن (جُفْ۔ تَن) ملنا، ملانا، مائل ہونا۔
جفتہ (جُفْ۔ تَہ) پشتہ، چبوترہ، کنواں، گڑھا، سوراخ، دولتی (جَفْ۔ تَہ) شیڑھا، کج انگور کی ٹٹی۔
جفتی (جُفْ۔ تِی) نر مادین کا یکجائی ہونا، جماع۔
جفتیدن (جُفْ۔ تِی۔ دَن) نر اور مادین کا جماع کرنا۔
جفر (جَفْ۔ ر) ایک علم غیب دانی۔
جفری (جَفْ۔ رِی) علم جفر جاننے والا۔
جفن (جَفْ۔ ن) پپوٹا ج جُفُون، اَجفان، اَجفُن (جَفْ۔ ن) نیام، میان ج
جفنہ (جَفْ۔ نَہ) گیا، بڑا پیالہ ج جِفَان، جَفَنَات۔
جفیر (جَفِیر) ترکش۔
جق جق (جَق۔ جَق) بے معنی شور و غوغا۔
جک (جَک) جھک۔
جکو (جَکُو) سرخاب۔
جگر (جِگَر) کلیجہ، رنج، غصہ، امید، انتظار، طاقت (جَگَا۔ ر) اندھیارا، جھگڑا۔

جگر افگار (جِگَر۔ اَف۔ گَار) جس کا کلیجہ زخمی ہو۔
جگر بند (جِگَر۔ بَن۔ د) فرزند، کلیجہ، پھیپھڑا، دل وغیرہ
جگر پارہ (جِگَر۔ پَا۔ رَہ) کلیجہ کا ٹکڑا۔
جگر تاب (جِگَر۔ تَاب) کلیجہ گرم کرنے والا۔
جگر تابی (جِگَر۔ تَا۔ بِی) کلیجہ گرم کرنا۔
جگر چاک (جِگَر۔ چَاک) جس کا کلیجہ چاک ہو۔
جگر خراش (جِگَر۔ خَرَاش) کلیجہ چھیلنے والا۔
جگر خوار (جِگَر۔ خَوَار) جو جگر کو کھا دے۔
جگر خواری (جِگَر۔ خَوَا۔ رِی) غم و اندوہ، مشقت۔
جگر داری (جِگَر۔ دَا۔ رِی) بہادری، طاقت وری۔
جگر سوختگی (جِگَر۔ سُوخ۔ تَگِی) کلیجہ جلا ہواپن۔
جگر سوختہ (جِگَر۔ سُوخ۔ تَہ) کلیجہ پھنکا ہوا۔
جگر سوز (جِگَر۔ سُوز) کلیجہ جلانے والا، ہمدرد۔
جگر سوزی (جِگَر۔ سُو۔ زِی) کلیجہ جلانا۔
جگر کاوی (جِگَر۔ کَا۔ وِی) کلیجہ کھودنا یعنی سخت الجھن۔
جگر گوشہ (جِگَر۔ گُو۔ شَہ) فرزند عزیز۔
جگری (جِگَرِی) منسوب بہ جگر، سرخ رنگ
جگی جگی (جِگّی جِگّی) کلمۂ اظہار عجز یا ہائے ہائے۔
جل (جَل۔ ل) بزرگ ہو (جُل) ایک خوش آواز چڑیا (جُل) جھول، بادبان ج جِلَال، اَجلَال۔
جلا (جِلَا) صفائی، چمک، سرمہ (جَلَا) دیس نکالا، ترک الوطنی (جَلَا) صیقل گر۔
جلاب (جُلْ۔ لَاب) گلاب، شربت گلاب، مسہل

(جَلْ، لَابْ) کھینچنے والا، دوسری جگہ لیجانے والا (جَلْ، لِ۔آبْ)، پانی پرکی کائی۔
جلاجل (جَلَا۔جِلْ) جلجل کی جمع۔
جلاح (جُلَاحْ) سیلاب۔
جلاد (جَلْ، لَادْ) ظالم، جان مارنے والا، کھال کھینچنے والا۔
جلادت (جَلَا۔دَتْ) چستی، دلیری۔
جلادی (جَلْ، لَا۔دِی) ظلم، جلادپن۔
جلافت (جَلَا۔فَتْ) جہالت، حماقت، اکھڑپن
جلاکار (جَلَا۔کَارْ) چمکانے والا۔
جلاکاری (جَلَا۔کَا۔رِیْ) چمکانا، اُجالنا۔
جلال (جَلَالْ) بزرگی (جُلَالْ، جُلْ، لَالْ) بزرگ (جَلْ، لَالْ) خاکروب، کھنگی۔
جلال آباد (جَلَالْ۔آ۔بَادْ) نام شہر (افغانستان)
جلالت (جَلَا۔لَتْ) بزرگی، بزرگ ہونا۔
جلالی (جَلَا۔لِیْ) منسوب بہ جلال، بزرگی والا۔
جلاوت (جَلَا۔وَتْ) روشنی، جلا، صفائی۔
جلاوطن (جَلَا۔وَطَنْ) وطن سے نکلا یا نکالا ہوا
جلاوطنی (جَلَا۔وَطَنِیْ) بے وطنی، دیس نکالا۔
جلاہ، جلاہا (جُلَاہْ، جُلَا۔ہَا) نام قوم، کپڑا بننے والا۔
جلائل (جَلَا۔ئِلْ) جلیلہ کی جمع۔
جلب (جَلْ، بْ) ۱۔ لینا، کھینچنا ۲۔ فاحشہ عورت (جَلَبْ) سودا، نفع، بیچ، لاونے کا تجارتی مال (جُلْ، بْ) خالی بادل (جَلِبْ) شور وغوغا۔
جلباب (جِلْ۔بَابْ) چادر۔
جلبان (جُلْ۔بَانْ) ہرے مونگ۔
جلبہ (جَلْ۔بَہْ) شور وغل (جُلْ۔بَہْ) گھرنڈ۔
جلجل (جُلْ۔جُلْ) گھونگرو، جھانجھ جمع جَلَا۔جِلْ
جلجلان (جُلْ جُلَانْ) دھنیا، کشنیز۔

جلد (جَلْ، دْ) تیز، چست، چالاک، کوڑہ (جِلْ، دْ) کھال، چمڑا جمع اَجْلَاد، جُلُوْد۔ (جِلَدْ) کھل، بچہ، جانور کے بچہ کی کھال بھس بھری ہوئی۔
جلد باز (جَلْ، د۔بَازْ) جلدی کرنے والا۔
جلد بازی (جَلْ، د۔بَا۔زِیْ) جلدی کرنا۔
جلد ساز (جِلْ، د۔سَازْ) کتابوں کی جلد باندھنے والا۔
جلد سازی (جِلْ، د۔سَا۔زِیْ) جلد باندھنے کا پیشہ
جلد گر (جِلْ، د۔گَرْ) جلد ساز۔
جلد گری (جِلْ، د۔گَرِیْ) جلد سازی۔
جلدو (جُلْ۔دُوْ) صلہ، انعام۔
جلدی (جَلْ۔دِیْ) تیزی (جِلْ۔دِیْ) منسوب بہ جلد
جلس (جِلْ، س) ہم نشین، مہمان۔
جلسا (جُلَسَا) جلس کی جمع۔
جلسہ (جَلْ۔سَہْ) محفل، ملاقات، نشست۔
جلغوزہ (جَلْ۔غُوْ۔زَہْ) چلغوزہ۔
جلف (جِلْ، ف) کمینہ، احمق، ناپاک جمع اَجْلَاف،
جلوف (جَلْ، ف) کاٹنا، اُکھاڑنا۔
جلم (جَلَمْ) ترازو کا پلڑا، پلہ۔
جلمد، جلمود (جَلْ۔مَدْ۔جُلْ۔مُوْدْ) سخت پتھر۔
جلنجبین (جُلَنْ۔جَبِیْن) گلقند، گل انگبین۔
جلنار (جُلْ۔نَارْ) دیکھو گلنار۔
جلنگ (جَلَنْگْ) جھنکار۔
جلو (جِلَوْ) لگام، کوتل گھوڑا (جَلْ، وْ) تلوار ملنا۔
جلواز (جِلْ۔وَازْ) کوتوالی کا سپاہی۔
جلوت (جَلْ۔وَتْ) باہر، سب کے سامنے۔
جلود (جُلُوْدْ) جلد کی جمع۔
جلوریز (جِلَوْ۔رِیْزْ) ڈھیلی باگ چھوڑے ہوئے۔
جلوز (جِلْ، وْزْ) چلغوزہ۔
جلوس (جُلُوْس) جالس کی جمع، بیٹھک، اکٹھے نکلنا، بیٹھنا
جلوہ (جَلْ۔وَہْ) نظارہ، نمائش (جِلْ۔وَہْ) کسی خاص ٹھاٹھ سے خود کو دکھلانا۔

جلوہ گاہ (جَل۔ وَہْ۔ گاہْ) جلوہ کی جگہ۔

جلوہ گر (جَل۔ وَہْ۔ گَرْ) جلوہ دکھلانے والا۔

جلوہ گری (جَل۔ وَہْ۔ گَرِی) جلوہ دکھلانا۔

جلی (جَلِی) روشن، آشکارا۔

جلید (جَلِیدْ) پالا، برف، اولا۔

جلیدی (جَلِی۔ دِی) آنکھ کی ایک رطوبت۔

جلیس (جَلِیسْ) ہمنشین، یار جمع جُلَسا ہو۔

جلیل (جَلِیلْ) بزرگ، بڑا جمع اَجِلّا، جِلّہ۔

جلیلہ (جَلِی۔ لَہْ) جلیل کا مونث جمع جَلائِلْ۔

جم (جَمّ) جماعت، بہت جمع جِمام، جُموم (جَمْ)، سبھی اصدف (جَم) شیطان کا نام۔

جما (جَمْ، آ، ہ) منڈی۔

جماد (جَمادْ) جمد کی جمع (جَمادْ) جس چیز میں نشوونما نہ ہو جمع جَمادات کنجوس، سوکھے کا سال (جَم، مادْ) برف فروش۔

جمادی (جَمَا۔ دِی) منسوب بہ جماد، بیجان والی

جمادی الاول، جمادی الاولیٰ
(جُما۔ دَل۔ اَوْ۔ وَلْ، جُمَا۔ دَل۔ اُو۔ لا)، پانچواں اسلامی قمری مہینہ۔

جمادی الآخر، جمادی الاخریٰ، جمادی الثانی
(جُمَا۔ دَل۔ آ۔ خِرْ، جُمَا۔ دَل۔ اُخ۔ را، جُمَا۔ دَث۔ ثا۔ نِی) چھٹا اسلامی قمری مہینہ۔

جمار (جِمارْ) حج کا ایک منسک، کنکریاں مارنا۔

جمازہ (جَمَا۔ زَہْ، جَمْ، ما زَہْ) سانڈنی۔

جماش (جَمْ، ماشْ) شوخ، دلیر۔

جماع (جِماعْ) عورت اور مرد کی ہمبستری (جُمْ، ماعْ)، پٹھا، انبوہ۔

جماعت (جَمَا۔ عَتْ) جتھا، انسانی گروہ

جماعہ دار (جَمَا۔ عَہْ۔ دارْ) جمعدار۔

جماعہ داری (جَمَا۔ عَہْ۔ دا۔ رِی) جمعداری۔

جمال (جَمالْ) خوبصورتی (جُمْ، مالْ) خوبصورت خوش سیرت (جَمْ، مالْ) ساربان (جِمالْ) جمل کی جمع۔

جمالی (جَمَا۔ لِی) منسوب بہ جمال، خوبصورتی والی چیز۔

جمام (جِمامْ) گھوڑے کی تھکن کے بعد آسودگی (جُمامْ) برتن لبریز ہونا۔

جمان (جُمانْ) موتی، چاندی کا موتی۔

جماہیر (جَمَا۔ ہِیرْ) جمہور کی جمع۔

جمبت (جَمْبَتْ) ایک گھٹیا سرخی نما نیلا جوہر۔

جمجمہ (جُمْ۔ جُمَہْ) کھوپڑی (جَمْ۔ جَمَہْ) بڑبڑانا۔

جمد (جُمُدْ) جامد کی جمع، برف (جَمْ، دْ، جُمُدْ) اونچی سخت جگہ جمع جِماد (جُمُودْ) ٹھٹھرنا، کھڑا ہونا (جَمْ، دْ) پانی جمنا۔

جمدر (جَمْ۔ دَرْ) جمدھر۔

جمرہ (جُمْ۔ رَہْ) بزرگ، بلند۔

جمرک، جمروک (جُمْ رُوکْ، جُمْ۔ رُکْ) چنگی، میونسپلٹی، بلدیہ۔

جمرہ (جَمْ۔ رَہْ) انگارہ، آتشپارہ جمع جَمَرات

جمع (جَمْ، عْ) جماعت، تمام، کل جمع جُمُوعْ اکٹھا کرنا (جُمْ، عْ) گھونسا، مٹھی۔

جمع انداز (جَمْ، عْ، اَنْ۔ دازْ) نشانچی، اگل چلا۔

جمع اندازی (جَمْ، عْ، اَنْ۔ دا۔ زِی) نشانہ بازی

جمعبندی (جَمْ، عْ۔ بَنْ۔ دِی) زمینداری کی مجموعی آمدنی۔

جمعدار (جَمْ، عْ۔ دارْ) کسی جماعت کا داروغہ۔

جمعداری (جَمْ، عْ۔ دا۔ رِی) داروغہ ہونے کا منصب۔

جمعہ (جُمْ، عَہْ، جُمُعَہْ) شکر، آدینہ، عروبہ۔

جمعیت (جَمْ۔ عِی، یَتْ) گروہ، اکٹھاپن

جم غفیر (جَمْ، مِ۔ غَفِیرْ) بھیڑ، کثیر ہجوم۔

جمل (جَمَل، جمل) نر اونٹ ج اَجمال، جِمال، جُمل، اَجامِل، جَمامِیل
جُمّل (جُمّ۔مَل) حروف ابجد کے اعداد کا حساب (جُمَل) جملہ کی جمع۔
جملگی (جُم۔لگی) تمامی، پورا پن۔
جملہ (جُم۔لہ) حصۂ کلام، فقرہ، تمام، کل ج جُمَل
جمود (جُمُود) جما ہوا (جُمُود) جمنا، جما ہونا۔
جمولہ (جُمُو۔لہ) بار برداری۔
جموم (جُمُوم) بہت پانی کا کنواں۔
جمہور (جُم۔ہُور، جُم۔ہُور) گروہ، عام لوگ ج جَماہِیر۔
جمہوری (جُم۔ہُو۔ری) منسوب بہ جمہور۔
جمہوریت (جُم۔ہُو۔ری۔یَت) عام لوگوں کی منتخبہ حکومت۔
جمیز (جُمَیز) گولر۔
جمیع (جَمِیع) تمام، سب۔
جمیعاً (جَمِی۔عَن) سب کے سب۔
جمیل (جَمِیل) خوبصورت (جُمَیل) بلبل۔
جمیلہ (جَمِی۔لہ) جمیل کا مونث، خوبصورت عورت۔
جن (جِن) ایک پوشیدہ مخلوق، دیو، بھوت ج جِنّہ، جِنّات (جُن) ڈھال ج جُنَن (جَن) چھپانا (جَنْ) طرف، جانب
جناب (جَناب) کلمۂ تعظیم، چوکھٹ، آستانہ، احاطہ، پہلو، بغل ج اَجنِبہ قمار، شرط، گرو (جِناب) چوپایہ کی گردن کی رسی (جُناب) درد پہلو، درد کان۔
جنابت (جَنا۔بت) دوری، ناپاکی سے غسل کی حاجت۔
جنابہ (جُنا۔بہ) جھڑواں، توام۔
جناح (جَناح) پر، بازو، ہراول ج اَجنِحہ (جُناح) گناہ۔
جنادل (جَنا۔دِل) جندل کی جمع۔
جنازہ (جَنا۔زہ) لاش برائے دفن ج جَنائِز
جناس (جِناس) نظم و نثر میں قافیہ پیمائی۔
جناغ (جِناغ) دیکھو جناق و جَناغ، زین کا دامن۔
جناق (جِناق) ہرظ (جُناق) دیکھو جناغ۔
جنان (جَنان) دل (جِنان) جنت کی جمع۔
جنائب (جَنا۔ئِب) جنیبت کی جمع۔
جنائز (جَنا۔اِز) جنازہ کی جمع۔
جنایت (جِنا۔یَت) تقصیر ج جِنایات گناہ کرنا۔
جنب (جُنُب) ناپاک آدمی، بے غسل آدمی۔ (جَنب) پہلو، پسلی ج جُنُوب، اَجناب۔
جنبان (جُم۔بان) ہلنے والا، ہلتا ہوا
جنبانیدن (جُم۔با۔نی۔دَن) جھلانا، ہلانا۔
جنبش (جُم۔بِش) حرکت۔
جنبک (جُم۔بَک) چھلانگ، حرکت۔
جنبندہ (جُم۔بَن۔دَہ) ہلنے والا۔
جنبیدن (جُم۔بی۔دَن) ہلنا مضم جُنبد۔
جنبیدنی (جُم۔بی۔دَنی) ہلنے کے لایق۔
جنبیدہ (جُم۔بی۔دَہ) ہلا ہوا۔
جنت (جَن۔نَت) باغ، بوستان ج جِنان
جنتی (جَن۔نَتی) منسوب بہ جنت، جنت والی چیز۔
جند (جُند) لشکر، فوج ج اَجناد، جُنُود۔
جندب (جُن۔دَب) جھینگر، صرصور۔
جند بیدستر (جُن۔د۔بے۔دَس۔تَر) نام دوا
جندر (جَن۔دَر) کوتاہ۔
جندرمہ (جَن۔دَر۔مَہ) پولیس
جندل (جَن۔دَل) بڑا پتھر، ج جَنادِل
جندی (جُن۔دی) سپاہی۔

جنس (جِنْ ـ س) قومیت، کسی نوع رکھنے والی چیز ج اَجْناس، جُنُوس۔
جنسی (جِنْ ـ سِی) جنس سے نسبت رکھنے والی چیز۔
جنسیت (جِنْ ـ سِی ـ یَتْ) جنس پن، ایک میل ہونا۔
جنف (جَنَفْ) ظلم کی طرف میلان کرنا۔
جنگ (جَنْگْ) لڑائی، حرب، (جُنْگْ) مضامین اور اشعار کی بڑی بیاض، بہی، کھاتہ۔
جنگار (جَنْگْ ـ گَارْ) کیکڑا، سرطان۔
جنگ آزمودہ (جَنْگْ ـ آزْ ـ مُو ـ دَہْ) جو لڑائی لڑ چکا ہو۔
جنگ گاہ (جَنْگْ ـ گَاہْ) میدانِ جنگ، کھیت۔
جنگجو (جَنْگْ ـ جُو) جو لڑائی ڈھونڈے۔
جنگجوئی (جَنْگْ ـ جُو ـ ئِی) لڑائی ڈھونڈھنا۔
جنگ زرگری (جَنْگْ ـ گِ زَرْ ـ گَرِی) ظاہر لڑائی مگر باطنی میل جول۔
جنگی (جَنْ ـ گِی) لڑاک۔
جنگیدن (جَنْ ـ گِی ـ دَنْ) لڑنا مضع جَنْگَد۔
جنن (جَنَنْ) مردہ، گور، کفن (جُنُنْ) جنون (جُنَنْ) جُنّہ کی جمع ڈھالیں۔
جنوب (جَنُوبْ) دکھن، باد بریں، دکھنائی ہوا۔
جنود (جُنُودْ) جند کی جمع۔
جنود اللہ (جُنُو ـ دُلْ ـ لَاہْ) اللہ کی فوجیں۔
جنون (جُنُونْ) دیوانگی، سودا۔
جنہ (جِنْ ـ نَہْ) جن کی جمع (جُنْ ـ نَہْ) جُن کی جمع۔
جنی (جِنْ ـ نِی) جن والا، آسیب زدہ (جَنْ ـ نِی) پکا ہوا پھل (جِنِی) گنی، انگریزی طلائی سکہ
جنبیت (جَنْ ـ بِی ـ یَتْ) پہلو، کونا، گوشہ ج جنائب۔
جنین (جَنِینْ) پیٹ کے اندر کا بچہ ج اَجِنَّہ۔
جلیبہ (جِنِیْ ـ بَہ) گنی، انگریزی اشرفی (جِنْ ـ بِی ـ یَا) جن کی بیوی، پری۔

جو (جَوْ) فضا، ہوا (جُو) ڈھونڈنے والا، دریا، ندی۔
جواب (جَوَابْ) پاسخ، مقابل ج اَجْوِبَہ (جُو ـ آبْ) جو کا پانی۔
جوابدہ (جَوَابْ ـ دِہْ) جس سے جواب مانگا جاوے۔
جوابدہی (جَوَابْ ـ دِہِی) جواب دینا۔
جواد (جَوَادْ) سخی، داتا ج اَجْوَادْ، جُوْدْ، اَجَاوِدْ، جُوْد، جَوَدَہْ، جِیَادْ، نام اللہ تعالیٰ (جُوَادْ) پیاس، تشنگی۔
جواذب (جَوَا ـ ذِبْ) جاذبہ کی جمع۔
جوار (جِوَارْ) پڑوس، ہمسائگی۔
جوارح (جَوَا ـ رِحْ) جارحہ کی جمع۔
جوارش (جَوَا ـ رِشْ) خوش مزہ ہاضم مرکب دوا۔
جواری (جَوَا ـ رِی) جاریہ کی جمع۔
جواز (جَوَازْ) پروانہ راہداری، موافق شرع، درست ہونا (جُوَازْ) کولھو، پیاس، اوکھلی اکھلیا
جواسیس (جَوَا ـ سِیسْ) جاسوس کی جمع۔
جواف (جُوَافْ) مچھلی کی ایک قسم۔
جوال، جوالق (جُوَالْ، جَوَا ـ لِقْ) لادنے کی گون، گٹھیا۔
جوالہ (جَوْ ـ وَا ـ لَہْ) چکر کھانے والی چیز۔
جوامع (جَوَا ـ مِعْ) جامع، جامعہ کی جمع۔
جوامیس (جَوَا ـ مِیسْ) جاموس کی جمع۔
جوان (جَوَانْ) گبھرو، بالغ مرد۔
جوانامرگ (جَوَا ـ نَا ـ مَرْگْ) جو جوانی میں مر جاوے
جوانامرگی (جَوَا ـ نَا ـ مَرْ ـ گِی) جوانی کی موت۔
جوانانہ (جَوَا ـ نَا ـ نَہْ) جوان کے لائق، منسوب بہ جوان
جوانب (جَوَا ـ نِبْ) جانب کی جمع۔
جواں بخت (جَوَاںْ ـ بَخْتْ) پُرامنگ۔
جواں بختی (جَوَاںْ ـ بَخْ ـ تِی) پُرامنگ ہونا۔
جواں سال (جَوَاںْ ـ سَالْ) نوعمر

جواں سالی (جَوَاں۔سَا۔لِی) نوعمری۔
جوانمرد (جَوَاں مَرْد) بہادر، باحوصلہ۔
جوانمردی (جَوَاں مَرْ۔دِی) بہادری، باحوصلہ ہونا
جوانمرگ (جَوَاں۔مَرْگ) جواں موت۔
جوانی (جَوَا۔نِی) نوعمری۔
جواہر (جَوَا۔ہِر) جوہر کی جمع۔
جوائز (جَوَا۔اِز) جائزہ کی جمع۔
جوبا (جُوب) بے آستین کی زنانی قمیص۔
جوبہ (جُوْ۔بَہ) کنڈی، بازار۔
جوپلین (جُوْپ۔لِین) روئی اوٹنے کی چرخی۔
جوترہ (جَوْ۔تَرَہ) منارہ، چوترہ۔
جوجہ (جُوْ۔جَہ) چوزہ۔
جوخ (جُوخ) دیکھو جوق (جُوخ) بانات۔
جود (جُوْد) بخشش، سخاوت (جَوْد) خوب اچھی چیزیں بہت سا مینھ۔
جودت (جَوْ۔دَت) خوبی، اچھائی (جُوْ۔دَت) گھوڑے کی تیز رفتاری۔
جودی (جُوْ۔دِی) کوہ آرارٹ (قفقاز)
جوذر (جَوْ۔ذَر) جنگلی گائے کا بچہ۔
جور (جَوْر) ظلم، ستم۔
جورب (جَوْ۔رَب) پائتابہ، موزہ۔
جوربورہ (جُوْر۔بُوْر) بیکور، کبک۔
جوز (جَوْز) چار مغز، اخروٹ، ہر گول پھل۔
جوزا (جَوْ۔زَا) نام برج آسمانی۔
جوزبویا (جَوْز۔بُوْ۔یَا) جائپھل، جائفل۔
جوزق (جَوْ۔زَق) ڈوڈہ، کپاس کا گولا۔
جوز ماثل (جَوْزِ۔مَاثِل) دھتورا۔
جوزن (جَوْ۔زَن) گردی، رنوا، جادوگر۔
جوز ہندی (جَوْ۔زِ۔ہِن۔دِی) مغز ناریل، کھوپرا۔
جوزیدن (جَوْ۔زِی۔دَن) غصہ کھانا، رنجیدہ ہونا
جوزیدہ (جَوْ۔زِی۔دَہ) رنجیدہ۔
جوس (جَوْس) خبر ڈھونڈھنا۔
جوساک (جَوْ۔سَاک) گنڈمی۔
جوسق (جَوْ۔سَق) دیکھو کوشک۔
جوسنگ (جَوْ۔سَنگ) جو کے ہم وزن۔
جوش (جُوْش) حلقہ، اُلاپ، اُبال (جَوْش) زرہ، اُلاپ، اُبال (جُوْش، جَوْشں) انسان کا سینہ۔
جوشاں (جُوْ۔شَاں) اُبلنے والا، اُبلتا ہوا۔
جوشاندن (جُوْ۔شَاں۔دَن) اُبالنا۔
جوشاندہ (جُوْ۔شَاں۔دَہ) اُبالا ہوا۔
جوشانیدن (جُوْ۔شَا۔نِی۔دَن) دیکھو جوشاندن
جوشانیدہ (جُوْ۔شَا۔نِی۔دَہ) اُبالا ہوا۔
جوشش (جُوْ۔شِش) جوش۔
جوشن (جَوْ۔شَن) جنگی زرہ۔
جوشندہ (جُوْ۔شَن۔دَہ) کھولنے والا، اُبلنے والا۔
جوشیدن (جُوْ۔شِی۔دَن) اُبلنا مضم جُوْشَد۔
جوشیدنی (جُوْ۔شِی۔دَنِی) اُبلنے کے لائق۔
جوشیدہ (جُوْ۔شِی۔دَہ) اُبلا ہوا۔
جوشیدہ مغز (جُوْ۔شِی۔دَہ۔مَغْز) غصیلا۔
جوع (جُوْع) بھوک، گرسنگی۔
جوع البقر، جوع الکلب (جُوْ۔عُل۔بَقَر، جُوْ۔عُل۔کَل۔ب) بھوک کی زیادتی کی بیماری۔
جوعان (جَوْ۔عَان) بھوکا، گرسنہ۔
جوغن (جُوْ۔غَن) اوکھلی۔
جوف (جَوْف) کھوکھل، پیٹ جمع اَجْوَاف۔
جوق (جُوْق، جَوْق) گروہ، جھنڈ۔
جوقہ (جُوْ۔قَہ) اداکاروں کی جماعت۔
جول (جُوْل) بیابان۔
جولاں (جَوْ۔لَاں، جَوَ۔لَاں) کاوا، کاوا دینا (جُوْ۔لَاں) بیڑی۔

جولانگاہ (جَو۔لاں۔گاہ) کاوا دینے کی جگہ، دوڑانے کی جگہ۔
جولانی (جَو۔لا۔نی) تیزی کا گھوڑا۔
جولاہ (جُو۔لاہ) جولاہا۔
جولاہا (جُو۔لا۔ہا) جولاہ کی تصغیر۔
جولاہہ (جُو۔لا۔ہہ) نوربافت۔
جولقی (جَو۔لقی) کمل پوش قلندر۔
جولہ (جُو۔لہ) مکڑی، جولاہا (جُو۔لہ) ترکش، کمان رکھنے کا خانہ، فالج۔
جولیدہ (جُو۔لی۔دہ) دیکھو ژولیدہ۔
جوناں (جَو۔ناں) بھوکا، گرسنہ۔
جونہ (جُو۔نہ) پٹاری، ڈبہ، صندوقچی۔
جوہ (جُوہ) بیل جوتنے کا جوا۔
جوہر (جَو۔ہر) بیش قیمت پتھر جمع جَوَاہِر جمع جمع جَوَاہِرَات ہر چیز کی اصل، ہر چیز کا خلاصہ کسی چیز کی وہ صفت جو اس کے ساتھ مستقل طور پر قائم ہو۔
جوہرِ فرد (جَو۔ہرِ۔فَر۔د) جزو لایتجزی۔
جوہرِ ناب (جَو۔ہر۔ناب) خالص جوہر۔
جوہری (جَو۔ہری) جواہرات فروش۔
جوہی (جُو۔ہی) قسم پھلواری۔
جوئبار (جُو۔ا۔بار) بہت سی نہروں کی جگہ۔
جوئیدن (جُو۔ای۔دن) ڈھونڈھنا۔
جوئیدہ (جُو۔ای۔دہ) ڈھونڈھا ہوا۔
جوئی (جُوا) دلی جلن، عشق، محبت، جُوئی، دریا، ندی، نالہ
جویا، جویاں (جُو۔یا، جُو۔یاں) ڈھونڈھنے والا، ڈھونڈھتا ہوا۔
جویانیدن (جُو۔یا۔نی۔دن) ڈھنڈھوانا۔
جویانیدہ (جُو۔یا۔نی۔دہ) ڈھنڈھوایا ہوا۔
جویائی (جُو۔یا۔ئی) ڈھنڈھنا، تلاش۔
جہاد (جِہاد) دین کی حمایت میں جنگ (جِہَاد)
بے گھاس کا جنگل۔
جہار (جِہار) ظاہر ہونا۔
جہاز (جَہاز) تیرنے والی مصنوعی سواری (جِہاز) جہیز، کفن، سامانِ سفر۔
جہال (جُہّال) جاہل کی جمع۔
جہالت (جَہا۔لت) نادانی، بے علمی۔
جہام (جَہام) خالی بادل۔
جہاں (جہاں) ہونے والا (جَہان) دنیا۔
جہاں آرا (جَہاں۔آ۔را) دنیا سجانے والا۔
جہاں آرائی (جَہاں۔آ۔را۔ئی) دنیا کی سجاوٹ
جہانبان (جَہاں۔بان) محافظِ دنیا، بادشاہ۔
جہانبانی (جَہاں۔با۔نی) بادشاہت، محافظتِ دنیا
جہان جہان (جَہان۔جَہان) بہت، بسیار۔
جہاندار (جَہاں۔دار) دنیا کا رکھوالا۔
جہانداری (جَہاں۔دا۔ری) حکومت، دنیا کی رکھوالی۔
جہاندیدہ (جَہاں۔دی۔دہ) دنیا دیکھے ہوئے، تجربہ کار۔
جہانی (جَہا۔نی) منسوب بہ جہان، دنیا والی چیز۔
جہانیاں (جَہا۔نیاں) جہانی کی جمع، خلقت، جَہَانِیَاں، اللہ تعالے، بادشاہ۔
جہانیدن (جِہا۔نی۔دن) کُدانا۔
جہانیدہ (جِہا۔نی۔دہ) کُدایا ہوا۔
جہت (جِہت) سبب، واسطے، جانب جمع جِہَات۔
جہد (جَہد، جُہد) طاقت، کوشش، (جَہ۔د) رنج، مشقت۔
جہد جہید (جَہد۔جَہید) بڑی کوشش۔
جہر (جَہر) آشکارا، چلا کر کہنا (جُہر) روز کوری، رتوندی (جَہر) شکل، ہیئت۔
جہش (جِہش) طبیعت، خلقت، سرشت۔

جہل (جَہْ۔ل) نادانی، انجانی۔
جہلا (جُہَلا) جاہل کی جمع۔
جہل بسیط (جَہْ۔لِ۔بَسِیط) ناواقفیت۔
جہل مرکب (جَہْ۔لِ مُرَکَّب) غلط واقفیت
جہلہ (جَہَلَہ) جاہل کی جمع۔
جہلی (جَہْ۔لی) کاہل۔
جہم (جَہْ۔م) ترشروئی۔
جہندہ (جَہَن۔دَہ) کودنے والا۔
جہنم (جَہَن۔نَم) دوزخ، گہرا کنواں۔
جہنمی (جَہَن۔نَمی) دوزخی۔
جہودی (جُہُو۔دی) یہودی جمع جُہُود۔
جہوش (جُہُوش) لبورنا۔
جہول (جَہُو۔ل) بڑا نادان۔
جہوم (جَہُو۔م) عاجز، ناتواں۔
جہیدن (جَہی۔دَن) کودنا، اچھلنا۔
جہیر (جَہِیر) بلند آواز آدمی۔
جہیز (جَہے۔ز) لڑکی کی رخصت، شادی کا سامان، سامانِ دفنِ مردہ۔
جیانہ (جَیا۔نَہ) قبرستان۔
جیب (جَیب) گریبان، پیراہن، سینہ، دل، لباس میں چیز رکھنے کی تھیلی جمع جیاب، جُیُوب۔
جیبہ (جَی۔بَہ) جواب (جَی۔بَہ) زرہ (بے۔بَہ) بکتر۔
جیحون (جَی۔حُون) نام دریا، وسطی ایشیا۔
جید (جَیِّد) خوب، کھرا جمع جِیاد، جِیاد، اجیاد (جید) دراز گردن جمع جُیُود، جیاد (جید) درازی۔
جیران (جی۔ران) جار کی جمع۔
جیرہ (جی۔رَہ) بیٹیا، طعام، راتبہ۔
جیزو (جیز۔رُو) سیہی، خار پشت۔
جیستن (جَس۔تَن) کودنا پھاندنا۔

جیش (جَیش) لشکر، شورش دل جمع جُیُوش۔
جیغہ (جی۔غَہ) پگڑی میں باندھنے کا مرصع زیور۔
جیقہ جیغہ (جی۔قَہ۔جی۔غَہ) نشان، تلک۔
جیفہ (جی۔فَہ) سڑا ہوا مردہ ڈھور جمع جِیَف، اَجیاف۔
جیل (جِیل) آدمیوں کا گروہ، خروج۔
جیوہ (جے۔وَہ) سیماب، پارہ۔

چ

چ (چے) مخصوص حروف فارسی قائم مقام عدد ۳، کئی حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ پ کے ساتھ مثلاً چلاؤ، پلاؤ۔ ۲۔ ت کے ساتھ مثلاً چیں، تیں ۳۔ ج کے ساتھ مثلاً چفتہ، جفتہ۔ ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً پچشک، پزشک۔ ۵۔ ژ کے ساتھ مثلاً کاچ، کاژ۔ ۶۔ س کے ساتھ مثلاً خروس، خروچ۔ ۷۔ ش کے ساتھ مثلاً کاچکے، کاشکے۔
چا (چا) دیکھو چاہ۔
چابق (چا۔بَق) پیالہ، کاسہ۔
چابک (چا۔بُک) چالاک، تیز، تازیانہ۔
چابکخرام (چا۔بُک۔خرام) تیزرو۔
چابکدست (چا۔بُک۔دَس۔ت) تیزدست، ہاتھ چالاک۔
چابکدستی (چا۔بُک۔دَس۔تی) تیزدستی، ہاتھ چالاکی۔
چابکی (چا۔بُکی) چالاکی، چستی، تیزی۔
چاپ (چاپ) چھاپ، چھاپہ، پیچوں، قدم کی آواز۔
چاپاقی (چا۔پا۔قی) دیکھو چپاقی۔
چاپار (چا۔پا۔ر) ڈاکیہ، ڈاک۔
چاپچی (چاپ۔چی) پرنٹر، چھاپنے والا۔

چاپ کردن (چاپْ۔کَرْ۔دَنْ) چھاپنا، طبع کرنا۔
چاپلوس (چاپْ۔لُو۔س) خوشامدی۔
چاپلوسی (چاپْ۔لُو۔سِیْ) خوشامد۔
چاچی (چا۔چِیْ) ڈھنڈورچیا، منادی۔
چادر (چا۔دَرْ) ردا، ایک استعمالی کپڑا۔
چار (چارْ) چہار، چارہ، علاج۔
چار آئینہ (چارْ۔آ۔ئِیْ۔نَہْ) ایک قسم کی زرہ۔
چار باد (چارْ۔بادْ) چوبائی ہوا، چاروں طرف کی ہوا۔
چار بالش (چارْ۔با۔لِشْ) مسند، تخت شاہی۔
چار برگ (چارْ۔بَرْگْ) قسم پھول، پہاڑی لالہ۔
چار بیتی (چارْ۔بَیْ۔تِیْ) رباعی۔
چار پیخ (چارْ۔مِیْخْ) پیخ کاسنی، بیخ رازیانہ
بیخ کرفس بیخ کبر۔
چارپا (چارْ۔پا) چوپایہ جانور
چارپارہ (چارْ۔پا۔رَہْ) بندوق کا چھرا۔
چارپایہ (چارْ۔پا۔یَہْ) چارپائی، بینچ۔
چار تار (چارْ۔تارْ) خاک، آگ، ہوا، پانی۔
چارجامہ (چارْ۔جا۔مَہْ) ایک قسم کی زین۔
چارخانہ (چارْ۔خا۔نَہْ) چوکورخانوں کا کپڑا۔
چاردانگ (چارْ۔دانْگْ) چاروں سمت۔
چارده (چارْ۔دَہْ) چودہ (۱۴)
چاردہم (چارْ۔دَہُمْ) چودھواں۔
چاردیوار (چارْ۔دِیْ۔وارْ) رات۔
چاردیواری (چارْ۔دِیْ۔وا۔رِیْ) احاطہ۔
چارزانو (چارْ۔زا۔نُوْ) آلتی پالتی۔
چارزبان (چارْ۔زُبانْ) بجی، پانوئی۔
چارسو (چارْ۔سُوْ) چاروں طرف۔
چارشاخ (چارْ۔شاخْ) مجرم کی سزا دینے کا
ایک قدیم طریقہ۔
چارشانہ (چارْ۔شا۔نَہْ) بیڈول، بینگم۔
چارشنبہ (چارْ۔شَنْ۔بَہْ) دیکھو چہارشنبہ۔

چارضربا (چارْ۔ضَرْ۔ب) چوتالہ، چارابرو کا صفایا۔
چارطاق (چارْ۔طاقْ) راوٹی۔
چارطبع (چارْ۔طَبْ۔ع) گرمی، سردی، خشکی، تری۔
چارق (چا۔رُقْ) صحرائیوں کا جوتہ۔
چارقب (چارْ۔قَبْ) امیروں کا ایک لباس۔
چارک (چا۔رَکْ) نقیب، چاؤش۔
چارگام (چارْ۔گامْ) تیز رفتار گھوڑا۔
چارگاہ (چارْ۔گاہْ) قسم راگ۔
چارگوشہ (چارْ۔گو۔شَہْ) چوکھونٹی چیز،
تابوت، تخت شاہی۔
چارم (چا۔رُمْ) چوتھا، چہارم۔
چارمی (چا۔رُمِیْ) چوتھائی۔
چارمغز (چارْ۔مَغْ۔زْ) اخروٹ۔
چارمنزل (چارْ۔مَنْ۔زِلْ) شریعت، طریقت،
معرفت، حقیقت۔
چارموجہ (چارْ۔مَوْ۔جَہْ) بھنور، گرداب۔
چاروا (چارْ۔وا) دیکھو چارپا۔
چارہ (چا۔رَہْ) علاج، مدد، تدبیر، فریب۔
چارہ ساز (چا۔رَہْ۔سازْ) علاج کرنے والا۔
چارہ سازی (چا۔رَہْ۔سا۔زِیْ) علاج کرنا۔
چاریار (چارْ۔یارْ) حضرت ابوبکر صدیق رض، حضرت
عمر فاروق رض، حضرت عثمان غنی رض، حضرت
علی مشکل کشا کرم۔
چاش (چاشْ) راس، بھوسہ وغیرہ سے صاف
کیا ہوا غلہ۔
چاشت (چاشْتْ) ایک پہر دن چڑھا ہوا،
نصف دوپہر
چاشنی (چاشْ۔نِیْ) چکھنے کے لئے نمونہ، قوام
بندوق کی ٹوپی، رنگ۔
چاشنی گیر (چاشْ۔نِیْ۔گِیْرْ) باورچی۔
چاق (چاقْ) تندرست، چالاک، فربہ۔

چاق ماق (چاق۔ماق) بندوق کا گھوڑا۔
چاقو (چا۔قو) کاٹنے کا ایک اوزار۔
چاک (چاک) شگاف، پارہ۔
چاکا نیدن (چا۔کا۔نی۔دن) ٹپکانا۔
چاکر (چا۔کر) نوکر، خدمتگار۔
چاکری (چاک۔ری) نوکری۔
چاکسو (چاک۔سو) نام دوا۔
چاکش (چا۔کش) بندوق کا گھوڑا۔
چال (چال) چکور، گڑھا، کنواں۔
چالاک (چا۔لاک) چست، تیز۔
چالاکی (چا۔لا۔کی) چستی، تیزی۔
چالپوس (چال۔پوس) دیکھو چاپلوس۔
چالش (چا۔لش) چھاپہ، لڑائی کا حملہ۔
چالیش (چا۔لیش) اکھڑ چال۔
چالیک (چا۔لیک) گلی ڈنڈا۔
چام (چام) ڈھنگ، پہاڑی گھاٹی۔
چامہ (چا۔مہ) شعر، غزل۔
چامہ گو (چا۔مہ۔گو) غزل کہنے والا۔
چامیدن (چا۔می۔دن) پیشاب کرنا، موتنا۔
چامین (چا۔مین) پیشاب، پاخانہ۔
چانہ (چا۔نہ) ٹھوڑی، بیڑا، لوٹی۔
چاو (چاو) پرانسری نوٹ۔
چاو چاو (چاو۔چاو) چیاؤں چیاؤں۔
چاوش (چا۔وش) نقیب۔
چاولی (چاو۔لی) سوپ، چھاج، ساکھی۔
چاویدن (چا۔وی۔دن) چبانا، چیاؤں چیاؤں کرنا
چاہ (چاہ) کنواں۔
چاہ جو (چاہ۔جو) ڈول نکالنے کا کانٹا۔
چاہ ذقن، چاہ زنخ (چا۔ہ۔ذقن، چا۔ہ۔زنخ) ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہ کن (چاہ۔کن) کنواں کھودنے والا، دغاباز۔

چاہ کنی (چاہ۔کنی) کنواں کھودنا۔
چاہ عمیق (چاہ۔عمیق) گہرا کنواں۔
چاہیدن (چا۔ہی۔دن) ٹھنڈا ہونا، دانت ٹھنڈے ہونا۔
چائی (چائی) ابال کر پینے کی ایک پتی۔
چپاغ (چپاغ) مچھلی کی ایک قسم۔
چپغت (چپ۔غت) روئی بھرا ہوا بچھا پرانا کپڑا مثلاً لحاف نہالی وغیرہ۔
چپ (چپ) بائیں، بایاں، کھبا۔
چپات (چپات) دیکھو چپت۔
چپاتی (چپا۔تی) پھلکا، نازک ہلکی روٹی۔
چپار (چپار) ڈاک، برید، ہنگسی گھوڑا۔
چپ انداز (چپ۔ان۔داز) دغاباز۔
چپت (چپت) تھپڑ، پیڑ، چانٹا۔
چپچپہ (چپ۔چپہ) جھولا، ریشہ، رگیں۔
چپر (چپر) چھپر۔
چپیدن (چپ۔ی۔دن) دیکھو چسپیدن۔
چپقلش (چپ۔قلش) جھپٹ، تلوار کی لڑائی۔
چپکن (چپ۔کن) ایک قسم کا انگرکھا۔
چپلک (چپ۔لک) گندہ، ناپاک۔
چپلوس (چپ۔لوس) دیکھو چاپلوس۔
چپہ (چپ۔پہ) بانڈا، کھیڑا۔
چپیدن (چپی۔دن) ہلنا، پھر جانا۔
چتر (چتر) چھتری، چھاتہ۔
چتر آبگون (چت۔ر۔آب۔گون) آسمان۔
چتر روز (چت۔ر۔روز) سورج۔
چتر زن (چت۔ر۔زن) ایسا کھلاڑی جو ہاتھ ٹیک کر اور پاؤں اوپر کو اٹھا کر کھڑے ہونے والا۔
چتر سیمابی، چتر سیمین (چت۔ر۔سی۔ما۔بی، چت۔ر۔سی۔مین) پورا چاند۔
چتر عنبربو (چت۔ر۔عن۔بر۔بو) رات۔

چتر گلی (چَت۔ رِ۔ گُ۔ لی) کالی گھٹا، آسمان۔
چتر نور (چَت۔ رِ۔ نُور) سورج۔
چتو (چِتُو) چیز ڈھکنے کا پردہ۔
چتوک (چِتُوک) دیکھو چینوک۔
چچ (چَچ) چھاج، سوپ۔
چچک (چِچَک) رخسارے کا تل، پھول۔
چچلہ (چُچلَہ) عورت کی شرمگاہ کا گوشت پارہ۔
چچو (چُچُو) عورت کی چھاتی، چوچی۔
چخ (چَخ) جھگڑا، غلاف، بیل۔
چخاچخ (چَخا۔ چَخ) تلوار چلنے کی آواز۔
چخش (چُخش) گردن کی رسولی۔
چخک (چَخَک) تل، خال۔
چخماخ (چَخ۔ ماخ) دیکھو چقماق۔
چخیدن (چَخی۔ دَن) لڑنا مضم چخد۔
چخین (چَخِین) غمگین، رنجیدہ۔
چدار (چِدار) انگاڑی۔
چدن (چِدَن) چیدن کا مخفف۔
چدہ (چِدَہ) دیکھو چیدہ
چر (چُر) مرد کا عضو تناسل۔
چرا (چِرا) کس واسطے، کیوں (چَرا) چراگاہ، چرنا۔
چراخ (چِراخ) دیکھو چراغ۔
چرازن (چَرا۔ زَن) چرنے والا، چرندہ۔
چراغ (چِراغ) دیا (چَراغ) دیکھو چرا۔
چراغاں (چِرا۔ غاں) بہت سے چراغوں کی روشنی۔
چراغیا (چِراغ۔ یا) گھوڑا گھوڑا الف ہونا۔
چراغوارہ (چِراغ۔ وا۔ رَہ) فانوس، قندیل۔
چراکہ (چِرا۔ کِہ) کیونکہ۔
چراگاہ (چَرا۔ گاہ) چرنے کی جگہ۔
چراگر (چَرا۔ گَر) چارہ جانور۔
چرانیدن (چَرا۔ نی۔ دَن) چرانا۔
چرب (چَرب) چکنا، غالب۔

چرب آخور (چَرب۔ آ۔ خُور) فارغ البال۔
چرب پہلو (چَرب۔ پَہ۔ لُو) فربہ، جس کی نزدیکی فائدہ مند ہو۔
چرب دست (چَرب۔ دَس۔ ت) دستکار، ہنرمند۔
چرب زبان (چَرب۔ زَبان) شیریں زبان۔
چرب زبانی (چَرب۔ زَبا۔ نی) شیریں زبانی۔
چرب نامت (چَرب۔ نا۔ مَت) لمبا، خوش قد۔
چربک (چَر۔ بَک) نقاشوں کا چربہ، پوری، کوڑیا ملائی (چُر۔ بَک) جھوٹ، خوشامد، طعنہ، شرمندگی، ٹھٹھول، پہیلی، چیستاں۔
چربندہ (چَر۔ بَن۔ دَہ) غالب ہونے والا۔
چربو (چَر۔ بُو) چربی۔
چرب و خشک (چَرب۔ بو۔ خُش۔ ک) برا بھلا، فیاضی اور کنجوسی۔
چربہ (چَر۔ بَہ) نقش کا عکس، ملائی، عکس اتارنے کا کاغذ۔
چربی (چَر۔ بی) چکنائی، مٹاپا۔
چربیدگی (چَر۔ بی۔ دَگی) غلبہ
چربیدن (چَر۔ بی۔ دَن) غالب ہونا مضم چرد بکرد۔
چربیدہ (چَر۔ بی۔ دَہ) غالب شدہ۔
چرتہ (چَر۔ تَہ) دیکھو چردہ۔
چرخ (چَرخ) آسمان، چرخی، ہر چکر کھانے والی چیز، شکرہ۔
چرخاب (چَر۔ خاب) بھنور، گرداب۔
چرخ خیاطی (چَرخ۔ خَیا۔ طی) سینے کی مشین
چرخ ریسک (چَرخ۔ ری۔ سَک) رات کو چلانے والا جھینگر۔
چرخ زن (چَرخ۔ زَن) رقاص، سیاح۔
چرخ زنی (چَرخ۔ زَنی) رقاصی، سیاحی۔
چرخشت (چَر۔ خُش۔ ت) کولھو، معصار، دوارہ۔

چرخوک (چَر۔ خُوک) لٹو۔
چرخہ (چَر۔ خَہ) سوت کاتنے کا آلہ۔
چرخی (چَر۔ خِی) چکر، ہر گھومنے والی چیز۔
چردہ (چَر۔ دَہ) رنگ جو کالا ہو۔
چرز (چَرْز) ایک دوڑنے والا پرند۔
چرزہ (چَر۔ زَہ) دیکھو چردہ۔
چرس (چَرَس) شکنجہ، چراگاہ، بھیک کا مال۔
چرسدان (چَرَس۔ دَان) جھولی۔
چرغ (چَرْغ) لکڑ بھگا، ہنڈار، شکرہ۔
چرغد (چَر۔ غَد) جھینگر۔
چرغلیتہ (چَر۔ غَلِی۔ تَہ) پاجی، کمینہ۔
چرک (چَرْک) پیپ، زنگ، میل (چِرک) زخم، گھاؤ (چَرَک) ایک پرند۔
چرکس (چَر۔ کَس) علاقہ کوہ قاف کا مسلمان۔
چرکن، چرکین (چِر۔ کُن، چِر۔ کِین) میلا، غلیظ۔
چرم (چَرْم) چمڑا، کھال۔
چرمدان (چَرْم۔ دَان) چمڑے کی تھیلی۔
چرم دوز (چَرْم۔ دُوز) چمار۔
چرم دوزی (چَرْم۔ دُوز۔ زِی) چمڑا سینا۔
چرمہ (چَر۔ مَہ) فرچی، برطیل۔
چرمینہ (چَر۔ مِی۔ نَہ) چمڑے کی چیز۔
چرند، چرندہ (چَرَنْد، چَرَنْ۔ دَہ) چرنے والا۔
چرنگ (چَرَنْگ، چَر۔ نَگ) دھماکا، چوٹ لگنے کی آواز
چرنگیدن (چَر۔ نِگی۔ دَن) چوٹ لگنے کی آواز نکلنا۔
چرویدن (چَر۔ وِی۔ دَن) دوڑنا، علاج ڈھونڈھنا
چریدن (چَرِی۔ دَن) چرنا مضم چَرد۔
چریدہ (چَرِی۔ دَہ) چرا ہوا۔
چریک (چَرِیک) فوج کا امدادی دستہ۔
چرز (چُرْز) بندر، بھیون، بوزنہ۔

چرک (چِرِک) ساہی جانور، سیہ۔
چس (چُس) دیکھو کس۔
چسپانیدن (چَس۔ پا۔ نِی۔ دَن) چپکانا۔
چسپال (چَس۔ پَال) چپکا ہوا، چپکنے والا، چپکتا ہوا۔
چسپندہ (چَس۔ پَن۔ دَہ) چپکنے والا۔
چسپیدگی (چَس۔ پِی۔ دَگی) چپکن، چپک۔
چسپیدن (چَس۔ پِی۔ دَن) لپٹنا، چپکنا مضم چسپد۔
چسپیدنی (چَس۔ پِی۔ دَنی) چپکنے کے لائق۔
چسپیدہ (چَس۔ پِی۔ دَہ) چپکا ہوا، لپٹا ہوا۔
چست (چُسْت) چالاک، ٹھیک، مضبوط، تنگ، چپکا ہوا لباس۔
چستہ (چُس۔ تَہ) شیردان، اَین (چَس۔ تَہ) حیوان کا چوتڑ یا ران
چستہ خوار (چَس۔ تَہ۔ خَوار) مفت خورہ۔
چستی (چُس۔ تِی) چالاکی، درستی، مضبوطی۔
چش (چَش) آنکھ، چشم، چکھنے والا۔
چشانیدن (چَشَا۔ نِی۔ دَن) چکھانا۔
چشپیر، چشفر (چَش۔ پَر، چَش۔ فَر) پاؤں کا نشان۔
چشک (چَشَک) چکھاوٹ، چکھوتی۔
چشم (چَشْم) آنکھ، امید، آسرا۔
چشمارو (چَش۔ مَا۔ رُو، چَشْم۔ آ۔ رُو) جانوروں کو ڈرانے کی تصویر۔
چشماک (چَش۔ مَاک) دیکھو چشمک۔
چشم بد (چَشْم۔ بَد) نظر بد۔
چشم براہ (چَشْم۔ بَرَاہ) منتظر۔
چشم بند (چَشْم۔ بَنْد) نظر بند۔
چشمبندی (چَشْم۔ بَن۔ دِی) نظر بندی۔
چشم بے آب (چَشْم۔ بے۔ آب) بے حیا۔

چشم بیدار (چَش، م - بے - دَار) خبردار، جاگتی آنکھ -
چشم بیمار (چَش، م - بی - مَار) آدھی کھلی ہوئی آنکھ -
چشم پوشی (چَش، م - پو - شی) دانستہ درگذر -
چشمخانہ (چَش، م - خَا - نَہ) آنکھ کا حلقہ -
چشم خروس (چَش، م - خُرُوس) گھنگچی -
چشم داشت (چَش، م - دَاشْت) امید، بھروسہ -
چشم دریدہ (چَش، م - دَرِی - دَہ) دیدہ پھٹا، بے حیا -
چشم روشنی (چَش، م - رَو - شَنی) مبارکباد -
چشم زاغ (چَش، م - زَاغ) بے حیا -
چشم زخم (چَش، م - زَخْم) نظر بد کا دکھ یا نقصان -
چشم زد، چشم زدن (چَش، م - زَد - چَش، م - زَدَن) آنکھ کی جھپک، طرفۃ العین -
چشم شب (چَش، م - شَب) چاند -
چشم کشودن (چَش، م - کُشُو - دَن) ظاہر ہونا -
چشم شور (چَش، م - شُور) نورا لگنے والی نظر -
چشمک (چَش - مَک) آنکھ کی جھپک، علینک، لکڑی -
چشم گشتہ (چَش، م - گَش - تَہ) بھینگا، احول -
چشم نمائی (چَش، م - نُمَا - اِی) دھمکی جو گھور کر دی جاوے -
چشم و چراغ (چَش، مُ - چِرَاغ) سبب بینائی، فرزند -
چشمہ (چَش - مَہ) عینک، پانی کا سوتا، سورج کا نام -
چشمہ خون (چَش - مَہ، اِ - خُون) دل -
چشمہ سار (چَش - مَہ - سَار) جہاں بہت سے چشمے ہوں -
چشمہ سیماب، چشمہ نور (چَش - مَہ، اِ - سِی - مَاب، چَش - مَہ، اِ - نُور) سورج -

چشندہ (چَش - نَن - دَہ) چکھنے والا -
چشنہ (چَش - نَہ) چاشنی، شوق -
چشیدن (چَشِی - دَن) چکھنا مضم چشمند -
چشیدنی (چَشِی - دَنی) چکھنے کے لائق
چشیدہ (چَشِی - دَہ) چکھا ہوا -
چغ (چَغ) دیکھو چنغ (چَنغ) دیکھو چق (چِق) دیکھو چنغ -
چغاز (چَغَاز) قحبہ، زباندراز عورت -
چغاک (چَغَاک) چڑا -
چغال (چَغَال) جھبرا، جھاگ، سیلاب کا کوڑا کرکٹ -
چغالہ (چَغَا - لَہ) کچا پھل -
چغامہ (چَغَا - مَہ) قصیدہ مدحیہ -
چغان، چغانہ (چَغَان، چَغَا - نَہ) ایک باجہ -
چغتا (چَغ - تَا) مغلوں کا ایک قبیلہ -
چغتائی (چَغ - تَا - اِی) قبیلۂ چغتا سے نسبت رکھنے والا -
چغد (چُغ، د) الو -
چغر (چَغ، ر) دیکھو چغز -
چغر بدن (چَغ - بَدَن) ڈرنا، التفات کرنا -
چغز (چَغ، ز) مینڈک، بند پھوڑا -
چغزیدن (چَغ - زِی - دَن) دیکھو چغربدن -
چغنک (چَغ - نَک) دیکھو چغوک -
چغل (چُغُل) گنترا، چغل خور، غماز (چُغ، ل) ایک جنگی لباس -
چغلی (چُغ - لی) لگائی بجھائی -
چغوستان (چَغ، ر - سْتَان) کھڑا ہونا -
چغند (چَغَن، د) بادل کا جوڑا اچٹا -
چغندر (چُغُن - دَر) دیکھو چقندر -
چغوک (چَغُوک) سرخاب، چڑیا -

چغیدن (چَغی۔دَن)، دم مارنا، کوشش کرنا
چغالہ (چَغا۔لَہ)، فوج، پرندوں کا غول۔
چغت (چُغ۔ت)، دیکھو چست (چَغ۔تا)
بیل چڑھانے کی ٹٹی۔
چغتک (چَغ۔تَک)، نام پرند۔
چغتہ (چَغ۔تَہ)، ٹیڑھا، تہمت، بکرے کی سری، برابر، کرکٹ کا بلا، انگور کی ٹٹی۔
چغیدن (چَغ۔ی۔دَن)، چپکنا۔
چق (چِق)، چلمن (چَق)، دیکھو چخ (چُق)
دیکھو چخ۔
چقاق (چَقا۔ق)، دیکھو چخاچخ۔
چقاق، چقمق (چَق۔ماق، چَق۔مَق)
طعنہ، سرزنش، چقماق پتھر۔
چقندر (چُقَن۔دَر)، نام ترکاری۔
چقوک (چُقو۔ک)، دیکھو چغوک۔
چک (چَک)، قبالہ، زمین، باغ، بیعنامہ، فرمان، کسی چیز کی حد، مذاق کا ہتہ، عضو تناسل، ساکھی، حصہ، وظیفہ، ٹپکن، ٹپکا، ٹپکنے والا۔
چکاد (چَکا۔د)، پیشانی، چوٹی۔
چکارہ (چکا۔رَہ)، بیکار، ایک جنگلی چوپایہ۔
چکاسہ (چَکا۔سَہ)، ساہی، خارپشت۔
چکاک (چُکا۔ک)، منثور نویس۔
چکال (چَکا۔ل)، ٹپکنے والا، ٹپکتا ہوا۔
چکاندن، چکانیدن (چَکان۔دَن، چَکا۔نی۔دَن)، ٹپکانا۔
چکاوک (چَکا۔وَک)، چنڈول، لوا۔
چکرہ (چَک۔رَہ)، ٹپکن، ٹپکا۔
چکس (چَکَس)، پرند کا اڈا، شرمندگی۔
چکسہ (چَک۔سَہ)، پتے یا کاغذ کی پڑیا۔
چکسیدن (چَک۔سی۔دَن)، شرمندہ ہونا، جانور کا اڈے پر بیٹھنا۔
چکش (چَکِش)، ٹپکن، ٹپکا (چَکِش)، گھن، مطرقہ۔

چکلک (چَکَلَک)، ایک چھوٹی چڑیا۔
چکلہ (چَک۔لَہ)، چھینٹ، رشاش، قحبہ خانہ۔
چکمہ (چَک۔مَہ)، موزہ، بوٹ جوتہ، فریب۔
چکن (چِکَن)، پھولدار کپڑا۔
چکندر (چُکَن۔دَر)، دیکھو چقندر۔
چکندہ (چَکَن۔دَہ)، ٹپکنے والا۔
چکوک (چُکو۔ک)، کنجشک، چڑیا۔
چکہ (چَک۔کَہ)، بوند، قطرہ، جیسا ہوا۔
(چَکَہ) چھوٹا۔
چکیدن (چَکی۔دَن)، ٹپکنا مضارع چکد۔
چکیدنی (چَکی۔دَنی)، ٹپکنے کے لایق۔
چکیدہ (چَکی۔دَہ)، ٹپکا ہوا۔
چگونگی (چِگو۔نَگی)، کیفیت، ماجرا۔
چگونہ (چِگو۔نَہ)، کسطرح، کیونکر، کیسا، کیا۔
چگین (چَگین)، کڑھا ہوا کپڑا۔
چل (چِل)، احمق، گنوار، چالیس (۴۰)
چلالی (چَلا۔لی)، چھینکا۔
چلاو (چَلا۔و)، دیکھو پلاؤ۔
چلپ (چَل۔پ)، جھانجھ۔
چلپاسہ (چَل۔پا۔سَہ)، چھپکلی۔
چلپچی (چِلَپ۔چی)، ہاتھ منہ دھونے کا ظرف۔
چلپک (چَل۔پَک)، چپاتی، پوری، کچوری۔
چلتہ (چِل۔تَہ)، چہل تہ، زرہ۔
چلچلہ (چِل۔چِلَہ)، کچھوا، چیلہ۔
چلستان (چِلِس۔تان)، بے پانی کا جنگل۔
چلغوزہ (چِل۔غو۔زَہ)، ایک میوہ جو صنوبر کا پھل ہے۔
چلقب، چلقد (چِل۔قَب، چِل۔قَد)
چلتہ، زرہ۔
چلنجو (چِلَن۔جو)، وہ آدمی جو لباس جلد کا میلا اور خراب کر دیتا ہو۔

چلوک (چُلُوک) انگاڑی ، تانوره -
چلہ (چِل ، لَہ) چالیس دن -
چلہ کش (چِل ، لَہ - کَش) چالیس دن گوشہ نشین ہونے والا -
چلہ کشی (چِل ، لَہ - کَشِی) چالیس دن کی گوشہ نشینی -
چلی (چِلی) بیوقوفی ، حماقت (چُلی) نامردی -
چلیپا (چَلِی - پا) صلیب (+) ، کج -
چلیدن (چَلِی - دَن) چلنا ، جانا مضم چَلَد
چلیدہ (چَلِی - دَہ) چلا ہوا -
چم (چَم) نازکی رفتار ، چال -
چماچم (چَما - چَم) تھا ، پیشانی ، جبہہ -
چماغ ، چماق (چَماغ ، چُماق) چیہ ، پہلو کا گرز ، موٹھدار ڈنڈا -
چمان (چَمان) ناز سے چلنے والا ، ناز سے چلتا ہوا -
چمانہ (چَما - نَہ) ناز سے چلنا -
چمانی (چَما - نِی) ناز سے چلنے والا ، ساقی -
چمانیدن (چَما - نِی - دَن) لچکانا ، لچکنا -
چمچہ (چَم - چَہ) ایک ظرف کا نام (چَم - چَہ) پاؤں کی چاپ -
چمش (چَمِش) لچک -
چمشہ (چَم - شَہ) دیکھو چشمہ -
چم گردش (چَم - گَر - دِش) کھیل کود -
چمن (چَمَن) پھول باغ -
چمنا (چَم - نا) چھجیر -
چمن آرا (چَمَن - آ - را) مالی ، باغبان -
چمن آرائی (چَمَن - آ - را - ئی) باغبانی -
چمن پیرا (چَمَن - پَی - را) باغبان -
چمن پیرائی (چَمَن - پَی - را - ئی) باغبانی -
چمندہ (چَمَن - دَہ) لچکنے والا -

چمی (چَمِی) معنوی ، ضد صوری -
چمید (چَمِید) لچک -
چمیدن (چَمِی - دَن) لچکنا ، ٹہلنا مضم چَمَد -
چمیدنی (چَمِی - دَ - نِی) لچکنے کے لائق -
چمیدہ (چَمِی - دَہ) لچکا ہوا -
چمیین (چَمِیِین) پیشاب یا خانہ -
چن (چُن) چوں ، چناں -
چناب (چَناب) خیمہ کی چوب کا سوراخ (چِناب) نام دریا (پنجاب)
چنار (چَنار) سرخ پھول کا ایک بڑا درخت -
چناغ ، چناق (چَناغ ، چُناق) زین ، پالان -
چنال (چَنال) دیکھو چنار -
چنان (چُنان) مثل اس کے ، ویسا -
چنانچہ (چُنان - چِہ) جیسا کہ -
چنبر (چَم - بَر) حلقہ ، دائرہ ، گردن کی ہنسلی -
چنبک (چَم - بَک) مقناطیس -
چنبل (چُم - بَل) کشکول ، کمنڈل -
چنبیدن (چَم - بِی - دَن) بھاگنا ، کودنا ، اچھلنا
چنپا (چَم - پا) ایک پھول کا نام -
چند (چَند) کلمۂ استفہام ، کلمۂ خبریہ ، کچھ ، کتنا -
چنداں (چَن - داں) اس قدر ، اتنی دیر -
چندانکہ (چَن - داں - کِہ) جتنا کہ ، جسقدر کہ -
چندال (چَن - دال) پاسبان ، کم ظرف -
چنداول (چَن - دا - وَل) فوج کا پچھلا حصہ -
چند در چند (چَن - دَر - چَند) کئی گنتی ہی -
چندر (چُن - دَر) چقندر -
چندرہ (چَن - دَ - رَہ) پھیپھڑا ، توس -
چندگاہ (چَن - دِگاہ) کئی بار -
چندل (چَن - دَل) دیکھو صندل -
چندہ (چَن - دَہ) چند ، غیر معین مقدار -
چندے (چَن - دے) تھوڑے دن ، تھوڑی دیر -

چندیں (چَن۔ دِیں) اتنا، اتنی، اسقدر، کتنے۔
چنگ (چَنگ) ٹیڑھی چیز، پنجہ، لگا رہا نہ، مانی، ایک باجہ (چُنگ) چونچ، منقار۔
چنگال، چنگل (چَن۔ گال، چَنگ۔ گل) آدمی یا حیوان کا پنجہ۔
چنگلوک، چنگوک (چَنگ۔ لوک، چَنگ۔ گوک) اپاہج
چنگی (چَنگ۔ گی) چنگ بجانے والا (چُنگ۔ گی) میونسپلٹی کا محصول۔
چنو (چُنو) چوں، جب، کیسا۔
چنہ (چَنَہ) دیکھو چانہ
چنیدہ (چُنی۔ دَہ) چنا ہوا۔
چنیں (چُنیں) ایسا، اسطرح، اس کے مثل۔
چو (چُو) حرفِ شرط، تشبیہ اور عطف، مانند، اگر مثل، جب۔
چواک، چواکک (چُو۔ اک، چُو۔ اکک) پوری کھجوری۔
چوب (چُوب) لکڑی۔
چوبا (چُو۔ با) تھونی، کھم، لوہے کی پتلی کیل۔
چوب تعلیم (چُوب۔ تع۔ لیم) معلم کی چھڑی۔
چوبخوار (چُوب۔ خوار) دیمک۔
چوبدار (چُوب۔ دار) لکڑی لیکر آگے چلنے والا نوکر۔
چوب دست، چوبدستی (چُوب۔ دس۔ ت، چُوب۔ دس۔ تی) ہاتھ کی لکڑی، چھڑیا۔
چوب شگاف (چُوب۔ شگاف) پانہ، پچڑ۔
چوب طریق (چُوب۔ طریق) ملازم سرکار کا ڈنڈا۔
چوبک (چُو۔ بک) چوبہ کی تصغیر، چھوٹی لکڑی۔
چوبک زن (چُو۔ بک۔ زن) نقارچی۔
چوبکی (چُو۔ بکی) چوبدار۔
چوب گز (چُوب۔ گز) لکڑی کا گز۔

چوبگیں (چُو۔ بگیں) کپاس اوٹنے کی چرخی۔
چوبہ (چُو۔ بَہ) چھوٹی کیل، تیر۔
چوبیں (چُو۔ بیں) منسوب بہ چوب، لکڑی کی چیز۔
چوپان (چُو۔ پان، چَو۔ پان) چرواہا۔
چوپانی (چُو۔ پا۔ نی) چرواہاپن، چروائی۔
چوترہ (چَو۔ ترَہ) چبوترہ۔
چوجہ (چُو۔ جَہ) دیکھو چوزہ۔
چوخیدن (چُو۔ خی۔ دَن) رپٹنا، پھسلنا جھگڑا کرنا۔
چوز (چُوز) چکور، وہ شکاری پرند جس نے ابھی شکار نہ سیکھا ہو۔
چوزہ (چُو۔ زَہ) مرغی کا بچہ (چَو۔ زَہ) گریبان کی گھنڈی۔
چوزہ ربا (چُو۔ زَہ۔ رُبا) چیل، قلیواج۔
چوسیدن (چَو۔ سی۔ دَن) چپکنا۔
چوشدن، چوشیدن (چُو۔ شِدَن، چُو۔ شی۔ دَن) چوسنا۔
چوکی (چَو۔ کی) پاسبانی، نگہبانی کی جگہ۔
چوکی دار (چَو۔ کی۔ دار) پاسبان، نگہبان۔
چوکی داری (چَو۔ کی۔ دا۔ ری) پاسبانی۔
چوگان (چَو۔ گان) ایک قدیم کھیل مثل پولو
چوگانی (چَو۔ گا۔ نی) چوگان بازی کا گھوڑا۔
چوگرد (چَو۔ گرد) چاروں طرف۔
چوں (چُوں) جو، مانند، اگر، کیونکر، کیسا، جب۔
چوناں (چُو۔ ناں) ایساں، ہجناں، ایسے۔
چون و چرا (چُوں۔ و۔ چرا) کیوں، کسلئے، اگر مگر
چونی (چُو۔ نی) تو کسطرح پر ہے۔
چونیں (چُو۔ نیں) چنیں۔

چہ (چِہْ) کلمۂ تعجب، کیا (چَہ) کنواں (چِہ) حرف تصغیر شلاً باغچہ
چہا (چَہا) کلمۂ تعجب، کتنا، بہت سا۔
چہار (چَہارْ) دیکھو چار۔
چہار چند (چَہارْ- چَنْ د) چوگنا۔
چہار دہ (چَہارْ- دَہْ) دیکھو چار دہ
چہار دہم (چَہارْ- دَہُمْ) دیکھو چار دہم۔
چہار شنبہ (چَہارْ- شَمْ- بَہْ) بدھ۔
چہار گانہ (چَہارْ- گا- نَہْ) چوہرا، چار سے نسبت رکھنے والا۔
چہارم (چَہا- رُمْ) دیکھو چارم۔
چہار میں (چَہا- رُمِیں) چوتھے سے نسبت رکھنے والا۔
چہ بچہ (چَہْ- بَچْ- چَہْ) کنویں کی شکل کا حوض
چہچہہ (چَہْ- چَہَہْ) چہکار، چڑیوں کا چہچہانا۔
چہر (چِہْ- ر) چہرہ، صورت۔
چہرہ (چِہْ- رَہْ) صورت (چُہْ- رَہْ) غلام بچہ لڑکا بلا داڑھی مونچھ۔
چہرہ پرداز (چِہْ- رَہْ- پَرْ- دازْ) مصور، نقاش
چہرہ خیز (چِہْ- رَہْ- خیزْ) روشن، صاف۔
چہرہ کشا (چِہْ- رَہْ- کُشا) چہرہ کھولنے والا۔
چہرہ کشائی (چِہْ- رَہْ- کُشا- ای) مجسمہ پر سے نقاب اٹھانے کی رسم، نقاشی، منھ کھولنا۔
چہ قدر (چِہْ- قَدَرْ) کس قدر۔
چہل (چِہِلْ) چالیس (۴۰)
چہلتہ (چِہِلْ- تَہْ) دیکھو چلتہ۔
چہل قدمی (چَہَلْ- قَدَمی) ٹہلائی، ہوا خوری۔
چہلم (چِہْ- لُمْ، چِہِلُمْ) چالیسواں۔
چہیدنا (چُہی- دَنْ) ٹپکنا، رسنا۔
چہی (چِہی) رکھنے والا۔
چھچک (چِھ- چَکْ) سیتلا، چیچک، حصبہ۔
چیچ (چِیچْ) لنگیں جھڑا ہوا آدمی۔

چیدن (چی- دَنْ) چننا مضم چینکہ۔
چیدنی (چی- دَنی) چننے کے لایق۔
چیدہ (چی- دَہْ) چنا ہوا۔
چیرگی (چی- رَگی) دلیری، بہادری
چیرہ (چی- رَہْ) غالب، بہادر، پگڑی۔
چیرہ بند (چی- رَہْ- بَنْ د) کنواری، اچھوتی، پگڑی بند۔
چیرہ بندی (چی- رَہْ- بَنْ- دی) پگڑی بندی۔
چیرہ دست (چی- رَہْ- دَسْ ت) غالب سرکش، زبردست۔
چیرہ دستی (چی- رَہْ- دَسْ- تی) زبردستی، سرکشی۔
چیز (چیزْ) شے، کچھ۔
چیز بست (چیزْ- بَسْ ت) اسباب، سامان۔
چیست (چیسْ ت) حرف استفہام، کیا ہے۔
چیستاں (چیسْ تاں) پہیلی۔
چیک چیک (چیکْ- چیکْ) چیاؤں پیاؤں۔
چیلدود (چیلْ- دُودْ) انعام۔
چین (چینْ) شکن، بل، سلوٹ، نام ملک، چننے والا۔
چیں بر جبیں (چینْ- بَرْ- جَبیں) تیوری اتھے پر سرور۔
چینندہ (چی- نِنْ- دَہْ) چننے والا۔
چینہ (چی- نَہْ) دیوار کا ردا، چگنے کا دانہ۔
چینہ دان (چی- نَہْ- دانْ) پوٹہ۔
چینی (چی- نی) چین سے منسوب، چین کا باشندہ، سفید مٹی۔

ح

ح (حا) ہے، مخصوص حرف عربی، تمام

مقام عدد ۸، حرفِ قمری، حرفِ حلق، چند حروف سے بدل ہے ا۔ خ کے ساتھ مثلاً حسک، خسک
۲۔ ہ کے ساتھ مثلاً حیز، ہیز۔
حابی (حَا۔بِیْ) نزدیک۔
حاتم (حَا۔تِمْ) قاضی، جج، ایک کالا کوا۔
حاج (حَاجّ) حج کرنیوالا جمع حُوَاجّ۔
حاجب (حَا۔جِبْ) دربان، چوبدار، بھوں، پردہ جمع حُجَّابْ، حَوَاجِبْ۔
حاجت (حَا۔جَتْ) ضرورت، خواہش جمع حَاجْ حَوَائِجْ، حَوَاجْ، حَاجَاتْ۔
حاجت براری (حَا۔جَتْ۔ بَرْ۔آ۔رِیْ) حاجت پوری کرنا۔
حاجت روا (حَا۔جَتْ۔رَوَا) حاجت پوری کرنیوالا
حاجت روائی (حَا۔جَتْ۔رَوَا۔اِیْ) حاجت پوری کرنا۔
حاجتمند (حَا۔جَتْ۔مَنْ۔د) ضرورت والا۔
حاجتمندی (حَا۔جَتْ۔مَنْ۔دِیْ) ضرورت۔
حاجز (حَا۔جِزْ) مانع، حائل، اوٹ۔
حاجہ (حَاجَ۔جَہْ) حجت۔
حاجی (حَا۔جِیْ) (حَاجْ۔جِیْ) حج کرنے والا جمع حَاجّ، حُجَّاج، حَجِیْج، حَوَاجّ۔
حاد (حَادّ) تند، تیز۔
حادث (حَا۔دِثْ) وہ چیز جو نئی پیدا ہوئی ہو۔
حادثہ (حَا۔دِثَہْ) نیا واقعہ، مصیبت جمع حَوَادِثْ
حادی (حَا۔دِیْ) شتربان، ساربان۔
حادی عشر (حَا۔دِیْ۔عَشَرْ) گیارھواں۔
حاذق (حَا۔ذِقْ) ہوشیار، ماہر، کام میں اُستاد۔
حار (حَارّ) گرم، گرمی کرنے والا
حارث (حَا۔رِثْ) کاشتکار، شیر درندہ جمع حُرَّاث
حارس (حَا۔رِسْ) نگہبان، پاسبان جمع حُرَّاس، اَحْرَاسْ۔
حارص (حَا۔رِصْ) لالچی۔
حارہ (حَارْ۔رَہْ) گرم، کشت زار (حَا۔رَہْ) محلہ، ٹولا۔
حازم (حَا۔زِمْ) دانا، دوراندیش۔
حاسد (حَا۔سِدْ) حسد کرنے والا جمع حُسَّادْ، حُسُوْدْ، حُسَّدْ، حَسَدَہْ
حاسر (حَا۔سِرْ) برہنہ، افسوس کرنے والا
حاسہ (حَاسْ۔سَہْ) محسوس کرنے کی قوت جمع حَوَاسْ۔
حاشا (حَا۔شَا) پناہ، ہرگز، دوری، پاکی۔
حاشر (حَا۔شِرْ) سرورِ دو عالم کا ایک نام۔
حاشم (حَا۔شِمْ) غصہ دکھانے والا جمع حَشَمْ جمع الجمع اَحْشَامْ۔
حاشیہ (حَا۔شِیَہْ) نوکر، کنارہ جمع حَوَاشِیْ۔
حاشیہ نشین (حَا۔شِیَہْ۔نَشِیْنْ) عزت دار نوکر۔
حاشیہ نشینی (حَا۔شِیَہْ۔نَشِیْ۔نِیْ) باعزت نوکری۔
حاصر (حَا۔صِرْ) حصر کرنیوالا، گننے والا۔
حاصل (حَا۔صِلْ) نتیجہ، مطلب، محصول، زراعت۔
حاصل بازار (حَا۔صِلْ۔بَا۔زَارْ) بازار کا محصول
حاصل تفریق (حَا۔صِلْ۔تَفْ۔رِیْقْ) تفریق کا نتیجہ۔
حاصل جمع (حَا۔صِلْ۔جَمْ۔ع) جوڑ کا نتیجہ۔
حاصل ضرب (حَا۔صِلْ۔ضَرْبْ) ضرب کا نتیجہ
حاصل کلام (حَا۔صِلْ۔کَلَامْ) بات کا نتیجہ۔
حاصل مطلب (حَا۔صِلْ۔مَطْ۔لَبْ) نتیجہ جو مطلب سے نکلے۔

حاضر (حَا-ضِرْ) موجود، طیار، آگاہ جم حُضّارٌ، حُضُورٌ، حُضَّرٌ، حَاضِرِیْنَ۔
حاضرات (حَا-ضِرَاتْ) حاضر کی جمع مونث، حاضر عورتیں، جنوں کو بلانے کا ایک فرضی عمل۔
حاضراتی (حَا-ضِرَا-تِیْ) جنوں کو بلانے والا عامل۔
حاضرباش (حَا-ضِرْ-بَاشْ) موجود رہنے والا۔
حاضرباشی (حَا-ضِرْ-بَا-شِیْ) موجود رہنا۔
حاضرجواب (حَا-ضِرْ-جَوَابْ) جواب دینے میں طیار۔
حاضرجوابی (حَا-ضِرْ-جَوَا-بِیْ) فوراً برمحل جواب دینا۔
حاضرضامن (حَا-ضِرْ-ضَا-مِنْ) حاضری کا ذمہ دار۔
حاضرضامنی (حَا-ضِرْ-ضَا-مِنِیْ) حاضری کی ذمہ داری۔
حاضروناظر (حَا-ضِرُوْ-نَا-ظِرْ) موجود اور دیکھنے والا۔
حاضرہ (حَا-ضِرَہْ) شہر، قصبہ، گاؤں۔
حاضری (حَا-ضِرِیْ) موجودگی، طعام موجود۔
حاضرین (حَا-ضِرِیْنْ) حاضر کی جمع۔
حاطب (حَا-طِبْ) لکڑہارا جم حُطَّابٌ۔
حاظنہ (حَا-ظِنَہْ) دایا، کھلائی، دودھ پلائی۔
حافد (حَا-فِدْ) دوست، خدمتگار، پوتا، دھیتا، سسرالی والا جم حَفَدَۃٌ، حَفَدَۃٌ، اَحْفَادٌ۔
حافدہ (حَا-فِدَہْ) پوتی، دھیتی۔
حافر (حَا-فِرْ) سُم اسپ، کنواں کھودنے والا جم حَوَافِرْ۔
حافرہ (حَا-فِرَہْ) حالت اصلی، اول ہر چیز۔
حافظ (حَا-فِظْ) جسکو قرآن شریف زبانی یاد ہو جم حُفَّاظٌ۔ ۲- قوال۔
حافظہ (حَا-فِظَہْ) یاد رکھنے کی قوت۔
حافی (حَا-فِیْ) ننگے پیر والا۔
حاق (حَاقْ) بیچوں بیچ۔

حاقد (حَا-قِدْ) دشمن دلی، کینہ ور۔
حاقن (حَا-قِنْ) مثانا، جس کو پیشاب لگ رہا ہو۔
حاقہ (حَاقْ-قَہْ) قیامت۔
حاکم (حَا-کِمْ) حکم کرنے والا، والی جم حُکَّامٌ۔
حاکی (حَا-کِیْ) حکایت کرنے والا جم حُکَاۃٌ۔
حال (حَالْ) حالت، زمانۂ موجودہ، حادثہ، ایک کیفیت جم اَحْوَالٌ، حَالَاتٌ۔ ۲- دیکھو ہال۔
حالا (حَا-لَا) اب، اسی وقت۔
حالانکہ (حَالْ-آں-کِہْ) باوجودیکہ، اگرچہ۔
حالب (حَا-لِبْ) دودھ دوہنے والا، ران کی رگ۔
حالت (حَا-لَتْ) حال، واردات جم حَالَاتٌ۔
حالک (حَا-لِکْ) سخت سیاہ، بہت کالی چیز۔
حالی (حَا-لِیْ) زیور سے آراستہ، حال والا، جلد، فی الحال۔
حالے (حَا-لِے) ابھی، اسی وقت۔
حامد (حَا-مِدْ) تعریف کرنے والا۔
حامض (حَا-مِضْ) کھٹا، ترش۔
حامل (حَا-مِلْ) اٹھانے والا جم حَمَلَۃٌ، حَامِلِیْنَ، حُمَّالٌ۔
حاملہ (حَا-مِلَہْ) پیٹ میں بچے والی، لدی ہوئی، کچھ اٹھانے والی جم حَامِلَاتٌ۔
حامی (حَا-مِیْ) حمایتی، نگراں جم حُمَاۃٌ۔
حانث (حَا-نِثْ) گنہگار، قسم توڑنے والا۔
حانوت (حَا-نُوْتْ) دکان، کلال جم حَوَانِیْتُ۔
حانہ (حَا-نَہْ) حانوت۔
حاوی (حَا-وِیْ) چھا جانے والا۔
حاویہ (حَا-وِیَہْ) چھا جانے والی۔
حائب (حَا-ئِبْ) گنہگار۔

حائر (حَا۔ئِرْ) سرگشتہ، لاغر، کمزور۔
حائضہ (حَا۔ئِضَہْ) حیض والی جمع حوائض، حیّض۔
حائط (حَا۔ئِطْ) دیوار جمع حیطان، حِیاطْ۔
حائک (حَا۔ئِکْ) جولاہہ، نورباف جمع حوکہ،
حاکۂ۔
حائل (حَا۔ئِلْ) دو چیز کے بیچ میں آنے والا۔
حب (حِبْ) دوست جمع اَحِبَّاءْ (حَبْ) گولی
جمع حُبُوْب (حُبّ) محبت، پریم، گگری۔
حبا (حِبَاءْ) بخشش، دہش۔
حباب (حَبَابْ) پانی کا بلبلہ (حُبَابْ) دوستی،
سانپ، دیو (حِبَابْ) دوستی کرنا۔
حبابی (حَبَا۔بِیْ) حباب سے منسوب۔
حباحب (حُبَا۔حِبْ) جگنو، پٹے بیجنا۔
حباری (حُبَا۔رَا) سرخاب جمع حُبَارَیَات۔
حبائک (حِبَائِکْ) دیکھو حبیکہ جمع حُبُک۔
حبال (حَبْ۔بَالْ) رسی بٹنے والا۔
حب الرشاد (حَبْ بُرْ۔رَشَادْ) ہالون، حُرف
حب السلاطین (حَبْ بُسْ۔سَلَاطِیْن) جمال گوٹا۔
حب السمنہ (حَبْ بُسْ۔سُمْ۔نَہْ) چرونجی۔
حب القطن (حَبْ بُلْ۔قُطْ۔نْ) بنولا، چرونجی۔
حب الملوک (حَبْ بُلْ۔مُلُوْک) جمال گوٹا۔
حب الوطن (حُبْ بُلْ۔وَطَنْ) دیس کی محبت۔
حبالہ (حِبَا۔لَہْ) جال، پھندا، رسی جمع حَبَائِل
حبائل (حَبَا۔ئِلْ) عورتوں کا شیطان۔
حبحب (حَبْ۔حَبْ) تربوز، ہندوانہ، بطیخ اخضر، ہولاع
حبذا (حَبْ۔بَذَا) کلمۂ تحسین، بہت خوب، واہ وا۔
حبر (حِبْ۔رْ) دوات کی سیاہی، عقلمند، نیکوکار
جمع حُبُوْر، اَحْبَارْ۔
حبس (حَبْ۔سْ) قید، بند، بھپکا، گھمس، اُمس۔
حبس دم (حَبْ۔سِ۔دَمْ) سانس روکنا۔
خشک مزاج (خُش، ک۔ مزاج)، جو منسو ظریف نہ ہو۔
خشکہ (خُش، کَہ)، ابلے ہوئے چاول۔ بے فیض
خشکی (خُش۔ کی)، سوکھاپن، چیتھن۔
خشم (خَش، م)، غصہ۔
خشم آلود (خَش، م۔ آ۔ لود)، غصہ میں بھرا ہوا
خشمگیں، خشمناک (خَش، م۔ گیں، خَش، م۔ ناک)، غصیلا

خشن (خَشِن)، سخت، کھردرا، جمع خشان (خِشان)، ٹاٹ۔
خوشنود (خُش۔ نُود)، خوش، مسرور۔
خوشنودی (خُش۔ نُو۔ دی)، خوشی۔
خشنی (خُش۔ نی)، بدکار عورت، فاحشہ عورت۔
خشو (خُشو)، دیکھو خُشَن۔
خشودن (خُشو۔ دَن)، پیر چھانٹنا، کھیت نلانا۔
خشودنی (خُشو۔ دَنی)، نلائی کے قابل۔
خشودہ (خُشو۔ دَہ)، نلا ہوا کھیت۔
خشوع (خُشوع)، عاجزی، فروتنی۔
خشوف (خُشوف)، چست رفتار آدمی، دوڑنے والا۔
خشوک (خُشوک)، برا آدمی، چرب زبان۔
خشونت (خُشو۔ نَت)، درشتی، اکل کھرا پن۔
خشی (خَش۔ ی)، ڈر، (خَشی) سفید۔
خشیا (خَش۔ یار)، خراب، زشت۔
خشیت (خَشی۔ یت)، ڈر، ڈرنا، ڈرانا۔
خشیج (خَشیج)، عنصر، ضد، مخالف۔
خشیف (خَشیف)، برف۔
خشیہ (خَشی۔ یَہ)، خوف، ڈر۔
خص (خَص)، ناقص (خُص)، دیکھو خصوص۔
خصا (خِصا)، فوطہ نکالنا، خصی کرنا۔
خصاص (خَصاص)، درویش، موچی۔
خصاصت (خَصا۔ صَت)، درویشی، بدحال۔
خصاصہ (خَصا۔ صَہ)، خصاصت (خُصاصہ) پیڑ پر بچے کچھے انگور۔
خصاف (خَصّاف)، موچی، چمار۔
خصال (خِصال)، خصلت کی جمع۔
خصام (خِصام)، لڑنا، جنگ کرنا
خصائص (خَصا۔ اِص)، خصیصہ کی جمع۔
خصائل (خَصا۔ اِل)، خصلت کی جمع۔
خصب (خِصب)، آسودگی، عیش، زیادتی، آبادی۔

خصر (خَصْ ۔ رَ) کمر جمع خُصُور (خَصَرْ) جاڑا (خَصِرٌ) ٹھنڈک ۔
خصف (خَصْ ۔ فْ) جوتہ کاری ، جوتہ ٹانکنا ۔
خصل (خَصْ ۔ لْ) جوئے کا داؤں ، قمار کی بازی ۔
خصلت (خَصْ ۔ لَتْ) ، عادت ، سبھاؤ جمع خَصَائِلْ (خِصَالْ) ۔
خصم (خَصْ ۔ مْ) دشمن ، مالک جمع خِصَامْ (خُصِیمْ) دشمن جمع خُصُومْ ۔
خصما (خُصَمَاءْ) ، خصیم کی جمع ۔
خصمانہ (خَصْ ۔ مَا ۔ نَہْ) دشمن سے منسوب ، مالکانہ ۔
خصمی (خَصْ ۔ مِیْ) ، دشمنی ، مالکیت ، مالک پن ۔
خصوص (خُصُوصْ) ، خصوصیت ، خاصکر ، خاص ہونا ۔
خصوصاً (خُصُو ۔ صَنْ) ، خاص طور پر ۔
خصوصی (خُصُو ۔ صِیْ) خصوص سے منسوب ، خاص ۔
خصوصیت (خُصُو ۔ صِیْ ۔ یَتْ) خاص پن جمع خُصُوصِیَاتْ ۔
خصوم (خُصُو ۔ مْ) جھگڑالو ، دشمن (خُصُومْ) خصم کی جمع ۔
خصومت (خُصُو ۔ مَتْ) ، دشمنی جمع خُصُومَاتْ ۔
خصی (خَصْ ۔ صِیْ) ، اختہ ، بدھیا جمع خِصْیَہ ، خِصَانْ ۔
خصیتان (خُصْ ۔ یَتَانْ) ، دونوں خصیے ، دو انڈے
خصیصہ (خَصِیْ ۔ صَہْ) ، عادت ، اثر جمع خَصَائِصْ ۔
خصیف (خَصِیفْ) خاکستر ، دو رنگ چیز ۔
خصیل (خَصِیلْ) ، جوئے کی بازی ہارا ہوا ۔
خصیم (خَصِیمْ) ، دشمن ، بیری جمع خُصَمَاءْ ۔
خصین (خُصَینْ) ، کلہاڑی ۔
خصیہ (خُصْ ۔ یَہْ) انڈا ، بیضہ ۔
خضاب (خِضَابْ) ، رنگ ، بال رنگنے کی چیز ۔
خضاد (خَضَادْ) ، بے کانٹوں کا نرم درخت ۔
خضارہ (خُضَا ۔ رَہْ) دریا ، ندی ۔

خضاض (خِضَاضْ) ، احمق ، دوات کی روشنائی ۔
خضب (خِضْ ۔ بْ) ، دیکھو خضاب (خَضْ ۔ بْ) رنگنا ۔
خضر (خَضِرْ) ہری بھری ، کھیت ، ہریاول جمع خُضُورْ (خَضَرْ) ، تازگی ، سبزی جمع خُضُورْ (خِضْ ۔ رْ) نام بحیرہ کاسپین یعنی روسی وسطی ایشیا
خضرا (خَضْ ۔ رَاءْ) ، ہری چیز جو مونث ہو ، ہریاول ، آسمان ۔
خضرت (خُضْ ۔ رَتْ) ، سبزی ، ساگ ۔
خضری (خَضْ ۔ رِیْ) ، سبزی فروش کنجڑا ، ترکاری ، سبزی ۔
خضریج (خِضْ ۔ رِیجْ) ، پالیز ، فالیز ۔
خضور (خُضُورْ) خضر کی جمع ۔
خضوع (خُضُوعْ) ، عاجزی کرنا ، گڑگڑانا ۔
خضیب (خَضِیبْ) ، رنگین ۔
خضیض (خَضِیضْ) ، بارش سے بھیگی ہوئی جگہ ۔
خط (خَطّ ، خَطْ) نوشتہ ، چٹھی ، نامہ ، طرز تحریر ، داڑھی مونچھ ، لمبی لکیر جس میں عرض اور عمق نہ ہو جمع خُطُوطْ ۔
خطا (خَطَا) ، قصور ، غلطی ، چوک جمع خَطَایَا (خِطَا) گناہ کرنا ۔
خطاب (خِطَابْ) ، کوئی نام وصفی جو حکومت سے ملے جمع خِطَابَاتْ روبرو گفتگو ، سامنے بات کہنا ۔
خطابت (خَطَا ۔ بَتْ) تقریر ، خطبہ خوانی ۔
خط استوا (خَطْ ۔ طِ ۔ اِسْ ۔ تِوَا) ، زمین کے کرہ پر دونوں قطبوں کے بیچ میں ایک متوازی خیالی لکیر
خطاط (خَطْ ۔ طَاطْ) خوشنویس ۔
خط اعتدال (خَطْ ۔ طِ ۔ اِعْ ۔ تِدَالْ) ، دیکھو خط استوا ۔
خطاف (خُطْ ۔ طَافْ) ، ابابیل ۔
خط الوصول (خَطْ ۔ طُلْ ۔ وُصُولْ) ، رسید ۔
خطام (خِطَامْ) ، مہار جمع خُطُمْ ۔

خطایا (خَطَا-یَا) خطا، خطیّہ کی جمع۔
خطب (خَطْ-ب) کام، حال۔
خطبہ (خُطْ-بَہْ) دیباچۂ کتاب، وعظ، تقریر، لکچر جمع خُطَب (خِطْ-بَہْ) بیاہ، منگنی، بیوی کی خواہش۔
خطاپاکی (خَطْ-طِ-پَا-کِیْ) نارِ خطلی۔
خط جدی (خَطْ-طِ-جَدِیْ) منطقہ محرقہ کا جنوبی خط
خط جلی (خَطْ-طِ-جَلِیْ) موٹی تحریر، موٹا خط۔
خط جواز (خَطْ-طِ-جَوَازْ) پروانۂ راہداری۔
خط خفی (خَطْ-طِ-خَفِیْ) باریک تحریر۔
خطر (خَطَرْ) اندیشہ، دشواری، آفت، قدر، عظمت، بزرگی، جاہ جمع خَطَرَات۔
خطران (خَطَرَانْ) ہلنا۔
خط راہ (خَطْ-طِ-رَاہْ) دیکھو خط جواز۔
خط رمز (خَطْ-طِ-رَمْزْ) مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ۔
خطرہ (خَطْ-رَہْ) اندیشہ، تلب، آفت جمع اَخْطَار۔
خط سرطان (خَطْ-طِ-سَرَطَانْ) منطقہ محرقہ کا شمالی خط۔
خط شعاع (خَطْ-طِ-شُعَاعْ) نام رسم الخط، سورج کی کرن۔
خطشہ (خَطْ-شَہْ) دیکھو خدشہ۔
خط عمود (خَطْ-طِ-عَمُوْدْ) ایک لکیر جو دوسری سے مل کر دو برابر ضلع بنا دے
خطف (خَطْ-فْ) چکا چوندھ، اُچک لینا۔
خطل (خَطَلْ) سستی۔
خطم (خَطْ-مْ) چونچ، پوز، چونچ۔
خط متوازی (خَطْ-طِ-مُتَوَا-زِیْ) وہ لکیر جس کا فاصلہ دوسری لکیر سے برابر ہو کر دونوں کے بڑھانے پر کبھی آپس میں نہ ملیں
خط مستدیر (خَطْ-طِ-مُسْ-تَدِیْرْ) دائرے کی لکیر
خط مستقیم (خَطْ-طِ-مُسْ-تَقِیْمْ) سیدھی لکیر
خط منحنی (خَطْ-طِ-مُنْ-حَنِیْ) ٹیڑھی لکیر
خط مشدل (خَطْ-طِ-مُنْ-دَلْ) منتر پڑھنے کا حصار، کنڈال
خطوب (خُطُوْبْ) خطب کی جمع۔
خطور (خُطُوْرْ) کھلنا، جی میں آنا۔
خطوہ (خُطْ-وَہْ) ڈگ، قدم جمع خُطُوَات (خَطْ-وَہْ) چھوٹا تیر جمع خَطَوَات۔
خطہ (خِطْ-طَہْ) داغ بیل کے اندر کی زمین، محدود زمین، حصہ سرزمین جمع خِطَط۔
خطیب (خَطِیْبْ) لکچرار، خطبہ پڑھنے والا جمع خُطَبَاء۔
خطیبہ (خِطْ-طِیْ-بَہْ) منگیتر، آیندہ بیوی بننے والی عورت (خَطِیْ-بَہْ) خطبہ پڑھنے والی۔
خطیر (خَطِیْرْ) بڑا، بزرگ۔
خطیف (خَطِیْفْ) چست رفتار۔
خطیہ (خَطِیْ-یَہْ) گناہ جمع خَطَایَا، خَطِیَّات۔
خف (خُفْ) موزہ، جراب جمع خِفَاف (خِفْ) ہلکا۔
خفا (خَفَا) پوشیدگی، چھپاؤ، ناراض، گلا گھونٹنا۔ (خِفَا) پوشش، چھپنا۔
خفاجہ (خَفَا-جَہْ) عرب کا ایک جرائم پیشہ قبیلہ
خفاش (خُفْ-فَاشْ) چمگادڑ جمع خَفَافِیْش۔
خفاض (خِفَاضْ) عورت کی ختنہ کرنا۔
خفاف (خَفْ-فَافْ) موزہ سینے والا، موزہ فروش (خِفَافْ) خف، خفیف کی جمع (خُفَافْ) سبک، ہلکا۔
خفایا (خَفَا-یَا) خفیہ کی جمع۔
خفت (خِفْ-فَتْ) سبکی، ہلکاپن (خُفْ-تْ) مِیْنا۔
خفتان (خَفْ-تَانْ) جلتۂ جنگ، ایک جبہ۔
خفتانیدن (خُفْ-تَا-نِیْ-دَنْ) سلانا، لٹانا۔
خفتک (خُفْ-تَکْ) کابوس۔
خفتن (خُفْ-تَنْ) سونا، نیند، خوابیدہ۔

خفتہ (خُف۔ تَہ) سویا ہوا، ٹیڑھا۔
خفتیدن (خُف۔ تی۔ دَن) لوٹنا، سونا۔
خفتیدہ (خُف۔ تی۔ دَہ) لوٹا ہوا، سویا ہوا۔
خفچہ (خُف۔ چَہ) بلونے ہانکنے کی نکیلی لکڑی۔
خفر (خَفَر) شرم، حیا، نگہبانی۔
خفرق (خَف۔ رَق، خف۔ رِق) بدمزاج، بُرا۔
خفرہ (خُف۔ رَہ) امان، زنہار۔
خفض (خَف۔ ض) عیش، تن آسانی۔
خفق (خَف۔ ق) کفش کاری، جوتے مارنا۔
خفقان (خَفَقَان) ہول دل، دل کی دھڑکن۔
خفقانی (خَفَقَا۔ نی) ہول دل کا بیمار۔
خفگی (خَفگی) ناراضگی، آزردگی۔
خفوق (خُفُوق) بجلی چمکنا، ڈوبنا، غروب ہونا۔
خفہ (خَفَہ) ناراض، گلا گھونٹا ہوا (خِفّہ) سبک، ہلکا۔
خفی (خَفی) پوشیدہ، پنہاں، مہین، باریک۔
خفیدن (خَفی۔ دَن) کھانسنا، کھنکارنا (خُفی۔ دَن) سویا ہوا ہونا، چھینکنا، خفا ہونا۔
خفیر (خَفیر) چوکیدار۔
خفیف (خَفیف) ہلکا، سبک، ادچھا، ج خِفَاف
خفیق (خَفیق) پانی یا ہوا کی سائیں سائیں۔
خفیہ (خُفی۔ یَہ) پوشیدہ، ج خَفَایا (خُف۔ یَہ) پنہانی، پوشیدگی، چھپا ہوا پن۔
خق (خَق) شگاف، دراڑ، صدع۔
خل (خَل) سرکہ (خُل) دوست (خَل) ہربعل۔
خلا (خَلا) پاخانہ، خالی جگہ۔
خلاملا (خَلا۔ مَلا) بےتکلفی۔
خلاب (خَلَاب) کیچڑ، دلدل، ماندہ۔
خلابہ (خَلا۔ بَہ) پھسانا، تلو ہچو کرنا۔
خلاش (خَلَاش) شور، غوغائی (خُلَاش) دیکھو خلاب۔

خلاشہ (خَلا۔ شَہ) کوڑا کرکٹ۔
خلاص (خِلَاص) صدق، محبت، خالص، برگزیدہ (خَلَاص) رہائی، مخلصی، چھٹکارا، کھالی
خلاصی (خَلَاصی) رہائی، صلاح، بحری قلی۔
خلاصہ (خُلَا۔ صَہ) اصل، پاک، صاف۔
خلاع (خِلَاع) خلعت کی جمع۔
خلاعت (خِلَا۔ عَت) بیماری کی تکلیف (خَلَا۔ عَت) والدین کی نافرمانی، فسق و فجور، پریشانی، بےسروسامانی۔
خلاف (خِلَاف) پھوٹ، برعکس، ناموافق (خِلَاف) بید کا پیڑ۔
خلافت (خِلَا۔ فَت) قائم مقامی، جانشینی (خَلَا۔ فَت) پراناپن، کہنگی۔
خلافت راشدہ (خِلَا۔ فَتِ۔ رَا۔ شِدَہ) عہد خلافت حضرات ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، حسنؓ رضی اللہ عنہم اجمعین۔
خلاق (خَل۔ لَاق) پیدا کرنے والا، نام اللہ تعالیٰ (خَلَاق) نصیب، لہنا۔
خلاقی (خَل۔ لَا۔ قی) پیدا کرنے کا عمل۔
خلال (خِلَال) دانت کریدنی، تنکا، گھاس، دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ (خَل۔ لَال) سرکہ فروش، سرکہ بیچنے والا، سرکہ بنانے والا۔
خلالت (خَلَا۔ لَت، خُلَا۔ لَت) سچی دوستی (خُلَا۔ لَت) گوشت کا ریشہ جو دانت میں اٹک جاوے۔
خلالوش (خَلَا۔ لُوش) فتنہ، آشوب، شور و غل۔
خلال مائدہ (خِلَالِ۔ مَا۔ اِدَہ) سوتیاں۔
خلانیدن (خَلَا۔ نی۔ دَن) چبھونا، گڑونا۔
خلائف (خَلَا۔ اِف) خلیفہ کی جمع۔
خلائق (خَلَا۔ اِق) خلیقہ کی جمع۔
خلت (خُل۔ لَت) دوستی، دوست، نسبت، جمع خِلَال (خُل۔ لَات) اچھی عادت (خَل۔ لَت)

عادت، سرزرت، درویشی، رخنہ (خِلْ لَتْ)
نیام کا غلاف، دانتوں میں اٹکا ہوا ریشہ۔
خلیج (خَلْ ج) سینہ مارنا، چبھونا۔
خلجان (خَلَجانْ، خَلْ جانْ) چبھن، تردد۔
خلجم (خَلْ۔جَمْ) دراز، لمبا۔
خلخال (خَلْ۔خالْ) پازیب، گوجری، جمع خلاخیل۔
خلد (خُلْ، د) جنت، ہمیشگی، چھچھوندر، (خَلَدْ)
دل، نفس، جی (خَلْ، د) چنڈول۔
خلرد خُلْ، رُدْ) پیا، دھنیا
خلش (خَلِشْ) کھٹک، چبھن، مناقشہ، خصومت۔
خلص (خَلْ، ص) دوست، جمع خلصا (خَلَصْ)
انگور کی مانند ایک درخت، عقیق کی مانند
ایک جوہر۔
خلصان (خُلْ۔صانْ) دوست، دوستانہ
خلط (خَلْ، ط) ملانے کی کوئی ایک چیز، جمع اخلاط
(خَلْ، ط) آمیزش، ملونی۔
خلع (خُلْ، ع) طلاق جس کو عورت مال دیکر
یا مہر معاف کر کے حاصل کرے، (خَلْ، ع)
عضو اکھڑ جانا، خلعت دینا، کپڑے اتارنا۔
خلعت (خِلْ۔عَتْ) سراپا لباس، پوشاک، جمع
خلاع، خِلَع، (خُلْ۔عَتْ) چھینا ہوا مال،
وہ مال جسکے بدلہ میں عورت کو خلع دیا جائے۔
خلف (خَلَفْ) اچھا بیٹا، سپوت، پیچھے آنیوالا
جمع اخلاف (خَلْ، ف) برا بیٹا، کپوت،
پیچھے (خِلْ، ف) جھگڑالو، پستان، چھاتی
نہت (خُلْ، ف) وعدہ خلافی۔
خلفا (خُلَفا) خلیفہ کی جمع۔
خلفشار (خَلْ۔فِشارْ) کھلبلی، گڑبڑ۔
خلق (خُلْ، ق، خُلُقْ) عادت، مروت، سبھاؤ
جمع اخلاق (خَلْ، ق) دنیا، مخلوق، پیدا
کرنا (خَلَقْ) پرانا کپڑا، جمع اخلاق، خلقان۔

خلقا (خَلْ۔قا) کنواری عورت۔
خلقت (خِلْ۔قَتْ) پیدائش، آفرینش، جسم
(خَلْ۔قَتْ) خلق، مخلوق۔
خلقی (خِلْ۔قِی) پیدائشی، خلقت سے منسوب۔
خلل (خَلَلْ) فتور، خرابی، رخنہ، دخل۔
خلل دماغ (خَلَلِ۔دِماغْ) دماغ کی خرابی۔
خلم (خِلْ، م) رینٹھ، ناک کی غلاظت
(خِلْ، م) دوست، یار۔
خلنج (خَلَنْ، ج) ابلق، کبرا، چتکبرا۔
خلندہ (خَلِنْ۔دَہْ) چبھنے والا
خلنگ (خَلَنْگْ) دیکھو خلنج۔
خلو (خُلُوْ) خالی ہونا (خَلْ، و) تنہائی کرنا۔
خلوت (خَلْ۔وَتْ) تنہائی، جہاں کوئی دوسرا نہ ہو۔
خلوت خانہ (خَلْ۔وَتْ۔خا۔نَہْ) تنہائی کا مکان
خلوت نشین (خَلْ۔وَتْ۔نَشِیْن) تنہائی پسند۔
خلوت نشینی (خَلْ۔وَتْ۔نَشی۔نِی) تنہائی پسندی۔
خلوتی (خَلْ۔وَتِی) تنہائی پسند۔
خلوج (خُلُوْج) پھڑکنا۔
خلود (خُلُوْد) ہمیشگی، ہمیشہ۔
خلوص (خُلُوْص) دوستی، خالص، نکھرا پن۔
خلوق (خَلُوْق) غالیہ، ارگجا۔
خلہ (خَلَہْ) چبھنی چیز، نکیلی چیز، سوئی، عدالت
کی دستخطی تحریر، گپ شپ، کشتی یا جہاز کا چپو
یا پتوار
خلی (خَلِی) خالی، بے علم۔
خلیج (خَلِیْج) نہر، ندی، دریا کی شاخ، کھاڑی
جمع خلج۔
خلیدن (خَلی۔دَنْ) چبھنا مضم خَلَدْ۔
خلیدہ (خَلی۔دَہْ) چبھا ہوا۔
خلیط (خَلِیْط) حیا زاد بھائی، ساتھی، شوہر،
کسی سے ساز باز رکھنے والا، ہمکار، جمع خلطاء

خلط ملط تھوڑی ملی ہوئی گیلی مٹی، آخر کار۔
خلیع (خَلِیْع) صیاد، غول، بھیڑیا، بے کہنے اور پریشان آدمی، غول بیابان، باہر کیا ہوا۔
خلیع العذار (خَلِی۔ عُل۔ عِذَار) بے لگام، بے مہار۔
خلیفہ (خَلِی۔ فَہ) قائم مقام، جانشین، ولیعہد، بادشاہ جمع خُلَفَاء، خَلَائِف۔
خلیق (خَلِیْق) خلق والا، مروت والا۔
خلیقہ (خَلِی۔ قَہ) پیدا کی ہوئی چیز، طبیعت جمع خَلَائِق۔
خلیل (خَلِیْل) سچا دوست جمع اَخِلَّاء، خُلَّان۔
خلیلی (خَلِی۔ لِی) سچعلکڑی۔
خلیہ (خَلِی۔ یَہ) چھتا۔
خم (خَم) ٹیڑھائی، ٹیڑھا (خُم) مٹکی (خَم) گھاؤ، جراحت، آنکھ کی گید۔
خمار (خُمَار) بقیہ مستی، نشے کے اترنے کے بعد کی اعضا شکنی اور درد سر وغیرہ (خِمَار) ایک طرح کی چادر، دوپٹہ جمع اَخْمِرَہ، خُمُر (خَم۔ مَار) کلال، شراب بیچنے والا۔
خمار آلود (خُمَار۔ آ۔ لُود) جسمیں خمار بھرا ہوا ہو۔
خمارہ (خَم۔ مَا۔ رَہ) شرابخانہ۔
خماسی (خُمَا۔ سِی) پانچ والا، پانچ حرفی کلمہ۔
خماع (خُمَاع) جھوم کر چلنا۔
خمان (خَمَان) ۱۔ دو ٹیڑھی چیزیں۔ ٹیڑھا ہونا ۲۔ کمان (خُم۔ مَان) نالائق آدمی۔
خمانیدن (خَمَا۔ نِی۔ دَن) لقل بتانا، ٹیڑھا کرنا۔
خمانیدہ (خَمَا۔ نِی۔ دَہ) ٹیڑھا کیا ہوا۔
خماہن (خُمَا۔ ہَن) ایک سرخی مائل کالا پتھر۔
خمخانہ (خُم۔ خَا۔ نَہ) شراب خانہ۔
خم در خم (خَم۔ دَر۔ خَم) پیچ در پیچ، اینچ پیچ۔
خمر (خَمْر) شراب (خُمُر) ہجوم، پردہ۔
خمرہ (خُم۔ رَہ) بوریا (خَمْرَہ) ٹھلیا، ڈھولکی
(خَم۔ رَہ) خمیرہ۔
خمزدن (خَم۔ زَدَن) بھاگنا، فرار ہونا۔
خمس (خَمْس) خمسہ کا مونث، پانچ (۵)
(خُمْس) پانچواں حصہ۔
خمسون (خَم۔ سُوْن) پچاس، پنجاہ (۵۰)
خمسہ (خَم۔ سَہ) پانچ، پانچ مصرعوں والی نظم۔
خمسہ عشر (خَم۔ سَہ۔ عَشَر) پندرہ (۱۵)
خمسین (خَم۔ سِین) دیکھو خمسون۔
خمش (خَمُش) خاموش کا مخفف۔
خمط (خَمْط) پیلو کا پیڑ۔ خار دار پیڑ۔ کھٹی یا کڑوی چیز۔
خمع (خِمْع) بھیڑیا، چور۔
خمکدہ (خُم۔ کَدَہ) شرابخانہ۔
خمل (خَمْل) خالص، صاف دل دوست (خُمْل) کپڑے کا دھاگا۔
خمندہ (خَمَن۔ دَہ) ٹیڑھا ہونے والا۔
خم وچم (خَمُو۔ چَم) لچک اور ناز و ادا جو چال سے ظاہر ہو۔
خمود (خُمُود) آگ بجھنا، بیہوش ہونا، آرام کرنا۔
خموش (خَمُوش) دیکھو خاموش۔
خموشانیدن (خَمُو۔ شَا۔ نِی۔ دَن) چپ کرنا۔
خموشندہ (خَمُو۔ شَن۔ دَہ) چپ رہنے والا۔
خموشی (خَمُو۔ شِی) دیکھو خاموشی۔
خموشیدن (خَمُو۔ شِی۔ دَن) چپ رہنا مضم خموشندہ۔
خموشیدہ (خَمُو۔ شِی۔ دَہ) چپ رہا ہوا۔
خمول (خُمُول) گمنامی، گمنام ہونا۔
خمیازہ (خَم۔ یَا۔ زَہ) جماہی، انگڑائی، نتیجہ۔
خمیازہ کش (خَم۔ یَا۔ زَہ۔ کَش) انگڑائی جماہی لینے والا، نتیجہ بھگتنے والا۔
خمیدگی (خَمِی۔ دَگِی) ٹیڑھاپن۔
خمیدن (خَمِی۔ دَن) ٹیڑھا ہونا، جھکنا مضم خمندہ۔

خمیدنی (خَمی-دَنی) ٹیڑھا ہونے کے لائق۔
خمیدہ (خَمی-دَہ) ٹیڑھا، جھکا ہوا۔
خمیر، خمیرہ (خَمیر، خَمی-رَہ) ترشی سے جوش دیکر اٹھائی ہوئی چیز، ایک گندھا آٹا، مایہ، بوسیدہ نان۔
خمیس (خَمیس) پانچواں حصہ، جمعرات۔
خمیل (خَمیل) ملائم ہلکی غذا، گھٹا، ریشہ دار کپڑا۔
خن (خَن) کھنکھنانا۔
خنادق (خَنا-دِق) خندق کی جمع۔
خنازیر (خَنا-زِیر) کنٹھ مالا، خنزیر کی جمع۔
خناس (خَن-نَاس) شیطان۔
خناسی (خَن-نا-سی) شیطنت، شیطانی۔
خناق (خُناق) گلے کی ایک بیماری (خَناق) پھانسی۔
خنب (خُم، ب) مخفف خُم، ب آتالی (خَنَب) پاؤں سست ہونا، ہلاک ہونا۔
خنبانیدن (خَم-با-نی-دَن) خنکی اڑانے کو نقل بنانا، ٹھٹھول کے لئے نقلیں بنانا۔
خنبک (خَم-بَک) با اصول تالی، تال۔
خنبندہ (خَم-بن-دَہ) تالی بجانے والا۔
خنبیدن (خَم-بی-دَن) ٹھمکنا، تالی بجانا مضع خنبد۔
خنث (خَن-ث) سست، کبڑا۔
خنثی (خُن-ثا) ہیجڑا جمع خَناثی۔
خنجر (خَن-جَر) چھرا، دشنہ جمع خَناجِر۔
خنجری (خَن-جَری) ایک چھوٹا سا باجا۔
خنچیر (خَن-چیر) گوشت جلنے کی بو۔
خنخنہ (خَن-خَنَہ) ناک میں بولنا۔
خند (خَند) ہنسی، ٹھٹھا۔
خنداں (خَن-داں) ہنستا ہوا۔
خندانیدن (خَن-دا-نی-دَن) ہنسانا۔
خندروس (خَن-دَ-رُوس) رومی گیہوں، جو۔
خندریس (خَن-دَ-ریس) پرانے گیہوں، پرانی شراب۔
خندستان (خَن-دِس-تان) ہنسی مذاق کی محفل۔
خندق (خَن-دَق) کھائی جمع خَنادِق۔
خندگار (خُن-دَ-گار) شہنشاہ، معلم، استاد۔
خندندہ (خَن-دِن-دَہ) ہنسنے والا۔
خندہ (خَن-دَہ) ہنسی، ٹھٹھا۔
خندیدن (خَن-دی-دَن) ہنسنا مضع خَندد۔
خندیدہ (خَن-دی-دَہ) ہنسا ہوا۔
خنزیر (خِن-زِیر) بریلا، سور جمع خَنازِیر۔
خنصر (خِن-صِر) کانی انگلی جمع خَنا-صِر۔
خنفسا (خُن-فَسا) گبریلا، جعل جمع خَنافِس۔
خنق (خَنِق) گلا گھونٹا ہوا، گلا گھونٹنا۔
خنک (خُنُک) ٹھنڈا، خوش، نامرد۔
خنکا (خُن-کا) خوشا، خوشخبری۔
خنکی (خُنُکی، خُن-کی) ٹھنڈک
خنگ (خِنگ) سفید گھوڑا، سفید۔
خنگا (خِنگ-گا) ذری ہیکل۔
خنور (خُنور) ضروریات خانگی، باورچی خانے کی ضرورت کے برتن۔
خنوس (خُنُوس) چھپنے والا (خنوس) آدمی چھپ جانا۔
خنوص (خِن-نَوص) سور کا بچہ، گھینٹا۔
خنیا (خُن-یا) راگ، ساز۔
خنیاگر (خُن-یا-گَر) مطرب، گویا۔
خنیدہ (خَنی-دَہ) پسندیدہ۔
خو (خُو) عادت، خصلت (خُو) پتھلی، راج کی باڑ، خودرو گھاس، عشق پیچاں کی بیل۔
خواب (خواب) نیند، رویا، سپنا۔
خوابانیدن (خوا-با-نی-دَن) سلانا۔
خوابستان (خوا-بِس-تان) خوابگاہ۔
خوابگاہ، خوابگہ (خواب-گاہ، خواب-گَہ) سونے کی جگہ۔

خوابندہ (خَوا-بِن-دَہ) سونے والا۔
خوابیدن (خَوا-بی-دَن) سونا مضع خوابد۔
خوابیدہ (خَوا-بی-دَہ) سویا ہوا۔
خواتم (خَوا-تِم) خاتم کی جمع۔
خواتین (خَوا-تِین) خاتون کی جمع۔
خواجہ (خَوا-جَہ) سیدوں کا لقب، مالک، صاحب خانہ، حاکم، دل، ، دوح، خسر، وزیر، حکیم جمع خواجگان۔
خواجہ تاش (خَوا-جَہ-تاش) ایک آقا کے غلام اور نوکر چاکر۔
خواجہ سرا (خَوا-جَہ-سَرا) زنانہ مکان میں خدمت کرنے والا ہیجڑا غلام۔
خواد (خَوا-د) دیکھو خواب۔
خوار (خَوار) ذلیل، خراب، کھانے پینے والا (خُوار) گائے بیل کی آواز، (خَوار) شکست
خوار بار (خَوار-بار) تھوڑی سی غذا۔
خوارج (خَوا-رِج) خارج کی جمع، خارجی کی جمع۔
خوارق (خَوا-رِق) خارق کی جمع۔
خواری (خَوا-رِی) ذلت، رسوائی، بے اعتباری گالی۔
خواست (خَواسْ-ت) چاہت، چاہنا۔
خواستار (خَواسْ-تار) دیکھو خواستگار۔
خواستن (خَواسْ-تَن) چاہنا مضع خواہد۔
خواستگار (خَواسْ-ت-گار) طلبگار۔
خواستگاری (خَواسْ-ت-گا-رِی) طلبگاری، مانگ۔
خواستہ (خَواسْ-تَہ) چاہا ہوا، مال، زر، اسباب
خواص (خَوا-ص) خاص کی جمع، خاصہ کی جمع، مرد یا عورت جو ہر وقت کا خادم ہو۔
خواصی (خَوا-صِی) ہاتھی پر مالک کی پچھلی نشستگاہ۔

خواطر (خَوا-طِر) خاطر کی جمع۔
خواطف (خَوا-طِف) خاطف کی جمع۔
خواقین (خَوا-قِین) خاقان کی جمع۔
خوال (خَوال) کھانے کی چیز، چراغ کا کاجل۔
خوان (خَوان) کھانا رکھنے کی کشتی، تھال، دسترخوان جمع اخونہ، خون (خوان) دسترخوان، خوان، پڑھنے والا (خُوان) بہت خیانت کرنے والا (خَوان) ماہِ ربیع الاول۔
خوانا (خَوا-نا) پڑھنے والا، خط جو بے تامل پڑھا جا سکے۔
خوان پوش (خَوان-پوش) خوان ڈھکنے کی چیز۔
خوانچہ (خَوان-چَہ) چھوٹا دسترخوان، پھیری والے کا چھبیا۔
خواند (خَواند) پڑھنت، پڑھائی۔
خواندگی (خَوان-دَگی) پڑھائی، پڑھنت۔
خواندن (خَوان-دَن) پڑھنا، بلانا مضع خواند۔
خواندنی (خَوان-دَنی) پڑھنے کے لائق۔
خواندہ (خَوان-دَہ) پڑھا ہوا، بلایا ہوا۔
خوان سالار (خَوان-سا-لار) باورچی، بکاول۔
خوان کرم (خَوان-کَرَم) بخشش کا خوان سب کے لئے۔
خوانندہ (خَوا-نِن-دَہ) پڑھنے والا، بلانے والا۔
خوانی (خَوا-نِی) منسوب بہ خوان۔
خوان یغما (خَوان-یَغ-ما) لوٹ کا خوان، لنگر، سدا برت۔
خوانین (خَوا-نِین) خان کی جمع۔
خواو (خَوا-و) دیکھو خواب۔
خواہ (خَواہ) مانگ، چاہنے والا، حرف تردید۔
خواہر (خَوا-ہَر) بہن۔

خواہرزادہ (خوا۔ہَر۔زا۔دَہ) بھانجا۔
خواہرزادی (خوا۔ہَر۔زا۔دی) بھانجی۔
خواہش (خوا۔ہِش) آرزو، تمنا جمع خواہشات۔
خوب (خُوب) اچھا آدمی جمع خوباں اچھی چیز جمع خوبیاں۔
خوبانی (خو۔با۔نی) زرد آلو۔
خوبرو، خوبروی (خُوب۔رُو، خُوب۔رُو۔ئی) حسین، خوبصورت۔
خوبروئی (خُوب۔رُو۔ئی) حسن، خوبصورتی۔
خوبصورت (خُوب۔صُو۔رَت) حسین، خوبرو۔
خوبصورتی (خُوب۔صُو۔رَتی) حسن، خوبروئی۔
خوبکلاں (خُوب۔کلاں) ایک بیج جو دوا میں کام آتے ہیں۔
خوبی (خُو۔بی) اچھائی
خوپلہ (خُپ۔لَہ) چھالا، نادان
خوج (خُوج) پہاڑوں کی ٹکڑی۔
خوجہ (خو۔جَہ) خواجہ سرا، ایک قوم۔
خوشچ (خُوشچ) مرغ کیس جو ایک پھلواری کا نام ہے
خوخ (خُوخ) شفتالو، آڑو۔
خوخہ (خُو۔خَہ) کھڑکی، دریچہ۔
خود (خُد) آپ (خَوُد، خُوْد) لوہے کی ایک جنگی ٹوپی (خَوُد) نازک اندام عورت۔
خودبخود (خُد۔بَخُد) آپ سے آپ۔
خود بدولت (خُد۔بَدَو۔لَت) کلمۂ تعظیم، آپ۔
خودبیں (خُد۔بِیں) مغرور، آپ کو دیکھنے والا۔
خودبینی (خُد۔بِی۔نی) غرور، گھمنڈ۔
خودپرست (خُد۔پَرَس۔ت) اپنی پوجا کرنے والا
خودپرستی (خُد۔پَرَس۔تی) اپنی پوجا۔
خودپسند (خُد۔پَسَن۔د) جو اپنے آپ کو پسند کرے
خودپسندی (خُد۔پَسَن۔دی) اپنے کو پسند کرنا۔
خودثنا (خُد۔ثَنا) اپنی تعریف آپ کرنے والا۔
خودثنائی (خُد۔ثَنا۔ئی) اپنی تعریف۔
خوددار (خُد۔دار) رکھ رکھاؤ والا۔
خوددارانہ (خُد۔دا۔را۔نَہ) خوددار کی مانند۔
خودداری (خُد۔دا۔ری) رکھ رکھاؤ۔
خودرائی (خُد۔را۔ئی) جو کسی سے صلاح نہ پوچھے۔
خودرائی (خُد۔را۔ئی) من مانی کرنا۔
خودرستہ، خودرو (خُد۔رُس۔تَہ، خُد۔رَو) جو بلا بوئے آپ ہی اگ آئے۔
خودستا (خُد۔سِتا) اپنی تعریف کرنے والا۔
خودستائی (خُد۔سِتا۔ئی) اپنی بڑائی۔
خودسر (خُد۔سَر) خودپسند، ضدی۔
خودسرانہ (خُد۔سَرا۔نَہ) خودسر کی طرح۔
خودسری (خُد۔سَری) ضدیت، من مانی۔
خودسوار (خُد۔سَوار) خودرائے، خودسر۔
خودشکن (خُد۔شِکَن) عاجزی کرنے والا۔
خودشکنی (خُد۔شِکَنی) عاجزی۔
خودغرض (خُد۔غَرَض) مطلبی، گونگیلا۔
خودغرضی (خُد۔غَرَضی) مطلب، گوں۔
خودفگن (خُد۔فِگَن) شہسوار۔
خودفگنی (خُد۔فِگَنی) شہسواری۔
خودک (خُدَک) غلمان، دس اس۔
خودکاشت (خُد۔کاش۔ت) زمیندار کی اپنی ذاتی کھیتی، اپنی کاشت۔
خودکام (خُد۔کام) خودغرض۔
خودکامی (خُد۔کا۔می) خودغرضی۔
خودکردہ (خُد۔کَر۔دَہ) اپنے ہاتھوں کیا ہوا۔
خودکش (خُد۔کُش) اپنے کو مار ڈالنے والا۔
خودکشی (خُد۔کُشی) اپنے آپ کو مار ڈالنا۔
خودنما (خُد۔نُما) مغرور، شیخی باندھ آپا رکھانے والا
خودنمائی (خُد۔نُما۔ئی) شیخی بازی۔ گھمنڈ۔
خودی (خُدی) گھمنڈ۔ خودغرضی۔

خور (خُر) خوراک، طعام، خوردنی، سورج، لایق، مزہ، کھانے والا، روشنی، صلیب (خُوَر) شستی (خوَر) تلوار، بھالا۔

خوراب (خُور۔آب) وہ رسی جس سے جہاز کا لنگر باندھا جاتا ہے (خُراب) گندہ پانی، پانی کے نکاس کا پھاٹک۔

خوراک (خُراک) غذا، ایک مرتبہ کا کھانا، کھانے کے قابل چیز، کھانا، ایک مرتبہ میں کھانے یا پینے کی دوا کی مقدار۔

خورانیدن (خُرا۔نی۔دَن) کھلانا، کھلوانا۔

خورچین (خُر۔چین) دیکھو خرچین۔

خورنجیدن (خُر۔رَنجی۔دَن) کانپنا۔

خورد (خُرد) طعام، کھانا۔

خورداد (خُر۔داد) دیکھو خرداد۔

خوردن (خُر۔دَن) کھانا، پینا، سہنا مضم خُورَد

خوردنی (خُر۔دَنی) کھانے کے لائق چیز۔

خوردہ (خُر۔دَہ) کھایا ہوا۔

خورش (خُرِش) طعام، خوراک۔

خورشید (خُر۔شید) سورج۔

خورشید سوار (خُر۔شید۔سَوار) سویرے اٹھنے والا۔

خورشید لب بام (خُر۔شید۔لَب۔بام) ڈوبنے والا سورج، چلکتا ہوا سورج۔

خورندہ (خُرن۔دَہ) کھانے والا، پینے والا۔

خورہ (خُرَہ) کوڑھ، جذام، ملک ایران کا پانچواں حصہ، بال جھڑنے کی بیماری (خُو۔رَہ) لاونے کی ایک گون (خُو۔رَہ) کنیر کا پیڑ۔

خوز (خُوز) شکر۔

خوزستان (خُوز۔سِ۔تان) کھنڈسال، شکر کی فیکٹری، شکر کا کارخانہ۔

خوسانیدن (خُو۔سا۔نی۔دَن) دیکھو خیسانیدن

خوسہ (خُو۔سَہ) چشمارو، مترس، بجیکا

(خُو۔سَہ) مارین کا ستی پر آنا۔

خوش (خُش) شاد، خوب، بھلا، اچھا۔

خوشا (خُشا) بہت اچھا۔

خوش اسلوب (خُش۔اُس۔لُوب) اچھی طرز والا

خوش اسلوبی (خُش۔اُس۔لُو۔بی) اچھا طرز۔

خوش الحان (خُش۔اِل۔حان) اچھی آواز والا۔

خوش الحانی (خُش۔اِل۔حا۔نی) اچھی آواز۔

خوشامد (خُشا۔مَد) چاپلوسی۔

خوشامدی (خُشا۔مَدی) چاپلوس۔

خوشامن (خُشا۔مَن) ساس، خوشدامن، خوشدامنا۔

خوشانیدن (خُشا۔نی۔دَن) سکھانا۔

خوش اوقات (خُش۔اَو۔قات) جس کا وقت اچھا گذرے

خوش اوقاتی (خُش۔اَو۔قا۔تی) اچھا وقت گذارنا۔

خوش آہنگ (خُش۔آ۔ہَنگ) اچھی آواز والا۔

خوش آہنگی (خُش۔آ۔ہَنگ۔گی) اچھی آواز۔

خوش آیند (خُش۔آ۔یَند) وہ بات جو اچھی لگے

خوش باش (خُش۔باش) اچھی طرح رہنے والا۔

خوش باشی (خُش۔با۔شی) اچھی طرح رہنا۔

خوشبو (خُش۔بُو) اچھی باس والا، اچھی باس۔

خوشبوئی (خُش۔بُو۔ئی) اچھی باس ہونا۔

خوش بیان (خُش۔بَیان) جس کی باتیں اچھی لگیں۔

خوش بیانی (خُش۔بیا۔نی) اچھی باتیں بیان کرنا۔

خوش پوشاک (خُش۔پو۔شاک) جو اچھا لباس پہنے۔

خوش پوشاکی (خُش۔پو۔شا۔کی) اچھا لباس پہننا۔

خوشتامن (خُش۔تا۔مَن) دیکھو خوشدامن۔

خوشتر (خُش۔تَر) بہت اچھا۔

خوشترک (خُش۔تَرَک) بہت اچھا۔

خوشحال (خُش۔ حال) جس کا حال اچھا ہو۔
خوشحالی (خُش۔ حا۔ لی) کسی کا حال اچھا ہونا۔
خوشخال (خُش۔ خال) جسکے بدن پر تل اچھا لگے۔
خوشخبری (خُش۔ خبری) اچھی خبر۔
خوشخرام (خُش۔ خرام) اچھی چال والا۔
خوشخرامی (خُش۔ خرا۔ می) اچھی چال چلنا۔
خوشخرید (خُش۔ خرید) نقد خریدی ہوئی چیز۔
خوشخط (خُش۔ خط) اچھے خط والا
خوشخطی (خُش۔ خطی) اچھا خط ہونا۔
خوشخوراک (خُش۔ خور اک) اچھا کھانے والا۔
خوشخوراکی (خُش۔ خورا۔ کی) اچھا کھانا۔
خوشخو (خُش۔ خو) اچھی عادت والا ج خوشخویاں
خوش خوئی (خُش۔ خو۔ ئی) اچھی عادت۔
خوشدامن (خُش۔ دا۔ من) ساس۔
خوش دل (خُش۔ دل) جس کا دل خوش ہو۔
خوشدلی (خُش۔ دِ۔ لی) ہنسی خوشی، دل خوش ہونا
خوشدہن (خُش۔ دہن) اچھے منہ والا۔
خوشدہنی (خُش۔ دہنی) اچھا موتھ ہونا۔
خوش ذائقہ (خُش۔ ذا۔ ئقہ) مزیدار۔
خوش رفتار (خُش۔ رف۔ تار) اچھی چال والا۔
خوش رفتاری (خُش۔ رف۔ تا۔ ری) اچھی چال۔
خوش رو (خُش۔ رو) خوبصورت (خُش۔ رَو)
اچھا چلنے والا۔
خوشروئی (خُش۔ رو۔ ئی) خوبصورت ہونا۔
خوشروی (خُش۔ ر۔ وی) اچھی چال چلنا۔
خوش سواد (خُش۔ سواد) وہ شہر جس کا حوالی اچھا ہو۔
خوش سوادی (خُش۔ سوا۔ دی) اچھا سواد ہونا۔
خوش طبع (خُش۔ طب۔ ع) جسکی طبیعت خوش ہو۔
خوش طبعی (خُش۔ طب۔ عی) ٹھٹھول، ٹھٹھولا
خوش عنان (خُش۔ عنان) لگام کا سچا۔
خوش عنانی (خُش۔ عنا۔ نی) لگام کا سچا ہونا

خوش غلاف (خُش۔ غلاف) وہ تلوار جو ذرا سی
جنبش پر میان سے خود بخود نکل پڑے۔
خوش قطع (خُش۔ قط۔ ع) اچھی شکل والا،
اچھا ترشا ہوا۔
خوش قلم (خُش۔ قلم) عمدہ لکھنا کاغذ جس
پر لکھا جائے، اچھا خط لکھنے والا۔
خوش قلمی (خُش۔ قلمی) اچھا خط لکھنا۔
خوش گپ (خُش۔ گپ) اِدھر اُدھر کی
مزیدار باتیں کرنے والا۔
خوش گپی (خُش۔ گپ۔ پی) اِدھر اُدھر کی باتیں
خوش گو (خُش۔ گو) شیریں بیان۔
خوش گوار (خُش۔ گوار) مزیدار، زود ہضم۔
خوش گوئی (خُش۔ گو۔ ئی) شیریں بیانی۔
خوش لباس (خُش۔ لباس) اچھی پوشاک
پہننے والا، جس پر لباس اچھا لگے۔
خوش لباسی (خُش۔ لبا۔ سی) اچھی پوشاک پہننا
خوش معاش (خُش۔ معاش) اچھی طرح
بسر کرنے والا، نیک چلن۔
خوش معاشی (خُش۔ معا۔ شی) اچھی طرح بسر کرنا
خوشنشو (خوش۔ شو) سوکھنے والا۔
خوش نشین (خُش۔ نشین) جہاں چاہے وہیں
رہ پڑنے والا۔
خوش نشینی (خُش۔ نشی۔ نی) حسب مرضی رہ پڑنا
خوش نصیب (خُش۔ نصیب) بھاگوان، قسمت ور۔
خوش نصیبی (خُش۔ نصی۔ بی) اچھی قسمت ہونا۔
خوشنما (خُش۔ نما) جو خوبصورت نظر آوے۔
خوشنمائی (خُش۔ نما۔ ئی) خوبصورتی۔
خوشنود (خُش۔ نود) راضی، خوش۔
خوشنودی (خُش۔ نو۔ دی) رضامندی، خوشی
خوشنویس (خُش۔ نویس) خوشخط، خطاط
اچھا لکھنے والا۔

خوشنویسی (خُش-نَوِی-سی) اچھی لکھائی۔
خوشہ (خُو-شہ) اناج کی بالی، گچھا۔
خوشہ چین (خُو-شَہ-چِین) وہ اناج کی بالیں چننے والا جو کھیت کٹنے کے بعد پڑی رہجاتی ہیں، فائدہ حاصل کرنے والا۔
خوشہ چینی (خُو-شَہ-چِی-نِی) فائدہ حاصل کرنا۔
خوشی (خُشی) شادی، سرور۔
خوشیدن (خُو-شی-دَن) سوکھنا مصدر خُوشِیدہ۔
خوشیدنی (خُو-شی-دَنی) سوکھنے کے لائق۔
خوشیدہ (خُو-شی-دَہ) سوکھا ہوا۔
خوض (خَوض) سوچ بچار۔
خوف (خَوف) ڈر، ڈرنا۔
خوفناک (خَوف-ناک) ڈراونا۔
خوفناکی (خَوف-نا-کی) ڈراونا ہونا۔
خوک (خُوک) سور، بریلا۔
خوگر (خُو-گَر) خوگیر کا مخفف، عادی (خُو-گَر) عادی، جس کو کسی بات کی عادت پڑی ہوئی ہو۔
خوگیر (خُو-گیر) عادی۔
خول (خَول) ٹھاٹھ، دولت (خُول) غلاف۔
خولنجان (خُو-لِن-جَان) پان کی جڑ، کلیجن۔
خولیا (خُو-لیا) بیباک، دیوانہ مزاج، بے شرم۔
خون (خُون) لہو، قتل۔
خوناب، خونابہ (خُو-ناب، خُو-نا-بَہ) پانی اور لہو ملا ہوا، خون کا آنسو۔
خونابہ فشانی (خُو-نا-بَہ-فِشَا-نی) خوناب بکھیرنا۔
خون آشام (خُون-آ-شَام) لہو پینے والا۔
خون آشامی (خُون-آ-شَا-می) خون پینا۔
خونبار (خُوں-بَار) لہو برسانے والا۔
خونباری (خُوں-بَا-رِی) خون کی بارش، لہو برسانا۔
خونبہا (خُوں-بَہَا) قتل کا مالی معاوضہ، دیت۔
خونچکاں (خُوں-چَکَاں) لہو ٹپکتا ہوا۔

خونچکانی (خُوں-چَکَا-نی) لہو ٹپکنا۔
خون خرابہ (خُون-خَرَا-بَہ) کُشتا کُشتی۔
خونخوار (خُوں-خَوار) لہو پینے والا۔
خونخوارانہ (خُوں-خَوا-رَا-نَہ) لہو پینے والے کی مانند، خونخوار سے منسوب۔
خونخواری (خُوں-خَوا-رِی) خون پینا۔
خونخواہ (خُوں-خَواہ) خون کا چاہنے والا۔
خون خواہی (خُوں-خَوا-ہی) خون چاہنا۔
خونادار (خُوں-دَار) خونی، خون کرنے والا۔
خونداری (خُوں-دَا-رِی) خونی ہونا۔
خونریز (خُوں-رِیز) خون گرانے والا۔
خونریزی (خُوں-رِے-زی) لہو گرانا۔
خونفشاں (خُوں-فِشَاں) قاتل، لہو بہانے والا۔
خونفشانی (خُوں-فِشَا-نی) لہو بہانا۔
خون گرفتگی (خُوں-گِرِفْ-تَگی) جانہار ہونا۔
خون گرفتہ (خُوں-گِرِف-تَہ) جانہار۔
خون گرمی (خُوں-گَرْ-می) محبت، پریم۔
خوناب، خونابہ (خُوں-نَاب، خُوں-نَا-بَہ) دیکھو خوناب۔
خونی (خُو-نی) قاتل، ظالم، خون سے منسوب۔
خونیں (خُو-نِیں) خون سے تھڑا ہوا، خون سے منسوب۔
خوہلہ (خُو-لَہ) ٹیڑھا، کج۔
خوی (خَیْ) پسینا (خُوی) تھوک (خُوی) عادت، خصلت۔
خوید (خَوِید) گیہوں یا جو کا ہرا پیڑ، قصیل۔
خویش (خِیش) آپ، اپنا سگا، قوم، قریب، اہل، کسان۔
خویشاوند (خِے-شَا-وَند) اپنے لوگ، آپسدار۔
خویشاوندی (خِے-شَا-وَن-دِی) آپسداری۔
خویشتن (خِیش-تَن) آپ، اپنے آپ۔
خویش دار (خِیش-دَار) محتاط، احتیاط کرنیوالا۔

خویشگی (خِوِیْش ۔ گی) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
خویشی (خے ۔ شی) اپنایت، آپس داری۔
خہ (خَہ) کلمۂ تحسین، واہ وا۔
خہے (خِہے) مرحبا، آفریں۔
خی (خی)، پانی کی کھال۔
خیاب (خی ۔ یاب) بے بہرہ، نا امید۔
خیابان (خِیا ۔ بان) پارک، چمن، کیاری۔
خیار (خِیار) ۱۔ ککڑی، کھیرا ۲۔ اختیار، پسندیدگی، نیک لوگ۔
خیار زہ (خِیار ۔ زَہ) ککڑی۔
خیار شنبر (خِیار ۔ شَم ۔ بَر) املتاس۔
خیارک (خِیا ۔ رَک) چھڑے کا پھوڑا، بد۔
خیارین (خِیا ۔ رَین) کھیرا اور ککڑی دونوں۔
خیاشیم (خِیا ۔ شیم) خیشوم کی جمع۔
خیاط (خَی ۔ یاط) درزی (خِیاط) سوئی۔
خیاطت (خِیا ۔ طَت) سلائی کا ہنر۔
خیاطی (خَی ۔ یا ۔ طی) درزی کا پیشہ۔
خیال (خَیال) صورت جس کا تصور باندھا جاوے یا جو خواب میں نظر آوے، فکر، سوچ، گمان جمع اَخْیِلَہ، خیالات (خَیال) دیکھو خیار ۱۔
خیال آرا (خَیال ۔ آ ۔ را) اچھے خیال سوچنے والا۔
خیال آرائی (خَیال ۔ آ ۔ را ۔ ئی) اچھے خیال سوچنا۔
خیال خام (خَیا ۔ لِ ۔ خام) فضول خیال۔
خیالی (خَیا ۔ لی) خیال سے نسبت رکھنے والی چیز۔
خیام (خَی ۔ یام) خیمہ سینے والا (خِیام) خیمہ کی جمع۔
خیانت (خِیا ۔ نَت) امانت میں چوری، فریب، ناراستی۔
خیبت (خَی ۔ بَت) نا امیدی، یاس۔
خیبر (خَی ۔ بَر) دیکھو درۂ خیبر۔
خیتام (خَی ۔ تام) دیکھو خاتم۔

خبید (خَبِیدْ) دیکھو خوید۔
خمیدن (خَمی۔ دَنْ) خم دینا، ٹیڑھا ہونا مضم خمیدہ
خمیدہ (خَمی۔ دَہْ) خم دیا ہوا۔
خیر (خَیْرْ) نیکی، بھلائی جمع خیرات، خیرۃ، نیا آدمی جمع اخیار، (خَیِّ۔ یِرْ) بہت نیک، (خَیْرْ) کرم، نوازش۔
خیرات (خَیْ۔ رَاتْ) خیر کی جمع، دان، اُپْنا۔
خیراتی (خَیْ۔ رَا۔ تِی) خیرات والا۔
خیراندیش (خَیْرْ۔ اَنْ۔ دِیْشْ) دوست، بھلائی سوچنے والا، خیرخواہ۔
خیراندیشانہ (خَیْرْ۔ اَنْ۔ دِے۔ شَا۔ نَہْ) بھلا سوچنے والے کی مانند، خیراندیش سے منسوب۔
خیراندیشی (خَیْرْ۔ اَنْ۔ دِے۔ شِیْ) بھلائی سوچنا۔
خیرباد (خَیْرْ۔ بَادْ) بھلائی ہو جیو، رخصتی الوداع
خیرت (خَیْ۔ رَتْ) نیک عورت، نیک جمع خیرات (خَیْ۔ رَاتْ) برگزیدگی۔
خیرخواہ (خَیْرْ۔ خَوَاہْ) بھلائی چاہنے والا۔
خیرخواہی (خَیْرْ۔ خَوَا۔ ہِیْ) بھلائی چاہنا۔
خیرخیر (خِیْرْ۔ خِیْرْ) بیہودہ۔
خیرسگال (خَیْرْ۔ سِگَالْ) بھلائی سوچنے والا۔
خیرسگالی (خَیْرْ۔ سِگَا۔ لِیْ) بھلائی سوچنا۔
خیرگی (خِیْ۔ رَگِیْ) سرکشی، چکاچوندھ، اندھیر، شوخی، بے حیائی۔
خیرمقدم (خَیْرْ۔ مَقْ۔ دَمْ) استقبال، پیشوائی۔
خیرو (خِیْ۔ رُوْ) خیرو (خِیْ۔ رُوْ) خطمی، ہیٹا منا، گل خیرو۔
خیروعافیت (خَیْ۔ رُوْ۔ عَا۔ فِیَتْ) بھلائی اور
خیرہ (خِیْ۔ رَہْ) چکا چوندھ، ڈھیٹھ، سرکش (خَیْرَہْ) خیر کی جمع۔
خیری (خَیْ۔ رِیْ) (خِیْ۔ رِیْ) دیکھو خیرو۔
خیریت (خَیْ۔ رِیْ۔ یَتْ) نیکی، خیروعافیت
خیز (خِیْزْ) موج، لہر، اُٹھان، اُٹھنے والا۔

خیزان (خِیْ۔ زَانْ) اُٹھتا ہوا۔
خیزران (خَیْ۔ زُرَانْ، خَیْزْ۔ رَانْ) بید۔
خیزوبیز (خِیْ۔ زُوْ۔ بِیْزْ) اختلاط، ارتباط۔
خیستن (خِیْسْ۔ تَنْ) دیکھو خاستن۔
خیسانیدہ (خِیْ۔ سَا۔ دَہْ) بھگویا ہوا۔
خیسانیدن (خِیْ۔ سَا۔ نِیْ۔ دَنْ) بھگونا۔
خیسفوج (خَیْ۔ سَفُوْجْ) بنولا۔
خیسیدن (خِیْ۔ سِیْ۔ دَنْ) بھیگنا مضم خیسیدہ
خیسیدنی (خِیْ۔ سِیْ۔ دَنِیْ) بھیگنے کے لائق۔
خیش (خَیْشْ) ایک موٹا کپڑا (خَیْشْ) فرشی پنکھا۔
خیشوم (خَیْ۔ شُوْمْ) نتھنا جمع خیاشیم۔
خیط (خَیْطْ) ڈورا، دھاگا جمع اخیاط، خیوط۔
خیط اسود (خَیْ۔ طِ۔ اَسْ۔ وَدْ) رات کا اندھیرا۔
خیط ابیض (خَیْ۔ طِ۔ اَبْ۔ یَضْ) صبح کا اُجالا۔
خیطل (خَیْ۔ طَلْ) بلی، گربہ۔
خیف (خَیْفْ) باپ کی طرف سے سوتیلا بھائی جمع اخیاف (خَیَفْ) ایک نیلی اور دوسری کالی آنکھ ہونا۔
خیفہ (خِیْ۔ فَہْ) کھٹکا، ڈر۔
خیفا (خَیْ۔ فَا) اخیف کا مونث، ایک کالی اور دوسری نیلی آنکھ والی، لکھنے کی ایک صفت جس میں ایک کلمہ نقطہ دار اور دوسرا بے نقطہ سلسلے وار ہوتا ہے۔
خیک (خِیْکْ) پانی بھرنے کی مشک۔
خیل (خَیْلْ) گروہ، ٹکڑی، گھوڑوں کا گلہ، بہت، تھوڑا جمع خیول، اخیال۔
خیلا (خَیْ۔ لَا) وہ عورت جسکے بدن پر بہت سے تل ہوں
خیلال (خَیْ۔ لَالْ) خال بمعنی ماموں کی جمع۔
خیلان (خِیْ۔ لَانْ) خال بمعنی تل کی جمع۔
خیلتاش (خَیْلْ۔ تَاشْ) مالک، امیر، ایک ڈیوڑھی کے غلام یا نوکر۔

خیل خانہ (خَیْلْ۔ خَا۔ نَہْ) خاندان، کنبہ، کٹم۔
خیلے (خَیْ۔ لے) بہت زیادہ۔
خیم (خِیْمْ) عادت (خِیَمْ) خیمہ کی جمع۔
خیمگی (خَیْ۔ مَگِیْ) خیمہ نشین، فراش، تنبو سینے کی سوئی۔
خیمہ (خَیْ۔ مَہْ) تنبو، ڈیرہ جمع خیام، خیم۔
خیمہ گاہ (خَیْ۔ مَہْ۔ گَاہْ) کیمپ، چھاونی۔
خیو (خِیُوْ) تھوک، بزاق۔
خیوا (خِیْ۔ وَا) نام شہر (روسی ترکستان)

د

د (دَالْ) قائم مقام عدد ۴، حرف شمسی، متعدد حروف سے بدل ہے ۱۔ ا کے ساتھ مثلاً بدریا، بایں۔ ۲۔ ب کے ساتھ مثلاً دالان، بالان ۳۔ ت کے ساتھ دراج، تراج ۔ ۴۔ ج کے ساتھ مثلاً گرد، گرج ۔ ۵۔ ذ کے ساتھ مثلاً نبید، نبیذ۔ ۶۔ ز کے ساتھ مثلاً سرخ مرد، سرخ مرز ۷۔ س کے ساتھ مثلاً یاد، یاس۔ ۸۔ ش کے ساتھ کوداب، کوشاب۔ ۹۔ ط کے ساتھ مثلاً خطشہ، خدشہ ۔ ۱۰۔ گ کے ساتھ مثلاً کلنگ، کلند۔ ۱۱۔ ل کے ساتھ مثلاً درغ، لغ۔ ۱۲۔ ن کے ساتھ مثلاً گزیدہ، گزینہ۔ ۱۳۔ و کے ساتھ مثلاً بید، بیو۔ ۱۴۔ ہ کے ساتھ مثلاً تبرزد، تبرزہ ۔ ۱۵۔ ی کے ساتھ مثلاً ماوند، ماپندر۔
دا (دَا) دیوار کا دہ (دَار) دیکھو دار
داب (دَابْ) عادت، شان، ڈھنگ۔
دابر (دَا۔ بِرْ) پیچھے چلنے والا، ہر چیز کا آخیر حصہ۔
دابوغہ (دَا۔ بُوْ۔ غَہْ) ترلوز، ہندوانہ، حبحب۔
دابوغن (دَا۔ بُوْ۔ غَنْ) دنیا۔
دابہ (دَا۔ بَہْ) چوپایہ جانور جمع دواب۔

داثر (دَا-ثِرْ) غافل، ہلاک ہونیوالا۔
داج (دَاجْ) تاریکی، تاریک، گھٹاٹوپ اندھیرا۔
داجن (دَا-جِنْ) گھنگھور گھٹا، گھریلو، خانگی۔
داجیہ (دَا-جِیَہْ) اندھیری رات جمع دَوَاجِیْ
داحش (دَا-حِشْ) دور کرنے والا۔
داحض (دَا-حِضْ) پھسلنے والا، دور ہونے والا۔
داحضہ (دَا-حِضَہْ) جھوٹی حجت۔
داختن (دَاخْ-تَنْ) جاننا۔
داخس (دَا-خِسْ) چھلوری، کنز دمہ۔
داخل (دَا-خِلْ) اندرون، اندر آنے والا (دَا-خِلْ) ڈیوڑھی سے باہر کا دالان، دخول۔
داخلہ (دَا-خِلَہْ) اندرون، اندر آنے والی، ایکمرتبہ اندر آنے والا جمع دَوَاخِلْ۔
داخلی (دَا-خِلِیْ) اندرونی۔
داخول (جانوروں کو ڈرانے کیلئے باغ یا کھیتی میں آدمی کی تصویر، چشمارو۔
داخیدن (دَا-خِیْ-دَنْ) نظر ڈالنا۔
داد (دَادْ) بخشش، انصاف، فریاد۔
دادا (دَا-دَا) بوڑھی کنیز۔
دادار (دَا-دَارْ) عادل، انصاف کرنے والا۔
دادخواہ (دَادْ-خَوَاہْ) فریادی۔
دادخواہی (دَادْ-خَوَا-ہِیْ) فریاد، دہائی۔
داددہش (دَادْ-دِہِشْ) فیاضی، شاہ خرچی۔
دادر (دَا-دَرْ) بھائی، دوست۔
دادرس (دَادْ-رَسْ) منصف، انصاف کو پہنچنے والا
دادرسی (دَادْ-رَسِیْ) انصاف، انصاف کو پہنچنا
دادک (دَا-دَکْ) بوڑھا غلام۔
دادگر، دادگستر (دَادْ-گَرْ، دَادْ-گُسْ-تَرْ) منصف، انصاف کرنے والا۔
دادن (دَا-دَنْ) دینا مصدر دِہ۔
دادنی (دَا-دَنِیْ) دینے کے لائق، پیشگی قرض۔

دادوستد (دَادْ-وُ-سِتَدْ) لین دین۔
دادہ (دَا-دَہْ) دیا ہوا۔
دار (دَارْ) گھر، محلہ، سرائے جمع دِیَارْ، دِیَارَہْ، دِیَارَاتْ، اَدْوُرْ، اَدْوَارْ سولی، دار، درخت، لکڑی، رکھنے والا۔
دارا (دَا-رَا) خدا، بادشاہ، دولتمند، رکھنے والا، تلچھٹ۔
دارالآخرت (دَا-رُلْ-آ-خِرَتْ) قیامت۔
دارالاسلام (دَا-رُلْ-اِسْ-لَامْ) مسلمانوں کی بادشاہت کی جگہ، اسلام کی جگہ۔
دارالاقامت (دَا-رُلْ-اِقَا-مَتْ) بورڈنگ ہاؤس، ٹھہرنے کی جگہ، طالبعلموں کی قیامگاہ۔
دارالامارت (دَا-رُلْ-اِمَا-رَتْ) راجدھانی۔
دارالامان (دَا-رُلْ-اَمَانْ) امن چین کا گھر۔
دارالایتام (دَا-رُلْ-اَیْ-تَامْ) یتیم خانہ۔
دارالبقا (دَا-رُلْ-بَقَا) آخرت، ہمیشگی کا گھر۔
دارالبوار (دَا-رُلْ-بَوَارْ) ہلاکی کا گھر، دوزخ۔
دارالحرب (دَا-رُلْ-حَرْبْ) لڑائی کا گھر، وہ ملک جس میں مسلمانوں کو اپنے دین کی پیروی کرنے سے روکا جائے ایسا ملک جہاد کرنیکے لائق ہے۔
دارالخلافت (دَا-رُلْ-خِلَا-فَتْ) راجدھانی۔
دارالسلام (دَا-رُسْ-سَلَامْ) سلامتی کا گھر، بہشت۔
دارالسلطنت (دَا-رُسْ-سَلْ-طَنَتْ) راجدھانی، پایۂ تخت۔
دارالشرع (دَا-رُشْ-شَرْعْ) اسلامی عدالت۔
دارالشفا (دَا-رُشْ-شِفَا) صحتگاہ، ہسپتال۔
دارالشوری (دَا-رُشْ-شُوْ-رَا) کونسل، مشورے کی جگہ۔
دارالصفا (دَا-رُصْ-صَفَا) خانہ کعبہ۔
دارالضرب (دَا-رُضْ-ضَرْبْ) ٹکسال، ٹھپہ خانہ۔
دارالضیف (دَا-رُضْ-ضَیْفْ) مہمان خانہ۔
دارالعدالت (دَا-رُلْ-عَدَا-لَتْ) کچہری۔

دار العلوم (دَا۔رُل۔عُلُوم) مدرسہ، کالج، یونیورسٹی
دار العیار (دَا۔رُل۔عِیَار) ٹکسال۔
دار الفنا (دَا۔رُل۔فَنَا) دُنیا۔
دار القرار (دَا۔رُل۔قَرَار) بہشت، جنت۔
دار القضا (دَا۔رُل۔قَضَا) عدالت کچہری۔
دار القمامہ (دَا۔رُل۔قُمَا۔مَہ) چکلہ، قحبہ خانہ۔
دار الکتب (دَا۔رُل۔کُتُب) کتب خانہ۔
دار الملک، دار المرز (دَا۔رُل۔مُل۔ک، دَا۔رُل۔مَرْز) راجدھانی۔
دار النعیم (دَا۔رُن۔نَعِیم) بہشت۔
دار باز (دَار۔بَاز) نٹ، بازیگر۔
دار بست (دَار۔بَس۔ت) پاڑ، بیلدار پیڑ کو چڑھانے کا ٹھاٹھر۔
دار چوب (دَار۔چُوب) الگنی۔
دار چینی (دَار۔چِی۔نِی) ایک لکڑی جو مسالہ میں کام آتی ہے۔
دارس (دَا۔رِس) حیض والی عورت۔
دارش (دَا۔رِش) کالا چمڑا، سیاہ رنگ کا چمڑا
دار ششدر (دَار۔شَش۔دَر) شش جہت خانہ، دُنیا۔
دارع (دَا۔رِع) زرہ پوش۔
دار فلفل (دَار۔فِل۔فِل) پیپل جو ایک دوا ہے
دار مدار (دَار۔مَدَار) قرار، ٹھہراؤ۔
دارندہ (دَا۔رِن۔دَہ) رکھنے والا۔
دارو (دَا۔رُو) دوا۔
داروغہ (دَا۔رُو۔غَہ) نگران کار، مہتمم، افسر
دار و گیر (دَا۔رُو۔گِیر) پکڑ دھکڑ۔
دارہ (دَا۔رَہ) ہالہ۔
داری (دَا۔رِی) صاحب دولت، عطار، ملاح۔
دارین (دَا۔رَین) دونوں جہان، دونوں جگہیں
داس (دَاس) درانتی، اناج کی بالی کا ڈور۔

داستان (دَاس۔تَان) شہرت، قصہ، کہانی۔
داش (دَاش) بھٹی، الاؤ، آگ کی جگہ۔
داشت (دَاش۔ت) دیکھ رکھاؤ، رکھوالی۔
داشتن (دَاش۔تَن) رکھنا۔ مضارع دارد
داشتہ (دَاش۔تَہ) رکھا ہوا، مدخولہ، ناجائز بیوی۔
داعی (دَا۔عِی) بلانے والا، دعا گو، جمع دُعَاۃ۔
داعیہ (دَا۔عِیَہ) خواہش، ارادہ، درخواست جمع دَوَاعِی۔
داغ (دَاغ) دھبہ، نشان، ٹیکہ۔
داغچہ (دَا۔غِچَہ) چپنی، ہانڈی کا ڈھکن۔
داغی (دَا۔غِی) جس پر دھبہ ہو، داغ والی چیز۔
دافع (دَا۔فِع) دور کرنے والا، باز رکھنے والا۔
دافعہ (دَا۔فِعَہ) دفع کرنے کی قوت۔
دافق (دَا۔فِق) اچھالنے والا، پانی بکھیرنے والا۔
دال (دَال) رہنما، دلالت کرنے والا (دَال)، عقاب (دُ۔آل) گیدڑ وغیرہ کی نسل کا ایک جانور۔
دالان (دَا۔لَان) دہلیز، خانہ، پٹا ہوا راستہ۔
دالق (دَا۔لِق) خوش غلاف۔
دام (دَام) ۱۔ ہمیشہ، موجود ۲۔ چرندہ جانور، جال، پھندا، قرض، دمڑی، نام وزن۔
دامار (دَا۔مَار) دریا، سمندر۔
داماد (دَا۔مَاد) دولہا، بیٹی کا شوہر۔
دامان (دَا۔مَان) دیکھو دامن۔
دام خام (دَام۔خَام) تولہ بھر وزن۔
دامع (دَا۔مِع) اشک ریز، آنسو بہانے والا۔
دامغ (دَا۔مِغ) سر توڑ۔
دامن (دَا۔مَن) آنچل۔
دامن افشان (دَا۔مَن۔اَف۔شَان) دامن جھاڑتا ہوا، اِٹھلانے کی چال۔
دامن شب (دَا۔مَن۔شَب) پچھلی رات، اخیر شب۔

دامن کشان (دَا۔مَن۔کَشَان) خراماں چلتا ہوا، متکبر، متعجب
دامن کوہ (دَا۔مَن۔کُوہ) پہاڑ کی تلیٹی۔
دامن گیر (دَا۔مَن۔گِیر) دامن پکڑنے والا، دعویٰ کرنے والا۔
دامنی (دَا۔مَنِی) ایک عرض کی چادر۔
دامیدن (دَا۔مِی۔دَن) بیج بونا۔
دامیدہ (دَا۔مِی۔دَہ) بیج بویا ہوا
دان (دَان) جاننے والا۔
دانا (دَا۔نَا) عقلمند، جاننے والا جمع دَانایان
دانائی (دَا۔نَا۔ئِی) عقلمندی۔
دانچہ (دَان۔چَہ) مسور، عدس۔
دانست (دَا۔نِس۔ت) آگاہی، جان بوجھ۔
دانستن (دَا۔نِس۔تَن) جاننا مفہوم دانا۔
دانستنی (دَا۔نِس۔تَنِی) جاننے کے لائق۔
دانستہ (دَا۔نِس۔تَہ) جان بوجھکر، جانا ہوا۔
دانش (دَا۔نِش) عقلمندی، دانائی۔
دانشی (دَا۔نِشِی) عقلمند۔
دانق (دَا۔نِق) نادان آدمی، چور، بردا جو بابہ۔
دانگ (دَانگ) چھ رتی وزن، حصہ۔
دانگانہ (دَان۔گَا۔نَہ) اسباب خانگی، خوش تین، سیلا ہونکا باہمی چندہ جو خرچ سفر کیلئے جمع کریا
دانندہ (دَا۔نِن۔دَہ) جاننے والا۔
دانہ (دَا۔نَہ) مال واسباب، بیج، پھل۔
دانہ سپیر (دَا۔نَہ۔اِسپِیر) ہرن کا چرا۔
دانہ ہیل (دَا۔نَہ۔اِہیل) الائچی دانہ۔
دانی (دَا۔نِی) ادھا، نزدیک، ناکس، کمینہ۔
دانیال (دَان۔یَال) دیکھو درۂ دانیال۔
دانیہ (دَا۔نِیَہ) نزدیک ہونے والی۔
داو (دَاو) جوئے کی بازی، مکر، فحش،

دیوار، ردہ یعنی دیوار کی چنائی کی ایک تہ۔
داور (دَا۔وَر) انصاف والا، حاکم۔
داوری (دَا۔وَرِی) حکومت، پنچایت۔
داوریگاہ (دَا۔وَرِی۔گَاہ) عدالت، پنچایت کی جگہ۔
داہ (دَاہ) باندی، لونڈی۔
داہا (دَا۔ہَا) پہاڑی کھو، درہ۔
داہول (دَا۔ہُول) دیکھو داخول۔
داہی (دَا۔ہِی) چتر، عقلمند جمع دُہات۔
داہیہ (دَا۔ہِیَہ) زمانہ کی سختی جمع دَواہی، اَدْہِیَہ۔
دار (دَار) دکھ، بیماری جمع اَدْوَار۔
داء الاسد (دَا۔اُل۔اَسَد) کوڑھ کی بیماری۔
داء الثعلب (دَا۔اُث۔ثَع۔لَب) بال جھڑنے کی بیماری۔
دائر (دَا۔اِر) گرد پھرنے والا، گھیرنے والا۔
دائر و سائر (دَا۔اِرُو۔سَا۔اِر) قطعی، بااختیار۔
دائرہ (دَا۔اِرَہ) گھیرا، حلقہ، صیغہ، محکمہ، گول خط، اطراف جمع دَوَائر۔
دائرۃ الرسومات (دَا۔اِرَتُر۔رُسُو۔مَات) چنگی خانہ، کسٹم ہاؤس یعنی محصول وصول کرنیکا محکمہ۔
دائرۃ المعارف (دَا۔اِرَتُل۔مَعَا۔رِف) انسائکلو پیڈیا، احصاء العلوم، قاموس الاعلام۔
دائم (دَا۔اِم) ہمیشہ۔
دائماً (دَا۔اِمَن) ہمیشہ، ہر وقت، نت۔
دائمی (دَا۔اِمِی) منسوب بہ دائم۔
دائن (دَا۔اِن) قرض دینے والا۔
دائی (دَا۔اِی) دودھ پلائی، انا۔
دائص (دَا۔اِص) چور۔
دایہ (دَا۔یَہ) دیکھو دائی۔
دب (دُب) ریچھ، خرس (دَب) دبے پاؤں چلنا، (دَبّ) اغلام کرنا۔

دبا (دُبْ ، با) کدو (دَبَا) لاٹھی مارنا۔
دباب (دَبَابْ) اعلام، لواقت۔
دبابہ (دُبَابَہْ) بدھ، چارشنبہ، یوم الاربعار۔
دب الاصغر (دُبْ ، اَلْ ۔ اَصْ ۔ غَرْ) آسمانی تاروں کی ایک شکل۔
دباغ (دَبْ ، بَاغْ) چمڑا کمانے والا۔
دباغت (دِبَا ۔ غَتْ) چمڑا کمانا۔
دباغہ (دَبْ ، با ۔ غَہْ) دباغت خانہ، ٹینری۔
دب اکبر (دُبْ ، اَکْ ۔ بَرْ) آسمانی تاروں کی ایک شکل۔
دبدبہ (دَبْ ۔ دَبَہْ) طبل کی آواز، ہیبت، بڑائی۔
دبر (دُبْ ، ر ، دُبُرْ) مقعد، پیچھا جمع اَدْبَارْ۔
دبنز (دَبْ ، ز) موٹا، دلدار۔
دبس (دِبْ ، س) شیرۂ انگور، دوشاب۔
دبستان (دَبِسْ ۔ تَاں) مکتب۔
دبق (دِبْ ، ق) سریش (دَب ، ق) لعاسہ۔
دبوب (دَبُوْب) کھڈا، گہرا غار۔
دبور (دَبُوْر) پچھوا ہوا (دُبُوْر) بھڑ، تتیا۔
دبوس (دَبُّوْس ، دَبْ ۔ بُوْس) آہنی سوٹا، گرز جمع دَبَابِیْس۔
دبوسہ (دَبُوْ ۔ سَہْ) جہاز کی کوٹھری، کیبن، اسباب کی کشتی۔
دبول (دُبُوْل) کھاد ڈالنا، کھیت کھدایا۔
دبہ (دَبْ ، بَہْ) کپہ جمع دِبَابْ (دُب ، بَہْ) راہ، چال۔
دبیب (دَبِیْب) دروازہ، راستہ، رینگنا۔
دبیبہ (دُبَیْ ۔ بَہْ) چھوٹی بکچی (ٹرنک)۔
دبیر (دَبِیْر) منشی، اڈیٹر۔
دبیرستان (دَبِیْ ۔ رِسْ ۔ تَاں) دفتر، مکتب۔
دبیرہ (دُبَیْ ۔ رَہْ) چھوٹی بھڑ، زنبورچہ۔
دبیز (دَبِیْز) موٹا، دلدار۔

دثار (دِثَار) اوڑھنا، اوپر اوڑھنے کا کپڑا۔
دثر (دَثَرْ) کپڑے کا میل کچیل۔
دثور (دَثُوْر) گمنام آدمی، نیند کا ماتا۔
دجاج (دَجَاجْ) مرغی مرغا۔
دجاجہ (دَجَا ۔ جَہْ) مرغی جمع دُجَاجْ۔
دجال (دَجْ ۔ جَالْ) بہت فریبی، سونا، جوہر تلوار۔
دجدج (دَجْ ۔ دَجْ) کڑھی کڑھی، مرغیوں کو بھگانے کی آواز۔
دجر (دَجَرْ) لوبیا، رماس۔
دجل (دَجْ ، ل) فریب، جھوٹ۔
دجلہ (دِجْ ۔ لَہْ) جھیل، نام دریا (عراق)
دجمہ (دُجْ ۔ مَہْ) تاریکی، اندھیرا۔
دجی (دُجَا) رات کا اندھیرا۔
دجیہ (دُجْ ۔ یَہْ) شہد کی مکھی۔
دخ (دُخْ) شہاب ثاقب، بان، ہوائی، (دُخْ) دختر (دَخْ) ہر چیز کا خلاصہ، فوج کا پرلہ، اچھا۔
دخان (دُخَانْ) دھواں جمع دَوَاخِنْ، اَدْخِنَہْ سوکھا تمباکو۔
دخانی (دُخَا ۔ نِیْ) دھوئیں والا۔
دخت، دختر (دُخْ ، ت ، دُخْ ۔ تَرْ) بیٹی۔
دختر خانہ (دُخْ ۔ تَرِ ۔ خَانَہْ) بن بیاہی بیٹی۔
دختر رز (دُخْ ۔ تَرِ ۔ رَزْ) شراب انگوری۔
دختر مادر (دُخْ ۔ تَرْ ۔ دَرْ) سوتیلی بیٹی۔
دختری (دُخْ ۔ تَرِیْ) دوشیزگی، کنوارپن۔
دخترندر (دُخْ ۔ تَنْ ، دَرْ) دیکھو دخترمادر۔
دخریص (دِخْ ۔ رِیْص) کلی جمع دَخَارِیْص۔
دخص (دَخْ ، ص) باندی، لونڈی۔
دخل (دَخْ ، ل) آمدنی، درآمد، کام میں اعتراض
دخلیاب (دَخْ ، ل ۔ یَابْ) دخل پانے والا۔
دخلیابی (دَخْ ، ل ۔ یَا ۔ بِیْ) دخل پانا۔

دخمہ (دَخ۔مَہ) پارسیوں کا مردے خانہ، مقبرہ، سرداب، لحد، شگاف۔
دخن (دَخ۔ن) دھواں نکلنا (دُخ۔ن) دیکھو دُخنہ۔
دخنہ (دُخ۔نَہ) چینا۔
دخول (دُخُول) اندر پڑنا، گھسنا۔
دخیل (دَخِیل) دخل دینے والا، کارندار۔
دد (دَد) چیرنے پھاڑنے والا چوپایہ۔
ددک (دَدَک) ددا، بچوں پر ملازمہ۔
ددہ (دَدَہ) قلندر، درندہ جانور۔
در (دَر) میں، اندر، بیچ، دروازہ، پھاڑنے والا (دَرّ) گائے بکری کا دودھ، نیک کام، خیر (دُرّ) موتی۔
درا (دَرا) گھنٹہ، جرس۔
دراج (دُرّاج) تیتر (دَرّاج) سیہہ، خارپشت، ایک کانٹوں دار جنگلی چوپایہ جانور۔
دراجہ (دُرّاجہ) تیتر (دَرّاجہ) قلعہ کا برج، بچہ کا گاڑی۔
درازی (دَرازی) دری کی جمع۔
دراز (دَراز) لمبا، لانبا۔
دراز دستی (دَراز۔دَس۔تی) ظلم، زیادتی۔
دراز دم (دَراز۔دُم) گرگٹ، کرکینٹا۔
دراز شدن (دَراز۔شُدَن) سونا، لیٹ جانا۔
دراز گوش (دَراز۔گوش) ایک لمبے کان کا گدھا۔
دراز نفسی (دَراز۔نَفَسی) طول کلامی، جبن دمی۔
درازی (دَرازی) لمبائی۔
دراست (دِراسَت) سبق کہنا۔
دراعہ (دُرّاعہ) نقیروں کا ایک لباس۔
دراک (دَرّاک) بات کی تھاہ لانے والا۔
درام (دُرام) سیہہ، خارپشت۔
درآمد (دَر۔آمَد) اندر کی آمد۔
درآمدن (دَر۔آمَدَن) اندر آنا۔

درال (دَرّال) پھاڑتا ہوا (دَر۔آل) ناک، پال، آہن، پیا۔
درانی (دُرّانی) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
درانیدن (دَرانِیدَن) پھڑوانا (دَر۔آنِیدَن) آواز کرنا۔
دراو (دَراو) بیچ اس کے۔
درآوردہ (دَر۔آوَردَہ) کچھ تیچ۔
درآویختن (دَر۔آویختَن) لٹکنا، لٹک جانا۔
دراہم (دَراہم) درہم کی جمع۔
درائیدن (دَرائیدَن) آواز کرنا، مضم دَرآید۔
درای (دَرای) گھنٹہ، آواز کرنے والا۔
درایت (دِرایَت) دانائی، عقل، جاننا۔
درب (دَرب) دروازہ جمع دُرّاب (دُرّب) عقل، عادت۔
درباب (دَر۔باب) بابت، بارے میں۔
درباختن (دَر۔باخ۔تَن) ہار جانا۔
دربار (دَر۔بار) کچہری، بادشاہی (دُرّ۔بار) موتی برسانے والا۔
دربارہ (دَر۔بارَہ) بابت، بارے میں۔
درباری (دَر۔باری) دربار میں بیٹھنے والا (دُرّ۔باری) موتیوں کی بارش۔
درباش (دُور۔باش) امیروں کے جلوس کا چھوٹا نیزہ۔
دربان (دَر۔بان) ڈیوڑھی بان۔
دربانی (دَر۔بانی) ڈیوڑھی بانی۔
دربدر (دَر۔بَدَر) ایک سے دوسرے دروازے۔
دربست (دَر۔بَست) دیکھو دربست۔
دربند (دَر۔بَند) قلعہ کا دروازہ، پل، ابتدا، دو دالانوں کا درمیانی فاصلہ۔
دربندان (دَر۔بَن۔دان) ہڑتال۔
درپردہ (دَر۔پَردَہ) دروازہ کا پردہ، پردے میں۔

درپوش (دَر-پوش) در ولیش، دروازہ ڈھکنے والا۔
درپی (دَر-پَی) تتابع، پیچھے، پیوند۔
درپیش (دَر-پیش) سامنے۔
درج (دَرْج) نقشین خط، خطاط کی تحریر، لکھا ہوا کاغذ جمع دراج (دُرْج) جواہرات یا زیورات کا صندوقچہ جمع دِرَجَہ، اَدْرَاج (دَرَج) درجہ کی جمع۔
درجج (دُر-جُج) اربر، شاطل، دسمر۔
درجک (دُر-جَک) ڈبیا، صندوقچی۔
درجہ (دَر-جَہ، دَرَجَہ) زینہ، پایہ، مرتبہ جمع دَرَجات، دَرَج۔
درحال (دَر-حَال) اسی وقت۔
درخانہ (دَر-خَا-نَہ) دیکھو دریخانہ۔
درخت (دَرَخ-ت) پیڑ، رُکھ جمع دَرَخْتان، درختہا۔
درختستان (دَرَخ-تِس-تان) پیڑوں کا کنج۔
درختک (دَرَخ-تَک) چھوٹا پیڑ۔
درخج (دَر-خَج) دیکھو فرخج۔
درخش (دُرَخْ-ش، دُرَخْ-ش) بجلی، چمک، روشنی۔
درخشاں (دُرَخْ-شاں) چمکتا ہوا۔
درخشانیدن (دُرَخْ-شا-نِی-دَن) چمکانا۔
درخشندہ (دُرَخْ-شَن-دَہ) چمکنے والا۔
درخشیدن (دُرَخْ-شی-دَن) چمکنا مضارع دَرَخْشَد۔
درخشیدنی (دُرَخْ-شی-دَنی) چمکنے کے لائق، چمکیلی چیز۔
درخشیدہ (دُرَخْ-شی-دَہ) چمکا ہوا۔
درخف (دُر-خَف) بھونرا، بوز۔
درخور، درخورد (دَر-خُر، دَر-خُرْد) لائق، سزاوار۔
درخواست (دَر-خَواس-ت) عرضی، التماس، عرض حال۔
درد (دَرْد) دُکھ (دُرْد) تلچھٹ۔
دردا (دَر-دَا) افسوس، ہائے درد (دُر-دَا) بوپلی، وہ عورت جس کے دانت اُکھڑ گئے ہوں۔
درداب (دُر-دَاب) بھنور، چرخاب، ورطہ۔
دردانہ (دُر-دَا-نَہ) موتی کا دانہ۔
دردک (دُر-دَک) پتلا پیندھن۔
دردکش (دُرْد-کَش) تلچھٹ پینے والا۔
دردکشی (دُرْد-کَشی) تلچھٹ پینا۔
دردم (دَر-دَم) اسی وقت۔
دردمند (دَرْد-مَن-د) دُکھی، دُکھ والا۔
دردمندی (دَرْد-مَن-دی) دُکھ والا ہونا۔
دردناک (دَرْد-ناک) درد سے بھرا ہوا۔
دردناکی (دَرْد-نا-کی) درد سے بھرا ہونا۔
دردی (دُر-دی) تلچھٹ۔
درر (دُرَر) درہ کی جمع۔
درز (دَرْز) ٹانکا، دراڑ جمع دُرُوز۔
درزدن (دَر-زَدَن) طالب ہونا، مانگنا۔
درزمان (دَر-زَمان) اسی وقت۔
درزن (دَر-زَن) سوئی، سوزن۔
درزی (دَر-زی) خیاط، کپڑا سینے والا۔
درس (دَرْس) سبق (دِرْس) پرانا کپڑا جمع دِراس۔
درساعت (دَر-سا-عَت) فی الفور، معاً۔
درست (دُرُس-ت) ٹھیک، تمام، سچ۔
درستی (دُرُس-تی) صحت، ٹھیک پن۔
درسی (دَر-سی) منسوب بہ درس، پڑھائی سے متعلق۔
درشت (دُرُش-ت) سخت، کھُردرا، کھُردرا۔
درشتی (دُرُش-تی) بدخلقی، ترشی، کھُردراپن۔
درشہوار (دُرِّ-شَہ-وار) بادشاہوں کے لائق موتی۔

درص (دِرَص) جنگلی چوہے یا بلی کا بچہ۔
درع (دِرْع) زرہ، پیرہن، پوشاک، لباس۔
درعہ (دَرْ۔عَہْ) گُرز۔
درفالہ (دَرْ۔فَا۔لَہْ) پہاڑی درہ۔
درفش (دُرَفْش) اُبھرا ہوا (دَرَفْش) سُتالی۔
درفشاں (دُرَفْ۔شَاں) چمکتا ہوا، روشن (دُرْ۔فِشَاں) موتی جھاڑنے والا۔
درفشندہ (دُرَفْ۔شَن۔دَہْ) چمکنے والا۔
درفشیدن (دُرَفْ۔شِی۔دَنْ) چمکنا، کانپنا۔ مضارع درفشد۔
درفشیدہ (دُرَفْ۔شِی۔دَہْ) چمکا ہوا۔
درق (دَرْق، دَرَق) درقہ کی جمع۔
درقہ (دَرْ۔قَہْ) ڈھال، زرہ جمع دَرَق۔
درک (دَرْک) معلوم، دریافت (دَرَک) دوزخ کا طبقہ جمع دَرَکَات۔
درکا (دَرْ۔کَار) ضرورت، خواہش، کام میں۔
درکشا (دَرْ۔کُشَا) تالی، کنجی، دروازہ کھولنے والا۔
درکل (دَرْ۔کُل) تمام، بالکل۔
درکنار (دَرْ۔کِنَار) ایک طرف۔
درکہ (دَرْ۔کَہْ، دَرَکَہْ) تلیٹی، دوزخ کا طبقہ جمع دَرَکَات۔
درگاہ (دَرْ۔گَاہْ) دربار، کچہری، مقبرہ۔
درگذر (دَرْ۔گُزَر) چھوڑ، چھوٹ۔
درم (دِرَم) پیسہ، دمڑی، درہم۔
درم سرا (دِرَم۔سَرَا) ٹکسال، دار الضرب۔
درما (دَرْ۔مَا) خرگوش۔
درمان (دَرْ۔مَان) علاج، دوا۔
درماندن (دَرْ۔مَان۔دَن) عاجز ہونا، لاچار ہونا۔
درماندہ (دَرْ۔مَان۔دَہْ) ناچار، عاجز۔
درماہہ (دَرْ۔مَا۔ہَہْ) ماہواری تنخواہ۔
درماہہ دار (دَرْ۔مَا۔ہَہْ۔دَار) ماہواری تنخواہ دار۔
درمکنون (دُرِّ مَکْ۔نُوْن) یکتا موتی۔
درمک (دَرْ۔مَک) سفید روٹی، میدہ۔
درمکہ (دَرْ۔مَکَہْ) چھپی روٹی۔
درمل (دُرْ۔مَل) دیکھو دملی۔
درمن (دَرْ۔مَنْ) دیکھو درماں۔
درمیان (دَرْ۔مِیَان) بیچ، اوسط۔
درمیانی (دَرْ۔مِیَا۔نِی) بیچ والا، منسوب بدرمیان۔
درن (دَرَن) جونک، میل۔
درندہ (دَرِنْ۔دَہْ) پھاڑنے والا۔
درنفس (دَرْ۔نَفْس) فی الحال۔
درنگ (دِرَنْگ) دیر، ڈھیل، آہستہ۔
درو (دَرَو) کٹائی (دَرْو) بیچ اُس کے۔
دروا، درواز (دَرْ۔وَا، دَرْ۔وَاز) پاؤں بندھا، محتاج، حیران، حاجت۔
دروازہ (دَرْ۔وَا۔زَہْ) ڈیوڑھی۔
دروازۂ (دَرْ۔وَازْ) دیکھو درواز۔
دروان (دَرْ۔وَانْ) دیکھو دربان۔
درواہ (دَرْ۔وَاہْ) دیکھو درواز۔
درواہی (دَرْ۔وَاہِی) دیکھو دروا۔
دروبست (دَرُو۔بَسْت) سب، تمام، کامل بندھائی۔
درود (دُرُود) رحمت، استغفار، دعا، تسبیح، خدا کی یاد۔ ۲۔ کھیتی یا لکڑی کی کٹائی۔
درودگر (دُرُود۔گَر) بڑھئی۔
درودن (دُرُو۔دَن) کھیت کاٹنا مضارع دُرَوَد۔
درودہ (دُرُو۔دَہْ) کاٹا ہوا۔
درور (دَرُوْر) دودھاری، دودھیل (دُرُور) پسینہ یا دودھ جاری ہونا۔
دروز (دُرُوز) درزی کی جمع۔
دروزی (دُرُو۔زِی) ملک شام کے مسلمانوں

کا ایک فرقہ جمع دروز

دروش (دُرَوْش) نشتر، داغ، نشان۔

دروغ (دُرُوغ) جھوٹ، کذب۔

دروغ زن، دروغ گو، دروغ باف (دُرُوغ۔زَن، دُرُوغ۔گو، دُرُوغ۔باف) جھوٹا۔

دروغگوئی، دروغبافی (دُرُوغ۔گوئی، دُرُوغ۔بافی) جھوٹ بولنا۔

دروغی (دُرُوغی) جھوٹا۔

درون (دَرُون) اندر، درمیان۔

درونہ (دُرُو۔نَہ) دل، قلب، ہردا۔

درونی (دَرُو۔نی) اندرونی۔

دریوزہ (دَر۔یو۔زَہ) گدائی، فقیری۔

درویش (دَر۔وِیش) فقیر، بھکاری۔

درویشانہ (دَر۔وِے۔شا۔نَہ) فقیروں کی مانند۔

درویشی (دَر۔وِے۔شی) فقیری۔

درہ (دُر، دَرَہ) بڑا موتی جمع دُرَر تو تا، بغداد (دِرَہ) درہ، چمڑے کا کوڑا (دَرَہ، دَرَّہ) پہاڑی راستہ، ادھیڑی۔

درۂ خیبر (دَرَ۔ئے۔خَے۔بَر) شمال ومغربی ہندوستان کا تاریخی درہ۔

درۂ دانیال (دَرَ۔ئے۔دا۔نِیال) جنوبی یورپ اور مغربی ایشیا کا درمیانی تاریخی سمندر۔

درہم (دِرْ۔ہَم) ساڑھے تین ماشہ کا وزن جمع دَرَاہِم (دَرْ۔ہَم) تتر بتر، خفا، پریشان۔

درہمی (دَرْ۔ہَمی) گڑبڑ۔

دری (دُرْ، دَرِی) بڑا اور روشن ستارہ جمع دَرَارِیِ (دَرِی) مروج فارسی زبان کی ایک شاخ۔

دریا (دَر۔یا) ندی، بحر۔

دریا بار (دَر۔یا۔بار) سمندر، دریا، سکھ بوجھ۔

دریا بار (دَر۔یا۔بار) بڑا دریا، جزیرہ، دریا کے کنارے کا ملک۔

دریا بیگی (دَر۔یا۔بے۔گی) امیر البحر، بحری سردار۔

دریا دل (دَر۔یا۔دِل) جوانمرد، سخی، فیاض۔

دریا دلی (دَر۔یا۔دِلی) جوانمردی، سخاوت، فیاضی۔

دریافت (دَر۔یا۔فت) بوجھ، پوچھ، تحقیق۔

دریافتن (دَر۔یاف۔تَن) پانا، تحقیق کرنا۔

دریافتنی (دَر۔یاف۔تَنی) تحقیق کے لائق۔

دریا کار (دَر۔یا۔کار) جو دریا کا کام کرے۔

دریائی (دَر۔یا۔ئی) منسوب بہ دریا۔

دریائے احمر (دَر۔یا۔ئے۔اَح۔مَر) سرخ دریا۔

دریائے زخار (دَر۔یا۔ئے۔زَخ۔خار) اتھاہ سمندر، چڑھا ہوا دریا، پانی سے بھرا ہوا دریا۔

دریتیم (دُرِّ۔یَتیم) وہ موتی جو سیپ میں اکیلا پیدا ہو۔

دریچہ (دَرِی۔چَہ) کھڑکی، چھوٹا سا دروازہ۔

دریخانہ (دَرِی۔خا۔نَہ) درگاہ، دربار شاہی۔

دریدن (دَرِی۔دَن) پھاڑنا مضم دَرَد کھینچ کاٹنا مضم دَرَوَد۔

دریدہ (دَرِی۔دَہ) پھاڑا ہوا۔

دریدہ دہن (دَرِی۔دَہ۔دَہَن) منہ پھٹ۔

دریغ (دَرِیغ) افسوس، حسرت، غم۔

دریغا (دَرِے۔غا) افسوس ہے، غم ہے۔

دریں (دَرِیں) اس میں۔

دریں تازگی (دَرِیں۔تا۔زَگی) حال میں۔

دریں حرف (دَرِیں۔حَرْف) اسی اثنا میں۔

دریں خصوص (دَرِیں۔خُصُوص) اس بارے میں۔

دریوزہ (دَر۔یو۔زَہ) گدائی، بھیک۔

دریوزہ گر (دَر۔یو۔زَہ۔گَر) بھکاری۔

دریوزگی (دَر۔یوز۔گی) بھیک، بھکاری پن۔

دریوش (دَر۔یوش) دیکھو درویش۔

درز (دَرْز) محل، بالاخانہ (دِرْز) قلعہ، حصار۔

دزد (دُزْد) چور۔

دزد افشار (دُزْد۔اَف۔شار) تھانگی۔

دزدانیدن (دُزْ-دَا-نِیْ-دَنْ) چوری کرانا۔
دزدندہ (دُزْ-دِنْ-دَہْ) چرانے والا۔
دزدی (دُزْ-دِیْ) چوری۔
دزدیدن (دُزْ-دِیْ-دَنْ) چرانا مضم دُزْدَوْ۔
دزدیدہ (دُزْ-دِیْ-دَہْ) چرایا ہوا، چرائی ہوئی۔
دزیمہ (دُزِیْ-مَہْ) درجن، بارہ چیزیں اکٹھی۔
دژ (دِژْ) کوشک، گڑھی، بھونڈا، خراب۔
دژبان (دِژْ-بَانْ) قلعہ والا۔
دژخیم (دِژْ-خِیْم) بری عادت والا۔
دژک (دِژَکْ) رستی کابل۔
دژم (دُژَمْ) غمگین، غصیلا۔
دژمان (دُژْ-مَانْ) حسرت و افسوس۔
دژن (دُژَنْ) تیز مزہ اور چٹپٹی چیز۔
دژہخت (دِژْ-ہُخْتْ) بیت المقدس، جیروسلم۔
دس (دَسْ) مانند دوست، ٹھونسنا۔
دساتیر (دَسَا-تِیْر) دستور کی جمع۔
دسامبر (دِسَامْ-بَرْ) دسمبر، بارھواں انگریزی مہینہ
دسائس (دَسَا-اِسْ) دسیسہ کی جمع۔
دست (دَسْتْ) ہاتھ جمع دستہا، دستان
فائدہ، شاہی گدی، فتح، قوت، رتبہ، وزیر، فرصت، باری، پوری چیز، بیت الخلا، پاخانہ۔
دست ابرنجن (دَسْتْ-اَبْ-رَنْ-جَنْ) کنگن پہونچی
دستار (دَسْ-تَارْ) پگڑی، پاگ، آڑھتی۔
دستار بزرگ (دَسْ-تَارْ-بُزُرْگْ) بھبڑوا۔
دستار بند (دَسْ-تَارْ-بَنْدْ) سند یافتہ عالم۔
دستار بندی (دَسْ-تَارْ-بَنْ-دِیْ) فضیلت کی سند۔
دستارچہ (دَسْ-تَارْ-چَہْ) رومال، کمربند۔
دستارخوان (دَسْ-تَارْ-خْوَانْ) دیکھو دسترخوان
دستاس (دَسْ-تَاسْ) دس-ت-آس) ہاتھ کی چکی
دست افراز (دَسْتْ-اَفْ-رَازْ) کاریگر کا اوزار
دست افشاں (دَسْتْ-اَفْ-شَاںْ) ہاتھ جھاڑنے والا

دست آموز (دَسْ-تْ-آ-مُوزْ) ہاتھ پر سکھلایا ہوا
دستان (دَسْ-تَانْ) دست کی جمع، فلاسفہ، قیاس، جھگڑا، مکر، حیلہ، داستان، گیت، بیہودہ گوئی۔
دست انداز (دَسْتْ-اَنْ-دَازْ) ظالم، لٹیرا، ہاتھ مارنے والا۔
دست اندازی (دَسْتْ-اَنْ-دَا-زِیْ) دخل دینا، ہاتھ مارنا۔
دستانہ (دَسْ-تَا-نَہْ) ہاتھ کی پوشش۔
دست آویز (دَسْتْ-آ-وِیْزْ) معاملہ کی تحریری سند۔
دست بازی (دَسْتْ-بَا-زِیْ) پنجہ کشی، ہاتھا پائی۔
دست باف (دَسْتْ-بَافْ) آسان۔
دست بالا (دَسْتْ-بَا-لَا) غالب، مغرور۔
دست بدست (دَسْتْ-بَدَسْتْ) ہاتھوں ہاتھ
دست برد (دَسْتْ-بُرْدْ) لوٹ مار، لاٹ، بازی، غلبہ، ہاتھا چھانٹی۔
دست بردل (دَسْتْ-بَرْ-دِلْ) بیقرار، مضطر
دست برنجن (دَسْتْ-بَرَنْ-جَنْ) دیکھو دست ابرنجن
دست بستہ (دَسْتْ-بَسْ-تَہْ) کنجوس، نمازی، ہاتھ باندھا ہوا۔
دست بسر (دَسْتْ-بَسَرْ) متحیر، متاسف، سلامی
دست بقچہ (دَسْتْ-بُقْ-چَہْ) کپڑے کی گٹھڑی۔
دست بند (دَسْتْ-بَنْدْ) کلائی کا زیور، قسم ناچ۔
دست پناہ (دَسْتْ-پَنَاہْ) آگ پکڑنے کا چمٹا۔
دست پیچ (دَسْتْ-پِیْچْ) دست آویز، ذریعہ۔
دست پیمان (دَسْتْ-پَیْ-مَانْ) مہر معجل۔
دست جنبش (دَسْتْ-جُنْ-بِشْ) گدائی کرنا۔
دست چرب (دَسْتْ-چَرْبْ) امداد و اعانت۔

دست چیر (دَس، ت۔ چیر) غالب۔
دستخط (دَس، ت۔ خَط) خود اپنا لکھا ہوا نام، قلمی تحریر۔
دستخطی (دَس، تا۔ خطی) جسپر دستخط ہوں۔
دسترخوان (دَس۔ تر۔ خوان) کھانا رکھنے کا کپڑا۔
دست خوش (دَس، ت۔ خُش) مسخرہ، عاجز، مشق، قدرت۔
دسترس (دَس، ت۔ رَس) پہونچ، قدرت۔
دست رنج (دَس، ت۔ رَن، ج) محنت، پیشہ، اجرت۔
دست فال (دَس، ت۔ فال) بوہنی، ہر روز پہلی بکری۔
دستک (دَس۔ تَک) دونوں ہاتھ کی تالی، لیسنس۔
دستکار (دَس، ت۔ کار) ہاتھ کا کام کرنیوالا۔
دستکاری (دَس، ت۔ کا۔ ری) کاریگری، جراحی۔
دست کش (دَس، ت۔ کَش) ہاتھ کھینچ لینے والا، بےتعلق، تحفہ، لاٹھی، عصا، دستانہ۔
دست کشی (دَس، ت۔ کَشی) ہاتھ کھینچ لینا، بےتعلق ہوجانا۔
دستکی (دَس۔ تکی) دستی یا جیبی چیز۔
دستگاہ (دَس، ت۔ گاہ) قدرت، سامان، سرمایہ، مسند۔
دستگرداں (دَس، ت۔ گرد۔ داں) عاریت، جو ہاتھوں میں پھرے۔
دستگہ (دَس، ت۔ گہ) دستگاہ کا مخفف۔
دستگیر (دَس، ت۔ گیر) مددگار، گرفتار۔
دستگیری (دَس، ت۔ گی۔ ری) مددگاری، گرفتاری۔
دست لاف (دَس، ت۔ لاف) بوہنی، دست فال۔
دستمال (دَس، ت۔ مال) ہاتھ پونچھنے کا رومال، ضائع، ذلیل، قیدی۔
دست مایہ (دَس، ت۔ ما۔ یہ) سرمایہ، پونجی۔
دست مجلس (دَس، ت۔ مج۔ لِس) میر مجلس۔
دست مرد (دَس، ت۔ مَرد) یار، مددگار۔

صاروج (صا-رُوج) چونا مٹی باہم ملا ہوا۔

صارہ (صا-رَہ) حاجت۔

صاری (صا-رِی) جہاز کا مستول۔

صاع (صاع) پیمانہ زمین، ناص وزن جمع اصوع، صُوع، اصواع۔

صاع ستان (صاع-سِتان) زکوٰۃ کھانیوالا۔

صاعد (صا-عِد) اوپر کو چڑھنے والا۔

صاعقہ (صا-عِقَہ) کڑک، بجلی جمع صواعق۔

صاف (صاف) خالص، بے ملونی، صف باندھنے والا جمع صافات۔

صافن (صا-فِن) پنڈلی کی ایک رگ کا نام۔

صافی (صا-فی) صفائی، چھنا، خالص، صاف کرنے والا۔

صاقل (صا-قِل) روشنگر، صیقل گر۔

صاقورہ (صا-قُو-رَہ) کھوپڑی کا اندر کا حصہ، کلہاڑی کا سوراخ۔

صالب (صا-لِب) تپ گرم۔

صالح (صا-لِح) نیک، نیکوکار، اچھا جمع صلحا اور

صالحہ (صا-لِحَہ) نیک، اچھی جمع صالحات۔

صامت (صا-مِت) چپکا، چاندی سونا۔

صامغ (صا-مِغ) باچھ، کنجک دہان۔

صائح (صا-ئِح) خشک، سوکھا۔

صانع (صا-نِع) بنانیوالا، کاریگر جمع صنّاع۔

صائب (صا-ئِب) سیدھا، رسا، پہونچنے والا۔

صائبہ (صا-ئِبَہ) سیدھی، پہونچنے والی۔

صائغ (صا-ئِغ) سنار، زرگر۔

صائل (صا-ئِل) حملہ کرنے والہ۔

صائم (صا-ئِم) روزہ دار، نام آنت۔

صائم الدہر (صا-ئِمُد-دَہر) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

صائی (صائی) چاہیے، شائے (شائی)

صب (صَب) ٹی دینا، بکھیرنا، عاشق۔

صبا (صَبا) پروا ہوا، ہوا (صِبا) بچپن۔

صباح (صَباح) صبح، اچھا (صَبّاح) بہت سفید۔

صباحت (صَبا-حَت) چٹاپن، خوبصورتی۔

صبار (صَب-بار) بڑا صبر کرنیوالا (صُب-بار، صُبار) املی، تمر ہندی۔

صباغ (صَب-باغ) رنگریز۔

صبب (صَبَب) آثار، نشیب۔

صبح (صُبح) سویرا، فجر جمع اصباح، صبوح۔

(صُبح) لوہے کی چمک دمک۔
صبحار (صُب۔حَار) گوری عورت، چٹی۔
صبح امید (صُب ح۔ اُمّید) امید کی صبح۔
صبح خند (صُب ح۔ خَن د) دلی کھلکھلاہٹ۔
صبح خیز (صُب ح۔ خیز) صبح اُٹھنے والا۔
صبح خیزی (صُب ح۔ خے۔زی) صبح اُٹھنا۔
صبحدم (صُب ح۔ دَم) گجردم۔
صبحگاہ (صُب ح۔ گاہ) صبح کا وقت۔
صبحگاہی (صُب ح۔ گا۔ہی) منسوب بہ صبحگاہ۔
صبحہ (صُب۔حَہ) گوراپن۔
صبر (صَب ر) ڈھارس، شکیب (صَب ر، صَبِر) ایلوا (صَبِر) ادنٹ۔
صبر آزما (صَب ر۔ آز۔ ما) صبر آزمانے والا۔
صبرہ (صُب۔رَہ) جاش، اناج کی راش۔
صبغ (صِب غ) رنگ جم اَصباغ (صَب غ) رنگ کرنا۔
صبغہ (صِب۔غَہ) رنگ، دین، ملت۔
صبوح، صبوحی (صَبُوح، صَبُو۔حی) صبح کی شراب۔
صبور (صَبُور) صبر کرنے والا۔
صبورہ (صَبُو۔رَہ) ہیجڑا، مخنث۔
صبوری (صَبُو۔ری) صبر۔
صبی (صَبِیّ) چھوکرا، دودھ چھٹا بچہ جم (صِبیان)، اَصْبُ، اَصْبِیَہ، صِبْوَہ
صبا (صِبا) بچپن، لڑکپن، بالپن۔
صبیح (صَبِیح) خوبصورت، گورا چٹا جم صِباح۔
صبیہ (صَبِیَّہ) لڑکی، دختر، چھوکری۔
صح (صَحّ) تندرست۔
صحاب (صِحَاب) صاحب کی جمع۔
صحابت (صَحَا۔بَت) اسوساتٹی، دوستی۔
صحابہ (صَحَا۔بَہ) دوست ہونا، صحابی کی جمع۔

صحابی (صَحَا۔بی) سردار دو عالم کا دوست جم صَحابَہ۔
صحاح (صِحَاح) دیکھو صحیح (صِحَاح) صحیح کی جمع۔
صحاری (صَحَا۔رَا، صَحَا۔رِی) صحرا کی جمع۔
صحاف (صَح حَاف) جلد ساز، کتب فروش۔
صحائف (صَحَا۔ئِف) صحیفہ کی جمع۔
صحب (صَح ب) صاحب کی جمع۔
صحبان (صُح۔بان) صاحب کی جمع۔
صحبت (صُح۔بَت) یاری، سنگت۔
صحبت داری (صُح۔بَت۔ دَا۔ ری) میل جول رکھنا، سنگت رکھنا۔
صحت (صِح حَت) تندرستی، درستی۔
صحرا (صَح۔رَا) ریگستان، بیابان جم صُحر، صَحَارِی، صَحَارَی، صَحرَاوَات۔
صحرانشین (صَح۔رَا۔نَشِین) بن باسی۔
صحرانورد (صَح۔رَا۔ نَوَر د) بیابان میں پھرنے والا۔
صحرانوردی (صَح۔رَا۔ نَوَر۔ دی) بیابان میں پھرنا۔
صحرائی (صَح۔رَا۔ ئی) جنگلی، بیابانی۔
صحف (صُحُف) دیکھو مصحف (مُصحَف، مُصحِف)، (صُحُف) صحیفہ کی جمع۔
صحفہ (صَح۔فَہ) پیالہ، کاسا جم صِحَاف۔
صحن (صَح ن) انگنائی، طباق، طشت۔
صحنک (صَح۔نَک) رکابی، طشتری۔
صحو (صَح و) ہوش میں آنا، ہوشیاری۔
صحیح (صَحِیح) تندرست، عیب سے پاک جم صِحَاح، اَصِحّا، صَحَائِح۔
صحیح نگار (صَحِیح۔ نِگَار) خبریں لکھنے والا۔
صحیفہ (صَحِی۔فَہ) کتاب، رسالہ جم صَحَائِف، صُحُف، صُحْف۔
صخاب (صَخ خَاب) فریاد کرنے والا۔

صخب (صَخَب) کلکل، فریاد، واویلا۔
صخر، صخرہ (صَخْر، صَخْ۔ رَہ) چٹان، بڑا پتھر جمع صخرہ، صخور، صخرات، صخر۔
صخرۂ صما (صَخْ۔ رَ۔ اِ۔ صَم۔ مَا) ایک پتھر جو بیت المقدس میں ہے۔
صد (صَدّ) سو (صَدّ) روک، آڑ، باز رکھنا۔
صدا (صَدَا) آواز، آواز کی گونج۔
صدارت (صَدَا۔ رَت) چیرمینی، وزارت، بالانشینی۔
صدارس (صَدَا۔ رَس) جہانتک آواز پہونچے
صداع (صُدَاع) دردسر۔
صداق (صِدَاق) کابین، مہر جمع صُدُق۔
صداقت (صَدَا۔ قَت) سچائی، درستی۔
صدائے بازگشت (صَدَا۔ اِے۔ بَاز۔ گَش۔ ت) آواز کی گونج۔
صدبرگ (صَد۔ بَر۔ گ) نام پھلواری، گیندا۔
صدپا (صَد۔ پَا) دیکھو ہزارپا۔
صدد (صَدَد) نزدیکی، مقابلہ۔
صدر (صَدْر) سینہ، بالانشیں جمع صُدُور۔
صدرہ (صُدْ۔ رَہ) صدری، سینہ پوش لباس۔
صدع (صَدْع) شگاف، دراڑ۔
صدغ، صدغہ (صُدْغ، صُدْ۔ غَہ) کنپٹی، شقیقہ۔
صدغین (صُدْ۔ غَین) دونوں کنپٹیاں۔
صدف (صَدَف) سیپی جمع اَصْدَاف۔
صدف پیچاک (صَدَف۔ پے۔ چَاک) گھونگا۔
صدق (صِدْق) سچائی، سچ جمع صُدُق، اَصْدَاق
صدقہ (صَدَ۔ قَہ صَدْ۔ قَہ) خیرات جمع صَدَقَات۔
صدقۂ جاریہ (صَدْ۔ قَ۔ اِ۔ جَا۔ رِ۔ یَہ) وہ خیرات جس کا فائدہ ہمیشہ جاری رہے۔
صدم (صَدْم) دھکا دینا (صَدْم) سوداں [illegible]

صدمہ (صَدْ۔ مَہ) ضرر، چوٹ جمع صَدَمَات۔
صدود (صُدُود) رک جانا، باز آنا۔
صدور (صُدُور) صدر کی جمع، باہر نکلنا۔
صدوق (صَدُوق) بہت سچا۔
صدء (صَدْء) زنگ کھانا۔
صدی (صَدِی) منسوب بہ صد، سو سال۔
صدید (صَدِید) مواد، پیپ۔
صدیر، صدیری (صُدَیر، صُدَ۔ یری) شلوکا، فتوئی۔
صدیق (صِدْ۔ دِیق) بہت سچا جمع اَصْدِقا، صُدَقَاء، اَصَادِق (صَدِیق) دوست۔
صدیک (صَد۔ یَک) ایک فی صدی۔
صر (صِر) پالا یعنی ہلکی مہیداں بہ قباری۔
صراح (صُرَاح) خلاصہ، روشنائی، ہر خالص چیز
صراحت (صَرَا۔ حَت) آشکارا، صفائی، تفریح
صراحتاً (صَرَا۔ حَتَن) صراحت کے ساتھ۔
صراحی، صراحیہ (صُرَا۔ حِی، صُرَا۔ حِیَہ) لمبی گردن والا برتن۔
صراخ (صُرَاخ) زور کی آواز (صَرْ۔ رَاخ) مور، طاؤس، چلانے والا۔
صراط (صِرَاط) راستہ (صُرَاط) ایک لمبی تلوار
صراع (صِرَاع) کشتی لڑنا۔
صراف (صَرْ۔ رَاف) چاندی سونا پرکھنے والا، ماہر علم صرف۔
صرافت (صَرَا۔ فَت) چاندی سونے کا خالص پن۔
صرافہ (صَرْ۔ رَا۔ فَہ) چاندی سونے کا کاروبار کی جگہ۔
صرافی (صَرْ۔ رَا۔ فِی) چاندی سونے کا کاروبار
صرام (صُرَام) سختی، بلا، جنگ (صَرْ۔ رَام) موچی، چرم ساز۔

صراحت (صَرَا۔حَتْ) بڑائی، دلاوری، چالاکی۔
صرب، صربستان (صَرْب، صَرْ۔بِسْ۔تَانْ) ملک سروِیہ (بلقان، مشرقی یورپ)
صرح (صَرْح) محل، گڑھی، حویلی، ظاہر کرنا (صَرَحْ) خالص۔
صرخہ (صَرْ۔خَہْ) واویلا، چیخ پکار، عذاب۔
صرد (صُرَدْ) شکاری پرند، لٹورا، کاک۔
صرصر (صَرْ۔صَرْ) جھکڑ، ٹھنڈا اسر یرا۔
صرصور (صُرْ۔صُوْرْ) جھینگر۔
صرع (صَرْع) مرگی، پچھاڑنا۔
صرف (صِرْف) خالص، محض، تنہا (صَرْف) قواعدِ زبان کی ایک شاخ، خرچ، زیادتی، حیلہ جمع صُرُوف، صُرَف، صِرَاف۔
صرفہ (صَرْ۔فَہْ) فائدہ، نفع، خرچ، کنجوسی، زیادتی، مہربانی، الطاف، فرصت، حیلہ، مکر۔
صرفہ بینی (صَرْ۔فَہْ۔بِیْ۔نِیْ) کفایت شعاری۔
صرفی (صَرْ۔فِیْ) علم صرف جاننے والا۔
صرم (صَرْم) دیکھو چرم (صُرْم) کٹائی، چھوٹائی (صِرْم) ٹولہ، ٹولی۔
صرہ (صُرْ۔رَہْ) ٹولی، ہمیانی۔
صریح (صَرِیْح) ظاہر، آشکارا جمع صُرَحَاء، صَرَائِح۔
صریخ (صَرِیْخ) فریادی، فریادرس۔
صریر (صَرِیْر) قلم کی آواز لکھتے وقت، چاپ، کھڑکھڑاہٹ، بھنبھناہٹ۔
صریع (صَرِیْع) ڈالا ہوا جمع صُرْعَا۔
صریف (صَرِیْف) سونا چاندی، تازہ دودھ۔
صریمہ (صَرِیْ۔مَہْ) قصد، ہڑتال، کام چھوڑنا۔
صعاق (صُعَاق) کڑک۔
صعب (صَعْب) دشوار، سرکش جمع صِعَاب۔
صعدہ (صَعْ۔دَہْ) ایک گورخر، بہت سے گورخر۔
صعق (صَعْق) برق زدگی، بیہوشی، موت (صَعَقْ) آواز کی سختی (صَعِقْ) سخت آواز والا۔
صعقہ (صَعْ۔قَہْ) بے ہوشی۔
صعلوک (صُعْ۔لُوْک) فقیر، درویش جمع صَعَالِیک۔
صعوبت (صُعُوْ۔بَتْ) دشواری۔
صعود (صُعُوْد) بلندی پر چڑھائی (صَعُوْد) بلندی، عذاب، اوپر چڑھنے والا۔
صعوہ (صَعْ۔وَہْ) ممولا جو ایک چڑیا ہے۔
صعید (صَعِیْد) خاک، روئے زمین۔
صغار (صِغَار) صغیر کی جمع، صغریٰ کی جمع (صَغَار) خواری، ظلم، چھوٹاپن۔
صغارت (صَغَا۔رَتْ) چھوٹائی، خردی۔
صغار و کبار (صِغَا۔رُوْ۔کِبَار) ہمہ شما، کہ و مہ، چھوٹے اور بڑے۔
صغب (صَغْب) چھوٹے سر والا۔
صغر (صِغَرْ) چھوٹائی، خردی (صُغْر) خواری، ستم (صُغَر) صغیر کی جمع۔
صغریٰ (صُغْ۔رَا) بہت چھوٹی، منطقی شکل کا پہلا قضیہ جمع صِغَار۔
صغیر (صَغِیْر) چھوٹا جمع صُغَرَاء، صِغَار، صُغَر، صُغْرَی۔
صغیرہ (صَغِیْ۔رَہْ) چھوٹی، صغیر کا مونث جمع صَغَائِر۔
صف (صَفّ) قطار، کلاس، جماعت جمع صُفُوف۔
صفا (صَفَا) پاک، بے کھوٹ، دوستی۔
صفاد (صِفَاد) بیڑی، ہتھکڑی جمع اَصْفَاد۔
صفار (صَفْ۔فَار) ٹھٹھیرا۔
صفاق (صِفَاق) پیٹ کی ایک باریک جھلی۔
صفاہان (صِفَا۔ہَانْ) اصفہان۔
صفائی (صَفَا۔ئِیْ) پاکی، بے کھوٹ پن۔
صفت (صِفَتْ) گُن، علامت، نشان، تعریف جمع صِفَات۔

صفح (صَفْ ح) عفو گناہ، معافی۔
صفحہ (صَفْ۔ حَہ) ورق کا ایک رُخ جمع صَفَحَات، صَفَائِح، صِفَاح۔
صفد (صَفْدْ) بخشش، نصیحت، قید، عہد جمع اَصْفَاد (صَفْ د) بند کرنا۔
صفدر (صَفْ۔ دَرْ) صف پھاڑنے والا۔
صفدع (صِفْ۔ دَعْ) مینڈک۔
صفر (صِفْ ر) حسابی نشان (ہ، ۰) خالی، نادار جمع صِفَار، اَصْفَار (صَفَرْ) دوسرا قمری اسلامی مہینہ، پریشان، خالی ہونا (صُفْ ر) پیلائی، کانسی، ہفت جوش۔
صفرا (صَفْ۔ رَا) ایک خلط کا نام، پت، پیلی چیز، اصفر کا مونث۔
صفراوی (صَفْ۔ رَا۔ وِی) منسوب بہ صفرا۔
صفرت (صُفْ۔ رَتْ) پیلا ئی، زردی (صَفْ۔ رَتْ) بھوکا، بھوک۔
صفصاف (صَفْ۔ صَافْ) بید کا جھاڑ۔
صفصف (صَفْ۔ صَفْ) ہموار زمین۔
صفع (صَفْ ع) تھپڑ بازی، مشت زنی۔
صفقہ (صَفْ۔ قَہْ) بیعت یا بیع کے لئے ہاتھ میں ہاتھ دینا۔
صفکشی (صَفْ۔ کَشِی) فوج کی پیشقدمی۔
صفوت (صِفْ۔ وَتْ، صُفْ۔ وَتْ) خلاصہ، صاف، برگزیدہ۔
صفوۃ الاخبار (صِفْ۔ وَتُل۔ اَخْ۔ بَارْ) چیدہ خبریں، خبروں کا خلاصہ۔
صفوی (صَفَوِی) ایران کا ایک شاہی خاندان۔
صفہ (صُفْ فَہ) چبوترہ، دالان، سائبان۔
صفی (صَفِی، صَفِیّ) خالص، برگزیدہ، دوست جمع اَصْفِیَا، صَفَایَا۔
صفیحہ (صَفِی۔ حَہ) ہر چوڑی چیز، تختہ، پلیٹ جمع صَفَائِح۔
صفیر (صَفِیْر) منہ کی سیٹی، پرندکی آواز۔
صفیق (صَفِیْق) سخت چمڑا، سنگین کپڑا۔
صفیہ (صَفِی یَہ) برگزیدہ عورت۔
صقال (صِقَالْ) جلا، چمک (صَقْ قَالْ) صیقلگر
صقالت (صِقَا۔ لَتْ) صیقل کرنا۔
صقر (صَقْ ر) شکرہ (صُقْ قَرْ) جھڑوا۔
صقع (صَقْ ع) ڈھول دھپا، تھپڑ۔
صقیع (صَقِیْع) اوس، شبنم، پالا۔
صقیل (صَقِیْل) جلا دار، چمکدار۔
صک (صَکّ) قبالہ، نامہ، چک جمع صِکَاک (صُکُوک)۔
صکاک (صَکْ کَاکْ) دستاویز نویس (صُکَاک) ہوا۔
صکیک (صَکِیْک) ناتوان، ضعیف۔
صل (صَلّ) شراب کی صفائی (صِلّ) مصیبت، بلا
صلا (صَلَا) پکار (صِلَا) بھنا ہوا۔
صلابت (صَلَا۔ بَتْ) سختی۔
صلات (صِلَاتْ) صلہ کی جمع
صلاح (صَلَاحْ) مشورہ، نیکی، نصیحت (صِلَاح) صلح، آشتی۔
صلاحیت (صَلَا۔ حِی یَتْ، صَلَا۔ حِیَتْ) نیکی یا بھلائی
صلایہ (صِلَا۔ یَہ) سل بٹہ۔
صلب (صَلْ ب) تصلیب، سولی دینا، ایذا رسانی (صُلْ ب) نسل، حسب، کمر کی ہڈی، سختی، قوت جمع اَصْلَاب، اَصْلُب، صِلَبَہ (صَلَبْ) سخت۔
صلبی (صُلْ۔ بِی) پشتینی، ٹھوس۔
صلبیہ (صُلْ۔ بِی یَہ) آنکھ کا ساتواں پردہ
صلت (صَلْ۔ لَتْ) کشادہ پیشانی، سخاوت، آشکارا چیز۔
صلح (صُلْ ح) ملاپ، آشتی۔

صلحا (صُلَحا ر) صالح کی جمع۔
صلح کل (صُل ح۔ کُل) سب سے ملاپ۔
صلحہ (صُل۔حَہ) ملاپ، دوستی۔
صلد (صَل د) سخت، صاف۔
صلصال (صَل۔صَال) کچی سوکھی مٹی جو بجانے سے بولے۔
صلصل (صُل۔صُل) ناختہ، حوض میں بچا پانی، گھوڑے کی چوٹی جمع صَلاصِل۔
صلصلہ (صَل۔صَلَہ) لوہے، زنجیر اور گھنٹے کی جھنکار یا آواز۔
صلع (صَلَع) تام چٹ ہونا۔
صلی علی (صَل لِ۔عَلا) اس پر رحمت ہو۔
صلعم (صَل۔عَم) صلی اللہ علیہ وسلم۔
صلف (صَلَف) شیخی، ڈینگ (صَلِف) گرجنے والا بادل جو کم برسے۔
صلوٰۃ (صَلات) نماز، درود، دعا، رحمت، بخشش جمع صَلَوات۔
صلہ (صِلَہ) بخشش، عطا، انعام، عطف، لاؤ جمع صِلات۔
صلیب (صَلِیب) چلیپا، سولی، سخت جمع صُلبان۔
صلیبی (صَلِی۔بی) نصرانی، عیسائی، منسوب بہ صلیب
صلیل (صَلِیل) جھنکار۔
صم (صُمّ) اصم کی جمع (صَمَم) بہراپن (صِمّ) بہادر، شیر۔
صما (صَمّا) بہری عورت، سخت پتھر۔
صمات (صُمات) خاموش ہونا۔
صماخ (صُماخ) بغل گند، داغ۔
صماخ (صِماخ) کان کا سوراخ۔
صماد (صِماد) ٹھوس چیز۔
صمام (صِمام) سربند شیشہ۔

صم بکم (صُمّ۔بُکم۔ بُک۔مُن) اصم و ابکم کی جمع، بہرے گونگے۔
صمت (صَم ت) خاموشی۔
صمد (صَمَد) نام اللہ تعالیٰ، بے نیاز، بلند، سردار، دائم، پیٹ بھرا (صَمد) اونچی جگہ جمع صِماد۔
صمدیت (صَمَدی یَت) بزرگی، بے نیازی۔
صمصام (صَم۔صَام) تلوار کاٹ کرنے والی۔
صمصم (صَم۔صَم) کنجوس (صِم۔صِم) بونا اور درشت مزاج۔
صمغ (صَم غ) گوند، زد جمع صُموغ۔
صمغان (صَم۔غان) گلیھڑا۔
صمم (صَمَم) بہراپن۔
صموت (صُموت) چپ ہونا (صَموت) خاموش۔
صمہ (صِم۔مَہ) دلیر، سانپ جمع صِمَم۔
صمیم (صَمِیم) خالص، تہ دل، خلاصہ، مغز، یکرنگ۔
صمیل (صَمِیل) خشک، سوکھا۔
صنادید (صَنا۔دِید) صندید کی جمع۔
صنار (صِنار) چنار کا پیڑ (صِن نار) داستانہ۔
صناع (صَن۔ناع) بڑا کاریگر (صُن۔ناع) صانع کی جمع۔
صناعت (صِنا۔عَت) پیشہ، کار۔
صنان (صُنان) بغل گند۔
صنائع (صَنا۔اِع) صنیعہ کی جمع۔
صنج (صَن ج) سنج، چنگ، جھانجھ۔
صنجہ (صَن۔جَہ) پورا باٹ۔
صندل (صَن۔دَل) چندن، ایک خوشبودار لکڑی۔
صندلی (صَن۔دَلی) کرسی، چوکی۔
صندوق (صُن۔دُوق، صَن۔دُوق) پیٹر بکس، چوبی بکس، لکڑی کا خانہ جمع صَنادِیق۔

صندوق الغنا (صَنْ۔ دُوْ۔ قُلْ۔ غِنَا) گراموفون باجہ جو گاتا ہے۔
صندوقچہ (صَنْ۔ دُوْق۔ چَہْ) چھوٹا صندوق۔
صندوقی (صَنْ۔ دُوْ۔ قِیْ) صندوق کی مانند۔
صندید (صِنْ۔ دِیْد) سردار، بہادر، شریف، جوانمرد جمع صَنَادِیْد۔
صنع (صُنْع) کام کرنا، پیدا کرنا، نیکی کرنا۔
صنعا (صَنْ۔ عَا) نام شہر (یمن)۔
صنعت (صَنْ۔ عَتْ) پیشہ، ہنر، کاریگری۔
صنف (صِنْ۔ ف) قسم جمع اَصْنَافْ، صُنُوفْ، صُنُفْ۔
صنفہ (صَنِفَہْ) کھونٹ، چادر کا کنارہ۔
صنق (صَنَقْ) بغل کی سخت بدبو (صَنِقْ) گندی اور باس کی چیز۔
صنم (صَنَمْ) بُت، صورت جمع اَصْنَامْ۔
صنمخانہ، صنمکدہ (صَنَمْ۔ خَا۔ نَہْ، صَنَمْ۔ کَدَہْ) بُت خانہ۔
صنو (صِنْ۔ و) حقیقی بھائی، چچیرا بھائی جمع صِنْوَانْ۔
صنوان (صِنْ۔ وَانْ) سگے بھائی، ایک سوتہ کی دو ندیاں۔
صنوبر (صَنَوْ۔ بَرْ) چلغوزہ کا پیڑ، چیڑ۔
صنیع (صَنِیْع) احسان، مخلوق۔
صنیع الدولہ (صَنِیْ۔ عُدْ۔ دَوْ۔ لَہ) پرائیویٹ سکریٹری۔
صنیعہ (صَنِیْ۔ عَہ) نیکی، ہنر، کاریگری جمع صَنَائِعْ۔
صواب (صَوَابْ) ٹھیک، راستی جمع اَصْوِبَہ۔
صوابدید (صَوَابْ۔ دِیْد) صلاح، تجویز۔
صوابہ (صُوَا۔ بَہ) لیکھ، جوں کا انڈا، رشک۔
صواح (صُوَاحْ) دودھ کی لسّی۔

صواف (صَوَا۔ رِفْ) صارف کی جمع۔
صوارم (صَوَا۔ رِمْ) صارم کی جمع۔
صواعق (صَوَا۔ عِقْ) صاعقہ کی جمع۔
صواغ (صُوَاغْ) سانچہ میں ڈھلائی (صَوَّ۔ وَاغْ) ڈھالنے والا۔
صوالجہ (صَوَا۔ لِجَہْ) صولجان کی جمع۔
صوان (صِوَانْ) بقچہ۔
صوب (صَوْبْ) طرف، جانب، راستی جمع اَصْوَابْ۔
صوبہ (صُوْ۔ بَہْ) ملکی احاطہ۔
صوبہ دار (صُوْ۔ بَہ۔ دَارْ) حاکم صوبہ، ایک فوجی عہدہ دار۔
صوبہ داری (صُوْ۔ بَہ۔ دَا۔ رِیْ) گورنری، ایک فوجی عہدہ۔
صوت (صَوْت) دوٹ، آواز جمع اَصْوَاتْ۔
صور (صُوْر) قرنا، سنکھ (صُوَرْ) پُھڑبھائی، بگل۔
صورت (صُوْ۔ رَتْ) چہرہ، تصویر، شکل، نمونہ جمع صُوَرْ۔
صورت آشنا (صُوْ۔ رَتْ۔ آشْ۔ نَا) جان پہچان والا۔
صورت آشنائی (صُوْ۔ رَتْ۔ آشْ۔ نَا۔ اِئی) جان پہچان ہونا۔
صورت باز (صُوْ۔ رَتْ۔ بَازْ) بہروپیا۔
صورت بازی (صُوْ۔ رَتْ۔ بَا۔ زِیْ) بہروپیا۔
صورت پذیر (صُوْ۔ رَتْ۔ پِذِیْرْ) صورت قبول کرنے والا۔
صورت حال (صُوْ۔ رَتِ۔ حَالْ) کیفیت، حال کی صورت۔
صورت حرام (صُوْ۔ رَتْ۔ حَرَامْ) صورت اچھی اندر سے خراب۔
صورت نگر (صُوْ۔ رَتْ۔ نِگَرْ) نقاش، مصوّر۔
صورت نگری (صُوْ۔ رَتْ۔ نِگَ۔ رِیْ) نقاشی، مصوری۔
صورت مجلس (صُوْ۔ رَتِ۔ مَجْ۔ لِسْ) جلسہ کی روئداد۔

صوری (صُو۔رِی) منسوب بہ صورت، ظاہری۔
صوغ (صَوغ) گھڑائی۔
صوطلہ (صُو۔طَلَہ) چقندر کی ایک قسم۔
صوف (صُوف) پشم، پشمینہ، جھونترا۔
صوفہ (صُو۔فَہ) خانۂ کعبہ کے خدام جو زمانۂ جاہلیت میں وہاں کی خدمت کرتے تھے۔
صوفی (صُو۔فِی) حکیم جمع صُوفِیَہ۔
صوفیہ (صُو۔فِیَہ) دارالحکومت بلگیریا (بلقان)
صول (صَول) ہمکنا، حملہ بولنا۔
صولت (صَو۔لَت) رعب، ہیبت۔
صولجان (صَو۔لَجَان) چوگان جمع صَوَالِجَہ۔
صوم (صَوم) روزہ جمع صِیَام۔
صومان (صَومَان) روزہ۔
صومعہ (صَو۔مَعَہ) معبد، عبادتخانہ جمع صَوَامِع
صوم وصلات (صَو۔مُو۔صَلَات) روزہ نماز۔
صون (صَون) نگہبانی۔
صہال (صُہَال) ہنہناہٹ۔
صہب (صَہَب) کتھئی رنگ، کمیت۔
صہبا (صَہ۔بَا) شراب سفید انگوروں کی۔
صہر (صِہ۔ر) خسر، داماد، بہنوئی، سسرال والا جمع اَصْہَار۔
صہریج (صِہ۔رِیج) تنور، حوض۔
صہوبت (صُہُو۔بَت) بیازی، گلابی۔
صہود (صُہُود) تنادر، کرڑیل۔
صہوہ (صَہ۔وَہ) گھوڑے کی پیٹھ کا درمیان۔
صہیل (صَہِیل) ہنہناہٹ۔
صیاح (صِیَاح) للکار، شور، فغان۔
صیاد (صَیّ۔یَاد) شکاری۔
صیاغ (صَیّ۔یَاغ) سُنار، زرگر۔
صیاغت (صِیَا۔غَت) سنار کا کام، زرگری۔
صیام (صِیَام) صوم کی جمع۔
صیان (صِیَان) دیکھو صون۔
صیانت (صِیَا۔نَت) نگہداشت، حفاظت۔
صیب (صَیّ۔یِب) ابر برسنے والا۔
صیت (صِیت) شہرت، آوازہ، چرچا، ذکر خیر جمع صُیُوت۔
صیحہ (صَی۔حَہ) چنگھاڑ، نعرہ، سخت آواز۔
صید (صَید) شکار جمع مَصَایِد، صُیُود۔
صیدا (صَی۔دَا) جنگل، بیہڑ۔
صید افگن (صَید۔اَف۔گَن) شکاری۔
صید افگنی (صَید۔اَف۔گَنِی) شکار مارنا۔
صیدانہ (صَی۔دَا۔نَہ) بدمزاج بکی عورت، غولِ بیابان۔
صید حرم (صَی۔دِ۔حَرَم) حرم کا شکار جو منع ہے۔
صیدلانی (صَی۔دَ۔لَا۔نِی) عطار، دوافروش۔
صیرفی (صَی۔رَفِی) صراف، حیلہ گر جمع صَیَارِفَہ
صیرورہ (صَی۔رُو۔رَہ) جس نے حج نہ کیا ہو۔
صیصہ (صِی۔صَہ) جانور کا کانٹا، کوبچی۔
صیغہ (صِی۔غَہ) مُتعہ، بیوی، نکاح، طریقہ، طور، اصل، خلقت، سررشتہ، محکمہ، کلمہ جو متصرف ہو اور جامد نہ ہو جمع صِیَغ۔
صیف (صَیف) گرمی کا موسم جمع اَصْیَاف۔
صیق (صِیق) تھپکی۔
صیقل (صَی۔قَل) صیقل گر، پالش، جِلا جمع صَیَاقِل، صَیَاقِلَہ۔
صیقلی (صَی۔قَلِی) زنگ دور کرنے والا، باڑھ رکھنے کا پتھر۔
صین (صِین) ملک چین۔
صینی (صِی۔نِی) سینی
صیود (صَیُود) شکاری جمع صِید، صُیُد۔
صیہونیت (صَی۔ہُو۔نِی۔یَت) یہودیت، یہودیوں کی عالمگیر تحریک ایطان۔

ض

ض (ضَادْ) مخصوص حرف عربی ، قائم مقام
عدد ۸۰۰ ، حرف شمسی۔
ضاب (ضَابْ) جھو ہڑ کی قسم کا ایک پیڑ۔
ضابط (ضَا۔بِطْ) فوجی افسر، انتظام کرنے والا۔
ضابطہ (ضَا۔بِطَہ) قاعدہ ، دستور ، گُر
جمع ضَوَابِط
ضابی (ضَا۔بِیْ) گرم راکھ ، بھوبھل۔
ضاجر (ضَا۔جِرْ) مضطرب ، غم سے بیکل۔
ضاحک (ضَا۔حِکْ) ہنسوڑ ، ہنستا ہوا۔
ضاحکہ (ضَا۔حِکَہ) ہنستی ہوئی ، ہنسوڑ عورت
جمع ضَوَاحِک۔
ضاحی ، ضاحیہ (ضَا۔حِیْ ، ضَا۔حِیَہ)
آشکارا جمع ضَوَا۔حِیْ
ضار (ضَارّ) مضر ، ضرر پہونچانے والا۔
ضارب (ضَا۔رِبْ) مارنے والا۔
ضارور (ضَا۔رُوْر) ضرورت ، ناگزیر۔
ضاری (ضَا۔رِیْ) شکار کے پیچھے دوڑنے والا۔
ضاغط (ضَا۔غِطْ) ایک درد شدید۔
ضاغوط (ضَا۔غُوْط) کابوس
ضال (ضَالّ) گمراہ جمع ضَالِّیْن (ضَالْ)
جھڑبیری۔
ضالہ (ضَالْ۔لَہ) گم شدہ چیز، ضال کا مونث۔
ضامن (ضَا۔مِنْ) پذیرفتار ، کفیل۔
ضامنی (ضَا۔مِنِیْ) ضمانت۔
ضان (ضَ۔ان) بھیڑ ، میش ، آدمی کے
بدن کی بدبو۔
ضائع (ضَا۔ئِعْ) تلف ، اکارت ، کھویا ہوا۔
ضائن (ضَا۔ئِنْ) مینڈھا ، نر بھیڑ جمع ضَائِنْ

ضب (ضَبّ) گوہ ، سوسمار جمع ضِبَاب۔
ضباب (ضَبَابْ) کہر یعنی سردی سے زمین کی بخارات۔
ضباح (ضُبَاحْ) لومڑی کی آواز۔
ضبارہ (ضُبَا۔رَہْ) پشتارہ۔
ضبح (ضَبْ۔حْ) خاک ، راکھ۔
ضبران (ضَبَرَانْ) چوکڑی بھرنا۔
ضبط (ضَبْ۔طْ) انتظام ، نگرانی ، قابو ، قبضہ
ضبطی (ضَبْ۔طِیْ) انتظام ، قبضہ۔
ضبطیہ (ضَبْ۔طِیَہْ) پولیس۔
ضبع (ضَبُعْ) کال کا سال ، بجو ، کفتار
(ضَبْ۔عْ) بازو ، بغل۔
ضبعان (ضِبْ۔عَانْ) نر بجو۔
ضبنغطے (ضَبَنْ۔غَطَا) ہوا۔
ضبور (ضَبُوْر) شیر۔
ضبہ (ضَبْ۔بَہْ) پتّر۔
ضبیب (ضَبِیْب) خون یا پانی جاری ہونا
ضجاج (ضِجَاجْ) بدی ، ایک سفید گوند مثلاً
صابون (ضَجَاجْ) شور و فریاد۔
ضجر (ضَجِرْ) تنگدل ، غمگین ، (ضَجَرْ)
دل تنگی ، بے آرامی۔
ضجرت (ضَجْ۔رَتْ) دل تنگی ، بے آرامی۔
ضجور (ضَجُوْر) دل تنگ۔
ضجوع (ضَجُوْعْ) شوہر کی مخالف عورت ، ضعیف الرائے
ضجہ (ضَجْ۔جَہ) شور غل ، چیخ پکار۔
ضجیع (ضَجِیْعْ) ہم خوابہ ، ہمبستر۔
ضحی (ضُحٰی) دھوپ ، سورج۔
ضحاک (ضَحْ۔حَاکْ) بڑا ہنسوڑ۔
ضحاکہ (ضَحْ۔حَا۔کَہ) بڑی ہنسنے والی۔
ضحاء (ضَحَاءْ) چاشت کا کھانا ، کلیو۔
ضحک (ضَحِکْ) کھلکھلاہٹ ، قہقہہ
ضحکہ (ضَحْ۔کَہ) ایک دفعہ ہنسنا (ضُحْ۔کَہ)

جس پر سب ہنسیں (ضُحَکہ)، جو سب پر ہنسے۔
ضحل (ضَحْ۔ل) تھوڑا پانی۔
ضحو (ضَحْ۔و) پہر بھر دن چڑھے کا وقت۔
ضحوک (ضَحُوک) بہت ہنسنے والا، چوڑا راستہ۔
ضحوکہ (ضَحُو۔کہ) جس پر سب ہنسیں (ضَحُو۔کہ) ہنسوڑ عورت، چوڑا راستہ۔
ضحی (ضُحا) وقتِ چاشت۔
ضجیم (ضَجِیم) ٹیڑھے منھ والا، ٹیڑھی گردن والا۔
ضحیہ (ضَحِ۔یَہ) قربانی کی بکری جمع ضحایا۔
ضخام (ضُخام) بڑی چیز، دلدار چیز
ضخامت (ضَخا۔مَت) موٹائی، دَلداری۔
ضخیم (ضَخِیم) موٹی چیز، دَلدار۔
ضد (ضِد) ہٹ، فرق، برخلاف، برعکس جمع اَضْداد۔
ضدی (ضِد۔دی) ہٹی، ہٹ کرنے والا۔
ضدید (ضَدِید) مانند، مخالف۔
ضر (ضَر، ضُر) دُکھ، سختی، بدحالی (ضِر) پہلی پر دوسری بیوی کرنا۔
ضرا (ضَرّا) ناخوشی، سختی، تکلیف۔
ضراب (ضِراب) جفتی (ضَرّاب) ٹھپّہ لگانے والا۔
ضراب خانہ (ضَرّاب۔خا۔نہ) ٹکسال۔
ضرادت (ضَرا۔دَت) عادی ہونا، عادت ڈالنا۔
ضرار (ضِرار) باہمی نقصان رسانی۔
ضرارت (ضَرا۔رَت) نابینائی، ایذا رسانی۔
ضراط (ضُراط) پادو، گوز (ضَرّاط) پدوڑا۔
ضراطہ (ضَرّا۔طَہ) پدوڑی۔
ضراعت (ضَرا۔عَت) زاری، عجز۔
ضرام (ضِرام) چھیٹیاں ایندھن کی۔
ضرب (ضَرْب) ٹھپّہ، چوٹ، علم ریاضی کا ایک قاعدہ جمع اَضْراب مارنا، زمین پر چلنا، ظاہر ہونا (ضَرَب) سفید گاڑھا شہد۔

ضرب المثل (ضَر۔بُل۔مَثَل) کہاوت۔
ضربان (ضَرَبان) لپک، چمک، اختلاجِ قلب۔
ضرب خانہ (ضَرْب۔خا۔نہ) ٹکسال۔
ضربہ (ضَر۔بَہ) پانسہ، مارنے کی چوٹ۔
ضریبہ (ضَرِی۔بَہ) ٹیکس۔
ضرت (ضَر۔رَت) دیکھو ضرہ۔
ضرتان (ضَر۔رَتان) دو سوتیں، دو سوکنیں۔
ضرر (ضَرَر) تکلیف، دُکھ، نقصان جمع اَضْرار۔
ضرزم (ضِر۔زِم) بہت ڈسنے والا سانپ۔
ضرزیک (ضِر۔زِیک) توپ کی قسم۔
ضرس (ضِرْس) ڈاڑھ جمع اَضْراس، اَضْرُس (ضَرِس) بدخلق، جھلّا (ضَرْس) دانت سے پکڑنا (ضَرَس) دانت کھٹّے ہونا۔
ضرط (ضَرْط) پادنا۔
ضرع (ضَرْع) تھن، پستان، چوچی (ضَرَع) لاغر، ضعیف۔
ضرغام (ضِر۔غام) شیر درندہ۔
ضرغامہ (ضِر۔غا۔مَہ) شیر مادہ۔
ضرغمہ (ضَر۔غَمَہ) جنگ میں بہادری دکھانا۔
ضرم (ضَرَم) اسطوخودوس، شاہسفرم۔
ضرمہ (ضَر۔مَہ) آگ۔
ضرو (ضِرْو) لاگڑ اور بہار شکاری کتا۔
ضروب (ضُرُوب) انواع و اقسام۔
ضروح (ضَرُوح) لگدزن، لات مارنے والا۔
ضرور (ضَرُور) ناگزیر۔
ضرورت (ضَرُو۔رَت) ناگزیر، حاجت۔
ضروری (ضَرُو۔رِی) منسوب بہ ضرور۔
ضروریات (ضَرُو۔رِی۔یات) ضروری کی جمع ضروری چیزیں۔
ضرہ (ضَر۔رَہ) سوت، سوکن، انباغ، دستی۔
ضریبہ (ضَرِی۔بَہ) ٹیکس، مالگذاری۔

ضریح (ضَرِیْح) قبر جمع ضَرَائِح ۔
ضریر (ضَرِیْر) اندھا، صبر، رشک، غیرت ۔
ضریس (ضَرِیْس) بہت بھوکا ۔
ضریع (ضَرِیْع) ایک سخت زہریلی دریائی گھاس ۔
ضریعت (ضَرِیْ۔عَتْ) بڑے پستان والی عورت ۔
ضریک (ضَرِیْک) کنگال، اتیت، گدھ جمع ضَرَائِک ۔
ضریم (ضَرِیْم) جلا ہوا، سوختہ ۔
ضزز (ضَزَز) چپکا ہونا، چپکا ہونا، چسپیدہ ہونا
ضطمر (ضَطْ۔مَرْ) موتی ۔
ضعد (ضَعْ۔د) گلا گھونٹنا ۔
ضعف (ضُعْ۔ف) سستی، کمزوری (ضَعْ۔ف) دُونا جمع اَضْعَاف (ضَعْ۔ف) بیہوشی، کم عقلی
ضعیف (ضَعِیْف) کمزور، بوڑھا جمع ضِعَاف، ضُعَفَاء، ضَعَفَہ، ضَعْفٰی، ضَعَائِف، ضَعَافٰی ۔
ضعیفہ (ضَعِیْ۔فَہ) بوڑھی عورت ۔
ضعیفی (ضَعِیْ۔فِی) بڑھاپا، کمزوری ۔
ضغاغہ (ضَغَا۔غَہ) احمق آدمی ۔
ضغب (ضَغْ۔ب) ڈرانا ۔
ضغبوس (ضَغْ۔بُوْس) ضعیف آدمی، ککڑی کا (دا) کچا خربوزہ جمع ضَغَابِیْس ۔
ضغث (ضِغْ۔ث) سوکھی اور گیلی گھاس کا مٹھا، ملا جلا جمع اَضْغَاث ۔
ضغط (ضَغْ۔ط) تنگی، سختی (ضَغْ۔ط) نچوڑنا، بھینچنا ۔
ضغطہ (ضُغْ۔طَہ) سختی، تنگی، رنج (ضَغْ۔طَہ) جھٹکنا، دبانا، بھینچنا ۔
ضغن (ضِغْ۔ن) کینہ ۔
ضغو (ضَغْ۔و) جلد، شتاب ۔
ضغیط (ضَغِیْط) کم عقل، کمزور رائے ۔

ضغینہ (ضَغِیْ۔نَہ) کینہ جمع ضَغَائِن ۔
ضف (ضَفّ) بدحال اور کنگال آدمی ۔
ضفدع (ضِفْ۔دِع) مینڈک جمع ضَفَادِع ۔
ضفر (ضَفْ۔ر) گوندھنا ۔
ضفف (ضَفَف) تنگی، سختی، کثرت اولاد ۔
ضفوہ (ضَفْ۔وَہ) بسیاری، تمامی ۔
ضفہ (ضِفْ۔فَہ) دریا کا کنارہ ۔
ضفیرہ (ضَفِیْ۔رَہ) گندھے ہوئے بال جمع ضَفَائِر
ضفیط (ضَفِیْط) احمق، ضعیف عقل ۔
ضل (ضُلّ) باطل، ضائع ۔
ضلال، ضلالت، ضلت (ضَلَال، ضَلَا۔لَت، ضَلّ۔ت) گمراہی، بیراہی، کھویا ہوا پن ۔
ضلع (ضِلَع، ضِلْ۔ع) پسلی، ملک کا حصہ جمع اَضْلَاع، ضُلُوع، اَضْلُع ۔
ضلل (ضَلَل) غلطی، خرابی ۔
ضلول (ضَلُوْل) بہت بڑا گمراہ ۔
ضلیع (ضَلِیْع) قوم، خلقت ۔
ضلیل (ضِلِّیْل) بھٹکا ہوا، گمراہ (ضِلْ۔لِیْل) بہت گمراہ ۔
ضم (ضَمّ) حرکت پیش (ـُ) ملانا، پیوست کرنا ۔
ضماد (ضِمَاد) لیپ کی دوا ۔
ضمار (ضِمَار) کھویا ہوا مال جس کے ملنے کی امید باقی نہ ہو ۔
ضماضم (ضُمَا۔ضِم) شیر درندہ ۔
ضمان (ضَمَان) ضامنی ۔
ضمد (ضَمْ۔د) مرہم لگانا ۔
ضمر (ضُمْ۔ر) چھریرا اور پتلی کمر کا آدمی ۔
ضمضم (ضَمْ۔ضَم) شیر ۔
ضمن (ضِمْ۔ن) اندر، اندرون (ضَمِن) اپنی مرضی سے گھائل (ضَمَن) گھائل ہونا، مبتلا ہونا ۔
ضمناً (ضِمْ۔نَنْ) اندرونی طور پر، بطور درمیان ۔

ضمنہ (ضَمِنَ ۔ نَہ) بیماری ۔
ضمور (ضُمُوْر) ضعف ، لاغری (ضَمُوْر) دُبلا ، لاغر۔
ضمہ (ضَم ۔ مَہ) حرکتِ پیش (ء)
ضمیر (ضَمِیْر) دل میں جو بات گذرے ، اندیشہ خاطر ، بھید ، اسم کا قائم مقام لفظ جمع ضَمائر ۔
ضمیران (ضَم ۔ یْرَانْ) مَروہ جو ایک پھلواری ہے ۔
ضمیم (ضَمِیْم) ملا ہوا
ضمیمہ (ضَمِی ۔ مَہ) وہ چیز جو کسی دوسری چیز پر بڑھا دیجائے ۔
ضمین (ضَمِیْن) ضامن ، کفیل
ضناک (ضَنَاکْ) موٹی عورت (ضِنَاکْ) زکام (ضِنَاکْ) جس کے جوڑ موٹے ہوں ۔
ضنانہ (ضَنَا ۔ نَہ) بیماری ۔
ضنت (ضِنْ ۔ نَتْ) کنجوسی ۔
ضنک (ضَنْ ۔ کْ) تنگ چیز ، تنگی ۔
ضنو (ضَنْ ۔ وْ) بچہ ، فرزند ۔
ضنی (ضَنِیْ ، ضَنْ ۔ ی) دُبلا ، پتلا ۔
ضنیک (ضَنِیْک) ضعیف رائے ، بدن کا کمزور ۔
ضنین (ضَنِیْن) کنجوس ۔
ضو (ضَوْ) روشنی ، لپیٹ (ضَوْ) آسمان ، سورج ۔
ضوابط (ضَوَا ۔ بِطْ) ضابطہ کی جمع ۔
ضواحک (ضَوَا ۔ حِکْ) ضاحکہ کی جمع ۔
ضواع (ضُوَاعْ) اُلّو کی آواز ۔
ضور (ضَوْر) سخت بھوک ، بے قدر آدمی (ضَوْر) کالی گھٹا ۔
ضوع (ضُوْعْ) نر اُلّو جمع ضِیْعَانْ ۔
ضومر ، ضومران (ضَوْ ۔ مَرْ ، ضَوْ ۔ مَرَانْ) دیکھو ضمیران ۔
ضہد (ضَہْ ۔ دْ) غصہ کرنا ۔
ضہول (ضَہُوْل) کنواں تھوڑے پانی کا ۔
ضہوہ (ضَہْ ۔ وَہْ) پانی کا حوض ۔
ضہی (ضَہْ ۔ ی) مانند ۔
ضہیا (ضَہْ ۔ یَا) جس عورت کو حیض نہ آتا ہو ۔

ضیا (ضِیَا) روشنی
ضیاح (ضَیَاحْ) دودھ کی لسی ، پانی ملا ہوا دودھ ۔
ضیاط (ضَی ۔ یَاطْ) درشت مزاج آدمی ۔
ضیافت (ضِیَا ۔ فَتْ) مہمانی ، دعوت ۔
ضیح (ضَیْحْ) دیکھو ضیاح ۔
ضیر (ضَیْر) تکلیف ، ضرر ، گزند ۔
ضیزا (ضِیْ ۔ زَا) بے اعتبار ، ناراست ۔
ضیشم (ضَیْ ۔ شَمْ) دیکھو ضیغم ۔
ضیط (ضَیْطْ) نگاہ رکھنا ۔
ضیطار (ضَیْ ۔ طَارْ) موٹا کنجوس اور بے تمیز آدمی ۔
ضیع (ضَیْعْ) ضائع و ہلاک ہونا
ضیعہ (ضَیْ ۔ عَہْ) کھیتی کی زمین ، اوّل قسم کی زمین ، تجارت ، حرفت ، پیشہ ، صنعت ، پانی جمع ضِیَاع ، ضِیَع ، ضِیْعَانْ جمع جمع ضِیَاعَاتْ ہلاک ہونا ، ضائع ہونا ، تلف ہونا ، گم ہونا ، کھو جانا ، گر پڑنا ۔
ضیغم (ضَیْ ۔ غَمْ) پہاڑ کھانیوالا شیر ، کٹکھنا ۔
ضیغمہ (ضَیْ ۔ غَمَہ) پہاڑ کھانیوالی شیرنی ، سرکٹکھنی ۔
ضیف (ضَیْف) مہمان ، بہت سے مہمان جمع ضُیُوْف ، اَضْیَاف ، اَضَائِف (ضَیْف) پہلو ۔
ضیفان (ضَیْ ۔ فَانْ) مہمانی ۔
ضیفن (ضَیْ ۔ فَنْ) بن بلایا مہمان جمع ضَیَافِنَہ ۔
ضیق (ضَیْق) تنگی (ضَی ۔ یِقْ) کنجوس ، تنگ ۔
ضیقہ (ضَیْ ۔ قَہ) تنگدستی ، بدحالی ، درویشی جمع ضِیَق ۔
ضیق النفس (ضَیْ ۔ قُنْ ۔ نَفْ ۔ س) دمہ کی بیماری ۔
ضیکل (ضَیْ ۔ کَلْ) ننگا جس پر اوڑھنے کو نہ ہو ۔
ضیل (ضَیْل) دُبلا ، چھوٹا ، سختی زمانہ ۔
ضیم (ضَیْم) پہاڑ کا کنارہ (ضَیْم) ستم کرنا ۔
ضیون (ضَیْ ۔ وَنْ) بلوٹا جمع ضَیَاوِن ۔

ط

ط (طَا ، طے) مخصوص حرف عربی ، قائم مقام عدد ۹، حرف شمسی ، چند حروف سے بدل ہی۔ ۱۔ ت کے ساتھ مثلاً طبرزد ، تبرزد ۲۔ د کے ساتھ مثلاً خطشہ ، خدشہ ۔

طاب (طَابْ) خوشبو ۔

طابع (طَا-بِعْ) چھاپنے والا ، فرمانبردار ، سرشت (طَا-بَعْ) انگوٹھی ، ٹکٹ ، جس پر چھاپا جاوے جمع طَوَابِعْ ۔

طابق (طَا-بَقْ) توا ، تابہ ۔

طابن (طَا-بَنْ) زیرک ، عقلمند ۔

طابور (طَا-بُوْر) پلٹن کا ایک حصہ ۔

طابہ (طَا-بَہ) شراب ، کھجور ، مدینہ منورہ ۔

طاثر (طَا-ثِرْ) گاڑھا دودھ ۔

طاجن (طَا-جِنْ) کڑھائی ، فرائی پان ۔

طاحون ، طاحونہ (طَا-حُوْنْ-طَا-حُوْ-نَہ) چکی ۔

طارف (طَا-رِفْ) تازہ اور اچھا مال ۔

طارق (طَا-رِقْ) صبح کا ستارہ ، سخت حادثہ ، رات کو چلنے والا جمع طَوَارِقْ

طارم ، طارمہ (طَا-رِمْ-طَا-رِمَہْ) لکڑی کا مکان ، بالاخانہ ، بلند مکان ۔

طاری (طَا-رِیْ) ظاہر ہونے والی چیز ، نیچے اترنے والی چیز ۔

طاس (طَاسْ) طشت ۔

طاسک (طَا-سَکْ) چھوٹا سا طشت ۔

طاسہ (طَا-سَہْ) ایک چھوٹا ڈھول ۔

طاط (طَاطْ) مست اونٹ ، لمبا دلیر جھگڑالو آدمی ۔

طاطا (طَا-طَا) نشیبی زمین ۔

طاعت (طَا-عَتْ) بندگی ، عبادت جمع طَاعَاتْ ۔

طاعن (طَا-عِنْ) طعنہ زن جمع طُعَّانْ ۔

طاعون (طَا-عُوْنْ) پلیگ ، مرگ عام ، وبائی بخار جو سخت مہلک ہے جمع طَوَاعِیْنْ ۔

طاغ ، طاغی (طَاغْ ، طَا-غِیْ) حکومت کا نافرمان ، بیحد گنہگار ۔

طاغوت (طَا-غُوْتْ) بت ، شیطان جمع طَوَاغِیْتْ ۔

طاغوتی (طَا-غُوْ-تِیْ) شیطانی ۔

طاغیہ (طَا-غِیَہْ) متکبر ، بخیل ، زیادتی کرنیوالا ۔

طاف (طَافْ) طواف کرنیوالا ، گشت لگانیوالا ۔

طافح (طَا-فِحْ) شراب پی کر بدمست ۔

طافی (طَا-فِیْ) ہلکی چیز پانی پر تیر آنے والی ۔

طاق (طَاقْ) نابرابر چیز ، اکیلا ، عدد جو دو سے تقسیم نہ ہو ، لبادہ جمع طِیْقَانْ ، طَاقَاتْ

طاقت (طَا-قَتْ) قوت ، زور ، توانائی ، یکتا ، طاقِ دیوار جمع طَاقَاتْ ۔

طاقچہ (طَاقْ-چَہ) چھوٹا طاق ۔

طاقہ (طَا-قَہ) قیامت ، سختی ، توانائی ، کپڑے وغیرہ کا تھان ۔

طاقی (طَا-قِیْ) ایک ٹوپی ، دورنگی آنکھ والا ۔

طالب (طَا-لِبْ) ڈھونڈھنے والا جمع طَلَبَا و طُلَّابْ ، طَلَبَہ ، طُلَّبْ ، طِلَابْ ۔

طالبِ علم (طَا-لِبِ-عِلْمْ) علم کا طلبگار ۔

طالب علمی (طَا-لِبِ-عِلْ-مِیْ) تعلیم حاصل کرنے کی حالت ، علم کی طلبگاری ۔

طالح (طَا-لِحْ) بدکار ، برا آدمی ۔

طالع (طَا-لِعْ) نصیب ، طلوع کرنے والا ۔

طالع آزمائی (طَا-لِعْ-آزْ-مَا-ئِیْ) قسمت آزمائی ۔

طالع شناس (طَا-لِعْ-شِنَاسْ) نجومی ۔

طالعمند (طَا-لِعْ-مَنْدْ) قسمت ور ۔

طالعمندی (طَا-لِعْ-مَنْ-دِیْ) قسمت وری ۔

طالعور (طَا-لِعْ-وَرْ) خوش قسمت ، دولتمند ۔

طالعوری (طَا۔ لِعْ۔ وَرِی) خوش قسمتی۔
طالعہ (طَا۔ لِعَہ) روشنی، طلوع کرنے والی جمع طَوَا۔ لِعْ
طالق (طَا۔ لِقْ) بے روک، رہا، طلاق دی ہوئی عورت جمع طَوَالِق۔
طامات (طَا۔ مَاتْ) بناوٹی صوفیوں کے ہتھکنڈے اور لن ترانیاں۔
طامث (طَا۔ مِثْ) حیض والی عورت۔
طامح (طَا۔ مِحْ) سرکش، بلند۔
طامع (طَا۔ مِعْ) لالچی جمع طُمّاع۔
طامہ (طَامْ۔ مَہ) سختی، بلا، قیامت۔
طاووس (طَا۔ ؤُوْس) دیکھو طاؤس۔
طاولہ (طَا۔ وِلَہ) میز، ٹیبل۔
طاوی (طَا۔ وِی) بھوکا۔
طاہر (طَا۔ ہِرْ) پاک جمع اَطْہَارْ۔
طاہی (طَا۔ ہِیْ) باورچی۔
طائحہ (طَا۔ اِحَہ) مہلک حادثہ، ہلاک شدہ جمع طَوَائِحْ۔
طائر (طَا۔ اِرْ) پرند، فالِ بد، عمل، پتنگ جمع طَیْر جمع جمع اَطْیَارْ، طُیُورْ۔
طائع (طَا۔ اِعْ) فرماں بردار جمع طُوّعْ۔
طائف (طَا۔ اِفْ) طواف کرنے والا، خیال جو نیند میں متشکل ہو کر نظر آوے، نام شہر (حجاز)
طائفہ (طَا۔ اِفَہ) آدمیوں کی ٹولی، چیز کا ٹکڑا جمع طَوَائِفْ۔
طائل (طَا۔ اِلْ) بے باک، بے قید، فائدہ، افزونی، مالداری۔
طائس (طَا۔ اِسْ) مور جمع طَوَائِسْ، طَیْسَانْ
طائی (طَا۔ اِیْ) عربی قبیلے طے کی طرف منسوب۔
طب (طِبّ، طُبّ) علاج جسم اور جان کا، نرمی، جادو۔

طبابت (طِبَا۔ بَتْ) طب، علاج کا علم۔
طباخ (طَبْ۔ بَاخْ) باورچی۔
طباخہ (طَبْ۔ بَا۔ خَہ) باورچن، ماما۔
طباشیر (طَبَا۔ شِیْر) بنسلوچن، کھریا مٹی۔
طباع (طَبْ۔ بَاعْ) تیز طبیعت، سانچے میں ڈھالنے والا (طِبَاعْ) طبیعت کی جمع۔
طباعت (طِبَا۔ عَتْ) چھپائی۔
طباعی (طَبْ۔ بَا۔ عِیْ) طبیعت کی تیزی۔
طباق (طَبَاقْ) بڑی رکابی۔
طباقی (طَبَا۔ قِیْ) حوالی موالی۔
طبال (طَبْ۔ بَالْ) طبلچی۔
طبالی (طَبْ۔ بَا۔ لِیْ) طبلہ بجانے کا ہنر۔
طبانہ (طَبَا۔ نَہ) عقلمند ہونا۔
طبائع (طَبَا۔ اِعْ) طبیعت کی جمع۔
طبخ (طَبْ۔ خ) پکانا۔
طبرخشت (طَبَرْ۔ خِشْ۔ ت) خاکی رنگ کا ایک گوند۔
طبرزد (طَبَرْ۔ زَدْ) مصری، ایک سفید شکر۔
طبع (طَبْ۔ ع) سرشت، مزاج جمع اَطْبَاعْ چھپائی، نقش کرنا، چھاپنا، ٹھپہ لگانا (طِبْعْ) رنگ (طَبَعْ) دل ہٹ جمع اَطْبَاعْ (طِبْ۔ ع) پیمانہ، مشک، ندی، زنگ، میل جمع اَطْبَاعْ۔
طبعی (طَبْعِیْ) منسوب بہ طبیعت (طَبْ۔ عِیْ) منسوب بہ طبع۔
طبق (طَبَ۔ قْ) طاسہ، طریق، دستور، ٹیڑھی ڈال (طِبْقْ) مثل، طبقہ، برابر، عورت کی شرمگاہ، رکابی جمع اَطْبَاقْ اَطْبِقَہ۔
طبقچہ (طَبَقْ۔ چَہ) خوانچہ۔
طبق زن (طَبَقْ۔ زَنْ) چپٹی لڑانے والی۔

طبقہ (طَبَقَہ، طَبَ-قَہ) منزل، درجہ جمع طَبَقات۔
طبل (طَبْ-ل) غوالک، ڈھول، نقارہ
جمع اَطْبال، طُبُول۔
طبلق (طَبْ-لَق) کاغذی بندھن، تیدک۔
طبلک (طَبْ-لَک) چھوٹا ڈھول۔
طبلہ (طَبْ-لَہ) ایک قسم کا ڈھول۔
طبن (طَبَن) عقلمندی۔
طبی (طِبْ-بِی) منسوب بہ طب (طِبّ-بِی) حکمی۔
طبیب (طَبِیْب) معالج جمع اَطِبّاء، اَطِبَّہ،
طَبِیبان۔
طبیبی (طَبِی-بِی) منسوب بہ طبیب۔
طبیخ (طِبْ-بِیخ) خربزہ، خربوزہ (طَبِیخ)
جوشاندہ، اُبالی ہوئی چیز۔
طبیعات (طَبِی-عات) علم موجودات، فزکس۔
طبیعت (طَبِی-عَت) مزاج، خُو، عادت،
پیدائش جمع طَبائع۔
طبیعی (طَبِی-عِی) خلقی، پیدائشی، منسوب بہ طبیعت۔
طپ (طَپ) بیقراری، ہڑکل، بخار۔
طپان (طَپاں) بیقرار ہوتا ہوا۔
طپانچہ (طَپاں-چَہ) چانٹا، تھپڑ۔
طپانیدن (طَپا-نِی-دَن) بیقرار کرنا۔
طپش (طَپِش) بیقراری، گرمی۔
طپندہ (طَپَن-دَہ) بیقرار ہونے والا۔
طپیدن (طَپی-دَن) بیقرار ہونا مضم طَپَد
طپیدہ (طَپی-دَہ) بے قرار شدہ۔
طحال (طِحال) تلی (طُحال) تلی کی ایک بیماری۔
طحانہ (طَحّا-نَہ) پسنہاری، پیسنے والی۔
طحل (طَحِل) غضبناک (طَحَل) تلی بڑھجانا۔
طحلب (طَحْ-لَب، طُحْ-لُب، طِحْ-لِب) کائی۔
طحمہ (طَحْ-مَہ) بڑی چیز، طاعت (طُحْ-مَہ)
سخت لڑاک۔
طحن (طَحْ-ن) آٹا (طِحْ-ن) پیسنا۔
طحین (طَحِین) پیسا ہوا۔
طخمہ (طَخْ-مَہ) کلونس ناک کی پھلک کی۔
طخوہ (طَخْ-وَہ) بادل کا ٹکڑا۔
طر (طُرّ) سب، کل، تمام (طَرّ) کاٹنا، پھاڑنا
چاندنا، مسیں بھیگنا۔
طرابلس (طَرا-بُلُس) نام شہر (شام)
نام ملک (شمالی افریقہ)۔
طراح (طُرّاح) دور (طَرّاح) نقاش۔
طراحی (طَرّا-حی) نقاشی۔
طرار (طَرّار) حیلہ گر، تیز، گٹھ کٹا۔
طرارہ (طَرّا-رَہ) تیزی سے تھرک۔
طراری (طَرّا-رِی) تیزی۔
طراز (طِراز) لقش و نگار، منقش کرنے والا۔
طرازندہ (طِرا-زَن-دَہ) نقش کرنیوالا۔
طرازیدن (طِرا-زی-دَن) نقش کرنا
مضم طِراز۔
طرازیدہ (طِرا-زی-دَہ) نقشین، نقش کیا ہوا
طراق (طَراق) دھماکا، تڑاقا۔
طراوت (طَرا-وَت) تازگی۔
طرائف (طَرا-اِف) طریف کی جمع۔
طرائق (طَرا-اِق) طریق کی جمع۔
طرایہ (طَرا-یَہ) دیکھو طلایہ۔
طرب (طَرَب) خوشی، نشاط، شوق
جمع طُرُوب۔
طربال (طِرْ-بال) بلند منارہ۔
طربوش (طَرْ-بُوش) ترکی ٹوپی۔
طربیزہ (طَرْ-بِی-زَہ) میز، طاولہ، ٹیبل۔
طرح (طَرْح) ڈول، بنیاد، نقاشی،
نئی عمارت کا نمونہ، ڈالنا، قائم کرنا
(طَرَح) دور، نقاشی، طور، طرز۔

طرح افشاندن (طَرْح ۔ اَفْ ۔ شَاں دَنْ) بنا ڈالنا، ڈول ڈالنا۔
طرح دادن (طَرْح ۔ دَا ۔ دَنْ) پہلو بچانا۔
طرحدار (طَرْح ۔ دَارْ) خوبصورت، باوضع۔
طرحداری (طَرْح ۔ دَا ۔ رِیْ) خوبصورتی۔
طرخان (طَرْ ۔ خَانْ) نام ساگ، جسکو خدمت معاف ہو
طرخون (طَرْ ۔ خُوْن) نام درخت جسکی جڑ عاقرقرحا ہے۔
طرد (طَرْد) ہنکٹ، پلندہ جمع طُرُوْد (طَرْ دْ ، طَرَ دْ) کیڑے مکوڑے بھگانا۔
طرر (طُرَ رْ) طرّہ کی جمع۔
طرز (طَرْ زْ) روش، قاعدہ، طریقہ۔
طرس (طِرْ س) نامہ، کاغذ، صحیفہ۔
طرش (طَرَ ش) بہراپن۔
طرطب (طُرْ ۔ طُبْ ، طُرْ ۔ طُبّ) بڑی چھاتیاں لٹکی ہوئی۔
طرف (طَرَفْ) کنارہ، جانب، ٹکڑا، حصہ، مقابل، حریف، وقت جمع **اَطْرَاف** (طَرْ ف) آنکھ، آنکھیں، جوانمرد، کریم۔
طرفا (طَرْ ۔ فَا) جھاؤ کا پیڑ، گز۔
طرفۃ العین (طَرْ ۔ فَتُلْ ۔ عَیْن) ایک مرتبہ آنکھ کی جھپک۔
طرف ثانی (طَرَ ف ۔ ثَا ۔ نِیْ) مقابل۔
طرفدار (طَرَ ف ۔ دَارْ) جانب دار۔
طرفداری (طَرَفْ ۔ دَا ۔ رِیْ) جانبداری
طرفہ (طُرْ ۔ فَہْ) اچھی چیز، انوکھی چیز جمع طُرَف۔ (طَرْ ۔ فَہْ) آنکھ میں چوٹ کی سرخی، پلک کی جھپک۔
طرفے (طَرْ ۔ فِے) کچھ، اندکے، یوہنی سا۔
طرفین (طَرَ فَیْن) دونوں جانب۔
طرق (طُرُق ، طُرْ ق) طریق کی جمع
طرقوا (طَرْ ۔ رِقُوْ) رستہ چھوڑ دو، ہٹ جاؤ۔
طرقوازن (طَرْ ۔ رِقُوْ ۔ زَنْ) طرقو کہنے والا، نقیب۔
طرم (طِرْ م) گاڑھا شہد۔

طرموث (طُرْ ۔ مُوْ ثْ) جاہل۔
طرنو (طُرْ ۔ نُوْ) چال، روش۔
طرہ (طُرْ رَہْ) زلف، لٹ، پھندنا، گچھا، کلغی، جھجہ جمع طُرَر، اَطْرَارْ۔
طری (طَرِیّ) نیا، تازہ۔
طریان (طَرَ یَانْ) حادث ہونا، وارد ہونا۔
طرید (طَرِیْد) ہنکایا ہوا۔
طریدہ (طَرِیْ ۔ دَہْ) حملہ، راہزن، لٹیرا۔
طریر (طَرِیْر) خوبصورت اور وضعدار جمع طُرَّا رُ۔
طریف (طَرِیْف) کمائی، انوکھی چیز جمع طُرَائِف، طُرُوْف۔
طریق (طَرِیْق) ڈھنگ، راہ، رستہ، مذہب، شرمندہ جمع **طُرُق**، طُرُق، اَطْرُق، اَطْرِقَا ر، طَرَائِق۔
طریقت (طَرِیْ ۔ قَتْ) راہ، تزکیۂ باطن۔
طریقہ (طَرِیْ ۔ قَہْ) ڈھنگ، راہ، روش، مذہب (طَرْ رِیْ ۔ قَہْ) سستی، کمزوری۔
طست (طَسْ ت) دیکھو طشت۔
طسوج (طَسْ ۔ سُوْج) کنارہ، کونہ، پاؤ دانگ، زوجہ جمع طَسَاسِیْج۔
طشت (طَشْ ت) تھال، چلمچی۔
طشت از بام (طَشْ ت ۔ اَزْ ۔ بَام) افشائے راز۔
طعام (طَعَام) کھانا، خورش جمع اَطْعِمَہ۔
طعان (طِعَانْ) طاعن کی جمع۔
طعم (طَعْ م) مزہ، لذت (طُعْ م) خوراک، چوگا۔
طعمہ (طُعْ ۔ مَہْ) روزی، خوراک جمع طُعَمْ (طَعْ ۔ مَہْ) ایک دفعہ چکھنا۔
طعن (طَعْ ن) عیب چینی، برچھا بازی۔ جمع مَطَاعِن برچھا مارنا، عیب نکالنا۔
طعنہ (طَعْ ۔ نَہْ) عیب چینی، قدح۔

طعنہ زن (طَعْ - نَہ - زَنْ) طعنہ مارنے والا۔
طعنہ زنی (طَعْ - نَہ - زَ نِی) طعنہ مارنا۔
طغان (طُغَانْ) دیکھو طغیان۔
طغرا (طُغْ - رَا) خط کی ایک قسم، نشانِ حکومت۔
طغرل (طُغْ - رُلْ) بجری جو ایک شکاری پرند ہے۔
طغوان (طُغْ - وَانْ) دیکھو طغیان۔
طغوہ (طُغْ - وَہْ) پہاڑ کی چوٹی، اونچی جگہ۔
طغیان (طُغْ - یَانْ) حد سے بڑھکر زیادتی، نافرمانی
طغیانی (طُغْ - یَا - نِی) پانی کا چڑھاؤ، زیادتی
طفاحہ (طُفَا - حَہ) جھاگ۔
طفاوہ (طُفَا - وَہ) سورج کا ہالہ۔
طفحان (طَفْ - حَانْ) لبالب، لبریز۔
طفرہ (طَفْ - رَہْ) قلانچ، ناغہ، پھاندنا۔
طفل (طِفْ - ل) بچہ جمع اَطْفَالْ طِفْلَگَانْ
طفل آتش (طِفْ - لِ - آ - تِشْ) پتنگا، شرارہ۔
طفلانہ (طِفْ - لَا - نَہ) بچے کی مانند۔
طفلس (طِفْ - لِسْ) دار السلطنت تفقاز۔
طفل شب (طِفْ - لِ - شَبْ) چاند۔
طفلک (طِفْ - لَکْ) چھوٹا بچہ۔
طفل ہندو (طِفْ - لِ - ہِنْ - دُوْ) آنکھ کی پتلی۔
طفلہ (طِفْ - لَہ) لڑکی۔
طفلی (طِفْ - لِیْ) بچپن، بالپن۔
طفو (طُفُوْ) جیسے داغ نکل ہونا
طفور (طُفُوْر) قلانچ مارنا۔
طفولیت (طُفُوْ - لِیْ - یَتْ) بچپن۔ بالپن۔
طفیف (طَفِیْف) تھوڑا، ناتمام۔
طفیل (طُفَیْل) وسیلہ، ذریعہ۔
طفیلی (طُفَیْ - لِیْ) وہ کہ جسکی پوچھ کسی دوسرے کے باعث ہو۔
طقس (طَقْ - سْ) موسم۔
طل (طَلّ) اوس، شبنم، پھوار۔
طلا (طِلَا) سونا، چیڑنے کی دوا، ملمع۔

طلاب (طُلْ - لَاب) طالب کی جمع۔
طلادوز (طِلَا - دُوْز) سونے کے تاروں کا کام۔
طلاق (طَلَاقْ) عورت کی قیدِ نکاح سے آزادی، کشادگی، روانی۔
طلاق بائن (طَلَاقِ - بَا - ئِنْ) طلاق کا دوسرا درجہ۔
طلاقت (طَلَا - قَتْ) تیز زبانی۔
طلاق رجعی (طَلَاقِ - رَجْ - عِیْ) طلاق کا پہلا درجہ۔
طلاق شکم (طَلَاقِ شِکَمْ) دست۔
طلاق طبیعت (طَلَاقِ - طَبِیْ - عَتْ) کشادگی طبیعت۔
طلاق مغلظہ (طَلَاقِ - مُغَلْ - لَظَہْ) تیسرا درجہ یعنی قطعی طلاق۔
طلاکار (طِلَا - کَارْ) ملمع ساز۔
طلاکاری (طِلَا - کَا - رِیْ) ملمع سازی۔
طلاوت (طَلَا - وَتْ) تروتازگی، رونق۔
طلائی (طِلَا - ئِیْ) سونے والی، سنہری۔
طلایہ (طَلَا - یَہ) رات کی محافظ فوج۔
طلایہ دار (طَلَا - یَہ - دَارْ) مخبر، افسرِ طلایہ۔
طلایہ گردی (طَلَا - یَہ - گَرْ - دِیْ) رات کی حفاظت۔
طلب (طَلَبْ) مانگ، تلاش، چاہت، بلاوا، درخواست، مانگنے والا (طُلْ - لَب) آدمیوں کا گروہ (طُلْ - لَبْ) طالب کی جمع۔
طلبانہ (طَلَبَا - نَہ) روزانہ اُجرت۔
طلبگار (طَلَبْ - گَارْ) آرزومند۔
طلبگاری (طَلَبْ - گَا - رِیْ) آرزومندی۔
طلبندہ (طَلَ - بَنْ - دَہْ) بلانے والا، چاہنے والا۔
طلبہ (طَلَبَہ) طالب کی جمع (طِلْبَہ) مطلوب۔
طلبی (طَلَبِیْ) طلب، بلاوا۔
طلبیدن (طَلَ - بِیْ - دَنْ) بلانا، چاہنا مضم طَلَبَد

طلبیدہ (طَلَ-بی-دَہ) بلایا ہوا، چاہا ہوا۔
طلح (طَلْ، ح) کیلہ، کھجور کا پھول۔
طلخاھم (طِل-خاھَم) متھنی، فیل مادہ، فیلہ۔
طلسم (طِلِس، م) خزانہ کے اوپر جادو کی ڈراونی شکل، وہمی صورت جمع طِلسْمات۔
طلسماتی (طِلِس-ما-تی) منسوب بہ طلسمات۔
طلعت (طَلْ-عَت) دیدار، درشن۔
طلق (طَلْ، ق) ابرق، شراب، بچہ پیدا ہونیکا درد، ہرن، شکاری کتا، ورق زر (طَلْ، ق، طَلَ، ق، طُلُق، طَلِق، طَلْق) زبان تیز۔
طلق اللسان (طَلْ-قُل-لِسا-ن) فصیح، خوش کلام۔
طلق الوجہ (طَلْ-قُل-وَج، ہ) خوبصورت۔
طلق الیدین (طَلْ-قُل-یَدَ-یْن) سخی۔
طلق محلول (طَلْ، ق-مَح-لُو ل) ابرک کا پانی۔
طلل (طَلَل) جسم، بدن، کھنڈر جمع اَطْلال، طُلُول۔
طلمبہ (طُلم-بَہ) آگ بجھانے کا انجن۔
طلوب (طَلُوب) طالب۔
طلوع (طُلُوع) نکال، ظاہر ہونا۔
طلیعہ (طَلِی-عَہ) دیکھو طلایہ جمع طَلائِع۔
طلیق (طَلِیق) قید سے آزاد
طلیق اللسان (طَلِی-قُل-لِسان) تیز زبان۔
طم (طَم) تموج، دریا کی موج۔
طماطم (طَما-طِم) ٹماٹر، ولایتی بینگن۔
طماع (طَم، مَاع) لالچی (طُم-مَاع) طامع کی جمع۔
طماعت، طماعیت (طَما-عَت، طَما-عِیَت) لالچ، لوبھ۔
طماغہ، طماقہ (طَما-غَہ، طَما-قَہ) شکاری پرندوں کی ٹوپی
طمانچہ (طَمان-چَہ) تھپیڑ، تھپڑ، لپڑ، چانٹا۔

طمانینت، طمانیت (طُما-نِی-نَت، طُما-نِیَت) سکون قلب، تسلی۔
طمث (طَم، ث) حیض کا خون، جماع۔
طمرس، طمروس (طِم-رِس، طُم-رُوس) جھوٹا۔
طمس (طَم، س) ناپید کرنا۔
طمش (طَم، ش) آدمیوں کا گروہ جمع طُمُوش۔
طمطراق (طُم-طُر-راق) ٹھاٹھ، کروفر۔
طمطم (طِم-طِم) جسکو بات کرنے کا شعور نہ ہو۔
طمع (طَمَع، طَم، ع) امید، ہوس جمع مَطامِع (طَمِع) لالچی، طامع، لوبھی۔
طمع خام (طَمَع-خام) فضول کی ہوس۔
طمنچہ (طَمَن-چَہ) پستول۔
طموس (طُمُوس) مٹنا، ناپید ہونا۔
طمیس (طَمِیس) اندھا۔
طن (طَن) انگریزی وزن مطابق ۲۲۴۰ پونڈ۔
طناب (طِناب) خیمہ کی ڈوری۔
طناز (طَن، ناز) شوخ، ناز کرنے والا، اٹھلا کر چلنے والا۔
طنب (طُنُب) ڈوری، میخ جمع اَطْناب، طُنُب۔
طنبک (طُم، بَک) ڈھولکی۔
طنبور (طُم-بُور، طَم-بُور) ایک ساز۔
طنبورہ (طُم-بُو-رَہ) ایک ساز، طنبور۔
طنجیر (طِن-جِیر) دیکھو تنجیر۔
طنز (طَن، ز) طعنہ، ناز، تمسخر۔
طنطنہ (طَن-طَ-نَہ) کروفر، نقارہ کی آواز۔
طنک (طَن، ک) آواز
طنہ (طُن، نَہ) بھانڈی، بندنے۔
طنین (طَنِین) جھنکار، کھنکھناہٹ۔
طوارق (طَوا-رِق) طارق۔
طواغیت (طَوا-غِیت) طاغوت کی جمع۔
طواف (طَواف) پھیرا، چکر، گھوم، سیر۔

طُوّاف (طُوَّ۔ وَاف) بہت طواف کرنیوالا، بھولا خدمتگار۔

طوالت (طُوَا۔ لَتْ) درازی۔

طوالع (طُوَا۔ لِعْ) طالع کی جمع۔

طوامیر (طُوَا۔ مِیْر) طومار کی جمع۔

طوائح (طُوَا۔ اِحْ) طائحہ کی جمع۔

طوائف (طُوَا۔ اِفْ) طائفہ کی جمع: بیسوا، گانیوالی۔

طوب (طُوْب) پکّی اینٹ، آجر۔

طوبیٰ (طُوْ۔ بَا) نام بہشتی میوہ دار پیڑ کا۔

طود (طَوْدْ) بڑا پیڑ، پہاڑ۔

طور (طُوْر) جزیرہ نما سینا کا ایک پہاڑ (طَوْر) انداز، ڈھنگ، ایکمرتبہ جمع اطوار۔

طوس (طُوْس) دیکھو توس۔

طوسی (طُوْ۔ سِیْ) ایک بینجنی رنگ۔

طوط (طُوْط) کپاس، لمبا جھگڑالو آدمی۔

طوطا (طُوْ۔ طَا) نام پرند، سُوا۔

طوطک (طُوْ۔ طَکْ) نام ساز۔

طوطی (طُوْ۔ طِیْ) توتی، ایک چھوٹی ہری چڑیا۔

طوطیا (طُوْ۔ طِیَا) دیکھو توتیا۔

طوع (طَوْع) رغبت، اطاعت۔

طوعاً (طَوْ۔ عَنْ) از روئے اطاعت۔

طوعاً و کرہاً (طَوْ۔ عَنْ وَ کَرْ۔ ہَنْ، طَوْ۔ عَنْ۔ وَ۔ کُرْ۔ ہَنْ) کچھ خوش کچھ ناخوش۔

طوغ (طُوْغ) فوج کا جھنڈا۔

طوف (طَوْف) سیر، پھیرا، چکر، گھوم۔

طوفان (طُوْ۔ فَانْ) سب پر چھا جانے والی چیز، ناگہ مصیبت (طَوْ۔ فَانْ) کسی کے گرد پھرنا۔

طوفانی (طُوْ۔ فَا۔ نِیْ) طوفان والی چیز۔

طوق (طَوْق) ہنسلی، کنٹھہ، حلقہ، وسعت، طاقت جمع اَطْوَاق۔

طوکیو (طُوْ۔ کِیْ۔ وْ) ٹوکیو دارالحکومت جاپان۔

طول (طُوْل) لمبائی (طَوْل) بخشش۔

طول امل (طُو-لِ-اَمَل) دنیا کی ہوس۔
طولانی (طُو-لا-نی) لمبی، منسوب بہ طول۔
طول عمل (طُو-لِ عَمَل) بکھیڑا۔
طولیدون (طُو-لی-دُون) ایک زہریلا درخت۔
طومار (طُو-مار) لمبی تحریر، گٹھڑا، نامہ، صحیفہ
جمع طَوامیر۔
طوسہ (طُو-سَہ) گھوڑے کی مادہ کھجوری۔
طونش (طُو-نِش) نام شہر (شمالی افریقہ)۔
طوئی (طُو-ئی) بیاہ، شادی (طُوا) بھوکھ
(طُوا) وادی ایمن۔
طویت (طَوِی-یَت) پیچیدگی، نیت، اندیشہ، مرتبہ
طویل (طَوِیل) لمبا، دراز۔
طویلہ (طَوے-لَہ، طَوِی-لَہ) اصطبل، لمبی
رسی جانور کے پاؤں باندھنے کی۔
طویلۂ دُر (طَوِی-لَ اِ-دُر) موتیوں کی لڑی۔
طہارت (طَہا-رَت) پاکیزگی، وضو، استنجا۔
طُہر (طُہْر) عورت کی پاکی کے ایام۔
طہران (طِہ-رَان) دارالسلطنت ایران۔
طہور، طہیر (طَہُور، طَہِیر) پاک۔
طی (طَی) لپیٹ، تہ، لڑھکاؤ، نام قبیلہ
(طَی) بھوک، گرسنگی۔
طیاب (طَیّ-یاب) بہت زیادہ پاک۔
طیار (طَیّ-یار) آمادہ، مہیا، درست، اُڑنے والا
طیارہ (طَیّ-یا-رَہ) تیز رفتار سواری، ہوائی جہاز
طیاش (طَیّ-یاش) ہلکا، خفیف الحرکات۔
طیاف (طَیّاف) کابوس۔
طیان (طَیّ-یان) بھوکا، پیچیدہ، کمہار
(طَیّان) جنگلی چھپکلی۔
طیب (طَیِّب) خوشبو، چہل، خوش طبعی
طیبات، اَطیاب (طَیّ-یِب) پاک
حلال، مزہ دار جمع طیّبات۔

طیبت (طَی-بَت) مزاح، خوش طبعی جمع طیبات
طیبہ (طَی-بَہ) نام مدینہ منورہ (طَیّ-یِ-
بَہ) پاکیزہ۔
طیجن (طَی-جَن) ماہی توا۔
طیر (طَیر) ایک پرند، بہت سے پرند۔
طیران (طَیَران، طَی-رَان) اڑان، پرواز۔
طیرہ (طَی-رَہ) جھینپ، سبکی، خفت (طِیَرَہ)
فال بد، شگون۔
طیسہ (طَی-سَہ) بستر، بالین۔
طیش (طَیش) غصہ، بے دماغی۔
طیطوی (طَی-طَوِی) ٹٹیہری جو ایک ابلق پرند ہے۔
طی لسان (طَی-یِ-لِسان) خاموشی، گویائی
طَی-لَسان) چادر کندھے پر ڈالنے کی
جمع طیالسہ۔
طین (طِین) گیلی مٹی۔
طینت (طِی-نَت) سرشت، سبھاؤ، عادت،
ذرا سی مٹی۔
طینی (طِی-نِی) گیلی مٹی کی چیز۔
طیوان (طَی-وَان) جزیرہ فارموسا
(ساحل شمالی چین، بحر اوقیانوس)
طیور (طُیُور) طائر کی جمع۔
طیہ (طَیّ-یَہ) پٹی۔
طیہوج (طَی-ہُوج) توا، تیہو۔

ظ

ظ (ظَا، ظوے) مخصوص حرف عربی، قائم مقام
عدد ۹۰۰، حرف شمسی۔
ظاعن (ظَا-عِن) مسافر۔
ظالم (ظَا-لِم) ستمگار جمع ظَلَمَہ، ظالمین۔
ظامی (ظَا-مِی) پیاسا، تشنہ۔
ظان (ظَانّ) بدگمان آدمی جمع ظانون، ظانین

ظاہر (ظَا-ہِر) آشکارا، پیدا، باہر جمع ظَواہِر۔
ظاہراً (ظَا-ہِرَن) ظاہر کے ساتھ۔
ظاہری (ظَا-ہِری) منسوب طرف ظاہر۔
ظبہ (ظُبَہ) ہتھیار کی باڑھ۔
ظبی (ظَبْی) ہرن جمع ظِبَاء، اَظْبُب،
ظُبِیّ۔
ظبیہ (ظَبْ-یَہ) ہرنی۔
ظراف (ظَرّاف) بہت سنوڑ، چتر۔
ظرافت (ظَرا-فَت) خوش طبعی، دانائی۔
ظرب (ظَرِب) پہاڑی، ٹیکری۔
ظرف (ظَر-ف) عقلمندی، برتن، حوصلہ،
لفافہ جمع ظُروف، اَظرُف۔
ظریف (ظَرِیف) عقلمند، خوش طبع جمع ظُرَفَا،
ظِراف، ظُرُوف، ظُرَفُون۔
ظعان (ظِعَان) ہودج کسنے کی رسی۔
ظعن (ظَع-ن) کوچ کرنا، چلنا۔
ظعین (ظَعِین) کوچ کرنے والا۔
ظعینہ (ظَعِی-نَہ) ہودج، ہودج نشین
عورت جمع ظَعَائِن، اَظْعَان۔
ظفر (ظَفَر) فتحمندی جمع اَظفار (ظُفُر) ناخن
جمع اَظفار، اَظافیر۔
ظفرہ (ظَفَرَہ) ناخنہ جو آنکھ کی بیماری ہے۔
ظل (ظِل) چھاؤں، سایہ، خیال، نمونہ
جمع اَظلال، ظُلول، ظِلال۔
ظلال (ظَلال) بادل کی چھاؤں، سایہ کی جگہ۔
ظل اللہ (ظِل-لُل-لَہ) خدا کا سایہ، بادشاہ۔
ظلام (ظَلَام) شروع رات کی اندھیری
(ظَل-لَام) بڑا ظالم۔
ظل زمین (ظِل-لِ-زَمِین) راستا۔
ظل سبحانی (ظِل-لِ-سُب-حَانِی)
خدائی سایہ، بادشاہ۔

ظل ظلیل (ظِل لِ ظَلِیل)، لمبی چھاؤں۔
ظلف (ظِل ف)، کھر جمع اَظلاف (ظُل ف، ظُلُف)، تنگیٔ معاش۔
ظلم (ظُل لم)، ستم، ناانصافی (ظُلَم)، اندھیری۔
ظلمات (ظُل ل مات) ظُلُمات، ظلمت کی جگہ، آبِ حیات کے چشمہ کی جگہ، بحر اطلانتک۔
ظلمانی (ظُل ما نی)، ناصاف۔
ظلمت (ظُل مت)، اندھیرا جمع ظُلَام، ظُلَم، ظُلُمات۔
ظلم رسیدہ (ظُل م رَسی دَہ)، مظلوم، دکھیا۔
ظلمی (ظُل می)، ناانصاف، ظالم۔
ظلمیت (ظُل می یت)، ناانصافی۔
ظلوم (ظَلُوم)، بڑا ظالم۔
ظلہ (ظُل لہ)، چھاؤں کرنیوالی چیز (ظِل لُہٗ)، اس مرد کا سایہ۔
ظلہا (ظِل لُہا)، اس عورت کا سایہ۔
ظلہم (ظِل لُہُم)، ان مردوں کا سایہ۔
ظلیفت (ظَلِیفَت)، بدحال، سخت مشکل کام۔
ظلیل (ظَلِیل)، سایہ دار۔
ظلیم (ظَلِیم)، ستم رسیدہ، نر شتر مرغ جمع ظُلْمان۔
ظما (ظَمَا)، پیاس، تشنگی۔
ظمان (ظَم آن)، پیاسا جمع ظِمَاء۔
ظن (ظَن)، گمان، یقین جمع ظُنُون، جمع جمع اَظَانِین۔
ظنبوب (ظُن بُوب)، پنڈلی کی ہڈی جمع ظَنَابِیب۔
ظنت (ظِن نت)، تہمت جمع ظِنَن۔
ظنون (ظَنُون)، بدگمان
ظنین (ظَنِین)، جس کو تہمت لگائی گئی ہو۔
ظنی (ظَن نی)، منسوب طرف ظن، گمان کا یا کی۔
ظہار (ظِہار)، ایک قسم کی طلاق، ہم پشتی، ہم پشت ہونا۔
ظہارہ (ظِہا رَہ)، ابر (ظَہا رَہ)، قوی، پشتی۔
ظہر (ظُہ ر)، ظہر کی نماز، دوپہر، وقتِ زوال (ظَہ ر)، پیٹھ، پشت جمع ظُہْرَان (ظُہُر)، پیٹھ کا درد (ظَہ ر)، ستون، کھمبا۔
ظہرہ (ظِہ رَہ)، یار، دوست۔
ظہری (ظِہ ری)، پشت والی چیز۔
ظہریہ (ظِہ ری یہ)، پس پشت، پیٹھ پیچھا۔
ظہور (ظُہُور)، ظاہر ہونا، کھلنا۔
ظہیر (ظَہِیر)، مددگار، بہت سے مددگار۔
ظہیرہ (ظَہِی رَہ)، گرم دوپہر۔
ظئر (ظِئ ر)، اڑدار، دودھ پلائی، انا جمع ظُؤُور، ظُؤار (ظُ ا ر)، اَظْآر (اَظ آر)
ظیان (ظَی یان)، شہد، جنگلی چمیلی، جوہی۔

ع

ع (عَین)، مخصوص حرف عربی، حرف قمری، قائم مقام عدد ۷۰، حرف حلق۔
عابث (عا بِث)، کھلنڈرا، کھلاڑی سا۔
عابد (عا بِد)، عبادت گزار جمع عُبَّاد، عَبَدَہ۔
عابر (عا بِر)، راہگیر، پار اترنیوالا جمع عَابِرِین۔
عاتق (عا تِق)، کاندھا، مونڈھا، آزاد شدہ، نوجوان عورت جمع عَوَاتِق۔
عاتم (عا تِم)، کامل، پورا۔
عاتی (عا تِی)، سرکش، مغرور۔
عاتم (عا تِم)، ڈھیل کرنیوالا، دیر لگانیوالا۔
عاج (عاج)، ہاتھی دانت، خوب چلتا ہوا راستہ۔
عاجز (عا جِز)، ناچار مرد جمع عَجَزَہ، عُجَّز، عَوَاجِز۔
عاجزہ (عا جِزَہ)، ناچار عورت۔
عاجزی (عا جِزی)، ناچاری

عاجل (عَا-جِلْ) جلد باز۔
عاجلہ (عَا-جِلَہ) فوراً، فوری، یہ جہان۔
عاجی (عَا-جِیْ) نادان، بیوقوف۔
عادت (عَا-دَتْ) خُو، خصلت جمع عَادَاتْ
عادل (عَا-دِلْ) منصف جمع عُدُوْل
عادی (عَا-دِیْ) عادت پڑا ہوا، نا انصاف، دشمن، بدباطن، قدیم چیز جمع عُدْوَانْ
عاذر (عَا-ذِرْ) زخم کا نشان، معافی خواہ۔
عاذل (عَا-ذِلْ) ملامت کرنے والا جمع عُذَّالْ
عار (عَارْ) شرم، عیب، دشنام۔
عارج (عَا-رِجْ) اوپر چڑھنے والا۔
عارض (عَا-رِضْ) لاحق ہونے والا۔ (عَارِضْ) گال، رخسارہ۔
عارضہ (عَا-رِضَہ) بیماری جمع عَوَارِضْ۔
عارضی (عَا-رِضِیْ) جو اصلی نہ ہو۔
عارضین (عَا-رِضَیْن) دونوں گال (عَا-رِضِیْن) مدعی مدعا علیہ۔
عارف (عَا-رِفْ) پہچاننے والا جمع عُرَفَا، عَوَارِفْ۔
عارفانہ (عَا-رِفَا-نَہ) عارف کی مانند۔
عارفہ (عَا-رِفَہ) پہچاننے والی
عارم (عَا-رِمْ) شوخ، بدخو۔
عاری (عَا-رِیْ) ننگا جمع عُرَاۃْ، عُرَاۃ
عاریت (عَا-رِیَتْ، عَا-رِیْ-یَتْ) مانگی کی چیز، دستگرداں جمع عَوَارِیْ۔
عاریتی (عَا-رِیَتِیْ) منسوب بہ عاریت۔
عاریہ (عَا-رِیَہ) ننگی عورت۔
عازم (عَا-زِمْ) قصد کرنے والا جمع عَازِمِیْن۔
عاس (عَاسْ) رات کا چوکیدار جمع عَسَسْ
عاسل (عَا-سِلْ) شہد نکالنے والا۔
عاسی (عَا-سِیْ) سخت، بوڑھا۔

عاشر (عَا-شِرْ) دسواں۔
عاشق (عَا-شِقْ) چاہنے والا جمع عُشَّاقْ، عَاشِقِیْن، عَاشِقَانْ۔
عاشقانہ (عَا-شِقَا-نَہ) عاشق والا۔
عاشقی (عَا-شِقِیْ) چاہت۔
عاشور، عاشورا، عاشورہ (عَا شُوْر، عَا-شُوْ-رَا، عَا-شُوْ-رَہْ) محرم کی دسویں تاریخ۔
عاص (عَاصْ) گنہگار۔
عاصف، عاصفہ (عَا-صِفْ، عَا-صِفَہ) آندھی، جھکڑ جمع عَاصِفَاتْ، عَوَاصِفْ۔
عاصم (عَا-صِمْ) باز رکھنے والا، نگاہ رکھنے والا
عاصمہ (عَا-صِمَہ) دارالسلطنت، راجدھانی۔
عاصی (عَا-صِیْ) گنہگار، مجرم، خطاکار جمع عُصَاۃ
عاطر (عَا-طِرْ) خوشبودار۔
عاطف (عَا-طِفْ) مہربانی کرنے والا۔
عاطفت (عَا-طِفَتْ) مہربانی، خوشی جمع عَوَاطِفْ
عاطل (عَا-طِلْ) برہنہ، بیکار۔
عاطوس (عَا-طُوْس) وہ چیز جو چھینک لادے، نلاس۔
عاف (عَافْ) خطا معاف کرنے والا جمع عَافِیْن
عاف عاف (عَافْ-عَافْ) دیکھو عفعف۔
عافیت (عَا-فِیَتْ) آرام، پارسائی، تندرستی جمع عَافِیَاتْ۔
عاق (عَاقْ) ماں باپ سے سرکش۔
عاقب (عَا-قِبْ) پیچھے آنے والا، انجام۔
عاقبت (عَا-قِبَتْ) انجام، آخر، آخرت
عاقبت اندیش (عَا-قِبَتْ-اَنْ-دِیْش) انجام سوچنے والا۔
عاقبت اندیشی (عَا-قِبَتْ-اَنْ-دِیْ-شِیْ) انجام سوچنا۔
عاقبت نا اندیش (عَا-قِبَتْ-نَا-اَنْ-دِیْش) انجام نہ سوچنے والا۔
عاقبہ (عَا-قِبَہ) انجام، آخر جمع عَوَاقِبْ

عاقد (عا-قِدْ) گرہ لگانے والا، عہد کرنے والا۔
عاقر (عا-قِرْ) مرد جس کے نطفہ سے اولاد نہ ہو، بانجھ عورت جمع عَوَاقِر۔
عاقرقرحا (عا-قِرْ-قَرْ-حَا) بیخ طرخون، کاکرہ، نام دوا جو قوت باہ کے لئے مفید ہے۔
عاقل (عا-قِلْ) چتر، زیرک جمع عُقَلَا، عَاقِلَانْ
عاقلہ (عا-قِلَہْ) عقلمند عورت
عاکف (عا-کِفْ) گوشہ نشین، جمع عَاکِفِیْن
عالم (عا-لِمْ) جاننے والا، علم والا جمع عُلَمَاء، عُلَّام، تا عَالِمَانْ (عا-لَمْ) دُنیا، مخلوقات جمع عَوَالِم۔
عالم آب (عا-لَم-آبْ) شراب نوشی۔
عالم اجسام (عا-لَم-اَجْ-سَامْ) دنیا۔
عالم ارواح (عا-لَم-اَرْ-وَاحْ) عالم غیب
عالم اسباب (عا-لَم-اَسْ-بَابْ) دنیا۔
عالم بالا (عا-لَم-بَا-لَا) آسمانی دنیا۔
عالم غیب (عا-لَم-غَیْبْ) آسمانی دنیا جو اوجھل ہے (عا-لِم-غَیْبْ) غیب کا حال جاننے والا۔
عالمگیر (عا-لَمْ-گِیْر) دنیا پر چھا جانے والا۔
عالم معنی (عا-لَم-مَعْ-نِیْ) وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے۔
عالمی (عا-لَمِیْ) دنیا کا رہنے والا جمع عَالَمِیَانْ
عالی (عا-لِیْ) بلند، برتر جمع عَوَالِی۔
عالیجاہ (عا-لِیْ-جَاہْ) بلند مرتبہ۔
عالیجناب (عا-لِیْ-جَنَابْ) بلند مرتبہ۔
عالیشان (عا-لِیْ-شَانْ) بڑا شاندار۔
عالی قدر (عا-لِیْ-قَدْر) بڑے مرتبہ کے لایق۔
عالی مقام (عا-لِیْ-مَقَامْ) بڑے درجہ والا۔
عالیہ (عا-لِیَہْ) بلند، اونچا۔
عام (عَامّ) معمولی آدمی جو عام سب پر چھائی ہوئی چیز (عَامْ) سال جمع اَعْوَام

عامۃ المسلمین (عَامْ-مَتُلْ-مُسْ-لِمِیْن) عام مسلمان لوگ۔
عامر، عامرہ (عَا-مِرْ، عَا-مِرَہْ) معمور، آباد، آبادان، آباد کرنے والا۔
عامل (عَا-مِلْ) حاکم، عمل کرنے والا جمع عُمَّالْ، عَمَلَہ، عَوَامِلْ، عَامِلِیْن۔
عاملہ (عَا-مِلَہْ) عمل کرنے والی، حاکمہ
عام و خاص (عَا-مُوْ-خَاصّ) کہ و مہ، ہمہ شمہ۔
عامہ (عَامْ-مَہْ) عام آدمی، عام، مشہور سب پر چھائی ہوئی چیز، ہر طرف پھیلی ہوئی۔
عامی (عَا-مِیْ) ناخواندہ، جاہل۔
عاند (عَا-نِدْ) دشمن، عناد رکھنے والا۔
عانہ (عَا-نَہْ) پیڑو، شرمگاہ کے بال۔
عانی (عَا-نِیْ) اسیر، لہو، خون، قیدی۔
عانیہ (عَا-نِیَہْ) اسیر عورت۔
عاہت (عَا-ہَتْ) آفت جمع عَاہَاتْ۔
عاہر (عَا-ہِرْ) حرامکار، زانی۔
عاہرہ (عَا-ہِرَہْ) حرامکار عورت۔
عاہل (عَا-ہِلْ) بے شوہر والی عورت۔
عاہن (عَا-ہِنْ) محتاج، شکستہ آدمی، کاہل۔
عائب (عَا-اِبْ) عیبی جمع عَوَائِبْ۔
عائد (عَا-اِدْ) الٹ آنے والا، عود کرنے والا جمع عَوَائِدْ۔
عائدہ (عَا-اِدَہْ) محصول، رسم و رواج جمع عَوَائِدْ۔
عائق (عَا-اِقْ) مانع، باز رکھنے والا جمع عَوَائِقْ۔
عائل (عَا-اِلْ) فقیر، درویش۔
عائلہ (عَا-اِلَہْ) خاندان
عائلی (عَا-اِلِیْ) فقیری، درویشی۔
عائن (عَا-اِنْ) مددگار جمع اَعْوِنَہ۔

عب (عَبْ) ڈگڈگا کر پانی پینا۔
عبا (عَبَا) نام لباس جمع اَعْبِیَہ۔
عباد (عِبَادْ) عبد کی جمع (عُبّ ، بَادْ) عابد کی جمع۔
عباد اللہ (عِبَا۔ دُلْ ۔لَہ) اللہ کے بندے۔
عبادت (عِبَا۔ دَتْ) پوجا، بندگی جمع عِبَادَات۔
عبارت (عِبَا۔ رَتْ) بیان، طرزِ تحریر، تعبیر جمع عِبَارَات۔
عباس (عَبْ ، بَاسْ) ایک پودے کا نام۔
عباسی (عَبْ ، بَا سِیْ) منسوبِ سلاطینِ عباسیہ۔
عبث (عَبَثْ) بے فائدہ، بے ہودہ
عبد (عَبْ ، دْ) بندہ، غلام جمع عِبَادْ، عَبِیْدْ، اَعْبُدْ، اَعَابِدْ۔
عبد البطن (عَبْ۔ دُلْ۔ بَطْ ، نْ) پیٹ کا بندا۔
عبد الجنان (عَبْ۔ دُلْ۔ جِنْ ، نَانْ) کابوس۔
عبد الدرہم (عَبْ۔ دُدْ ، دِرْ ، ہَمْ) روپیہ کا بندا۔
عبر (عَبْ ، رْ) گھاٹ، تعبیر گوئی (عُبْ ، رْ) گھاٹ، ریز، افراط، ٹولی (عِبْ ، رْ) گھاٹ کا محصول (عِبَرْ) عبرت پذیری۔
عبرت (عِبْ۔ رَتْ) اندیشہ، نصیحت حاصل کرنا (عُبْ۔ رَتْ) رنج، گریہ۔
عبرہ (عِبْ۔ رَہْ) خراجِ ملک، گھاٹ کا محصول، عبور (عَبْ ۔رَہْ) آنسو۔
عبری، عبرانی (عِبْ۔ رِیْ ، عِبْ۔ رَا۔ نِیْ) ملکِ شام کی ایک قدیم زبان۔
عبس (عَبْ ، سْ ، عُبُسْ) ترشروئی، موت۔
عبسور (عَبْ۔ سُوْرْ) تیز رفتار سانڈنی
عبطا (عَبْ۔ طَا) لمبی عورت۔
عبق (عَبَقْ) خوشبو۔
عبقری (عَبْ۔ قَرِیْ) عجائب غرائب چیز۔
عبودیت (عُبُوْ۔ دِیْ ، یَتْ) بندگی۔

عبور (عُبُوْرْ) اترنا، گذرنا۔
عبوس (عُبُوْس) ترشرو (عُبُوْس) ترشرو۔
عبوست (عُبُوْ۔ سَتْ) ترشروئی۔
عبہر (عَبْ۔ ہَرْ) پیلی نرگس۔
عبید (عَبِیْد) بہت سے غلام (عُبَیْد) چھوٹا سا غلام۔
عبیر، عبیری (عَبِیْر، عَبِیْ۔ رِیْ) ایک خوشبودار مرکب سفوف۔
عتاب (عِتَابْ) غصہ، خفگی۔
عتاد (عَتَادْ) تیاری، اسباب، سامان۔
عتاق، عتاقت (عَتَاقْ ، عَتَا۔ قَتْ) آزادی
عتال (عَتْ ، تَالْ) حمال، پلہ دار۔
عتالہ (عَتْ ، تَا۔ لَہ) حمال کی اجرت، حمال عورت۔
عتب (عَتْ ، بْ) غصہ کرنا۔
عتبہ (عَتَبَہْ ، عَتْ۔ بَہ) چوکھٹ، سختی جمع عَتَبَات۔
عترت (عِتْ۔ رَتْ) عزیز قریب، اولاد۔
عتق (عِتْ ، قْ) آزادی (عَتْ ، قْ) کہنگی۔
عتل (عُتُلّ) ستمگار، سخت آواز۔
عتلہ (عَتَلَہ) گدالا، سبل، کھودنے کا ایک آلہ۔
عتو (عُتُوّ) سرکش جمع اَعْتَار (عُتُوّ) گردن کشی کرنا۔
عتی (عِتْ ، تِیْ) بہت بڈھا ہونا، گھمنڈ کرنا۔
عتیب (عَتِیْب) عتاب، خفگی، عتاب کا مالہ۔
عتید (عَتِیْد) حاضر، مہیا، موجود۔
عتیق (عَتِیْق) پرانا، برگزیدہ، آزاد جمع عُتُقْ، عُتَقَاء۔
عثیل (عَثِیْل) پیلا سا جمع عُثْلَاء۔
عثار، عثارہ (عِثَارْ ، عِثَا۔ رَہْ) سر کے بل گر پڑنا۔
عثر (عَثْ ، رْ) گر پڑنا۔

عشرہ (عَشَ - رَہ) ہمدم، دوست۔
عثرت (عَثَ - رَتْ) لغزش جمع عثرات۔
عثمان (عُثْ - مَانْ - نُو) مغربی ترک
عجاب (عُجَابْ) تعجب۔
عجاج (عَجَاجْ) غبار، گرد۔
عجالت، عجالہ (عُجَا - لَتْ، عُجَا - لَہ) جلد بازی، جلدی۔
عجاہم (عُجَاہَمْ) ہر چیز کا دانہ (عَجْ، جَامْ) جمگادڑ، ابابیل۔
عجائبا (عَجَا - اِبَا) عجیب کی جمع۔
عجائبات (عَجَا - اِبَاتْ) عجائب کی جمع۔
عجب (عَجَبْ) اچنبھا، تعجب (عَجْ، بْ) پایان، آخر کار جمع عجوب (عَجْ، بْ) گھمنڈ، غرور جمع اعجاب۔
عجد (عَجْ، دْ) انگور کا دانہ۔
عجروف (عُجْ - رُوْفْ) چینوٹا، بڑی چینوٹی۔
عجز (عَجْ، زْ) عاجزی، ناتوانی (عَجُزْ) چوتڑ جمع اعجاز۔
عجزا (عَجْ - زَا) بھاری چوتڑ والی عورت۔
عجف (عَجَفْ) لاغری، دبلا پن (عَجِفْ) دبلا لاغر جمع عجاف۔
عجل (عِجْ، لْ) بچھڑا، بچھیا جمع عجال، اعجال (عَجَلْ) جلد باز (عَجَلْ) جلد، جھپ۔
عجلت (عَجْ - لَتْ) جلدی، شتابی۔
عجلہ (عَجَلَہ) گاڑی، پہیہ، رہٹ (عِجْ - لَہ) بچھیا، گائے کی بچی۔
عجم (عَجَمْ) غیر عرب، ایران، توران، دانہ (عَجْ، مْ) نقطے یا اعراب لگانا (عُجْ، مْ) اعجم کی جمع۔
عجمی (عَجَمِی) ایرانی، تورانی، غیر عربی۔
عجن (عَجَنْ) خمیر کرنا (عَجْ، نْ) ہاتھ ٹیک کر اٹھنا، گوندھنا۔
عجوبہ (عُجُوْ - بَہ) انوکھی چیز۔
عجوز (عَجُوْزْ) بوڑھی عورت جمع عجائز، عجز۔
عجول (عَجُوْلْ) بہت دوڑنے والا (عِجْ، جُوْلْ) گائے کا بچہ جمع عجاجیل۔
عجوہ (عَجْ - وَہ) قسم کھجور مدینہ منورہ
عجہ (عُجْ، جَہ، عِجْ، جَہ) خاگینہ۔
عجیب (عَجِیْبْ) انوکھی چیز جمع عجائب، جمع الجمع اعاجیب۔
عجیبہ (عَجِیْ - بَہ) عجیب کا مونث۔
عجیز (عَجِیْزْ) نامرد، عورت کے ناقابل۔
عجیف (عَجِیْفْ) دبلا، نزار۔
عجیل (عَجِیْلْ) جلد باز۔
عجین (عَجِیْنْ) گندھا ہوا، خمیر۔
عد (عَدّ) گننا، شمار کرنا۔
عداد (عِدَادْ) شمار۔
عدار (عَدْ، دَارْ) ملاح، کشتیبان۔
عدالت (عَدَا - لَتْ) انصاف، انصاف کی کچہری، لیاقت گواہی، برابری۔
عداوت (عَدَا - وَتْ) دشمنی، بیر۔
عدت (عِدْ، دَتْ) گنتی، شمار، علیحدگی شوہر کے بعد دوسرے نکاح کی مدت یا ممانعت (عُدْ، دَتْ) تیاری، آمادگی، سامان، ساخت۔
عدد (عَدَدْ) ہندسہ، گنتی، شمار جمع اعداد۔
عددی (عَدَدِی) منسوب بہ عدد۔
عدس (عَدَسْ) مسور۔
عدیس بابا (عَدِیْسْ - بَا - بَا) دار الحکومت حبشہ۔
عدل (عَدْ، لْ) انصاف، نیاو، مانند، برابری (عِدْ، لْ) عدال، گٹھری۔
عدلا (عُدْ لَا) عدیل کی جمع۔

عدل گستری (عَدْل۔گُسْ۔تَرِی) انصاف کرنا۔
عدلین (عَدْ۔لَیْن) دو مرد گواہی کے اہل۔
عدم (عَدَم، عَدْم، عُدْم) نابود، نیستی، درویشی (عَدِم) فقیر، محتاج۔
عدل (عُدْ۔مُل) مجگا دری، پڑانا۔
عدن (عَدْن) بہشت (عَدَن) نام شہر (جنوبی عرب)
عدو (عَدُوْ، عَدُوّ) دشمن، بیری جمع اَعْدَا، اَعَادِی، عِدی (عُدُوْ) ستم کرنا، حد سے گذر جانا (عَدْو) دوڑنا۔
عدوان (عُدْ۔وَان) ظلم، ستم (عَدَوَان) سخت دشمنی، بیحد تیزی۔
عدول (عُدُوْل) عادل کی جمع، تجاوز، برگشتگی (عَدُوْل) ٹھیک گواہ، بڑا عادل۔
عدوہ (عَدْ۔وَہ) دریا کا کنارہ (عُدْ۔وَہ) دور جگہ (عِدْ۔وَہ) اونچی جگہ۔
عدہ (عُدْ۔دَہ) سامان، اسباب۔
عدی (عَدِی) دوڑنے والا (عِدَا) عدو کی جمع۔
عدید (عَدِیْد) بہت، نظیر، گنتی، شمار۔
عدیل (عَدِیْل) ہمرتبہ، ہمسر جمع عُدَلَاء۔
عدیم (عَدِیْم) نایاب، درویش، نادان۔
عدیم المثال (عَدِیْ۔مُل۔مِثَال) جس کی مثال نہ ہو۔
عذاب (عَذَاب) شکنجہ، دکھ جمع اَعْذِبَہ۔
عذاب الہون (عَذَا۔بُل۔ہُوْن) ذلت کا عذاب۔
عذار (عِذَار) گال، رخسار، عارض۔
عذب (عَذْب) میٹھا، خوش ذائقہ، پھنگی، ٹلکی (عَذَب) کوڑا کرکٹ، مواد۔ (عَذِب) کائی جو پانی پر جم جاتی ہے۔

عذبہ (عَذْ۔بَہ) پرچم، جھبا (عُذْ۔بَہ) کائی، جامہ غوک۔
عذر (عُذْر) بہانہ، معذرت جمع اَعْذَار، عُذُرَات۔
عذرا (عَذْ۔رَا) کنواری لڑکی، آسمانی را جمع عَذَارِی، عَذَارٰی۔
عذر خواہ (عُذْر۔خَواہ) معذرت چاہنے والا
عذر خواہی (عُذْر۔خَوا۔ہی) معذرت چاہنا۔
عذر لنگ (عُذْ۔رِ۔لَنْگ) ناقص عذر۔
عذرہ (عُذْ۔رَہ) دوشیزگی، ایال جمع عُذَر (عَذِرَہ) گوہ، پاخانہ۔
عذری (عُذْ۔رَا) معذور رکھنا، عذر چاہنا۔
عذوبت (عَذُوْ۔بَت) مٹھاس، خوش ذائقہ ہونا۔
عذیوط (عِذْ۔یُوط) وہ شخص جس کا حالتِ جماع میں پاخانہ نکل جاوے، نام بیماری۔
عرا (عَرَا) درگاہ، آنگن (عَرَاء) چٹیل میدان (عِرَا) اصطلاحِ شطرنج بازی۔
عرابہ، عرادہ (عَرْ۔رَا۔بَہ، عَرْ۔رَا۔دَہ) چھکڑا، گاڑی۔
عراضہ (عُرَا۔ضَہ) سوغات۔
عراق (عِرَاق) نام ملک (مشرقی عرب)
عراق عجم (عِرَاقِ عَجَم) فارسی بولنے والا عراق کا صوبہ۔
عراق عرب (عِرَاقِ۔عَرَب) عربی بولنے والا عراق کا صوبہ۔
عراقی (عِرَا۔قِی) عراق والا، عراق سے منسوب۔
عراقین (عِرَا۔قَیْن) بصرہ اور کوفہ۔
عراک (عِرَاک) کان اینٹھنے والا۔
عرائض (عَرَا۔اِض) عریضہ کی جمع۔
عرب (عَرَب) نام ملک، عرب کا شہری۔
عریان (عُرْ۔یَان) برہنہ۔

عربانہ (عَرَ۔بَا۔نَہ) ، دَف ، دائرہ ۔
عربجی (عَرَ۔بَجِی) ، گاڑیبان ۔
عربدہ (عَرَ۔بَدَہ) ، بدخوئی ، جنگجوئی ۔
عربدہ جو (عَرَ۔بَدَہ۔جُو) ، لڑاکا ۔
عربستان (عَرَ۔بِس۔تَان) ، ملک عرب ۔
عربون (عَرَ۔بُون) ، بیعانہ ۔
عربی (عَرَ۔بِی) ، عرب کی زبان ، منسوب بہ عرب ۔
عربیہ (عَرَ۔بِی۔یَہ) ، عربی ، عرب سے منسوب ۔
عرت (عَرَت) ، ناک ملنا ۔
عرج (عَرَج) ، لنگڑاپن ۔
عرزم (عِرَ۔زَم) ، جتھا دھاری ۔
عرس (عِرس) ، شوہر والی عورت جمع اعراس
(عُرُس) ، عُرس ، بیاہ کی دعوت ،
کسی بزرگ کے مزار پر محفل سماع اور نذر و
نیاز جمع اعراس ، عروسات ۔
عرش (عَرش) ، چھت ، تخت ، آسمان ، جہاز
کی چھتری جمع اعراش ، عروش ،
عُرُش ، (عَرشَہ) ۔
عرشہ (عَر۔شَہ) ، ڈیک ، جہاز کی ایک مسلسل لمبی چھتری
عرصات (عَرَ۔صَات) ، میدان حشر ، عرصہ کی جمع ۔
عرصہ (عَرْ۔صَہ) ، وقفہ ، میدان ، فاصلہ
جمع عرصات ، عراص
عرض (عَرْض) ، نشانہ ، مال ، اسباب ،
پونجی ، جمع عروض درخواست ، پیشی ،
اظہار ، چوڑائی (عَرض) ، جو صفت خود
قائم نہ ہو ، چوڑائی جمع اعراض (عَرَض) ،
جسم ، بدن ، آبرو (عُرض) ، درمیان ،
کنارہ ، طرف ۔
عرض بیگی (عَرض۔بے۔گی) ، اہلکار پیشی ۔
عرض حیات (عَرض۔حَیَات) ، لطف زندگانی ۔
عرضدار (عَرض۔دَار) ، چوڑا ۔

عرضداشت (عَرض۔دَاشت) ، عرضی ۔
عرض عمر (عَرض۔عُمر) ، دیکھو عرض حیات ۔
عرض گاہ (عَرض۔گَاہ) ، میدان ، فوج شماری ۔
عرضہ (عُرْ۔ضَہ) ، عرض کرنا (عُرْ۔ضَہ) ، ڈھال ،
ہمت ، بہانہ ، حجت ۔
عرضی (عَرْ۔ضِی) ، درخواست ۔
عرعر (عَرْ۔عَر) ، چیڑ کا پیڑ ۔
عرف (عُرف) ، پہچان ، دوسرا نام ،
ایال ، نیکی (عَرْف) ، صبر (عُرْف) اعراف ،
باس ، خوشبو ، جزا دینا ، گناہ کا اقرار کرنا ۔
عرفا (عُرَ۔فَا) ، عارف کی جمع (عُرْ۔فَا) ،
کفار ، بجو ۔
عرفات (عَرَ۔فَات) ، حج کے میدان کا نام ۔
عرفان (عِر۔فَان) ، پہچان ، تمیز ، علم ۔
عرفہ (عَرَ۔فَہ) (عَرْ۔فَہ) ، ذوالحجہ کی نویں تاریخ ۔
عرفی (عُرْ۔فِی) ، منسوب بعرف ۔
عرق (عَرَق) ، پسینہ ، بھاپ سے کھینچا ہوا
دواؤں کا پانی ، دیوار کا ردّہ (عِرْق)
رگ ، نس ، ریشہ ، درخت جمع عروق ،
اعراق ، عراق (عَرِق) ، بدمزہ دودھ ۔
عرق النسا (عِرْق۔اُن۔نِسَا) ، ایک درد جو کولھے سے
پنڈلی تک جو ایک رگ میں اٹھتا ہے ۔
عرقبہ (عَر۔قَبہ) ، کونچیں کاٹنا ۔
عرقوب (عُر۔قُوب) ، کونچ ، بالائے پاشنہ ۔
عرقیہ (عَرَ۔قِی۔یَہ) ، پسینہ پونچھنے کا رومال ۔
عرکل (عَر۔کَل) ، دف ، دائرہ ، عربانہ ۔
عرگوزی (عَرْ۔گُو۔زِی) ، بے موقع شور وغل ۔
عرم (عَرِم) ، باندھ ، بینڈ ، پانی کی روک ۔
عروا (عُرَ۔وَا) ، بخار جاڑا ، تپ و لرزہ ۔
عروب (عُرُب) ، محبت والی بیوی جمع عرب ۔
عروبہ (عَرُو۔بَہ) ، جمعہ ، آدینہ

عروج (عُ۔رُوْج) ترقی، چڑھاؤ۔
عروس (عَ۔رُوْس) دولھا جمع عُرُس دلھن جمع عَرائِس
عروس البلاد (عَ۔رُوْ۔سُل۔بِلَاد) سب سے خوبصورت شہر، شہروں کی دلھن۔
عروس الخطوط (عَ۔رُوْ۔سُل۔خُطُوْط) ایک رسم الخط۔
عروسانہ (عَ۔رُوْ۔سَا۔نَہ) عروس کی مانند۔
عروسک (عَ۔رُوْ۔سَک) گڑیا، ایک میوہ، آلو، چھوٹی منجنیق، بیر بہوٹی۔
عروسی (عَ۔رُوْ۔سِی) شادی بیاہ سے نسبت رکھنے والی چیز، عروس کا، عروس کی۔
عروض (عُ۔رُوْض) عرض کی جمع، عارض ہونا (عَ۔رُوْض) شعر وزن کرنے کا علم، مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ، جانب، برابر، معنیٔ سخن۔
عروف (عَ۔رُوْف) بڑا پہچاننے والا، صابر۔
عروق الصبغ (عُ۔رُوْ۔قُص۔صَبْغ) ہلدی۔
عروہ (عُرْ۔وَہ) دستہ، گرفت، کاج، کونہ۔
عروۃ الوثقیٰ (عُرْ۔وَتُل۔وُثْ۔قَا) مضبوط گرفت۔
عری، عریان (عُرْی، عُرْ۔یَان) برہنہ، ننگا۔
عریانہ (عُرْ۔یَا۔نَہ) ننگی عورت، برہنہ عورت۔
عریانی (عُرْ۔یَا۔نِی) ننگاپن، برہنگی۔
عریب (عُ۔رَیْب) عرب کی تصغیر، چھوٹا سا عرب۔
عریس (عَ۔رِیْس) دولھا (عِرْ۔رِیْس) کچھار۔
عریش، عریشہ (عَ۔رِیْش، عَ۔رِیْ۔شَہ) جھونپڑا، ہودج، چھتی، گھونپا۔
عریض (عَ۔رِیْض) چوڑا۔
عریضہ (عَ۔رِیْ۔ضَہ) عرضی، خط جمع عَرائِض۔
عریف (عَ۔رِیْف) پہچاننے والا جمع عُرَفَا (عِرْ۔رِیْف) رئیس، سردار قوم، نقیب۔
عریکہ (عَ۔رِیْ۔کَہ) طبیعت، کوہان جمع عَرائِک
عرین (عَ۔رِیْن) بن، بنی۔

عز (عِزّ) عزت، ارجمندی (عَزّ) قادر، غالب۔
عزا (عَزَا) ماتم پرسی، مصیبت پر صبر۔
عزاخانہ (عَ۔زَا۔خَا۔نَہ) ماتم پرسی کا مکان۔
عزادار (عَ۔زَا۔دَار) ماتم پرسی کرنے والا۔
عزاداری (عَ۔زَا۔دَا۔رِی) ماتم پرسی کرنا۔
عزازیل (عَ۔زَا۔زِیْل) نام شیطان۔
عزائم (عَ۔زَا۔اِم) عزیمہ کی جمع۔
عزب (عَزَب، عَزْب) بے بیوی والا، بے شوہر والی جمع عُزَّاب۔
عزت (عِزْ۔زَت) توقیر، پرتشتا۔
عزت طلب (عِزْ۔زَت۔طَلَب) عزت چاہنے والا۔
عزت طلبی (عِزْ۔زَت۔طَلَ۔بِی) عزت چاہنا۔
عزرائیل (عِزْ۔رَا۔اِیْل) موت کا فرشتہ۔
عزف (عَزْف) ہوائی سائیں سائیں۔
عزل (عَزْل) علیحدگی، برطرفی (عُزُل) اعزل کی جمع۔
عزلت (عُزْ۔لَت) گوشہ نشینی۔
عزل ونصب (عَزْ۔لُو۔نَصْب) تغیر و بحالی۔
عزم (عَزْم) قصد، ارادہ جمع عَزَمَات
عزو (عَزْو) نسبت دینا، صبر کرنا۔
عزدم (عِزْ۔دَوْم) بڑھیا عورت۔
عزہات (عِزْ۔ہَات) شست، نامرد۔
عزی (عُزْ۔زَا) عزیز عورت، اعز کا مونث۔
عزیز (عَ۔زِیْز) پیارا، محبوب، مرغوب، غالب، مہاب جمع اَعِزَّہ
عزیزی (عَ۔زِیْ۔زِی) میرے عزیز، کلمۂ بجائے ضمیر غائب۔
عزیف (عَ۔زِیْف) جن یا پری کی آواز
عزیم (عَ۔زِیْم) سخت دشمن۔
عزیمت (عَ۔زِیْ۔مَت) قصد، ارادہ، لگن،

منتر، جادو، دُعا جمع عُزَائم۔
عس (عَس)، چوبی پیالہ، کٹھوتی۔
عسار (عَسَار)، درویشی، فقیری، کنگالی۔
عسارت (عَسَا۔رَت)، دیکھو عُسرت۔
عساکر (عَسَا۔کِر)، عسکر کی جمع۔
عساکر نظامیہ (عَسَا۔کِر۔نِظَا۔مِی۔یَہ)، باقاعدہ فوج۔
عسالہ (عَس۔سَا۔لَہ)، دہال، مکھی۔
عسجد (عَس۔جَد)، سونا، جواہرات وغیرہ۔
عسر (عُس۔ر، عُسُر)، دشواری، عَسِر، دشوار، مشکل۔
عسرا (عَس۔رَا)، کھبّی، بائیں۔
عسرت (عُس۔رَت)، تنگی، دشواری، کنگالی۔
عسس (عَسَس)، عاس کی جمع، کوتوال۔
عسف (عَس۔ف)، بیراہ روی، بڑا پیالہ۔
عسقل (عَس۔قَل)، سارو غ، کلاہ زمین۔
عسکر (عَس۔کَر)، لشکر، فوج جمع عَسَاکِر
عسکری (عَس۔کَرِی)، لشکری، فوجی۔
عسکریہ (عَس۔کَرِی۔یَہ)، فوجی خدمت۔
عسل (عَسَل)، شہد جمع اَعسال، عُسُول، عُسُول، عُسلان (عَس۔ل)، سانڈنی، بےحد تعریف
عسلی (عَسَلِی)، یہودیت کا زرد امتیازی نشان۔
عسم (عَسَم)، لالچ، لوبھ۔
عسن (عُسُن)، پرانی چربی۔
عسوف (عَسُوف)، ستمگار، بیراہ۔
عسی (عَسَا)، یقین، شاید، قریب ہے۔
عسیر (عَسِیر)، مشکل، کٹھن۔
عسیف (عَسِیف)، مزدور جمع عُسَفَاء
عش (عَش)، نھوڑا، دبلا آدمی (عُش) گھونسلا جمع عِشَاش۔
عشا (عِشَا)، رات کا اندھیرا، رات کی نماز (عَشَا)، رات کا کھانا (عَشَا)، شبکوری۔
عشاق (عُش۔شَاق)، عاشق کی جمع۔
عشب (عُش۔ب)، دوب، ہری گھاس جمع اَعشَاب
عشبہ (عُش۔بَہ)، نام دوا، سارسپریلا۔
عشر (عَشَر)، عشرہ کا مونث، دس (عُش۔ر) دسواں حصہ جمع اَعشَار (عُشُر)، پیر جس میں دودھ نکلے جمع عَشَرات (عَش۔ر) دسواں حصہ لینا۔
عشرت (عِش۔رَت)، عیش، نشاط، خوشدلی۔
عشر عشیر (عُش۔ر۔عَشِیر) دسویں کا دسواں حصہ یعنی سوواں حصہ۔
عشرون (عِش۔رُون)، بیس (۲۰)
عشرہ (عَشَرَہ، عَش۔رَہ)، دہائی، دس، محرم کے شروع دس دن جمع عَشَرَات۔
عشرین (عِش۔رِین)، دیکھو عشرون۔
عشعش (عَش عَش)، کلمۂ حیرت۔
عشق (عِش۔ق)، محبت، شیفتگی۔
عشقباز (عِش۔ق۔بَاز)، چاہنے والا۔
عشقبازی (عِش۔ق۔بَا۔زِی)، چاہت۔
عشق بیچاں (عِش۔ق۔پے۔چَاں)، نام پھلواری
عشقہ (عَشَقَہ)، عشق پیچاں۔
عشم (عَشَم)، سوکھی روٹی (عَش۔م)، ہوس، لالچ، لوبھ۔
عشنق (عَشَنَّق)، لمبا، کھچڑ۔
عشور (عَشُور)، چنگی کا محصول۔
عشورا (عَشُو۔رَا)، دیکھو عاشورہ۔
عشوق (عَشُوق)، بڑا عشق کرنے والا۔
عشوہ (عِش۔وَہ)، پوشیدہ حرکت، ناز و انداز، دور کی آگ جو نظر آتی ہے۔
عشوہ گر (عِش۔وَہ۔گَر)، ناز انداز دکھانے والا۔
عشوہ گری (عِش۔وَہ۔گَرِی)، ناز انداز دکھانا۔

عشہ (عُش۔ شَہ) جھونپڑی۔
عشی (عَشِی) سرِ شام (عِشی) رات کا کھانا۔
عشیت (عَشِی۔ یَت) رات کا وقت، شبانگاہ۔
عشیر (عُشِیر) (۱) نسبۃً دولا، پچر، دسواں حصہ۔
عشیرہ (عَشِی۔ رَہ) کنبہ، قبیلہ، اہلِ خانہ
جمع عَشَائِر۔
عشیق (عِش۔ شِیق) بہت دوست رکھنے والا، معشوق۔
عشیقہ (عِش۔ شِی۔ قَہ) معشوقہ، بہت دوست رکھنے والی
عصا (عَصَا) لاٹھی، ہاتھ کی لکڑی جمع اَعْصٍ،
اَعْصَا، عِصِی۔
عصاب (عِصَاب) پٹی۔
عصابہ (عِصَا۔ بَہ) عربی سر بند، پٹی۔
عصات (عُصَات) عاصی کی جمع۔
عصار (عَص۔ صَار) تیلی، روغنگر۔
عصارہ (عُصَا۔ رَہ) رس، فضلہ، نچوڑا ہوا۔
عصام (عِصَام) مشک اٹھانے کا تسمہ،
ڈول کی رسی۔
عصب (عَصَب) عصبہ کی جمع، پٹھے۔
عصبہ (عَصَبَہ، عَص۔ بَہ) پٹھا، پے جمع عَصَب
جمع جمع اَعْصَاب اولادِ ذکور، مرد رشتہ دار
جس کو ورثہ پہونچے جمع عَصَبَات (عُص۔
بَہ) بیس تا چالیس کی ٹکڑی۔
عصبی (عَصَبِی) منسوب بہ عصب۔
عصبیت (عَصَبِی۔ یَت) طرف داری،
خویشاوندی، استواری۔
عصر (عَصْر) زمانہ، آخر دن، آخر دن کی
نماز، نچوڑ جمع اَعْصَار، عُصُور، اَعْصُر،
عُصُر، کان اینٹھنا۔
عصراتہ (عَص۔ رَا۔ تَہ) ٹفن، شام کی چائے وغیرہ
عصعص (عُص۔ عُص) ڈھاڑی، دُم غزہ۔
عصفر (عُص۔ فُر) شنجہ، کسم۔

عصفور (عُص۔ فُور) چڑا، چڑیا جمع عَصَافِیر
عصمت (عِص۔ مَت) پاکدامنی۔
عصمور (عُص۔ مُور) رہٹ، دولاب، جمع عَصَامِیر
عصو (عَصْو) لٹھ مارنا۔
عصوف (عُصُوف) جھکڑ، اندھیاؤ۔
عصوم (عَصُوم) بدپیٹو، بسیار خوار۔
عصوی (عَصَوِی) منسوب بہ عصا، عصا کا۔
عصیان (عِص۔ یَان) گناہ، پاپ۔
عصیب (عَصِیب) طرف دار، رشتہ دار،
پائدار، کلمہ، جبر عشار۔
عصیر (عَصِیر) انگوری شراب، نچوڑ۔
عض (عَض) دانت سے کاٹنا، ہونٹھ
چبانا (عِض) ہشیار، چتر۔
عضاد۔ عَضَاد، کوتاہ قد اور فربہ جسم
(عِضَاد) دستی زیور، ہاتھ کا گہنا۔
عضادہ (عُضَا۔ دَہ) حوکھٹ، کولا، کھم۔
عضال (عُضَال) سخت کام، سخت بیماری۔
عضاہ (عَضَاہ) ہر کانٹوں دار بڑا درخت۔
عضب (عَضْب) تلوار، تیز زبان
جمع عُضُوب۔
عضبیت (عَض۔ بِی۔ یَت) تیز زبانی۔
عضد (عَضُد، عُضْد) بازو (عَضْد) امداد
عضل (عَضْل) بیوہ کو نکاح کرنے سے
روکنا، (عَضِل) بہت خراب
عضلہ (عُض۔ لَہ) سختی، بلا جمع عُضَل،
عَضَل (عَضَلَہ، عَض۔ لَہ) گوشت کی
چکنی بوٹی جمع عَضَل
عضم (عَضْم) ہنجانہ، ساکھی، پنجا۔
عضو (عُضْو) ممبر، رکن، بدن کا حصہ
جمع اَعْضَا (عَضْو) ٹکڑے
ٹکڑے کرنا۔

عضوب، عضوبت (عَضُوب، عَضُو۔ بَتْ) تیز زبانی، تیز زبان ہونا۔
عضوض (عَضُوض) لات مارنے والا۔
عضوم (عَضُوم) دیکھو عصوم۔
عطا (عَطَا) دیا، بخشش جمع اعطیہ
عطار (عَطْ۔ طَار) خوشبو فروش، دوا فروش۔
عطارد (عُطَا۔ رِدْ) نام ستارہ، دبیر فلک، بدھ
عطاری (عَطْ۔ طَا۔ رِی) دوا فروشی، عطر فروشی
عطاس (عُطَاس) چھینک کی بیماری، چھینکنا۔
عطاش (عِطَاشْ) عطشان کی جمع (عُطَاش) توس یعنی پیاس کی دوا۔
عطالت (عِطَا۔ لَتْ) دیکھو عطلت
عطائی (عَطَا۔ ئِی) عطا سے منسوب، بخشی ہوئی چیز، جس کو کچھ بخشا گیا ہو۔
عطایا (عَطَا۔ یَا) عطیہ کی جمع۔
عطب (عَطْ۔ ب) ہنسنا، روئی (عَطَ۔ ب) نرمی، نازکی (عَطَب) ہلاکی۔
عطر (عِطْ۔ ر) خوشبو جمع عطور۔
عطر آگیں (عِطْ۔ ر۔ آ۔ گِیں) خوشبو بھرا ہوا۔
عطر دان (عِطْ۔ ر۔ دَان) عطر رکھنے کا بکس۔
عطری (عِطْ۔ رِی) وہ چیز جو خوشبو دیوے جمع عطریات۔
عطریت (عِطْ۔ رِی۔ یَتْ) خوشبوئی۔
عطریف (عِطْ۔ رِیف) سورما، لڑائی میں بہادر۔
عطسہ (عَطْ۔ سَہ) چھینک
عطش (عَطَشْ) پیاس (عَطِش) پیاسا۔
عطشان (عَطْ۔ شَانْ) پیاسا، پیاس جمع عطشیٰ، عطاش۔
عطشی (عَطْشَا) پیاسی۔
عطف (عَطْ۔ ف) مہربانی، دوستی، لپیٹ، میل جمع اعطاف باگ موڑنا، دوہرا کرنا

عطل (عَطَل) بے سنگھری عورت، بے نقط حرف
عطلت (عُطْ۔ لَتْ) بے کاری، بھلوار۔
عطوف (عَطُوف) مہربان، شفیق۔
عطوفت (عَطُو۔ فَتْ) مہربانی، شفقت۔
عطوفہ (عَطُو۔ فَہ) مہربان عورت۔
عطیہ (عَطِی۔ یَہ) بخشش، انعام جمع عطایا، عطیات۔
عظام (عِظَامْ) عظم کی جمع، عظیم کی جمع (عُظَامْ، عُظْ۔ ظَامْ) بزرگ، بڑا۔
عظم (عَظْ۔ مْ) ہڈی جمع عظام (عُظْ۔ مْ) بزرگی (عِظَمْ) کلانی، بڑائی۔
عظمت (عَظَمَتْ، عَظْ۔ مَتْ) بزرگی، قدر۔
عظمیٰ (عُظْ۔ مَا) بڑی، بزرگ عورت۔
عظیم (عَظِیمْ) بزرگ، بڑا جمع عظام، عظما ر۔
عظیم الشان (عَظِی۔ مُشْ۔ شَانْ) بڑی شان والا۔
ععف (عُعْفْ، عَفْ) کتے کی آواز، عو (عَفْ) پارسائی، پرہیزگاری
عفاف (عَفَافْ) پارسائی، پرہیزگاری (عِفَافْ) پوشیدگی
عفت (عِفْ۔ فَتْ) پرہیزگاری، پارسائی۔
عفرنا (عَفَرْ۔ نَا) شیر، اسد، ببر، باگھ۔
عفریت (عِفْ۔ رِیتْ) دیو، خبیث جمع عفاریت۔
عفش (عَفْ۔ شْ) مسافر کا اسباب۔
عفص (عَفْ۔ صْ) مازو جو ایک کڑوا پھل ہے (عَفِص) کڑوی کسیلی چیز۔
عفعف (عَفْ۔ عَفْ) کتے کی آواز
عفن (عَفَنْ) سڑا (عَفِنْ) سڑاند، بدبو۔
عفو (عَفْ۔ وْ) معافی (عَفُو) بڑا معاف کرنے والا۔

عفوصت (عُفُو-صَتْ) کسیلا پن۔
عفونت (عُفُو-نَتْ) بدبو، سڑاند۔
عفی عنہ (عُفِیَ-عَنْ-ہُ) اس پر معافی کی جائے
عفیف (عَفِیْف) پارسا مرد جمع اَعِفّاء
عَفَائِف۔
عفیفہ (عَفِیْ-فَہ) پارسا عورت۔
عقاب (عِقَاب) دکھ جمع عقبان (عُقَاب)
نام شکاری پرند جمع عِقْبَان، اَعْقُب۔
عقابین (عُقَا-بَیْن) آہنی گوکھرو (عُقَابَیْن)
مجرم کو باندھنے کی دو اونچی لکڑیاں۔
عقار (عَقَار) اراضی، گاؤں، اسباب،
پانی (عُقَار) شراب (عَقْ، قَار) جڑ یا بوٹی جو
دوا کے لیے جمع عَقَاقِیر۔
عقال (عِقَال) ایک سال کی زکوۃ
عقائد (عَقَا-اِئد) عقیدہ کی جمع۔
عقب (عَقِب) ایڑی، بیٹا، پوتا جمع اَعْقَاب
(عُقُب، عُقْ، ب) آخرکار، انجام عَقَب،
عَقْ، ب) پیچھے۔
عقبول (عُقْ-بُوْل) چھالا، بثخالہ
عقبہ (عَقَبَہ، عَقْ-بَہ) کٹھن کام، مشکل گھاٹی
جمع عَقَبَات، عِقَاب۔
عقبی (عُقْ-بَا) آخرت۔
عقد (عَقْ، د) نکاح، پیمان، گرہ، ہار جمع
عُقُود (عِقْد) لکنت، ہکلاہٹ (عِقْ، د)
ہار، گلوبند۔
عقدہ (عُقْ-دَہ) گرہ، گتھی جمع عُقَد۔
عقر (عُقْ، ر) بانجھ پن۔
عقرب (عَقْ-رَب) بچھو جمع عَقَارِب۔
عقربہ (عَقْ-رَبَہ) گھڑی کی سوئی۔
عقربی (عَقْ-رَبِی) لعل کی ایک عمدہ قسم۔
عقرقرحا (عُقْقُرْ-قَرْ-حَا) دیکھو عاقرقرحا۔

عقعق (عَقْ-عَقْ) کوا۔
عقفا (عَقْ-فَار) آنکڑا۔
عقل (عَقْ، ل) سمجھ، دانش جمع عُقُول
عقلا (عُقَلَاء) عاقل کی جمع (عَقْ-لَنْ)
عقل کے ساتھ، عقل کے مطابق۔
عقل اول (عَقْ، لِ-اَوْ، وَل) پہلا فرشتہ، جوہر اول
عقل سلیم (عَقْ، لِ-سَلِیْم) پوری عقل۔
عقل کل (عَقْ، لِ-کُل) نورِ محمدی، جبرئیل یا
عرش اعظم۔
عقلمند (عَقْ، ل-مَنْ، د) سمجھدار۔
عقلمندی (عَقْ، ل-مَنْ-دِی) سمجھداری۔
عقلہ (عُقْ-لَہ) بند۔
عقلی (عَقْ-لِی) منسوب بہ عقل، عقل کا، عقل کی۔
عقوبت (عُقُوْ-بَتْ) دکھ، عذاب، سزا۔
عقور (عَقُوْ-ر) کٹکھنا کتا۔
عقوق (عُقُوْ ق) ماں باپ کی نافرمانی۔
عقول (عَقُوْل) عقلمند (عُقُوْ ل) عقل کی جمع۔
عقوہ (عَقْ-وَہ) میدان، مکان کا آنگن۔
عقیان (عِقْ-یَان) سونا۔
عقیب (عَقِیْب) پیرو، پیچھے چلنے والا۔
عقیدت (عَقِیْ-دَتْ) گرویدگی۔
عقیدت کیش (عَقِیْ-دَتْ-کَیْش) کلمہ
ضمیر متکلم بہ جس کا چلن عقیدت ہو۔
عقیدہ (عَقِیْ-دَہ) دلی یقین جمع عَقَائِد
عقیم (عَقِیْم) بانجھ، ناامید۔
عقیق (عَقِیْق) جواہرات کی ایک سرخ قسم
جمع عَقَائِق۔
عقیقہ (عَقِیْ-قَہ) بچہ کا مونڈن، مونڈن
کی قربانی۔
عقیل (عَقِیْل) بڑا عقلمند۔ جمع عُقَلَاء
عقیلہ (عَقِیْ-لَہ) عقلمند عورت۔

عقیم (عَقِیم) بانجھ مرد جمع عُقَمَا، عِقَام، عُقُمی (بانجھ عورت عُقُم، عَقَائِم)

عکاس (عَکْ، کَاس) عکس اُتارنے والا، فوٹوگرافر۔
عکاس باشی (عَکْ، کَاس۔ بَا۔ شِی) چیف فوٹوگرافر۔
عکاسی (عَکْ، کَا۔ سِی) عکس اُتارنا۔
عکاش (عَکْ، کَاش) مکڑی (عُکْ، کَاش) جالا۔
عکاظ (عُکَاظ) عرب کا ایک قدیم اور مشہور میلہ۔
عکاک (عِکَاک) جھکا، امس، گرمی سخت۔
عکان (عِکَان) گردن۔
عکر (عَکْ، ر) تلچھٹ، درد۔
عکرشہ (عِکْ۔ رِشَہ) خرگوشنی۔
عکرمہ (عِکْ۔ رِمَہ) کبوتری۔
عکس (عَکْ، س) پرچھائیں، اُلٹا، برخلاف۔
عکک (عَکَک) امس، گھٹن، جھکا، حبس گرمی۔
عکنہ (عُکْ۔ نَہ) سرو ٹ، توند کی بٹ جمع عُکَن
عکہ (عَکْ، کَہ) جنگلی کوا، نام شہر شام (عُکْ، کَہ) روغن کا برتن (عِکْ، کَہ) امس، گھٹی ہوئی گرمی۔
عکیک (عَکِیک) امس، سخت گرمی۔
علا (عُلَار، عَلَاء) قدر و منزلت میں بلندی، بزرگی۔
علات (عَلَات) اہرن، سندان، نہائی۔
علاتی (عَلْ (لَا۔ تِی) ماں کی طرف سے سوتیلا بھائی۔
علاثہ (عَلَا۔ ثَہ) کجھی، گوجی اناج۔
علاج (عِلَاج) چارہ، تدبیر۔
علاف (عَلْ، لَاف) پرچونی، گھاس بیچنے والا، گھسیرا۔

علاقہ (عَلَا۔ قَہ) مناسبت، لگاؤ، ذریعۂ معاش جمع عَلَائِق (عِلَا۔ قَہ) ایک چیز دوسری میں لٹکی یا بندھی ہوئی۔
علالا (عَلَا۔ لَا) چیخ پکار، شور و غل۔
علالہ (عُلَا۔ لَہ) تھوڑی بچی ہوئی چیز
علام (عَلْ، لَام) بڑا دانا، بہت علم والا (عُلْ، لَام) عالم کی جمع، باشہ۔
علامت (عَلَا۔ مَت) نشان، پتہ جمع عَلَامَات۔
علامت امتیاز (عَلَا۔ مَتِ۔ اِمْ۔ تِیَاز) بلّا۔
علامہ (عَلْ، لَا۔ مَہ) بہت علم والا، بڑا دانا (عَلَا۔ مَہ) نشان، پتہ، جھنڈا، علامت۔
علامی (عَلْ، لَا۔ مِی) بڑا علم والا۔
علانیہ (عَلَا۔ نِیَہ) ظاہر، آشکارا۔
علاوہ (عِلَا۔ وَہ) سوا، بڑے بوجھ کے اوپر چھوٹا بوجھ۔
علبہ (عُلْ۔ بَہ) ڈبیہ۔
علت (عِلْ، لَت) بیماری، وجہ، سبب جمع عِلَل
علت آفتاب (عِلْ، لَت۔ آفْ۔ تَاب) یرقان۔
علت العلل (عِلْ، لَتُلْ۔ عِلَل) علتوں کی علت، اللہ تعالےٰ۔
علت تامہ (عِلْ، لَتِ۔ تَام، مَہ) پوری وجہ۔
علت صوری (عِلْ، لَتِ۔ صُو۔ رِی) سبب ظاہری، عملی وجہ۔
علت غائی (عِلْ، لَت۔ غَا۔ اِی) اصلی وجہ، واقعی مقصد۔
علت فاعلی (عِلْ، لَتِ۔ فَا۔ عِلِی) کارگر سبب۔
علیحدہ (عَلَا۔ حِدَہ) الگ، جدا۔
علف (عَلَف) قسم گھاس، سبز چارہ جمع عِلَاف، عُلُوفَہ، اَعْلَاف۔
علف زار (عَلَف۔ زَار) چراگاہ۔

علق (عَلَق)، جما ہوا خون، جونک، آویزاں (عِلْ اق) نفیس اور قیمتی چیز جمع اَعْلَاق، عُلُوق۔
علقم (عَلْ۔ قَم)، کڑوی چیز۔
علقہ (عَلَقَہ)، ایک جونک۔
علم (عَلَم)، جھنڈا، اسم خاص، مشہور و معروف، پہاڑ جمع اَعْلَام (عِلْ م)، آگاہی واقفیت جمع عُلُوم۔
علما (عُلَمَا)، عالم کی جمع۔
علم الحقوق (عِلْ۔ مُل۔ حُقُوق)، قانون۔
علم الیقین (عِلْ۔ مُل۔ یَقِین)، بغیر دیکھے پکا یقین۔
علمدار (عَلَم۔ دَار)، جھنڈا رکھنے والا۔
علمداری (عَلَم۔ دَا۔ رِی)، جھنڈا رکھنا۔
علم لدنی (عِلْ م۔ لَدُن نی)، خداداد علم۔
علمیت (عِلْ۔ مِی۔ یَت)، واقفکاری۔
علن (عَلَن)، آشکارا جمع اَعْلَان آشکارا ہونا، پکار کے کہنا۔
علو (عُلُو)، بلندی۔
علوص (عِلْ۔ وَص)، پیٹ کا درد۔
علوفہ (عُلُو۔ فَہ)، خوراک، روزینہ، کھانے کی چیز۔
علوق (عُلُوق)، لٹکنا، نطفہ قائم ہونا۔
علون (عُلُون)، دیکھو علانیہ۔
علوی (عَلَوِی)، حضرت علیؓ کی اولاد حضرت زہرا رضؓ کے بطن مبارک کے علاوہ جمع عَلَوِیَان (عِلْ۔ وِی)، آسمانی چیز۔
علہ (عَلْ۔ لَہ)، سوکن، اتباع، دسنی، ضرہ۔
علی (عَلِی)، بلند، نام اللہ تعالیٰ (عَلَا)، اوپر (عَلَیَّ)، میرے ذمے۔
علیا (عُلْ۔ یَا)، بلند مونث چیز (عَلْ۔ یَار)، بلند جگہ جمع عَلَایَا۔
علی الاتصال (عَلَل۔ اِت۔ تِصَال)، لگاتار، پے درپے۔

علی الاطلاق (عَلَل۔ اِطْ۔ لَاق)، قطعی، بالکل، بے قید۔
علی التواتر (عَلَت۔ تَوَا۔ تُر)، لگاتار۔
علی الحال (عَلَل۔ حَال)، ابھی، بہت جلد۔
علی الخصوص (عَلَل۔ خُصُوص)، خاصکر۔
علی الدوام (عَلَد۔ دَوَام)، ہمیشہ۔
علی الرغم (عَلَر۔ رَغْ۔ م)، برخلاف، برعکس۔
علی الصباح (عَلَص۔ صَبَاح)، فجر دم۔
علیث (عِلْ۔ لِیث)، گوجئی کی روٹی، درہمیں۔
علیق (عَلِیق)، گھاس، دانہ، چارہ۔
علیقہ (عَلِیقَہ)، توبڑا۔
علیل (عَلِیل)، بیمار، علت والا۔
علیم (عَلِیم)، علم والا، نام اللہ تعالیٰ۔
علیہ (عَلِی۔ یَہ)، بلند، بلند مرتبہ، بہشت کی کوٹھڑی جمع عِلِّیِّین (عَلَی۔ ہ)، اُس کے اوپر۔
علی ہذا (عَلَا۔ ہا۔ ذا)، اِس کے اوپر۔
علی ہذا القیاس (عَلَا۔ ہا۔ ذَل۔ قِیَاس)، اِس قیاس کے اوپر، قیاس کے مطابق۔
علیہم (عَلَی۔ ہِم)، اُن کے اوپر۔
علیہ ما علیہ (عَلَی۔ ہ۔ مَا۔ عَلَی۔ ہ)، اُسی پر ہے جو کچھ کہ اُس کے اوپر ہے۔
علیین (عِلْ۔ لِی۔ یِین)، علیہ کی جمع۔
عم (عَمّ)، چچا جمع اَعْمَام، اَعْمُمَہ، اَعْمُم۔
عما (عَمَا)، گمراہی، اندھاپن، گھٹا۔
عماد (عِمَاد)، کھمبہ، ستون جمع عِمَادَات۔
عمادہ (عِمَا۔ دَہ)، ستون جمع عِمَاد، عُمُد، عُمُد۔
عمارت (عِمَا۔ رَت)، تعمیر، آبادی، مرمت جمع عِمَارَات۔
عمارہ (عَمَا۔ رَہ)، جہاز کا بیڑا۔

عماری (عَما۔رِی، عُم۔ما۔ری) ہودج، محل، رتھ، آسمان۔

عمال (عُم۔مال) عامل کی جمع۔

عمامہ (عِما۔مَہ) منڈاسا، دستار جمع عَمائِم، عِمامہ۔

عمان (عَم۔مان) نام شہر شام (عُم۔مان) سمندر، نام ملک (جنوبی مشرقی عرب)

عمائد (عَما۔اِد) عمید کی جمع۔

عمد (عَم۔د) قصد، ارادہ (عَمَد، عُمُد) عمادہ کی جمع۔

عمداً (عَم۔دَن) ارادہ سے، بطور ارادہ۔

عمدگی (عُم۔دَگی) نفاست، بہترین۔

عمدہ (عُم۔دَہ) نفیس، منکھیا، سرگروہ، بہتر، قابل اعتماد، کمیٹی۔

عمر (عُمُر، عُمْر، عَمْر) زندگی جمع اَعمار (عُمَر) مسوڑھا جمع عُمُور۔

عمران (عُم۔ران) آبادی جمع عمرانات۔

عمر طبعی (عُم۔رِ۔طَبعی) پوری عمر۔

عمرہ (عُم۔رَہ) حج کا ایک رکن۔

عمش (عَمَش) نگاہ کی کمزوری۔

عمق (عَم۔ق، عُم۔ق، عُمُق) گہرائی جمع اَعماق۔

عمل (عَمَل) کام، کار جمع اعمال۔

عملاً (عَمَلَن) بطور عمل، باعتبار عمل۔

عمل خانہ (عَمَل۔خا۔نَہ) دیوان خانہ، کام کرنے کا مکان۔

عملدار (عَمَل۔دار) حاکم۔

عملداری (عَمَل۔دا۔ری) حکومت۔

عملہ (عَم۔لَہ) کام، مزدوری (عَم۔لَہ) نیکی (عَمَلَہ) عامل کی جمع۔

عملی (عَمَلی) منسوب بہ عمل، مصنوعی۔

عملیہ (عَمَلی۔یَہ) جراحی، آپریشن، دستکاری۔

عمو (عَم۔د) گمراہی، خرابی، عاجزی (عَم۔مُو) چچا۔

عمود (عَمود) ایک خط جو دوسرے سے مل کر زاویہ قائمہ بناوے، ستون جمع اَعمِدہ، عُمُد، عُمُد۔

عمولہ (عُمو۔لَہ) کمیشن، آڑھت۔

عموم (عُموم) عام۔

عمومانہ (عُمو۔ما۔نَہ) عموم کی مانند۔

عمومی (عُمو۔می) منسوب بہ عموم، عموم کا، عموم کی۔

عمومیہ (عُمو۔می۔یَہ) پبلک، سماج، عموم کا، عموم کی۔

عمہ (عَم۔مَہ) پھوپھی۔

عمی (عُم۔ی) اعمی کی جمع۔

عما (عَمَا) اندھاپن۔

عمیا (عَم۔یا) اندھی، پوشیدہ۔

عمید (عَمید) پیشوا، لیڈر جمع عَمائِد۔

عمیق (عَمیق) گہرا۔

عمیل (عَمیل) آڑھتی۔

عمیم (عَمیم) عام، سب، تمام جمع عُمُم۔

عمیہ (عَمی۔یَہ) اندھی، نابینا عورت۔

عن (عَن) سے، جانب، بعد، واسطے۔

عنا (عَنَا) مشقت، دکھ، تکلیف۔

عناب (عُن۔ناب) انگور فرشی (عُن۔ناب) ایک سرخ پھل۔

عنابی (عُن۔نا۔بی) سرخ۔

عناد (عِناد) بیر، دشمنی۔

عنادل (عَنا۔دِل) عندلیب کی جمع۔

عناصر (عَنا۔صِر) عنصر کی جمع۔

عناق (عَناق) بکری کا مادہ بچہ، سیہ گوش (عِناق) گلبھیاں، گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

عنان (عِنان) لگام، باگ جمع اَعِنَّہ۔

عناں برعناں (عِناں۔ بَرْ۔ عِناں)، ہمسر۔
عناں تاب (عِناں۔ تاب)، گھوڑا جو لگام کے اشارے پر پھرے۔
عناں گردش (عِناں۔ گَرْ۔ دِش)، کادہ۔
عنایت (عِنا۔ یَتْ)، تحفہ، مہربانی جمع عِنایاتْ۔
عنب (عِنَبْ)، انگور جمع اَعْناب۔
عنب الثعلب (عِنَبُثْ۔ ثَعْ۔ لَبْ)، مکوہ، روباہ تربک۔
عنبر (عَمْ۔ بَرْ)، ایک نباتی خوشبودار مادہ۔
عنبر چیہ، **عنبرینہ** (عَمْ۔ بَرْ۔ چَہ، عَمْ۔ بَرِی۔ نَہ)، ناصم زیور۔
عنبریں (عَمْ۔ بَرِیں)، عنبر کی مانند، منسوب بہ عنبر۔
عنبیہ (عِنَبِیْ۔ یَہ)، آنکھ کا تیسرا پردہ سات پردوں میں۔
عنت (عَنَتْ)، گناہ، فساد، ہلاک۔
عنتر (عَنْ۔ تَرْ)، لنگور، بندر۔
عند (عِنْ۔ دَ)، نزدیک، علاوہ، سے۔
عند البعض (عِنْ۔ دَلْ۔ بَعْ۔ ض)، بعض کے نزدیک۔
عند التحقیق (عِنْ۔ دَتْ۔ تَحْ۔ قِیقْ)، تحقیق کے مطابق۔
عند الضرورت (عِنْ۔ دَضْ۔ ضَرُو۔ رَتْ)، ضرورت کے وقت۔
عند الطلب (عِنْ۔ دُطْ۔ طَلَبْ)، طلب کے نزدیک، مانگنے کے وقت۔
عند اللہ (عِنْ۔ دَلْ۔ لَہْ)، اللہ کے نزدیک۔
عند الوقت (عِنْ۔ دَلْ۔ وَقْ۔ ت)، وقت کے مطابق۔
عندلیب، **عندلیب** (عَنْ۔ دَلِیبْ، عَنْ۔ دَلِیبْ)، بلبل جمع عَنادِلْ۔
عندیہ (عِنْ۔ دِیَہ)، ذاتی رائے۔
عنصر (عُنْ۔ صُرْ)، اصل، جڑ، بنیاد جمع عَناصِرْ۔
عنصری (عُنْ۔ صُرِی)، منسوب بہ عنصر۔
عنصل (عُنْ۔ صُلْ)، جنگلی پیاز، کاندا۔
عنف (عُنْ۔ ف)، تندی، سختی، درشتی۔
عنفقہ (عَنْ۔ فَقَہ)، ریش بچہ، ریشچہ، بچی۔
عنفوان (عُنْ۔ فُوانْ)، اٹھتی جوانی، آغاز جوانی۔
عنق (عُنُقْ)، گردن جمع اَعْناقْ، اَعْنُقْ۔
عنقا (عَنْ۔ قا)، لمبی گردن والی، سیمرغ، ناپید، عجیب۔
عنقاد (عِنْ۔ قادْ)، دیکھو عنقود۔
عنقر (عُنْ۔ قُرْ)، بانس کی جڑ۔
عنقریب (عَنْ۔ قَرِیبْ)، نزدیک، ابھی۔
عنقود (عُنْ۔ قُودْ)، انگور کا خوشہ جمع عَناقِیدْ۔
عنکب (عَنْ۔ کَبْ)، مکڑی جمع عَناکِبْ۔
عنکبات، **عنکبوت** (عَنْ۔ کَباتْ، عَنْ۔ کَبُوتْ)، مکڑی۔
عنکبوتی (عَنْ۔ کَبُو۔ تِی)، منسوب بہ عنکبوت۔
عنکبوتیہ (عَنْ۔ کَبُو۔ تِی۔ یَہ)، آنکھ کا چوتھا پردہ۔
عنوان (عُنْ۔ وانْ)، اول، سرنامہ، دیباچہ، مضمون کی سرخی، طریقہ، ڈھنگ جمع عَنْوانات۔
عنود (عَنُودْ)، لڑاکا، گمراہ (عُنُودْ)، جھگڑے بازی۔
عنونہ (عَنْوَ۔ نَہ)، دیباچہ کتاب، معنون کرنا۔
عنوہ (عَنْ۔ وَہ)، قہر، دوستی۔
عنہ (عَنْ۔ ہُ)، اُس مرد سے۔
عنہا (عَنْ۔ ہا)، اُس عورت سے۔
عنیان (عُنْ۔ یانْ)، دیکھو عنوان۔
عنید (عَنِیدْ)، لڑاکا، سرکش۔
عنیف (عَنِیفْ)، لڑاکا، تیز، درشت مزاج۔
عنیق (عَنِیقْ)، گردن، گردن میں باہیں ڈالنے والا۔
عنین (عِنْ۔ نِینْ)، نامرد، جماع پر ناقادر (عِنِّینْ)، پادوڑا، پاد نے والا۔

عو (عَو) کتے گیدڑ وغیرہ کی آواز، عف۔
عوا (عَوّ ، وَا) جو کتا بہت بھونکے اور روئے (عَوَآ) بھونکنا۔
عوار (عُوَار) عیب، بغارہ، شگاف (عُوّ ، وَار) ابابیل، آنکھ کا تنکا، بددل، ناتوان جمع عَوَاوِیر۔
عوارض (عَوَا۔ رِض) عارضہ کی جمع، ٹیکس محصول۔
عوارف (عَوَا۔ رِف) عارف، عارفہ کی جمع۔
عوارہ (عُوّ ، وَا۔ رَہ) بد دل۔
عواصف (عَوَا۔ صِف) عاصفہ کی جمع۔
عواطف (عَوَا۔ طِف) عاطفہ کی جمع۔
عواقب (عَوَا۔ قِب) عاقبہ کی جمع۔
عواقر (عَوَا۔ قِر) عاقر کی جمع۔
عوالم (عَوَا۔ لِم) عالم کی جمع۔
عوالی (عَوَا۔ لِی) عالیہ کی جمع۔
عوام (عَوَام) عامہ کی جمع (عَوّ ، وَام) چالاک گھوڑا۔
عوام الناس (عَوَا۔ مُن۔ نَاس) عام لوگ۔
عوامل (عَوَا۔ مِل) عاملہ کی جمع۔
عوان (عَوَان) سہاگن، شوہر والی، ادھیڑ (عَوّ ، وَان) ظالم، بادشاہی سپاہی، جھگڑنے والا۔
عوائب (عَوَا۔ ئِب) عائب کی جمع۔
عوائد (عَوَا۔ ئِد) عائد، عائدہ کی جمع۔
عوائق (عَوَا۔ ئِق) عائق، عائقہ کی جمع۔
عوج (عَوَج) ٹیڑھا ہونا (عِوَج) ٹیڑھا پن۔
عود (عَوْد) لوٹنا، پھیرنا (عُود) لکڑی، اگر کی لکڑی جمع عِیدَان، اَعْوَاد۔
عودسوز (عُود۔ سوز) انگیٹھی عود سلگانے کی
عودق (عَوْ۔ دَق) ڈول نکالنے کا کانٹا۔
عودی (عُو۔ دِی) منسوب بہ عود۔
عوذ، عوذہ (عَوْذ، عَوْ۔ ذَہ) پناہ گزینی۔

عور (عُوْر، عُوَّر) ننگا (عَوَر، عَوَرْ) کانا پن (عَوَر) بدباطن۔
عورت (عَوْ۔ رَت) زن، تریا، ناری، شرمگاہ جمع عَوْرَات۔
عوری (عَوْ۔ رِی) برہنگی۔
عوز (عَوَز) گم جانا، فقیر ہونا (عَوْز) انگور کا دانہ۔
عوص (عَوَص) دشواری۔
عوض (عِوَض) بدلہ جمع اَعْوَاض۔
عوق (عَوْق) بھوک (عُوَق، عُوْق) مانع، باز رکھنے والا (عَوْق) باز رکھنا، پھیرنا۔
عول (عَوْل) آسرا، بھروسہ (عَوْل) روٹی کپڑا دینا، بخشش کرنا، عیال میں لینا۔
عون (عَوْن) یار، مددگار جمع اَعْوَان یاری مدد (عَوَان) ادھیڑ عمر ہونا۔
عویص، عویصہ (عُوَیص، عُوَی۔ صَہ) یار، مددگار۔
عویل (عَوِیل) رونے کی آواز۔
عہد (عَہْد) زمانہ، پیمان جمع عُہُود، عِہَاد۔
عہد نامہ (عَہْد۔ نَا۔ مَہ) تحریری معاہدہ۔
عہدہ (عُہْ۔ دَہ) ذمہ داری، رتبہ، منصب۔
عہدہ برآ (عُہْ۔ دَہ۔ بَر۔ آ) ذمہ داری پوری کرنے والا۔
عہدہ برآئی (عُہْ۔ دَہ۔ بَر۔ آ۔ ئِی) ذمہ داری پوری کرنا۔
عہر (عَہْر) زنا، حرامکاری۔
عہن (عِہْن) رنگین اون جمع عُہُون (عَہَن) کوشش، مراد بر لانا۔
عہید (عَہِید) ہم عہد، ہمعصر، پرانا
عی (عِی) تھکن، تھکنا۔
عیاب (عَیّ ، یَاب) عیب جو، بدگو۔
عیادت (عِیَا۔ دَت) بیمار پرسی۔

عیاذ (عِیَاذْ) پناہ۔
عیار (عَیَّارْ) چالشنی، کسادٹ، بانگی، کانٹا
زر تولنے کا (عَیَّ۔یَارْ) چالاک، کام میں اُستاد۔
عیارہ (عَیَّ۔یَا۔رَہْ) چالاک عورت۔
عیاری (عَیَّ۔یَا۔رِیْ) چالاکی۔
عیاش (عَیَّ۔یَاشْ) بڑا عیش پسند، رنگین مزاج
عیاشانہ (عَیَّ۔یَا۔شَا۔نَہْ) عیاش کی مانند۔
عیاشی (عَیَّ۔یَا۔شِیْ) عیش پسندی،
رنگین مزاجی۔
عیافہ (عِیَا۔فَہْ) پرندوں سے فال لینا۔
عیال (عِیَالْ) عیل کی جمع، بیوی بچے وغیرہ۔
عیام (عَیَامْ) روز، دن، یوم۔
عیان (عِیَانْ) صاف، ظاہر۔
عیب (عَیْبْ) کھوٹ، بُرائی جمع عُیُوبْ۔
عیب پوش (عَیْبْ۔پُوشْ) عیب چھپانیوالا۔
عیب پوشی (عَیْبْ۔پُو۔شِیْ) عیب چھپانا۔
عیب جو (عَیْبْ۔جُوْ) عیب ڈھونڈھنے والا۔
عیب جوئی (عَیْبْ۔جُوْ۔اِیْ) عیب ڈھونڈھنا۔
عیب گو (عَیْبْ۔گُوْ) عیب کہنے والا۔
عیب گوئی (عَیْبْ۔گُوْ۔اِیْ) عیب کہنا۔
عیبہ (عَیْ۔بَہْ) چرمی بکس، چمڑے کا صندوق۔
عید (عِیْدْ) نام اسلامی تیوہار، خوشی
جمع اَعْیَادْ۔
عیداضحی (عِیْ۔دِ۔اَضْ۔حَا) قربانی کی عید
عیدالفطر (عِیْ۔دُلْ۔فِطْ۔رْ) رمضان
کے بعد کی عید۔
عیدی (عِیْ۔دِیْ) عید کا تحفہ۔
عیدین (عِیْ۔دَیْنْ) دو عید، دونوں عید۔
عیر (عِیْرْ) گورخر، گدھا جمع اَعْیَارْ (عِیْرْ)
غلہ کے اونٹوں کا قافلہ جمع عِیْرَاتْ
عیرانہ (عَیْ۔رَا۔نَہْ) گورخر کی مانند تیز اونٹ۔

عیسا (عِیْ۔سَارْ) مادین ٹیڑھی جمع عِیْسْ
عیسائی (عِیْ۔سَا۔اِیْ) حضرت عیسیٰؑ کا
پیرو، کرسچین، نصرانی، حضرت عیسیٰؑ سے منسوب
عیسوی (عِیْ۔سَوِیْ) حضرت عیسیٰؑ سے
نسبت رکھنے والی چیز۔
عیش (عَیْشْ) چین، سکھ، روٹی۔
عیش افرنجی (عَیْ۔شِ۔اِفْ۔رَنْ۔جِیْ)
ڈبل روٹی۔
عیشہ (عِیْ۔شَہْ) چین کی زندگی جمع مَعَایِشْ
عیص (عِیْصْ) گھنا پیڑ۔
عیطا (عَیْ۔طَارْ) لمبی گردن والی عورت۔
عیقہ (عِیْ۔قَہْ) ساحل، ندی کا کنارہ۔
عیل (عَیْلْ) پھرنا، جوگ لینا (عَیْلْ) اُس سے
کہنا جو ایک نہ سُنے (عَیَّ۔یِلْ) مرد کا کنبہ
جمع عِیَالْ جمع جمع عَیَائِلْ۔
عیلہ (عَیْ۔لَہْ) جوگ، فقیری۔
عین (عَیْنْ) آنکھ جمع عُیُوْنْ، اَعْیُنْ
سردارِ قوم، ہرکارہ جمع اَعْیَانْ چیز کی
اصلی حقیقت، پانی کا چشمہ، سورج، کرن،
سونا، مال، پاسنگ۔
عینا (عَیْ۔نَا) خوبصورت آنکھوں والی جمع
عِیْنْ۔
عین الحیات (عَیْ۔نُلْ۔حَیَاتْ) آبحیات۔
عین الدیک (عَیْ۔نُدْ۔دِیْکْ) گھنگچی۔
عین الکمال (عَیْ۔نُلْ۔کَمَالْ) نظر بد۔
عین الیقین (عَیْ۔نُلْ۔یَقِیْنْ) آنکھ سے
دیکھ کر یقین۔
عینک (عَیْ۔نَکْ) آنکھ پر لگانے کا چشمہ۔
عینین (عَیْ۔نَیْنْ) دونوں آنکھیں۔
عیوق (عَیْ۔یُوْقْ) ایک سرخ روشن تارہ۔
عیون (عَیُوْنْ) شور چشم، جس کی نظر لگے۔

عیبول (عَیْبُول) ، ور دیشی (عَیْبُول) ، سیر کرنا ، پھرنا۔

غ

غ (غَیْن) ، حرف قمری ، تا تم مقام عدد ۱۰۰۰ ، متعدد حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ پ کیساتھ مثلاً پردیزن ، غردیزن۔ ۲۔ ج کے ساتھ مثلاً مغلاغ ، مغلانج۔ ۳۔ خ کے ساتھ مثلاً کیخ ، کیغ۔ ۴۔ ز کے ساتھ مثلاً گریز ، گریغ۔ ۵۔ ش کے ساتھ ششج ، غشج۔ ۶۔ ق کے ساتھ مثلاً چقندر ، چغندر۔ ۷۔ ک کے ساتھ مثلاً غشگاد ، کشگاد۔ ۷۔ گ کے ساتھ مثلاً گلگونہ ، گلغونہ۔ ۸۔ م کے ساتھ مثلاً غلمنج ، غلغنج۔ ۹۔ د کے ساتھ مثلاً کاغند ، کاذند۔ ۱۰۔ ہ کے ساتھ مثلاً سپرغم ، سپرہم۔

غابر (غَا-بِرْ) باقی ، گزشتہ ، آیندہ۔

غابط (غَا-بِطْ) کسی کا زوال چاہے بغیر اُس جیسا بننے کا آرزومند جم غُبط۔

غابن (غَا-بِنْ) کاہل ، سست۔

غابہ (غَا-بَہ) بن ، بنی جم غاب جم جم غابات۔

غادر (غَا-دِرْ) ، بیوفا جم غادرین۔

غادف (غَا-دِفْ) کشتیبان۔

غادیہ (غَا-دِیَہ) صبح ، صبح کا بادل جم غَوَادِی۔

غاذیہ (غَا-ذِیَہ) ، ہضم کی قوت عمل۔

غار (غَارْ) ، گڑھا ، کھوہ جم اَغْوَار ، غِیرَان (غَاتِر) ، دھوکہ باز۔

غارت (غَا-رَتْ) ، لوٹ۔

غارتگر (غَا-رَتْ-گَرْ) ، لٹیرا۔

غارتگری (غَا-رَتْ-گَرِی) ، لوٹ مار۔

غارتیدن (غَارْ-تِی-دَنْ) لوٹنا۔

غارتیدہ (غَارْ-تِی-دَہْ) ، لوٹا ہوا۔

غارس (غَا-رِسْ) ، درخت لگانے والا۔

غارق (غَا-رِقْ) ، دیکھو غریق۔

غارم (غَا-رِمْ) قرضدار جو قرض ادا نکر سکے۔

غاریقون (غَا-رِی-قُونْ) مسہل کی ایک دوا

غاز (غَازْ) ۱۔ گیس ۲۔ دیکھو قاز۔

غازہ (غَا-زَہْ) سرخی عورتونکے منہ پر ملنے کی

غازی (غَا-زِی) بہادر ، سورما ، کافر سے جنگ کرنیوالا جم غُزَّی ، غازیان ، غُزَات۔

غازیانہ (غَا-زِیَا-نَہ) بہادرانہ۔

غاسق (غَا-سِقْ) ، چاند ، رات ، پروین۔

غاش (غَاشْ) ، کھوٹا ، دغل۔

غاشیہ (غَا-شِیَہ) قیامت ، پردہ ، زین پوش پالان جم غَوَاشِی۔

غاشیہ بردار (غَا-شِیَہ-بَرْ-دَارْ) مطیع ، فرمانبردار ، تابعدار۔

غاصب (غَا-صِبْ) حق مارنے والا۔

غاضف (غَا-ضِفْ) ، نازک دل۔

غاغہ (غَا-غَہ) ، پودینہ۔

غافر (غَا-فِرْ) چھپانیوالا ، گناہ بخشنے والا۔

غافل (غَا-فِلْ) ، بے خبر جم غافلین۔

غاق (غَاقْ) کوے کی کائیں کائیں ، کاغ

غال (غَالْ) ، گران ، بھاری ، بوجھل۔

غالاقی (غَا-لَا-قِی) قفل ساز ، تالا بنانیوالا

غالب (غَا-لِبْ) ، زبردست ، غلبہ پانیوالا۔

غالباً (غَا-لِبَنْ) بہت کرکے ، یقین کیا تھا۔

غالبانہ (غَا-لِبَا-نَہ) زبردست کی مانند۔

غالی (غَا-لِی) ، غلو کرنے والا ، گران بہا جم غُلَات ۲۔ غالیہ ، نیل گائے۔

غالیچہ (غا-لی-چہ) ایک قسم کا بچھونا۔
غالیدن (غا-لی-دن) لڑھکنا، لڑھکانا۔
غالین (غا-لین) دیکھو قالین۔
غالیہ (غا-لیہ) ایک مرکب خوشبو۔
غالیہ مو (غا-لیہ-مو) خوشبودار بالوں والا۔
غامض (غا-مض) مشکل کلام، گمنام جمع غوامض۔
غامی (غا-می) کمزور، ناتواں۔
غانما (غا-نمن) اس حال میں کہ وہ غنیمت حاصل کرنے والا ہے۔
غانی (غا-نی) بے نیاز، دولتمند، گانیوالا۔
غانیہ (غا-نیہ) بے پروا عورت خواہ بوجہ حسن ہو یا مال یا پارسائی جمع غوانی۔
غاور (غا-ور) زوردار، غور کرنے والا۔
غاوی (غا-وی) گمراہ۔
غائب (غا-ئب) عدم موجود، نہاں جمع غُیّاب، غَیَبَۃ، غُیَّب۔
غائبانہ (غا-ئبا-نہ) عدم موجودگی میں۔
غائب باز (غا-ئب-باز) غائبانہ شطرنج باز۔
غائر (غا-ئر) گہری اترنے والی چیز۔
غائص (غا-ئص) غوطہ مارنے والا۔
غائط (غا-ئط) پاخانہ، گوہ۔
غائلہ (غا-ئلہ) بدی، گزند جمع غوائل۔
غائی (غا-ئی) منسوب بہ غایت، انتہائی۔
غایت (غا-یت) انتہا، غرض، جھنڈا۔
غب (غب) باری کے ساتھ کوئی بات۔
غبار (غبار) کدورت، خاک آلود ہوا۔
غبار آلود (غبار-آ-لود) خاک میں اٹا ہوا۔
غبار خاطر (غبا-ر-خا-طر) طبیعت کی کدورت۔
غبارہ (غبا-رہ) ایک ہوائی مرکب، گولا۔
غباشیر (غبا-شیر) شام کا جھٹپٹا۔

غباوت (غبا-وت) کند ذہنی، کم فہمی۔
غبب (غبب) دیکھو غبغب۔
غبرا (غب-را) زمین، جھانڈا۔
غبرہ (غب-رہ) گرد و غبار، جھانڈا (غُب-رہ) سیاہی، اندھیر۔
غبطہ (غب-طہ) بغیر کسی کا زوال چاہے اس جیسا بننے کی آرزو۔
غبغب (غب-غب) گوشت ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا۔
غبن (غب-ن) دغا بازی، گھاٹا، ٹوٹا (غبن) بھول چوک، غلطی، ضعف رائے کم عقلی۔
غبوق (غبوق) شام کی شراب۔
غبی (غبی) کند ذہن، کوڑھ مغز جمع اغبیا۔
غبین (غبین) ضعیف رائے۔
غت (غت) غوطہ دینا۔
غث (غث) دبلا، خراب۔
غثر (غث-ر) کینہ، سبزی مائل سیاہ۔
غثی (غثی) متلی ہونا۔
غثیان (غث-یان، غثیان) متلی۔
غجک (غجک) سارنگی۔
غد (غد) آئندہ کل۔
غدا (غدا) دیکھو غد (غدا ر) ناشتہ، نہار کے دن کا کھانا۔
غدات (غدات) صبح، سویرا، فجر۔
غدار (غد-دار) بہت ہونا۔
غداف (غداف) کالا کوا، حاتم۔
غدد (غدد) غدود، گومڑا۔
غدر (غدر) بیوفائی، فساد (غدر) بیونا (غدر) پتھریلی سخت زمین۔
غدغن (غد-غن) دیکھو قدغن۔
غدق (غدق) بہت پانی، الفارقل پانی۔

غدو (غَدْ، و) کل آئندہ، فردا (غُدُوٌّ) صبح کرنا۔
غدور (غُدُوْر) دیکھو غدار۔
غدوہ (غُدْ۔ وَہْ) سپیدہ صبح نمودار ہونے سے لیکر آفتاب نکلنے تک کا وقت جمع غُدُوّ۔
غدہ (غُدْ، دَہْ) گومڑا جمع غُدَد۔
غدیر (غَدِیْر) پوکھر، جوہڑ جمع غُدْرَان، اَغْدِر (اِغْدْ، دِیْر) بڑا ہونا۔
غدیرہ (غَدِیْ۔ رَہْ) گیسو، لٹ، زلف جمع غَدَائِر۔
غذ (غَذْ) زخم سے پیپ نکلنا۔
غذا (غِذَا) خوراک جمع اَغْذِیَہ۔
غذائیت (غِذَا۔ اِیْ یَتْ) غذا ہونا۔
غذے (غِذْ۔ ے) خوراک، غذا کا مالیہ۔
غر (غِرّ) ناتجربہ کار، غافل (غُرْ) پرند کی چونچ کا جوگا، بددل، فاحشہ (غُرْ) خصیہ بڑھنے کی بیماری (غُرّ) جھری، چینٹ، سرد، پھسلانا
غرا (غَرَّا) چپکنی چیز، سریش (غُرْ، رَار) چٹی اور چمکیلی، شان والی۔
غراب (غُرَاب) پہاڑی کوّا، اولا، جہاز کی ایک قسم جمع غِرْبَان، اَغْرِبَہ، غُرُب، اَغْرُب۔
غرابت (غَرَا۔ بَتْ) عجیب پن۔
غرار (غِرَار) کمی، نقصان، نادانی، طریقہ، کساد بازاری، تلوار کی تیزی۔
غرارہ (غَرَا۔ رَہْ) ناآزمودہ کاری، فریب خوردگی جمع غَرَائِر، پانی کی کلی منہ میں پھرانا (غِرَا۔ رَہْ) گون، بڑا بورا جمع غَرَائِر۔
غراشیدن (غَرَا۔ شِیْ۔ دَنْ) جھیلنا، غصہ کرنا۔
غراضہ (غَرَا۔ ضَہ) تازگی۔
غرام (غَرَام) حرص، عشق، شیفتگی، ہلاک، عذاب۔

غراماطیق (غَرَا۔ مَا۔ طِیْق) گرامر، نحو، قواعد زبان۔
غرامت (غَرَا۔ مَتْ) دکھ، پشیمانی، ڈنڈ، تاوان۔
غران (غُرْ، رَان) ڈر دکھنے والا، شور مچانے والا (غُرْ، رَان) بلبلا، غورۂ آب۔
غرائب (غَرَا۔ اِب) غریب کی جمع۔
غرب (غَرْ، ب) سورج ڈوبنے کی جگہ، مغرب (غُرُب) پردیسی، عجیب، کنگال (غَرَب) نام درخت۔
غربال (غِرْ، بَال) چھلنی، لنگڑا آدمی، دف۔
غربت (غُرْ۔ بَتْ) کنگالی، مسافرت، بیوطنی۔
غربی (غَرْ۔ بِیْ) ایک سرخ رنگ، منسوب بہ غرب۔
غربیب (غِرْ۔ بِیْب) بہت کالا جمع غَرَابِیْب۔
غربیلہ (غِرْ۔ بِیْ۔ لَہ) نخرہ، ناز۔
غربیہ (غِرْ۔ بِیَہ) چکی، رحی، آسیا۔
غرث (غَرْ، ث) بھوک۔
غرثان (غَرْ۔ ثَان) بھوکا، گرسنہ۔
غرجستان (غَرْ۔ جِسْ۔ تَان) گرجستان، جارجیا۔
غرجی (غَرْ۔ جِیْ) دیکھو گرجی۔
غرچک (غَرْ۔ چَکْ) احمق، نادان۔
غرچہ (غَرْ۔ چَہ) نامرد، ہیجڑا، لینڈی۔
غردل (غَرْ۔ دِلْ) ڈرپوک، بودا۔
غرز (غَرْ، ز) گودنا۔
غرزت (غَرْ۔ زَتْ) سرشت، طبیعت۔
غرزنگ (غَرْ۔ زَنْگ) زقند، پھلانگ۔
غرس (غَرْ، س) لگایا ہوا پیڑ جمع اَغْرَاس (غِرْ، س) مواد جو بچہ کے ساتھ رحم مادر سے نکلتا ہے۔
غرش (غُرْ۔ رِشْ) غرغراہٹ، ہیبت (غَرْ، ش) دیکھو قرش۔
غرشیدن (غَرْ۔ شِیْ۔ دَنْ) غصہ کرنا۔
غرض (غَرَضْ) حاجت، مطلب، گول جمع اَغْرَاض

غرض آشنا (غَرَض - آشْ - نا) گونگیلا۔
غرضمند (غَرَض - مَنْ - د) غرض والا۔
غرضمندی (غَرَض - مَنْ - دِی) غرض والا ہونا۔
غرضوف (غُرْ - ضُوف) دیکھو غضروف۔
غرغر (غَرْ - غَرْ) چرخی، غرغراہٹ۔
غرغرہ (غَرْ - غَرَہ) غرارہ، حلق میں پانی پھرانا۔
غرغشہ (غَرْ - غَشَہ) دیکھو خرخشہ۔
غرفہ (غَرْ - فَہ) چلّو (غُرْ - فَہ) کھڑکی، دریچہ
جمع غُرَفات چلّو بھر پانی جمع غُرَف۔
غرق (غَرَق، غَرْق) ڈوب جانا (غَرِق)،
ڈوبا ہوا۔
غرقاب (غَرْ - قاب) ڈباؤ پانی، ڈوبا ہوا۔
غرقلہ (غَرْ - قَلَہ) انڈا گندا ہونا۔
غرقہ (غَرْ - قَہ) ڈوبا ہوا۔
غرقی (غَرْ - قِی) ڈباؤ، ڈوبنا۔
غرم (غُرْم) تاوان، پہاڑی بکری۔
غرناطہ (غَرْ - نا - طَہ) نام شہر (ہسپانیہ)
غرنبیدن (غُرَن - بِی - دَن) دیکھو غریدن۔
غرندہ (غُرَن - دَہ) غرانے والا۔
غرنوق، غرنیق (غُرْ - نُوق، غِرْ - نَوْق،
غُرْ - نِیق) کلنگ، خوبصورت جوان جمع
غَرانِقَہ، غَرانیق۔
غرو (غَرْو) کلک، قلم کا نرکل۔
غرواش، غرواشہ (غَرْ - واش، غَرْ - وا -
شَہ) نچارا۔
غروبا (غُرُو - با) مزبا، ڈباؤ، چھپاؤ۔
غرور (غُرُور) گھمنڈ، فریب (غَرُور)
فریبی، مغرور، غرارے کی دوا کا پانی۔
غرویزن (غَرْ - وِے - زَن) دیکھو پرویزن۔
غرہ (غُرْ - رَہ) چاند کی پہلی تاریخ، چاندرات،
سفیدی، چمک (غِرْ - رَہ) فریفتگی،
ناتجربہ کاری (غَرْ - رَہ) غصہ ور،
مغرور، فریفتہ ہونا۔
غریب (غَرِیب) مسافر، کنگال جمع غُرَبا،
نادر، عجیب جمع غَرائِب۔
غریبانہ (غَرِی - با - نَہ) غریب کی مانند۔
غریب پرور (غَرِیب - پَرْ - وَر) غریب کا پالنے والا۔
غریب پروری (غَرِیب - پَرْ - وَرِی) غریب
کی پرورش۔
غریب نواز (غَرِیب - نَواز) مہمان نواز،
غریبوں پر مہربان۔
غریب نوازی (غَرِیب - نَوا - زِی) غریبوں پر
مہربانی کرنا۔
غریبہ (غَرِی - بَہ) غریب کا مونث۔
غریبی (غَرِی - بِی) بیردنی، بے وطنی،
کنگالی۔
غریدن (غُرِّی - دَن، غُرِّی - دَن)
ڈکرانا، دہاڑنا، ڈرکنا۔
غریر (غَرِیر) ناتجربہ کار نوجوان جمع غَرائِر
غریزت (غَرِی - زَت) سرشت، طبیعت۔
غریزی (غَرِی - زِی) اصلی، طبعی، خلقی۔
غریق (غَرِیق) ڈوبا ہوا جمع غَرْقیٰ۔
غریم (غَرِیم) قرضدار، قرضخواہ، تاوان زدہ
غریو (غَرِیو) چیخ پکار، غل غپاڑہ۔
غریوان (غَرِے - وان) شور مچانے والا،
شور مچاتا ہوا۔
غریویدن (غَرِے - وِی - دَن)
شور کرنا مضارع غَرِیوَد۔
غزا (غَزا) جنگ دین کے دشمنوں سے۔
غزات (غُزات) غازی کی جمع۔
غزال (غَزال) ہرنوٹا، نوجوان ہرن،
سورج (غَزّال) ڈورا بیچنے والا۔

غزالہ (غَزَا-لَہ) ہرن کا بچہ جمع غزلہ، غزلان
غزت (غَزَت) گزٹ اخبار۔
غزر (غَزَر) جھپڑا، ڈلیا، سبد۔
غزل (غَزَل) عاشقانہ اشعار کی ایک قسم جمع غزلیات عورتوں کے ساتھ گفتگو
(غَزَل) ڈورا، سوت، رسی (غَزِل)
غزل گو، عورتوں سے باتیں اور عشق کرنے والا
غزلخواں (غَزَل خْوَاں) غزل پڑھنے والا۔
غزلخوانی (غَزَل خْوَا-نِی) غزل پڑھنا۔
غزل سرا (غَزَل-سَرَا) غزل گانے والا۔
غزل سرائی (غَزَل-سَرَا-اِی) غزل گانا۔
غزل گو (غَزَل-گُو) غزل کہنے والا۔
غزل گوئی (غَزَل-گُو-اِی) غزل کہنا۔
غزمہ (غَزْ-مَہ) پولسمین، پولس کا آدمی۔
غزو (غَزْو) جہاد کرنا۔
غزوہ (غَزْ-وَہ) وہ جہاد جس میں سرور دو عالم بنفس نفیس شریک فرما تھے جمع غزوات، مغازی۔
غزی (غُزَّا) غازی کی جمع۔
غزیدن (غَزِی-دَن) گھٹنیوں چلنا مضم غزد۔
غزیر (غَزِیر) بہت (غَزِیر) چھبڑی، ڈلیا، چھبیا۔
غزیدنی (غَزِی-دَنِی) گھٹنیوں چلنے کے لایق۔
غژب (غَژْب) انگور کا دانہ۔
غژگاد (غَژْ-گَاد) سرہی گائے۔
غژم (غَژْم) دیکھو غژب۔
غژیدن (غَژِی-دَن) دیکھو غزیدن۔
غژیرن (غَژِی-رَن) کالی کیچڑ۔
غساق (غَسّ-سَاق) گندی بودار چیز۔
غسال (غَسّ-سَال) نہلانے والا، دھوبی۔
غسالہ (غَسّ-سَا-لَہ) نہلانے والی (غُسَا-لَہ) دھوون، پانی جس سے کچھ دھویا گیا ہو۔
غسف (غَسَف) اندھیرا۔

غسق (غَسَق) اول رات کی اندھیری۔
غسک (غَسَک) کھٹمل۔
غسل (غُسْل، غُسُل) نہانا (غَسْل) دھونا (غِسْل) نہانے دھونے کا پانی۔
غسلخانہ (غُسْل-خَا-نَہ) نہانے کا مکان۔
غسلین (غِسْ-لِین) زخم دھونے کا پانی۔
غسول (غَسُول) ہاتھ یا سر دھونے کی چیز۔
غسیل (غَسِیل) دھوئی ہوئی چیز، دُھلائی۔
غش (غَش) بیہوش، بیہوشی، ملاوٹ، ملونی (غِش) کدورت، خیانت، خبث باطنی (غُشّ) منافق، بدخواہ، خائن۔
غشا (غِشَا) جھلی، پوشش، پردہ، غلاف جمع اغشیہ۔
غشاوہ (غِشَا-وَہ) پردہ، جھلی۔
غشی (غَشْی) بیہوشی۔
غشیان (غَشَ-یَان) بیہوشی (غِشْ-یَان) جماع۔
غصب (غَصْب) ظلم سے چھین لینا۔
غصہ (غُصّ-صَہ) تاؤ، برہمی جمع غصص۔
غصن، غصنہ (غُصْن، غُصْ-نَہ) گدھا، ٹہنی جمع غصون، اغصان۔
غض (غَضّ) تحمل کرنا، آنکھیں بند کرنا۔
غضاض (غَضَاض) جوانی۔
غضاضت (غَضَا-ضَت) دیکھو غضوضت۔
غضان (غَضَّان) بچا کھچا کھانا۔
غضب (غَضَب) قہر، خشم، غصہ۔
غضبان (غَضْ-بَان) قہرناک، خشمناک۔
غض بصر (غَضّ-بَصَر) چشم پوشی۔
غضبناک (غَضَب-نَاک) غصیلا۔
غضروف (غُضْ-رُوف) نرم پتلی ہڈی جمع غضاریف
غضن (غَضْن) جھری، چنٹ، مروڑا۔
غضنفر (غَضَن-فَر) شیر درندہ۔

غضوب (غَضُوب) بڑا غصیلا۔
غضوضت (غُضُوضَت) تازگی۔
غضیض (غَضِیض) تازہ، نازک کلی۔
غط (غَط) مسوسنا۔
غطا (غِطَا) سرپوش، میزپوش، پردہ، پوشش۔
غطاس (غَط۔طَاس) پن ڈبکی، ایک چھوٹی مرغابی۔
غطرس، غطریس (غِطْ۔رِس، غِطْ۔رِیس) ظالم، مغرور
غطریف (غِطْ۔رِیف) سردار، شریف، بہادر۔
غطس (غَطْ۔س) غوطہ دینا۔
غطش (غَطَش) بینائی کی کمزوری۔
غطیط (غَطِیط) نیند کا خراٹا۔
غفار (غَفْ۔فَار) بڑا بخشنے والا، بڑا چھپانیوالا، نام اللہ تعالے (غَفْ۔فَار) پنڈلی یا گردن وغیرہ کے بال۔
غفر، غفران (غَفْر، غُفْ۔رَان) بخشش، معافی
غفرلہ (غُفِرَلَہُو) اس کیلئے بخشش کی جاوے۔
غفس (غَفْ۔س) دبیز، موٹا۔
غفل، غفلت (غَفْل، غَفْ۔لَت) لاپرواہی، بھول چوک
غفلتاً (غَفْ۔لَتَنْ) اچانک، بطور غفلت۔
غفور (غَفُور) بڑا بخشنے والا، نام اللہ تعالی۔
غفیر (غَفِیر) بہت زیادہ، خود، مغفر، چھپانے والا، چوکیدار۔
غل (غُل) طوق، کا طوق، پیاس جمع اَغْلَال شور، چیخ پکار (غِل) کینہ، خیانت، کدورت
غلا (غَلَا) قحط، گرانی۔
غلاب (غَلْ۔لَاب) بڑا غالب۔
غلات (غَلَّات) غالی کی جمع۔
غلاظ (غِلَاظ) دیکھو غلیظ۔
غلاظت (غِلَا۔ظَت) گاڑھاپن، موٹاپن، درشتی، گندگی۔
غلاف (غِلَاف) اوپر چڑھانیکا پردہ، پلک جمع غُلُف

غلاف القول (غِلَا۔فُل۔قُول) سیم کی پھلی۔
غلالہ (غِلَا۔لَہ) کرتا، شلوکہ (غَلَا۔لَہ) زلف، لٹ۔
غلام (غُلَام) لڑکا، لونڈا، بردہ، چھوکرا جمع غِلْمَہ، غِلْمَہ، غِلْمَان، اَغْلِمَہ
غلام چا یار (غُلَام۔چَا۔یَار) ڈاکیہ، پوستین۔
غلام گردش (غُلَام۔گَرْ۔دِش) دیوانخانہ اور زنانخانہ کی درمیانی دیوار۔
غلبا (غَلْ۔بَا) پیڑ وکے جھرمٹ کی جگہ جمع غُلْب۔
غلبہ (غَلَبَہ۔ غَلْ۔بَہ) زبردستی، زور جمع غَلَبَات۔
غلت (غَلَت) بھول چوک، غلطی۔
غلتبان (غَلْ۔تَبَان) دیکھو قلتبان
غلس (غَلَس) پچھلی رات کی اندھیری۔
غلط (غَلَط) چوکنے والا، چوکا ہوا، چوک، خطا جمع اَغْلَاط، اَغَالِیط (غَلْ۔ط) لوٹنی، لوٹ لگانا۔
غلط العام (غَلَطُل۔عَام) عام غلطی جسکو سب کریں۔
غلط العوام (غَلَطُل۔عَوَام) عام جاہل آدمیوں کی غلطی۔
غلطان (غَلْ۔طَان) گول، لڑھکتا ہوا، لوٹتا ہوا۔
غلط انداز (غَلَط۔اَن۔دَاز) بھولبھلیاں، عیار۔
غلطانی (غَلْ۔طَا۔نِی) منسوب بہ غلطان۔
غلطانیدن (غَلْ۔طَا۔نِی۔دَن) لڑھکوانا، لوٹوانا۔
غلطک (غَلْ۔طَک) کروٹ، پہیہ، لوٹنی۔
غلط کار (غَلَط۔کَار) غلطی کرنے والا۔
غلط کاری (غَلَط۔کَا۔رِی) غلطی کرنا۔
غلط گو (غَلَط۔گُو) جھوٹا۔
غلط گوئی (غَلَط۔گُو۔ئِی) جھوٹ۔
غلطندہ (غَلْ۔طَن۔دَہ) لڑھکنے والا، لوٹنے والا
غلط نویس (غَلَط۔نَوِیس) غلط لکھنے والا۔
غلط نویسی (غَلَط۔نَوِی۔سِی) غلط لکھنا۔
غلطہ (غَلْ۔طَہ) میان، نیام، نام محلہ قسطنطنیہ
غلطی (غَلَطِی) چوک، خطا۔
غلطیدن (غَلْ۔طِی۔دَن) لڑھکنا، لوٹنا مضم غَلْطِیدہ

غاطیدفی (غَا۔طِی۔دَفِی) لوٹنے کے لائق۔
غاطیدہ (غَا۔طِی۔دَہ) لوٹا ہوا۔
غلاظ (غِلَاظ) دبازت، دَل، مٹاپا۔
غلاظت (غَلَا۔ظَت) دیکھو غلاظت۔
غلنج (غَل۔نَج) دیکھو غنج۔
غلغل (غَل۔غَل) چیرغنا، پرندونکی آواز۔
غلغلہ (غُل۔غُلَہ) دھوم، شور۔
غلنجلیچ (غَل۔غَنلِیچ) دیکھو غنلیچ۔
غلغونہ (غُل۔غُو۔نَہ) دیکھو گلگونہ۔
غلف (غُلف) عیش و عشرت (غَل۔ف) غلاف میں کرنا، بال لمبانا (غُل۔ف، غُلُف) غلاف کی جمع
غلق (غَلَق) دروازہ بند کرنے کی لکڑی (غُلُق) بند دروازہ (غُلُوق) مشکل بات۔
غلک (غُلَک، غُل۔لَک) غولک۔
غلل (غُلَل) پیاس، جلن۔
غلمان (غِل۔مَان) غلام کی جمع، جنت کے بہشتی خدمت کے
غلمت (غَل۔مَت) تیزئ شہوت۔
غلمیچ (غَل۔مِیچ) گدگدی۔
غلمہ (غِل۔مَہ) غلام کی جمع۔
غلندر (غَلَن۔دَر) دیکھو قلندر۔
غلو (غُلُو) بڑھا چڑھا پن، ہجوم، مبالغہ۔
غل و غش (غِل۔لُو۔غِش) کدورت۔
غلول (غُلُول) ہلکی غذا، زود ہضم غذا۔
غلولہ (غُلُو۔لَہ) دیکھو گلولہ۔
غلہ (غَل۔لَہ) اناج، نقد آمدنی جمع غلات
غلہ دان (غَل۔لَہ۔دَان) اناج کا کوٹھار۔
غلہ فروش (غَل۔لَہ۔فَرُوش) اناج کا سوداگر۔
غلہ فروشی (غَل۔لَہ۔فَرُو۔شِی) اناج کی سوداگری۔
غلی (غَل۔ی) دیگ وغیرہ اُبلنا۔
غلیاث (غَلَیَان) جوش، اُ ل (غَل۔یَان) دیکھو قلیان
غلیست (غُلَیست) گوجی، بجیرط۔

غلیظ (غَلِیظ) موٹا، دلدار، ناپاک جمع غلاظ، اغلاظ۔
غلیل (غَلِیل) پیاسا، پیاس، کینہ جمع۔
غلل (غُلَے۔ل) کمان۔
غلیلچی (غُلے۔ل۔چی) غلیل چلانے والا۔
غلیلہ (غُلے۔لَہ) گولی، غلّہ۔
غلیواج، غلیواز (غَلے۔واج، غَلے۔واز) چیلھ۔
غلیون (غَل۔یُون) حقہ، تلیان۔
غم (غَم) رنج جمع غموم۔
غمار (غُمَار) کثرت، بھیڑ بھاڑ۔
غماز (غَم۔مَاز) چغلخور، سخن چیں۔
غمازانہ (غَم۔مَا۔زَا۔نَہ) [illegible] مانند۔
غمازک (غَم۔مَا۔زَک) مچھلی شست کا ترنا۔
غمازی (غَم۔مَا۔زِی) چغلخوری۔
غماض (غِمَاض) اونگھ۔
غمام (غَمَام) بادل جمع غمائم، غمام۔
غمامہ (غَمَا۔مَہ) بادل (غِمَا۔مَہ) گھونگا، دہان بند۔
غمان (غَم۔مَان) رنجیدہ۔
غمجہ (غُم۔جَہ) گھونٹ، جرعہ۔
غمخوار (غَم۔خوَار) غم کھانے والا۔
غمخواری (غَم۔خوَا۔رِی) غم کھانا۔
غمخوردہ (غَم۔خُر۔دَہ) غم کھایا ہوا۔
غمخور (غَم۔خوَار) غم کھانے والا، بگلا۔
غمد (غِم۔د) میان، نیام جمع اغماد، غمود۔
غمدیدہ (غَم۔دِی۔دَہ) غم دیکھا ہوا۔
غمر (غَم۔ر) آب بسیار، جوانمرد، کثرت، سختی، جمع غمار، غمور، غمر (غُم۔ر) ناداں ناتجربہ کار جمع اغمار (غِم۔ر) کینہ، پیاس۔
غم رسیدہ (غَم۔رَسِی۔دَہ) غم پہونچا ہوا۔
غمز (غَم۔ز) چغلخوری، سخن چینی، آنکھ کا اشارہ۔
غمزدہ (غَم۔زَدَہ) غم کا مارا ہوا۔
غمزہ (غَم۔زَہ) سین مارنا۔

غمس (غَمْ - س) ڈوب دینا، غوطہ کھلانا۔
غمص (غَمَص) آنکھ کی گید جو باہر بہے۔
غمض (غَمْ - ض) نشیبی زمین جع غُموض، (غَمْ - ض) اونگھنا۔
غمکدہ (غَمْ - کَدَہ) غم کا مکان۔
غمگسار (غَمْ - گُسار) غم کھانے والا۔
غمگساری (غَمْ - گُسا - رِی) غم کھانا۔
غمگین (غَمْ - گِین) رنجیدہ۔
غمگینی (غَمْ - گی - نِی) رنجیدگی۔
غمناک (غَمْ - ناک) غم میں بھرا ہوا۔
غمناکی (غَمْ - نا - کی) غم میں بھرا ہونا۔
غموس (غَمُوس) بہ نیت حق تلفی جھوٹی قسم۔
غموصا (غُمُوص) جھوٹی قسم۔
غموض (غُمُوض) پوشیدہ اور غیر واضح کلام۔
غمہ (غُمَّہ) پوشیدہ کام، دکھ۔
غمی (غَمِی) غم والی بات، موت۔
غمیں (غَمِیں) رنجیدہ۔
غن (غَن) کولھو کی لاٹھ، لاٹ کا پتھر۔
غنا (غِنا) دولتمندی، بے نیازی (غِنا) راگ، نغمہ (غَنا) نفع، فائدہ (غَنْ - ما) کلمۂ اظہارِ کثرت۔
غناصم (غَنا - صِم) لٹیرا، غارتگر۔
غنائم (غَنا - ئِم) غنیمت کی جمع۔
غنج (غُنْج، غَنَج) ادا، کرشمہ، ناز، چوچلا۔
غنجار، غنجارہ (غَنْ - جار، غَنْ - جا - رَہ) گلگونہ۔
غنجل (غُنْ - جُل) سیاہ گوش
غنچہ، غنچہ (غُنْ - چَہ، غُنْ - چَہ) کلی۔
غندہ (غُنْ - دَہ) بدمعاش، غنڈا۔
غننگ (غَنَنْگ) کولھو کی لاٹ۔
غنم (غَنَم) بکری جع اَغنام، غُنُوم، اَغانِم۔
غنو، غنودگی (غُنُو، غُنُو - دَگی) اونگھ۔
غنودن (غُنُو - دَن) اونگھنا مضع غنود۔
غنودنی (غُنُو - دَنی) اونگھنے کے لائق۔

غنودہ (غُنُو - دَہ) اونگھتا ہوا، اونگھا ہوا۔
غنہ (غُنَّہ) ناک میں بولنے کی آواز۔
غنی (غَنِی) دولتمند، بے پروا جع اَغنیاء۔
غنیت (غَنْ - یَت) مالداری، بے پروائی۔
غنیم (غَنِیم) لٹیرا، دشمن۔
غنیمت (غَنِی - مَت) لوٹ کا مال، انعام جع غنائم، ٹھیک بات۔
غوادی (غَوا - دِی) غادیہ کی جمع۔
غواشی (غَوا - شِی) غاشیہ کی جمع۔
غواص (غَوّا - ص) غوطہ خور۔
غواصی (غَوّا - صِی) غوطہ خوری۔
غوامض (غَوا - مِض) غامض کی جمع۔
غوانی (غَوا - نِی) غانیہ کی جمع۔
غوائل (غَوا - ئِل) غائلہ کی جمع۔
غوایت (غَوا - یَت) گمراہی۔
غوث (غَوث) فریاد، فریادرس، بزرگی کا ایک درجہ۔
غوچ (غُوچ) مینڈھا، بھیڑ کا نر۔
غوچی (غُو - چِی) چھوٹا سا گڑھا۔
غور (غَور) گہرائی، گہرا سوچ، فائدہ رسانی۔
غور و پرداخت (غَور - پَرْ - داخ - ت) دیکھ بھال۔
غورہ (غُو - رَہ) کچا کھٹا انگور۔
غوری (غُو - رِی) تشتری، رکابی۔
غوزہ (غُو - زَہ) کپاس کا گولر، چاندی کی گیند۔
غوشاک (غُو - شاک) اُپلا۔
غوص (غَوص) ڈبکی، غوطہ۔
غوط (غَوط) گہرا خیال، ڈبکی۔
غوطہ (غو - طَہ) ڈبکی۔
غوغا (غَو - غا) شور و غل، جلبہ۔
غوغائی (غَو - غا - ئی) شور مچانے والا۔
غوک (غُوک) مینڈک، ضفدع۔
غول (غُول) ایک خیالی جناتی مخلوق جو بیابانو

ہیں آباد ہے اور جس شکل میں چاہتی ہے
آجاتی ہے جمع غیلان (غُو ل) گروہ،
ٹولی، کان ۔
غولک (غُو۔لَک) متفرق آمدنی رکھنے کی صندوقچی
غولین (غُو۔لِین) مشکی ۔
غوی (غَوِی) گمراہ، بے راہ۔
غی (غَیّ) گمراہی ۔
غیابت (غَیا۔بَت) چھپانے والی چیز، گہرائی ۔
غیاث (غِیاث) فریاد، فریادرسی، فریادرس۔
غیار (غِیار) یہود کا زرد امتیازی نشان ۔
غیاف (غَیّاف) لمبی چوڑی داڑھی والا۔
غیب (غَیب) پوشیدگی، اوجھل جمع غُیُوب، غِیاب۔
غیبانی (غَی۔با۔نی) بدشرم عورت
غیبت (غَی۔بَت) پیٹھ پیچھا (غی۔بت) چغلی ۔
غیبوبت (غَی۔بُو۔بَت) جدائی، اوجھل پن ۔
غیبہ (غَی۔بَہ) ترکش ۔
غیبی (غَی۔بی) منسوب بہ غیب، غیب والا ۔
غیث (غَیث) مینھ، بارش ۔
غیداقی (غَی۔دا۔قی) ایک عمدہ تیر ۔
غیر (غَیر) دوسرا، بیگانہ جمع اَغیار سوا، چیز،
عقل، رائے، فائدہ رسانی ۔
غیران (غی۔ران) غار کی جمع (غی۔ران)
غیر کی فارسی جمع ذی روح، غیر لوگ ۔
غیرانصاف (غیر۔اِن۔صاف) بے انصاف ۔
غیرانصافی (غیر۔اِن۔صا۔فی) بے انصافی ۔
غیرت (غَی۔رَت) لاج، شرم (غی۔رت) رشک، خونبہا۔
غیرتمند (غَی۔رَت۔مَند) جس کو غیرت ہو ۔
غیرتمندانہ (غَی۔رَت۔مَن۔دا۔نَہ) غیرتمند کی مثل ۔
غیرتمندی (غَی۔رَت۔مَن۔دِی) باغیرت ہونا ۔
غیرحاضر (غیر۔حا۔ضِر) جو حاضر نہ ہو ۔
غیرحاضری (غیر۔حا۔ضِری) حاضر نہ ہونا ۔

غیرذالک (غَی۔رَ۔ذا۔لِک) اس کے سوا۔
غیرشرعی (غیر۔شَر۔عی) جو شرعی نہ ہو، خلاف شرع
غیرقانونی (غیر۔قا۔نو۔نی) جو قانونی نہ ہو۔
غیرلازم (غیر۔لا۔زِم) نامعقول، جو لازم نہ ہو
غیرمعین (غیر۔مُعَی۔یَن) جو مقرر نہ ہو ۔
غیرمکرر (غیر۔مُکَر۔رَر) انجان ۔
غیرواقع (غیر۔وا۔قِع) غلط، خلاف واقع ۔
غیرموقوعی (غیر۔مَو۔قُو۔عی) بے اصل ۔
غیض (غَیض) جنگل، تھوڑی بخشش، کاغذی
ارزانی (غِیض) کلی، شگوفہ ۔
غیضہ (غَی۔ضَہ) جنگل، صحرا ۔
غیظ (غَیظ) سخت غصّہ ۔
غیل (غِیل) جھاڑی، جنگل (غَیل) فربہ بچہ ۔
غیلم (غَی۔لَم) کچھوا، سلحفات ۔
غیم (غَیم) چھائی ہوئی گھٹا جمع غُیُوم ۔
غین (غَین) ابر، پیاس، اندھیرا، بلبل ۔
غیور (غَیُور) بڑا غیرتمند ۔

ف

ف (فا، فے) حرف شمسی، قائم مقام عدد ۸۰،
چند حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ ب کے ساتھ مثلاً
زبان، زفان ۔ ۲۔ پ کے ساتھ مثلاً پیل،
فیل ۔ ۳۔ ث کے ساتھ مثلاً جدث، جدف
۴۔ ز کے ساتھ مثلاً زنفند، خفند ۔ ۵۔ س کے
ساتھ مثلاً جبست، جبفت ۔ ۶۔ م کے ساتھ
مثلاً مخیر، فخیر ۔ ۷۔ و کے ساتھ مثلاً فام
وام ۔ ۸۔ ہ کے ساتھ مثلاً تف، تہ ۔
فا (فا) دیکھو ۔
فاتح (فا۔تِح) جیتنے والا، کھولنے والا جمع فاتحین۔
فاتحہ (فا۔تِحَہ) اوّل، دیباچہ، قرآن کی کھولنے والی۔
فاتر (فا۔تِر) نیم گرم پانی، خراب، سست۔

فاتق (فا-تِق) پھاڑنے والا۔
فاتک (فا-تِک) بہادر، دلیر۔
فاتن (فا-تِن) لبھانے والا، بھٹکانے والا، شیطان۔
فاتورہ (فا-تُو-رَہ) جالان۔
فاتوریدن (فا-تُو-رِی-دَن) دور ہونا، الگ ہونا، بھاگنا۔
فاتوسین (فا-تُو-سِین) سپندان، سپند۔
فاتولیدن (فا-تُو-لِی-دَن) دیکھو فاتوریدن۔
فاجر (فا-جِر) بدکردار، زانی جمع فُجّار، فَجَرَہ۔
فاجرہ (فا-جِرَہ) بدکردار عورت، چھنال۔
فاحش (فا-حِش) حد سے بڑھکر برائی، حد سے بڑھکر برا۔
فاحشہ (فا-حِشَہ) بدکاری، برائی جمع فواحش بدکار عورت جمع فاحشات۔
فاختہ (فا-خِتَہ) نام پرند جمع فواخت
فاختئی (فا-خِ-تَ-ئی) فاختہ کا سا رنگ۔
فاخر (فا-خِر) فخر کرنے والا، اچھی چیز، تحفہ۔
فاخرہ (فا-خِرَہ) اچھی، ہر عمدہ چیز۔
فاخورہ (فا-خُو-رَہ) برتن بنانے کا کارخانہ۔
فادزر (فا-دِزْ) چوڑا راستہ۔
فار (فار) نافہ مشک، بدن کے جوڑوں کے درمیان کا گوشت (ف، ا ر) فارہ کی جمع۔
فارد (فا-رِد) یگانۂ زمانہ، الگ۔
فارس (فا-رِس) سوار جمع فوارس، فرسان (فا-رِس، فارْس) ایران (مغربی ایشیا)
فارسی (فارْ-سی، فا-رِسی) ایرانی، فارسی زبان۔
فارسیت (فار-سی-یَت) فارسی پن۔
فارسیہ (فار-سی-یَہ) منسوب بہ فارس۔
فارع (فا-رِع) اونچا پہاڑ۔
فارعہ (فا-رِعَہ) خوش مزاج عورت۔
فارغ (فا-رِغ) خالی، بے کام۔
فارغ البال (فا-رِغُل-بال) بے فکرا
فارغ البالی (فا-رِغُل-با-لی) بے فکری۔

فارغ خطی (فا-رِغ-خَطّی) لادعوے ہونا۔
فارق (فا-رِق) جدائی ڈالنے والا۔
فاروق (فا-رُوق) حق و باطل میں فرق کرنے والا۔
فارہ (فا-رَہ) چوہا جمع فار، نافہ مشک (فا-رِہ) تیز رفتار، سمجھدار۔
فازہر (فا-زَہ-ر) دیکھو پازہر۔
فاژ، فاژہ (فاژ، فا-ژَہ) جماہی، انگڑائی۔
فاژیدن (فا-ژی-دَن) جماہی لینا صفت فاژرد
فاس (فاس) کلہاڑی، بسولہ۔
فاسخ (فا-سِخ) تباہ و خراب کرنیوالا یا ہونے والا۔
فاسد (فا-سِد) خراب، بگڑا، تباہ جمع فسدہ، فسدی۔
فاسدہ (فا-سِدَہ) فاسد کا مونث۔
فاسق (فا-سِق) بدکار مرد جمع فاسقین، فسقہ، فساق۔
فاسقہ (فا-سِقَہ) بدکار عورت۔
فاش (فاش) ظاہر، آشکارا۔
فاشرا (فا-شَرا) نام پیڑ۔
فاصل (فا-صِل) جدا کرنے والا۔
فاصلہ (فا-صِلَہ) دوری، فرق جمع فواصل
فاضل (فا-ضِل) صاحب فضل جمع فضلا، زیادہ۔
فاضلہ (فا-ضِلَہ) فضلہ، بزرگ، زیادہ جمع فواضل۔
فاضہ (فا-ضَہ) سختی جمع فاض، فواض۔
فاطر (فا-طِر) پیدا کرنے والا، خالق۔
فاطن (فا-طِن) دانا، عقلمند۔
فاطمہ (فا-طِمَہ) وہ عورت جس نے بچہ کا دودھ چھڑا دیا ہو۔
فاعل (فا-عِل) کام کرنے والا، مزدور جمع فعلہ۔
فاغر (فا-غِر) چنپا کا پھول
فاق (فاق) تیر کا سوفار۔
فاقد (فا-قِد) کھویا، گم کرنیوالا۔
فاقع (فا-قِع) گہرا پیلا رنگ

فاقہ (فا-قہ) بھوکا مرنا، فقیری، حاجت۔
فاقہ کشی (فا-قہ-کشی) فاقہ کرنا۔
فاقہ مست (فا-قہ مس-ت) بھکڑ، فاقہ میں مست
فاقہ مستی (فا-قہ مس-تی) فاقہ میں بےفکری۔
فاک (فاک) احمق آدمی۔
فاکر (فا-کر) سوچنے والا، فکر کرنے والا۔
فاکہانی (فا-کہا-نی) میوہ فروش۔
فاکہہ (فا-کہہ) ہرا میوہ جمع فواکہ جمع الجمع فواکہات
فال (فال) شگون جمع فؤول، آفوال۔
فالج (فا-لج) نام مرض۔
فالق (فا-لق) چیر پھاڑ کر باہر نکالنے والا۔
فالودہ (فا-لو-دہ) نام کھانا مشہور کھانا۔
فالوذ، فالوذج (فا-لوذ، فا-لو-ذج) دیکھو فالودہ
فالیز (فا-لیز) دیکھو پالیز۔
فام (فام) رنگت، رنگ، لون۔
فانوس (فا-نوس) لگوب، چراغدان، سخن چیں۔
فانوس خیال (فا-نو-سِ-خیال) قندیل۔
فانہ (فا-نہ) دیکھو پانہ۔
فانی (فا-نی) فنا ہونے والا۔
فانیذ (فا-نیذ) شکر کا سفید دانہ۔
فانیلہ (فا-نی-لہ) بنیان۔
فائت (فا-ئت) فنا ہونے والا۔
فائح، فائحہ (فا-ئح، فا-ئحہ) خوشبو، وہ چیز جو مہکے جمع فوائح۔
فائدہ (فا-ئدہ) نفع، سود جمع فوائد۔
فائدہ مند (فا-ئدہ من-د) فائدہ والی چیز۔
فائدہ مندی (فا-ئدہ-من-دی) فائدہ ہونا۔
فائز (فا-ئز) پہونچنے والا۔
فائز المرام (فا-ئز ال-مرام) مقصد پر پہونچنے والا۔
فائزہ (فا-ئزہ) پہونچنے والی۔
فائض (فا-ئض) فیض دینے والا۔
فائضہ (فا-ئضہ) فیض دینے والی۔
فائق (فا-ئق) بلند ہونیوالا، بہتر۔
فائقہ (فا-ئقہ) بلند ہونے والی۔
فبہا (فبہا) اس کیساتھ، بہتر، بہت خوب۔
فت (فت) ردی چیز، روٹی چورنا۔
فتا (فتا) دیکھو فتی (فتا ء) جوانی۔
فتات (فتات) جوان عورتا۔
فتاتہ (فتا-تہ) ریزہ، چورا۔
فتاح (فت-تاح) نام اللہ تعالیٰ کھولنے والا۔
فتادگی (فتا-دگی) گرا ہواپن، پڑا ہواپن۔
فتادن (فتا-دن) گرنا، پڑنا۔
فتادنی (فتا-دنی) گرنے کے لائق۔
فتادہ (فتا-دہ) گرا ہوا، پڑا ہوا۔
فتاریدن، فتالیدن (فتا-ری-دن، فتا-لی-دن) پھاڑنا، جدا کرنا، بیٹنا۔
فتاق (فتاق) وہ چیز جس سے خمیر تیار کیا جاوے
فتال (فت-تال) فتنہ انگیز۔
فتاوی (فتا-وا) فتویٰ کی جمع ہے
فتح (فت-ح) کشائش، جیت جمع فتوح جمع الجمع فتوحات کھولنا، جیتنا۔
فتح الباب، فتح باب (فت-حل-باب، فت-ح-باب) دروازہ کھولنا۔
فتحمند (فت-ح-من-د) جیتنے والا۔
فتحمندی (فت-ح-من-دی) جیت۔
فتحنامہ (فت-ح-نا-مہ) جیت کی تحریری اطلاع
فتح نشان (فت-ح-نشان) جیت کا جھنڈا۔
فتح نصیب (فت-ح-نصیب) جیتنے والا۔
فتحہ (فت-حہ) زبر، نصب ،،۔
فتحیاب (فت-ح-یاب) جیت پانے والا۔
فتحیابی (فت-ح-یا-بی) جیت پانا۔
فتخہ (فت-خہ) چھلا۔

فتر (فُتَ، ر) کشادگی۔
فتراک (فِتْ۔ رَاک) شکاربند جو زین میں لگا ہو۔
فترت (فَتْ۔ رَتْ) سستی، ضعف، دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ جمع فترات۔
فتردن (فُتَر۔ دَنْ) چیرنا، پھاڑنا، ٹکڑے کرنا۔
فتریدن (فَتْ۔ رِی۔ دَنْ) دیکھو فتاریدن، فتالیدن
فتش (فَتْ، تْش) ڈھونڈھنا، کریدنا۔
فتق (فَتْ، ق) کشادگی، خصیہ بڑھ جانیکی بیماری۔
فتل (فَتْ، ل) بٹنا، مروڑنا۔
فتلیدن (فَتْ۔ لِی۔ دَنْ) دیکھو فتریدن۔
فتن (فَتْن) کبھانا۔
فتنہ (فِتْ۔ نَہ) شور، غوغا، آشوب، گناہ جمع فِتَن
فتنہ انگیز (فِتْ۔ نَہ۔ اَنگ۔ گیز) فتنہ اٹھانے والا۔
فتنہ انگیزی (فِتْ۔ نَہ۔ اَنگ۔ گے۔ زی) فتنہ اٹھانا۔
فتنہ سامانی (فِتْ۔ نَہ۔ سَا۔ مَا۔ نِی) فتنہ کا ساز و سامان
فتوت (فُتُوْ۔ وَتْ) جوانمردی، مروت۔
فتودن (فُتُوْ۔ دَنْ) فریفتہ ہونا، توقف کرنا، مغرور ہونا
فتور (فُتُوْر) خرابی، سستی، ہاتھ پاؤں ٹوٹنا۔
فتوی (فَتْ۔ وَا) شرعی حکم جمع فتاوی۔
فتہ (فَتْ۔ تَہ) اُپلے کی کرسی، پشکر پرہ۔
فتی (فَتَا) جوان، جوانمرد، سخی جمع فِتْیَان، فِتْوَہ، فُتُوّ، فِتْیَہ (فِتْیَ) جوان آدمی۔
فتیا (فُتْ۔ یَا) فتوی۔
فتیان (فِتْیَان) دو جوان، دن رات۔
فتیق (فَتِیْق) بڑھئی، نجار۔
فتیلہ (فَتِی۔ لَہ) بتی۔
فتیہ (فَتِی۔ یَہ) جوان عورت۔
فج (فَج) پہاڑی راستہ (فِجّ) کچا، خام۔
فجاجت (فَجَا۔ جَتْ) خامی، کچاپن
فجار (فَجْ، جَارْ) بڑا بدی کرنے والا۔
فجر (فَجْ، ر) صبح، فجر و م (فُجُرْ) جوانمردی، بخشش،
احسان (فُجُرْ) فاجر کی جمع۔
فجعت (فَجْ۔ عَتْ) دردمندی، مصیبت۔
فجل (فُجُل، فُجْ، ل) مولی، ترب (فَجَل) فَجْ، ل) موٹا ہونا، ڈلدار ہونا۔
فجور (فُجُوْر) گناہگاری، زناکاری (فُجُوْر) گناہگار، حرامکار۔
فجیعت (فَجِی۔ عَتْ) درد سخت، مصیبت۔
فح (فَح) کینکار۔
فحاش (فَحْ، حَاشْ) پھکڑ، سخت بدزبان، بدگل۔
فحام (فَحْ، حَامْ) کوئلہ فروش۔
فحش (فَحْ، ش) بدی، لام کاف۔
فحشا (فَحْ۔ شَا) برا کام، حرامکاری۔
فحص (فَحْ، ص) ڈھونڈھنا۔
فحض (فَحْ، ض) ہرا کھیل یا ترچیز تراشنا۔
فحفاح (فَحْ۔ فَاحْ) ایک بہشتی نہر۔
فحل (فَحْ، ل) نر، مذکر جمع فُحَال، فُحُوْل
سہیل تارہ۔
فحم (فَحَم، فَحْ، م) کوئلہ، انگشت۔
فحوا، فحوی (فَحْ، وَا) منشا، مضمون، معنی، مطلب جمع فحاوی۔
فحیح (فَحِیْح) سانپ کی آواز۔
فحیل (فَحِیْل) دیکھو فحول۔
فخ (فَخ) شکاری جال۔
فخار (فَخْ، خَارْ) کنگر، کمھار، سوکھی ہوئی مٹی، مٹی کا پختہ برتن (فَخَّارْ) بڑا ناز کرنے والا۔
فخامت (فَخَا۔ مَتْ) بزرگی، قدر، بلندی، موٹاپن۔
فخبر (فَخْ۔ بَرْ) دیکھو فخبر، انسان کا چہرہ۔
فخت (فَخْ، ت) چاندنی، چاند کی روشنی۔
فخذ (فَخِذْ، فَخْ، ذ) ران، جانب جمع افخاذ
فخر (فَخْ، ر، فَخَر) گھمنڈ، ناز۔
فخری (فَخْ۔ رِی) انگور کی ایک قسم، فخر سے منسوب۔

فخریہ (فَخ - رِی - یَہ) فخر کے طور پر، فخر سے منسوب
فخفرہ (فَخ - فَرَہ) غلہ جو، گیہوں کی بھوسی -
فخلہ (فَخ - لَہ) زبان دراز عورت -
فخمیدن (فَخ - مِی - دَن) کپاس اڈٹنا -
فخمیدہ (فَخ - مِی - دَہ) اڈی ہوئی کپاس -
فخجور (فَخجُور) ناز، اترانا (فَخجُور) اترانے والا -
فخیخ (فَخِیخ) نیند کے خراٹے -
فخیر (فَخِیر) غالب ہمیز - ۲ - ساتھ فخر کرنے والا (فَخ - خِیر) بہت فخر کرنے والا -
فخیم (فَخِیم) بزرگ قدر، بڑی چیز -
فدا (فِدَا) قیدی کی رہائی کا معاوضہ، سربہا، بدلہ، قربان -
فداد (فَدَّاد) سخت آواز کا آدمی -
فدامت (فَدَا - مَت) جفا کاری، سختی -
فدان (فَدّ - دَان) ہل، بیلوں کا جوا، ایکڑ یعنی ۱۴۴ تیس بیگہ
فدائی (فِدَا - اِی) قربان ہونے والا -
فدرنگ (فَد - رَنگ) دروازہ کی اڑ واڑ -
فدرہ (فِد - رَہ) گوشت کی بوٹی، پچا (فَد - رَہ) بوریا، چٹائی -
فدفد (فَد - فَد) جنگل، شور زمین -
فدوی (فِد - وِی) قربان ہونے والا -
فدیہ (فِد - یَہ) مال قیدی کی عوض میں -
فذلک (فَذَا - لِک) حاصل، باقی، عافیت، رقم جمع حساب بعد تفصیل -
فر (فَرّ) بھاگنے والا، بھاگنے والے (فَر) دبدبہ زیبا، نور ایزدی چھائیں -
فرا (فَرَا) کلمہ زائد، آگے، قبل، نزدیک، دور، ادپر، گورخر (فَرّ - رَا) پوستین سینے والا -
فرات (فُرَات) نام دریا (عراق)
فراتر (فَرَاتَر) پیشتر -
فراترک (فَرَا - تَرَک) پیشترک -

فراخ (فَرَاخ) وسیع، چوڑا، بہت -
فرافا (فَرَا - فَا) کشادگی سرائے -
فراختن (فَرَاخ - تَن) دیکھو افراختن مضم فرازد -
فراختنی (فَرَاخ - تَنی) بلند کرنے لائق -
فراختہ (فَرَاخ - تَہ) بلند کیا ہوا -
فراخور (فَرَا - خور) لائق، سزا وار -
فراخوری (فَرَا - خوری) سزا واری - لائقی
فراخی (فَرَا - خی) کشادگی -
فراخیدن (فَرَا - خِی - دَن) بدن کا روئگٹا کھڑا ہو جانا -
فرادی (فُرَا - دَا) فرد کی جمع، الگ الگ -
فرادیس (فَرَا - دِیس) فردوس کی جمع -
فرار (فِرَار) بھاگ جانا، بھاگ دوڑ (فَرّ - رَار) بھگوڑا -
فراری (فَرَا - رِی) بھاگا ہوا، بھگوڑا -
فراز (فَرَاز) کلمہ زائد، بلند، اوپر، کشادہ، نشیب، نیچے، قریب، آگے، سامنے، بلندی، پستی -
فرازندہ (فَرَا - زَن - دَہ) بلند کرنے والا
فرازی (فَرَا - زِی) بلندی، اونچائی -
فرازیدن (فَرَا - زِی - دَن) بلند کرنا، کھڑا کرنا -
فراس (فِرَاس) شیر (فَرّ - رَاس) ستیس -
فراست (فِرَا - سَت) عقلمندی، قیافہ (فَرَا - سَت) گھوڑے کی شناخت کا علم -
فراش (فِرَاش) بستر، بچھونا جمع فرش (فَرّ - رَاش) پروانہ (فَرّ - رَاش) فرش بچھانے والا -
فراشتن (فَرَاش - تَن) دیکھو افراشتن -
فراشہ (فَرَا - شَہ) جھڑ، تتلی، پروانہ (فَرَا - شَہ) جھاڑو -
فراشیدن (فَرَا - شِی - دَن) جاڑا چڑھنا -
فراغ (فَرَاغ) چھٹی، آرام، کھال -
فراغبالی (فَرَاغ - بَا - لِی) اطمینان، بیفکری -
فراغت (فَرَا - غَت) فرصت، کھال -
فراق (فِرَاق) جدائی -

فرامش، فرامشت (فَرا-مُش)، فراشتن دیکھو فراموش۔
فراشتی (فَرا-مُشتی)، دیکھو فراموشی۔
فراموش (فَرا-مُوش)، بھول، چوک۔
فراموش خانہ (فَرا-مُوش-خا-نہ) فری میسن لاج
فراموشی (فَرا-مُوشی)، بھولا ہوا پن۔
فراموشیدن (فَرا-مُوشی-دَن)، بھولنا، چوکنا۔
فرامین (فَرا-مِین)، فرمان کی جمع۔
فرانساوی، فرانسوی (فَران-سا-وِی، فَران-سوِی)، فرانسیسی۔
فرانسہ (فَران-سَہ)، فرانس (مغربی یورپ)
فرانسیسی (فَران-سی-سی)، ملک فرانس سے منسوب۔
فراوان (فَرا-وان)، بہت زیادہ۔
فراوانی (فَرا-وا-نی)، زیادتی، کثرت۔
فرادیز (فَرا-وِیز)، دامن کی سنجاف۔
فراہت (فَرا-ہَت)، فن کی استادی۔
فراہم (فَرا-ہَم)، اکٹھا، جمع شدہ
فرائد (فَرا-اِد)، فریدہ کی جمع۔
فرائض (فَرا-اِض)، فریضہ کی جمع۔
فربہ (فَر-بہ)، موٹا۔
فربہی (فَر-بہی)، مٹاپا۔
فربی (فَر-بی)، موٹا، بڑا۔
فرت (فَرات)، جلدی (فرات) تانا۔
فرتوت، فرتود (فَر-تُوت، فَر-تُود)، بوڑھا پھوس۔
فرث (فَرث)، اوجھڑی کے اندر کا پاخانہ۔
فرج (فَرج)، عورت کا اندام نہانی، چھید سوراخ جمع فُروج (فَرَج) آسائش، تفرج، آرام (فَراج)، فرچ، ہلکے پیٹ کا آدمی۔
فرجار (فَر-جار)، پرکار۔
فرجام (فَر-جام)، انجام، انتہا، لائق
فرجد (فَر-جَد) پرنانا، پردادا۔
فرجمند (فَرج-مَند)، صاحب شکوہ۔
فرجون (فِر-جَون)، کھریرا۔
فرجہ (فُر-جَہ)، فرصت، تماشا، شگاف جمع فُرجات (فُر-جَہ) کھلنا، کون، فرجہ، مصیبت سے چھٹکارا۔
فرجہ جو (فُر-جَہ-جُو)، فرصت ڈھونڈھنے والا۔
فرح (فَرَح)، خوشی جمع افراح (فَرِح)، خوش۔
فرحت (فَر-حَت)، خوشی
فرحت آثار (فَر-حَت-آثار)، شادی، خوش خرم۔
فرخ (فَرخ)، چوزہ، پرند کا بچہ جمع افراخ، فِراخ
فرخ (فَرُّخ)، مبارک، خوبصورت، خوش۔
فرخاش (فَر-خاش)، دیکھو پرخاش۔
فرخج (فَر-خَج، فَرخَج)، خراب، نازیبا، گھوڑی کا بچھڑا۔
فرخندہ (فَر-خُن-دَہ)، مبارک، شبھ۔
فرخیدن (فَر-خِی-دَن)، درختوں کی ٹہنیاں باقاعدہ چھانٹنا۔
فرخیدن (فَر-خی-دَن)، ردی اٹھانا۔
فرد (فَرد)، اکیلا آدمی جمع افراد تنہا، الگ جمع فُرادی کاغذ کا ایک پرت، دفتر کا کاغذ جمع فردات۔
فردا (فَر-دا)، آیندہ کل۔
فردوس (فِر-دَوس)، بہشت جمع فَرادیس۔
فردی (فَر-دی)، فہرست، کاغذ کا پرت جمع فرد یا
فرز (فَرز)، دیکھو فرزین۔
فرزان (فَر-زان)، علم و دانش۔
فرزانگی (فَر-زا-نگی)، دانشمندی۔
فرزانہ (فَر-زا-نَہ)، دانشمند، عقلمند۔
فرزجہ (فَر-زَجَہ)، شانہ، پردہ۔
فرزدقہ (فَرَز-دَقَہ)، آٹے کا پیڑا۔
فرزند، (فَر-زَند)، بیٹا، بیٹی۔
فرزندی (فَر-زَن-دی)، بیٹا ہونا۔
فرزہ (فَر-زَہ)، ٹکڑا، پیرزا
فرزی، فرزین، (فَر-زی، فَر-زِین)، وزیر مہرہ شطرنج

فرس (فَرَس) گھوڑا، گھوڑی جمع افراس، فروس (فُرُوس)، ایرانی، اہل ایران (فَرْس) شیر کا شکار کو مار ڈالنا۔
فرسا (فَرْسَا) گھسنے والا، گھٹانے والا، پرانا ہونیوالا۔
فرساد (فَرْسَاد) حکیم، دانشمند۔
فرساینده (فَرْسَا-یَن-دَہ) گھٹانے والا، گھسنے والا، پرانا ہونے والا۔
فرسائیدن (فَرْسَا-اِی-دَن) دیکھو فرسودن۔
فرسب (فَرْسَب) شہتیر۔
فرستادن (فِرِس-تَا-دَن) بھیجنا مضم فرستادہ۔
فرستادنی (فِرِس-تَا-دَنِی) بھیجنے کے لایق۔
فرستاده (فِرِس-تَا-دَہ) بھیجا ہوا۔
فرستنده (فِرِس-تَن-دَہ) بھیجنے والا۔
فرستوک (فَرَس-تُوک) دیکھو پرستوک۔
فرسته (فِرِس-تَہ) دیکھو فرشتہ۔
فرسخ (فَرْ-سَخ) تین میل جمع فراسخ۔
فرسن (فِرْ-سِن) سُم۔
فرسنگ (فَرْ-سَنگ) دیکھو فرسخ۔
فرسود (فَرْ-سُود) بہت پرانا، بیٹھا ہوا۔
فرسودگی (فَرْ-سُو-دَگِی) پرانا پن، گھساؤ، بیٹھاؤ۔
فرسودن (فَرْ-سُو-دَن) گھٹنا، گھسنا، بہت پرانا ہونا مضم فرسایند۔
فرسودنی (فَرْ-سُو-دَنِی) گھسنے کے لائق، پرانا ہونیکے لائق۔
فرسوده (فَرْ-سُو-دَہ) گھسا پٹا، گھٹا ہوا، پرانا۔
فرسودۂ روزگار (فَرْ-سُو-دَا-اِ-رُوز-گَار) زمانہ کا پرانا۔
فرش (فَرْش) بچھونا، بچھانے کی چیز جمع فروش، افراش جمع فرش، فراش کی جمع۔
فرشته (فِرِش-تَہ) ایک آسمانی نورانی مخلوق۔
فرشه (فَرْ-شَہ) برش (فَرْ-شَہ) بچھونا۔
فرشی (فَرْ-شِی) فرش سے منسوب، فرش کا، فرش کی، حقہ کی ایک قسم۔
فرص (فَرْص) کاٹنا، چیرنا، پھاڑنا۔
فرصاد (فِرْ-صَاد) سفید شہتوت۔
فرصت (فُرْ-صَت) آرام، مہلت جمع فُرَص۔
فرصه (فَرْ-صَہ) ثلہ، کرسف (فُرْ-صَہ) فراغ، مجال۔
فرض (فَرْض) ڈیوٹی، کار منصبی، چیز کا تعین، فرمودۂ خداوندی۔
فرضاً (فَرْ-ضَن) بطور فرض، باعتبار فرض۔
فرضه (فُرْ-ضَہ) جہازوں کی گودی، پرمٹ۔
فرضی (فَرْ-ضِی) منسوب بفرض، مانی ہوئی چیز۔
فرط (فَرْط) زیادتی، غلبہ۔
فرع (فَرْع) عورت کی چوٹی، سود، شاخ جمع فروع۔
فرعل (فُرْ-عُل) بجو کا بچہ۔
فرعون (فِرْ-عَون) نام کا، گھڑیال، متکبر، سرکش جو مصری بادشاہوں کا قدیم لقب جمع فراعنہ۔
فرعونی (فِرْ-عَو-نِی) منسوب بہ فرعون۔
فرعونیت (فِرْ-عَو-نِی-یَت) تکبر، سرکشی۔
فرعه (فَرْ-عَہ) عقلمندی۔
فرعی (فَرْ-عِی) منسوب بہ فرع، جو اصلی نہ ہو۔
فرغار (فَرْ-غَار) خوب تر کیا ہوا، بھگویا ہوا۔
فرغاریدن (فَرْ-غَا-رِی-دَن) خوب تر کرنا، بھگونا، گوندھنا۔
فرغر (فَرْ-غَر) چھوٹا سا تالاب۔
فرغل (فَرْ-غُل) لبادہ، جاڑوں کا ایک لباس۔
فرغند (فَرْ-غُن-د) اکاس بیل، امربیل۔
فرغه (فُرْ-غَہ) بلند اور فراخ جگہ۔
فرفتن (فِرِف-تَن) فریفتن۔
فرفخ (فَرْ-فَخ) خرفہ کا ساگ۔
فرفر (فُرْ فُر) جلدی جلدی۔
فرفره (فُرْ-فُرَہ) پھرکی، چرخی۔
فرفیر (فَرْ-فِیر) گل بنفشہ۔

فرق (فَرْق) جدائی، سر کی مانگ، سر جمع اَفْرَاق
(فِرَق) سپیدۂ سحر، ڈر، جدائی، پراگندگی ۔
فرقان (فُرْ۔قَان) قرآن مجید ۔
فرقت (فُرْ۔قَت) جدائی ۔
فرقد (فَرْ۔قَد) بچھڑا، نام ستارہ ۔
فرقدان، فرقدین (فَرْ۔قَدَان، فَرْ۔قَدَین)
دو تارے قطب شمالی کے ۔
فرقعہ (فَرْ۔قَعَہ) انگلی چٹخانا ۔
فرقہ (فِرْ۔قَہ) کمپنی، گروہ، قوم جمع فِرَق ۔
فرقہ پرست، فرقہ پسند (فِرْ۔قَہ۔پَرَس۔ت،
فِرْ۔قَہ۔پَسَن۔د) طرفدار قوم، سیاسی تنگ نظر
فرقہ پرستی، فرقہ پسندی (فِرْ۔قَہ۔پَرَس۔تی،
فِرْ۔قَہ۔پَسَن۔دی) قومی طرفداری ۔
فرقہ وار (فِرْ۔قَہ۔وَار) فرقہ سے متعلق، فرقہ کی مانند ۔
فرقہ وارانہ (فِرْ۔قَہ۔وَا۔رَا۔نَہ) فرقہ سے نسبت رکھنے والی چیز
فرکن (فَرْ۔کَن) ندی، نالہ ۔
فرکند (فَرْ۔کَن۔د) ڈھیر، کھادر ۔
فرگل (فَرْ۔گُل) دیکھو فرغل ۔
فرما (فَرْ۔مَا) فرمانے والا ۔
فرماسون (فَرْ۔مَا۔سُون) فریمیسن جو ایک خفیہ اسرار جماعت ہے
فرمان (فَرْ۔مَان) حکم، شاہی پروانہ جمع فَرَامِین ۔
فرمانبردار (فَرْ۔مَاں۔بَر۔دَار) حکم ماننے والا ۔
فرمانبرداری (فَرْ۔مَاں۔بَر۔دَا۔رِی) حکم ماننا ۔
فرمانده (فَرْ۔مَان۔دِہ) حاکم، بادشاہ ۔
فرمان فرما (فَرْ۔مَان۔فَرْ۔مَا) گورنر جنرل، بادشاہ
فرمائش (فَرْ۔مَا۔یِش) حاکمانہ سفارش، کام کا حکم، مانگ
فرمائشی (فَرْ۔مَا۔یِشِی) عمدہ، مصنوعی ۔
فرمایندہ (فَرْ۔مَا۔یَن۔دَہ) فرمانے والا ۔
فرمش (فَرْ۔مُش) فراموش ۔
فرمشی (فَرْ۔مُشِی) فراموشی ۔
فرمودن (فَرْ۔مُو۔دَن) فرمانا، آنا، جانا مضم فَرْمَایَد

فرمودنی (فَرْ۔مُو۔دَنی) فرمانے کے لائق ۔
فرمودہ (فَرْ۔مُو۔دَہ) فرمایا ہوا ۔
فرموش (فَرْ۔مُوش) دیکھو فراموش ۔
فرناس (فَرْ۔نَاس) گاؤدی، نکما، کھیا، شیر، بہادر آدمی
(فَرْ۔نَاس) نیند کا ماتا، غافل، برناس ۔
فرناق (فَرْ۔نَاق) طہارت خانہ ۔
فرنج (فَرَن۔ج) دیکھو فرنگ ۔
فرنجک (فَرَن۔جَک) کابوس ۔
فرند (فِرِن۔د) تلوار کا جوہر، تلوار ۔
فرنسا (فَرَن۔سَا) ملک فرانس (مغربی یورپ)
فرنساوی (فَرَن۔سَا۔وِی) فرانس کا باشندہ
فرنسہ (فَرَن۔سَہ) دیکھو فرنسا ۔
فرنسی (فَرَن۔سِی) فرانسیسی، فرنساوی ۔
فرنک (فَرَنک) فرانس کا نقرئی سکہ مطابق ۹ ۳/۴ پینس
فرنگ (فَرَنگ) یورپ، گورا چٹا رنگ ۔
فرنگستان (فَرَن۔گِس۔تَان) یورپ ۔
فرنگی (فَرَن۔گِی) یوروپین، یورپی ۔
فرو (فُرُو) کم، نیچے (فَرْو) لومڑی کی کھال بنائی ہوئی
فروار (فَرْ۔وَار) دیکھو پروار ۔
فروتن (فُرُو۔تَن) عاجز ۔
فروتنی (فُرُو۔تَنِی) عاجزی ۔
فروج (فَرْ۔رُوج) شلوکا ۔
فروجہ (فَرْ۔رُو۔جَہ) مرغی کا چوزہ جمع فَرَارِیج ۔
فروخت (فُرُو۔خ۔ت) بکری ۔
فروختار (فُرُو۔خ۔تَار) بیچنے والا، بے حیا ۔
فروختگی (فُرُو۔خ۔تَگِی) بکائی، بکری ۔
فروختن (فُرُو۔خ۔تَن) بیچنا مضم فُرُوشد
روشن کرنا مضم فُرُوزَد ۔
فروختنی (فُرُو۔خ۔تَنِی) بیچنے کے لائق، روشن کرنے کے لائق
فروختہ (فُرُو۔خ۔تَہ) بیچا ہوا، روشن ۔
فرود (فُرُود) نیچے، زیر، تحت (فَرُود) بھونا ہوا ۔

فرو داشت (فِرو۔ داش۔ ت) آخر، پایاں۔
فرود آمدن (فِرُود۔ آ۔ مَدَن) اترنا مضم فرود آید۔
فرودست (فِرو۔ دَس۔ ت) زیر دست۔
فرودگاہ (فِرُود گاہ) قیام گاہ، اترنے کی جگہ۔
فروردین (فَرْوَر۔ دِین) فارسی کا پہلا شمسی مہینہ۔
فروز (فُرُوز) چمک۔
فروزاں (فُرو۔ زاں) روشن، سوزاں۔
فروزیدہ (فُرو۔ زِی۔ دَہ) روشن، موصوف۔
فروزینہ (فُرو۔ زِی۔ نَہ) چقماق، پتلا ایندھن۔
فروست، فروسیت (فُرُو۔ سَت، فُرو۔ سِی۔ یَت) گھوڑے کی سواری، گھوڑے کی پہچان۔
فروش (فَرو۔ ش) بیچنے والا (فُرُوش) فرش کی جمع۔
فروشاندن (فُرو۔ شاں۔ دَن) دور کرنا، ہانکنا (فُرو۔ شاں۔ دَن) فروشانیدن کا مخفف۔
فروشانیدن (فُرو۔ شا۔ نِی۔ دَن) بکوانا۔
فروشندہ (فُرو۔ شَن۔ دَہ) بیچنے والا۔
فروشیدن (فُرو۔ شِی۔ دَن) بیچنا۔
فروشیدنی (فُرو۔ شِی۔ دَنی) بیچنے کے لائق۔
فروع (فُرُوع) فرع کی جمع۔
فروغ (فُرُوغ) روشنی، چمک۔
فروق (فُرُوق) فرق کرنا (فُرُوق) فرق کرنیوالا۔
فروکش (فِرو۔ کَش) اترنے والا۔
فروکشی (فِرو۔ کَشی) اترنا۔
فروگذاشت (فِرو۔ گُذاش۔ ت) چوک، چھوٹ۔
فروماندگی (فِرو۔ ماں۔ دَگی) عاجزی، لاچاری۔
فروماندن (فِرو۔ ماں۔ دَن) عاجز رہنا مضم فروماند۔
فرومانده (فِرو۔ ماں۔ دَہ) عاجز، لاچار۔
فرومایگی (فِرو۔ ما۔ یَگی) کمینہ پن، اوچھا پن۔
فرومایہ (فِرو۔ ما۔ یَہ) کمینہ، اوچھا۔
فروہش (فِرو۔ ہِش) کاہلی، فروگذاشت، بیکاری۔
فروہلیدن (فِرو۔ ہِلی۔ دَن) چھوڑنا، ڈالنا۔

فرہ (فَرْ۔ رَہ) شان و شوکت، عظمت (فَرَہ) سبقت، خوش مزاجی (فِرَہ) بہت خوش جمع
فارہین، فرہین۔
فرہختن (فَرْ۔ ہِخ۔ تَن) تربیت دینا۔
فرہست (فَرْ۔ ہَس۔ ت) جادو، منتر۔
فرہنج (فَرْ۔ ہَن۔ ج) ادب۔
فرہنجیدن (فَرْ۔ ہَن۔ جی۔ دَن) ادب کرنا، ادب دینا
فرہنگ (فَرْ۔ ہَنگ) ادب، عقل، بزرگی، لغات کی کتاب
فرہیختن (فَرْ۔ ہیخ۔ تَن) دیکھو فرہختن۔
فریاد (فَرْ۔ یاد) دہائی۔
فریادرس (فَرْ۔ یاد۔ رَس) فریاد کو پہونچنے والا۔
فریادرسی (فَرْ۔ یاد۔ رَسی) فریاد کو پہونچنا۔
فریادی (فَرْ۔ یا۔ دی) دہائی دینے والا۔
فریاض (فِرْ۔ یاض) فراخ۔
فریب (فِریب) دغا، دھوکہ، مکر، حیلہ۔
فریبا (فِرے۔ با) فریفتہ۔
فریب خوردہ (فِریب۔ خُر۔ دَہ) فریب کھایا ہوا۔
فریبندہ (فِرے۔ بَن۔ دَہ) فریب دینے والا، فریب کھانے والا
فریبی (فِرے۔ بی) فریب دینے والا۔
فریچ (فَرِیچ) دیکھو فریش۔
فرید، فریدہ (فَرِید، فَرِی۔ دَہ) تنہا، اکیلا جمع فرائد۔
فریز (فَرِیز) دوب گھاس، بال مونڈنا۔
فریشہ (فَرِیشہ) پیچ، ایک جڑ کا نام۔
فریسہ (فَرِی۔ سَہ) گردن دبا ہوا شکار جمع فرائس۔
فریش (فَرِیش) لوٹ کھسوٹ، تاخت و تاراج۔
فریضہ (فَرِی۔ ضَہ) نماز، روزہ، فرمودۂ خداتعالیٰ جمع فرائض۔
فریفتگی (فَرِیف۔ تَگی) عاشقی، بہکاوٹ۔
فریفتن (فَرِیف۔ تَن) فریب دینا، فریب کھانا،
عاشق ہونا مضم فریبد۔
فریفتہ (فَرِیف۔ تَہ) عاشق، فریب دیا ہوا،
فریب کھایا ہوا۔

فریق (فَرِیق) ٹولی، جتھا، جمع اَفرِقہ، اَفرِقا، فُرَقا، فِرَق -
فریقانہ (فَرِی۔قَا۔نَہ) فریق کی مانند -
فریق ثانی (فَرِیق ۔ثَا۔نِیْ) مقابل جتھا -
فریقین (فَرِی۔قَین) دونوں مقابل جتھے -
فریوردن (فَرِے۔وَر۔دَن) مذہب میں کٹر ہونا -
فریوک (فَرِے۔وَک) بطیخ، خربوزہ -
فریہ (فَرِ۔یَہ) جھوٹ، افترا -
فزا (فَزَا) بڑھنے والا، بڑھانے والا -
فزایش (فَزَا۔یِش) بڑھوار، بڑھوتری -
فزاینده (فَزَا۔یِن۔دَہ) بڑھنے والا، بڑھانے والا -
فزع (فَزَع) ڈر، ہراس جمع اَفزَاع (فَزِعْ) ڈرنے والا، ترساں
فزود (فَزُود) دیکھو افزود -
فزودن (فَزُو۔دَن) بڑھنا، بڑھانا مضم فَزَایَد -
فزوده (فَزُو۔دَہ) بڑھا ہوا، بڑھایا ہوا -
فزول (فَزُول، فُزُول) دیکھو افزول -
فزونی (فَزُو۔نِی) دیکھو افزونی -
فژولیدن (فَژُو۔لِی۔دَن) پژمردہ کرنا یا ہونا، پریشان کرنا یا ہونا (فَژُو۔لِی۔دَن) تقاضا کرنا -
فساد (فَسَاد) تباہی، بگاڑ جمع اَفسَاد، فَسَادَات -
فسادی (فَسَا۔دِی) فساد کرنے والا -
فسار (فِسَار) دیکھو افسار -
فساق (فُسّ۔سَاق) فاسق کی جمع -
فسان (فَسَان) دھار تیز کرنے کا پتھر، فسانہ -
فسانہ (فَسَا۔نَہ) دیکھو افسانہ -
فسانیدن (فَسَا۔نِی۔دَن) منتر کرنا، رام کرنا، افسانہ کہنا -
فسانیده (فَسَا۔نِی۔دَہ) افسانہ کہا ہوا، رام کیا ہوا، منتر کیا ہوا
فسانندہ (فَسَا۔نَن۔دَہ) افسونگر -
فساییدن (فَسَا۔یِی۔دَن) دیکھو فسانیدن -
فستان (فُس۔تَان) گون جو انگریزی لباس ہے -
فستق (فُس۔تُق) پستہ جو ایک خشک میوہ ہے -
فستقی (فُس۔تُقِی) پستئی رنگ -

فسح (فَس۔ح) کاغذ راہداری، پروانہ راہداری، فراخ کرنا (فُس۔ح) فراخ -
فسحت (فُس۔حَت) کشادگی اور فراخی -
فسخ (فَس۔خ) توڑ پھوڑ، رائے یا ارادہ کی تبدیلی (فُس۔ح) سیر، گردش -
فسر (فَس۔ر) مطلب کھولنا، قارورہ دیکھنا -
فسردگی (فَسُر۔دَگِی) دیکھو افسردگی -
فسردن (فَسُر۔دَن) دیکھو افسردن مضم فسرد -
فسردنی (فَسُر۔دَنِی) ٹھٹھرنے کے لائق -
فسرده (فَسُر۔دَہ) دیکھو افسرده -
فسره (فُسُر۔رَہ) جاڑا، لرزه -
فسفاس (فَس۔فَاس) کند تلوار -
فسفر (فَس۔فَر) فاسفورس -
فسق (فِس۔ق) ترک امر حق، بداعمالی -
فسقیہ (فِس۔قِی۔یَہ) حوض -
فسکل (فِس۔کِل) الکسی، کاہل، (فُس۔کُل) گھوڑدوڑ میں سب سے پچھڑی گھوڑا -
فسل (فَس۔ل) بیمروت اور ناکارہ آدمی جمع فُسُول، اَفسَال
فسو (فَس۔و) پھسکی، حبس ریش -
فسوس (فُسُوس) ٹھٹھول، دل لگی، حسرت، افسوس -
فسوسیدن (فُسُو۔سِی۔دَن) افسوس اور حسرت کرنا، ٹھٹھول کرنا -
فسوق (فُسُوق) دیکھو فسق -
فسول (فُسُول) دیکھو افسول -
فسول کار (فُسُول۔کَار) جادو کا کام کرنے والا -
فسیح، فسیحہ (فَسِیح، فَسِی۔حَہ) وسیع، فراخ، کشاده -
فسیق (فِس۔سِیق) جو فسق میں مبتلا ہو -
فسیل (فَسِیل) پودھا، نونہال -
فش (فَش) دیکھو وش (فَشّ) بے نتیجہ بات، ہشت، ہش، فواره (فِش) طرہ، ایال، گھوڑے کی دم -
فشا (فَشَا) جھاڑنے والا -

فشار (فِشار)، نچوڑ، بھینچ، نچوڑنے والا، بھینچنے والا
(فَشار)، بکواس، ہذیان۔
فشاردن (فَشار۔دَن)، نچوڑنا، بھینچنا مضم فَشارَد۔
فشاردنی (فَشار۔دَنی)، نچوڑنے کے لائق۔
فشارده (فَشار۔دَہ)، نچوڑا ہوا۔
فشافش (فَشا۔فَش)، تیروں کی بارش کا شور۔
فشاں (فِشاں)، جھاڑتا ہوا، جھاڑنے والا۔
فشاندن (فِشاں۔دَن)، جھاڑنا مضم فِشانَد۔
فشاندنی (فِشاں۔دَنی)، جھاڑنے کے لائق۔
فشانده (فِشاں۔دَہ)، جھاڑا ہوا۔
فشانندہ (فِشا۔نَن۔دَہ)، جھاڑنے والا۔
فشانی (فِشا۔نی)، جھڑائی۔
فشر (فَش۔ر)، بد بان، بیہودہ۔
فشردن (فُشُر۔دَن)، نچوڑنا مضم فُشُرَد۔
فشردنی (فُشُر۔دَنی)، نچوڑنے کے لائق۔
فشرده (فُشُر۔دَہ)، نچوڑا ہوا۔
فشست (فِشِس۔ت)، پھنکار۔
فشکه، فشنگ (فِش۔کَہ، فِشَنگ)، کارتوس۔
فشیدن (فَشی۔دَن)، گھوڑدوڑ کرنا۔
فص (فَص)، نگینہ، نگ، لہسن کا جوا، شطرنج کا مہرہ،
چوسر کی گوٹ جمع فُصُوص۔
فصاحت (فَصا۔حَت)، تیز زبانی، خوش گوئی۔
فصاد (فَص۔صاد)، فصد کھولنے والا، جراح (فِصاد) خون لینا۔
فصادی (فَص۔صا۔دی)، جراحی۔
فصال (فِصال)، جدائی، بچہ کی دودھ چھڑائی (فَص۔
صال)، جدا کرنے والا، دربان۔
فصح (فِص۔ح)، آتش پرستوں کی عید۔
فصد (فَص۔د)، رگ کھولنا۔
فصل (فَص۔ل)، جدائی، ٹکڑا، موسم، رُت، حصہ جمع فُصُول
فصیح (فَصیح)، خوش گو، تیز زبان جمع فُصَحا، فِصاح
فصید (فَصید)، جسکی فصد کھولی گئی ہو جمع فَصَدار۔

فصیل (فَصِیل)، قلعہ کی دیوار، بیچ کی مینڈ جمع فِصال،
اونٹ کا بچہ۔
فضا (فَضا)، میدان، کھلی ہوئی جگہ جمع اَفضِیَہ (فِضا)
پانی جو زمین پر جاری ہو۔
فضاح، فضاحت (فَضاح، فَضا۔حَت)، فضیحت، رسوائی۔
فضاعت (فَضا۔عَت)، قباحت۔
فضاله (فُضا۔لَہ)، دیکھو فضلہ۔
فضائح (فَضا۔اِح)، فضیحت کی جمع۔
فضائل (فَضا۔اِل)، فضیلت کی جمع۔
فضح (فَض۔ح)، رسوائی یا رسوا کرنا۔
فضل (فَض۔ل)، نیکی، افزونی، بخشش جمع اَفضال، فُضُول
فضلا (فُضَلا)، فاضل کی جمع۔
فضله (فَض۔لَہ)، چھیچھڑن، جھڑاون، پھوکس، جھوٹن،
بچی کھچی بیکار چیز جمع فَضَلات۔
فضوح (فُضُوح)، رسوائی۔
فضول (فُضُول)، زیادتی، بیکار (فضل کی جمع فُضُول)، زیادہ گو
فضول خرچ (فُضُول۔خَرچ)، بیکار خرچ کرنے والا۔
فضول خرچی (فُضُول۔خَر۔چی)، اسراف، بیکار خرچ
فضول گو (فُضُول۔گو)، بکی۔
فضول گوئی (فُضُول۔گو۔ئی)، بکواس۔
فضولی (فُضُو۔لی)، بکواس، جھگڑی، بکواسی۔
فضه (فِض۔ضَہ)، چاندی۔
فضیح (فَضِیح)، رسوا۔
فضیحت (فَضِی۔حَت)، رسوائی، بدنامی جمع فَضائح
فضیحتی (فَضِی۔حَتی)، رسوا، بدنام۔
فضیلت (فَضِی۔لَت)، بزرگی، بڑائی جمع فَضائل
فطام (فِطام)، بچہ کی دودھ بڑھائی، جدائی۔
فطانت (فَطا۔نَت)، چترائی، عقلمندی۔
فطح (فَط۔ح)، چوڑا کرنا (فَطَح)، چوڑے سر کا ہوتا۔
فطر (فَط۔ر)، پھاڑنا، پیدا کرنا، روزہ کھولنا (فِط۔ر)، روزہ
کشائی، روزہ کھولنے والا یا والے، گندھائی، کھنبا۔

فطرت (فِط۔رَت) پیدائش، جنم، عقلمندی۔
فطرتی (فِط۔رَتی) چالاک، چیز۔
فطرہ (فِط۔رَہ) عید کا صدقہ۔
فطریا (فِط۔رِی) خلقی، پیدائشی۔
فطس (فَطَس) چوڑی ناک والا۔
فطن (فِطْ۔ن، فُطُ۔ن، فَطَن، فُطُن) ہوشیاری
(فَطِن، فَطُن) ہوشیار۔
فطور، فطوری (فُطُور، فُطُو۔رِی) افطاری، حاضری
فطیر (فَطِیر) پتلا آٹا، ضد خمیر۔
فطیس (فِط۔طِیس) گھن، ہتھوڑا۔
فطیم (فَطِیم) دودھ چھوٹا ہوا بچّہ۔
فظ (فَظ) بدمزاج، سخت دل، بدزبان۔
فظاظ (فَظَاظ) درشتی، بدمزاجی۔
فظیظ (فَظِیظ) آب منی۔
فظیع (فَظِیع) بڑی بری بات۔
فعال (فَعَال) سخاوت، مروت عام (فَع۔عَال)
کام کرنیوالا (فِعَال) فعل کی جمع۔
فعل (فِع۔ل) کام، چلن، حرکت، کلمہ جو معنی حدثی
پر تنہا دلالت کرے جمع فِعَال، اَفْعَال (فَع۔ل) کرنا
فعلاً (فِع۔لَن) بطور فعل، باعتبار فعل۔
فعلہ (فَعَلَہ) فاعل کی جمع۔
فغ (فَغ، فُغ) بت، صنم، مورت۔
فغاک (فَغَاک) پاگل، نادان، حرامزادہ۔
فغان (فُغَان) نالہ، فریاد۔
فغر (فَغ) (ر) منہ کھولنا۔
فغفور (فَغ۔فُور) چین کے قدیم بادشاہوں کا خطاب۔
فغم (فَغَم) للچانا۔
فغند (فَغَنْد) (د) دیکھو زغند۔
فف (فَف) دیکھو یف۔
فق (فَق) خوفزدہ، پریشان۔
فقا (فَق) (ا) آنکھ پھوڑنا۔

نقاح (فُق، قَاح) پھول، کلی، گوند۔
فقارت (فَقَا۔رَت) منکا، ریڑھ کی ہڈی جمع فَقَار۔
فقاع (فُقَاع، فَقَاع) لال رنگ کا آدمی (فُقَاع،
فُق۔قَاع) شراب، شیشہ، بلبلہ، پیالہ، بوزا۔
فقاہ، فقاہت (فَقَاہ، فَقَا۔ہَت) عقلمندی۔
فقد (فَق۔د) گم کرنا، گم جانا۔
فقدان (فُق۔دَان) گم گشتگی، کمی، گم۔
فقر (فَق۔ر) افلاس، ضرورت، فقیری، کھودنا
(فُق۔ر) جانب جمع فُقُور۔
فقرہ (فِق۔رَہ) عبارت کا ٹکڑا، مہر جمع فِقَر،
فِقْرَات (فِق۔رَہ) پیر میں گاہ دینا۔
فقش (فَق۔ش) ہاتھ سے مرغی کا انڈا توڑنا۔
فقط (فَقَط) بس۔
فقع (فَقَع) جو کی شراب (فَقْع) بعض چیز، سانپ کی ٹوپیا۔
فقم (فَق۔م، فُق۔م) ٹھوڑی (فَقَم) منہ، دہان۔
فقوع (فُقُوع) پیلا بھڑک، ڈھنڈا۔
فقہ (فِقہ) قانون شریعت اسلامی۔
فقید (فَقِید) نایاب۔
فقید المثال (فَقِی۔دُل۔مِثَال) بے مثل۔
فقیر (فَقِیر) بھکاری، کنگال، درویش جمع فُقَرَا۔
فقیرانہ (فَقِی۔رَا۔نَہ) فقیر کی مانند۔
فقیری (فَقِی۔رِی) کنگالی، درویشی۔
فقیع (فَقِیع) دیکھو فقاع۔
فقیہ (فَقِی۔ہ) علم فقہ جاننے والا جمع فُقَہَا۔
فک (فَک) جبڑا، کھولنا، جدا کرنا، چھڑانا، چھوٹنا۔
فک اسفل (فَکّ، اَس۔فَل) نیچے کا جبڑا۔
فک اعلیٰ (فَکّ، اَع۔لَا) اوپر کا جبڑا۔
فکاک (فِکَاک) قیدی کی رہائی، جس سے رہن چھوٹے
فکاہت (فَکَا۔ہَت) خوش طبعی، خیال (فَکَا۔ہَت)
خوش طبع ہونا۔
فکر (فِک) (ر) غور، سوچ، اندیشہ جمع اَفْکَار

فکرت (فِکْ۔ رَتْ) سوچ، اندیشہ جمع فِکَر۔
فکری (فِکْ۔ رِی) متفکر۔
فکیف (فَکَیْ فَ) کلمۂ استفہام، بس کیونکر۔
فگار، فگال (فِگَارْ، فِگَالْ) دیکھو افگار۔
فگانہ (فِگَا۔ نَہْ) ادھورا بچہ جو پیٹ سے گر جاوے۔
فگن (فِگَنْ) دیکھو افگن۔
فگندن (فِگَنْ۔ دَنْ) ڈالنا مضم فِگَنَنْدْ۔
فگندہ (فِگَنْ۔ دَہْ) ڈالا ہوا۔
فگنندہ (فِگَ۔ نَنْ۔ دَہْ) ڈالنے والا۔
فل (فُلْ) دیکھو فلان۔
فلا (فَلَا) ویرانہ۔
فلات (فَلَاتْ) ویرانہ، جولاہے کا تانا۔
فلاح (فَلَاحْ) بقا، خیریت، عافیت (فَلْ۔ لَاحْ) کسان جمع فَلَاحِیْن۔
فلاحت (فَلَا۔ حَتْ) کسانی، کھیتی باری۔
فلاخن (فَلَا۔ خَنْ) گوپھیا، گوپھن۔
فلاس (فَلْ۔ لَاسْ) پیسے بیچنے والا۔
فلاسفہ (فَلَا۔ سِفَہْ) فلسفی کے جمع۔
فلاسنگ (فَلَا۔ سَنْگْ) فلاخن، بیابان۔
فلاط (فِلَا طْ) ناگاہ، ناگہاں۔
فلاکت (فَلَا۔ کَتْ) مفلسی، زمانہ کا چکر۔
فلاکت زدہ، فلاکتی (فَلَا۔ کَتْ۔ زَدَہْ، فَلَا۔ کَتِی) مفلس۔
فلاں، فلانی، فلانہ (فُلَاں، فُلَا۔ نِی، فُلَا۔ نَہ) غیر معلوم آدمی، وہ آدمی جس کی خبر نہ ہو۔
فلج (فَلَجْ) فلاح۔
فلخودن، فلخیدن (فَلْ۔ خُو۔ دَنْ، فَلْ۔ خِی۔ دَنْ) کپاس اوٹنا مضم فَلْخَنْدْ، فَلْخَایَنْدْ۔
فلخودنی، فلخیدنی (فَلْ۔ خُو۔ دَنِی، فَلْ۔ خِی۔ دَنِی) کپاس اوٹنے کے لائق۔
فلخودہ، فلخیدہ (فَلْ۔ خُو۔ دَہْ، فَلْ۔ خِی۔ دَہْ) اوٹا ہوا۔
فلذہ (فِلْ۔ ذَہْ) کلیجہ کا ٹکڑا، جگر کا ٹکڑا۔

فلز (فِلِزّ، فِلُزّ) معدنی دھات جمع فِلِزَّات۔
فلزی (فِلِزْ۔ زِی) معدنی، کانی۔
فلس (فَلْ۔ سْ) مچھلی کا کھپڑا، پیسہ جمع فُلُوس، اَفْلُس۔
فلسطین (فِلَسْ۔ طِیْن) نام ملک، مغربی ایشیا۔
فلسفہ (فَلْ۔ سَفَہْ) حکمت، دانشمندی، علم اشیائے موجودات اور اس کے اسباب۔
فلسفی (فَلْ۔ سَفِی) فلسفہ جاننے والا جمع فَلَاسِفَہ۔
فلسفیانہ (فَلْ۔ سَفِیَا۔ نَہ) فلسفی کی مانند۔
فلسین (فَلْ۔ سَیْنْ) تنگہ، ٹکا، دو پیسے، ادھنا۔
فلط (فَلْطْ) ناگاہ، فَلَاط۔
فلع (فَلِیْعْ) پھاڑنے والا، بڑا کلہاڑا۔
فلعہ (فِلْ۔ عَہ) کھال کا ٹکڑا، پارۂ پوستہ۔
فلفل (فِلْ۔ فِلْ) کالی مرچ۔
فلفلمویہ (فِلْ۔ فِلْ مُو۔ یَہ) پیلا موتی، بیج درخت فلفل۔
فلق (فَلَقْ) صبح کا اجالا جمع اَفْلَاقْ (فَلْ۔ قْ) چیرنا پھاڑنا۔
فلقہ (فِلْ۔ قَہ) تلوار کا ٹکڑا، ٹکڑا۔
فلک (فَلَکْ) آسمان جمع اَفْلَاکْ، فلک (فُلْ۔ کْ) ناؤ۔
فلکہ (فَلْ۔ کَہ) خیمہ یا تکلے کی گول ٹکلی۔
فلکی (فَلَکِی) آسمانی، علم ہیئت جاننے والا۔
فلو (فِلْوْ) سال بھر کا بچھیرا۔
فلوس (فُلُوسْ) فلس کی جمع۔
فلوق (فُلُوقْ) بوائی، بوارڑ، کفشگی پا۔
فلوکہ (فُلُو۔ کَہ) ڈونگی، چھوٹی کشتی، فلک۔
فلول (فُلُولْ) باڑھ کرجانا۔
فلہ (فَلَہْ، فِلْ۔ لَہ) بیونسی۔
فلہذا (فَلِہَا۔ ذَا) پس اس واسطے۔
فلیو (فَلِیْوْ) بیہودہ، بے فائدہ۔
فم (فَمْ، فُمْ) منہ، دہان۔
فن (فَنْ) ہنر جمع فُنُوْن، اَفْنَانْ۔
فنا (فَنَا) نابیدی (فَنَا) حوالی۔

فنج (فَنْ - ج) فستق
فنجا (فَنْ - جا) برف، دمہ (فنْ - جا) دمہ کی بیماری -
فنجان (فنْ - جانْ) چھوٹی پیالی -
فنجیدن (فَنْ - جی - دَنْ) ہاتھ پاؤں ٹوٹنا -
فند (فَنْ - دْ) مکر، فریب، جھوٹ، خطا (فِنْ - د) پہاڑ، ٹہنی، گروہ، جھنڈ -
فندق (فُنْ - دُقْ) ٹھٹھا، ایک چھوٹا سا بیر کی برابر سرخ پھل -
فنن (فَنَنْ) ٹہنی، ڈالی جمع افنان جمع الجمع افنانین -
فنودن (فُنُودْ - دَنْ) فریفتہ ہونا -
فنین (فَنِین) کھکھیاری، بغل کا پھوڑا -
فو (فُو) ایک جنگلی بوٹی (فَوا) اشتر مرغ -
فوات (فَوَاتْ) نیستی، گذر جانا -
فواحش (فَوَا - حِشْ) فاحشہ کی جمع -
فواخت (فَوَا - خِتْ) فاختہ کی جمع -
فواد (فُوَادْ) دل، جان، قلب، جی -
فوارس (فَوَا - رِسْ) فارس کی جمع -
فوارہ (فُوّا - رَہْ) اُبال، جوش (فَوّا - رَہْ) پھوارا، ہزارہ -
فواصل (فَوَا - صِلْ) فاصلہ کی جمع، قرآن مجید کی آیتوں کے آخری ہموزن الفاظ -
فواضل (فَوَا - ضِلْ) فاضلہ کی جمع -
فواظ (فُوَاظْ) مرنا، روح پرواز کرنا -
فواق (فُوَاقْ) ہچکی، ہکہک -
فواکہ (فَوَا - کِہْ) فاکہہ کی جمع -
فوالح (فَوَا - لِحْ) فالحہ کی جمع -
فوائد (فَوَا - ئِدْ) فائدہ کی جمع -
فوت (فَوْتْ) موت، ناکامی، گذر، گھاٹی جمع افوات -
فوتی (فَوْ - تِیْ) موت، لاوارث متوفی کا سامان -
فوج (فَوْجْ) لشکر، گروہ جمع افواج -
فوج کشی (فَوْج - کَشِیْ) فوج کی چڑھائی -
فوجدار (فَوْج - دَارْ) لڑاکا، جھگڑالو -
فوجداری (فَوْج - دَا - رِیْ) لڑائی، جھگڑا -

فوجی (فَوْ - جِیْ) منسوب بہ فوج، فوج والا -
فوح (فَوْحْ) مہک، باس جمع فَوْحَاتْ -
فودنج (فُوْ - دَنْجْ) دیکھو پودینہ -
فور (فَوْرْ) وقت، جلد، جوش، اُبال (فُوْرْ) پیازی، ہلکا سرخ -
فوراً (فَوْ - رَنْ) جلدی کے ساتھ -
فوران (فَوْ - رَانْ، فَوَرَانْ) جوش، اُبال -
فوری (فَوْ - رِیْ) منسوب بہ فور، وقتی، جلدی کا -
فوز (فَوْزْ) کامرانی، رہائی، مقصد برآری (فُوَّزْ) جماع کرنے کی آواز -
فوض (فَوْضْ) کسی پر کام چھوڑ دینا -
فوضوی (فَوْ - ضَوِیْ) منسوب بہ فوضی، اشتراکی -
فوضویت (فَوْ - ضَوِیْ - یَتْ) تمدنی مساوات، اشتراکیت -
فوضی (فَوْ - ضَا) وہ نظام حکومت جس میں سب لوگ برابر ہوں
فوطہ (فُوْ - طَہْ) تھیلا، تھیلی، لگان، ٹیکس، محصول، خصیہ (فُوْ - طَہْ) تولیہ، توال، لنگ -
فوطہ دار (فُوْ - طَہْ - دَارْ) خزانچی، نقد روپیہ والا -
فوظ (فُوْظْ) مرنا، روح پرواز کرنا -
فوف (فُوْفْ) ناخن کی کوڑی -
فوفل (فُوْ - فُلْ، فَوْ - فَلْ) چھالیا، سپاری، ڈلی -
فوق (فَوْقْ) اوپر، اونچائی (فُوْقْ) ہونا، ناخن کی سفیدی، شرمگاہ -
فوق الذکر (فَوْ - قُذْ - ذِکْ - رْ) اوپر بیان کیا ہوا (فُوْقُذْ - ذُکْرْ) عضو تناسل کی بیماری -
فوقانی (فَوْ - قَا - نِیْ) اوپری، اوپر والا، منسوب بہ فوق
فوقیت (فَوْ - قِیْ - یَتْ، فَوْ - قِیْ - یَتْ) برتری، بلندی -
فول (فُوْلْ) سیم کے بیج -
فولاد (فُوْ - لَادْ) ایک سخت اور عمدہ لوہا، پولاد -
فولادی (فُوْ - لَا - دِیْ) منسوب بہ فولاد، فولاد والا -
فوم (فُوْمْ) لہسن، اناج، پیاز کی گٹھی -
فوہ (فُوْہْ) [illegible]، دہان جمع افواہ [illegible]

نیچے کا ورق (فُوَّہ) مہک، خوشبو (فُوَ۔ دَہ) مہرخ
مجیٹھ (فُوَّہ) کلمۂ تحقیر۔
فوہار (فَوْ۔ ہَار) فراخ دہن عورت۔
فوہد (فَوْ۔ ہَد) موٹا تازہ نوجوان۔
فہّام (فَہ۔ ہَام) بہت بڑا سمجھنے والا۔
فہد (فَہْ۔ د) چیتا، یوز ج فہود۔
فہر (فَہْ۔ ر) پتھر۔
فہرس، فہرست (فِہ۔ رِس) (فِہ۔ رِسْ۔ ت) مرتب تحریری نقشہ
فہم (فَہْ۔ م) فہم، سمجھ، بوجھ ج افہام فہوم سمجھنے والا
فہمانیدن (فَہ۔ مَا۔ نِی۔ دَن) سمجھانا۔
فہمندہ (فَہ۔ مَن۔ دَہ) سمجھنے والا۔
فہمید (فَہ۔ مِید) سمجھ۔
فہمیدگی (فَہ۔ مِی۔ دَ۔ گی) سمجھ بوجھ، سمجھداری۔
فہمیدن (فَہ۔ مِی۔ دَن) سمجھنا مضع فہماند۔
فہمیدنی (فَہ۔ مِی۔ دَ۔ نی) سمجھنے کے لائق۔
فہمیدہ (فَہ۔ مِی۔ دَہ) سمجھا ہوا ج فہمیدگان۔
فہو (فَہْ۔ و) بھول، سہو، نسیان۔
فہیم (فَہِیم) بڑا سمجھنے والا۔
فی (فَیْ۔ ء) بلکیر جنگ غنیم سے ہاتھ آیا ہوا مال، خراج،
ڈھلتی ہوئی چھاؤں ج افیاء (فِی) حرف جار
بیچ میں، اندر، ہر ایک۔
فیاج (فَیْ۔ یَاج) چوڑا۔
فیاد (فَیْ۔ یَاد) اینٹھنے والا، نرآلو۔
فیاض (فَیْ۔ یَاض) فیض پہونچانے والا، دیالو۔
فیال (فَیْ۔ یَال) ہاتھی بان، مہاوت۔
فی البدیہہ (فِل۔ بَدِی۔ ہَہ) بے سوچے، فوراً۔
فی الجملہ (فِل۔ جُم۔ لَہ) حاصل کلام۔
فی الحال (فِل۔ حَال) فوراً، ابھی۔
فی الفور (فِل۔ فَوْر) اب، جلدی۔
فی المثل (فِل۔ مَثَل) کہاوت میں۔
فی النار (فِن۔ نَار) آگ میں۔

فی الواقع (فِل۔ وَا۔ قِع) حقیقت میں۔
فی الوقت (فِل۔ وَق۔ ت) اسی وقت، وقت پر۔
فیج (فَیْج) قاصد، پیک۔
فیجن (فَیْ۔ جَن) نام بوٹی، پتلی گھاس۔
فیح (فَیْح) مہک، باس ج فیوح ج ج فیوحات۔
فیحذج (فَیْ۔ حَذْ۔ ج) بخار سے مشابہ ایک حالت۔
فید (فَیْد) نفع، بسی ہوئی زعفران، الھڑ چال۔
فیر (فِیر) افسوس، جادو۔
فیریدگی (فِی۔ رِی۔ دَ۔ گی) نیکبختی، مال مستی۔
فیرندہ (فِی۔ رَن۔ دَہ) اکڑانے والا ج فیرندگان
فیروز (فِی۔ رُوز) کامیاب، فتحمند۔
فیروزبخت (فِی۔ رُوز۔ بَخ۔ ت) قسمت کا فتحمند۔
فیروزج (فِی۔ رُو۔ زَج) دیکھو فیروزہ۔
فیروزمند (فِی۔ رُوز۔ مَن۔ د) کامیاب، فتحمند۔
فیروزمندی (فِی۔ رُوز۔ مَن۔ دی) کامیابی۔
فیروزہ (فِی۔ رُو۔ زَہ) جواہرات کی ایک مونگیا قسم۔
فیروزی (فِی۔ رُو۔ زی) کامیابی، فتحمندی۔
فیریدن (فِی۔ رِی۔ دَن) افسوس کرنا، مذاق
اڑانا، مکر دانا مضع فیرد۔
فیسا (فِی۔ سَا) مور۔
فیشہ (فِی۔ شَہ) ہشیاری، حشفہ۔
فیصل (فَیْ۔ صَل) حاکم، حکم، انفصال حق و باطل
فیصلہ (فَیْ۔ صَلَہ) انفصال حق و باطل، تجویز، حکم۔
فیض (فَیْض) بڑا فائدہ، بڑی بخشش ج فیوض،
افیاض (نام شہر در مراکش)
فیضان (فَیْ۔ ضَان) فیضان بڑا فائدہ، بڑی بخشش۔
فیضانی (فَیْ۔ ضَا۔ نی) فیض و فیضان سے منسوب۔
فیض رساں (فَیْض۔ رَسَاں) فیض پہونچانے والا۔
فیض رسانی (فَیْض۔ رَسَا۔ نی) فیض پہونچانا۔
فیضی (فَیْ۔ ضی) فیض سے نسبت رکھنے والا۔
فیضیاب (فَیْض۔ یَاب) فیض پانے والا۔

فیضیابی (فَیض-یا-بی) فیض پانا۔
فیظ (فَیظ) مرنا، روح پرواز کرنا۔
فیف (فَیف) جنگل، بیابان۔
فیفاء (فَی-فا) جنگل، بیابان جمع فَیافِی۔
فیل (فِیل) ہاتھی جمع فُیُول، اَفیال، فِیَلَہ
(فِیْل) شکستہ رائے۔
فیلباراں (فِیل-با-راں) برسات کی آخری بھرن۔
فیلبان (فِیل-بان) ہاتھی بان، چرکٹا۔
فیلبانی (فِیل-با-نی) ہاتھی بانی۔
فیلپا (فِیل-پا) پاؤں سوجنے کی بیماری۔
فیلشل (فِیل-شَل) ہاتھی کی برابر، فیلتن۔
فیلتن (فِیل-تَن) دیکھو فیلشل۔
فیلخ (فَی-لَخ) جھکّی کا پاٹ۔
فیلدندان (فِیل-دَن-دَاں) ہاتھی دانت۔
فیل زہرہ (فِیل-زَہ-رَہ) بودا، ضعیف۔
فیلسوف (فَیل-سُوف) حکیم، عقلمند۔
فیلمرغ (فِیل-مُر-غ) ایک فرضی عظیم الشان پرند۔
فیلولہ (فَی-لُو-لَہ) کم عقلی، غلط رائی، سہ پہر بعد سونا۔
فیلہ (فِی-لَہ) ہتھنی۔
فیہم (فَیہَم) سخت آدمی جمع فُیُوہم۔
فیمابین (فِی-ما-بَین) درمیان میں۔
فینا (فِی-نا) وائنا، دارالحکومت آسٹریا (وسطی یورپ)
فی نفسہ (فِی-نَف-سِہی) اپنی ذات میں، اصل میں
فینہ (فَی-نَہ) یکروزہ بچہ، ساعت۔
فیوض (فُیُوض) فیض کی جمع۔
فیوظ (فُیُوظ) مرنا، روح پرواز کرنا۔
فیہج (فَی-ہَج) شراب، پیمانہ، صافی۔

ق

ق (قاف) مخصوص حرف عربی، قائم مقام عدد ۱۰۰
حرف قمری، چند حروف سے بدل ہے۔ ۱۔خ کے
ساتھ مثلاً جوخ، جوق۔ ۲۔غ کے ساتھ مثلاً قالین،
غالین ۳۔ک کے ساتھ مثلاً تریاق، تریاک۔
۴۔گ کے ساتھ مثلاً خانقاہ، خانگاہ
قاآن (قا-آن) بڑا بادشاہ، چین کا بادشاہ۔
قاآنی (قا-آ-نی) بادشاہ سے نسبت رکھنے والا، بادشاہی
قاب (قاب) طباق، پلیٹ، خوان، پیالہ، کیس،
مقدار، ناپ، کمان کے چلّہ اور قبضہ کا درمیانی فاصلہ۔
قابخانہ (قاب-خا-نہ) جوئے خانہ، قمارخانہ۔
قاب سگار (قاب-سِگار) سگار کیس۔
قابض (قا-بِض) قبضہ رکھنے والا، قبض کرنے والا۔
قابضہ (قا-بِضَہ) قبضہ رکھنے والی۔
قاب قوسین (قاب-قَو-سَین) دو کمانوں کی مقدار
قابل (قا-بِل) لائق، سزاوار، قبول کرنیوالا۔
قابلہ (قا-بِلَہ) دایہ، دائی جمع قَوابِل۔
قابلیت (قا-بِلی-یَت) لیاقت۔
قابو (قا-بُو) فرصت، موقعہ، بس، بوتہ۔
قابوچی (قا-بُو-چی) خودغرض، خودمطلب۔
قابول (قا-بُول) دیکھو قاپول۔
قاپو (قا-پُو) دروازہ۔
قاپوچی (قا-پُو-چی) دربان۔
قاپول (قا-پُول) پرنالہ۔
قاپون (قا-پُون) تک، بڑی ترازو۔
قاپی (قا-پی) دروازہ۔
قاتل (قا-تِل) قتل کرنیوالا جمع قاتِلِین۔
قاچ (قاچ) دیکھو قاش۔
قادر (قا-دِر) طاقتور، قدرت والا جمع قادِرِین، قادر دوسرا نام اللہ تعالیٰ
قادر انداز (قا-دِر-اَن-داز) گل چلا، نشانہ باز۔
قادر اندازی (قا-دِر-اَن-دا-زی) گل چلانا۔
قادر علی الاطلاق (قا-دِر-عَلَل-اِط-لاق) ہر کام پر قدرت والا، اللہ تعالیٰ۔

قاذورہ (قا۔ذُو۔رَہ) بدخلقی، بدکاری جمع قاذُورات۔
قار (قار) برف، روغن تیر۔
قارب (قا۔رِب) کشتی، ناؤ۔
قارع (قا۔رِع) قرعہ انداز، تمام چیٹ، شور مانے والا۔
قارعہ (قا۔رِعَہ) سختی زمانہ، قیامت جمع قُوارِع۔
قارد (قا۔رِد) راج ہنس، بڑی بط۔
قارورہ (قا۔رُو۔رَہ) شیشہ، شیشی میں پیشاب جمع قَوارِیر۔
قارہ (قا۔رَہ) براعظم، وہ سرزمین جس میں بہت سے ملک ہوں۔
قاری (قا۔رِی) پڑھنے والا جمع قارئین، قُرّا، قراءت۔
قاز (قاز) بڑی بط، جنگلی بط۔
قازان (قا۔زان) نام شہر (یورپی روس)
قازقان (قاز۔قان) کڑھائی، دیگ۔
قازورہ (قا۔زُو۔رَہ) المنیڈیا سوڈا واٹر کی بوتل۔
قاسر (قا۔سِر) جبر کرنے والا۔
قاسم (قا۔سِم) بانٹنے والا۔
قاسی (قا۔سِی) سخت دل، سیاہ دل۔
قاش (قاش) پھانک، بھوں۔
قاشق (قا۔شِق) چمچہ، ملعقہ۔
قاص (قاص) قصہ گو، واعظ، خبر رساں جمع قُصّاص۔
قاصب (قا۔صِب) حلال کرنے والا، گوشت کاٹنے والا۔
قاصد (قا۔صِد) ایلچی، قصد کرنے والا۔
قاصر (قا۔صِر) کوتاہی کرنے والا۔
قاصی (قا۔صِی) دور دست، دور کا رہنے والا، حد کو پہنچنے والا
قاضب (قا۔ضِب) تیز تلوار جمع قَواضِب۔
قاضی (قا۔ضِی) جج، منصف جمع قُضاۃ۔
قاطبۃً (قا۔طِبَتَن) تمام، سب، بالکل۔
قاطر (قا۔طِر) ٹپکنے والا، ٹپکانے والا۔
قاطع (قا۔طِع) مسافر، کاٹنے والا جمع قُطّاع۔
قاطع الطریق (قا۔طِعُ۔طْ۔طَرِیق) لٹیرا، بٹ مار۔
قاطن (قا۔طِن) مقیم، باشندہ جمع قاطنین، قُطّان۔
قاطون (قا۔طُون) نوشادر۔

قاع (قاع) جنگل، میدان۔
قاعد (قا۔عِد) سردار قوم، سردار لشکر، بیٹھا ہوا، بیٹھنے والا جمع قاعِدِین۔
قاعدہ (قا۔عِدَہ) قانون، دستور، بنیاد، مقدار، نمازمیں دوزانو بیٹھنے کا نام جمع قَواعِد، بیٹھی ہوئی۔
قاعہ (قا۔عَہ) صحن، انگنائی۔
قاف (قاف) نام پہاڑ (جنوبی یورپی روس)
قاف تا قاف (قاف۔تا۔قاف) تمام دنیا۔
قافلہ (قا۔فِلَہ) مسافروں کی جماعت جمع قَوافِل
قافلہ سالار (قا۔فِلَہ۔سا۔لار) قافلہ کا سردار۔
قافلہ سالاری (قا۔فِلَہ۔سا۔لا۔رِی) قافلہ کی سرداری
قافیہ (قا۔فِیَہ) شعر کا آخری کہیلا ہمون لفظ تک جمع قَوافِی
قاق (قاق) سوکھا آدمی، سوکھایا ہوا گوشت۔
قاقا (قا۔قا) کوے کی کائیں کائیں۔
قاقل (قا۔قُل) شراب بنانے کی ایک دوا۔
قاقلہ (قا۔قُلَہ) بڑی الائچی۔
قاقلتین (قا۔قُلَتَین) چھوٹی بڑی دونوں الائچیاں۔
قاقم (قا۔قُم) ایک جانور جس کی کھال کا نہایت بیش قیمت پوستین بنتا ہے
قال (قال) گفتگو، مباحثہ (قال) اس نے کہا۔
قال مقال (قال۔مَقال) لمبی بات چیت۔
قالب (قا۔لِب) سانچہ، چھاپہ، جسم، بدن جمع قَوالِب، پھرنے والا، اُلٹنے والا۔
قالی (قا۔لِی) دیکھو قالین۔
قالیچہ (قا۔لِی۔چَہ) دیکھو غالیچہ۔
قالین (قا۔لِین) غالیچہ۔
قامت (قا۔مَت) قد۔
قامع (قا۔مِع) توڑنے والا، ذلیل کرنے والا۔
قاموس (قا۔مُوس) فرہنگ، گہرا دریا۔
قاموس الاعلام (قا۔مُو۔سُل۔اَع۔لام) انسائکلوپیڈیا، دائرۃ المعارف، احصاء العلوم۔
قان (قان) خون، لہو۔

قانت (قا-نِت) خاموش، فرمانبردار جمع قانتین ۔
قانصہ (قا-نِصَہ) سنگدانہ ۔
قانط (قا-نِطْ) مایوس جمع قانطین ۔
قانع (قا-نِع) تھوڑی چیز پہ صبر کرنے والا ۔
قانون (قا-نُون) قاعدہ، دستور جمع قوانین ۔ یا نو باجہ
قانونگو (قا-نُون-گو) تحصیل کا ایک عہدہ دار ۔
قانونگوئی (قا-نُون-گو-ئی) قانونگو کا عہدہ ۔
قانی (قا-نی) سُرخ ۔
قاوون (قا-وُون) سردہ جو ایک قسم کا خربوزہ ہے ۔
قاہر (قا-ہِر) نام اللہ تعالیٰ، زبردست، قہر کرنیوالا ۔
قاہرہ (قا-ہِرَہ) غالب، زبردست، دارالسلطنت مصر شمالی افریقہ
قاہ قاہ (قاہ قاہ) قہقہہ، ٹھٹھہ ۔
قائد (قا-ئِد) لیڈر، اندھے کا راہنما جمع قائدین،
قُوّاد، قَادَہ، قُوَّد ۔
قائف (قا-ئِف) شگونی، قیافہ شناس ۔
قالق (قا-لِق) کشتی ہٹاؤ ۔
قائل (قا-ئِل) کہنے والا، اقرار کرنیوالا جمع قائلین ۔
قائلہ (قا-ئِلَہ) کہنے والی، اقرار کرنے والی ۔
قائم (قا-ئِم) کھڑا ہوا، پائندہ، مستقل، برقرار رہنے والا جمع
جمع قُوّام، قِیَم، قِیام ۔
قائم مزاج (قا-ئِم مِزاج) مستقل مزاج ۔
قائم مزاجی (قا-ئِم مِزا-جی) مستقل مزاجی ۔
قائم مقام (قا-ئِم مَقام) جگہ پر قائم، نمایندہ ۔
قائم مقامی (قا-ئِم مَقا-می) جگہ پر قائم ہونا، نمایندگی
قائمہ (قا-ئِمَہ) فہرست، دفتر کا کاغذ، بل، پایہ،
سیدھی لکیر جو دوسری پر قائم ہوکر دونوں زاویہ
برابر بنائے جمع قوائم ۔ خط قائمہ | خط قائمہ
قائمہ راہ (قا-ئِم ا-راہ) سڑک کا موڑ، نکڑ ۔
قائمہ موجودات (قا-ئِم ا-مَو-جُو-دات) بہیک ۔
قاین (قا-یِن) بیوی کا بھائی، شوہر کا بھائی ۔
قب (قَب) تلوار کی جھنکار ۔

قبا (قَبا) لبادہ، عبا، (قَب-بار) پتلی کمر کی عورت ۔
قباچہ (قَبا-چہ) چھوٹی سی قبا، قبا کی تصغیر ۔
قباحت (قَبا-حَت) بگاڑ، برائی، خرابی ۔
قبالہ (قَبا-لَہ) ضامنی نامہ، مکان کا کاغذ، فروختگی کی
تحریر (قِبا-لَہ) دایہ، دائی (قُبا-لَہ) آمنے سامنے، برابر
قبان (قَب-بان، قُبّان) ایک پلہ کی ترازو ۔
قباہ (قَباہ) دیکھو قبا ۔
قبائل (قَبا-ئِل) قبیلہ کی جمع ۔
قبیح (قَب-ح) برائی جمع مقابح (قَب-ح) چکور
قبر (قَب-ر) گور جمع قبور ۔
قبرستان (قَب-رِس-تان) جہاں بہت سی قبریں ہوں
قبرص (قُب-رُص) نام جزیرہ، ساپریس (بحیرہ روم)
قبرغہ (قَبرَ-غَہ) پسلی، کوکھ، پہلو ۔
قبرہ (قُب-بَرَہ) لوا، چنڈول ۔
قبریس (قَب-ریس) قبرص ۔
قبس (قَبَس) آگ کا انگارہ (قَبْس) تیز (قَب-س)
سلگانا، آگ لینا، حاصل کرنا ۔
قبص (قَبَص) پیٹ کا درد، کلیجہ کا درد، خوشی، بڑائی،
بزرگی (قَبْص) خوش، شادماں (قَب-ص)
پوروں سے پکڑنا ۔
قبض (قَب-ض) درد، سکڑن، رکاوٹ، اینٹھن،
پاخانہ نہ ہونا، پنجہ سے پکڑنا (قَبَض) المحصول ٹیکس، رسید ۔
قبضہ (قَب-ضَہ) گرفت، پکڑنے کا دستہ، قابو ۔
قبضیت (قَب-ضی-یَت) قبض پن (قَب-ضِیَّت) قبض ہونا ۔
قبطان (قَب-طان) کپتان ۔
قبطون (قَب-طُون) خزانہ، مکان کے اندر کا مکان ۔
قبطی (قِب-طی) قدیم مصری قوم ۔
قبق (قَب-بَق) کاشی پھل، گول کدو ۔
قبقاب (قَب-قاب) کھڑاؤں، چوبی چپل، دروغگوئی،
کپڑے پر پھیرنے کا مہرہ ۔
قبل (قَب-ل) سامنا، پہلے، پیش (قِبَل) سمت، جانب،

طاقت (قَبَل) زمین کی اونچائی (قُبُل)،
قُبُل، عورت کی شرمگاہ، سامنے کی چیز
(قُبُل)، قبیل کی جمع -
قبل الوقوع (قَبْ لُل۔ وُقُوع) وقوع سے پہلے -
قبلہ (قِبْ۔لَہ) کعبہ، کلمۂ تعظیم، قبلہ کی سمت
(قُبْ۔لَہ)، بوسہ -
قبلہ نما (قِبْ۔لَہ۔نُما) قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ -
قبوح (قُبُوح)، بُرا، خراب -
قبوض (قُبُوض)، تمسکات -
قبول (قَبُول) مقبول، منظور، اقرار، ہاں، بادِصبا
(قُبُول)، بادِصبا چلنا، سامنے آنا -
قبول صورت (قَبُول صُو۔رَت)، خوبصورت
قبولی (قَبُو۔لِی)، قبولیت، بے گوشت کا پلاؤ
قبولیت (قَبُو۔لِی۔یَت)، منظوری، اقرار -
قبہ (قُبْ۔بَہ) کلس، برج، گنبد، کا، جمع قِباب،
قُبَب (قَبْ۔بَہ)، چارخانہ، ادھوڑی، شب پوری -
قبیح (قَبِیح)، بُرا، خراب جمع قِباح، قَباحی، قُبحیٰ -
قبیحہ (قَبِی۔حَہ)، برائی، خرابی جمع قَبائح -
قبیط (قُبَیْط)، ریوڑی جو ایک مٹھائی ہے -
قبیل (قَبِیل)، جماعت، گروہ، نقیب جمع قُبُل -
قبیلہ (قَبِی۔لَہ)، ایک نسل کے آدمیوں کی جماعت جمع قبائل، بیوی -
قپ (قُپ)، گھونٹ، جرعہ -
قتار (قُتار)، چراند، تخمیر -
قتال (قِتال)، باہمی کشاکشی، باہم قتل کرنا (قَتال) جسم،
بدن (قَتّال) بہت قتل کرنے والا -
قتالہ (قَتّا۔لَہ)، قتل کرنے والی -
قتام (قَتام)، گرد و غبار -
قتر (قُتْر) (قُتُر)، کنارہ، شکاری کا جال جمع اَقتار
قتق (قَتُق)، ایک ترشی (قُتُق)، بہان -
قتل (قَتْ۔ل)، دشمن، مانند جمع اَقتال (قَتْ ل)،
جان سے مار ڈالنا -

قتلا (قَتْ۔لا)، پھانک، قتیل کی جمع -
قتم (قَتْ۔م)، دھول اڑانا -
قتی (قُتْ۔تی)، صندوقچہ، صندوقچی
قتیل (قَتِیل)، جان سے مارا ہوا، مردہ یا عورت جمع اَقتال، قتلیٰ
قثا (قِثْ۔ثَا)، ککڑی، کھیرا -
قثاء الحمار (قِثْ۔ثا۔اُل۔حِمار)، کریلا -
قثد (قَثَد)، کھیرا، بادرنگ -
قحقحار (قَح، قَح۔قار)، بھنڈھا -
قح (قُح)، خالص، کچا خربوزہ، بنگی، بدی -
قحاب (قُحاب)، کھانسی، شرفہ -
قحاد (قَحّاد)، اکلوتا بیٹا -
قحب (قَحْ۔ب)، بڈھا، کھانسی کا بیمار -
قحبہ (قَحْ۔بَہ)، چھنال، بدکارہ عورت -
قحرہ (قَحْ۔رَہ)، بڈھیا عورت -
قحط (قَحْط)، کال، گرانی، کمیابی -
قحط الرجال (قَح۔طُر۔رِجال)، آدمیوں کا کال -
قحط سالی (قَحْط۔سا۔لی)، سوکھا کا سال -
قحف (قَح۔ف)، کھوپڑی -
قد (قَد، قَدّ)، ڈیل، قامت -
قد آدم (قَد۔دِ۔آ۔دَم)، آدمی کے قد کی برابر -
قدام (قُدّام، اَقدام)، پرانا، سردار (قُدّام) روبرو، آگے -
قدامت (قَدا۔مَت)، پرانا پن -
قد آور (قَد۔آ۔وَر)، لمبا تڑنگا -
قد دار (قَد۔دار)، عمدہ قد والا -
قد و قامت (قَد۔دو۔قا۔مَت)، ڈیل ڈول -
قدح (قَدْح)، ہجو، عیب گوئی، طعنہ زنی، دانت میں کیڑا
لگنا (قَدَح)، بڑا پیالہ، بادیہ جمع اَقداح (قِدْح)،
تیری تکہ، اگز -
قدح خوار (قَدَح خوار)، شرابی -
قدر (قَدْر)، اندازہ، مقدار، عزت، قیمت، طاقت جمع اَقدار
(قَدَر)، تقدیر، حکم الٰہی، جمع اَقدار (قِدْر)،

دیگ، ہانڈی جمع قُدُور۔

قدردان (قَدْ-ر-دَانْ) قدر جاننے والا۔

قدردانی (قَدْ-ر-دَا-نِیْ) قدر جاننا۔

قدرانداز (قَدْ-ر-اَنْ-دَازْ) گُل چلا۔

قدراندازی (قَدْ-ر-اَنْ-دَا-زِیْ) گُل چلا ہونا۔

قدرت (قُدْ-رَتْ) قابو، زور، قوت جمع قُدَر، قدرتِ کُلی۔

قدرتی (قُدْ-رَ-تِیْ) قدرت کلی سے نسبت رکھنے والی چیز، جس میں انسانی دخل ہو، اصلی، منسوب بہ قدرت۔

قدرناشناس (قَدْ-ر-نَا-شَنَاسْ) ناقدردان۔

قدرناشناسی (قَدْ-ر-نَا-شَنَا-سِیْ) ناقدردان ہونا۔

قدرہ (قَدْ-رَہْ) شیشی۔

قدرے (قَدْ-رے) ذرا، تھوڑا، کچھ۔

قدریہ (قَدْ-رِیْ-یَہْ) وہ جماعت جو بندہ کو اپنے فعل کا مختار جانتی ہے۔

قدس (قُدْ-س، قُدُسْ) پاک، پاکیزگی۔

قدسی (قُدْ-سِیْ) فرشتہ، پاک انسان، ولی اللہ۔

قدسیہ (قُدْ-سِیَہْ) پاک عورت۔

قدغن (قَدْ-غَنْ) روک، بندش، تاکید، ممانعت۔

قدغنچی (قَدْ-غَنْ-چِیْ) روکنے والا، دربان۔

قدم (قَدَمْ) پاؤں، پیر، نشان، ڈگ جمع اَقْدَام (قِدَمْ) ہمیشگی، پرانا پن (قَدِمْ) کام میں سبقت کرنیوالا (قَدَّمْ) آگے آنا (تَقَدُّمْ) آگے جانا۔

قدما (قُدَمَا) قدیم کی جمع۔

قدم باز (قَدَمْ-بَازْ) تیز رو، تیز چلنے والا۔

قدم بازی (قَدَمْ-بَا-زِیْ) تیز روی، تیز چلنا۔

قدم بقدم (قَدَمْ-بَقَدَمْ) یکساں چال، مطابق۔

قدمبوس (قَدَمْ-بُوْسْ) پاؤں چومنے والا، قدمبوسی۔

قدمبوسی (قَدَمْ-بُو-سِیْ) پاؤں چومنا۔

قدمت (قِدْ-مَتْ) دیکھو قدامت۔

قدم رنجہ فرما (قَدَمْ-رَنْ-جَہْ-فَرْ-مَا) تشریف لانیوالا۔

قدم رنجہ فرمائی (قَدَمْ-رَنْ-جَہْ-فَرْ-مَا-ئِیْ) تشریف لانا۔

قدوس (قُدْ-دُوْس) بڑا پاک، نام اللہ تعالےٰ۔

قدوسی (قُدْ-دُوْ-سِیْ) قدوس والا، نیک۔

قدوم (قُدُوْم) تشریف آوری، پہونچ، آمد (قَدُوْم) بسولہ۔

قدوہ (قِدْ-وَہْ) پیشوا، سرگروہ۔

قدید (قَدِیْد) سکھایا ہوا گوشت، ایک مچھلی، کاڈ۔

قدیر (قَدِیْر) قدرت والا، دیگ کی پکی چیز۔

قدیفہ (قَدِیْ-فَہْ) نہاکر بدن پونچھنے کا تولیہ۔

قدیم (قَدِیْم) پرانا، دیرینہ جمع قُدَمَا، قُدَامیٰ، قُدَّم، قُدْامیٰ (قِدْ-دِیْم) سردار، پیشوا۔

قدیمانہ (قَدِیْ-مَا-نَہْ) قدیم کے مطابق۔

قدیمی (قَدِیْ-مِیْ) قدیم والا۔

قذافہ (قَذْ-ذَا-فَہْ) گوپھن، فلاخن۔

قذر (قَذَرْ) گندگی جمع اَقْذَارْ (قَذِرْ) گندہ، پلید (قَذَّرْ) گھن کرنا۔

قذرہ (قَذِرَہْ) گندگی، پلیدی۔

قذف (قَذْفْ) دور کی منزل، وسیع بیابان، آدمی کو دور ڈالنے والا (قَذْفْ) پتھراؤ کرنا، اگلنا، گالی دینا۔

قذفہ (قُذْ-فَہْ) کنگرہ، مٹھی جمع قُذَفْ۔

قذی (قَذَا) کوڑا کرکٹ (قَذَا) باریک مٹی۔

قر (قُر) جاڑا، جاڑے کی رت (قَر) ٹھنڈی چیز۔

قرا (قُرَا) مہمانی (قُرَا) قریہ کی جمع (قُرَّ، رَار) قاری کی جمع، عابد، پارسا (قَرَّ، رَار) اچھا پڑھنے والا (قِرَار) مہمانی کرنا (قُرَا) سیاہ، کالا۔

قراب (قِرَابْ) میان، نیام۔

قرابادین (قَرَا-بَا-دِیْن) مرکب دواؤں کی کتاب۔

قرابت (قَرَابَتْ) رشتہ داری، پڑوس، قربت جمع قرابات۔

قرابتی (قَرَا-بَتِیْ) رشتہ دار۔

قرابہ (قَرَّا-بَہْ، قَرَا-بَہْ) صراحی، شیشہ شراب۔

قرابین (قَرَا-بِیْن) ایک قسم کی بندوق۔

قرات (قُرَّاتْ) قاری کی جمع (قَرَا-اَتْ) ہلاکی۔

قراح (قَرَاحْ) خالص چیز۔

قراجیف (قَرا۔جِیف) کھڑاؤں، لکڑی کی چپل۔
قراد (قُرَاد) چیچڑی، سرپستان جو قُردان (قِرْ۔داں) مداری
قرار (قَرار) ۱۔ آرام، سکون، اقرار، ریزولیوشن
۲۔ علوفہ، خوراک جمع قَرارات۔
قرارداد (قَرار۔داد) مباحثہ کے بعد کی تجویز، ریزولیوشن۔
قرار واقعی (قَرار۔وا۔قِعی) فی الحقیقت۔
قراره (قُرا رَہ) کھرچن، تہ گیرہ۔
قراری (قَرا۔رِی) منسوب بہ قرار، اقراری۔
قراضہ (قُرا۔ضَہ) تراشہ، ریزہ، کترن۔
قراطہ (قُرا۔طَہ) چراغ کا گل۔
قراطیس (قَرا۔طِیس) قرطاس کی جمع۔
قراع (قَرّاع) کھٹک بڑھئی، کٹھ پھوڑ۔
قراغ (قَراغ) آنکھ کی پتلی۔
قراقر (قَرا۔قِر) قرقرہ کی جمع۔
قراهم (قَراہِم) باریک پردہ، پھولدار پردہ۔
قراطمہ (قَرا۔مِطَہ) قرمطی کی جمع۔
قران (قِران) میل، نزدیکی، دو سیاروں کی یکجائی، نکاح
(قُر۔آن) وہ آسمانی کتاب جو نبی برحق محمد مصطفیٰ
صلی اللہ علیہ وسلم پر اتری، پڑھنا۔
قران خوانی (قُر۔آن۔خوا۔نِی) قران پڑھنا۔
قران السعدین (قِرا۔نُس۔سَع۔دَین) دو مبارک
تاروں کی یکجائی۔
قراول (قَرا۔وُل) بندوقچی، شکاری، ہراول، سنتری۔
قراولی (قَرا۔وَلی) جھڑپ کرنے والا۔
قرات (قِرا۔اَت) قرآن شریف پڑھنے کا علم، پڑھنا۔
قرات خانہ (قِرا۔اَت۔خا۔نَہ) پڑھنے کا مکان۔
قرات خوانی (قِرا۔اَت۔خوا۔نِی) قرات کا علم
قرائن (قَرا۔اِن) قرینہ کی جمع۔
قرب (قُرْب) نزدیکی (قُرَب) کمر (قَرْب) تلوار میان میں کرنا
قربان (قُر۔بان) (قَر۔بان) صدقہ، بھینٹ، ہمنشین
قربانی (قُر۔با۔نِی) صدقہ، بھینٹ، بقرعید میں ذبح ہونے والا جانور

قربت (قُر۔بَت) رشتہ داری، نزدیکی۔
قربوس (قَر۔بُوس) ہرنا، حنائے زین۔
قربولہ (قَر۔بُو۔لَہ) اکاس بیل، امر بیل۔
قربہ (قِر۔بَہ) پانی کی مشک جمع قِرَب۔
قرت (قُرَت) سوکھی ہوئی دہی۔
قرتبان (قَرتَبان) دیکھو قلتبان۔
قرح (قُرْح) دیکھو قرحہ (قَرْح) دیکھو قرحہ۔
قرحہ (قُر۔حَہ) گھاؤ، زخم جمع قُرُوح (قَر۔حَہ) زخم
جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔
قرد (قِرد) بندر جمع قُرُود، قِرَد، قِرَاد، اَقْرَاد۔
قردوحہ (قُر۔دُو۔حَہ) کنٹھا، گلے آجانے کی بیماری۔
قردہ (قِر۔دَہ) بندریا۔
قرش (قِرْش) ایک خوفناک بحری جانور (قُرش) ایک نقرئی سکہ
قرشی (قُرَشی) قریشی، قریش سے منسوب۔
قرص (قُرص) ٹکیا جمع قُرُوص، اَقْراص، اقرصہ
(قَرْص) چٹکی۔
قرصہ (قَر۔صَہ) چٹکی۔
قرض (قَرْض) ادھار، کترنا۔
قرض حسنہ (قَرض حَسَنَہ) بے سودی اور بے میعادی قرضہ۔
قرض خواہ (قَرض۔خواہ) قرض چاہنے والا۔
قرض خواہی (قَرض۔خوا۔ہی) قرض چاہنا۔
قرضدار (قَرض۔دار) جس پر قرض ہو۔
قرضداری (قَرض۔دا۔رِی) قرض ہونا۔
قرضہ (قَر۔ضَہ) ادھار۔
قرضی (قَر۔ضِی) ادھاری۔
قرط (قُرْط) دیکھو قرطہ۔
قرطاس (قِر۔طاس) کاغذ جمع قَراطیس۔
قرطبوس (قَر۔طَبُوس) بڑی مصیبت۔
قرطبہ (قُر۔طُبَہ) نام شہر کا رڈودا (ہسپانیہ)
قرطعب (قِر۔طَعب) تھوڑی سی چیز۔
قرطق (قُر۔طَق) کرتہ۔

قرطم (قُرْ۔طُم) کرڑ کا بیج، تخم معصفر۔
قرطہ (قُرْ۔طَہ) گوشوارہ، مرکی، بندا۔
قرطین (قُر۔طَین) دو گوشوارے۔
قرع (قَرْ۔ع) قرعہ کی فال، لوکی، لمبا کدو، کھٹکھٹانا (قَرْع) سر کے بال بیماری سے جھڑنا۔
قرعہ (قُرْ۔عَہ) لاٹ، پانسہ جمع قُرَع (قُرَ۔عَہ) لوکی، لانبا کدو، تونبا۔
قرعہ انداز (قُرْ۔عَہ۔اَنْ۔دَاز) قرعہ ڈالنے والا۔
قرعہ اندازی (قُرْ۔عَہ۔اَنْ۔دَا۔زی) قرعہ ڈالنا۔
قرعی (قَرْ۔عِی) منسوب بہ قرع، تونبی۔
قرفصا (قُرْ۔فُصَا) اکڑوں، اینڈنے والا۔
قرق (قُرْق، قُرُق) منع، روک، ضبط، بازداشت (قَرْق) ڈنبہ، مرغی کی کڑکڑاہٹ (قِرْق) نام کھیل جو عادت (قَرِق) ہموار زمین۔
قرق امین (قُرْق۔اَمِین) ایک اہلکار سرکاری۔
قرقرہ (قَرْ۔قَرَہ) پیٹ بولنے کی آواز جمع قَرَاقِر
قرقف (قَرْ۔قَف) شراب۔
قرقور (قُرْ۔قُور) بڑی کشتی، جہاز۔
قرقی (قُرْ۔قِی) نگرانی، بندی، رکاوٹ۔
قرمز (قِرْ۔مِز) ایک سرخ رنگ۔
قرمزی (قِرْ۔مِزِی) منسوب بہ قرمز، سرخی۔
قرمساق (قُرْ۔رُمْ۔سَاق، قُرْم۔سَاق) بھڑوا، دیوث
قرمطی (قَرْ۔مَطِی) ایک قدیم سیاسی جماعت کا پیرو جمع قَرَامِطَہ
قرمید (قِرْ۔مِید) اینٹ، خشت۔
قرن (قَرْن) جگ، پہاڑ، دو تاروں کی یکجائی، سینگ، گیسو جمع قُرُون، اَقْرَان (قِرْن) حریف، مقابل (قَرَن) ترکش۔
قرنا (قَرْ۔نَا) ترہی، سنکھ۔
قرناس (قُرْ۔نَاس) پہاڑ کی چوٹی۔
قرناق (قُرْ۔نَاق) نوکر چاکر، لونڈی غلام۔
قرنطینہ (قَرَنْ۔طِی۔نَہ) بحری مسافروں کی میعادی بندش۔

قرنفل (قَرَنْ۔فُل) گرم مصالحہ کی لونگ۔
قرنق (قُرْ۔نُق) دیکھو قرناق۔
قرواط (قِرْ۔وَاط) کشتی، سفینہ، ہوا بھری گائے کی مشک یا پار اترنے کیلئے
قروت (قُرُوت) دیکھو قرت۔
قرول (قُرُول) دیکھو قراول (قُرُول) مونگا، مرجان۔
قرولی (قَرَ۔وْ۔لِی) شکاری نام ہتھیار۔
قرہ (قُرَّہ) ٹھنڈک، روشنی، چین، کھرین۔
قری (قُرَا) دیکھو قرا (قُرَا) دیکھو قُرَا۔
قریب (قَرِیب) پاس، نزدیک جمع اَقْرِبَاء۔
قریحہ (قَرِی۔حَہ) آدمی کی طبیعت۔
قریر (قَرِیر) ٹھنڈی آنکھ والا، خوش۔
قریش (قُرَیْش) عرب کا ایک نامور قبیلہ۔
قریشی (قُرَیْ۔شِی) منسوب بہ قبیلہ قریش، قبیلہ قریش کا آدمی۔
قریض (قَرِیض) نظم، شعر۔
قرین (قَرِین) مصاحب، ہمنشین، مثل، نظیر جمع اَقْرَان، قُرَنَا،
قرینہ (قَرِی۔نَہ) مناسبت باہمی، راہنمائی، بیگم، زوجہ، علامت جمع قَرَائِن۔
قریہ (قَرْ۔یَہ) گاؤں جمع قُرَی، قَرْیَات۔
قز (قَز) لشکر، گھٹیا ریشم۔
قزاع (قَزَاع) دھجی، کپڑے کا ٹکڑا۔
قزاق (قَزْ۔زَاق) رہزن، لٹیرا، ڈاکو۔
قزاگند (قَزَا۔گَنْد) چہلتہ۔
قزاوہ (قَزَا۔وَہ) دیکھو کجاوہ۔
قزح (قَزَح) تخم پیاز (قُزَح) کتے کا پیشاب۔
قزع (قَزَع) چیتھڑا، چوٹی۔
قزغان، قزقان (قَزْ۔غَان، قَزْ۔قَان) بڑا دیگچہ۔
قزل (قِزِل) سرخ، لال (قَزَل) لنگڑاہٹ (قَزِل) لنگڑا۔
قزلباش (قِزِل۔بَاش) سرخ ٹوپی والی ایرانی فوج۔
قسا (قَسَا) سختی دل، سخت دل ہونا۔
قسام (قَسْ۔سَام) تقسیم کرنے والا۔
قسام، قسامت (قَسَام، قَسَامَت) خوبی۔

قسامہ (قَس، سّا۔مَہ) تقسیم کرنے والی۔
قساوت (قَسَا۔وَت) سخت دلی، سیاہ قلبی۔
قسر (قَسْ، ر) بیگار، زبردستی۔
قسط (قِسْ، ط) داد، انصاف، حصہ، نصیبا، رسد، جمع اَقْسَاط
(قَسْ، ط) ظلم شعاری (قُسْ، ط) نام دوا، کُٹ۔
قسطاس (قِسْ۔طَاس) بڑی ترازو، تکا۔
قسطبندی (قِسْ، ط۔بَن۔دِی) حصے باندھکر ادائگی۔
قسطل (قَسْ۔طَل) شاہ بلوط، دیودار۔
قسطنطنیہ (قُسْ۔طُن۔طُنْ۔نِی۔یَہ) ترکی کا ایک خوبصورت شہر
قسم (قَسَم) سوگند جمع اَقْسَام (قِسْ، م) حصہ، بھانت جمع اَقْسَام
جمع جمع اَقْسِمَہ (قَسْ، م) حصہ کشی۔
قسمت (قِسْ۔مَت) حصہ، نصیبا، تقسیم (قِسْ۔مَت) حصہ کرنا۔
قسوت (قَسْ۔وَت) دیکھو قساوت۔
قسورہ (قَسْ۔وَ۔رَہ) شیر۔
قسیس (قِسْ۔سِیْس) کشیش، عالم دین نصاریٰ۔
قسیم (قَسِیْم) خوبرو، شریکا، حصہ کرنیوالا جمع قُسَمَا، اَقْسِمَا، اَقَاسِیْم۔
قسیمہ (قَسِی۔مَہ) نافہ مشک۔
قش (قَشْ) دبلاپے کے بعد موٹا ہونا۔
قشارہ (قُشَا۔رَہ) چھلکا، پوست۔
قشر (قِشْ، ر) چھلکا، پوست جمع قُشُوْر
قشر الخشخاش (قِشْ۔رُلْ خَش۔خَاش) پوست کا ڈوڈہ۔
قشعریرہ (قُشَعْ۔رِی۔رَہ) جھرجھری، کپکپی۔
قشف (قَشَف) فقیری، تنگی معاش (قِشْ، ف) جسکے
چہرہ کا رنگ بدل گیا ہو۔
قشقہ (قَشْ۔قَہ) تلک، ماتھے کا ٹیکہ۔
قشلاق (قِشْ۔لَاق) وہ گرم مقام جس میں جاکر
جاڑوں میں رہیں، ملک گرم سیر۔
قشو (قَشْ، و) چھلکا اتارنا۔
قشور (قُشُوْر) چہرہ کا رنگ نکھارنے کی دوا (قَشْ۔
وَر) جس عورت کو حیض نہ آتا ہو۔

قشون (قُشُوْن) لشکر، دستۂ فوج۔
قشونچی (قُشُوْن۔چِی) سردار فوج۔
قشیب (قَشِیْب) نیا کپڑا، نئی چیز۔
قص (قَصّ) کوڑی، سینہ کی ہڈی، تراشنا۔
قصاب (قَص۔صَاب) قسائی۔
قصابہ (قَصَا۔بَہ) عورتوں کے سر پر باندھنے کا رومال
(قُص۔صَا۔بَہ) قسائن۔
قصار (قَص۔صَار) دھوبی (قُصَار) پایان کار جمع قِصَار۔
قصارت (قَصَا۔رَت) دھوبی کا پیشہ۔
قصاص (قِصَاص) جان کا بدلہ جان (قَص۔صَاص) قاص کی جمع
قصائد (قَصَا۔ئِد) قصیدہ کی جمع۔
قصب (قَصَب) نرخرا، نرکل، نلی (قَصْ، ب) کاٹنا
(قِصْ، ب) اردوہ جمع اَقْصَاب۔
قصب الجیب (قَصَ۔بُلْ۔جَیْب) گنا، نے شکر۔
قصب الزرع (قَصَ۔بُزْ۔زَرْع) گیہوں یا جو وغیرہ کی نرئی۔
قصب الزریرہ (قَصَ۔بُزْ۔زَرِی۔رَہ) چراتہ۔
قصب السکر (قَصَ۔بُسْ۔سُکَر) گنا، نیشکر۔
قصبہ (قَصَبَہ، قَصْ۔بَہ) قصبہ، چھوٹا شہر، بڑا گاؤں جمع
قَصَبَات نرکل۔
قصد (قَصْ، د) خواہش، ارادہ، راستی۔
قصداً (قَصْ۔دَنْ) قصد کے ساتھ، بطور قصد۔
قصدہ (قِصْ۔دَہ) بھالے کا ٹکڑا۔
قصر (قَصْ، ر) محل، کوتاہ جمع قُصُوْر۔
قصر الحمرا (قَصْ۔رُلْ۔حَمْ۔رَا) شہر قرطبہ میں سرخ
پتھر کی ایک خوبصورت عربی عمارت، الحمرا۔
قصص (قَصَص) دیکھو قص، قصہ (قِصَص) قصہ کی جمع۔
قصعہ (قَصْ۔عَہ) بڑا پیالہ جمع قَصَعَات، قِصَع، قِصَاع۔
قصف (قَصْف) کمزور، بے حقیقت (قَصْ، ف) لڑکنا، گرجنا۔
قصقصہ (قَصْ۔قَصَہ) ٹھونا اور موٹا آدمی۔
قصمہ (قِصْ۔مَہ) مسواک کا ٹکڑا۔
قصوی (قُصْ۔وَا) انتہا، کنارہ، بہت دور جمع اَقْصَار

قصور (قُصُور) کوتاہی، کمی۔
قصوروار (قُصُور۔وَار) کوتاہی کرنے والا۔
قصورواری (قُصُور۔وَا۔رِی) کوتاہی کرنا۔
قصہ (قِص۔صَہ) کہانی جمع قِصَص۔
قصہ خواں (قِص۔صَہ۔خَواں) قصہ کہنے والا۔
قصہ خوانی (قِص۔صَہ۔خَوا۔نِی) قصہ کہنا۔
قصہ کوتاہ (قِص۔صَہ۔کُو۔تَاہ) تھوڑی بات۔
قصہ مختصر (قِص۔صَہ۔مُخ۔تَصَر) تھوڑی سی بات
قصیدہ (قَصی۔دَہ) بڑے شعر دس سے زیادہ جس میں کسی کی تعریف جمع قَصَائِد
قصیر (قَصِیر) کوتاہ، چھوٹا، بونا، ٹھگنا۔
قصیرہ (قَصی۔رَہ) چھوٹی، بونی، ٹھنگنی۔
قصیل (قَصِیل) خوید، جو کے ہرے پیڑ۔
قض (قَض) موتی بیندھنا۔
قضا (قَضَا) حکم خداوندی، موت، ادائگی، تحصیل، عبادت
جسکا وقت گذر گیا ہو (قَض۔ضَا) مضبوط زرہ۔
قضات (قُضَات) قاضی کی جمع۔
قضارا (قَضَا۔رَا) ناگہاں، بغیر قصد، اتفاقاً۔
قضاعہ (قُضَا۔عَہ) دریائی کتا۔
قضا و قدر (قَضَا۔اُو۔قَدَر) حکم الٰہی، تقدیر۔
قضائے حاجت (قَضَا۔اِے۔حَا۔جَت) حاجت کی ادائگی۔
قضائے عمری (قَضَا۔اِے۔عُم۔رِی) تمام عمر کی قضا
نمازوں کی ادائگی۔
قضاکار (قَضَا۔کَار) دیکھو قضارا۔
قضائے مبرم (قَضَا۔اِے۔مُب۔رَم) نہ ٹلنے والا حکم الٰہی۔
قضیب (قَضِیب) ٹہنی جمع قُضبَان
قضیم (قَضِیم) چارہ، نیار، جو کے ہرے پیڑ۔
قضیہ (قَضی۔یَہ) مقدمہ، ریزولیوشن، خبر یا حکم، مقصد،
مطلب، جملہ، فقرہ، جھگڑا جمع قَضَایَا۔
قط (قَطّ) کٹائی، کاٹ (قَطّ) بس (قِطّ) بونٹ، بلا جمع قِطَاط
نصیب، حصہ، قبالہ، چٹھی، نامہ، حساب کا رجسٹر
جمع قُطُوط (قَطّ۔قَطّ) ہرگز، ہمیشہ۔

قطا (قَطَا) ایک ساحلی پرند، سنگخوار۔
قطاب (قِطَاب) گریبان، جیب (قُطَاب) ایک سنبوسہ۔
قطار (قِطَار) یکے بعد دیگرے سلسلہ، اننگار، قِدار جمع قُطُر
(قَطَّار) ریل گاڑی۔
قطار الرکاب (قِطَا۔رُر۔رِکَا۔بَہ) مسافر گاڑی۔
قطاع (قُطْ۔طَاع) قاطع کی جمع۔
قطاع الطریق (قُطْ۔طَا۔عُط۔طَرِیق) راہ لوٹنے والا۔
قطاعہ (قُطَا۔عَہ) کترن، تراشہ، قراضہ۔
قطاف (قِطَاف) میوہ کی توڑ، میوہ توڑنا۔
لنبہ (لَم۔ بَہ) گول چیز (لُم۔ بَہ) موٹا، بھڑا۔
لنتر (لَن۔ تَر) ملاشین۔
لن ترانی (لَن۔ تَرا۔ نِی) شیخی، ڈینگ، مجھکو تو ہرگز نہیں دیکھ سکتا۔
لنج (لُنج) ہونٹھ، کلہ، چہرہ کا پھولا ہوا حصہ، گال کا اندر، شل، دیا لنج (لَنج) ناز کیساتھ چلنا۔
لنجہ (لَن۔ جَہ) چال، اکثر چال۔
لنجیدن (لَن۔ جی۔ دَن) باہر کھینچنا۔
لنڈ (لَنڈ) درم، جیتا، مرد کا عضو تناسل (لُن۔ ڈ) چھوٹی جوڑی۔
لندرہ (لَن۔ دَرَہ) لندن شہر (انگلستان) بانات۔

لندیدن (لَن۔ دِی۔ دَن) غصہ سے بڑبڑانا۔
لنگ (لَنگ) لنگڑاہٹ، مرد کا عضو تناسل (لُنگ) فوطہ، لنگی لنگوٹا (لِنگ) پوری ٹانگ مع پاؤں۔
لنگاک (لَنگ۔ گاک) بڑی باٹا۔
لنگر (لَن۔ گَر) برت، خیرات کا کھانا، جگہ جہاں کھانا خیرات ہو، آہنی بوجھ جس سے جہاز کو ٹھہرا لیتے ہیں۔
لنگری (لَن۔ گَری) ایک قسم کا پیالہ، بڑا طشت۔
لنگن (لَن۔ گَن) بھوک، فاقہ، روزہ۔
لنگوتہ (لَن۔ گُو۔ تَہ) لنگوٹہ۔
لنگیدن (لَن۔ گی۔ دَن) لنگڑانا۔
لو (لَو) لپٹ، بلندی، صفرا، زرد آب۔ (لُو) دیکھو لپ۔
لواد (لِوا) جھنڈا، علم، نشان فوج جمع الویہ جمع جمع الویات۔
لواث، لواثہ (لُواث، لُوا۔ ثَہ) بلیتھن، خشکی، پرسم۔
لواحق (لَوَا۔ حِق) لاحقہ کی جمع۔
لواذ (لِوَاذ) باہم ایکدوسرے کی پناہ لینا۔
لوازم (لَوَا۔ زِم) لازمہ کی جمع۔
لواش (لَوَاش) پھلکا، چپاتی روٹی۔
لواطت (لِوَا۔ طَت) اغلام، خلاف وضع فطری۔
لوالو (لَوَا۔ لُو) دوجیا، خفیف احمر کاتا۔
لوامع (لَوَا۔ مِع) لامع کی جمع۔
لوامہ (لَوَّا۔ مَہ) سخت ملامت کرنے والا۔
لواہب (لَوَا۔ ہِب) لاہب کی جمع۔
لوایح (لَوَا۔ یِح) لائح، لائحہ کی جمع۔
لوائم (لَوَا۔ ئِم) لائمہ کی جمع۔
لوب (لُوب) پتھریلی زمین جہاں پانی نہ ہو۔
لوبا (لُو۔ بَا) لوبیا جو ایک غلہ ہے۔
لوبان (لُو۔ بَان) ایک خوشبودار گوند دھونی کے کام کا

لوقس (لُو۔ قِس) سفید چیتا۔
لوقہ (لُو۔ قَہ) تازہ مکھن، تازہ روغن۔
لوک (لُوک) عاجزی، میراثی، ا پانچ آدمی، تذرا ونٹ (لُوک) بلبلایا کرنا۔
لوکاندہ، لوکندہ (لُو۔ کاں۔ دَہ، لُو۔ کَن۔ دَہ) ہوٹل
لوکیدن (لُو۔ کی۔ دَن) گھٹنوں کے بل چلنا۔ مضم لوکندہ۔
لوکیدنی (لُو۔ کی۔ دَنی) گھٹنوں چلنے کے لائق۔
لوکیدہ (لُو۔ کی۔ دَہ) گھٹنوں چلا ہوا۔
لول (لُول) بشیرم، بیجا، بیشرمی، بیحیائی، ڈونٹا۔
لولاک (لُو۔ لاک) حدیث قدسی "لولاک لما" الخ"
لولادر (لُو۔ لا۔ دَر) تیل وغیرہ رکھنے کی پتیلی۔
لولب (لُو۔ لَب) ٹونٹی۔
لولو (لُ ؤ۔ لُ ؤ) موتی جم آلی (لُو۔ لُو) بیجا، ڈراونی صورت۔
لولہ (لُو۔ لَہ) نال، نلی، لولہ، بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔
لولی (لُو۔ لی) کوچہ گرد، فقیر، ظریف، نازک، لطیف، قحبہ، فاحشہ، بیسوا، رنڈی۔
لوم، لومت (لَوم، لَو۔ مَت) ملامت، کنجوسی۔
لومی (لَو۔ مَا) ملامت، رسوائی، نکوہش۔
لون (لَون) رنگ جم الوان
لوند (لَوَن۔ د، لَوَنْد) الھڑ سپاہی، رنڈی، بیسوا، خدمتگار، مزدور، اچھی خبر۔
لون غامق (لَون۔ غا۔ مِق) گہرا رنگ۔
لون فاتح (لَون۔ فا۔ تِح) ہلکا رنگ۔
لون مشتم (لَون۔ مشت۔ تَم) شوخ رنگ۔
لونہ (لَو۔ نَہ) گلگونہ، غازہ، سرخی جو عورتیں چہرہ پر ملتی ہیں۔
لوبیا (لُو۔ بِ۔ یا) دیکھو لوبیا۔
لوثہ (لُو۔ ثَہ) چیل، شہوت، خباثت۔
لوشکن (لُو۔ ہَ۔ شَکَن) کپاس اوٹنے کی چرخی۔

لوہاور، لوہر، لوہور (لُو۔ ہا۔ وَر، لُو۔ ہَر، لُو۔ ہُور) شہر لاہور (پنجاب)
لوی (لَوا) ریتیلا جنگل، صحرائے ریگزار۔
لویہ (لَو۔ یَہ) دیگ، چوڑے منہ کا پتیلا۔
لوہیشہ (لُو۔ ہی۔ شَہ) دیکھو لیشہ۔
لہ (لَہُو) اس کے واسطے (لَہ) شراب انگوری، باس، بو (لَہ) نام پرند، عقاب (لَ) نام درخت، صنوبر، ناجو، اسپتیل سیاری۔
لہاب (لُہاب) آگ بھڑکنا اور لپیٹ مارنا۔
لہات (لَہات) حلق کا کوا، کاگ۔
لہاشم (لَہا۔ شِم) کمینہ، جبر، بربھونڈی چیز۔
لہانور، لہاور (لہا۔ نور، لہا۔ وَر) شہر لاہور (پنجاب)
لہب (لَہَب) آگ کی لپٹ، شعلہ۔
لہبہ (لَہ۔ بَہ) احمق، گھامڑ، بونگا
لہجہ (لَہ۔ جَہ) طرز تکلم، زبان، محاورہ، لغت، روزمرہ (لُہ۔ جَہ) ناشتہ، نہاری، کلیوہ۔
لہذا (لہا۔ ذا) اسی واسطے۔
لہز (لَہز) شامل ہونا، سینہ پر چوٹ مارنا۔
لہف (لَہف) افسوس کرنا، غمگین ہونا۔
لہفت (لَہ۔ فَت) گڑیا، عروسک۔
لہلہان (لَہ۔ لَہان) ایک بیج جو دوا میں کام آتا ہے، فرنجشک، بالنگو، صحرائی۔
لہنہ (لَہ۔ نَہ) ناشتہ (لِہ۔ نَہ) احمق، گھامڑ، پتھر
لہو (لَہو) کھیل کود، بازی، نیک کام سے روکنے والی چیز جم ملاہی۔
لہی (لِہی) رخصت، اجازت۔
لہیب (لَہِیب) شعلہ۔
لہیف (لَہِیف) غمگین، متاسف، بیچارہ۔
لئیم (لَ۔ ئِیم) وہ کنجوس جو نہ خود کھاوے اور نہ دوسرے کو دے جم لئیام، لوماء، لومان

م

م (میم) حرف قمری، قائم مقام عدد ۴۰، چند حرفوں سے بدل ہے۔ ۱۔ ب کے ساتھ مثلاً غزب، غزم۔ ۲۔ پ کے ساتھ مثلاً سپارک، سمارک۔ ۳۔ خ کے ساتھ مثلاً برسخ، برم۔ ۴۔ غ کے ساتھ مثلاً پیمانہ، پیغانہ۔ ۵۔ ف کے ساتھ مثلاً مخیر، فخیر۔ ۶۔ ن کے ساتھ مثلاً نیم، میم۔

ما (ما) ۱۔ اسم۔ ۲۔ کلمۂ نفی، کلمہ تشبیہ، کلمۂ استفہام، اسم موصول، نہیں، نا، نہ، بے، نہیں ہے، کیا چیز ہے، جوکہ، جو، اگر، چیز، جہاں تک کہ، کیوں، کسواسطے، کس قدر، کچھ، چاند، نام، پانی جمع میاہ، امواہ۔

مآب (مم آب) واپسی کی جگہ، ٹھکانہ۔

مابعد (ما۔ بع۔ د) بعد کی چیز۔

مابعد الطبیعت (ما۔ بع۔ دط۔ طبی۔ عت) سوائے طبیعت، علم الٰہی

مابقی (ما۔ بقی۔ ما۔ بقا) جو چیز باقی رہ جاوے۔

مابہ الاحتیاج (ما۔ بہل۔ اح۔ تیاج) جس چیز کی ضرورت ہو۔

مابہ الامتیاز (ما۔ بہل۔ ام۔ تیاز) جس چیز سے تمیز ہو سکے۔

مابہ الفرق (ما۔ بہل۔ فرق) جس چیز سے فرق ظاہر ہو۔

مابہ النزاع (ما۔ بہن۔ نزاع) جس چیز پہ جھگڑا ہو

مابین (ما۔ بین) درمیان، بیچ۔

مات (مات) بازی کی ہار، حیران (مات) مر گیا (مم آت) سو، صد (مم آت) مائۃ بمعنی سو کی جمع۔

مائت الف (مم آت۔ ال۔ ف) لاکھ، سو ہزار۔

ماتح (ما۔ تح) پانی کھینچنے والا۔

ماتحت (ما۔ تح۔ ت) تحت میں، جو کہ نیچے ہو۔

ماتقدم (ما۔ تقد۔ دم) وہ چیز جو پہلے ہو۔

ماتم (ما۔ تم) مصیبت، سوگ، سیاپا۔

ماتم پرسی (ما۔ تم۔ پر۔ سی) ماتم میں پرسا۔

ماتم خانہ (ما۔ تم۔ خا۔ نہ) ماتم کا گھر۔

ماتم دار (ما۔ تم۔ دار) سوگوار۔

ماتم داری (ما۔ تم۔ دا۔ ری) سوگواری۔

ماتم سرا (ما۔ تم۔ سرا) ماتم کا گھر۔

ماتمی (ما۔ تمی) ماتم کا، ماتم کی، ماتم والی چیز۔

مائۃ (مم آۃ) ایک سو جمع مائین، مآت۔

مائتین (مم آتین) دو سو۔

مآثر (مم آثر) مأثرت، مأثرہ کی جمع۔

مأثرت، مأثرہ (ما۔ ثرت، ما۔ ثرہ) اثر، نیک نشان، اچھا کام جمع مآثر۔

مأثم (ما۔ ثم) گناہ، جمع مآثم (مم آ۔ ثم)

مأثور، مأثورہ (ما۔ ثور، ما۔ ثو۔ رہ) نقل کیا ہوا، منقول، جڑا دیا ہوا، اثر پذیر شدہ۔

مأثوم (ما۔ ثوم) گناہگار۔

ماج (ماج) ماہ، چاند، راوی، کھاری کڑوا پانی۔

ماجد (ما۔ جد) نام اللہ تعالیٰ، مرد بزرگوار۔

ماجدہ (ما۔ جدہ) بزرگوار عورت۔

ماجرا (ما۔ جرا) واردات، سرگذشت۔

ماجن (ما۔ جن) بے باک، مسخرا جمع مجان۔

ماجور (ما۔ جور) اجر دیا گیا، سردار فوج۔

ماچ (ماچ) چوما، بوسہ۔

ماچین (ما۔ چین) ملک کا نام۔

ماح (ماح) انڈے کے اندر کی سفیدی۔

ماحصل (ما حصل) خلاصہ، محصول۔

ماحضر (ما۔ حضر) تھوڑا سا بے تکلف کھانا جو موجود ہو

ماجی (مَا - جِی) محو کرنے والا۔
ماخ (مَاخ) بوڑھا، حقیر، فقیر، کمینہ، ادھیا، مصنوعی سکہ۔
ماخذ (مَا - خَذ) جگہ جہاں سے چیز لی جاوے، اخذ کرنے کی جگہ۔
ماخوذ (مَا - خُوذ) گرفتار، لیا گیا۔
ماخور (مَا - خُور) شراب خانہ، قمار خانہ۔
ماخول، ماخولیا (مَا - خُول، مَا - خُو - لِیَا) دیکھو مالیخولیا۔
مادر (مَادَر) مادر، ماں۔
مادام (مَا - دَام) ا۔ تا وقتیکہ، مدام، ہمیشہ، ۲۔ بیڈم
مادبہ (مَا - دُبہ) دعوت، ضیافت۔
مادح (مَا - دِح) تعریف کرنے والا۔
مادخ (مَا - دِخ) بزرگ، ارجمند۔
مادر (مَا - دَر) ماں۔
مادر اندر (مَا - دَر - اَن - دَر) سوتیلی ماں۔
مادر بخطا (مَا - دَر - بَخَطَا) ماں کی گالی۔
مادر زاد (مَا - دَر - زَاد) پیدائشی۔
مادری (مَا - دَ - رِی) منسوب بہ مادر، ماں والی چیز۔
مادر زن (مَا - دَر - زَن) ساس۔
مادندر (مَا - دَن - دَر) سوتیلی ماں۔
مادون (مَا - دُون) ماسوا، علاوہ، فروتر۔
مادہ (مَا - دَہ)، مادین (مَا - دِہ) لینے والا (مَادّہ) ہر چیز کی اصل، جس سے کوئی چیز بنائی جاوے، محسوس چیز، ہیولا، استعداد، جمع مَوَادّ۔
مادی (مَادِّی) منسوب طرف مادہ، مادہ والی چیز۔
مادیان (مَا - دِیَان) گھوڑی۔
مادیت (مَادِّیَت) اصلیت، جسمانیت۔
مادین (مَا - دِین) مادہ، زن۔
مادنہ (مَا - ذَنہ) مینار۔
ماذون (مَا - ذُون) اذن دیا گیا، پروانگی دیا گیا۔
مار (مَار) سانپ۔
ماراب (مَا - رَاب) نودولتی، تازہ بختی۔
مار آستین (مَا - رِ - آس - تِین) پاس کا دشمن۔
مارا (مَا - رَا) ہم کو، ہمارے لئے۔
مار افسا (مَا - رَ - اَف - سَا) سپیرا، جادوگر۔
مارب (مَا - رِب) مطلب، حاجت، جمع مآرب (مَ - آ - رِب)
مار پیچ (مَا - رِ - پیچ) بلدار چیز، گڑمڑی۔
مار تول (مَا - رِ - تول) ہتھوڑا۔
مارج (مَا - رِج) بغیر دھوئیں کی آگ، پہلا جن جس سے نسل جنات پیدا ہوئی۔
مارد (مَا - رِد) سرکش، حد سے گذرنے والا، جمع مَرَدَہ
مارس (مَارِس) مریخ ستارہ، جلاد فلک۔
مارستان (مَا - رِس - تَان) شفاخانہ۔
مارسیل (مَا - رِ - سِیل) شہر مارسیلز (جنوبی فرانس)
مارق (مَا - رِق) گمراہ، بے دین۔
مارکہ (مَا - رکہ) تجارتی نشان۔
مار گزرہ (مَا - رِ - گُز - رَہ) کالا ناگ۔
مار گزیدہ (مَا - رِ - گَزِی - دَہ) سانپ کا کاٹا ہوا۔
مار گیر (مَا - رِ - گِیر) سانپ پکڑنے والا۔
مار گیری (مَا - رِ - گِی - رِی) سانپ پکڑنا۔
مار مہرہ (مَا - رِ - مُہ - رَہ) سانپ کا من، زہر کی ایک دوا۔
مارن (مَا - رِن) ناک کی پھلک، خوگر، عادی۔
ماروت (مَا - رُوت) نام فرشتہ۔
مارورہ (مَا - رُو - رَہ) حلق کا کوا۔
مارک (مَا - رُوک) مراکو، ملک مراقش (شمالی افریقہ)
ماری (مَا - رِی) ہلاکت۔
ماریہ (مَا - رِی - یَہ) دایہ، منھ بولی ماں۔
مازاغ (مَا - زَاغ) آیت "ما زاغ البصر الخ"
مازن (مَا - زِن) چیونٹی کا انڈا (مَا - زَن) ریڑھ کی ہڈی۔
مازو (مَا - زُو) نام دوا جو ایک کیڑے کا لعاب ہے۔

ماژہ (ما-ژہ) ریڑھ کی ہڈی۔
ماژ (ماژ) عیش، عشرت۔
ماژندران (ما-ژن-د-ران) ایران کا ایک حصّہ
ماس (ماس) پھرتیلا آدمی، الماس، سوجن۔
ماسبق (ما-سبق) گزشتہ، جو پہلے گزر چکا۔
ماست (ماس-ت) دہی، جغرات۔
ماست بند (ماس-ت-بن-د) پنیر بنانیوالا۔
ماسخ (ما-سخ) بے مزہ، پھیکا۔
ماسک (ما-سک) بیضوی شکل کا مرکز۔
ماسکبار (ماس-کبار) مہینہ کا آخری دن۔
ماسکہ (ما-سکہ) نگہبان، معدہ کی وہ قوت جو غذا پر عمل کرتی ہے۔
ماسلف (ما-سلف) گزشتہ۔
ماسوی (ما-سوا) سوا، ماورا۔
ماسیدن (ما-سی-دن) جمنا، لیپنا۔
ماش (ماش) ارد، اسباب خانہ، گھر کا سامان۔
ماشطہ (ما-شطہ) مشاطہ۔
ماشو (ما-شو) کملی، پرچھا، برچھی، چھلنی۔
ماشورہ (ما-شو-رہ) سوت کی پنڈیا، ٹونٹی۔
ماشہ (ما-شہ) سنڈاسی، سنسی، بندوق کا طوطہ، آٹھ رتی کا وزن۔
ماشی (ما-شی) چغل خور، پاؤں چلنے والا جمع مُشات۔
ماشین (ما-شین) مشین، ریل گاڑی، کل، آلہ
ماشیہ (ما-شیہ) چوپایہ جمع مَواشی۔
ماص (ماص) چوسنے والا، چاند۔
ماصدق (ما-صدق) معنی، مضمون، وہ چیز جو صادق ہو۔
ماصفا (ما-صفا) وہ چیز جو صاف ہو۔
ماضر (ما-ضر) کھٹا دودھ جو زبان کاٹے۔
ماضغہ (ما-ضغہ) چابنے کی قوت۔
ماضی (ما-ضی) گذرا ہوا زمانہ۔

ماضیہ (ما-ضیہ) گذشتہ۔
ماطر (ما-طر) برسنے والا۔
ماعز (ما-عز) بکرا، بز نر۔
ماعزہ (ما-عزہ) بکری، بز مادہ۔
ماعون (ما-عون) زکواۃ، مال، ضروریات خانہ داری، کاغذ کا رم جس میں بیس دستے ہوتے ہیں۔
ماغ (ماغ) جل کوا، کھر، کھرہ، ایک کبوتر، کالا چکبرا
مافات (ما-فات) گزری ہوئی چیز، جو فوت ہوا۔
مافوق (ما-فوق) اوپر، بالا۔
مافوق العادت، مافوق العادہ (ما-فوق-عا-دت، ما-فوق-عا-دہ) عادت سے بالا، خلاف عادت۔
مافوق الفطرت (ما-فوق-فط-رت) فطرت سے اوپر، اوپر نت چیز۔
مافہ (ما-فہ) لکڑی دروازہ بند کرنے کی۔
مافی الذہن (ما-فیذ-ذہ-ن) جو چیز ذہن میں ہو۔
مافی الضمیر (ما-فیض-ضمیر) جو چیز دل میں ہو
مافیہا (ما-فی-ہا) جو چیز کہ اُس میں ہے۔
ماق (ماق) آنکھ کا بایاں کویہ۔
ماقبل (ما-قبل) پہلے، پہلا۔
ماقل ودل (ما-قل-ل-و-دل-ل) تھوڑی بات مگر اس کا مطلب بہت سارا۔
ماقی (ما-قی) دیکھو ماق۔
ماکدر (ما-کدر) وہ چیز جو گدلی ہو۔
ماکر (ما-کر) مکار، حیلہ گر جمع ماکرین۔
ماکل (ما-کل) کھانے کی چیز جمع مآکل (م-آ-کل)
ماکو (ما-کو) نلی، ٹلکی۔
ماکول (ما-کول) کھانے کی چیز جمع ماکولات۔
ماکیان (ما-کیان) ایک پالتو مرغی۔
ماکینہ (ما-کی-نہ) کل، مشین۔
مال (مال) دھن، دولت، روپیہ پیسہ جمع اموال۔

سرکاری محصول ، ملنے والا ، ملا ہوا (م آل) انجام کار ، ٹھکانہ۔

مالاکلام (ما۔ لا۔ کلام) جس میں کوئی کلام نہ ہو۔

مالامال (ما۔ لا۔ مال) بہت بھرا ہوا ، لبریز ، بہت ، کثیر۔

مالان (ما۔ لان) ملتا ہوا ، ملنے والا۔

مالایطاق (ما۔ لا۔ یطاق) جس چیز کی طاقت نہ ہو۔

مالاینحل (ما۔ لا۔ ین۔ حل) حل ہونے کے نا قابل۔

مالایعنی (ما۔ لا۔ یع۔ نی) بے مطلب ، بے فائدہ بے ہودہ ، بے نتیجہ۔

مالتا (مال۔ تا) جزیرہ مالٹا (بحیرۂ روم)

مارج (ما۔ رج) راج کی کرنی۔

مالح (ما۔ لح) کھاری ، نمکین۔

مالخ (ما۔ لخ) خلل دماغ ، سودا ، سودائی ، سڑی۔

مال خاوند (مال۔ خا۔ وند) مالک۔

مالدار (مال۔ دار) مال رکھنے والا۔

مالداری (مال۔ دا۔ ری) مال رکھنا۔

مالزادہ (مال۔ زا۔ دہ) بھڑوا ، کٹنا ، ولدالزنا۔

مالزادی (مال۔ زا۔ دی) کٹنی۔

مالش (ما۔ لش) ملائی دلائی ، تلی ، مالدی ، ملنا

مال ضامن (مال۔ ضا۔ من) بذریعہ مال ضمانت دینے والا۔

مال ضامنی (مال۔ ضا۔ منی) مال کی ضمانت۔

مالک (ما۔ لک) صاحب ، خداوند ، آقا ، خاوند ، دوزخ کا موکل فرشتہ جمع ملاک ، ممالک۔

مالک الحزین (ما۔ لک۔ حزین) بگلا۔

مالکانہ (ما۔ لکا۔ نہ) مالک کی مانند۔

مالکیت (ما۔ لکی۔ یت) مالک پن۔

مالگذار (مال۔ گذار) زمین کا سرکاری محصول ادا کرنے والا۔

مالگذاری (مال۔ گذا۔ ری) زمین کا سرکاری محصول ادا کرنا۔

مال مست (مال۔ مس۔ ت) مال میں مست۔

مال مستی (مال۔ مس۔ تی) مال میں مست ہونا۔

مالندہ (ما۔ لن۔ دہ) ملنے والا۔

مالوف (ما۔ لوف) جس سے محبت کیجاوے ، عادی۔

مالہ (ما۔ لہ) دیکھو مالج۔

مالہ وماعلیہ (ما۔ لہو۔ و۔ ما۔ علی۔ ہ) برائی اور بھلائی ، نفع ونقصان۔

مالی (ما۔ لی) منسوب بہ مال ، مال کا ، مال کی۔

مالیات (ما۔ لی۔ یات) مالی کی جمع ، مال سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔

مالیت (ما۔ لی۔ یت ، ما۔ لیت) دولت ، خزانہ ، مال ہونے کی حالت ، مال ہونا۔

مالیخولیا (ما۔ لی۔ خو۔ لیا) ایک بے ضرر دیوانگی۔

مالیدن (ما۔ لی۔ دن) ملنا مصدر مالیدن۔

مالیدنی (ما۔ لی۔ دنی) ملنے کے لائق۔

مالیدہ (ما۔ لی۔ دہ) ملا ہوا۔

مالیدہ گوش (ما۔ لی۔ دہ۔ گوش) چوکنا۔

مام (مام) ماں ، ماتا ، مادر۔

مامجہ (مام۔ جہ) رائی ، جنائی ، قابلہ ، باز اجہ۔

ماما (ما۔ ما) بڑھیا ، بوڑھی عورت ، ماں۔

مامضی (ما۔ مضی) زمانہ گزشتہ ، جو گذر چکا ہو۔

مامک (ما۔ مک) ماں کی تصغیر جو اظہار محبت کیلئے ہے۔

مامن (ما۔ من) امن کی جگہ۔

مامور (ما۔ مور) ماتحت عہدہ دار ، حکم کیا گیا ، جس کو حکم ملا ہو۔

ماموری (ما۔ مو۔ ری) حکم ملا ہوا ہونا۔

ماموریہ (ما۔ مو۔ ری۔ یہ) نوکری۔

مامول (ما۔ مول) امید کیا گیا۔

مامون (ما۔ مون) امن کیا گیا ، محفوظ ، امن کے اندر۔

مامیشا (ما۔ می۔ شا) نام گھاس جو دوا ہے۔

ماہیران (ما-ہی-ران) ہلدی کی مانند ایک جڑ۔
مان (مان) گھر، اسباب، مال، پونجی، مانند، مشابہ نظیر، باقی، جاوداں، ابد، عزت، ہم، ما، رہنے والا، ہونے والا۔ (م ن) ہل، قلبہ
مانا (ما-نا) شاید، مگر، گمان، ہانا، وہ چیز، شبیہ، نظیر، مثل
مانف (ما-نف) ٹھنڈی، ناف۔
مانائی (ما-نا-ئی) مشابہت۔
مانح (ما-نح) سخی، دیالو۔
ماند (ماں-د) رہن سہن، رہائش۔
ماندگی (ماں-دگی) عاجزی، تھکن۔
ماندن (ماں-دن) رہنا، مشابہ ہونا، مضارع ماند۔
ماندہ (ماں-دہ) تھکا ہوا، رہا ہوا، عاجز۔
مانستن (ما-نس-تن) مشابہ ہونا، مضارع مانند۔
مانستہ (ما-نِس-تہ) مشابہ۔
مانع (ما-نع) منع کرنے والا، روکنے والا، جمع مانعین، موانع، منعہ۔
مانعیت (ما-نِعی-یت) رکاوٹ۔
مانگ (مانگ) چاند۔
مانند (ما-نن-د) حرف تشبیہ، مثل، جیسا، ویسا۔
مانندہ (ما-نن-دہ) رہنے والا، مشابہ ہونے والا۔
مانوس (ما-نوس) خوگر، مرغوب، پسندیدہ، جس چیز سے اُنس ہو۔
مانہ (ما-نہ) اسباب خانگی۔
مانیا (ما-نیا) ایک ضرررساں دیوانگی۔
مانیدن (ما-نی-دن) مشابہ ہونا۔
ماوا (ما-وا) دیکھو ماوی۔
ماوجب (ما-وجب) وہ چیز جو واجب ہے۔
ماوراءالنہر (ما-ورا-ان-نہر) دریا کے اُس پار، ملک ترکستان۔
ماوری (ما-ورا) حرف استثنا، ماسوا، پیچھے، پار۔

مادل (م، اَو-دَل) تادیل کیا گیا۔
ماوی (ما-وا) واپسی کی جگہ، مکان، گھر۔
ماہ (ماہ) مہینہ، چاند۔
ماہانہ (ما-ہا-نہ) ماہواری۔
ماہ پارہ (ماہ-پا-رہ) چاند کا ٹکڑا، تارہ۔
ماہ پرست (ماہ-پَرَس-ت) چاند کا پجاری۔
ماہ پرستی (ماہ-پرس-تی) چاند کی پوجا۔
ماہتاب (ماہ-تاب) چاندنی، چاند۔
ماہتابی (ماہ-تا-بی) چمن وغیرہ میں نشست کا چبوترہ۔
ماہچ (ما-ہچ) بالکل، بلاد دھ
ماہ جبین (ماہ-جبین) جس کی پیشانی چاند کی مانند ہو۔
ماہ جلالی (ماہ-جلا-لی) موسم بہار کا ایک شمسی مہینہ۔
ماہچہ (ماہ-چہ) نشان کے طور پر لگانے کا مصنوعی چاند۔
ماہ دو ہفتہ (ماہ-دو-ہف-تہ) چودھویں رات کا چاند
ماہر (ما-ہر) کسی فن کا استاد، مشاق، جمع ماہرین، مَہَرَہ۔
ماہرو (ماہ-رو) جس کا منہ چاند سا ہو۔
ماہ شکستہ (ماہ-شِکس-تہ) نیا چاند۔
ماہ گرفتگی (ماہ-گرِف-تگی) چاند گرہن۔
ماہ گرفتہ (ماہ-گرِف-تہ) گہا ہوا چاند۔
ماہن (ما-ہن) خادم، خدمتگار
ماہ نخشب (ماہ-نخ-شب) حکیم ابن مقنع کا بنایا ہوا چاند جس کی روشنی دور دور تک پھیلتی تھی۔
ماہو (ما-ہو) زیب و زینت۔
ماہوار (ماہ-وار) ہر مہینے، مہینہ وار۔
ماہوت (ما-ہوت) فرشتہ کا نام، بانات۔
ماہودانہ (ما-ہو-دا-نہ) جمال گوٹا۔
ماہوش (ماہ-وش) چاند کی مانند۔
ماہونہ (ما-ہو-نہ) مہینہ، ماہواری تنخواہ۔
ماہہ (ما-ہہ) چھید کرنیکا برمہ، ماشہ آٹھ رتی کا وزن۔

ماہی (ما۔ ہی) مچھلی، وہ فرضی مچھلی جس کی پشت پر زمین ٹکی ہوئی بیان کی جاتی ہے۔
ماہیانہ (ما۔ ہیا۔ نہ) ماہانہ، ماہواری۔
ماہیت (ما۔ ہی۔ یت) حقیقت، اصلیت جمع ماہیات۔
ماہیچہ (ما۔ ہی۔ چہ) سویاں، اطریہ، بازو کی مچھلی۔
ماء الجبن (ما۔ اُل۔ جُبْ۔ لِن) دودھ کا پانی، توڑ
ماء الحیات (ما۔ اُل۔ حَیات) آب حیات، امرت۔
ماء اللحم (ما۔ اُل۔ لَح۔ م) گوشت کا عرق بھپارہ سے کھینچا ہوا، گوشت کا پانی۔
ماء المعصفر (ما۔ اُل۔ مُعَص۔ فَر) شہاب۔
ماء الورد (ما۔ اُل۔ وَرْ۔ د) عرق گلاب۔
مائت (ما۔ ءِت) مرنے والا۔
مائدہ (ما۔ ءِدَہ) میزپوش، دسترخوان، کھانا چنا ہوا دسترخوان جمع مَوائِد۔
مائدہ مسیح (ما۔ ءِ۔ دَ۔ ءِ۔ مَسِیْح) ازغیبی کھانا۔
مائع (ما۔ ءِع) رقیق بہنے والی چیز جمع مائعات
مائق (ما۔ ءِق) احمق جمع مَوائِق۔
مائل (ما۔ ءِل) میل کرنے والا، پھر جانے والا، متوجہ، خواہشمند جمع مائلہ، مُیَّل۔
ماء معین (ما۔ ءِ۔ مَعِیْن) پاک و صاف جاری پانی۔
مائن (ما۔ ءِن) دروغگو، جھوٹا۔
ماؤف (ما۔ ءُوف) آفت رسیدہ۔
مائی (ما۔ ءِی) آبی، مادر النہری۔
مائیت (ما۔ ءِی۔ یت) پانی پن، پانی کی موجودگی۔ جمع مائیات
مایتحلل (ما۔ یَتَحَل۔ لَل) وہ چیز جو تحلیل ہو جاوے
مایحتاج (ما۔ یَح۔ تاج) جس کی حاجت ہو، ضرورت انسانی۔
مایعرف (ما۔ یُع۔ رَف) جس سے پہچانا جاوے، مال اسباب۔
مایقرا (ما۔ یُق۔ رَا) تحریر جو پڑھی جا سکے۔

مائندر (ما۔ یَن۔ دَر) دیکھو مادندر۔
مائین (ما۔ ءِین) مائۃ کی جمع۔
مایوس (ما۔ یُو۔ س) ناامید، نراس۔
مایوسانہ (ما۔ یُو۔ سا۔ نہ) ناامید کی مانند۔
مایوسی (ما۔ یُو۔ سی) ناامیدی۔
مایؤل (ما۔ یَ۔ ءُول) جس چیز کی طرف رجوع کیا جاوے۔
مایہ (ما۔ یہ) پونجی، اصل، مادہ، مقدار، قدرت، سامان، بنیاد، مادین حیوان، اعمال، بھین، لونی، گوندھا ہوا آٹا۔
مایہ افتخار (ما۔ یَ۔ اِ۔ اِف۔ تِخار) فخر کی پونجی
مایہ خمیر (ما۔ یَ۔ اِ۔ خَمِیر) قدرتی مادہ۔
مبا (مَبا) دیکھو مباد۔
مبات (مَبات) رات بسر کرنے کی جگہ، بسرام، بسیرا، شب گذاری۔
مباح (مُباح) جائز ٹھہرائی ہوئی چیز، حلال رکھی ہوئی چیز جمع مُباحات۔
مباحث (مَبا۔ حِث) مبحث کی جمع (مُبا۔ حِث) بحث کرنے والا۔
مباحثہ (مُبا۔ حَثہ) آپس میں بحث کرنا۔
مباد (مَباد) مت ہوجیو، خدا نکرے کہ یوں ہو۔
مبادا (مَبا۔ دا) خدا نکرے کہ یوں ہو۔
مباوات (مُبا۔ وَات) ظاہر کرنا، کھولنا۔
مبادر (مُبا۔ دِر) جلدی کرنے والا، سبقت لے جانے والا۔
مبادرت (مُبا۔ دَرَت) جھپٹنا، بہادری دکھانا
مبادلہ (مُبا۔ دَلَہ) ادل بدل، باہم تبادلہ کرنا۔
مبادی (مَبا۔ دی) ظاہر کرنے والا (مَبا۔ دِی) ظاہر ہونے کی جگہ، کسی فن کی ابتدائی باتیں جمع مَبادِیات، مَبْدَء کی جمع۔
مبارا، مبارات (مُبا۔ را، مُبا۔ رات) باہمی جھگڑا، باہمی بیزاری۔

مبارز (مُبَا۔ رِز) فوج میں سے بڑھکر لڑنے والا۔
مبارزت (مُبَا۔ رَزَت) جنگ کے لئے باہر نکلنا
مبارک (مُبَا۔ رَک) برکت دیا ہوا (مُبَا۔ رِک) برکت دینے والا (مَبَا۔ رِک) مبرک کی جمع۔
مبارکباد (مُبَا۔ رَک۔ بَاد) تہنیت، برکت کی دعا
مبارکت (مُبَا۔ رَکَت) برکت کرنا۔
مبارکی (مُبَا۔ رَکی) تہنیت، برکت کی دعا۔
مباشر (مُبَا۔ شِر) منیجر، نگراں، منتظم، کارروائی کرنے والا۔
مباشرت (مُبَا۔ شَرَت) مرد عورت کی ہمبستری کارروائی، کام میں لگنا۔
مباعدت (مُبَا۔ عَدَت) باہمی دوری آپسکی مفارقت
مباعلہ (مُبَا۔ عَلَہ) میاں بیوی کا ملاپ سے رہنا۔
مباکرہ (مُبَا۔ کَرَہ) امداد سے کام کرنا۔
مبال (مَبَال) پیشاب کی جگہ، شرمگاہ۔
مبالا، مبالات (مُبَا۔ لَا، مُبَا۔ لَات) خوف کھانا، اندیشہ کرنا۔
مبالغہ (مُبَا۔ لَغَہ) کسی بات میں انتہائی کوشش، حد سے بڑھ جانا۔
مبالغہ اغراق (مُبَا۔ لَغ۔ اِ۔ اِغ۔ رَاق) عقلاً ممکن مگر عادتاً ناممکن مبالغہ۔
مبالغہ تبلیغ (مُبَا۔ لَغ۔ اِ۔ تَب۔ لِیغ) عقلاً اور عادتاً ممکن مبالغہ۔
مبالغہ غلو (مُبَا۔ لَغ۔ اِ۔ غُلُو) عقلاً اور عادتاً ناممکن۔
مباہلہ (مُبَا۔ ہَلَہ) کسی سے احمقی کرنا۔
مباینت (مُبَا۔ یَنَت) باہمی جدائی۔
مباہات (مُبَا۔ ہَات) فخر کرنا، ناز کرنا۔
مباہجت (مُبَا۔ ہَجَت) آپس میں خوش ہونا۔
مباہلہ (مُبَا۔ ہَلَہ) ایک دوسرے کو بد دعا کرنا۔
مباہی (مُبَا۔ ہِی) ناز کرنے والا، فخر کرنے والا۔
مبایعت (مُبَا۔ یَعَت) خرید و فروخت، بیعت کرنا، تابع کرنا۔
مباینت (مُبَا۔ یَنَت) بچھڑنا، جدا ہونا۔
مبت (مَبَ۔ ات) تنگ، غار۔
مبتدا (مُب۔ تَدَا) شروع، اول، جز جملہ اسمیہ کا۔
مبتدع (مُب۔ تَدِع) بدعت کرنیوالا جمع مُبتَدِعِین۔
مبتدی (مُب۔ تَدِی) شروع کرنے والا (مُب۔ تَدَا) شروع کیا ہوا۔
مبتذل (مُب۔ تَذَل) بے قدر، ذلیل، خوار۔
مبتر (مُب۔ تَر) ہلاک کیا ہوا، دم کٹا ہوا۔
مبتسم (مُب۔ تَسِم) مسکرانے والا، باغ باغ۔
مبتغا، مبتغی (مُب۔ تَغَا) چاہا ہوا، آرزو۔
مبتغیات (مُب۔ تَغَیَات) آرزوئیں۔
مبتلا (مُب۔ تَلَا) گرفتار بلا، آزمایا ہوا۔
مبتلی (مُب۔ تَلِی) آزمانے والا (مُب۔ تَلَا) دیکھو مبتلا
مبتنی (مُب۔ تَنَا) بنا کیا ہوا، نبیاد ڈالا ہوا، (مُب۔ تَنِی) نبیاد ڈالنے والا۔
مبتہج (مُب۔ تَہِج) شاداں، خوش ہونے والا۔
مبثوثہ (مَب۔ ثُو۔ ثَہ) پراگندہ، پریشان۔
مبحث (مَب۔ حَث) بحث کی جگہ یا وقت جمع مَبَاحِث۔
مبخر (مُبَخ۔ خِر) بھاپ اٹھانیوالا، تبخیر پیدا کرنیوالا۔
مبدرق (مُبَد۔ رِق) رہبر۔
مبدع (مُب۔ دِع) نئی بات پیدا کرنیوالا، نئے طرز سے شعر کہنے والا۔
مبدل (مُبَد۔ دَل) بدلا ہوا، بدلا گیا (مُبَد۔ دِل) بدلنے والا۔
مبدء (مَب۔ دَء) شروع کرنے کی جگہ، ظاہر ہونے کی جگہ جمع مَبَادِی (مُب۔ دِء) شروع کرنے والا، پیدا کرنے والا، ظاہر کرنے والا۔ (مُب۔ دَء) شروع کرنیکی جگہ، آشکارا کرنیکی جگہ
مبدء فیاض (مَب۔ دَا۔ اِ۔ فَی۔ یَاض) اللہ تعالیٰ پیدا کرنیوالا۔

مبذر (مُبَذِّ۔ ذِرْ) فضول خرچ، مسرف۔
مبذول (مَبْ۔ ذُول) عطا کیا ہوا، بخشا ہوا۔
مبرا (مُبَرّا) پاک کیا ہوا، بیزار کیا ہوا، دور شدہ۔
مبرات (مُبَرّات) پاک کی ہوئی چیزیں، مبرا کی جمع
مبرد (مُبَرِّد) سرد کرنے والا (مِبْ۔ رَد) دھار نکالنے کا آلہ۔
مبردات (مُبَرِّدات) سرد کرنیوالی چیزیں، مبرد کی جمع
مبردہ (مُبَرِّدَہ) سرد کرنے والی۔
مبرز (مَبْ۔ رَز) پاک ہونے کی جگہ، مقعد۔
مبرقش (مُبَرْقَش) چیتلا، کبرا۔
مبرک (مَبْ۔ رَک) اونٹوں کی خوابگاہ جمع مَبارِک
مبرم (مُبْ۔ رَم) مضبوط، پائدار (مُبْ۔ رِم) رنج میں لانے والا۔
مبرود (مَبْ۔ رُود) ٹھنڈا کیا ہوا۔
مبرور (مَبْ۔ رُور) مقبول الطاعۃ، نیکی کیا گیا۔
مبروص (مَبْ۔ رُوص) برص کا مریض۔
مبرہن (مُبَرْ۔ ہَن) روشن، معلوم، دلیل سے ثابت کیا ہوا۔
مبزاق (مِبْ۔ زاق) اگالدان، پیکدان۔
مبسم (مَبْ۔ سِم) آگے کے دانت جمع مَباسِم۔
مبسوط، مبسوطہ (مَبْ۔ سُوط، مَبْ۔ سُو۔ طَہ) فراخ، پھیلائی ہوئی چیز، غیر مرکب چیز۔
مبشر (مُبَشِّ۔ شِر) خوش خبری دینے والا۔
مبصر (مُبَصِّ۔ صِر) صاحب نظر، عقلمند۔ جمع مُبَصِّرِین (مُبَصِّ۔ صِر) صاف، ظاہر (مُبْ۔ صِر) دیکھنے والا، روشن (مُبْ۔ صَر) دیکھا گیا۔
مبضع (مِبْ۔ ضَع) فصاد کا نشتر۔
مبطان (مِبْ۔ طان) زیادہ کھانے سے پیٹ نکلا ہوا
مبطخہ (مَبْ۔ طَخَہ) خربوزوں کی باڑی، فالیز۔
مبطل (مُبْ۔ طِل) باطل کرنے والا۔
مبطون (مَبْ۔ طُون) بڑے پیٹ والا، توند والا۔

مبعوث (مَبْ۔ عُوث) منتخب شدہ ممبر، اٹھایا ہوا جمع مَبْعُوثِین۔
مبغوض (مَبْ۔ غُوض) دشمن جانا ہوا۔
مبقلہ (مَبْ۔ قَلَہ) ترکاری کا کھیت جمع مَباقِل۔
مبقی (مُبْ۔ قِی) قائم رکھنے والا، باقی رکھنے والا۔
مبکار (مِبْ۔ کار) پہلا نیا پھل۔
مبل (مُبِل) بھگونے والا، بٹنے والا۔
مبلغ (مُبْ۔ لَغ) پختہ، کامل، زر نقد (مَبْ۔ لَغ) حد، نہایت، مقدار، پہونچنے کی جگہ، مجموعی تعداد (مُبَلْ۔ لِغ) تبلیغ کرنیوالا، پہونچانے والا جمع مُبَلِّغِین (مُبَلْ۔ لَغ) پہونچایا ہوا۔
مبلوک (مَبْ۔ لُوک) گیلا، تر، بھیگا ہوا۔
مبنی (مَبْ۔ نِی) بنیاد رکھا ہوا (مَبْ۔ نا) بنیاد کی جگہ جمع مَبانی۔
مبولہ (مِبْ۔ وَلَہ) پیشاب کا برتن۔
مبہج (مُبْ۔ ہِج، مُبْہِیَہ، بَہِج) خوش، شاداں۔
مبہم (مُبْ۔ ہَم) پوشیدہ، در لبستہ، ان بوجھی بات۔
مبہوت (مَبْ۔ ہُوت) حیران، ہکا بکا۔
مبہی (مُبْ۔ ہِی) دیکھو بہی۔
مبیت (مَبِیت) بسیرا، شب نشین۔
مبیض (مُبَیْ۔ یِض) قلعی گر، سفید کرنے والا (مُبَیْ۔ یَض) سفید کیا ہوا (مُبْ۔ یَض) سفید ہوا۔
مبیضہ (مُبَیْ۔ یِضَہ) سفید کیا ہوا (مُبْ۔ یَض) اعضم سفید۔
مبیع، مبیعہ (مَبِیع، مَبِی۔ عَہ) خریدی یا بیچی ہوئی چیز۔
مبیعی (مَبِی۔ عِی) منسوب بہ مبیع۔
مبین (مُبِین) ظاہر کرنے والا، ظاہر ہونے والا۔ (مُبَیْ۔ یِن) بیان کرنیوالا (مُبَیْ۔ یَن) بیان کیا ہوا۔
مبینہ (مُبَیْ۔ یَنَہ) بیان کی ہوئی۔
مبیہہ (مُبَیْ۔ یِہ) قوت باہ پیدا کرنے والا۔
مبیہی (مُبَیْ۔ یِہی) مبیہہ سے منسوب۔

متاب (مَتَاب) بازگشت، واپسی کی جگہ۔
متابعت (مُتَا۔ بَعَت) تابعداری، اطاعت۔
متاثر (مُتَ، اَث، ثِر) اثر پذیر، اثر قبول کرنیوالا۔
متاجرت (مُتَا۔ جَرَت) باہم تجارت کرنا۔
متاخر (مُتَ، اَخ، خِر) پچھلا، آخر میں آنے والا
جمع متاخرین (مُتَ، اَخ، خِرِین) پیچھے آیا ہوا۔
متادب (مُتَ، اَدْ، دَب) ادب پایا ہوا۔
متادی (مُتَ، اَدْ، دِی) پہونچانے والا۔
متاذی (مُتَ، اَذ، ذِی) تکلیف پانے والا۔
متاریت (مُتَا۔ رَبَت) برابروالوں میں نشست۔
متاسف (مُتَ، اَس، سِف) افسوس کرنے والا۔
متاع (مَتَاع) پونجی، سامان، اسباب تجارت
جمع امتعہ (مُتَاع) قے، اُلٹی آنا۔
متاعب (مَتَا۔ عِب) تعب کی جمع۔
متالف (مُتَ، اَل، لِف) سازگاری پانیوالا، مرکب کیا گیا
متالم (مُتَ، اَل، لِم) رنجیدہ، دُکھیا۔
متامل (مُتَ، اَم، مِل) تامل کرنیوالا، غور کرنیوالا۔
متانت (مَتَا۔ نَت) استواری، مضبوطی، سنجیدگی۔
متاہل (مُتَ، اَہ، ہِل) بیوی بچوں والا، گھروالا۔
متبادر (مُتَبَا۔ دِر) فوراً ذہن میں آنے والا۔
متباین (مُتَبَا۔ یِن) باہم الگ الگ، ایک دوسرے
سے جدا ہونے والا۔
متبحر (مُتَبَح، حِر) بڑا علم والا
متبخر (مُتَبَخ، خِر) بھاپ بنایا ہوا (مُتَبَخ، خِر) بھاپ کرنیوالا۔
متبدل (مُتَبَد، دَل) بدلا ہوا، تبدیل کیا گیا (مُتَبَد، دِل)
تبدیل کرنے والا۔
متبرک (مُتَبَر، رَک) برکت یافتہ، مبارک جانا ہوا
(مُتَبَر، رِک) مبارک جاننے والا۔
متبسم (مُتَبَس، سِم) مسکرانے والا، شگفتہ۔
متبع (مُتْ، تَبِع) پیرو، پیروی کرنیوالا جمع متبعین
متبلد (مُتَبَل، لِد) کند ذہن، احمق۔

متبنی (مُتَبَن، نَا) لے پالک، پسرخواندہ۔
متبوع (مَتْ۔ بُوع) سردار، پیروی کیا گیا۔
متتالی (مُتَتَا۔ لِی) لگاتار آنیوالا، آگے پیچھے جانیوالا۔
متتبع (مُتَتَب، بِع) پیروی کرنے والا۔
متجانس (مُتَجَا۔ نِس) ہمجنس ہونے والا۔
متجاوز (مُتَجَا۔ وِز) حد سے بڑھنے والا۔
متجاہل (مُتَجَا۔ ہِل) دانستہ انجان بننے والا۔
متجبر (مُتَجَب، بِر) ظلم کرنیوالا (مُتَجَب، بَر) ظلم کیا ہوا۔
متجسس (مُتَجَس، سِس) تلاش کرنے والا۔
متجلی (مُتَجَل، لِی) روشن ہونیوالا (مُتَجَل، لَا) روشن کیا ہوا۔
متجنب (مُتَجَن، نِب) دور ہونے والا۔
متحارب (مُتَحَا۔ رِب) آپس میں جنگ کرنے والا
(مُتَحَا۔ رَب) آپس میں جنگ کیا ہوا۔
متحتم (مُتَحَت، تِم) واجب ہونے والا، یقینی
(مُتَحَت، تَم) واجب کیا ہوا۔
متحجر (مُتَحَج، جِر) سخت۔
متحد (مُتْ، تَحِد) یکانگت رکھنے والا (مُتْ، تَحَد)
یکانگت رکھا ہوا، ملا ہوا۔
متحرک (مُتَحَر، رِک) ہلنے والا، حرکت کرنے والا
(مُتَحَر، رَک) ہلا ہوا، حرکت کیا ہوا۔
متحرم (مُتَحَر، رِم) حرمت رکھنے والا (مُتَحَر، رَم)
حرمت رکھا گیا۔
متحصن (مُتَحَص، صِن) قلعہ نشین ہونے والا،
(مُتَحَص، صَن) قلعہ نشین کیا ہوا۔
متحظی (مُتَحَظ، ظِی) بہرہ مند، لذت پانیوالا (مُتَحَظ، ظَا)
لذت پایا ہوا، حصہ پایا ہوا۔
متحف (مُتْ، تَحِف) تحفہ دینے والا (مُتْ، تَحَف)
تحفہ دیا ہوا، عجائب خانہ۔
متحقق (مُتَحَق، قَق) درست کیا ہوا، ٹھیک۔
(مُتَحَق، قِق) درست ہونے والا۔
متحلی (مُتَحَل، لِی) آراستہ ہونیوالا، زیور پہننے والا

(مُتَحَلْ ـ لَا) آراستہ کیا ہوا، زیور پہنایا ہوا۔
متحمل (مُتَحَمْ ـ مِلْ) رنج سہنے والا، برداشت کرنے والا۔
متحیر (مُتَحَیْ ـ یِرْ) حیران، سرگشتہ (مُتَحَیْ ـ یَرْ) حیران کیا ہوا۔
متخاصم (مُتَخَا ـ صِمْ) باہم دشمنی کرنے والا (مُتَخَا ـ صَمْ) باہم دشمنی کیا ہوا۔
متخرج (مُتَخَرْ ـ رِجْ) تعلیم یافتہ۔
متخصص (مُتَخَصْ ـ صِصْ) خصوصیت رکھنے والا (مُتَخَصْ ـ صَصْ) خصوصیت رکھا ہوا۔
متخلص (مُتَخَلْ ـ لِصْ) تخلص رکھنے والا۔
متخلل (مُتَخَلْ ـ لِلْ) خلل انداز، خلل ڈالنے والا (مُتَخَلْ ـ لَلْ) خلل ڈالا ہوا۔
متخلخل (مُتَخَلْ ـ خِلْ) کھوکھلا، پولا، بکھرنے والا۔
متخیل (مُتَخَیْ ـ یَلْ) خیال میں لایا ہوا (مُتَخَیْ ـ یِلْ) خیال میں لانے والا۔
متخیلہ (مُتَخَیْ ـ یَلَہ) خیال میں لایا ہوا، خیال کی جگہ، دماغ (مُتَخَیْ ـ یِلَہ) سوچنے کی قوت، خیال میں لانیوالی قوت
متدارک (مُتَدَا ـ رِک) کھوئی چیز پانے والا (مُتَدَا ـ رَک) کھوئی چیز پایا ہوا۔
متداول (مُتَدَا ـ وِلْ) ہاتھوں میں پھرنے والی چیز (مُتَدَا ـ وَلْ) ہاتھوں میں پھری ہوئی چیز۔
متداولہ (مُتَدَا ـ وَلَہ) ہاتھوں ہاتھ پھری ہوئی چیز (مُتَدَا ـ وِلَہ) ہاتھوں ہاتھ پھرنے والی چیز۔
متدین (مُتَدَیْ ـ یِنْ) دیندار، دیانت دار۔
متذکر (مُتَذَکْ ـ کِرْ) ذکر کیا ہوا (مُتَذَکْ ـ کَرْ) ذکر کرنے والا۔
متذکرہ (مُتَذَکْ ـ کَرَہ) ذکر کیا ہوا۔
متر (مِیْتَر) میٹر یعنی ایک فرانسیسی پیمانہ مطابق ۳۷ء۳۹ انچ
مترادف (مُتَرَا ـ دِفْ) ہم معنی لفظ، آگے پیچھے سوار ہونیوالا۔
مترائی (مُتَرَا ـ ئِیْ) منتر پڑھنے والا۔
متراکب (مُتَرَا ـ کِبْ) باہم بیٹھنے والا۔
متراکم (مُتَرَا ـ کِمْ) اکٹھا ہونیوالا، ہجوم کرنے والا۔

مترتب (مُتَرَتْ ـ تِبْ) درست کرنے والا (مُتَرَتْ ـ تَبْ) درست کیا ہوا۔
مترجم (مُتَرْ ـ جِمْ) ترجمہ کرنے والا (مُتَرْ ـ جَمْ) ترجمہ کیا ہوا۔
متردد (مُتَرَدْ ـ دِدْ) تردد کرنیوالا، آنے جانے والا۔
مترسل (مُتَرَسْ ـ سِلْ) خط بھیجنے والا۔
مترسم (مُتَرَسْ ـ سِمْ) لکھنے والا، نشان کرنیوالا، کھوج لگانے، تلاش کرنے والا، صاحب رسم۔
مترشح (مُتَرَشْ ـ شِحْ) تراوندہ، ٹپکنے والا (مُتَرَشْ ـ شَحْ) ٹپکا ہوا۔
مترصد (مُتَرَصْ ـ صِدْ) امیدوار، امید رکھنے والا (مُتَرَصْ ـ صَدْ) امید رکھا ہوا۔
مترقب (مُتَرَقْ ـ قَبْ) انتظار کیا ہوا۔ (مُتَرَقْ ـ قِبْ) انتظار کرنے والا۔
مترقبہ (مُتَرَقْ ـ قَبَہ) انتظار کیا ہوا۔
مترقی (مُتَرَقْ ـ قِیْ) ترقی کرنے والا، زیادہ ہونے والا (مُتَرَقْ ـ قَا) ترقی کیا ہوا۔
مترنم (مُتَرَنْ ـ نِمْ) گانے والا (مُتَرَنْ ـ نَمْ) گایا ہوا۔
متروک (مَتْ ـ رُوْک) ترک کیا ہوا، چھوڑا ہوا۔
متزاحم (مُتَزَا ـ حِمْ) پیچ پچ، اکٹھا ہونے والا۔
متزائد (مُتَزَا ـ ئِدْ) زائد ہونے والا، بڑھنے والا۔
متزلزل (مُتَزَلْ ـ زِلْ) لرزنے والا، کانپنے والا۔
متزوج (مُتَزَوْ ـ وَجْ) بیاہا ہوا۔
متساقط (مُتَسَا ـ قِطْ) باہم نیچے گرانے والا۔
متساوی (مُتَسَا ـ وِیْ) آپس میں برابر، باہم برابر ہونیوالا
متسع (مُتْ ـ تَسِعْ) کشادہ ہونے والا (مُتْ ـ تَسَعْ) کشادہ کیا ہوا۔
متسلط (مُتَسَلْ ـ لِطْ) قابو پانے والا، غلبہ کرنے والا۔ (مُتَسَلْ ـ لَطْ) قابو پایا ہوا۔
متسلم (مُتَسَلْ ـ لِمْ) اکٹھا کرنے والا، لینے والا (مُتَسَلْ ـ لَمْ) اکٹھا کیا ہوا، لیا ہوا۔

متسلی (مُتَسَلّی) خوش ہونے والا، تسلی پانے والا (مُتَسَلّٰی) تسلی پایا ہوا۔
متسم (مُتَّ، تَسِمْ) داغنے والا، خاص نشان ڈالنے والا (مُتَّ، تَسَمْ) داغا ہوا، خاص نشان ڈالا ہوا۔
متشابہ (مُتَشَا۔ بِہْ) مانند ہونے والا (مُتَشَا۔ بَہْ) مانند کیا ہوا۔
متشاعر (مُتَشَا۔ عِرْ) جو شاعر نہ ہو مگر بنتا ہو۔
متشتت (مُتَشَتْ۔ تِتْ) سراسیمہ، ڈانواڈول۔
متشدد (مُتَشَدْ، دِدْ) سختی کرنے والا (مُتَشَدْ، دَدْ) سختی کیا ہوا۔
متشرع (مُتَشَرْ، رِعْ) شریعت پر عمل کرنیوالا۔ (مُتَشَرْ، رَعْ) شریعت پر عمل کیا ہوا۔
متشکل (مُتَشَکْ، کِلْ) شکل اختیار کرنے والا (مُتَشَکْ، کَلْ) شکل اختیار کیا ہوا۔
متشکک (مُتَشَکْ، کِکْ) شک کرنے والا (مُتَشَکْ، کَکْ) شک کیا ہوا۔
متشنج (مُتَشَنْ، نِجْ) اکڑا ہوا۔
متصادم (مُتَصَا۔ دِمْ) ٹکرانے والا۔
متصاعد (مُتَصَا۔ عِدْ) اوپر چڑھنے والا۔
متصدع (مُتَصَدْ، دِعْ) دردِ سر پانے والا۔
متصدق (مُتَصَدْ، دِقْ) صدقہ دینے والا، صدقہ لینے والا۔
متصدی (مُتَصَدْ، دِی) پیش خدمت، پیشکار، آگے آنے والا۔
متصرف (مُتَصَرْ، رِفْ) کام میں ہاتھ ڈالنے والا۔
متصف (مُتَّ، تَصِفْ) موصوف، صفت کیا ہوا (مُتَّ، تَصَفْ) صفت سے موصوف ہونیوالا۔
متصل (مُتَّ، تَصِلْ) پیوستہ ہوتے والا، ملنے والا (مُتَّ، تَصَلْ) ملا ہوا۔
متصنع (مُتَصَنْ، نِعْ) بناوٹ کرنیوالا (مُتَصَنْ، نَعْ) بناوٹ کیا ہوا۔

متصور (مُتَصَوْ، وَرْ) تصور باندھا ہوا (مُتَصَوْ، وِرْ) تصور باندھنے والا، دل میں نقشہ جمانے والا۔
متضاجم (مُتَضَا۔ جِمْ) ٹھٹھہ منوال۔
متضاد، متضادہ (مُتَضَادْ، مُتَضَادْ، دَہْ) برعکس، مخالف۔
متضایف (مُتَضَا۔ یِفْ) ایک دوسرے سے نسبت رکھنیوالا
متضایق (مُتَضَا۔ یِقْ) باہم تنگی کرنے والا۔
متضرر (مُتَضَرْ، رِرْ) تکلیف پہونچانے والا (مُتَضَرْ، رَرْ) تکلیف پہونچایا ہوا۔
متضرم (مُتَضَرْ، رِمْ) غصہ کرنیوالا، بھڑکنے والا۔
متضرع (مُتَضَرْ، رِعْ) رونے والا، عاجزی کرنیوالا۔
متضلع (مُتَضَلْ، لِعْ) بہت بڑا عالم۔
متضمن (مُتَضَمْ، مِنْ) شامل، قبول کرنے والا، ضمن میں لینے والا (مُتَضَمْ، مَنْ) ضمن میں لیا ہوا۔
متطرق (مُتَطَرْ، رِقْ) راہ کرنے والا (مُتَطَرْ، رَقْ) راہ کیا ہوا۔
متطوع (مُتَطَوْ، وِعْ) والنٹیر، بلا تنخواہ فوج میں کام کرنے والا۔
متظلم (مُتَظَلْ، لِمْ) فریادی، دادخواہ (مُتَظَلْ، لَمْ) فریاد کیا ہوا۔
متع (مَتْ، ع) کسی چیز سے فائدہ حاصل کرنا۔
متعارض (مُتَعَا۔ رِضْ) ایک دوسرے کے سامنے آنیوالا۔
متعارف (مُتَعَا۔ رِفْ) آپس میں پہچاننے والا (مُتَعَا۔ رَفْ) مشہور، پہچانا ہوا۔
متعارک (مُتَعَا۔ رِکْ) کان اینٹھنے والا، چھیلنے والا، مٹانے والا، حاجت روائی کرنے والا، لڑنے والا، بھیڑ کرنے والا، کامیاب ہونے والا۔
متعاقب (مُتَعَا۔ قِبْ) پیچھا کرنیوالا، پیچھے سے آنیوالا۔
متعال، متعالی (مُتَعَالْ، مُتَعَا۔ لِی) بزرگ، بلند ہونے والا۔
متعامل (مُتَعَا۔ مِلْ) آپس میں عمل کرنے والا۔

متعاند (مُتَعَا۔ نِدْ) باہم عناد رکھنے والا۔
متعبد (مُتَعَبْ' بِدْ) بندگی کرنے والا۔
متعجب (مُتَعَجْ' جِبْ) تعجب کرنے والا۔
متعدد (مُتَعَدْ' دَدْ) چند، شمار کیا ہوا (مُتَعَدْ' دِدْ) گننے والا، شمار کرنے والا۔
متعدم (مُتَعَدْ' دِمْ) ناقص، ناپید، نہ ہونے والا۔
متعدی (مُتَعَدْ' دِیْ) پھیلنے والا، حد سے بڑھ جانے والا، فعل جو مفعول چاہے۔
متعذب، متعذبہ (مُتَعَذْ' ذِبْ، مُتَعَذْ' ذِبَہ) خوش مزہ، خوشگوار۔
متعذر (مُتَعَذْ' ذِرْ) دشوار، مشکل۔
متعرض (مُتَعَرْ' رِضْ) پیش آنے والا۔
متعرف (مُتَعَرْ' رِفْ) شناسا ہونیوالا، پوچھنے والا۔
متعسر (مُتَعَسْ' سِرْ) دشوار۔
متعصب (مُتَعَصْ' صِبْ) اپنے مذہب کی پیچ کرنے والا، حمایت کرنے والا، مدد دینے والا۔
متعطش (مُتَعَطْ' طِشْ) پیاسا۔
متعطل (مُتَعَطْ' طِلْ) بیکار، ٹھالی۔
متعفف (مُتَعَفْ' فِفْ) متقی، پارسا۔
متعلق (مُتَعَلْ' لِقْ) تعلق رکھنے والا۔
متعلم (مُتَعَلْ' لِمْ) تعلیم حاصل کرنیوالا، شاگرد، طالب علم
متعنت (مُتَعَنْ' نِتْ) کھوٹ تلاش کرنے والا۔
متعند (مُتَعَنْ' نِدْ) بدخواہ، عناد رکھنے والا۔
متعنف (مُتَعَنْ' نِفْ) بدخو، جھڑکنے والا۔
متعوب (مُتْ۔ عُوْبْ) رنج پہونچا ہوا۔
متعود (مُتَعَوْ' وِدْ) عادی ہونے والا (مُتَعَوْ' وَدْ) عادی کیا ہوا۔
متعہ (مُتْ۔ عَہْ) ایک معین مدت کے لئے نکاح۔
متعہد (مُتَعَہْ' ہِدْ) تیمار دار، تازہ کرنیوالا۔
متعیٰ (مُتْ۔ عَا) وقتی بیوی، عارضی جورو۔
متعین (مُتَعَیْ' یَنْ) مقرر کیا ہوا، تعین کیا ہوا۔

متغایر (مُتَغَا۔ یِرْ) باہم غیر ہونے والا۔
متغزل (مُتَغَزْ' زِلْ) غزل لکھنے والا جمع متغزلین۔
متغلب (مُتَغَلْ' لِبْ) تغلب کرنیوالا، غالب ہونے والا (مُتَغَلْ' لَبْ) تغلب کیا ہوا، غالب کیا ہوا۔
متغیر (مُتَغَیْ' یَرْ) بدلا ہوا (مُتَغَیْ' یِرْ) بدلنے والا۔
متفاوت (مُتَفَا۔ وِتْ) ایک دوسرے سے دور ہونے والا (مُتَفَا۔ وَتْ) باہم دور کیا گیا، فرق کیا گیا۔
متفائل (مُتَفَا۔ اِلْ) فال لینے والا۔
متفحص (مُتَفَحْ' حِصْ) کھوجی، تلاشی، ڈھونڈھنے والا۔
متفرج (مُتَفَرْ' رَجْ) تماشاگاہ (مُتَفَرْ' رِجْ) تماشائی۔
متفرع (مُتَفَرْ' رِعْ) شاخ ہونے والا۔
متفرق (مُتَفَرْ' رِقْ) جدا، تتر بتر ہونے والا۔
متفق (مُتْ' تَفِقْ) اتفاق کرنے والا (مُتْ' تَفَقْ) اتفاق کیا ہوا۔
متفقہ (مُتْ۔ تَفَقَہْ) اتفاق کیا ہوا۔
متفق علیہ (مُتْ۔ تَفَقْ۔ عَلَیْہ) جس پر سب کا اتفاق ہو
متفکر (مُتَفَکْ' کِرْ) فکرمند، جس کو فکر ہو۔
متفنی (مُتَفَنْ' نِیْ) شریر۔
متقابل (مُتَقَا۔ بِلْ) جو مقابل تکلف سے بنے۔
متقارب (مُتَقَا۔ رِبْ) نزدیک ہونیوالا، پیوستہ
متقاضی (مُتَقَا۔ ضِیْ) تقاضا کرنے والا۔
متقاطع (مُتَقَا۔ طِعْ) ایک دوسرے کو کاٹنے والا، ایک دوسرے سے کٹنے والا۔
متقاعد (مُتَقَا۔ عِدْ) کام چھوڑ بیٹھنے والا، ڈھیل کرنیوالا
متقامر (مُتَقَا۔ مِرْ) جوا کھیلنے والا۔
متقبل (مُتَقَبْ' بِلْ) پذیرائی کرنیوالا، قبول کرنیوالا (مُتَقَبْ' بَلْ) قبول کیا ہوا، پذیرائی کیا ہوا۔
متقدم (مُتَقَدْ' دِمْ) آگے بڑھنے والا (مُتَقَدْ' دَمْ) آگے بڑھا ہوا۔
متقرب (مُتَقَرْ' رِبْ) نزدیکی ڈھونڈھنے والا، نزدیک ہونیوالا۔
متقرر (مُتَقَرْ' رِرْ) قرار پکڑنے والا، تقرر حاصل کرنیوالا۔

متقلب (مُتَقَل۔ لِب) پھرنے والا، الٹنے والا۔
متقن (مُتقِن (مُت۔ قِن)، مُتقَن (مُت۔ قَن) مضبوط، محکم
متکا (مُت۔ تَکا) تکیہ گاہ، سہارا۔
متکاثف (مُتَکا۔ ثِف) گاڑھا، دبیز، دلدار۔
متکبر (مُتَکَب۔ بِر) گھمنڈی، مغرور۔
متکبرانہ (مُتَکَب۔ بِرا۔ نَہ) متکبر سے منسوب۔
متکسر (مُتَکَس۔ سِر) ٹوٹنے والا، شکستہ ہونے والا۔
متکفل (مُتَکَف۔ فِل) ضامن، کفیل۔
متکلف (مُتَکَل۔ لِف) تکلف کرنے والا۔ (مُتَکَل۔ لَف) تکلف کیا ہوا۔
متکلم (مُتَکَل۔ لِم) کلام کرنیوالا، بولنے والا، علم کلام جاننے والا، جمع متکلمین (مُتَکَل۔ لِمِین)۔ (مُتَکَل۔ لَم) کلام کیا ہوا۔
متکون (مُتَکَو۔ وِن) ہست ہونیوالا، موجود ہونیوالا
متکی (مُت۔ تَکی) بھروسہ کرنے والا، تکیہ کرنے والا، (مُت۔ تَکا) تکیہ کیا ہوا، تکیہ گاہ، سہارا۔
متلاشی (مُتَلا۔ شِی) پریشان، خراب، معدوم۔
متلاطم (مُتَلا۔ طِم) تھپیڑا مارنے والا، موجزن۔
متلالی (مُتَلا۔ لِی) تاباں، روشن۔
متلبس (مُتَلَب۔ بِس) لباس پہنے والا، چھپنے والا۔
متلذذ (مُتَلَذ۔ ذِذ) لذت اٹھانے والا، (مُتَلَذ۔ ذَذ) لذت اٹھایا ہوا۔
متلطخ (مُتَلَط۔ طِخ) آلودہ، لتھڑا ہوا، (مُتَلَط۔ طَخ) لتھڑنے والا۔
متلطف (مُتَلَط۔ طِف) مہربانی کرنیوالا، (مُتَلَط۔ طَف) مہربانی کیا ہوا۔
متلف (مُت۔ لِف) نیست کرنے والا، تلف کرنے والا، (مُت۔ لَف) تلف کیا ہوا، نیست کیا ہوا۔
متلقی (مُتَلَق۔ قِی) ملاقات کرنے والا، (مُتَلَق۔ قَا) ملاقات کیا ہوا۔
متلون (مُتَلَو۔ وِن) غیر مستقل مزاج، رنگ برنگ ہونیوالا
متلہف (مُتَلَہ۔ ہِف) اندوہگین، افسوس کرنیوالا۔

متماوی (مُتَما۔ دِی) دراز، لمبا، انتہا کو پہونچنے والا۔
متماثل (مُتَما۔ ثِل) باہم مشابہ، مانند ہونیوالا۔
متمائل (مُتَما۔ اِل) میل و خواہش کرنیوالا، جھکنے والا۔
متمتع (مُتَمَت۔ تِع) نفع پانے والا۔
متمثل (مُتَمَث۔ ثِل) ہم مثل۔
متمدن (مُتَمَد۔ دِن) مہذب، بسنے والا۔
متمرد (مُتَمَر۔ رِد) سرکش، نافرمان۔
متمزق (مُتَمَز۔ زِق) ٹکڑے ہونے والا۔
متمشی (مُتَمَش۔ شِی) جاری و رواں ہونے والا، (مُتَمَش۔ شا) جاری کیا ہوا۔
متمکن (مُتَمَک۔ کِن) جگہ پکڑنے والا، (مُتَمَک۔ کَن) جگہ پکڑا ہوا۔
متملق (مُتَمَل۔ لِق) چاپلوس، خوشامدی، (مُتَمَل۔ لَق) تملق کیا ہوا۔
متمم (مُتَمِم۔ مِم) تمام کرنے والا، کامل کرنے والا، (مُتَمَم۔ مَم) تمام کیا ہوا، کامل کیا ہوا۔
متمنی (مُتَمَن۔ نِی) آرزومند، تمنا کرنے والا، (مُتَمَن۔ نا) آرزو کیا ہوا، تمنا کیا ہوا۔
متموج (مُتَمَو۔ وِج) موجزن، لہریں مارنیوالا۔
متمول (مُتَمَو۔ وِل) دولتمند، مالدار۔
متمیز (مُتَمَی۔ یِز) الگ ہونیوالا، (مُتَمَی۔ یَز) الگ ہوا۔
متن (مَت۔ ن) کتاب کے صفحہ کی درمیانی عبارت جمع مُتُون، مِتان۔
متناسب (مُتَنا۔ سِب) تناسب رکھنے والا۔
متنافی (مُتَنا۔ فِی) ایک دوسرے کو فنا کرنے والا۔
متناقض (مُتَنا۔ قِض) ایک دوسرے کی ضد ہونیوالا۔
متناکح (مُتَنا۔ کِح) باہم نکاح کرنے والا۔
متناوحہ (مُتَنا۔ وِحَہ) جو بائی، چار دنطرف کی ہوا۔
متناہی (مُتَنا۔ ہِی) انتہا کو پہونچنے والا۔
متنبہ (مُتَنَب۔ بِہ) واقف، آگاہ، باخبر دار۔
متنبی (مُتَنَب۔ بِی) جو نبی نہ ہو مگر بنتا ہو۔

متنجن (مُتَن - جَن) ایک میٹھا پلاؤ۔
متنعم (مُتَنَعْ ، عَمْ) ناز ونعمت میں پلنے والا۔
متنفر (مُتَنَفْ ، فِرْ) نفرت کرنے والا۔
متنفس (مُتَنَفْ ، فِسْ) سانس لینے والا ، جاندار۔
متنور (مُتَنَوْ ، وِرْ) روشن خیال ، روشنی دیکھنے والا۔
متنوع (مُتَنَوْ ، وِعْ) نوع نوع اور قسم قسم کا ہونیوالا۔
متواتر (مُتَوَا - تِرْ) لگاتار ہونے والا۔
متوارث (مُتَوَا - رِثْ) باہم میراث پانے والا۔
متوارد (مُتَوَا - رِدْ) لگاتار ، باہم ایک جگہ اترنیوالا۔
متواری (مُتَوَا - رِیْ) چھپنے والا ، پوشیدہ ہونیوالا۔
متوازی (مُتَوَا - زِیْ) باہم برابر برابر ہونے والا۔
متواضع (مُتَوَا - ضِعْ) نرو تن ، عاجزی کرنیوالا۔
متوافر (مُتَوَا - فِرْ) زیادہ ہونیوالا ، زیادتی اختیار کرنیوالا
متوالی (مُتَوَا - لِیْ) پیاپے ہونیوالا ، لگاتار آنیوالا۔
متوج (مُتَوَ ، وَجْ) تاج رکھا گیا (مُتَوَ ، وِجْ) تاج رکھنے والا۔
متوجہ (مُتَوَجْ ، جِہْ) توجہ کرنیوالا ، دھیان اور خیال کرنیوالا (مُتَوَجْ ، جَہْ) توجہ کیا ہوا۔
متوحش (مُتَوَحْ ، حِشْ) وحشت اختیار کرنیوالا۔
متورع (مُتَوَرْ ، رِعْ) پرہیزگار ، پارسا۔
متورم (مُتَوَرْ ، رِمْ) سوجنے والا (مُتَوَرْ ، رَمْ) سوجا ہوا۔
متوزع (مُتَوَزْ ، زِعْ) سراسیمہ ، ڈانواڈول۔
متوسط (مُتَوَسْ ، سِطْ) درمیانی ہونیوالا ، واسطہ کرنیوالا (مُتَوَسْ ، سَطْ) واسطہ کیا ہوا۔
متوسل (مُتَوَسْ ، سِلْ) توسل والا ، نزدیکی ڈھونڈھنے والا۔
متوصل (مُتَوَصْ ، صِلْ) پیوند ہونیوالا۔
متوضا (مُتَوَضْ ، ضَا) آبخانہ۔
متوطن (مُتَوَطْ ، طِنْ) باشندہ ، رہنے والا۔
متوفر (مُتَوَفْ ، فِرْ) زیادہ ہونے والا۔
متوفی (مُتَوَفْ ، فِیْ) وفات پانے والا (مُتَوَفْ ، فَا) وفات پایا ہوا۔

متوقع (مُتَوَقْ ، قِعْ) امیدوار ، توقع رکھنے والا۔
متوقف (مُتَوَقْ ، قِفْ) دیر لگانے والا۔
متوکل (مُتَوَکْ ، کِلْ) خدا پر بھروسہ کرنے والا۔
متولد (مُتَوَلْ ، لِدْ) پیدا ہونے والا۔
متولی (مُتَوَلْ ، لِیْ) حکومت کرنے والا ، کارکن (مُتَوَلْ ، لَا) حکومت کیا ہوا۔
متوہم (مُتَوَہْ ، ہِمْ) وہم کرنیوالا (مُتَوَہْ ، ہَمْ) وہم کیا ہوا۔
متہ (مَتَہْ) بڑھئی کا برمہ۔
متہاون (مُتَہَا - وِنْ) خوار ، حقیر ، سستی کرنیوالا۔
متہم (مُتْ ، تَہِمْ) تہمت لگانے والا (مُتْ ، تَہَمْ) تہمت لگایا ہوا۔
متی (مَتَا) کب۔
متیح (مُتَیَحْ) قے کرنے والا۔
متیقن (مُتَیَقْ ، قِنْ) یقین کرنے والا (مُتَیَقْ ، قَنْ) یقین کیا ہوا۔
متیم (مُتَیْ ، یَمْ) مشتاق دردمند۔
متیمن (مُتَیَمْ ، مِنْ) بابرکت ہونے والا۔
متین (مَتِیْن) مضبوط ، محکم ، استوار۔
مثاب (مَثَا بْ) ٹھکانہ ، لوٹنے کی جگہ ، اکٹھا ہونیکی جگہ (مُثَابْ) پاداش دیا ہوا۔
مثابت ، مثابہ (مَثَا - بَتْ ، مَثَا - بَہْ) مانند ، کلمۂ تشبیہ
مثال (مِثَالْ) نظیر ، مانند ، شبیہ ، تصویر ، جسم البستر جمع مُثُلْ ، اَمْثُلْ ، ، حکم ، فرمان ، پروانہ جمع اَمْثِلَہ۔
مثالہ (مِثَا - لَہ) فرمان شاہی۔
مثانہ (مَثَا - نَہ) پھکنا ، پیشاب کی تھیلی
مثانی (مَثَا - نِیْ) سورۂ فاتحہ ، قرآن شریف ، مثنی کی جمع
مثبت (مُثْ - بِتْ) ثابت کرنیوالا ، لکھنے والا (مُثْ - بَتْ) ثابت کیا ہوا (مُثَبْ ، بَتْ) برقرار رکھا ہوا (مُثَبْ ، بِتْ) برقرار رکھنے والا۔

مثعب (مَثْ۔عَبْ) آبراہ، پانی جانے کا راستہ۔
مثقال (مِثْ۔قَالْ) ساڑھے چار ماشہ کا وزن جمع مَثَاقِیل۔
مثقب (مِثْ۔قَبْ) چھیدنے کا برمہ جمع مَثَاقِبْ۔
مثقل (مُثْقَلْ۔ قِلْ) گرانبار کرنے والا (مُثْقَ۔قَلْ) گرانبار کیا ہوا۔
مثمل (مَثْ۔مَلْ) پناہ، جائے پناہ جمع مَثَامِلْ۔
مثل (مِثْ۔لْ) حرف تشبیہ، مانند، مساوی، برابر جمع اَمْثَال جمع الجمع اَمَاثِل (مَثَلْ) مثال، کہاوت، داستان جمع اَمْثَال
مثلاً (مَثَلَنْ) بطور مثال۔
مثلب (مَثْ۔لَبْ) عیب، عیب کی جگہ جمع مَثَالِبْ۔
مثلث (مُثَلْ۔لَثْ) تین کونے والی چیز، تین کیا ہوا، تین حرفوں کا لفظ، تین گنا (مَثْ۔لَثْ) تین تین جمع مَثَالِثْ۔
مثلوج (مَثْ۔لُوجْ) پالا مارا ہوا، برف مارا ہوا۔
مثلہ (مُثْ۔لَہْ) ناک کان کاٹنا۔
مثمج (مُثْ۔مَجْ) چھینپی، چھاپہ گر۔
مثمر (مُثْ۔مِرْ) پھل لانے والا، نتیجہ دینے والا (مُثْ۔مَرْ) پھلدار پیڑ، پھل لایا ہوا۔
مثمن (مُثَمَّ۔مَنْ) آٹھ پہلو کیا ہوا۔
مثنوی (مَثْ۔نَوِیْ) منسوب بہ مثنیٰ، دو دو والا، وہ مسلسل نظم جس میں ہر شعر کے دونوں قافیے ہموزن ہوں
مثنی (مُثَنْ۔نَا) دوگنا، دوہرا، دو ٹکڑے کیا ہوا جمع مَثَانِیْ (مَثْ۔نَا) دو دو جمع مَثَانِیْ۔
مثوب (مُثَوْ۔وَبْ) ثواب دیا ہوا (مُثَوْ۔وِبْ) لوٹنے والا، مزدوری یا ثواب دینے والا، نماز کو بلانے والا (مُثَوْ۔وَبْ) مزدوری یا ثواب دیا ہوا، لوٹا ہوا۔
مثوبت، مثوبہ (مَثُو۔بَتْ، مَثُو۔بَہْ) نیکی کا بدلہ جمع مَثُوبَات۔
مثول (مُثُولْ) زمین پر بیٹھنا، پاؤں پر کھڑا ہونا۔
مثوی (مَثْ۔وَا) جگہ، قرارگاہ، آرام کی جگہ۔

مثیب (مُثِیْبْ) عوض نیکی کا دینے والا، اعتدال مزاج پر پھر آنے والا۔
مثیل (مَثِیْلْ) نظیر، ہم مثل (مِثِیْلْ) مثال، مثال کا امالہ۔
مج (مَجّ، مُجّ) مدنگ، تنومانش (مَجّْ) روایت کرنیوالا۔
مجاب (مُجَابْ) جواب دیا ہوا۔
مجابرہ (مُجَا۔بَرَہْ) کھیتی کو زمین اٹھانا۔
مجاج (مُجَاجْ) جوار، زرت۔
مجادل (مُجَا۔دِلْ) لڑاک، لڑنے والا۔
مجادلہ (مُجَا۔دَلَہْ) لڑنا، جنگ کرنا۔
مجاذبہ (مُجَا۔ذَبَہْ) ایک دوسرے کو کھینچنا۔
مجارات (مُجَا۔رَاتْ) ساتھ جانا۔
مجارستان (مَجَا۔رِسْ۔تَانْ) ملک ہنگری (یورپ)
مجاری (مَجَا۔رِیْ) مجریٰ کی جمع۔
مجاز (مَجَازْ) راہ، گذرنے کی جگہ، ضد حقیقت، غیر حقیقی معنی اصلی معنوں کی مناسبت کے ساتھ۔
مجازاً (مَجَا۔زَنْ) مجاز کے طور پر۔
مجازا، مجازات (مُجَا۔زَا، مُجَا۔زَاتْ) پاداش، بدلا دینا
مجازی (مَجَا۔زِیْ) منسوب بہ مجاز، غیر حقیقی (مُجَا۔زِیْ) بدلا دینے والا، جزا دینے والا۔
مجاعت (مَجَا۔عَتْ) بھوکھ، گرسنگی۔
مجال (مَجَالْ) میدان، جولانگاہ، قدرت، طاقت، ہمت، حوصلہ۔
مجالس (مَجَا۔لِسْ) مجلس کی جمع (مُجَا۔لِسْ) ہم جلیس، ہمنشین۔
مجالست، مجالسہ (مُجَا۔لَسَتْ، مُجَا۔لَسَہْ) ہم نشینی
مجامع (مَجَا۔مِعْ) مجمع کی جمع (مُجَا۔مِعْ) عورت سے ہمبستر ہونے والا، جماع کرنے والا۔
مجامعت (مُجَا۔مَعَتْ) عورت سے ہمبستری۔
مجاملت (مُجَا۔مَلَتْ) نیکی کرنا۔
مجان (مَجّْ۔جَانْ) مفت، بیکار، بیہودہ۔
مجانبت (مُجَا۔نَبَتْ) کسی کام سے یکسوئی، کسی چیز سے دوری۔

مجانست (مُجا۔ نَسَت) ہمجنسی، ہمقومی۔
مجانین (مَجا۔ نِین) مجنون کی جمع۔
مجاوبہ (مُجا۔ وَبہ) باہم جواب دینا۔
مجاور (مُجا۔ وِر) پڑوسی، درگاہ کا خدمتی، طالب علم۔
مجاورانہ (مُجا۔ وِرا۔ نہ) مجاور کی مانند۔
مجاورت (مُجا۔ وَرَت) ہمسائگی، پڑوس۔
مجاوری (مُجا۔ وِری) منسوب بہ مجاور، ہمسائگی۔
مجاوز (مُجا۔ وِز) حد سے بڑھنے والا۔
مجاوزت (مُجا۔ وَزَت) ایک دوسرے سے بڑھ جانا۔
مجاولہ (مُجا۔ وَلہ) مقابلہ سے فوج کا واپس آجانا۔
مجاہد (مُجا۔ ہِد) غازی، جہاد کرنیوالا جمع مُجاہدین۔
مجاہدہ (مُجا۔ ہَدہ) کوشش، کافروں سے جنگ۔
مجاہر (مُجا۔ ہِر) روبرو جنگ کرنے والا۔
مجاہرت (مُجا۔ ہَرَت) روبرو جنگ کرنا، چلاکر بات کہنا۔
مجاہز (مُجا۔ ہِز) اسباب رکھنے والا۔
مجاہلت (مُجا۔ ہَلَت) نادانی اور جہالت کرنا۔
مجبوب (مَج۔ بُوب) ہیجڑا، اختہ
مجبور (مَج۔ بُور) بے بس، ناچار۔
مجبوری (مَج۔ بُو۔ ری) ناچاری، بے بسی۔
مجبول (مَج۔ بُول) طبعی، پیدا کیا ہوا، جبلت کیا ہوا۔
مجتاز (مُج۔ تاز) چھوڑا ہوا، تجاوز کیا ہوا۔
مجتبی (مُج۔ تَبا) برگزیدہ، پسندیدہ۔
مجتث (مُج۔ تَث) جڑ سے اکھاڑا ہوا، شاعری کی ایک بحر کا نام
مجتمع (مُج۔ تَمَع) جمع کیا ہوا، اکٹھا (مُج۔ تَمِع) جمع ہونیوالا۔
مجتنب (مُج۔ تَنِب) پرہیز کرنیوالا (مُج۔ تَنَب) پرہیز کیا ہوا۔
مجتہد (مُج۔ تَہِد) اجتہاد کرنے والا۔
مجحر (مُج۔ حَر) پیچھے کھڑے ہونے کی جگہ، چھپنے کی جگہ۔
مجدار (مِج۔ دار) خوسہ، تصویر جو کھیت میں کھڑی کرتے ہیں
مجدات (مِج۔ دات) ڈانڈ۔

مجدد (مُجَد۔ دِد) رفارمر، مصلح، از سر نو کرنیوالا (مُجَد۔ دَد) نیا کیا ہوا۔
مجدر (مُجَد۔ دَر) چیچک نکلا ہوا، چھالے پڑا ہوا۔

مجدود (مَج۔ دُود) نیکبخت۔
مجدور (مَج۔ دُور) چیچک نکلا ہوا۔
مجذوب (مَج۔ ذُوب) کھینچا ہوا، محبت خداوندی میں
مدہوش جمع مجاذیب۔
مجذور (مَج۔ ذُور) حاصل ضرب۔
مجذوم (مَج۔ ذُوم) کوڑھی، جذامی۔
مجر (مُجِر) ہنگری کا رہنے والا۔
مجرا (مُج۔ را) کورنش، آداب، تسلیمات، سلام، منہا، مجری،
محسوب (مُج۔ را) دیکھو مجری۔
مجرائی (مُج۔ را۔ ئی) سلام کرنے والا۔
مجرب (مُجَر۔ رَب) تجربہ کیا ہوا (مُجَر۔ رِب) تجربہ کرنیوالا۔
مجرد (مُجَر۔ رَد) تنہا، اکیلا، بے بیوی والا، برہنہ کیا ہوا
(مُجَر۔ رِد) برہنہ کرنے والا۔
مجردات (مُجَر۔ رَدات) غیر مادی چیزیں، غیر جسمانی چیزیں
مجردی (مُجَر۔ رَدی) تنہائی۔
مجرفہ (مِج۔ رَفہ) بیلچہ۔
مجرم (مُج۔ رِم) گنہگار، جرم کرنیوالا جمع مُجرمین۔
مجروح (مَج۔ رُوح) زخمی، گھائل جمع مجروحین
مجرہ (مَجَر۔ رَہ) کہکشان۔
مجری (مُج۔ ری) جاری کرنیوالا (مُج۔ را) جاری کیا
ہوا (مَج۔ را) جاری ہونے کی جگہ جمع مَجاری۔
مجریہ (مُج۔ رِی۔ یَہ) ایگزیکٹیو کونسل، جاری کیا ہوا۔
مجزا (مُجَز۔ زا) ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔
مجزر (مَج۔ زَر) کمیلا، مذبح۔
مجزوم (مَج۔ زُوم) جزم لگایا ہوا، کاٹا ہوا، یقین کیا ہوا۔
مجزی (مُجَز۔ زا) دیکھو مجزا۔
مجس (مَجَس) نبض پر ہاتھ رکھنے کی جگہ۔
مجسم (مُجَس۔ سَم) جسم دار، جسم بنایا ہوا (مُجَس۔ سِم)
جسم رکھنے والا۔
مجسمہ (مُجَس۔ سَمہ) کسی کا یادگار بُت۔
مجشمہ (مُجَش۔ شَمہ) ہاتھ کی بتی۔

مجصص (مُجَصْ۔ صَصْ) چونا کیا ہوا۔
مجع (مُجَعْ) احمق، نادان۔
مجعد (مُجَعْ۔ عَدْ) گھونگھر والے بال، جھنڈولے بال۔
مجفف (مُجَفْ۔ فِفْ) خشک کرنے والا۔
مجل (مَجْ۔ ل) گھٹہ، ہاتھ پاؤں کا کھردراپن۔
مجلی (مُجَلْ۔ لی) گھوڑا جو دوڑ میں اوّل آوے، جلا دینے والا، روشن کرنیوالا (مُجَلْ۔ لا) روشن، چمکدار، جلا دیا ہوا (مَجْ۔ لا) آئینہ، جلا دینے کی جگہ، روشن کرنے کی جگہ جمع مَجَالی۔
مجلد (مُجَلْ۔ لَدْ) جلد بندی کیا ہوا۔
مجلس (مَجْ۔ لِسْ) بیٹھنے کی جگہ، نشستگاہ جمع مَجَالِسْ (مَجْ۔ لَسْ) بیٹھنا۔
مجلس الاشراف (مَجْ۔ لِسُلْ۔ اَشْ۔ رَافْ) دارالامراء۔
مجلس البلدیہ (مَجْ۔ لِسُلْ۔ بَلَدِیْ۔ یَہْ) میونسپل بورڈ۔
مجلس العموم (مَجْ۔ لِسُلْ۔ عُمُوْم) دارالعوام۔
مجلس النواب (مَجْ۔ لِسُنْ۔ نُوْ۔ وَابْ) دارالخواص۔
مجلہ (مُجَلْ۔ لَہْ) علمی رسالہ، میگزین، ماہوار رسالہ۔
مجمد (مُجَمْ۔ مَدْ) وہ پتلی چیز جو سردی سے جم گئی ہو۔
مجمر (مِجْ۔ مَرْ) عود سوز، انگیٹھی بخور کی جمع مَجَامِر۔
مجمع (مَجْ۔ مَعْ) مجلس، اکٹھا ہونیکی جگہ جمع مَجَامِعْ (مُجْ۔ مِعْ) اجماع کرنیوالا (مُجْ۔ مَعْ) اجماع کیا ہوا۔
مجمع العلما (مَجْ۔ مَعُلْ۔ عُلَمَاء) اکیڈیمی، علمی مجلس۔
مجمع علیہ (مُجْ۔ مَعْ۔ عَلَیْہ) وہ بات جس پر سب متفق علیہ ہوں۔
مجمل (مُجْ۔ مَلْ) محتاج تفصیل، گڈمڈ کیا ہوا۔
مجموع (مَجْ۔ مُوْع) سب، کل، تمام وکمال۔
مجموع رسوم البلدان (مَجْ۔ مُوْع۔ رُسُوْ۔ مُلْ۔ بُلْ۔ دَانْ) اٹلس یعنی ملکوں کے نقشوں کا مجموعہ۔
مجموعہ (مَجْ۔ مُوْ۔ عَہْ) اکٹھی چیز۔
مجموعی (مَجْ۔ مُوْ۔ عِیْ) اکٹھی۔
مجن (مِجَنْ) ڈھال، سپر۔
مجنح (مُجَنْ۔ نَحْ) صاحب بازو، بازو رکھنے والا۔

مجندہ (مُجَنْ۔ نَدَہْ) جمع کی ہوئی فوج، پامال، روندا ہوا۔
مجنون (مَجْ۔ نُوْن) پاگل، دیوانہ جمع مَجَانِیْن۔
مجنونانہ (مَجْ۔ نُوْ۔ نَا۔ نَہ) مجنون کی مثل۔
مجنونہ (مَجْ۔ نُوْ۔ نَہ) باولی، دیوانی۔
مجنونیت (مَجْ۔ نُوْ۔ نِیْ۔ یَتْ) دیوانگی۔
مجوز (مُجَوْ۔ وِزْ) تجویز کرنیوالا (مُجَوْ۔ وَزْ) تجویز کیا ہوا۔
مجوسی (مَجُوْ۔ سِیْ) آتشپرست، سورج پرست جمع مَجُوس۔
مجوسیہ (مَجُوْ۔ سِیَہ) مجوسن، آتش پرست عورت۔
مجوف (مُجَوْ۔ وَفْ) کھوکھلا (مُجَوْ۔ وِفْ) خالی کرنیوالا (مَجُوْف) خالی شدہ، موٹا، بڑے پیٹ کا۔
مجول (مِجْ۔ وَلْ) کرتی، انگیا، شاما بچہ۔
مجون (مُجُوْن) بے باکی، شوخی۔
مجہود (مَجْ۔ ہُوْد) کوشش کیا ہوا۔
مجہور (مَجْ۔ ہُوْر) آشکارا کیا ہوا، آواز بلند کیا ہوا۔
مجہول (مَجْ۔ ہُوْل) گمنام، نامعلوم، انجان، وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، کاہل۔
مجہولیت (مَجْ۔ ہُوْ۔ لِیْ۔ یَتْ) انجان پن، سُستی۔
مجی (مَجِیْ) آنا۔
مجیب (مُجِیْب) جواب دینے والا، قبول کرنے والا۔
مجید (مَجِیْد) نام اللہ تعالیٰ، بزرگوار، گرامی۔
مجیدی (مَجِیْ۔ دِیْ) ایک ترکی سکہ۔
مجیر (مُجِیْر) دستگیر، مددگار، پناہ دینے والا۔
مجیکا (مُجِیْ۔ کَا) مجرموں کا عہدنامہ۔
مجیہ (مَجِیْ۔ چَہ) ایک قسم کی موسمی بوٹی جو جنگل میں اگتی ہے۔
مجیدن (مَجِیْ۔ دَنْ) اٹھلا کر چلنا، دیکھنا۔
مح (مُحّ) انڈے کی زردی۔
محابا (مُحَا۔ بَا) مروت، مدد، صلح، نگہداشت، لحاظ۔
محابات (مُحَا۔ بَاتْ) برضامندی جانبین مال سستا بیچنا۔
محاجات (مُحَا۔ جَاتْ) بہت پوچھ گچھ کرنا۔
محاورہ (مُحَا۔ وَرَہ) گفتگو، باہم بات چیت۔
محاولت (مُحَا۔ وَلَتْ) طلب کرنا، چاہنا۔

محاذ (مُحَاذْ) مقابلہ کی جگہ جمع مُحَاذات۔
محاذا، محاذات (مُحَا۔ذا، مُحَا۔ذَاتْ) مقابلہ، آمنا سامنا ہونا۔
محاذ جنگ (مُحَا۔ذِ۔جَنگ) لڑائی کا میدان۔
محاذرہ (مُحَا۔ذَرَہْ) آپس میں پرہیز کرنا۔
محاذق (مُحَا۔ذِقْ) جو محبت میں مخلص نہ ہو۔
محاذی (مُحَا۔ذِیْ) مقابل، روبرو، برابر ہونے والا۔
محارب (مُحَا۔رِبْ) لڑنے والا، جنگ کرنیوالا جمع مُحَارِبِین
محاربہ (مُحَا۔رَبَہ) جنگ، کاندار جمع مُحَارَبات۔
محارفہ (مُحَا۔رَفَہ) سلائی سے زخم معلوم کرنا۔
محارم (مُحَا۔رِمْ) محرم کی جمع۔
محاریب (مُحَا۔رِیْب) محراب کی جمع۔
محازات (مُحَا۔زَاتْ) برابر واقع ہونا۔
محاسب (مُحَا۔سِبْ) حساب داں، حساب کرنے والا۔
محاسبہ (مُحَا۔سَبَہ) کسی سے حساب یا شمار کرنا۔
محاسد (مُحَا۔سِدْ) حسد کرنے والا۔
محاسدہ (مُحَا۔سَدَہْ) حسد کرنا۔
محاسن (مُحَا۔سِنْ) حُسن کی جمع، ڈاڑھی، ریش۔
محاش (مُحَاشْ) سامان، دھن دولت۔
محاشات (مُحَا۔شَاتْ) استثنا کرنا۔
محاصر (مُحَا۔صِرْ) محاصرہ کرنیوالا (مُحَا۔صَرْ) محاصرہ کیا ہوا۔
محاصرہ (مُحَا۔صَرَہْ) راہ بندی، گھیراؤ ان۔
محاضرہ (مُحَا۔ضَرَہْ) سوال و جواب کرنا، دوڑ میں برابری کرنا۔
محافظ (مُحَا۔فِظْ) نگاہبان، گورنر جمع مُحَافِظِین۔
محافظت (مُحَا۔فَظَتْ) نگہبانی۔
محافل (مُحَا۔فِلْ) محفل کی جمع۔
محافہ (مُحَا۔فَہْ، مُحَاف۔فَہْ) فنس، پینس، اڑ ڈولی۔
محاق (مُحَاقْ، مِحَاقْ) چاند کا گھٹاؤ، چاند کے مہینہ کی آخری تین راتیں۔
محاکا، محاکات (مُحَا۔کَا، مُحَا۔کَاتْ) باہمی بات چیت، باہمی داستان گوئی۔
محاکم (مُحَا۔کِمْ) محکمہ کی جمع۔

محاکمہ (مُحَا۔کَمَہ) فیصلہ منصف جمع مُحَاکَمَات۔
محال (مُحَالْ) ناممکن بات جمع مُحَالات (مِحَالْ) مکر، حیلہ (مَحَالْ) محل کی جمع۔
محالف (مُحَا۔لِفْ) عہد کرنے والا۔
محالفت، محالفہ (مُحَا۔لَفَتْ، مُحَا۔لَفَہ) عہد کرنا، قسم کھانا، باہم حلف اُٹھانا۔
محالہ (مَحَا۔لَہ) چارہ، علاج، ید۔
محامی (مُحَامِیْ) نگاہ رکھنے والا، بیرسٹر، وکیل۔
محامات (مُحَا۔مَاتْ) نگاہ رکھنا، دفع کرنا۔
محاملت (مُحَا۔مَلَتْ) باہم بوجھ اٹھانا۔
محامی (مُحَا۔مِیْ) وکیل، پلیڈر۔
محانات (مُحَا۔نَاتْ) فروگزاشت کرنا۔
محاودہ (مُحَا۔وَدَہْ) جوانمردی میں مقابلہ کرنا۔
محاورت، محاورہ (مُحَا۔وَرَتْ، مُحَا۔وَرَہ) بول چال، بات چیت جمع مُحَاوَرَات، باہم بات کرنا۔
محاوزہ (مُحَا۔وَزَہْ) کسی سے ملنا۔
محاول (مُحَا۔وِلْ) حوالہ کرنیوالا، گرد پھرنے والا۔
محاولت (مُحَا۔وَلَتْ) ڈھونڈھنا، چاہنا۔
محب (مُحِبّ) دوست، محبت والا۔
محبانہ (مُحِبْ۔بَا۔نَہ) محب کی شکل۔
محبت (مُحَبْ۔بَتْ) دوستی، پریم۔
محبرہ (مَحْ۔بَرَہْ) دوات جمع مَحَابِر۔
محبس (مَحْ۔بِسْ) قید خانہ، زنداں (مِحْ۔بَسْ) بچھانے کا سامان (مُحْ۔بَسْ) قیدی، قید کیا ہوا۔
محبوب (مَحْ۔بُوْب) دوست، پیارا۔
محبوبہ (مَحْ۔بُوْ۔بَہ) پیاری، دوست عورت۔
محبوبی، محبوبیت (مَحْ۔بُوْ۔بِیْ، مَحْ۔بُوْ۔بِیْ۔یَتْ) پیارا پن۔
محبوس (مَحْ۔بُوْس) قیدی مرد، قید کیا گیا۔
محبوسانہ (مَحْ۔بُوْ۔سَا۔نَہ) قیدی کی مانند۔
محبوسہ (مَحْ۔بُوْ۔سَہ) قیدی عورت۔

مجوسی (ع ـ جُو ـ سِی) قید۔
مجبی (مُحِبّ ـ بِی) میرے محب۔
محت (ع ـ حْ ـ تّ) سخت چیز۔
محتاج (ع ـ تاج) حاجت مند، غریب، کنگال۔
محتاجی (ع ـ تا ـ جی) کنگالی۔
محتاط (ع ـ تاط) احتیاط کیا ہوا۔
محتال (ع ـ تال) مکر و حیلہ کرنے والا۔
محتالہ (ع ـ تا ـ لَہ) مکر و حیلہ کرنے والی۔
محتجب (ع ـ تَجِب) پوشیدہ، چھپنے والا۔
محتجف (ع ـ تَجِف) خود کو باز رکھنے والا۔
محتد (ع ـ تِد) اصل۔
محترز (ع ـ تَرِز) پرہیز کرنیوالا (ع ـ تَرَز) پرہیز کیا ہوا۔
محترف (ع ـ تَرِف) پیشہ ور۔
محترق (ع ـ تَرِق) جلنے والا (ع ـ تَرَق) جلا ہوا۔
محترم (ع ـ تَرَم) احترام کیا گیا۔
محترمی (ع ـ تَرَ ـ مِی) میرے محترم۔
محتسب (ع ـ تَسِب) احتساب کرنیوالا (ع ـ تَسَب) احتساب کیا ہوا۔
محتشم (ع ـ تَشِم) خدم و حشم والا۔
محتظ (ع ـ تَظ) خوش، مسرور، بہرہ یاب۔
محتقن (ع ـ تَقِن) جڑسے اکھاڑا ہوا۔
محتقن (ع ـ تَقَن) فتنہ کیا ہوا (ع ـ تَقِن) فتنہ کرنے والا۔
محتکر (ع ـ تَکِر) اجارہ لینے والا، گراں فروشی کو غلہ بھرنے والا (ع ـ تَکَر) اجارہ لیا ہوا۔
محتمل (ع ـ تَمَل) احتمال کیا ہوا۔
محتوم (ع ـ تُوم) حکم کیا ہوا، واجب کیا ہوا۔
محتوی (ع ـ تَوِی) گھراؤ کرنے والا، محیط ہونے والا۔
محجل (ع ـ جَّل) سفید پاؤں کا مشکی یا سرنگا گھوڑا۔
محجمہ (ع ـ جَمَہ) پچھنہ، سینگی۔
محجن (ع ـ جَن) سینگی، نیچہ، چوگان۔

محجوب (ع ـ جُوب) پنہاں، پوشیدہ، جھینپا ہوا، شرمندہ
محجوبہ (ع ـ جُو ـ بَہ) پردہ نشین عورت۔
محجور (ع ـ جُور) منع کیا گیا، حرام کیا گیا۔
محدب (مُحَدّ ـ دَب) ابھارا ہوا۔
محدث (مُحَدّ ـ دِث) علم حدیث جاننے والا جمع محدثین (ع ـ دِث) نیا پیدا کرنیوالا (ع ـ دَث) نیا پیدا کیا ہوا، ٹوٹا ہوا، وضو ٹوٹا ہوا۔
محدود (ع ـ دُود) حد کیا گیا، انتہا کیا گیا۔
محذور (ع ـ ذُور) ڈراونی چیز۔
محذوف (ع ـ ذُوف) حذف کیا ہوا، کاٹا ہوا۔
محذی (ع ـ ذا) یانی جو ہوپی کا اوزار ہے۔
محرار (مُحر ـ را) سخت کریم۔
محراب (ع ـ راب) کمان کی شکل کا طاق جمع محاریب۔
محرابی (ع ـ را ـ بِی) قسم تلوار، مسجد۔
محراث (ع ـ راث) بونے اور زمین درست کرنیکا آلہ
محراک (ع ـ راک) حرکت دینے کا آلہ۔
محربہ (ع ـ رَبَہ) کوڑا، جو بدستی جمع حرابات۔
محرر (مُحَرّ ـ رِر) اڈیٹر، لکھنے والا، آزاد کرنے والا (مُحَرّ ـ رَر) لکھا ہوا، آزاد کیا ہوا۔
محرص (مُحَرّ ـ رِص) کسی شغف یا لالچ میں ڈالنے والا۔
محرض (مُحَرّ ـ رِض) سنکارنے والا، لڑائی پر ابھارنیوالا (مُحَرّ ـ رَض) ابھارا ہوا۔
محرف (مُحَرّ ـ رِف) بات مطلب سے پھیرنے والا (مُحَرّ ـ رَف) آڑا، مطلب سے پھیرا ہوا۔
محرق (ع ـ رِق) جلانیوالا (ع ـ رَق) جلایا ہوا (مُحَرّ ـ رِق) بہت پھاڑنیوالا (مُحَرّ ـ رَق) بہت پھاڑا ہوا۔
محرقہ (ع ـ رِقَہ) جلانیوالی، ایک سخت بخار، ٹائیفائڈ فیور۔
محرک (مُحَرّ ـ رِک) تحریک کرنیوالا، حرکت دینے والا (مُحَرّ ـ رَک) حرکت دیا ہوا، تحریک کیا ہوا۔
محرم (مُحَرّ ـ رَم) پہلا اسلامی قمری مہینہ، حرام کیا ہوا، احرام باندھا ہوا جمع محرمات (ع ـ رِم) احرام باندھنے والا

(ع۔ رَم) دانشکار جس سے نکاح حرام ہو جمع مَحَارِم۔
محرور (ع۔ رُور) گرم مزاج، دبلا۔
محروس (ع۔ رُوس) زیر نگرانی، نگاہ رکھا گیا۔
محروسہ (ع۔ رُو۔ سہ) نگاہبانی کیا ہوا، اپنی چیز، سلطنت، ملک بادشاہی۔
محروق (ع۔ رُوق) جلایا ہوا۔
محروم (ع۔ رُوم) بے نصیب، بے روزی، باز رکھا ہوا، منھ پھیرا ہوا۔
محرومی (ع۔ رُو۔ مِی) بے نصیبی۔
محرومیت (ع۔ رُو۔ مِی یَت) بے نصیبی پن۔
محزون (ع۔ زُون) غمگین، رنجیدہ۔
محزونی (ع۔ زُو۔ نِی) غمگینی، رنجیدگی۔
محزونیت (ع۔ زُو۔ نِی یَت) غمگین پن۔
محسن (ع۔ سِن) احسان کرنے والا جمع مُحسِنِین (ع۔ سَن) احسان کیا ہوا، مُحَسِّن (سِّن) تعریف کرنے والا، مُحَسَّن (سَّن) تعریف کیا ہوا۔
محسنہ (ع۔ سِنہ) احسان کرنیوالی (ع۔ سَنہ) نیک رکھی ہوئی چیز، نیکی جمع مُحسَنَات (مُحَسِّنہ سِّنہ) تعریف کرنے والی (مُحَسَّنہ سَّنہ) تعریف کی ہوئی۔
محسوب (ع۔ سُوب) شمار میں لایا ہوا، حساب کیا ہوا۔
محسود (ع۔ سُود) جس پر حسد کیا جاوے، حسد کیا ہوا۔
محسوس (ع۔ سُوس) ظاہر، آشکارا، حس کے ذریعہ جانی ہوئی چیز جمع مَحسُوسَات۔
محشر (ع۔ شَر) میدان حشر، قیامت کے دن اکٹھا ہونیکی جگہ۔
محشو (ع۔ شُو، ع۔ شُو) بھرا ہوا، پُر کیا ہوا۔
محشور (ع۔ شُور) حشر کیا ہوا، قیامت کے دن اٹھایا ہوا۔
محشوش (ع۔ شُوش) جھلا ہوا، آلودہ، مکروہ۔
محشم (مُحتَشَم، شَم) آدمی کی مقعد۔
محشی (مُحَشّٰی، شّٰی) حاشیہ چڑھایا ہوا، کنارے پر کچھ لکھا یا بنایا ہوا (مُحَشِّی، شِّی) حاشیہ چڑھانے والا۔
محصل (مُحَصِّل، صِّل) تحصیل کرنے والا، وصول کرنے والا، حاصل کرنیوالا (مُحَصَّل، صَّل) حاصل کیا ہوا، وصول کیا ہوا (ع۔ صَل) حاصل ہونے کی جگہ جمع مَحَاصِل۔
محصن (ع۔ صِن) جورو والا، پارسا جمع مُحصِنِین۔
محصنہ (ع۔ صِنَہ) سہاگن، شوہر والی، پارسا، حاملہ جمع مُحصِنَات۔
محصود (ع۔ صُود) کٹی ہوئی کھیتی۔
محصور (ع۔ صُور) گھیرا ہوا، قید، حصر کیا ہوا جمع مَحصُورِین۔
محصول (ع۔ صُول) ٹیکس جمع مَحَاصِل، مَحصُولَات۔
محض (ع۔ حض) خالص چیز۔
محضر (ع۔ ضَر) عام درخواست، شاہی حاضری، باریابی، حاضر ہونے کی جگہ، حاضر ہونے کا وقت۔
محضرنامہ (ع۔ ضَر نا۔ مَہ) حاضر ہونیوالوں کی فہرست۔
محط (مَحَط، طّ) ریلوے اسٹیشن۔
محظور (ع۔ ظُور) خلاف قانون، ممنوع، احترام کیا ہوا جمع مَحظُورَات۔
محظوظ (ع۔ ظُوظ) خوش، بہرہ مند، نصیب ور۔
محفر (ع۔ فَر) پھاوڑا، کسّی، کلنا۔
محفظہ (ع۔ فَظَہ) نوٹ بک، یادداشت کی کتاب۔
محفل (ع۔ فِل) آدمیوں کے جمع ہونیکی جگہ جمع مَحَافِل۔
محفوظ (ع۔ فُوظ) حفاظت کیا ہوا۔
محفوف (ع۔ فُوف) گھیر ڈالا ہوا۔
محفہ (مِحَفَّہ، فَہ) دیکھو محافہ۔
محق (مُحِق) امر معقول، حق بجانب (ع۔ ق) باطل کرنا، رد کرنا، پھینکنا۔
محقر (مُحَقَّر، قَّر) حقیر، شرمندہ کیا ہوا۔
محقق (مُحَقِّق، قِّق) تحقیق کرنے والا جمع مُحَقِّقِین (مُحَقَّق، قَّق) تحقیق کیا ہوا، ایک رسم الخط۔
محقنہ (ع۔ قَنَہ) حقنہ کرنے کا آلہ۔
محقوق (ع۔ قُوق) ٹھیک کیا ہوا۔
محک (مِحَک، حَک) کسوٹی۔
محکم (ع۔ کَم) مضبوط، پائیدار، مستعد جمع مُحکَمَات۔
محکمات (ع۔ کَمَات) قرآن شریف کی بالکل صاف معنوں کی آیتیں

محکمہ (مُحَ۔ کَمَہ) عدالت، کچہری، حکمرانی کی جگہ جمع محاکم۔
محکمی (مُحَ۔ کَمِی) مضبوطی، پائداری۔
محکوم (مَحْ۔کُوم) مطیع، حکم کیا گیا۔
محکیہ (مُحَ۔کِیْ۔یَہ) حکایت کیا ہوا۔
محل (مَحَلّ) عمارت، گھر، مکان، جگہ، موقعہ، علاقہ جمع
مَحَال، مَحلّات (مَحَلّ) لائق تعزیر (مَحْ۔ل)
خشک سال، کال، مکر، حیلہ (مَحِلّ) قرض دینے کا وقت۔
محلاج (مِحْ۔لاج) اوٹنی، چرخی جس سے روئی وغیرہ اوٹتی ہیں
محل الاستراحت (مَحَلّ الْ۔اِسْ۔تِرا۔حَت) ریلوے مسافرخانہ
محلب (مَحْ۔لَب) دودھ دانی جمع محالب (مَحْ۔لِب) بازیگر۔
محلف (مُحَ۔لِّف) حلف دینے والا (مُحَ۔لَّف) حلف دیا ہوا۔
محلل (مُحَلِّل) تحلیل کرنیوالا (مُحَلَّل) تحلیل کیا ہوا۔
محل نظر (مَحَلّ۔ لِ۔نَظَر) مقام غور، جائے اعتراض۔
محلوج (مَحْ۔لُوج) دھنی ہوئی روئی۔
محلول (مَحْ۔لُول) حل کیا ہوا، گھلا ہوا۔
محلہ (مَحَلّ۔لَہ) آبادی کا ایک مخصوص نامزد حصہ، اترنے
کی جگہ، منزل، آدمیوں کی جگہ جمع محال، محلات۔
محلی (مَحَلّ۔لِی) منسوب بہ محل، شاہی خواجہ سرا (مُحَلّ۔لا)
آراستہ، صفت کیا ہوا۔
محمد (مُحَمْ۔مَد) سردار دو عالم بانی امت داعی کا نام پاک، بہت
تعریف کیا ہوا۔
محمدت (مَحْ۔مَدَت) تعریف جمع محامد۔
محمدی (مُحَمْ۔مَدِی) مسلمان، منسوب بہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔
محمص (مُحَمْ۔مِص) بھبھڑ بھونجا۔
محمل (مَحْ۔مِل) اونٹ کا کجاوہ جمع محامل (مَحْ۔مَل)
تلوار کا پرتلہ۔
محمود (مَحْ۔مُود) تعریف کیا ہوا۔
محمودہ (مَحْ۔مُو۔دَہ) تعریف کی ہوئی، سقمونیا جو ایک
قسم کی جھاڑیوں کا کڑوا گوند ہے۔
محمودی (مَحْ۔مُو۔دِی) ململ ایک نفیس قسم۔
محمول (مَحْ۔مُول) گمان کیا ہوا، بوجھ لادا ہوا۔

محموم (مَحْ۔مُوم) جس کو تیز بخار ہو۔
محن (مِحَ۔ن) آزمانا (مِحَن) محنت کی جمع
محنت (مِحْ۔نَت) تکلیف، دکھ، رنج جمع مِحَن۔
محنت زدہ، محنت کش (مِحْ۔نَت۔ زَ۔دَہ،
مِحْ۔نَت۔کَش) تکلیف اٹھانے والا۔
محنت کشی (مِحْ۔نَت۔کَشِی) تکلیف اٹھانا۔
محنتانہ (مِحْ۔نَتا۔نَہ) محنت کی مزدوری۔
محنتی (مِحْ۔نَتِی) محنت کرنے والا۔
محنک (مُحَنْ۔نَک) گھاگ۔
محو (مَحْ۔و) کسی چیز پر سے کوئی چیز مٹانا یا صاف کرنا، حروف
یا نقوش مٹانا، کھویا ہوا ہونا، چاند کے داغ، عاشق، دیوانہ۔
محور (مِحْ۔وَر) جس پر کوئی چیز گھومے، چاک کی کیلی، وہ موہوم
خط مستقیم جس کا ایک سرا قطب شمالی اور دوسرا قطب
جنوبی سے ملا ہوا ہے۔
محوطہ (مُحَوْ۔وَطَہ) احاطہ کرنیکی جگہ، اکٹھا کرنیکی جگہ۔
محول (مُحَوْ۔وِل) پھرانیوالا، حوالے اور سپرد کرنے والا
(مُحَوْ۔وَل) سپرد کیا ہوا۔
محی (مُحْ۔ی، مُحْیّ) زندہ کرنے والا۔
محیا (مُحَیّا) انسان کا چہرہ۔
محیات (مُحَیْ۔یات) زندہ کی ہوئی جماعت۔
محیض (مَحِیض) حالت حیض۔
محیط (مُحِیط) گھیرنے والا، سمندر۔
محیل (مُحِیل) حیلہ گر، مکار۔
محیلہ (مُحِی۔لَہ) حیلہ گر عورت، مکار عورت۔
مخ (مُخّ) خلاصہ، گودا، مغز سر، کھوپڑی (مَخ) آگ، زنبور، بھڑ۔
مخابرہ (مُخا۔بَرَہ) خبر رسانی، باہم خبریں پہونچانا۔
مخادشہ، مخادشت (مُخا۔دَشَہ، مُخا۔دَشَت) جھیلنا۔
مخادع (مُخا۔دِع) مکر و فریب کرنے والا (مُخا۔دَع)
فریب کیا ہوا۔
مخادعت (مُخا۔دَعَت) مکر و فریب، دھوکا دھڑی جمع مخادعات۔
مخاونت (مُخا۔وَنَت) دوستی رکھنا۔

مخادیم (مخا۔دِیم) مخدوم کی جمع ـــ
مخاذیل (مخا۔ذِیل) مخذول کی جمع ـــ
مخارج (مخا۔رِج) مخرج کی جمع ۔
مخاشنت (مخا۔شَنت) جھیلنا ـــ
مخازن (مخا۔زِن) مخزن کی جمع ـــ
مخاشنہ (مخا۔شَنہ) خشونت کرنا، درشتی کرنا ـــ
مخاصم (مخا۔صِم) باہم خصومت کرنیوالا جمع مخاصمین
(مخا۔صَم) باہم خصومت کیا ہوا ـــ
مخاصمت، مخاصمہ (مخا۔صَمت، مخا۔صَمہ) باہمی دشمنی۔
مخاض (مخاض) دردزہ، بچہ جننے کا درد ۔
مخاط (مخاط) رینٹ، ناک کی ریزش ـــ
مخاطب (مخا۔طِب) خطاب کرنیوالا، بولنیوالا جمع مخاطبین
(مخا۔طَب) جس سے بات کیجائے، خطاب دیا ہوا ـــ
مخاطبت (مخا۔طَبت) آپس میں خطاب کرنا جمع مخاطبات
مخاطرہ (مخا۔طَرہ) خطر، اندیشہ، خطرے میں ڈالنا ۔
مخاطی (مخا۔طی) خطا کرنیوالا، بہت رقیق بلغم ۔
مخاف (مخاف) خوف کی جگہ جمع مخاوف ۔
مخافت (مخا۔فت) کھٹکا، خوف، ڈر جمع مخافات
(مخا۔فِت) آہستہ پڑھنے والا (مخا۔فَت) آہستہ پڑھا ہوا۔
مخافتت (مخا۔فَتت) آہستہ پڑھنا ـ
مخالست (مخا۔لَست) چیز اچک لے جانا۔
مخالصت (مخا۔لَصت) آپس میں خلوص رکھنا ـــ
مخالط (مخا۔لِط) باہمی میل رکھنے والا ـــ
مخالطت (مخا۔لَطت) باہمی میل جول، آپس کی دوستی۔
مخالعت، مخالعہ (مخا۔لَعت، مخا۔لَعہ) مہر معاف کرکے عورت کا شوہر سے طلاق لینا ۔
مخالف (مخا۔لِف) وہ آدمی جو خلاف ہو، دشمن جمع مخالفین
مخالفت (مخا۔لَفت) باہمی دشمنی، اختلاف کرنا ـــ
مخالقت (مخا۔لَقت) اخلاق سے پیش آنا ـــ
مخالمہ (مخا۔لَمہ) دوستی رکھنا ـــ
مخام (مخام) خیمہ کھڑا کرنا ـــ

مخاوذہ (مخا۔وَذہ) مخالفت کرنا ۔
مخبر (مُخ۔بِر) خبر دینے والا، جاسوس ـ
مخبز (مَخ۔بَز) روٹی پکنے کی جگہ جمع مخابز ـــ
مخبط (مُخَبَّط) خبطی، پاگل، فاسد، تباہ، ملا جلا ہوا۔
مخبوط (مَخ۔بُوط) خبطی، ملایا ہوا، ملا ہوا ـــ
مختار (مُخ۔تار) اختیار دیا ہوا، کرتا دھرتا، وکیل قانونی کا ایک منصب
مختار کل (مُخ۔تا۔رِ۔کُل) ڈکٹیٹر ـــ
مختاری (مُخ۔تا۔ری) صاحب اختیار ہونا ـــ
مختال (مُخ۔تال) متکبر، مغرور ـــ
مختبط (مُخ۔تَبِط) شرم کے باعث رات کو چھپ کر مانگنے والا، بے وسیلہ مانگنے والا ـــ
مخترع (مُخ۔تَرَع) نئی چیز نکالی ہوئی، اختراع کی ہوئی۔
(مُخ۔تَرِع) نئی چیز نکالنے والا، اختراع کرنے والا جمع مخترعین ـــ
مختص (مُخ۔تَص) خاص کیا ہوا ـــ
مختصر (مُخ۔تَصَر) چھوٹا، جو طویل نہ ہو ـــ
مختصم (مُخ۔تَصِم) لڑائی کرنے والا ـــ
مختفی (مُخ۔تَفی) پوشیدہ
مختل (مُخ۔تَل، مُخ۔تَل) خلل پایا ہوا ـــ
مختلس (مُخ۔تَلِس) اچکا، بردار ـــ
مختلط (مُخ۔تَلِط) اختلاط رکھنے والا، ملنے والا (مُخ۔تَلَط) ملا ہوا، اختلاط رکھا ہوا ۔
مختلف (مُخ۔تَلِف) اختلاف کرنیوالا (مُخ۔تَلَف) اختلاف کیا ہوا ـ
مختم (مُخَتَّت، مُخَتَّم) مہر لگا ہوا، قفل لگا ہوا (مُخَتِّت، مُخَتِّم) مہر لگانے والا ـ
مختوم (مَخ۔تُوم) مہر لگا ہوا جمع مخاتیم ـــ
مختون (مَخ۔تُون) ختنہ کیا ہوا ـــ
مخجل (مُخ۔جَل) شرمندہ کیا ہوا ـــ
مخذر (مُخَذِّر) بدن کو سست اور بے حس کرنے والی چیز

(مُخَدَّ، دَرْ) سست اور سن ہوا بدن، پردہ میں بٹھائی ہوئی چیز۔
مخدره (مُخَدَّ، دَرَہْ) سست اور سن ہوئی مونث چیز، پردہ نشین بی بی جمع مُخَدَّرات۔
مخدوش (مَخْ۔ دُوْش) خدشہ کیا ہوا، شک و شبہ کیا ہوا۔
مخدوم (مَخْ۔ دُوْم) خدمت کیا ہوا جمع مَخَادِیم۔
مخدومہ (مَخْ۔ دُوْ۔ مَہ) خدمت کی ہوئی۔
مخدومیت (مَخْ۔ دُوْ۔ مِیْ۔ یَتْ) بزرگی، سرداری۔
مخده (مِخَدْ، دَہْ) گل تکیہ، گردبالش۔
مخذول (مَخْ۔ ذُوْل) ذلیل، خوار، ذلیل کیا ہوا جمع مَخَاذِیل۔
مخراط (مِخْ۔ رَاطْ) دیکھو مخرط۔
مخراق (مِخْ۔ رَاقْ) دُرّہ۔
مخرب (مُخَرْ، رِبْ) بگاڑنے والا (مُخَرْ، رَبْ) بگاڑا ہوا۔
مخرج (مَخْ۔ رَجْ) باہر نکلنے کی جگہ جمع مَخَارِج (مُخْ۔ رِجْ) باہر نکلنے والا (مُخْ۔ رَجْ) باہر نکلا ہوا۔
مخرط (مِخْ۔ رَطْ) خراد، خراد کا آلہ۔
مخرق (مُخَرْ، رِقْ) ٹکڑے کرنے والا (مُخَرْ، رَقْ) ٹکڑے کیا ہوا۔
مخروس (مَخْ۔ رُوْس) چھیلا ہوا، ترشا ہوا۔
مخروط (مَخْ۔ رُوْط) نوکیلی گاؤدم چیز، خراط کیا ہوا۔
مخروطی (مَخْ۔ رُوْ۔ طِیْ) منسوب طرف مخروط۔
مخزن (مَخْ۔ زَنْ) ذخیرہ، خزانہ، اکٹھا کرنے کی جگہ جمع مَخَازِن۔
مخزون (مَخْ۔ زُوْن) خزانہ کی چیز جمع مَخْزُوْنَات۔
مخسور (مَخْ۔ سُوْر) نقصان پہونچایا ہوا، ٹوٹا دیا ہوا۔
مخنش (مُخَنْ۔ نَشْ) ملنسار۔
مخصص (مُخَصْ، صَصْ) تخصیص کیا ہوا (مُخَصْ، صِصْ) تخصیص کرنے والا۔
مخصف (مَخْ۔ صَفْ) ستالی۔
مخصوص (مَخْ۔ صُوْص) خاص کیا ہوا۔
مخضال (مِخْ۔ ضَالْ) داس، ہنسیا۔
مخضب (مُخَضْ، ضَبْ) خضاب کیا ہوا، رنگین کیا ہوا (مُخَضْ، ضِبْ) خضاب کرنے والا، رنگنے والا۔
مخضر (مُخَضْ، ضَرْ) ہرا بھرا کیا ہوا (مَخْ۔ ضَرْ) ہرا دل کی جگہ۔

مخضره (مَخْ۔ ضَرَہْ) مرغزار جمع مَخَاضِر۔
مخضود (مَخْ۔ ضُوْد) کانٹوں سے صاف کیا ہوا درخت۔
مخطط (مُخَطْ، طَطْ) دھاری دار، خط کھینچا ہوا۔
مخطوب (مَخْ۔ طُوْب) منگیتر مرد۔
مخطوبہ (مَخْ۔ طُوْ۔ بَہ) منگیتر عورت۔
مخطور (مَخْ۔ طُوْر) فکر، اندیشہ، جس چیز کا خطرہ دل میں آوے، خوف کی چیز جمع مَخْطُوْرَات۔
مخطی (مُخْ۔ طِیْ) جس کا قصد نیکی کا ہو مگر نادانستہ خطا سرزد ہو جاوے۔
مخفف (مُخَفْ، فَفْ) تخفیف کیا ہوا۔
مخفوض (مَخْ۔ فُوْض) لوٹا ہوا، پست کیا ہوا۔
مخفی (مَخْ۔ فِیْ) پوشیدہ۔
مخل (مُخِلْ) خلل انداز، خلل ڈالنے والا۔
مخلا (مَخْ، لَا) دیکھو مخلی۔
مخلات (مِخْ۔ لَاتْ) توبڑہ، علیقہ۔
مخلاف (مِخْ۔ لَافْ) سخت وعدہ خلاف۔
مخلب (مِخْ۔ لَبْ) کانٹا، شکاری پرند کا پنجہ، شیر وغیرہ کا پنجہ جمع مَخَالِب۔
مخلخل (مُخَلْ۔ خَلْ) الگ الگ، اجزا کیا ہوا۔
مخلد (مُخَلْ، لَدْ) ہمیشہ، دائمی۔
مخلص (مُخْ۔ لِصْ) خالص دوست، اخلاص کرنے والا جمع مُخْلِصِیْن (مُخْ۔ لَصْ) خالص کیا ہوا (مَخْ۔ لَصْ) رہائی، اخلاص کی جگہ جمع مَخَالِص (مُخَلْ، لَصْ) خلاصہ کیا ہوا، چھوڑا ہوا (مُخَلْ، لِصْ) خلاصہ کرنے والا، چھوڑنے والا۔
مخلصانہ (مُخْ۔ لِصَا۔ نَہ) دوستانہ۔
مخلصی (مُخْ۔ لِصِیْ) رہائی۔
مخلط (مُخَلْ، لَطْ) ملایا ہوا (مُخَلْ، لِطْ) ملانے والا۔
مخلع (مُخَلْ، لَعْ) خلعت دیا ہوا۔
مخلف (مُخَلْ، لَفْ) پیچھے چھوڑا ہوا (مُخْ۔ لِفْ) کبوتر کا بچہ۔
مخلل (مُخَلْ، لَلْ) اچار، سرکہ کیا ہوا۔
مخلوط (مَخْ۔ لُوْط) ملا جلا، ملا ہوا۔

مخلوط النسل (مَخ۔ لُو۔ طُن۔ نَس۔ ل) دوغلا، دونسلا۔
مخلوع (مَخ۔ لُوع) باہر لایا ہوا، نکالا ہوا۔
مخلوق (مَخ۔ لُوق) پیدا کی ہوئی چیز جمع **مخلوقات**۔
مخلّی (مُخَل۔ لا) خالی کیا ہوا، چھوڑا ہوا۔
مخلّی بالطبع (مُخَل۔ لا۔ بِط۔ طَب۔ ع) بلا تکلف۔
مخمّر (مُخَم۔ مَر) خمیر کیا ہوا، گوندھا ہوا (مُخَم۔ مِر) گوندھنے والا (مَخ۔ مِر) دل میں رکھنے والا۔
مخمّس (مُخَم۔ مَس) پانچ جز والی چیز، پانچ مصرعوں کی نظم جمع **مخمّسات**۔
مخمصہ (مَخ۔ مَصَہ) بھوک، اضطراب، افزا غم۔
مخمل (مَخ۔ مَل) ایک ملائم کپڑا۔
مخملی، مخملین (مَخ۔ مَلی، مَخ۔ مَلین) منسوب بہ مخمل، مخمل کا۔
مخمور (مَخ۔ مُور) متوالا، شراب پیا ہوا۔
مخنّث (مُخَن۔ نَث) ہیجڑا۔
مخنق (مِخ۔ نَق) دیکھو مخنوق (مَخ۔ نَق) گلا گھونٹنے کا آلہ۔
مخنقہ (مِخ۔ نَقَہ) گردن کا پٹا، گردن گھونٹنے کا آلہ۔
مخنکر (مُخَن۔ کِر) قوال، خنیاگر، گویا، ڈوم۔
مخنوق (مَخ۔ نُوق) گلا گھونٹا ہوا، گردن مسوسا ہوا۔
مخوّف (مُخَو۔ وَف) ڈرایا ہوا (مُخَو۔ وِف) ڈرانے والا (مَخُوف) ڈرا ہوا (مَخ۔ وَف) خوف کی جگہ جمع **مخاوف**۔
مخیدت (مُخی۔ دَت) رٹپنا، ہلنا، حرکت کرنا، جھپکنا، نافرمانی کرنا، گھسنا۔
مخیدہ (مُخی۔ دَہ) خراب، پھسلا ہوا۔
مخیّر (مُخَی۔ یِر) بہت خیرات کرنے والا، سخی، اختیار دینے والا (مُخَی۔ یَر) اختیار دیا ہوا (مُخَیبر) مہیتر کا خار۔
مخیبص (مُخَیبِص) چھاچھ، مٹھا، دوغ۔
مخیط (مِخ۔ یَط) سینے کا آلہ جمع **مخائط** (مَخیط) سلا ہوا (مُخَی۔ یَط) سلائی، بھیجڑا، بینٹا۔
مخیّل (مُخَی۔ یَل) خیالی، خیال کیا ہوا (مُخَی۔ یِل) خیال کرنے والا۔
مخیلہ (مُخَی۔ یَلَہ) گذرگاہِ خیال، دماغ جمع **مخائل**۔
(مُخَی۔ یِلَہ) خیال کرنے کی قوت۔
مخیّم (مُخَی۔ یَم، مُخَی۔ یِم) خیمہ لگانے کی جگہ۔
مد (مَد) کشش، کھچاؤ، زیادتی، لمبائی، چڑھاؤ، سیاہی (مُد) ایک پیمانہ۔
مدّاح (مَد۔ داح) تعریف کرنے والا۔
مداحانہ (مَد۔ دا۔ حانَہ) مداح کی مانند۔
مداحی (مَد۔ دا۔ حی) تعریف کرنا۔
مداخل (مَدا۔ خِل) مدخل کی جمع، آمدنی۔
مداخلت (مُدا۔ خَلَت) دخل اندازی، دخل دینا۔
مداد (مِداد) لکھنے کی روشنائی۔
مدار (مَدار) دائرہ، دورہ، حلقہ، گردش، مرکز، درمیان جمع **مدارات**۔
مدارا، مدارات (مُدا۔ را، مُدا۔ رات) خاطر تواضع، صلح آشتی کرنا، رعایت کرنا۔
مدار المہام (مَدا۔ رُل۔ مَہام) ذمہ دار حاکم اعلیٰ، وزیر۔
مدارس (مَدا۔ رِس) مدرسہ کی جمع۔
مدارست (مُدا۔ رَسَت) باہم پڑھنا پڑھانا۔
مدارکار (مَدا۔ رِ۔ کار) کارکن، کام کا مرکز۔
مدارکت (مُدا۔ رَکَت) لگاتار کرنا۔
مداعات (مُدا۔ عات) بھید پوچھ گچھ کرنا۔
مداعبت (مُدا۔ عَبَت) مزاح، خوش طبعی۔
مداعت (مَدا۔ عَت) حقہ، قلیان۔
مداعسہ (مُدا۔ عَسَہ) نیزہ بازی، باہم نیزہ بازی کرنا۔
مدافع (مُدا۔ فِع) دفع کرنے والا۔
مدافعت (مُدا۔ فَعَت) ایک دوسرے کو دفع کرنا۔
مدال (مَدال) تمغہ، میڈل۔
مدام (مُدام) ہمیشہ، شراب (مَدام) میڈم۔
مدامی (مُدا۔ می) منسوب بہ مدام، ہمیشگی۔
مداوا، مداوات (مُدا۔ وا، مُدا۔ وات) چارہ سازی، دوا درمن کرنا۔
مداومت (مُدا۔ وَمَت) ہمیشگی۔

مداوی (مُدَا - وَا) علاج کیا ہوا، دوا دارو کیا ہوا۔
مداہن (مُدَا - ہِن) سُستی کرنے والا، جھوٹ بولنے والا۔
مداہنت (مُدَا - ہَنَت) دودلی، خیانت کرنا، چھپانا، جھوٹ بولنا، نفاق کرنا، جو دل میں ہو اُسکی برخلاف کہنا
مدارج (مَدَا - رِج) مدرجہ کی جمع۔
مداینہ (مُدَا - یَنَہ) قرض دینا، ادھار بیچنا۔
مدبر (مُدَبْ - بِر) صاحب تدبیر، پالیٹیشین جمع مُدَبِّرین (مُدَبْ - بَر) تدبیر کیا ہوا (مُدْ - بَر) بدبخت، راندہ۔
مدبلبل (مَدْ - دِ - بُل بُل) بلبل کا نالہ۔
مدبوغ (مَدْ - بُوغ) دباغت کیا ہوا۔
مدت (مُدْ - دَت) عرصہ، دیر۔
مدح (مَدْح) تعریف، ستائش۔
مدحت (مِدْ - حَت) تعریف، ستائش جمع مَدَائح۔
مدحرج (مُدَحْ - رَج) گول۔
مدحیہ (مَدْ - حِی - یَہ) منسوب بہ مدح، مدح والی چیز۔
مدخل (مَدْ - خَل) داخلہ، دخل کی جگہ جمع مَداخِل، دخل کرنا، داخل ہونا (مُدْ - خَل) دخل کرنیکی جگہ، دخل کیا ہوا (مُدْ - خِل) منحوس، دخل کرنے والا۔
مدخنہ (مُدْ - خَنَہ) چمنی، دھواں نکلنے کی جگہ۔
مدخول (مَدْ - خُول) آمدنی، داخل کیا ہوا۔
مدخولہ (مَدْ - خُو - لَہ) گھر ڈالی ہوئی عورت، داخل کی ہوئی۔
مدد (مَدَد) کمک، امداد۔
مدد خواہ (مَدَد - خواہ) مدد چاہنے والا۔
مدد خواہی (مَدَد - خوا - ہی) مدد چاہنا۔
مددگار (مَدَد - گار) مدد کرنے والا۔
مدر (مُدِر) پیشاب لانیوالی چیز (مَدَر) ڈھیلا، زمین۔
مدرار (مِدْ - رَار) بہت بیٹھنے والا، مینھ۔
مدرج (مُدْ - رِج) آپس میں لپٹنے والا (مُدْ - رَج) آپس میں لپٹا ہوا (مَدْ - رَج) چلنے کی جگہ۔
مدرجہ (مَدْ - رَجَہ) درجہ، راہ جمع مَدارِج۔
مدرس (مُدَرْ - رِس) پڑھانیوالا جمع مُدَرِّسین۔

مدرسہ (مَدْ - رَسَہ) پڑھنے پڑھانیکی جگہ جمع مَدارِس۔
مدرسی (مُدَرْ - رِسی) پڑھانے کا کام۔
مدرع (مُدَرْ - رَع) زرہ پوش۔
مدرک (مُدْ - رِک) سمجھنے والا، بات کو پہونچنے والا (مُدْ - رَک) سمجھا ہوا، دریافت کیا ہوا۔
مدرکہ (مُدْ - رِکَہ) سمجھ، عقل، ذہن۔
مدروس (مَدْ - رُوس) پرانی ہوئی چیز۔
مدظلہ (مَدْ - دَ ظِل - لُ - ہُو) اس کا سایہ دراز ہو۔
مدعا (مُدْ - دَعَا) مطلب، آرزو، دعوا کی ہوئی چیز۔
مدعو (مَدْ - عُو) بلایا ہوا، دعوت دیا ہوا۔
مدعی (مُدْ - دَعِی) دعوا کرنیوالا، مخالف، رقیب (مُدْ - دَعَا) دیکھو مدعا جمع مُدَّعیات۔
مدعی علیہ (مُدْ - دَعَا - عَلَی - ہ) جس پر دعوا کیا گیا ہو۔
مدغم (مُدْ - غَم) پیوست کیا ہوا، تشدید کے ذریعہ ایک حرف دوسرے میں ملایا ہوا (مُدْ - غِم) پیوست کرنے والا۔
مدفع (مِدْ - فَع) توپ جمع مَدافِع۔
مدفعی (مِدْ - فَعی) توپچی، توپ چلانے والا۔
مدفن (مَدْ - فِن) دفن کی جگہ جمع مَدافِن۔
مدفون (مَدْ - فُون) دفن کیا ہوا۔
مدقق (مُدَقْ - قِق) باریکی جانچنے والا، باریک نکتہ پیدا کرنیوالا (مُدَقْ - قَق) باریک بینی سے جانچا ہوا۔
مدقوق (مَدْ - قُوق) دق کا بیمار۔
مدقہ (مِدَقْ - قَہ) کوٹنے کا آلہ۔
مدلل (مُدَل - لَل) دلیل سے ثابت کیا ہوا (مُدَل - لِل) دلیل سے ثابت کرنے والا۔
مدلول (مَدْ - لُول) دلیل کیا ہوا۔
مدلہم (مُدْ - لَہِم) بہت کالا، تاریک جمع مُدلَہِمّات۔
مدمغ (مُدَمْ - مِغ) دماغدار، مغرور۔
مدمل (مُدَمْ - مِل) زخم صاف کر کے بھر لانیوالا۔
مدمن (مُدْ - مِن) ہمیشہ کوئی کام کرنے والا۔

مدن (مَدَن) کھڑا ہونا (مُدُن، مُدَن) مدینہ کی جمع۔
مدنظر (مَدِّ نظر) نگاہ کی رسائی، ارادہ۔
مدنی (مَدَنِی) منسوب بہ مدینہ، شہری، مدینہ کا باشندہ
مدنیت (مَدَنِیَّت) شہریت، شہری پن۔
مدوجزر (مَدّ و جَزْر) سمندر کا چڑھاؤ اتار، جوار بھاٹا۔
مدور (مُدَوَّر) گول، گرداگرد پھرایا ہوا۔
مدوس (مِدْوَس) گلی، بدداغ۔
مدون (مُدَوَّن) جمع کیا ہوا (مُدَوِّن) جمع کرنے والا۔
مدہ (مِدَّہ) زخم کی پیپ (مَدَّہ) وہ ساکن حرف علت (ا، و، ی) جس کی حرکت ماقبل موافق ہو۔
مدہامتان (مُدْہامَّتَان) دو سبز پتے، دو سبز باغ۔
مدہن (مُدْہُن) تیل کا برتن جمع مَدَاہِن۔
مدہوش (مَدْہُوش) بھوچکا، بیہوش۔
مدہون (مَدْہُون) گیلی زمین۔
مدی (مَدا) انتہا، نہایت، غایت۔
مدیان (مِدْیَان) بڑا قرضہ کرنے والا۔
مدیح، مدیحہ (مَدِیح، مَدِیحَہ) تعریف، ثنا جمع مَدَائِح۔
مدید (مَدِید) لمبا، دراز، کھینچا ہوا، نام بحر شاعری۔
مدیر (مُدِیر) اڈیٹر، کلکٹر، منتظم، گھمانے والا۔
مدیرانہ (مُدِیرَانَہ) مدیر کی مانند، مدیر سے منسوب۔
مدیرہ (مُدِیرَہ) اڈیٹرلیس، مدیر کا مونث۔
مدیریہ (مُدِیرِیَّہ) منسوب بہ مدیر، دفتر مدیر۔
مدین (مَدِین) بندہ، قرضدار، مزدوری دیا ہوا، خوار کیا ہوا۔
مدینہ (مَدِینَہ) شہر جمع مَدَائِن، مُدُن، مُدْن نام شہر عرب جس میں حضور سرور دو عالم کا مزار معلی ہے۔
مدیون (مَدْیُون) قرض دار، جس پر قرض ہو۔
مذ (مُذْ) صاحب، خداوند۔
مذا (مِذَاء) غیر مرد اور عورت کی یکجائی۔
مذاب (مُذَاب) پگھلا ہوا۔
مذاق (مَذَاق) ظرافت، ٹھٹھول، ذائقہ، چکھائی، چکھنے کی جگہ (مَذَّاق) جو محبت میں مخلص نہ ہو۔
مذاکر (مُذَاکِر) ذکر کرنے والا (مُذَاکَر) ذکر کیا ہوا۔
مذاکرہ (مُذَاکَرَہ) آپس میں بات چیت جمع مُذَاکَرَات۔
مذاہب (مَذَاہِب) مذہب کی جمع۔
مذبح (مَذْبَح) ذبح کرنے کی جگہ جمع مَذَابِح۔
مذبذب (مُذَبْذَب) ڈانواڈول جمع مُذَبْذَبِین۔
مذبوح (مَذْبُوح) ذبح کیا ہوا۔
مذبہ (مِذَبَّہ) مورچھل، چوری۔
مذخورہ (مَذْخُورَہ) ذخیرہ کیا ہوا۔
مذروع (مَذْرُوع) گز سے ناپا ہوا۔
مذرہ (مَذِرَہ) گندہ، خراب۔
مذعور (مَذْعُور) ڈرا ہوا۔
مذکار (مِذْکَار) جس کے یہاں صرف اولاد نرینہ پیدا ہو۔
مذکر (مُذَکَّر) نر، مونث کی ضد، یاد دلایا ہوا، نصیحت کیا ہوا (مُذَکِّر) یاد دلانے والا، نصیحت کرنے والا۔
مذکرہ (مُذَکِّرَہ) نوٹ، یادداشت، مردانی عورت۔
مذکور (مَذْکُور) ذکر، ذکر کیا ہوا۔
مذلت (مَذَلَّت) خواری، رسوائی۔
مذمت (مَذَمَّت) برائی، بدی۔
مذموم (مَذْمُوم) بد، برا، ذم کیا ہوا۔
مذنب (مُذْنِب) گنہگار۔
مذہب (مَذْہَب) دین، دھرم، راہ جمع مَذَاہِب (مُذَہَّب) سنہرا، سنہرا جھول چڑھا ہوا (مُذَہِّب) سنہرا جھول چڑھانے والا۔
مذہوب (مَذْہُوب) جھول کیا ہوا، زرنگار۔
مذیب (مُذِیب) پگھلانے والا۔
مذیبہ (مُذِیبَہ) پگھلانے والی۔
مر (مَر) رسی، کلہاڑی (مُر) پیمائش، شمار، بیحد، بہت، کلمہ حصر، خاص، صرف، تاکید جمع مَرار (مُرّ) کڑوا، ایک گوند کا نام ہے۔
مرا (مَرَا) مجکو (مِرَاء) لڑائی جھگڑا کرنا (مَرَاء) کھانا ہضم ہونا

(مَرَا) ہم مرتبہ ہونا (مَرْءٌ آدمی) مرد۔
مرابح (مُرَا۔ بِحْ) نفع سے بیچنے والا (مَرَابِحُ) مربح کی جمع۔
مرابحت (مُرَا۔ بَحَتْ) نفع سے بیچنا۔
مرابط (مُرَا۔ بِطْ) باہم ربط رکھنے والا۔
مرابطہ (مُرَا۔ بَطَہْ) ربط باہمی جمع **مُرَابَطَاتْ**۔
مرابی (مُرَا۔ بِیْ) سود خوار، بیاج لینے والا۔
مرات (مِرْ۔ آتْ) آئینہ جمع **مَرَایا** (مَرْءَاتْ) عورت
(مَرَاتْ) مرہ کی جمع۔
مراتب (مَرَا۔ تِبْ) مرتبہ کی جمع۔
مراجع (مُرَا۔ جِعْ) واپس پھرنے والا (مَرَاجِعْ) مرجع کی جمع۔
مراجعت (مُرَا۔ جَعَتْ) واپسی، لوٹنا، اُلٹا پھرنا۔
مراح (مَرَاحْ) شادی، خوشی (مُرَاحْ) راحت کی جگہ۔
مراحل (مَرَا۔ حِلْ) مرحلہ کی جمع۔
مراحم (مَرَا۔ حِمْ) مرحمت کی جمع۔
مراد (مُرَادْ) مطلب، مقصد، منشا جمع **مُرَادَاتْ**۔
مرادف (مُرَا۔ دِفْ) ہم معنی لفظ جمع **مُرَادِفَاتْ**۔
مرادفت (مُرَا۔ دَفَتْ) ایک پیچھے دوسرے کو بٹھانا۔
مرادی (مُرَا۔ دِیْ) منشا کے مطابق، موافق،
خرسج، چنیخ جمع **مُرَادِیَاتْ**۔
مرارت (مَرَا۔ رَتْ) کڑواہٹ، تلخی۔
مرارہ (مَرَا۔ رَہْ) حیوان کا پتہ جس میں رقیق زرد مادہ ہوتا ہے۔
مراسل (مُرَا۔ سِلْ) خط و کتابت کرنے والا۔
مراسلت (مُرَا۔ سَلَتْ) باہمی خط و کتابت۔
مراسلہ (مُرَا۔ سَلَہْ) نامہ، خط، باہمی خط و کتابت
جمع **مُرَاسَلَاتْ**۔
مراسم (مَرَا۔ سِمْ) رسم کی جمع۔
مراضعت (مُرَا۔ ضَعَتْ) دودھ پلائی۔
مراعات (مُرَا۔ عَاتْ) سلوک، رعایت، نگہداشت،
کنکھیوں سے دیکھنا۔
مراعات النظیر (مُرَا۔ عَاتُنْ نَظِیْر) شاعری میں
صنعت رعایت لفظی۔

مراعی (مُرَا۔ عِیْ) رعایت کرنے والا، نگہبانی کرنے
والا، چرانے والا (مَرَاعِیْ) مرعی کی جمع۔
مراغ، مراغہ (مَرَاغْ، مَرَا۔ غَہْ) لوٹنے کی جگہ۔
مراغب (مُرَا۔ غِبْ) رغبت کرنے والا۔
مراغبت (مُرَا۔ غَبَتْ) خواہش، رغبت۔
مراغہ (مُرَا۔ غَہْ) حیوان کا لوٹنا پوٹنا۔
مراغمت (مُرَا۔ غَمَتْ) جنگ کرنا۔
مرافات (مُرَا۔ فَاتْ) ہمواری، ماتری کرنا۔
مرافدہ (مُرَا۔ فَدَہْ) یاری کرنا، مدد کرنا۔
مرافع (مُرَا۔ فِعْ) مرافعہ کرنے والا۔
مرافعت، مرافعہ (مُرَا۔ فَعَتْ، مُرَا۔ فَعَہْ) مقدمہ، اپیل۔
مرافق (مُرَا۔ فِقْ) ہمراہ، رفاقت کرنے والا جمع **مُرَافِقِیْن**
(مَرَا۔ فِقْ) مرفق کی جمع۔
مرافقت (مُرَا۔ فَقَتْ) ہمراہی، رفاقت باہمی۔
مراق (مَرَاقْ) جنون کی ایک قسم، مالیخولیا۔
مراقب (مُرَا۔ قِبْ) نگہبان، امیدوار، ڈرنے
والا، مراقبہ کرنے والا۔
مراقبت (مُرَا۔ قَبَتْ) نگہبانی، امید، حراست۔
مراقبہ (مُرَا۔ قَبَہْ) خدا کا دھیان، نگہبانی، امید۔
مراقش (مَرَا۔ قِشْ) ملک مراکو (شمالی و مغربی افریقہ)
مراقی (مَرَا۔ قِیْ) مالیخولیا کا بیمار۔
مراکب (مَرَا۔ کِبْ) مرکب کی جمع۔
مراکبی (مَرَا۔ کِبِیْ) کشتیبان۔
مراکض (مُرَا۔ کِضْ) گھوڑا دوڑانے والا، چوکی۔
مراکضت (مُرَا۔ کَضَتْ) گھوڑ دوڑ۔
مراکلت (مُرَا۔ کَلَتْ) باہم لاتیں مارنا، لتیاؤ۔
مرام (مَرَامْ) مطلب، مراد، مقصد جمع **مَرَامَاتْ**۔
مراوح (مُرَا۔ وِحْ) ڈانوا ڈول (مَرَا۔ وِحْ)
مروحہ کی جمع۔
مراوحت (مُرَا۔ وَحَتْ) کام میں ڈانوا ڈول ہونا۔
مراہق (مُرَا۔ ہِقْ) نوجوان، بالغ ہونے کے قریب۔

مراہقت (مُرا۔ ہَقَت) بلوغ کو پہونچنا۔
مراہن (مُرا۔ ہِن) رہن رکھنے والا۔
مراہنت (مُرا۔ ہَنَت) رہن رکھنا۔
مراء (مِرَاء) خودنمائی، جنگ کرنا۔
مرائی (مُرا۔ اِئی) ریا کرنے والا، خودنما۔
مرایلہ (مُرا۔ یَلَہ) جلدی جانا۔
مربا (مُرَبّا) شکر کے قوام میں ڈالا ہوا پھل جمع مربیات۔
تربیت کیا ہوا، پالا ہوا (مَرْ۔ بَا) منظر، دیکھنے کی
جگہ، شکارگاہ، کھیل کا میدان۔
مربح (مُرَب۔ بِح) نفع بخش (مَرْ۔ بَح) فائدہ کی جگہ
جمع مَرابِح۔
مربض (مَرْ۔ بِض) بکریوں کے رہنے کی جگہ جمع مَرابِض۔
مربط (مَرْ۔ بِط) جانوروں کا کھڑک جمع مَرابِط
(مِرْ۔ بَط) جانور باندھنے کی جگہ۔
مربع (مُرَب۔ بَع) جو گوشہ جس کی لمبائی چوڑائی برابر
ہو، چہار گنا، چوڑا (مُرْ۔ بَع) بہاری منزل جمع مَرابِع
مربوب (مَرْ۔ بُوب) مخلوق، پالا ہوا۔
مربوط (مَرْ۔ بُوط) بندھا ہوا، ربط کیا ہوا، لگایا ہوا۔
مربوع (مَرْ۔ بُوع) میانہ قد، چارشانہ۔
مربی (مُرَب۔ بِی) سرپرست، پرورش کرنیوالا، تربیت
کرنیوالا (مُرَب۔ بَا) دیکھو مربا (مُرْ۔ بِی) بیاج
خور، سود خوار۔
مرت (مَرْت) بنجر، خشکار۔
مرتاح (مُرْ۔ تَاح) عیش و نشاط کرنے والا۔
مرتاض (مُرْ۔ تَاض) ریاضت کرنے والا۔
مرتب (مُرَت۔ تِب) ترتیب دینے والا (مُرَت۔ تَب)
ترتیب دیا ہوا، تنخواہ۔
مرتبان (مَرْ۔ تَبَان) ایک برتن کا نام۔
مرتبت (مَرْ۔ تَبَت) دیکھو مرتبہ جمع مَراتِب۔
مرتبط (مُرْ۔ تَبِط) ربط دیا ہوا، لگایا ہوا۔
مرتبہ (مَرْ۔ تَبَہ) درجہ، رتبہ جمع مَراتِب۔
(مُرَت۔ تَبَہ) ترتیب دیا ہوا۔
مرتجا (مُرْ۔ تَجَا) امید رکھا ہوا۔
مرتد (مُرْ۔ تَد) اسلام چھوڑا ہوا مرد۔
مرتدہ (مُرْ۔ تَد۔ دَہ) اسلام چھوڑی ہوئی عورت۔
مرتسم (مُرْ۔ تَسِم) نقش پکڑنے والا (مُرْ۔ تَسَم) نقش
پکڑا ہوا۔
مرتشی (مُرْ۔ تَشِی) رشوت لینے والا۔
مرتضی (مُرْ۔ تَضَا) پسندیدہ۔
مرتضوی (مُرْ۔ تَضَوِی) حضرت علی کی طرف منسوب۔
مرتع (مَرْ۔ تَع) چراگاہ جمع مَراتِع۔
مرتعب (مُرْ۔ تَعِب) خائف، ڈرپوک۔
مرتعش (مُرْ۔ تَعِش) کانپنے والا (مُرْ۔ تَعَش) کانپا ہوا۔
مرتفع (مُرْ۔ تَفِع) ابھرا ہوا، اونچا، بلند (مُرْ۔ تَفَع)
ابھرنے والا، بلند ہونے والا۔
مرتقد (مُرْ۔ تَقَد) خوابگاہ۔
مرتقی (مُرْ۔ تَقِی) اوپر جانیوالا، ترقی کرنے والا
(مُرْ۔ تَقَا) اوپر گیا ہوا، ترقی کیا ہوا، چڑھائی۔
مرتکب (مُرْ۔ تَکِب) ارتکاب کرنیوالا، گناہ کرنیوالا
(مُرْ۔ تَکَب) ارتکاب کیا ہوا، گناہ کیا ہوا۔
مرتل (مُرْ۔ تَل) مردارسنگ۔
مرتہن (مُرْ۔ تَہِن) رہن رکھنیوالا (مُرْ۔ تَہَن) رہن رکھا ہوا
مرث (مَرْ۔ ث) چوسنا۔
مرثیہ (مَرْ۔ ثِیَہ) مردے کی تعریف میں اشعار جمع مَراثی۔
مرثیہ خواں (مَرْ۔ ثِیَہ۔ خواں) مرثیہ پڑھنے والا۔
مرثیہ خوانی (مَرْ۔ ثِیَہ۔ خوا۔ نِی) مرثیہ پڑھنا۔
مرثیہ گو (مَرْ۔ ثِیَہ۔ گو) مرثیہ کہنے والا۔
مرثیہ گوئی (مَرْ۔ ثِیَہ۔ گو۔ ئی) مرثیہ کہنا۔
مرج (مَرْج، مَرَج) بگاڑ، ملونی (مَرْج) چراگاہ
زمین جمع مُرُوج۔
مرجان (مَرْ۔ جَاں) مونگا، چھوٹا موتی۔
مرجب (مُرَج۔ جَب) بہ رنگ رکھا ہوا، شکوہ رکھا ہوا۔

مرجح (مُرَجْ جَحْ) ترجیح دیا ہوا (مُرَجْ جِحْ) ترجیح دینے والا۔
مرجع (مَرْ۔ جِعْ) واپسی کی جگہ جمع مَراجِع۔
مرجل (مِرْ۔ جَلْ) تانبے کی بڑی دیگ جمع مَراجِل۔
مرجو (مَرْ۔ جُوْ) امید کیا ہوا۔
مرجوح (مَرْ۔ جُوْحْ) مغلوب۔
مرجوع (مَرْ۔ جُوْعْ) رجوع کیا ہوا، لوٹایا ہوا۔
مرجول (مَرْ۔ جُوْلْ) پائل، جو الٹا پیدا ہوا ہو۔
مرجوم (مَرْ۔ جُوْمْ) پتھراؤ کیا ہوا، نکالا ہوا۔
مرجی (مُرْ۔ جِیْ) وعدہ ٹلانے والا۔
مرح (مَرَحْ) اترانا، ناسد ہونا، خوش ہونا (مَرِحْ) خوش جمع مَرْحیٰ، مَرَاحیٰ۔
مرحب (مَرْ۔ حَبْ) کشادہ جگہ، چوڑا ہونا جمع مَراحِب
مرحبا (مَرْ۔ حَبا) کلمۂ تعریف، شاباش، خوش آمدید، فراخ جگہ۔
مرحلہ (مَرْ۔ حَلَہ) منزل، منزل گاہ جمع مَراحِل۔
مرحمت (مَرْ۔ حَمَتْ) مہربانی جمع مَراحِم۔
مرحوم (مَرْ۔ حُوْمْ) رحمت کیا ہوا، مری ہوئی آدمی کی طرف اشارہ
مرحومہ (مَرْ۔ حُوْ۔ مَہْ) رحمت کی ہوئی۔
مرخ (مَرْخْ) تیل کی مالش کرنا۔
مرخص (مُرَخْ خِصْ) رخصت کرنیوالا (مُرَخْ خَصْ) رخصت کیا ہوا۔
مرخم (مُرَخْ خَمْ) ملائم کیا ہوا، ہر وہ کلمہ جس کا حرف آخر گرا دیا گیا ہو۔
مرد (مَرْدْ) آدمی (مُرْدْ) منھائی، ضد (مُرْدْ) امرد کی جمع۔
مردا (مَرْ۔ دا) دمکتا ہوا ہیرا، بے گھاس کا ریگستان۔
مرداد (مُرْ۔ دادْ) فارسی کا پانچواں شمسی مہینہ۔
مرد آدمی (مَرْدِ۔ آدْ۔ مِیْ) بھلے آدمی، کلمۂ مخاطبت۔
مردار (مُرْ۔ دارْ) ناپاک، مردے کی لاش، لوتھ۔
مردار خور (مُرْ۔ دارْ۔ خورْ) مردار کھانے والا۔
مردار سنج، مردار سنگ (مُرْ۔ دارْ۔ سَنْ۔ جْ، مُرْ۔ دارْ۔ سَنگ) مردہ سنگ
مردانگی (مَرْ۔ دا۔ نگی) بہادری۔

مردانہ (مَرْ۔ دا۔ نَہ) مرد کی مانند۔
مردانی (مَرْ۔ دا۔ نِیْ) مردوں کی طرح عورت۔
مرد بچہ (مَرْدْ۔ بَچْ چَہْ) بہادر، مرد کا بیٹا۔
مرود (مُرْدْ) پھیرانے والا (مَرْدُوْدْ) پھیرا یا ہوا۔
مردک (مَرْ۔ دَکْ) حقیر آدمی، مرد کی تصغیر۔
مرد کار (مَرْدْ۔ کارْ) سورما، بہادر، کام کا آدمی۔
مردم (مَرْ۔ دُمْ) آنکھ کی پتلی، آدمی، انسان۔
مردم آبی (مَرْ۔ دُمْ۔ آ۔ بِیْ) جل مانس۔
مردم آزار (مَرْ۔ دُمْ۔ آ۔ زارْ) آدمیوں کو تکلیف دینے والا۔
مردم آزاری (مَرْ۔ دُمْ۔ آ۔ زا۔ رِیْ) آدمیوں کو تکلیف دینا۔
مردم خیز (مَرْ۔ دُمْ۔ خیزْ) لائق آدمی پیدا کرنے والا۔
مردم خیزی (مَرْ۔ دُمْ۔ خے۔ زِیْ) لائق آدمی پیدا کرنا۔
مردم داری (مَرْ۔ دُمْ۔ دا۔ رِیْ) خوش اخلاقی۔
مردم زن (مَرْ۔ دُمْ۔ زَنْ) آدمی مارنے والا، جلاد۔
مردمک (مَرْ۔ دُ۔ مَکْ) آنکھ کی پتلی، پتلی کا تل۔
مردم گیا (مَرْ۔ دُمْ۔ گیا) ایک گھاس جس کو آدمی کی شکل سے تشبیہ دیتے ہیں۔
مردمی (مَرْ۔ دُ۔ مِیْ) بہادری، مروت، بردباری۔
مردن (مُرْ۔ دَنْ) مرنا جمع مُردِگی۔
مردنی (مُرْ۔ دَ۔ نِیْ) مرنے کے لائق، موت کی علامت۔
مردود (مَرْ۔ دُوْدْ) رد کیا ہوا۔
مردہ (مُرْ۔ دَہْ) مرا ہوا جمع مُردگان (مَرْ۔ دَہْ) بہادر آدمی۔ (مُرَدْ۔ دَہْ) تردید کیا ہوا
مردہ دل (مُرْ۔ دَہْ۔ دِلْ) پژمردہ، جسکا دل مرچکا ہو۔
مردہ سنگ (مُرْ۔ دَہْ۔ سَنگْ) سیسہ کا میل، نام دوا۔
مردہ شو (مُرْ۔ دَہْ۔ شُوْ) مردہ نہلانے والا یا نہلانیوالی۔
مردی (مَرْ۔ دِیْ) بہادری (مُرْ۔ دِیْ) ہلاک کرنے والا (مِرْ۔ دِیْ) چپو، ڈانڈ۔
مرز (مَرْزْ) زمین، سرحد، قابل کاشت زمین۔
مرزا (مِرْ۔ زا) دیکھو میرزا جمع مِرزایان (مُرْ۔ زا) دیالو، سخی، خیرات کرنے والا۔

مرزاب (مِرْ۔زَاب) پرنالہ جمع مَرَازِیب۔
مرزائی (مِرْ۔زَا۔اِیْ) سرداری، بھلمنسائی۔
مرزبان (مَرْ۔زَ۔بَانْ) زمیندار، سردار۔
مرزبوم (مَرْ۔زَ۔بُوم) جائے پیدائش، جنم بھوم۔
مرزبہ (مَرْ۔زَبَہ) طریقہ، قاعدہ، حکومت (مِرْ۔زَبَہ) موگری۔
مرزغان (مَرْ۔زَ۔غَانْ) دوزخ، آتشدان، قبرستان۔
مرزن (مَرْ۔زَنْ) چوہا۔
مرزنجوش، مرزنگوش (مَرْ۔زَنْ۔جُوشْ، مَرْ۔زَنْ۔گُوشْ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس جسکو شاعر زلف اور چہرے کے خط سے تشبیہ دیتے ہیں، دونا، مروا، ناگنی۔
مرزہ (مَرْ۔زَہْ) دیکھو مرزن۔
مرس (مَرَسْ) مرسہ کی جمع، طبیب، گھال، ستیا (مَرْ۔اس) طبیب، مشاق، ایک میوہ۔
مرسات (مُرْ۔سَاتْ) لنگر جمع مَرَاسِی۔
مرشح (مَرْ۔شَحْ) تھیٹر جمع مَرَاشِح۔
مرسل (مُرْ۔سَلْ) بھیجا ہوا، صاحب کتاب نبی جمع مُرسَلِین (مُرْ۔سِلْ) بھیجنے والا، چھوڑنے والا۔
مرسلہ (مُرْ۔سَلَہ) بھیجا ہوا، لٹکایا ہوا، لٹکا ہوا، ہار۔
مرسہ (مَرْ۔سَہْ) رسہ، لنگر جمع مَرَس۔
مرسوم (مَرْ۔سُوْم) سرکاری روزینہ یا ماہانہ، فرمان، رسم ڈالا ہوا، قاعدہ کیا ہوا، نشان کیا ہوا۔
مرشح (مُرْ۔شَحْ) تشح) سیراب، ٹپکا ہوا۔
مرشد (مُرْ۔شِدْ) ہدایت کرنیوالا، سیدھی راہ بتلانیوالا (مُرْ۔شَدْ) سیدھی راہ بتلایا ہوا (مَرْ۔شَدْ) سیدھی راہ جمع مَرَاشِد۔
مرشوش (مَرْ۔شُوْشْ) چھڑکاؤ کیا ہوا، ٹپکا ہوا۔
مرصاع (مِرْ۔صَاعْ) لٹو۔
مرصد، مرصاد (مَرْ۔صَدْ، مِرْ۔صَادْ) امیدگاہ، انتظار، گھات جمع مَرَاصِد۔
مرصع (مُرْ۔صَّعْ) جواہر جڑا ہوا، موزوں الفاظ کی نظم یا نثر جس میں الفاظ نگینہ کی مثل جڑے ہوں۔
مرصود (مَرْ۔صُوْدْ) رصدگاہ سے جانچا ہوا، نگاہ ڈالا ہوا۔
مرصوص، مرصوصہ (مَرْ۔صُوْصْ، مَرْ۔صُوْ۔صَہْ) مضبوط کیا ہوا، رانگ پلایا ہوا۔
مرصوع (مَرْ۔صُوْ۔سا) دیکھو مرصع۔
مرض (مَرَضْ) بیماری جمع اَمْرَاض۔
مرضع (مَرْ۔ضَعْ) دودھ پینے کی جگہ، پستان، چھاتی جمع مَرَاضِع (مِرْ۔ضَعْ) دودھ پینے کا آلہ (مُرْ۔ضِعْ) دودھ پلائی، انا، دائی۔
مرضعہ (مُرْ۔ضِعَہ) دودھ پلائی، دائی جمع مَرَاضِع۔
مرضوض (مَرْ۔ضُوْضْ) چکنا چور۔
مرضوم (مَرْ۔ضُوْمْ) پتھر کی عمارت۔
مرضی (مَرْ۔ضِیْ، مَرْ۔ضِیّ) پسندیدگی، پسندیدہ (مَرْ۔ضَا) مریض کی جمع۔
مرط (مِرْطْ) اونی کمل جمع مُرُوط۔
مرطب (مُرْ۔طِبْ) تر ہونیوالی، نم (مُرْ۔طِّبْ) تر کرنیوالا (مُرَطْ۔طَبْ) تر کیا ہوا
مرطوب (مَرْ۔طُوْبْ) تر، بھیگا ہوا، نمی پایا ہوا۔
مرطوبی (مَرْ۔طُوْ۔بِیْ) موٹا بھینس آدمی۔
مرعش (مُرْ۔عَشْ) ایک قسم کے کھیلدار کبوتر۔
مرعوب (مَرْ۔عُوْبْ) رعب میں آیا ہوا، ڈرایا ہوا۔
مرعی (مَرْ۔عَا) چراگاہ، ہری گھاس جمع مَرَاعِی (مَرْ۔عِیْ) رعایت کیا ہوا۔
مرغ (مَرْغْ) ہری دوب (مُرْغْ) پرند، سورج جمع مُرْغَان (مَرْ۔غْ) تھوک، آب دہن۔
مرغا (مُرْ۔غَا) خروس۔
مرغابی (مُرْ۔غَا۔بِیْ) چھوٹی جنگلی بط۔
مرغان (مُرْ۔غَانْ) مرغ کی جمع۔
مرغان اولی اجنحہ (مُرْ۔غَانِ۔اُولِی۔اَجْ۔نِحَہ) بازوؤں والے پرندے یعنی فرشتے۔
مرغب (مُرَغْ۔غَبْ) رغبت دلایا ہوا۔
مرغباز (مُرْغْ۔بَازْ) مرغے لڑانے کا شوقین۔

مرغبازی (مُرْ غ۔ با۔ زِی) مرغے لڑانا۔
مرغزار (مَرْ غ۔ زار) ہرابھرا جنگل، ہری دوب کی جگہ۔
مرغ زریں (مُرْغ۔ زَرْ۔ رِیں) ایک سنہری جنگلی مرغا۔
مرغ سبز قبا (مُرْغ۔ سَبْز۔ قَبا) ہریل جو ایک پرند ہے۔
مرغ سلیمان (مُرْغ۔ سُلَی۔ مان) ہدہد، کھٹ بڑھیا۔
مرغ سحر (مُرْغ۔ سَحَر) بلبل، مرغا۔
مرغ عیسی (مُرْغ۔ عی۔ سا) چمگادڑ۔
مرغک (مُرْ۔ غَک) چھوٹا سا مرغ، مرغ کی تصغیر۔
مرغ نامہ بر (مُرْغ۔ نا۔ مَہ۔ بَر) ایک کبوتر ہوتا ہے۔
مرغوا (مَرْ۔ غُوا) فال بد۔
مرغوب (مَرْ۔ غُوب) پسندیدہ، رغبت کیا ہوا۔
مرغول، مرغولہ (مَرْ۔ غُول، مَرْ۔ غُو۔ لَہ) دھوئیں کا چھلا، بالوں کا گھونگر، آواز کا اتار چڑھاؤ۔
مرغی (مُرْ۔ غی) ماکیان۔
مرفا (مَرْ۔ فا) ڈھول، (مَرْ۔ فا) بندرگاہ۔
مرفد (مَرْ۔ فَد) بڑا پیالہ۔
مرفق (مِرْ۔ فَق) کہنی جمع مَرافِق (مَرْ۔ فِق) وہ کام جس سے فائدہ حاصل ہو۔
مرفقہ (مِرْ۔ فَقَہ) تکیہ۔
مرفو (مَرْ۔ فُو) رفو کیا ہوا۔
مرفوع (مَرْ۔ فُوع) اٹھایا ہوا، بلند کیا ہوا، پیش (ُ) لگایا ہوا۔
مرفوع القلم (مَرْ۔ فُو۔ عُل۔ قَلَم) ناقابل ذکر، بے معاصیہ۔
مرفہ (مُرَفْ۔ فَہ) آسودہ، خوش معاش۔
مرفہ الحال (مُرَفْ۔ فَہُل۔ حال) آسودہ حال۔
مرق (مَرَق) شوربا۔
مرقات، مرقاۃ (مِرْ۔ قات) زینہ، سیڑھی جمع مَراقی۔
مرقاق (مِرْ۔ قاق) بیلن۔
مرقب (مَرْ۔ قَب) نگہبانی کی جگہ جمع مَراقِب۔
مرقت (مَرْ۔ قَت) شوربا، یخنی۔
مرقد (مَرْ۔ قَد) خوابگاہ، قبر۔

مرقع (مُرَقْ۔ قَع) البم، تصویروں کی کتاب، رنگ برنگ ٹکلیوں کی گدڑی۔
مرقوم (مَرْ۔ قُوم) لکھا ہوا، رقم کیا ہوا۔
مرکب (مُرَکْ۔ کَب) ترکیب دیا ہوا (مَرْ۔ کَب) سواری کی چیز جمع مَراکِب (مُرَکْ۔ کِب) ترکیب دینے والا، دوات کی روشنائی۔
مرکز (مَرْ۔ کَز) دائرے کا درمیانی نقطہ، بیچوں بیچ، صدر مقام جمع مَراکِز۔
مرکن (مِرْ۔ کَن) تغار، لگن، کونڈا۔
مرکوب (مَرْ۔ کُوب) جوتا، سواری کیا ہوا۔
مرکوز (مَرْ۔ کُوز) منظور، جمایا ہوا، گڑا ہوا، مرکز کیا ہوا۔
مرگ (مَرْگ) موت (مُرْگ) ناک کی گاڑھی رینٹ۔
مرگا، مرگی (مَرْ۔ گا۔ مَرْ۔ گی) مرگ عام، وبا۔
مرگ مفاجات (مَرْگِ۔ مُفا۔ جات) ناگہانی موت۔
مرگی (مِرْ۔ گی) دیا (مَرْ۔ گی) صرع، ایک بیماری۔
مرمت (مَرَمْ۔ مَت) سدھار، سنوار، درستی۔
مرمد (مُرْ۔ مَد) آنکھیں دکھا ہوا۔
مرمر (مَرْ۔ مَر) ایک سفید چکنا پتھر، سنگ رخام۔
مرمریں (مَرْ۔ مَریں) سنگ مرمر کی مانند۔
مرمل (مِرْ۔ مَل) بیڑی، بندیا، بیکڑا۔
مرملہ (مُرَمْ۔ مَلَہ) بالو کی دوات۔
مرموز (مَرْ۔ مُوز) اشارہ کیا ہوا، رمز کیا ہوا۔
مرمیس (مِرْ۔ مِیس) گینڈا۔
مرو (مَرْو) ایک خوشبودار گھاس، نام شہر (روسی ترکستان)
مروا (مَرْ۔ وا) نیک فالی، ایک گھاس۔
مروارید (مَرْ۔ وا۔ رِید) موتی۔
مروب (مِرْ۔ وَب) دہی جمانے کا برتن۔
مروت (مُرُوْ۔ وَت) مردانگی، مردمی۔
مروج (مُرَوْ۔ وَج) رواج دیا ہوا چیز (مُرَوْ۔ وِج) رواج دینے والا۔

مروح (مُرَوِّح) راحت بخش، مہکانے والا
(مُرَوَّح) راحت دیا ہوا، مہکایا ہوا۔
مروحہ (مِرْوَحَہ) راحت کی چیز، پنکھا جمع مَراوِح۔
(مَرْوَحَہ) پنکھا جھلنے کی جگہ۔
مرود (مُرُوْد) امرود جو ایک پھل ہے۔
مرور (مُرُوْر) گذرنا، چلا جانا۔
مروض (مُرَوِّض) ریاضت دینے والا (مُرَوَّض) ریاضت دیا ہوا (مَرُوْض) رام کیا ہوا، ریاضت دیا ہوا
مروع (مَرُوْع) ڈرایا ہوا، نگرانی میں رکھا ہوا۔
مروق (مُرَوَّق) مصفا، صاف کی ہوئی چیز
(مُرَوِّق) راج، رواق بنانے والا، چھتگیری لگانے
والا (مَرْوَق) اپنے قبضے میں ڈال لینا۔
مرول (مُرَوَّل) چپڑی ہوئی چیز۔
مروہ (مَرْوَہ) مکہ معظمہ کی ایک مذہبی اور تاریخی پہاڑی
مروی (مَرْوِی) روایت کیا ہوا۔
مرؤس (مَرْءُوس) تابعدار، خادم، رعیت۔
مرہ (مَرَّہ) ایک بار، ایک مرتبہ جمع مِرار، مُرُور،
مِرَر، مَرّات (مِرَّہ) عقل، قوت، پتہ، صفرا۔
مرہا (مَرْہَا) بے سرمہ کی آنکھ، عورت جو سرمہ نہ لگاتی ہو۔
مراہم (مَرْہَم) زخم کی دوا جمع مَراہِم۔
مرہمہ (مَرْہَمَہ) مرہم لگانا۔
مرہون (مَرْہُوْن) رہن کیا ہوا، گرو کیا ہوا۔
مرئی (مَرْئِی) دکھنے والی چیز، دیکھا ہوا جمع مَرْئیّات۔
مری (مَرِیّ) غذا کی نالی، ہضم گوار (مُرِیّ) کانجی،
آبکامہ (مَرْی) گھوڑے کا ٹاپ مارنا۔
مرے (مِرے) جھگڑا کرنا، برابری کرنا۔
مریج (مَرِیج) آمیختہ، ملا جلا۔
مریح (مِرِّیح) بے انتہا خوش۔
مریخ (مِرِّیخ) منگل تارہ، بہرام۔
مرید (مُرِید) ارادت کرنیوالا، باطنی شاگرد جمع مُرِیدِین
(مَرِید) متمرد، سرکش، نافرمان۔

مریدی (مُرِیدِی) باطنی شاگردی۔
مریر (مَرِیر) بہادر، توانا، سخت بٹی ہوئی رسی۔
مریض (مَرِیض) بیمار، روگی جمع مَرْضیٰ، اَمْراض،
مَراضیٰ۔
مریع (مَرِیع) ہری بھری چراگاہ۔
مز (مَزّ) کھٹ مٹھا، مزا، میخوش (مِزّ) افزونی،
بڑھوتری (مَزّ) چوسنا۔
مزا (مَزَا) شراب۔
مزاج (مِزَاج) عادت، خاصیت، کیفیت جمع اَمْزِجہ
مزاجمت (مُزَاجَمَت) تنگی دکھانا۔
مزاح (مُزَاح) خوش طبعی، زائل کیا ہوا (مُزّاح)
بڑا خوش طبعی کرنیوالا (مِزاح) خوش طبعی کرنا۔
مزاحت (مَزَاحَت) مزاح، خوش طبعی۔
مزاحف (مُزَاحَف) اصطلاح عروض میں اصلی رکن
سے دو حرف گر جانا یا بڑھ جانا جمع مُزاحَفات۔
مزاحم (مُزَاحِم) مزاحمت کرنے والا۔
مزاحمت (مُزَاحَمَت) کسی پر تنگی کرنا۔
مزاد (مُزَاد) نیلام، زیادہ کرنا۔
مزادہ (مَزَادَہ) توشہ دان جمع مَزاد، مَزایِد۔
مزار (مَزَار) زیارتگاہ، قبر جمع مَزارات۔
مزارت (مَزَارَت) سخت دلی۔
مزارع (مُزَارِع) کسان، کھیتی کرنیوالا جمع مُزارِعِین
مزارعہ (مُزَارَعَہ) زمین جوتنے کو دینا۔
مزال (مَزَال) پھسلنے کی جگہ، لغزش۔
مزاہیر (مَزَاہِیر) مزمار کی جمع۔
مزاوجت (مُزَاوَجَت) مناکحت، آس پاس کرنا۔
مزاولت (مُزَاوَلَت) مشق۔
مزاہمت (مُزَاہَمَت) نزدیک ہونا۔
مزایا (مَزَایا) مزیت کی جمع۔
مزبر (مِزْبَر) لکھنے کا آلہ، قلم۔
مزبلہ (مَزْبَلَہ) گندگی ڈالنے کی جگہ جمع مَزابِل۔

مزبور (مَز۔ بُور) لکھا ہوا۔
مزج (مَزْج) ملنا، ملانا۔
مزجات (مُزْ۔ جَات) تھوڑا، بے اعتبار۔
مزخرف (مُزَخْ۔ رَف) جھوٹی بات سچی کر دکھائی ہوئی
جمع مزخرفات۔
مزد (مُزْد) اجرت، مزدوری، اجر۔
مزدبر (مُزْ۔ د۔ بَر) مزدور۔
مزدحم (مُزْ۔ دَحَم) ازدحام کیا ہوا (مُزْ۔ دَحِم) ازدحام کرنیوالا۔
مزدلفہ (مُزْ۔ دَلِ۔ فَہ) مکہ معظمہ میں ایک جگہ کا نام۔
مزدوج (مُزْ۔ دَوَج) مثنوی، ہمنشین۔
مزدوجہ (مُزْ۔ دَوَجَہ) ہمقرین، ہمنشین، گھلا ملا ہوا۔
مزدور (مُزْ۔ دُور، مَزْ۔ دُور) مزدوری کرنے والا۔
مزدوری (مُزْ۔ دُو۔ رِی) اجرت۔
مزدہ بر (مُزْ۔ دَہ۔ بَر) مزدور۔
مزر (مَزْر) چکھنا۔
مزرد (مُزَرْ۔ رَد) زرہ پوش۔
مزرع، مزرعہ (مَزْ۔ رَع، مَزْ۔ رَعَہ) کھیت، کھیتی کی جگہ۔
مزرقہ (مِزْ۔ رَقَہ) دوا کی پچکاری۔
مزروع، مزروعہ (مَزْ۔ رُوع، مَزْ۔ رُو۔ عَہ) بوئی ہوئی چیز، جس چیز کی کھیتی کی جاوے۔
مزع (مَزْع) تومنا (مَزَعَا) جست رفتار۔
مزعاج (مِزْ۔ عَاج) عورت جو نچلی نہ بیٹھ سکتی ہو۔
مزعفر (مُزَعْ۔ فَر) زعفرانی، ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔
مزعوم، مزعومہ (مَزْ۔ عُوم، مَزْ۔ عُو۔ مَہ) گمان کیا ہوا۔
مزعہ (مُزْ۔ عَہ) بوٹی، تکہ۔
مزق (مَزْق) پھاڑنا۔
مزقہ (مَزْ۔ قَہ) محافہ، ڈولا، پالکی، نفس، پینس۔
مزکوم (مَزْ۔ کُوم) جس کو زکام ہو۔
مزکی (مُزَکْ۔ کا) پاک کیا ہوا، زکوٰۃ ادا کیا ہوا
(مُزَکْ۔ کی) پاک کرنیوالا، زکوٰۃ دینے والا۔
مزکت (مَزْ۔ کِت) مسجد۔
مزلاج (مِزْ۔ لَاج) دروازہ بند کرنے کا آلہ۔
مزلت (مَزَ۔ لَت) پھسلنے کی جگہ (مَزِلَّت) پھسلنا۔
مزلف (مُزَلْ۔ لَف) زلف والا محبوب (مَزْ۔ لَف) انبوہ کی جگہ جمع مزالف۔
مزلفہ (مُزْ۔ لَفَہ) نزدیک لایا ہوا، فراہم کیا ہوا۔
مزلق (مِزْ۔ لَق) پھسلانیوالا (مَزْ۔ لَق) پھسلنے کی جگہ
جمع مزالق (مُزَلْ۔ لَق) پھسلایا ہوا۔
مزلقہ (مَزْ۔ لَقَہ) پھسلانے والی چیز۔
مزمار (مِزْ۔ مَار) بانسری، منھ کا باجا جمع مزامیر۔
مزمر (مِزْ۔ مَر) بربط، باجا۔
مزمن (مُزْ۔ مِن) دیرینہ، کہنہ، اپاہج، لنگڑا، اعدی۔
مزن (مُزْن) مینھ، ابر، چٹا بادل۔
مزنہ (مُزْ۔ نَہ) ابر نیساں۔
مزواج (مِزْ۔ وَاج) وہ عورت جو بہت سے شوہر کرے۔
مزور (مُزَوْ۔ وِر) جھوٹا، مکر و فریب کرنیوالا، کسی چیز کو ٹھیک کرنیوالا (مُزَوْ۔ وَر) پرہیزی کھانا۔
مزہ (مَزَہ) لذت، سواد۔
مزی (مَزِی) مزیت۔
مزیب (مُزَیْ۔ یَب) زیب دیا ہوا (مُزَیْ۔ یِب) زیب دینے والا۔
مزیت (مَزِیْ۔ یَت) بڑھوتری، زیادتی، فضیلت جمع مزایا۔
مزید (مَزِید) زیادتی، بڑھوتری، زیادہ کیا ہوا۔
مزیدن (مَزِی۔ دَن) دیکھو مکیدن۔
مزیر (مَزِیر) سخت، سخت دل۔
مزیل (مُزِیل) نشان مٹانیوالا، دور کرنیوالا۔
مزین (مُزَیْ۔ یَن) زینت دیا ہوا، سنگھوارا ہوا (مُزَیْ۔ یِن) زینت دینے والا، نائی۔

مژدگانی (مُژ۔دگا۔نی) خوش خبری لانے والے کا انعام
مژدہ (مُژ۔دَہ) خوش خبری، بشارت۔
مژہ (مِژہ) پلک جمع مژگان۔
مس (مَس) پکڑنا، ملنا، چھونا (مِس) تانبا۔
مسا (مَسا) شام۔
مسابعہ (مُسا۔بَعَہ) ہفتہ، ہفتہ وار کام کرنا۔
مسابقت (مُسا۔بَقَت) سبقت لے جانا۔
مساترت (مُسا۔تَرَت) پہنانا، چھپانا۔
مساجرت (مُسا۔جَرَت) دوستی رکھنا۔
مساجلت (مُسا۔جَلَت) برابری کرنا۔
مساح (مَسّاح) بڑا پیمائش کرنے والا۔
مساحت (مِسا۔حَت) پیمائش۔
مساحقہ (مُسا۔حَقَہ) چپٹی لڑانا۔
مساحلت (مُسا۔حَلَت) باہم ملکر ساحل پر جانا۔
مساحنہ (مُسا۔حَنَہ) باہم چین سے بسر کرنا۔
مسارعت (مُسا۔رَعَت) باہمی جلدی، جلد بازی۔
مسارقت (مُسا۔رَقَت) باہمی چوری، کنکھیوں سے دیکھنا۔
مساس (مَساس) ہاتھ سے مسلنا، جماع کرنا۔
مساعات (مُسا۔عَات) جلدی ساتھ جانا۔
مساعد (مُسا۔عِد) موافق، مددگار۔
مساعدت، مساعدہ (مُسا۔عَدَت، مُسا۔عَدَہ) مدد کرنا۔
مساعی (مَسا۔عی) مسعات کی جمع۔
مسانع (مَسانِع) کسی چیز کی روانی کی جگہ۔
مسافت (مَسا۔فَت) دوری، بیابان جمع مسافات۔
مسافح (مُسا۔فِح) زناکار۔
مسافحت، مسافحہ (مُسا۔فَحَت، مُسا۔فَحَہ) زناکاری
مسافر (مُسا۔فِر) سفر کرنے والا۔
مسافرت (مُسا۔فَرَت) سفر کرنا۔
مسافعہ (مُسا۔فَعَہ) آپس میں کھینچنا اور پکڑنا۔
مساق (مَساق) ہانکنے کی جگہ۔
مساکن (مَسا۔کِن) مسکن کی جمع۔

مساکین (مَسا۔کِین) مسکین کی جمع۔
مسالت (مَسَ۔اَلَت) پوچھنا، سوال کرنا۔
مسالک (مَسا۔لِک) مسلک کی جمع۔
مسالمت (مُسا۔لَمَت) ملاپ، آشتی۔
مسام (مَسام، مُسامّ) مسم کی جمع۔
مسامات (مَسا۔مات، مَسام۔مات) مسم کی جمع الجمع
مسامح (مُسا۔مِح) صلح کرنے والا۔
مسامحت (مُسا۔مَحَت) جوانمردی، دوستی، صلح، آشتی
مسامرت (مُسا۔مَرَت) داستان گوئی۔
مسامیر (مَسا۔مِیر) مسمار کی جمع، چہرے کا مہاسہ
مسانید (مَسا۔نِید) مسند کی جمع۔
مسانرت (مُسا۔نَرَت) شعر میں مختلف قافیے لانا۔
مسانید (مَسا۔نِید) مسند کی جمع۔
مسانہہ (مُسا۔نَہَہ) سالیانہ، سالانہ۔
مساوات (مُسا۔وَات) برابری۔
مساودہ (مُسا۔وَدَہ) بھید بتلانا، لڑائی میں معارضہ کر
مساوکت (مُسا۔وَکَت) مسواک کرنا۔
مساوی (مُسا۔وِی) برابر (مَسا۔وِی) مسیئہ کی جمع۔
مساویک (مَسا۔وِیک) مسواک کی جمع
مساہرت (مُسا۔ہَرَت) بیداری، باہم جاگنا۔
مساہلت (مُسا۔ہَلَت) سستی، ڈھیل، آسان جاننا، سہل سمجھ
مساہم (مُسا۔ہِم) شریک، سہیم، حصہ دار۔
مساہمت (مُسا۔ہَمَت) شرکت، قرعہ اندازی۔
مسائل (مَسا۔ئِل) مسئلہ کی جمع۔
مسایرت (مُسا۔یَرَت) برابری۔
مسایلت (مُسا۔یَلَت) سوال پوچھنا۔
مسبب (مُسَبِّب) (مُسَبَّب) سبب کیا ہوا (مُسَبِّب) ا[illegible]
[illegible] قائم کرنے والا۔
[illegible] الاسباب (مُسَبِّب) [illegible]
[illegible] کا سبب [illegible] اللہ تعالیٰ۔
[illegible] مسبح (مُسَبِّح) [illegible] کرنے والا۔

مسبحہ (مُسَبْ بِحَہ) شہادت کی انگلی، سبابہ۔
مسبّع (مُسَبْ بَع) سات پہلو والی چیز، سات حصہ کیا ہوا، وہ نظم جس کے ہر بند میں سات مصرع ہوں۔
مسبلہ (مُسَبْ بَلَہ) گورِ غریباں۔
مسبوت (مَسْ بُوت) بیماری سے بیہوش یا مردہ۔
مسبوق (مَسْ بُوق) گذشتہ، جس پر کوئی چیز سابق ہو۔
مست (مَسْت) موٹا گھاس، متوالا (مُسْت) غم واندوہ، کلمہ شکوہ۔
مستاجر (مُسْ تَا جِر) ٹھیکہ دار، اجارہ لینے والا جمع مُستاجرین (مُسْ تَ ءْ جَر) ٹھیکہ لیا ہوا
مستاس (مُسْ تَاس) عوض چاہا ہوا۔
مستاصل (مُسْ تَا صِل) جڑ سے اکھیڑنے والا (مُسْ تَا صَل) جڑ سے اکھاڑا ہوا۔
مستانس (مُسْ تَا نِس) خوگر، عادی، عادت اختیار کرنے والا۔
مستانف (مُسْ تَا نِف) اپیل کرنے والا۔
مستانفہ (مُسْ تَا نَفَہ) اپیل کرنا۔
مستانہ (مَسْ تَا نَہ) مست سے منسوب، مست۔
مستانی (مَسْ تَا نِی) مست عورت۔
مستاہل (مُسْ تَا ہِل) سزاوار، لائق۔
مستبد (مُسْ تَبِدّ) کسی کام کو تنہا کرنیوالا، جمع مُستبدین
مستبدل (مُسْ تَبْ دِل) بدل چاہنے والا (مُسْ تَبْ دَل) بدل چاہا ہوا۔
مستبشر (مُسْ تَبْ شِر) خوش ہونیوالا، مژدہ چاہنے والا۔
مستبصر (مُسْ تَبْ صِر) بینا دل والا، جسکا دل بینا ہو۔
مستبعد (مُسْ تَبْ عِد) دوری ڈھونڈھنیوالا (مُسْ تَبْ عَد) دور، دشوار، دور گیا ہوا، دوری ڈھونڈا ہوا۔
مستبین (مُسْ تَبِین) واضح، ظاہر، آشکارا۔
مستتبع (مُسْ تَتْ بِع) پیروی کرنیوالا (مُسْ تَتْ بَع) پیروی کیا ہوا۔

مستتر (مُسْ تَتِر) پوشیدہ، پنہاں ہونے والا۔
مستتم (مُسْ تَتِم) تمام، تمامی کی طلب کرنیوالا۔
مستثنیٰ (مُسْ تَثْ نَا) استثنا کیا ہوا، باہر کیا ہوا، خاص کیا ہوا، الگ کیا ہوا، ممتاز کیا ہوا۔
مستجاب (مُسْ تَجَاب) جواب دیا ہوا، قبول کیا ہوا۔
مستجار (مُسْ تَجَار) جس سے امان مانگی جاوے۔
مستجب (مُسْ تَجَب) دوست رکھا ہوا، چنا ہوا (مُسْ تَجِب) چننے والا، دوست رکھنے والا۔
مستجمع (مُسْ تَجْ مِع) جمع کرنے والا (مُسْ تَجْ مَع) جمع کیا ہوا۔
مستجیب (مُسْ تَجِیب) دعا قبول کرنے والا۔
مستجیر (مُسْ تَجِیر) پناہ ڈھونڈھنے والا، امان چاہنے والا۔
مستحاضہ (مُسْ تَحَا ضَہ) جسکو حیض زیادہ آتا ہو۔
مستحب (مُسْ تَحَب) اچھا جانا ہوا، وہ عبادت جس کا ادا کرنا بہتر ہو جمع مُستحبات۔
مستحث (مُسْ تَحِث) اُٹھانے والا (مُسْ تَحَث) اُٹھایا ہوا۔
مستحدث (مُسْ تَحْ دَث) نئی چیز پیدا کی ہوئی (مُسْ تَحْ دِث) نئی چیز پیدا کرنے والا۔
مستحسن (مُسْ تَحْ سِن) نیک شمار کرنیوالا (مُسْ تَحْ سَن) نیک شمار کیا ہوا۔
مستحضر (مُسْ تَحْ ضَر) یاد رکھا ہوا (مُسْ تَحْ ضِر) یاد رکھنے والا۔
مستحفظ (مُسْ تَحْ فِظ) نگرانی رکھنے والا (مُسْ تَحْ فَظ) آرزو، نگرانی رکھا ہوا۔
مستحق (مُسْ تَحِق) حقدار (مُسْ تَحَق) حقدار کیا ہوا۔
مستحکم (مُسْ تَحْ کَم) مضبوط۔
مستحلف (مُسْ تَحْ لِف) حلف چاہنے والا (مُسْ تَحْ لَف) حلف چاہا ہوا۔
مستحیف (مُسْ تَحِیف) ستم کرنے والا۔

مستحیل (مُس۔ تَحِیل) محال، ناممکن، حیلہ باز۔
مستخبر (مُس۔ تَخ۔ بِر) خبر ڈھونڈھنے والا (مُس۔ تَخ۔ بَر) خبر ڈھونڈا ہوا۔
مستخدم (مُس۔ تَخ۔ دِم) خدمت چاہنے والا (مُس۔ تَخ۔ دَم) خدمت چاہا ہوا، نوکر۔
مستخرج (مُس۔ تَخ۔ رِج) اپنے میں سے باہر لانیوالا (مُس۔ تَخ۔ رَج) اپنے میں سے باہر لایا ہوا۔
مستخلص (مُس۔ تَخ۔ لِص) آزادی ڈھونڈھنے والا، خالص کرنیوالا (مُس۔ تَخ۔ لَص) آزادی ڈھونڈا ہوا، خالص کیا ہوا۔
مستخلف (مُس۔ تَخ۔ لِف) جانشین بنانیوالا (مُس۔ تَخ۔ لَف) جانشین بنایا ہوا۔
مستخیف (مُس۔ تَخِیف) ڈراونا، خوفناک۔
مستدام (مُس۔ تَدَام) ہمیشہ، ہمیشگی چاہنے والا۔
مستدعی (مُس۔ تَد۔ عِی) خواہشمند، استدعا کرنیوالا۔
مستدل (مُس۔ تَدِل) دلیل چاہنے والا۔
مستدیر (مُس۔ تَدِیر) گول، مدور، دائرے دار۔
مستذل (مُس۔ تَذَل) خوار، ذلیل رکھا ہوا۔
مستر (مُس۔ تَر) پوشیدہ کیا ہوا (مُستِر) پوشیدہ کرنیوالا (مِس۔ تَر) مسٹر یعنی انگریزی کلمۂ خطاب۔
مستراح (مُس۔ تَرَاح) فراغت کی جگہ، پاخانہ۔
مسترخی (مُس۔ تَر۔ خِی) سست، ڈھیلا، لٹکنے والا۔
مسترد (مُس۔ تَرَد) لوٹایا ہوا، واپس کیا ہوا۔
مسترشد (مُس۔ تَر۔ شِد) ہدایت چاہنے والا، مرید۔
مسترضی (مُس۔ تَر۔ ضِی) خوشنودی چاہنے والا، رضا جو (مُس۔ تَر۔ ضَا) خوشنودی چاہا ہوا، رضامند۔
مسترق (مُس۔ تَرِق) چرایا ہوا (مُس۔ تَرَق) قید کیا ہوا، غلامی میں لایا ہوا۔
مستروح (مُس۔ تَر۔ وِح) آسودہ ہونیوالا، بو لینے والا (مُس۔ تَر۔ وَح) آسودہ ہونیکی جگہ۔
مستزاد (مُس۔ تَزَاد) زیادہ کیا ہوا، اصطلاح شاعری میں ہر مصرع کے بعد ایک زائد کلمہ۔
مستسعد (مُس۔ تَس۔ عِد) مدد چاہنے والا، سعادت ڈھونڈھنے والا (مُس۔ تَس۔ عَد) مدد چاہا ہوا، سعادت ڈھونڈا ہوا۔
مستسقی (مُس۔ تَس۔ قِی) مرض جلندر کا بیمار۔
مستشار (مُس۔ تَشَار) جس سے صلاح مشورہ کیا جاوے۔
مستشرق (مُس۔ تَش۔ رِق) وہ فرنگی جو شرقی زبان یا علوم کا ماہر ہو جمع مُستشرقین، روشنی چاہنے والا (مُس۔ تَش۔ رَق) روشنی چاہا ہوا۔
مستشعر (مُس۔ تَش۔ عِر) دل میں پوشیدہ ڈر رکھنیوالا۔
مستشفی (مُس۔ تَش۔ فَا) ہسپتال، شفاخانہ۔
مستشم (مُس۔ تَشِم) سونگھنے والا۔
مستشہد (مُس۔ تَش۔ ہِد) گواہی چاہنے والا۔
مستشیر (مُس۔ تَشِیر) مشورہ کرنے والا۔
مستصحب (مُس۔ تَص۔ حِب) صحبت چاہنے والا۔
مستضئی (مُس۔ تَضِی) روشنی پکڑنے والا، روشنی چاہنے والا۔
مستطاب (مُس۔ تَطَاب) اچھا، عمدہ، پاک، لذیذ۔
مستطاع (مُس۔ تَطَاع) فرمانبردار، مطیع۔
مستطیع (مُس۔ تَطِیع) استطاعت والا، جس میں سکت ہو، صاحب قدرت۔
مستطیل (مُس۔ تَطِیل) لمبے جسم والی چیز، وہ شکل جس کی لمبائی چوڑائی برابر نہ ہو [شکل مستطیل]
مستظہر (مُس۔ تَظ۔ ہِر) مدد چاہنے والا، پشت پناہ ہونیوالا (مُس۔ تَظ۔ ہَر) مدد چاہا ہوا۔
مستعاد (مُس۔ تَعَاد) نفع لیا ہوا، کہی ہوئی بات۔
مستعار (مُس۔ تَعَار) عاریت مانگی ہوئی چیز۔
مستعان (مُس۔ تَعَان) جس سے مدد مانگی جاوے۔
مستعجل (مُس۔ تَع۔ جِل) دوڑنے والا، جلدباز، اتاولا (مُس۔ تَع۔ جَل) جلدی کیا ہوا۔
مستعد (مُس۔ تَعِد) آمادہ، تیار۔
مستعذب (مُس۔ تَع۔ ذِب) شیریں، میٹھا کیا ہوا۔

مستعذر (مُس۔ تَع۔ ذِر) عذر چاہنے والا (مُس۔ تَع۔ ذَر) عذر چاہا ہوا۔
مستعصی (مُس۔ تَع۔ صِی) باغی، ضدّی، خطا کار۔
مستعطف (مُس۔ تَع۔ طِف) مہربانی چاہنے والا۔
مستعفی (مُس۔ تَع۔ فِی) استعفا دینے والا۔
مستعلن (مُس۔ تَع۔ لِن) آشکارا کرنے والا۔
مستعمر (مُس۔ تَع۔ مِر) کالونی، نوآبادی، آبادی چاہا ہوا جمع مستعمرات (مُس۔ تَع۔ مِر) آبادی چاہنے والا، نوآبادکار جمع مستعمرین۔
مستعمرہ (مُس۔ تَع۔ مَرَہ) نوآبادی۔
مستعمل (مُس۔ تَع۔ مَل) استعمال میں لایا ہوا۔
مستعیر (مُس۔ تَعِیر) عاریت مانگنے والا۔
مستعین (مُس۔ تَعِین) مدد چاہنے والا۔
مستغاث (مُس۔ تَغاث) جس سے انصاف چاہیں۔
مستغاثی (مُس۔ تَغا۔ ثِی) دادخواہ، استغاثہ کرنیوالا۔
مستغرق (مُس۔ تَغ۔ رِق) غرق ہونیوالا، کام میں پوری طاقت سے لگ جانیوالا (مُس۔ تَغ۔ رَق) غرق کیا ہوا، کام میں لگا ہوا۔
مستغفر (مُس۔ تَغ۔ فِر) بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَغ۔ فَر) بخشش چاہا ہوا۔
مستغنی (مُس۔ تَغ۔ نِی) بے پروا، دولتمند۔
مستغیث (مُس۔ تَغِیث) فریادی، استغاثہ کرنیوالا۔
مستفاد (مُس۔ تَفاد) فائدہ چاہا ہوا، حاصل فائدہ۔
مستفاض (مُس۔ تَفاض) فیض چاہا ہوا۔
مستفسر (مُس۔ تَف۔ سِر) پوچھنے والا (مُس۔ تَف۔ سَر) پوچھا ہوا۔
مستفید (مُس۔ تَفِید) فائدہ چاہنے والا۔
مستفیض (مُس۔ تَفِیض) فیض چاہنے والا، خیر چاہنے والا۔
مستقبح (مُس۔ تَق۔ بِح) خراب، بُرا۔
مستقبل (مُس۔ تَق۔ بِل) آئندہ زمانہ، آگے آنیوالا (مُس۔ تَق۔ بَل) پورے رخ کی تصویر جس میں دونوں آنکھیں نظر آئیں، سامنے آیا ہوا۔
مستقر (مُس۔ تَقَر) ٹھہرنے کی جگہ، جائے قرار۔
مستقص (مُس۔ تَقِص) خون کا چاہنے والا۔
مستقل (مُس۔ تَقِل) مضبوط، مستحکم، استقلال والا۔
مستقلی (مُس۔ تَق۔ لِی) مضبوطی، استحکام۔
مستقیم (مُس۔ تَقِیم) راست، سیدھا، جو چیز سیدھی کھڑی ہوئی ہو۔
مستکبر (مُس۔ تَک۔ بِر) متکبر، مغرور، گھمنڈی۔
مستکرم (مُس۔ تَک۔ رِم) بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَک۔ رَم) بخشش چاہا ہوا۔
مستکرہ (مُس۔ تَک۔ رِہ) مکروہ، ناخوش، کسی چیز کو بُرا جاننے والا۔
مستکفی (مُس۔ تَک۔ فِی) ہر چیز میں کفایت چاہنے والا۔
مست گذارہ (مَس۔ ت۔ گذا۔ رَہ) جس کی مستی حد سے گذر گئی ہو۔
مستلذ (مُس۔ تَلِذ) لذّت لینے والا، مزہ پانے والا (مُس۔ تَلَذ) لذّت پایا ہوا، وہ چیز جس سے لذّت حاصل کی جاوے۔
مستلزم (مُس۔ تَل۔ زِم) لازم پکڑنیوالا (مُس۔ تَل۔ زَم) لازم پکڑا ہوا۔
مستلقی (مُس۔ تَل۔ قِی) چت لیٹنے والا، ستان۔
مستمال (مُس۔ تَمال) مائل، رجوع کیا ہوا۔
مستمد (مُس۔ تَمِد) مدد چاہنے والا۔
مستمر، مستمرہ (مُس۔ تَمِر، مُس۔ تَمِرّہ) رواں، مضبوط، ہمیشہ۔
مستمسک (مُس۔ تَم۔ سِک) چنگل مارنیوالا (مُس۔ تَم۔ سَک) چنگل مارا ہوا، جھپٹا مارا ہوا۔
مستمع (مُس۔ تَمِع) سننے والا (مُس۔ تَمَع) سنا ہوا۔
مستملح (مُس۔ تَم۔ لِح) نمکین۔
مستملک (مُس۔ تَم۔ لَک) نوآبادی جمع مستملکات۔
مستمند (مُس۔ تَمَند) حاجتمند، رنجیدہ، غمگین۔

مستنبط (مُس۔ تَم۔ بِط) نکالنے والا (مُس۔ تَم۔ بَط) نکالی ہوئی چیز، باہر نکالنے کی جگہ۔
مستند (مُس۔ تَن۔ نِد) پشت پناہ، سہارا ٹیکنے کی جگہ (مُس۔ تَن۔ نِد) پیٹھ کا سہارا ٹیکنے والا، پناہ ڈھونڈھنے والا۔
مستنصر (مُس۔ تَن۔ صِر) مدد مانگنے والا (مُس۔ تَن۔ صَر) مدد مانگا ہوا۔
مستنکر (مُس۔ تَن۔ کَر) خراب، برا۔
مستنیر (مُس۔ تَنیر) روشن، روشنی چاہنے والا۔
مستوثق (مُس۔ تَو۔ ثِق) مضبوط، مضبوطی حاصل کرنیوالا۔
مستوجب (مُس۔ تَو۔ جِب) سزاوار، لائق۔
مستوحش (مُس۔ تَو۔ حِش) وحشت چاہنے والا۔
مستودع (مُس۔ تَو۔ دَع) امانت رکھی ہوئی چیز، امانت گاہ، مخزن (مُس۔ تَو۔ دِع) امانت کی نگرانی کرنیوالا۔
مستور (مَس۔ تُور) چھپایا ہوا، پوشیدہ۔
مستورات (مَس۔ تُو۔ رات) مستور کی جمع، پردہ والی بی بیاں، مخدرات، مقصورات۔
مستورہ (مَس۔ تُو۔ رَہ) چھپی ہوئی چیز۔
مستوری (مَس۔ تُو۔ رِی) پوشیدگی، چھپاوٹ۔
مستوسع (مُس۔ تَو۔ سِع) فراخ، کشادہ۔
مستوفا (مُس۔ تَو۔ فا) تمام لیا ہوا
مستوفی (مُس۔ تَو۔ فِی) آڈیٹر، سردفتر، محاسب افسر (مُس۔ تَو۔ فا) دیکھو مستوفا۔
مستوقد (مُس۔ تَو۔ قِد) آگ بھڑکانے والا (مُس۔ تَو۔ قَد) آگ بھڑکایا ہوا۔
مستول (مَس۔ تُول) جہاز کی لمبی چوب۔
مستولی (مُس۔ تَو۔ لِی) غلبہ کرنیوالا، قابو پانیوالا، چھا جانیوالا
مستوہب (مُس۔ تَو۔ ہِب) ہبہ طلب کرنیوالا، بخشش چاہنے والا (مُس۔ تَو۔ ہَب) ہبہ طلب کیا ہوا۔
مستوی (مُس۔ تَوی) ہموار، برابر۔
مستہ (مُس۔ تَہ) شکاری پرند کی خوراک (مَس۔ تِہ) مست لڑکا
مستہام (مُس۔ تَہام) سرگشتہ، حیران۔

مستہان (مُس۔ تَہان) ذلیل، خوار، اوچھا، نظروں میں ہلکا۔
مستہجن (مُس۔ تَہ۔ جَن) مکروہ، خراب، عیبی۔
مستہزی (مُس۔ تَہ۔ زِی) مسخرہ، دل لگی باز، ٹھٹھول۔
مستہل (مُس۔ تَہِل) نیا چاند دیکھنے والا، دھواں دھار برسنے والا مینہہ۔
مستہلک (مُس۔ تَہ۔ لِک) نیست کرنے والا (مُس۔ تَہ۔ لَک) نیست کیا ہوا۔
مستی (مَس۔ تِی) متوالاپن، نشہ، جوش نفس۔
مستیسر (مُس۔ تَی۔ سِر) آمادہ ہونے والا۔
مستیقظ (مُس۔ تَی۔ قِظ) بیدار، جاگتا ہوا، نگہبانی کرنے والا۔
مسجد (مَس۔ جِد) مسلمانوں کی عبادت گاہ، سجدہ کرنے کی جگہ جمع مَسَاجِد۔ پیشانی۔
مسجد اقصیٰ (مَس۔ جِد۔ اَق۔ صا) بیت المقدس کی ایک مسجد کا نام جسکو مسجد عمرؓ بھی کہتے ہیں۔
مسجع (مُسَجّع، جِع) سجع کہنے والا (مُسَجّع، جَع) سجع کہا ہوا۔
مسجل (مُسَجّ، جَل) آراستہ، درست، رجسٹری کیا ہوا، جج کا تصدیق کیا ہوا کاغذ (مُسَجّ، جِل) تصدیق کرنے والا جج، تصدیق کرنے والی عدالت۔
مسجود (مَس۔ جُود) سجدہ کیا ہوا۔
مسجور (مَس۔ جُور) مالا مال، بھرا ہوا۔
مسجون (مَس۔ جُون) قیدی، قید رکھا ہوا۔
مسجہ (مُسَجّ، جَہ) کرنی، گلمالہ۔
مسح (مَس، ح) ہاتھ پھیرنا، ہاتھ سے ملنا (مِس، ح) ٹاٹ جمع اَمْسَاح، مُسُوح۔
مسحات (مِس۔ حات) بیلچہ، پھاوڑا، کدال، کھرپا
مسحل (مِس۔ حَل) گورخر، ریتی، سوہان۔
مسحوق (مَس۔ حُوق) گھسا ہوا، رگڑا ہوا، پسا ہوا۔
مسخ (مَس، خ) اچھی سے بگڑکر بری صورت، بے مزگی، بے لطفی۔

مسخر (مُسَخِّ، خَّرْ) تسخیر کیا ہوا، تابع کیا ہوا (مُسَخِّ، خِرْ) تسخیر کرنیوالا، تابع کرنیوالا۔
مسخرگی (مَسْ۔ خَرَگِیْ) دل لگی، ٹھٹھول۔
مسخرہ (مَسْ۔ خَرَہْ) بھانڈ، ہنسوڑ۔
مسخن (مُسَخِّ، خِّنْ) گرم کرنیوالا (مُسَخْ، خَنْ) گرم کیا ہوا۔
مسخنات (مُسَخْ، خِنَاتْ) گرم کرنیوالی چیزیں۔
مسخوط (مَسْ۔ خُوْطْ) غصہ کیا ہوا۔
مسدس (مُسَدْ، دَسْ) چھ پہلو والی چیز، ایک بند میں چھ مصرعوں والی نظم، چھ فیر کا تپنچہ۔
مسدود (مَسْ۔ دُوْدْ) بند کیا ہوا، روکا ہوا۔
مسر (مَسَرْ) وہ آسمانی برف جو جل کر شل تنکے کے ہو جاوے۔
مسرت (مَسَرْ، رَتْ) خوشی، فرحت۔
مسرجہ (مَسْ۔ رَجَہ) چراغدان۔
مسرح (مِسْ۔ رَحْ) کنگھی۔
مسرد (مِسْ۔ رَدْ) ستالی۔
مسرع (مُسْ۔ رِعْ) جلد کرنیوالا، تیز رفتار قاصد۔
مسرف (مُسْ۔ رِفْ) فضول خرچ، فضول خرچی کرنیوالا
مسرور (مَسْ۔ رُوْرْ) خوش۔
مسروری (مَسْ۔ رُوْ۔ رِیْ) دو حرفی لفظ۔
مسروق (مَسْ۔ رُوْقْ) چرایا ہوا۔
مسطار (مِسْ۔ طَارْ) سطر جمع **مَسَاطِیْر**۔
مسطبہ (مَسْ۔ طَبَہْ) دیکھو مصطبہ۔
مسطح (مُسَطْ، طَحْ) ہموار پھیلا ہوا (مِسْ۔ طَحْ) بیلن۔
مسطر (مِسْ۔ طَرْ) سطریں درست کرنیکا آلہ جمع **مَسَاطِر** (مَسْ۔ طَرْ) سطروں کی جگہ جمع **مَسَاطِر** (مُسَطْ، طِرْ) سطریں بنانیوالا (مُسَطْ، طَرْ) سطریں بنایا ہوا۔
مسطور (مَسْ۔ طُوْرْ) لکھا ہوا، سطر بندی کیا ہوا۔
مسع (مِسْ ۔عْ) شمالی ہوا۔
مسعات (مَسْ۔ عَاتْ) کوشش جمع **مَسَاعِیْ**۔
مسعد (مُسْ۔ عِدْ) خوش کرنیوالا، نیکبخت کرنیوالا (مُسْ۔ عَدْ) خوش، نیکبخت کیا ہوا۔

مسعط (مُسْ۔ عُطْ) ناسدان، ہلاس کا برتن۔
مسعف (مُسْ۔ عِفْ) حاجت روا کرنیوالا (مُسْ۔ عَفْ) حاجت روا کیا ہوا۔
مسعود (مَسْ۔ عُوْدْ) نیکبخت، سعادت کیا ہوا۔
مسغبہ (مَسْ۔ غَبَہْ) بھوک، گرسنگی۔
مسفر (مُسْ۔ فِرْ) روشن، سفید۔
مسقن (مِسْ۔ قَنْ) رندہ، بڑھئی کا آلہ۔
مسقط (مَسْ۔ قَطْ) گرنے کی جگہ جمع **مَسَاقِطْ**، نام شہر (عمان) (مُسْ۔ قِطْ) کلام میں غلطی کرنے والا۔
مسقط الراس (مَسْ۔ قَطُرْ رَاسْ) پیدائش کی جگہ، وطن، سر کے بل گرنے کی جگہ۔
مسقی (مَسْ۔ قِیْ) سینچا ہوا۔
مسک (مِسْ ک) مشک، کستوری (مَسْ ک) پوست، کھال، ہاتھی دانت کی چوڑی۔
مسکا (مُسْکْ، کَا) منھ چھینکا، منھ پر باندھنے کا چھینکا۔
مسکان (مَسْ۔ کَانْ) بیعانہ، سائی۔
مسکت (مُسْ۔ کِتْ) چپ کرنے والا۔
مسکر (مُسْ۔ کِرْ) نشیلی چیز جمع **مُسْکِرَاتْ**۔
مسکن (مَسْ۔ کَنْ) سکونت کی جگہ، گھر جمع **مَسَاکِنْ** (مُسَکْ، کِنْ) تسکین دینے والا (مُسَکْ، کَنْ) تسکین دیا ہوا (مُسْ۔ کِنْ) آرام دینے والا (مُسْ۔ کَنْ) آرام دیا ہوا
مسکنت (مَسْ۔ کَنَتْ) انکساری، عاجزی۔
مسکوب (مَسْ۔ کُوْبْ) زمین پر پانی چھوڑا ہوا (مَسْ۔ کُوْبْ) روسی حکومت، گورنمنٹ روس (مشرقی یورپ)
مسکوک (مَسْ۔ کُوْکْ) ٹھپہ لگایا ہوا، سکہ کیا ہوا۔
مسکون، مسکونہ (مَسْ۔ کُوْنْ، مَسْ۔ کُوْ۔ نَہ) آباد شدہ، جس میں رہائش ہو۔
مسکہ (مَسْ۔ کَہْ) مکھن۔
مسکین (مِسْ۔ کِیْنْ) بالکل بے قوت، کنگالی سے نڈھال جمع **مَسَاکِیْن**۔
مسکینی (مِسْ۔ کِیْ۔ نِیْ) کنگالی سے نڈھالی۔

مسکینیت (مس۔کی۔نی۔یت) غریب پن، ندھالپن۔
مسگر (مس۔گر) ٹھٹھیرا، تانبے کا کام کرنے والا۔
مسلاخ (مس۔لاخ) کینچلی جو سانپ ڈالتا ہے۔
مسلح (مُسَلّح، لِح) صاحب سلاح، ہتھیار والا۔ (مُسَلَّح، لَح) جو ہتھیار بند ہو، ہتھیار بندھا ہوا۔
مسلحہ (مس۔لحہ) ہتھیار بند۔
مسلخ (مس۔لخ) کھال کھینچنے کی جگہ، کمیلہ جمع مَسَالِخ۔
مسلسل (مُسَلسَل) لگاتار، سلسلہ وار، زنجیر بند۔
مسلط (مُسَلِّط، لِط) غالب، فاتح، کسی کو کسی پر مقرر کرنیوالا (مُسَلَّط، لَط) جس پر کسی کو مقرر کریں، مغلوب، مفتوح، تسلط حاصل کیا ہوا۔
مسلف (مُسَلّف، لِف) پینتالیس برس کی عورت، پیشگی بانڈھنے والا، بھاؤ باندھ کر سودا کرنے والا۔
مسلقہ (مس۔لقہ) سہاگا، بٹیلا، مہرا، کرے۔
مسلک (مس۔لک) طریقہ، راستہ جمع مَسَالِک۔
مسلل (مُسِلّ، سِل) سل کی بیماری پیدا کرنیوالا، رشوت دینے والا، چوری کرنیوالا، تلوار کھینچنے والا۔
مسلم (مُس۔لِم) مسلمان، طاعت میں گردن رکھنے والا جمع مُسلِمِین (مُسَلَّم، لَم) تسلیم کیا ہوا (مُسَلِّم، لِم) تسلیم کرنے والا۔
مسلمان (مُسَل۔مان) مسلم، مذہب اسلام کا پیرو جمع مُسلمانان۔
مسلمانی (مُسَل۔ما۔نی) مسلمان پن، مسلمان ہونا۔
مسلمہ (مُس۔لمہ) مسلمان عورت (مُسَلَّمہ، لَمہ) تسلیم کیا ہوا۔
مسلوب (مس۔لوب) لے جایا ہوا، سلب کیا ہوا۔
مسلوخ (مس۔لوخ) کھال کھینچا ہوا۔
مسلوک (مس۔لوک) سلوک کیا ہوا، گیا ہوا، آمد و رفت کیا ہوا۔
مسلول (مس۔لول) مرض سل کا بیمار، سونتا ہوا، کھینچا ہوا۔
مسلہ (مَسَلہ) دیکھو مسئلہ۔

مسلی (مُسَلّی، لِی) تسلی دینیوالا (مُسَلّٰی) ایک ورد کا نام
مسم (مَسَم) بہت باریک سوراخ جمع مَسَام جمع جمع مَسَامات۔
مسما (مُسَمّٰی، مّا) جسکا نام رکھا گیا ہو، نام والا۔
مسمار (مس۔مار) چوبا، کیل جمع مَسَامِیر، برباد، تباہ
مسماع (مس۔ماع) سننے کا آلہ جمع مَسَامِیع کان۔
مسمر (مُسَمَّر، مّر) دھات کی کیلیں جڑا ہوا۔
مسمط (مُسَمَّط، مّط) پروئی ہوئی چیز، موتیوں کی لڑی۔
مسمع (مِس۔مع) سننے کا آلہ جمع مَسَامِع (مَس۔مع) سننے کی جگہ (مُس۔مِع) سننے والا (مُس۔مَع) سنا ہوا۔
مسمن (مُس۔مَن) قدرتی موٹا تازہ (مُسَمَّن، مّن) موٹا کیا ہوا (مُسَمِّن، مِّن) موٹا کرنیوالی چیز۔
مسموط (مس۔موط) ذبح شدہ جانور جس کی کھال گرم پانی سے اتاری گئی ہو۔
مسموع (مس۔موع) سنا ہوا۔
مسموم (مس۔موم) زہر دیا ہوا۔
مسمی (مُسَمّٰی، مّا) دیکھو مسمّا (مُسَمِّی، مِّی) نام رکھنیوالا۔
مسن (مُسِن) زیادہ عمر والا (مِسَن) برچھی والا (مَسَن) دھار تیز کرنے کا پتھر۔
مسند (مس۔نَد) تکیہ گاہ، گدی، گاؤ تکیہ جمع مَسَانِد (مُس۔نِد) روزگار، زمانہ، منسوب، بیٹا، حرامزادہ، ٹیک لگانیکی چیز، قواعد زبان کی اصطلاح میں خبر (مُسنَد، نَد) اوپر اٹھایا ہوا۔
مسند آرا (مس۔نَد۔آ۔را) گدی نشین۔
مسند آرائی (مس۔نَد۔آ۔را۔ئی) گدی نشینی۔
مسند الیہ (مس۔نَد۔الیہ) مبتدا۔
مسنون (مس۔نون) بات جو سنت ہو، روشن کیا ہوا، بدلا ہوا، بیٹھا ہوا، موٹا، دل آرام، چکیلا۔
مسوات (مس۔وات) کھیت میں چلا نیکا، پٹیلا، ہیرو جمع مَسَاوِیت۔
مسواک (مس۔واک) داتون، دتون جمع مَسَاوِیک۔

مسود (مُسَوْ ۔وَدْ) کالا کرنیوالا، لکھنے والا (مُسَوْ وَدْ) کالا کیا ہوا، لکھا ہوا۔

مسودہ (مُسَوْ وَدَہ) پہلی مرتبہ سرسری طور پر لکھا ہوا، لکھا ہوا (مُسَ ۔ وَدْ دَہ) کالا، سیاہ۔

مسہد (مُسَہْ ہَدْ) بیدار کیا ہوا، جگایا ہوا۔

مسہل (مُسْ ۔ہِلْ) دست لانیوالی دوا، جُلاب۔

مسئلہ (مَسْ ۔ئَلَہ) حل طلب سوال، تجویز، شرعی سوال جمع مسائل۔

مسئول (مَسْ ۔ ءُول) سوال کیا ہوا، چاہا ہوا۔

مسی (مُسِیْ) بدکردار، بداعمال، گنہگار (مِسّی) تانبے کی چیز، منسوب بہ مس۔

مسیچہ (مَسِیْ ۔چَہ) دیکھو مسیچہ۔

مسیح (مَسِیْح) نقش کیا ہوا۔

مسیحا (مَسِیْ ۔حَا) حضرت مسیح (مَسِیْ ۔حَا) عورت جس کے چوتڑ ہلکے ہوں۔

مسیحائی (مَسِیْ ۔حَا ۔ئِیْ) حضرت مسیح کی طرح بیمار اچھے اور مردے زندہ کرنا۔

مسیحی (مَسِیْ ۔حِیْ) منسوب بہ مسیح، عیسائی۔

مسیخ (مَسِیْخ) پھیکا، باسی۔

مسیر (مَسِیْر) سیر کی جگہ، سیر کرنا، جانا۔

مسیطر (مُسَیْ ۔طِرْ) مسلط، مقرر، کڑوڑا۔

مسیف (مُسَیِّفْ) تیغزن، تلوار چلانے والا۔

مسیک (مِسْ ۔سِیْک) کنجوس، کنٹک۔

مسیل (مَسِیْل) پانی جاری ہونیکی جگہ، جمع مسائل۔

مشار (مَشْ ۔شَار) بڑا چلنے والا (مِشْ شَار) بہت سے بیٹوں والا ہونا۔

مشابکہ (مُشَا ۔بَکَہ) پنجہ کشی، باہم پنجہ لڑانا۔

مشابہ (مُشَا ۔بِہْ) مانند، مثل، نظیر، یکساں ہونیوالا۔

مشابہت (مُشَا ۔بَہَتْ) باہمی یکسانیت۔

مشاتمت (مُشَا ۔تَمَتْ) باہم گالیاں بکنا۔

مشاجرت (مُشَا ۔جَرَتْ) خلاف کرنا۔

مشاحنہ (مُشَا ۔حَنَہ) آپس میں دشمنی رکھنا۔

مشار (مُشَارْ) اشارہ کیا ہوا (مَشَا ۔رْ) چھتا، مُہال۔

مشارالیہ (مُشَا ۔رُنْ ۔اِلَیْہ) جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔

مشارب (مُشَا ۔رِبْ) آپس میں پینے والا (مُشَا ۔رَبْ) باہم پیا ہوا (مَشَا ۔رِبْ) مشرب کی جمع۔

مشاربت (مُشَا ۔رَبَتْ) باہم ملکر پینا۔

مشارطت، مشارطہ (مُشَا ۔رَطَتْ، مُشَا ۔رَطَہ) باہم شرط بدنا، آپس میں شرط لگانا۔

مشارع (مَشَا ۔رِعْ) مشرع کی جمع۔

مشارفت (مُشَا ۔رَفَتْ) خاندانی بڑائی پر باہم فخر کرنا۔

مشارک (مُشَا ۔رِکْ) شریک ہونیوالا، ساجھی۔

مشارکت (مُشَا ۔رَکَتْ) آپس میں ساجھا کرنا۔

مشاطہ (مَشْ ۔شَا ۔طَہ) نائن، سنگھار نیوالی عورت، مشاطہ (مُشَا ۔طَہ) بال جو کنگھی سے گر جاویں۔

مشاع (مُشَاعْ) ساجھے کی بغیر بٹی چیز، مشترک چیز۔

مشاعرہ (مُشَا ۔عَرَہ) باہمی شعرخوانی۔

مشافہہ (مُشَا ۔فَہَہ) روبرو بات چیت، آمنا سامنا۔

مشاق (مَشْ ۔شَاقْ) بہت مشق کرنیوالا (مَشَاقْ) مشقت کی جمع۔

مشاقی (مَشْ ۔شَا ۔قِیْ) مشق۔

مشاکل (مُشَا ۔کِلْ) ہمشکل ہونیوالا، عروض کی ایک بحر کا نام۔

مشاکلت (مُشَا ۔کَلَتْ) ہم شکلی

مشاکہہ (مُشَا ۔کَہَہ) نزدیک کرنا، مشابہ ہونا۔

مشام (مَشَامْ) مشم کی جمع، سونگھنے کی جگہ۔

مشاور (مُشَا ۔وِرْ) مشورہ کرنے والا۔

مشاورت (مُشَا ۔وَرَتْ) باہمی مشورہ۔

مشاہد (مُشَا ۔ہِدْ) دیکھنے والا۔

مشاہدہ (مُشَا ۔ہَدَہ) دیکھنا، ساتھ حاضر ہونا۔

مشاہرہ (مُشَا ۔ہَرَہ) ماہیانہ، درماہہ۔

مشاہیر (مَشَا ۔ہِیْر) مشہور کی جمع، نامور لوگ۔

مشائخ (مَشَا۔ اِخْ) شیخ کی جمع۔
مشائی (مَشْ شَا۔ یِیْ) اُس عقیدے کا پیرو حکیم جس طرح حقایق اشیاء دلیل سے معلوم کی جاتی تھیں جمع مَشَائِیْن
مشاجرہ (مُشَا۔ جَرَہْ) پرہیز کرنا، کام میں کوشش کرنا۔
مشایع (مُشَا۔ یِعْ) یار، مصاحب، ہمراہی، آخر پیوستہ۔
مشایعت (مُشَا۔ یَعَتْ) رخصت کرنے کے لئے چند قدم ساتھ جانا، پیروی کرنا، مدد کرنا۔
مشبر (مِشْ۔ بَرْ) گرہ، گانٹھ جمع مَشَابِرْ۔
مشبع (مُشْ۔ بَعْ) سیر کیا ہوا، زیر یا زبر یا پیش لمبا کرکے پڑھا ہوا (مُشَبْ۔ بِعْ) جہاز یا مسافر کے پیچھے پیچھے چلنے والا
مشبک (مُشَبْ۔ بَکْ) جالیدار چیز، جالی، جلیبی۔
مشبہ (مُشَبْ۔ بَہْ) مشابہ کیا ہوا (مُشَبْ۔ بِہْ) مانند کرنے والا، مشابہت دینے والا۔
مشبہ بہ (مُشَبْ۔ بَہْ۔ بِہِیْ) جس سے مشابہ کیا جاوے۔
مشت (مُشْ۔ تْ) مُکا، گھونسہ، مُٹھی (مُشْ۔ تْ) انبوہ، بہت، البریز، بھرا ہوا۔
مشتاع (مُشْ۔ تَاعْ) آشکارا کیا ہوا۔
مشتاق (مُشْ۔ تَاقْ) خواہشمند۔
مشتبہ (مُشْ۔ تَبَہْ) پوشیدہ کی ہوئی چیز، شبہ کی چیز، چھپی ہوئی بات (مُشْ۔ تَبِہْ) پوشیدہ ہونے والا۔
مشتت (مُشْ۔ تَتْ) پریشان، پراگندہ، متردد۔
مشترک (مُشْ۔ تَرِکْ) ساجھی، اخبار کا خریدار۔ (مُشْ۔ تَرَکْ) شرکت کیا ہوا، ایک سے زیادہ معنوں کا لفظ، وہ لفظ جسکے کئی معنے ہوں۔
مشترکہ (مُشْ۔ تَرَکَہْ) شرکت کیا ہوا، ساجھا کیا ہوا۔
مشتری (مُشْ۔ تَرِیْ) گاہک، خریدار، رانگہ، ایک تارہ کا نام، برہسپت۔
مشت زن (مُشْ۔ تْ۔ زَنْ) پہلوان، گھونسہ باز۔
مشتعل (مُشْ۔ تَعِلْ) شعلہ زن، بھڑکنے والا (مُشْ۔ تَعَلْ) بھڑکا ہوا۔
مشتغل (مُشْ۔ تَغِلْ) مشغول ہونے والا۔

مشتق (مُشْ۔ تَقْ) ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنایا ہوا۔
مشتمل (مُشْ۔ تَمِلْ) شامل ہونے والا، اوپر چھا جانے والا۔
مشتمن (مُشْ۔ تَمِنْ) گوندھنا، مسلنا، متھنا۔
مشتنگ (مُشْ۔ تَنْگْ) راہزن، ڈاکو، لٹیرا۔
مشتو (مُشْ۔ تُوْ) ایک مسرخ مٹی ہے۔
مشتوت (مُشْ۔ تُوْت) پراگندہ، تانا بانا۔
مشتہر (مُشْ۔ تَہِرْ) اشتہار دینے والا، شہرت دینے والا جمع مُشْتَہِرِیْن (مُشْ۔ تَہَرْ) اشتہار دیا ہوا۔
مشتہی (مُشْ۔ تَہِیْ) رغبت کرنے والا، آرزومند (مُشْ۔ تَہَا) مرغوب، آرزو، رغبت کیا ہوا۔
مشتے (مُشْ۔ تے) کچھ، مٹھی بھر، ذراسی چیز۔
مشتے زیادہ (مُشْ۔ تے۔ زِیَادْ) کچھ مخالف لوگ۔
مشج (مَشْ۔ ج) ملانا۔
مشجر (مُشَجْ۔ جَرْ) درختوں کی شکل نقش کیا ہوئی۔
مشجن (مِشْ۔ جَنْ) دھار نکالنے کا آلہ، چھری۔
مشحون (مَشْ۔ حُوْنْ) بھرا ہوا۔
مشخص (مُشَخْ۔ خَصْ) تشخیص کیا ہوا، جانچا ہوا (مُشَخْ۔ خِصْ) تشخیص کرنے والا، اکھٹا۔
مشدد (مُشَدْ۔ دَدْ) سختی کیا ہوا، مضبوط کیا ہوا، وہ حرف جو تشدید (ّ) کے ساتھ پڑھا جاوے۔
مشراط (مِشْ۔ رَاطْ) چیرا لگانیکا نشتر جمع مَشَارِطْ۔
مشراق (مِشْ۔ رَاقْ) سورج کی جگہ، پورب۔
مشرب (مَشْ۔ رَبْ) پینے کی جگہ، مزاج، طریقہ، مذہب جمع مَشَارِبْ (مِشْ۔ رَبْ) پینے کا آلہ۔
مشربہ (مِشْ۔ رَبَہْ) پینے کا آلہ، کوزہ، پیالہ۔
مشرح (مُشَرْ۔ رِحْ) کھول کھول کر بیان کرنے والا (مُشَرْ۔ رَحْ) کھول کھول کے بیان کیا ہوا۔
مشرط (مِشْ۔ رَطْ) دیکھو مشراط۔
مشرع (مَشْ۔ رَعْ) راستہ، راہ جمع مَشَارِعْ
مشرف (مُشَرْ۔ رَفْ) بزرگی دیا ہوا (مَشْ۔ رَفْ) بلند جگہ جمع مَشَارِفْ (مُشْ۔ رِفْ) بلند، اوپر، نگران کار۔

مشرفہ (مُشَرْ رَفَہ) بزرگی دی ہوئی چیز (مُشَرْ رِفَہ) بڑے سے چھوٹے کو تحریر بزرگی دینے والی۔
مشرق (مَش۔رِقْ) سورج نکلنے کی جگہ، پورب۔ جمع مَشَا۔رِقْ (مُش۔رِقْ) چمکنے والا، تارہ جمع مُشْرِقَاتْ۔
مشرقین (مَش۔رِقَینْ) مشرق اور مغرب دونوں۔
مشرک (مُش۔رِکْ) خدا کے ساتھ کسی اور کو بھی شریک کرنے والا جمع مُشْرِکِینْ (مُشْ۔رِکْ) کسی شریک کرنیوالا (مُشَرْ۔رَکْ) شریک کیا ہوا۔
مشروب (مَش۔رُوبْ) پیا ہوا۔
مشروبات (مَش۔رُو۔بَاتْ) پینے کی چیزیں۔
مشروح (مَش۔رُوحْ) شرح کیا ہوا۔
مشروط (مَش۔رُوطْ) شرط کیا ہوا۔
مشروع (مَش۔رُوعْ) حکم شریعت کے مطابق قسم کیا ہوا۔
مشط (مُشُطْ) (مَشْط) کنگھی، شانہ جمع اَمْشَاطْ۔
مشع (مَش۔عْ) تومنا۔
مشعب (مَش۔عَبْ) راہ، روش، مذہب جمع مَشَاعِبْ۔
مشعبد (مُشَعْ۔بِدْ) بازیگر، شعبدہ باز۔
مشعر (مُش۔عِرْ) خبر دینے والا (مَش۔عَرْ) مکہ معظمہ میں حاجیوں کے قربانی کرنے، بال کتروانے اور عبادت کرنے کی جگہ جمع مَشَاعِرْ۔
مشعرہ (مَش۔عَرَہْ) شعر خوانی کی جگہ جمع مَشَاعِرْ۔
مشعشع، مشعشعہ (مُشَعْ۔شَعْ، مُشَعْ۔شَعَہْ) روشن، پانی ملی ہوئی شراب۔
مشعل (مَش۔عَلْ) چراغدان، شمع جمع مَشَاعِلْ۔
مشعلچی (مَش۔عَلْ۔چِی) شمع والا۔
مشعلہ (مَش۔عَلَہْ) شمع، چراغدان جمع مَشَاعِلْ۔
مشعوذ (مُشَعْ۔وِذْ) دیکھو مشعبد۔
مشعوف (مَش۔عُوفْ) شیفتہ، عاشق، محبت کرنے والا، مسرور۔
مشغلہ (مَش۔غَلَہْ) کاروبار، شغل جمع مَشَاغِلْ۔

مشغول (مَش۔غُولْ) کام میں لگا ہوا۔
مشغوف (مَش۔غُوفْ) جسکے گوش میں بات بیٹھ گئی ہو۔
مشفق (مُش۔فِقْ) مہربانی کرنے والا۔
مشفقانہ (مُش۔فِقَا۔نَہْ) مشفق کی مانند۔
مشفقی (مُش۔فِقِی) میرے مشفق۔
مشق (مَشْقْ) کسی کام کو لگاتار کرنا۔
مشقا (مَش۔قَا) کی مانگ (مِش۔قَا) کنگھی۔
مشقاب (مُش۔قَابْ) ایک اتھلا برتن۔
مشقت (مَشَقْ۔قَتْ) سختی، محنت جمع مَشَاقّْ۔
مشقر (مُش۔قُرْ) گلدستہ۔
مشقص (مُشَقْ۔قَصْ) قصاب، قسائی۔
مشقی (مَش۔قِی) تختی، وصلی۔
مشک (مُشْکْ) کستوری (مَشْکْ) پانی بھرنے کا چمڑے کا تھیلا۔
مشکبار (مُشْکْ۔بَارْ) جو مشک برسا دے۔
مشکبو (مُشْکْ۔بُو) جس میں مشک کی خوشبو ہو۔
مشکبید (مُشْکْ۔بِیدْ) ایک خوشبودار پھول کی بید کا پیڑ۔
مشک تر (مُشْکْ۔تَرْ) خالص کالی مشک۔
مشکفام (مُشْکْ۔فَامْ) جس کا رنگ مثل مشک ہو، کالی چیز۔
مشکل (مُش۔کِلْ) کٹھن، دشواری جمع مُشْکِلَاتْ (مُشَکْ۔کَلْ) شکل بنانیوالا (مُشَکْ۔کِلْ) شکل بنایا ہوا، صورت دیا ہوا، با اعراب لفظ۔
مشکل پسند (مُش۔کِلْ۔پَسَنْدْ) جس کو مشکل چیز میں لطف آوے۔
مشکل پسندی (مُش۔کِلْ۔پَسَنْ۔دِی) مشکل چیز اچھی لگنا۔
مشکناب (مُشْکْ۔نَابْ) سیاہی، خالص مشک۔
مشکو (مُشْ۔کُو) گوابت خانہ، حویلی، گڑھی، بالاخانہ۔
مشکوۃ (مِش۔کَاتْ) چراغدان، فانوس۔
مشکور (مَش۔کُورْ) پسندیدہ، شکر کیا ہوا۔

مشکوک (مَش۔کُوک) شک کیا ہوا۔
مشکوی (مَش۔کُوی) تہ خانہ، محل، اٹاری، حویلی، بالاخانہ۔
مشکی (مُش۔کی) منسوب بہ مشک، سیاہ، کالی چیز۔
مشکیزہ (مَش۔کی۔زَہ) پانی کی چھوٹی مشک۔
مشلول (مَش۔لُول) شل کیا ہوا، اپاہج۔
مشم (مَشَم) قوت شامہ کی جگہ جمع مَشَام۔
مشمر (مُشَمِّر) کمر باندھ کر کام میں چستی کرنیوالا (مُشَمَّر) کام میں چستی کیا ہوا، تیز گھوڑا دوڑانے پر مستعد۔
مشمش (مِش۔مِش) زرد آلو، خوبانی۔
مشمع (مُشَمَّع) موم جامہ، پارسل جمع مُشَمَّعَات۔
مشمول (مَش۔مُول) شامل کیا ہوا۔
مشموم (مَش۔مُوم) خوشبودار، سونگھا ہوا۔
مشنا (مَش۔نَا) دشمن رکھنا۔
مشنع (مُشَنَّع) ملامت کیا ہوا، خراب، بُرا۔
مشنگ (مُشَنگ) موتھا گھاس، چور، راہزن۔
مشو (مُشو) مسور سے مشابہ ایک غلہ (مَشو) مہمل املا۔
مشواذ (مِش۔وَاذ) لنگی، پگڑی جمع مَشَاوِذ۔
مشوب (مَشُوب) مخلوط، ملا ہوا۔
مشوذ (مِش۔وَذ) لنگی، پگڑی جمع مَشَاوِذ۔
مشورت (مَش۔وَرَت) صلاح پرسی، صلاح پوچھنا۔
مشورت خانہ (مَش۔وَرَت۔خَا۔نَہ) کونسل
مشورہ (مَش۔وَرَہ، مَشُو۔رَہ) صلاح پرسی۔
مشوش (مُشَوِّش) پریشان کرنیوالا (مُشَوَّش) گھبرایا ہوا، پریشان۔
مشوق (مُشَوِّق) شوق دلانیوالا (مُشَوَّق) شوق دلایا ہوا (مَشُوق) شائق، شوقین۔
مشول (مِش۔وَل) چھوٹی درانتی، داسکالہ۔
مشوم (مَشْؤُم، مَش۔ؤُم) منحوس۔
مشوی (مَش۔وِی) بھنا ہوا، بریان۔
مشہد (مَش۔ہَد) حاضر ہونیکی جگہ، شہادت کی جگہ، شہیدوں کا قبرستان جمع مَشَاہِد، نام شہر ایران

مشہر (مُشَہِّر) آشکارا کرنیوالا، شہرت دینے والا (مُشَہَّر) شہرت دیا ہوا، آشکارا کیا ہوا۔
مشہود (مَش۔ہُود) حاضر کیا ہوا، موجود، جس پر گواہ ہوں، عرفہ کا دن۔
مشہور (مَش۔ہُور) شہرت دیا ہوا جمع مَشَاہِیر۔
مشہی (مُشَہِّی) بھوک لگانیوالی چیز۔
مشی (مَش۔ی) چھل قدمی، چلنا (مُشَمِّی) مسہل، جلاب۔
مشیا (مَش۔یا) بکری کے دودھ کا گھی۔
مشیب (مَشِیب) بڈھا ہونا، بال چٹے ہونا۔
مشیت (مَشِی۔یَت) اللہ میاں کی مرضی، خواہش۔
مشیج (مَشِیج) خوناب، خون پانی ملا ہوا، ملاوٹ جمع اَمْشَاج۔
مشیخت (مَشِی۔خَت) شیخی، ڈینگ، شیخ کی جمع۔
مشید (مُشَیَّد) گچ کیا ہوا، مضبوط کیا ہوا (مَشِی۔یَد) گچ اور چونہ سے پکا کیا ہوا (مُشَیِّد) چونہ سے پکا کرنے والا۔
مشیدہ (مُشَی۔یَدَہ) باہر لایا ہوا، بلند کیا ہوا، گچ اور چونہ سے پکا کیا ہوا۔
مشیر (مُشِیر) صاحب مشورہ، مشورہ دینے والا، اشارہ کرنے والا۔
مشیق (مَشِیق) چھریرا، اکہرا بدن، چھو منتر۔
مشیمہ (مَشِی۔مَہ) وقت پیدائش بچہ پر لپٹی ہوئی جھلی، آنکھوں کا چھٹا پردہ جمع مَشِیم، مَشَائِم۔
مشین (مُشِین) شاندار (مَشِین) بیکار، نامعقول۔
مشیہ (مِش۔یَہ) رفتار، چال۔
مص (مَصّ) چوسنا۔
مصاب (مُصَاب) مصیبت زدہ، دکھیارا۔
مصابرت (مُصَا۔بَرَت) صبر کرنا۔
مصاحب (مُصَا۔حِب) ہمجلیس جمع مُصَاحِبِین۔
مصاحبت (مُصَا۔حَبَت) ہم جلیسی، سنگت۔
مصاحبہ (مُصَا۔حِبَہ) ہم جلیس عورت۔

مصاحف (مَصَا۔حِفْ) مصحف کی جمع۔
مصاد (مَصَادْ) شکارگاہ۔
مصادرت، مصادرہ (مُصَا۔دَرَتْ مُصَا۔دَرَہْ) تاوان، ڈنڈ، واپسی، واپس لوٹنا۔
مصادقت (مُصَا۔دَقَتْ) باہمی دلی دوستی۔
مصادمت (مُصَا۔دَمَتْ) صدمہ پہنچانا، ٹکرانا۔
مصارع (مُصَا۔رِعْ) کشتی گیر، پہلوان، ہاتھا پائی کرنیوالا۔
مصارعت (مُصَا۔رَعَتْ) دنگل، کشتی، ہاتھا پائی۔
مصارمت (مُصَا۔رَمَتْ) معاملہ قطع کرنا، علمی معارضہ کرنا۔
مصاف (مَصَافّ) مصف کی جمع (مُصَافّ) آپس میں صف باندھنا۔
مصافات (مُصَا۔فَاتْ) دوستی، اخلاص۔
مصافحہ (مُصَا۔فَحَہْ) وقت ملاقات ہاتھ ملانا۔
مصالح (مُصَا۔لِحْ) صلح کرنیوالا (مَصَا۔لِحْ) مصلحت کی جمع
مصالحہ (مَصَا۔لِحَہْ) درستی کی چیز، اصلاح کا سامان۔
مصالحت (مُصَا۔لَحَتْ) ملاپ، باہمی صلح۔
مصانات (مُصَا۔نَاتْ) رنج اٹھانا۔
مصاولہ (مُصَا۔وَلَہْ) لڑائی کے لئے حملہ کرنا۔
مصاہرت (مُصَا۔ہَرَتْ) سمدھیانا، خسر بنانا، داماد بنانا۔
مصائب (مَصَا۔ئِبْ) مصیبت کی جمع۔
مصائد (مَصَا۔ئِدْ) صید کی جمع۔
مصب (مَصَبّ) دہانہ۔
مصباح (مِصْ۔بَاحْ) چراغ جمع مَصَابِیْح۔
مصبر (مُصَبِّرْ) ایلوا۔
مصبغ (مُصَبَّغْ) رنگ کیا ہوا (مُصَبِّغْ) رنگنے والا۔
مصبوغ (مَصْ۔بُوْغْ) رنگین، رنگ کیا ہوا۔
مصبیہ (مُصْ۔بِیَہْ) بچوں والی۔
مصحح (مُصَحِّحْ) پروف ریڈر، غلطی صحیح کرنے والا (مُصَحَّحْ) غلطی درست کیا ہوا۔
مصحف (مُصْ۔حَفْ) کتاب، قرآن مجید جمع مَصَاحِفْ (مُصَحَّفْ) وہ لفظ جو نقطے لگنے سے بالکل دوسرا لفظ بن جاوے (مُصَحِّفْ) تصحیف کرنے والا۔
مصحوب (مَصْ۔حُوْبْ) صحبت یافتہ، ساتھ کیا ہوا۔
مصداق (مِصْ۔دَاقْ) وہ چیز جس کا مفہوم کسی دوسری چیز پر صادق آوے، آلۂ صدق جمع مَصَادِیْق
مصدر (مَصْ۔دَرْ) نکلنے کی جگہ، وہ کلمہ جو جملہ افعال کی اصل باعتبار اشتقاق ہو جمع مَصَادِرْ (مُصَدَّرْ) مقدم رکھا ہوا، صادر کیا ہوا (مُصَدِّرْ) مقدم رکھنے والا، صادر کرنے والا۔
مصدرہ (مُصَدَّرَہْ) صادر کیا ہوا، شروع سے لایا ہوا، مقدم کیا ہوا (مَصْ۔دَرَہْ) واپس لوٹایا ہوا۔
مصدع (مُصَدِّعْ) دردسر پیدا کرنیوالا، تکلیف دینے والا (مُصَدَّعْ) دردسر پیدا کیا ہوا، تکلیف دیا ہوا۔
مصدق (مُصَدِّقْ) تصدیق کرنے والا (مُصَدَّقْ) تصدیق کیا ہوا (مَصْ۔دَقْ) عورت کا مہر مقرر کیا ہوا۔
مصدقہ (مُصَدَّقَہْ) تصدیق کیا ہوا۔
مصدور (مَصْ۔دُوْرْ) صادر کیا ہوا۔
مصدوق (مَصْ۔دُوْقْ) صادق کیا ہوا۔
مصر (مِصْر) شہر جمع اَمْصَارْ، نام ملک افریقہ، حد فاصل (مُصِرّ) کام پر کھڑا ہونیوالا (مُصِرّ) اصرار کرنے والا۔
مصراع (مِصْ۔رَاعْ) کواڑ، پٹ، دروازہ بند کرنیکا تختہ
مصران (مِصْ۔رَانْ) دو شہر۔
مصرح (مُصَرَّحْ) صاف صاف کہا ہوا (مُصَرِّحْ) صاف گو، تصریح کرنے والا۔
مصر سفلی (مِصْر۔سُفْ۔لَا) جنوبی مصر۔
مصرع (مِصْ۔رَعْ) آدھا شعر، ایک طرف کا کواڑ (مُصَرَّعْ) ڈالا ہوا، پہلے مصرع میں قافیہ لایا ہوا (مُصَرِّعْ) مصرع لانیوالا (مَصْ۔رَعْ) ڈالنے کی جگہ، پچھاڑنے کی جگہ جمع مَصَارِعْ۔
مصر علیا (مِصْر۔عُلْ۔یَا) شمالی مصر۔

مصرعہ (مِصْ ۔ رَعَہ) آدھا شعر۔
مصرف (مَصْ ۔ رِفْ) خرچ کرنے کی جگہ جمع مَصَارِف
(مُصْ ۔ رِفْ) فضول خرچ (مُصَرْ رَفْ) گردان کیا ہوا۔
مصرم (مِصْ ۔ رَمْ) درانتی، ہنسیا جمع مَصَارِم۔
مصروع (مَصْ ۔ رُوعْ) مرگی کا بیمار، پچھاڑا ہوا۔
مصروف (مَصْ ۔ رُوفْ) خرچ کیا ہوا، مشغول۔
مصری (مِصْ ۔ رِیْ) ایک قسم کی شکر، مصر کی چیز، مصر کا باشندہ، مصر کے ساتھ منسوب ہے۔
مصطبغ (مُصْ ۔ طَبِغْ) رنگا ہوا (مُصْ ۔ طَبِغْ) رنگنے والا۔
مصطبہ (مَصْ ۔ طَبَہْ) شراب خانہ جمع مَصَاطِب۔
مصطفٰے (مُصْ ۔ طَفَا) برگزیدہ، قبول کیا ہوا۔
مصطفوی (مُصْ ۔ طَفَوِیْ) منسوب بہ سردار دوجہاں محمد مصطفٰے (صلی اللہ علیہ وسلم)۔
مصطکی، مصطگی (مُصْ ۔ طَکَا، مَصْ ۔ طَگِی) جنوبی یورپ وغیرہ کے ایک درخت کا زرد گوند جو دوا ہے۔
مصطلح (مُصْ ۔ طَلَحْ) اصلی کے علاوہ دوسرے معنی مقرر کیا ہوا جمع مُصْطَلَحَات (مُصْ ۔ طَلِحْ) اصطلاح مقرر کرنیوالا، دوسرے معنے مقرر کرنیوالا جمع مُصْطَلِحِیْن
مصعب (مَصْ ۔ عَبْ) دشواری، سختی کی جگہ جمع مَصَاعِب۔
مصعد (مَصْ ۔ عَدْ) ملبندی، اوپر نکلنے کی جگہ جمع مَصَاعِد
(مُصْعِدْ ۔ عِدْ) اوپر نکلنے والا (مُصْعَدْ ۔ عَدْ) اوپر نکلا ہوا۔
مصغر (مُصَغْ ۔ غَرْ) چھوٹا کیا ہوا، تصغیر کیا ہوا (مُصَغْ ۔ غِرْ) چھوٹا کرنے والا، تصغیر کرنے والا۔
مصف (مَصَفْ) صف باندھنے کی جگہ جمع مَصَافّ۔
مصفات (مِصْ ۔ فَاتْ) صاف کرنیکا آلہ، چھننا۔
مصفّٰی (مُصَفْ ۔ فِیْ) صاف کرنیوالا (مُصَفْ ۔ فَا) صاف کیا ہوا۔
مصقع (مِصْ ۔ قَعْ) فصیح، بلیغ جمع مَصَاقِع۔
مصقل یا مصقلہ (مِصْ ۔ قَلْ، مِصْ ۔ قَلَہْ) چمکانے کا آلہ جمع مَصَاقِل۔
مصقول (مَصْ ۔ قُولْ) جلا کیا ہوا، چمکایا ہوا۔

مصلّٰی (مُصَلْ ۔ لَا) جائے نماز، عیدگاہ۔
مصلاو (مَصْ ۔ لَاوْ) گائے بھینس جو دودھ سے اتر گئی ہو۔
مصلب (مُصَلْ ۔ لَبْ) سولی دیا ہوا، صلیب بنایا ہوا (مُصَلْ ۔ لِبْ) صلیب بنانیوالا، سولی دینے والا۔
مصلح (مُصْ ۔ لِحْ) ریفارمر، اصلاح کرنیوالا جمع مُصْلِحِیْن
مصلحت (مَصْ ۔ لَحَتْ) نیک تجویز، اچھی صلاح جمع مَصَالِح۔
مصلوب (مَصْ ۔ لُوبْ) سولی دیا ہوا۔
مصلی (مُصَلْ ۔ لِیْ) نمازی، درود پڑھنے والا (مُصَلْ ۔ لَا) درود پڑھا ہوا، درود پڑھنے کی جگہ، مصلّٰی۔
مصمت (مُصْ ۔ مَتْ) ایک رنگ، منہ بند پھوڑا، ٹھوس، وہ زخم جس کا منہ بھرا ہوا ہو (مُصَمْ ۔ مَتْ) چپ کیا ہوا (مُصَمْ ۔ مِتْ) چپ کرنے والا۔
مصمصہ (مَصْ ۔ مَصَہ) کھنگالنا، کلی منہ میں پھرانا۔
مصمم (مُصَمْ ۔ مَمْ) پختہ کیا ہوا (مُصَمْ ۔ مِمْ) پختہ کرنے والا۔
مصن (مُصِنّ) گندہ بغل۔
مصندل (مُصَنْ ۔ دَلْ) صندلی۔
مصنع (مَصْ ۔ نَعْ) قلعہ، ندی، حوض جمع مَصَانِع۔
مصنف (مُصَنْ ۔ نِفْ) تصنیف کرنیوالا جمع مُصَنِّفِیْن (مُصَنْ ۔ نَفْ) تصنیف کیا ہوا، کتاب۔
مصنفہ (مُصَنْ ۔ نَفَہ) تصنیف کیا ہوا جمع مُصَنَّفَات۔
مصنوع (مَصْ ۔ نُوعْ) بنایا ہوا جمع مَصْنُوعَات۔
مصنوعی (مَصْ ۔ نُوعِیْ) بناوٹی، نقلی۔
مصوا (مَصْ ۔ وَاءْ) عورت جس کی ران پتلی ہوں۔
مصور (مُصَوْ ۔ وِرْ) تصویر بنانے والا، تصویر کھینچنے والا (مُصَوْ ۔ وَرْ) تصویر بنایا ہوا، تصویر والی چیز۔
مصورہ (مُصَوْ ۔ وِرَہْ) وہ قوت جو ماں کے رحم میں بچہ کی شکل ڈھالتی ہے۔
مصوری (مُصَوْ ۔ وِرِیْ) تصویر بنانا۔
مصوص (مُصُوصْ) وہ کھنا ہوا پرند جس کو سر کہ میں چھوڑتے ہیں۔

مصون (مَصُون) محفوظ، نگاہ رکھا ہوا۔
مصیب (مُصِیب) ٹھکانے پہنچنے والا، ٹھیک کہنے والا۔
مصیبت (مُصِی۔ بَت) دکھ، تکلیف جمع مَصَائب۔
مصیدہ (مَصِی۔ دَہ) جال۔
مصیر (مَصِیر) جائے بازگشت، ٹھکانا۔
مصیقل (مُصَی۔ قَل) جلا کی ہوئی چیز (مُصَی۔ قِل) جلا کرنے والا، صیقل کرنے والا، صیقل گر۔
مضاجع (مُضَا۔ جِع) باہم ایک جگہ سونے والا۔
مضاجعت (مُضَا۔ جَعَت) باہم ایک جگہ سونا۔
مضاحک (مُضَا۔ حِک) ہنسوڑ، دل لگی باز۔
مضاحکہ (مُضَا۔ حَکَہ) آپس میں دل لگی کرنا۔
مضادت، مضاد (مُضَا۔ دَت، مُضَاد) آپس میں ضد ہونا۔
مضار (مَضَار) نقصان، نقصان کی جگہ۔
مضاربت (مُضَا۔ رَبَت) نفع کا شریک کر کے کسی کو تجارت کے لئے مال دینا۔
مضارع (مُضَا۔ رِع) مانند ہونے والا، وہ فعل جس میں مستقبل اور حال دونوں زمانے ہوں۔
مضارعت (مُضَا۔ رَعَت) مشابہ ہونا، شریک ہونا۔
مضاعف (مُضَا۔ عَف) دوچند، دونا، وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف ہوں۔
مضاف (مُضَاف) منسوب، متعلق۔
مضافات (مُضَا۔ فَات) متعلقات، منسوبات۔
مضاف الیہ (مُضَاف۔ اِلَیہ) جسکی طرف نسبت دیجاوے۔
مضافرہ (مُضَا۔ فَرَہ) مدد کرنا۔
مضامین (مَضَا۔ مِین) مضمون کی جمع۔
مضانعت (مُضَا۔ نَعَت) رشوت دینا، کام آسان کرنا۔
مضاہات (مُضَا۔ ہَات) کسی چیز کی مانند ہونا۔
مضاہی (مُضَا۔ ہِی) مانند، مشابہ۔
مضاء (مَضَاء) روانی، رواں ہونا، گذرنا۔
مضایقہ، مضایقت (مُضَا۔ یَقَہ، مُضَا۔ یَقَت) تنگی، باہمی تنگی جمع مَضَایِق۔
مضبطہ (مَضْ۔ بَطَہ) عرضداشت، میموریل۔
مضبوط (مَضْ۔ بُوط) پائدار، ضبط کیا ہوا، ٹھیک۔
مضبوطی (مَضْ۔ بُو۔ طِی) پائداری۔
مضج (مُضِج) رونے چلانے والا۔
مضجع (مَضْ۔ جَع) خوابگاہ جمع مَضَاجِع۔
مضحاک (مِضْ۔ حَاک) بڑی ہنسنے والی۔
مضحک (مُضْ۔ حِک) ہنسانے والا (مُضْ۔ حَک) ہنسایا ہوا (مَضْ۔ حَک) وہ آدمی یا چیز جس پر لوگ ہنسیں (مُضحِک) ہنسانے والا، ہنسنے والا (مُضحَک) ہنسایا ہوا، ہنسا ہوا۔
مضحکہ (مَضْ۔ حَکَہ) ٹھٹھول، چہل۔
مضخہ (مِضَخَّہ) پچکاری، ڈنگیر۔
مضر (مُضِر) نقصان رساں (مَضَر) نقصان کی جگہ جمع مَضَار۔
مضراب (مِضْ۔ رَاب) ستار بجانے کا آلہ جمع مَضَارِیب۔
مضرب (مُضَرّ۔ رَب) سیا ہوا (مَضْ۔ رِب) مارنے کی جگہ جمع مَضَارِب (مِضْ۔ رَب) مارنے کا آلہ، خیمہ جمع مَضَارِب۔
مضرت (مَضَرّ۔ رَت) نقصان، گزند جمع مَضَار۔
مضرج (مِضْ۔ رَج) پھٹا کپڑا جمع مَضَارِج (مُضَرّ۔ رَج) خون آلود کیا ہوا (مُضَرّ۔ رِج) خون آلود کرنے والا۔
مضروب (مَضْ۔ رُوب) مارا ہوا، ضرب پہونچایا ہوا۔
مضرور (مَضْ۔ رُور) ضرر پہونچا ہوا۔
مضطبہ (مَضْ۔ طَبَہ) دیکھو مصطبہ۔
مضطر (مُضْ۔ طَر) بے اختیار، بے چارہ، نقصان پہنچا ہوا۔
مضطرب (مُضْ۔ طَرِب) پریشان۔
مضطرب الحال (مُضْ۔ طَرِبُل۔ حَال) پریشان حال۔
مضغ (مَضْغ) [illegible] چبانا۔
مضغہ (مُضْ۔ غَہ) [illegible] ایک نوالہ کی برابر چیز جمع مُضَغ۔

مضلت ، مضلہ (مَضَلْ ۔ لَتْ ، مَضَلْ ۔ لَہْ) گمراہی اور ضلالت کی جگہ۔
مضمار (مِضْ ۔ مَارْ) گھوڑے پھیرنے کا میدان جمع مَضَامِیر۔
مضمحل (مُضْمَحِلّ) سست ، نا چیز ، محو ہونیوالا ، نابود ہونیوالا
مضمر (مُضْ ۔ مَرْ) پوشیدہ ، ضمیر لایا ہوا (مُضْ ۔ مِرْ) چھپانیوالا ، کلام میں ضمیر لانیوالا (مُضَمَّرْ) طیار کیا ہوا گھوڑا (مُضَمِّرْ) کھلا پلا کر گھوڑا طیار کرنیوالا۔
مضمضہ (مَضْ ۔ مَضَہْ) دیکھو مضمضہ۔
مضمن (مُضَمَّنْ) تضمین کیا ہوا قطعہ (مُضَمِّنْ) تضمین کرنے والا۔
مضموم (مَضْ ۔ مُوْم) پیش (ــُـ) لگایا ہوا ، ملایا ہوا۔
مضمون (مَضْ ۔ مُوْن) ضمن میں لیا ہوا ، موضوع بیان ، کسی موضوع پر تحریری یا تقریری اظہار خیال جمع مَضَامِین
مضنون (مَضْ ۔ نُوْن) بخل کیا ہوا ، کنجوسی کیا ہوا۔
مضو (مُضُوّ) پیش قدمی کرنا ، بڑھنا۔
مضور (مَضُوْر) دودھ کھٹا ہونا۔
مضوغ (مَضُوْغ) چبایا ہوا ، جس کو چباویں۔
مضی (مُضِیّ) جانا ، گذرنا (مُضَا) گذارا ہوا۔
مضیع (مُضِیْع) ضائع کرنے والا۔
مضیف (مُضِیْف) مہمانی کرنیوالا ، نسبت کرنیوالا۔
مضیق (مَضِیْق) تنگ جگہ جمع مَضَایِق۔
مضیم (مَضِیْم) مظلوم۔
مط (مَطّ) ناک بھوں چڑھانا۔
مطا (مَطَا) پیٹھ ، مدد ، حفاظت جمع اَمْطَا۔
مطابخ (مَطَا ۔ بِخْ) مطبخ کی جمع۔
مطابع (مَطَا ۔ بِعْ) مطبع کی جمع۔
مطابق (مُطَا ۔ بِقْ) موافق ، برابر۔
مطابقت (مُطَا ۔ بَقَتْ) برابری ، موافقت۔
مطار (مَطَارْ) اڑنے کی جگہ ، ہوائی مستقر۔
مطارح (مَطَا ۔ رِحْ) مطرح کی جمع۔
مطارحہ (مُطَا ۔ رَحَہ) بات چیت ، خوشامد ، مشورہ جمع مُطَارَحَاتْ۔
مطاردہ (مُطَا ۔ رَدَہْ) آپس میں حملہ کرنا۔
مطاع (مُطَاعْ) اطاعت کیا ہوا ، (مَطَاعْ) جس سے نفع حاصل ہو ، پونجی۔
مطاعم (مَطَا ۔ عِمْ) مطعم کی جمع (مَطَا عِمْ) میری پونجی۔
مطاعن (مَطَا ۔ عِنْ) طعن کی جمع۔
مطاف (مَطَافْ) طواف کرنے کی جگہ۔
مطالب (مَطَا ۔ لِبْ) مطلب کی جمع (مُطَا ۔ لِبْ) طلب کرنے والا۔
مطالبہ (مُطَا ۔ لَبَہْ) طلب کرنا۔
مطالعہ (مُطَا ۔ لَعَہْ) کسی چیز سے واقف ہونیکے لئے اس کو دیکھنا۔
مطامع (مَطَا ۔ مِعْ) طمع کی جمع۔
مطاوع (مُطَا ۔ وِعْ) فرمان برداری کرنے والا۔
مطاوعت (مُطَا ۔ وَ ۔ عَتْ) فرماں برداری۔
مطاولہ (مُطَا ۔ وَلَہْ) لمبائی میں برابری کرنا۔
مطاوی (مَطَا ۔ وِیْ) مطوی کی جمع۔
مطایبہ (مُطَا ۔ یَبَہْ) مہذب تفریح جمع مُطَایَبَاتْ۔
مطایرہ (مُطَا ۔ یَرَہْ) اڑانا ، باہم ملکر اڑانا۔
مطب (مَطَبّ) بیماروں کا علاج کرنے کی جگہ۔
مطبخ (مَطْ ۔ بَخْ) کھانا پکانیکی جگہ ، باورچی خانہ جمع مَطَابِخْ (مُطَّ ۔ بِخْ) کھانا پکانیوالا ، باورچی۔
مطبخی (مَطْ ۔ بَخِیْ) باورچی۔
مطبع (مَطْ ۔ بَعْ) چھاپہ خانہ جمع مَطَابِعْ۔
مطبق (مُطْ ۔ بَقْ) ڈھکنےدار برتن ، تہ برتہ کیا ہوا۔
مطبوخ (مَطْ ۔ بُوْخ) آگ پہ پکائی ہوئی چیز۔
مطبوع (مَطْ ۔ بُوْع) پسند کی ہوئی چیز ، چھاپی ہوئی جیسے چھپا ہوا ، طبع کیا ہوا
مطحلب (مُتَطَحْ ۔ لِبْ) کائی جما ہوا پانی۔
مطحن (مِطْ ۔ حَنْ) پیسنے کا آلہ ، چکی جمع مَطَاحِنْ۔
مطحول (مَطْ ۔ حُوْل) جس کے پیٹ میں تلی ہو۔

مطر (مَطَ۔ ر) مینھ، بارش جمع اَمطار (مطَر) تازگی۔
مطرا (مُطَ۔ رّا) سمعاً، تازگی، تازہ۔
مطران (مِطْ۔ رَانْ) عیسائیوں یا یہودیوں کا سردار قوم۔
مطرب (مُطْ۔ رِبْ) ڈوم، گویّا جمع مُطرِبین، مُطرِبان
مطربہ (مُطْ۔ رِبَہْ) ڈومنی جمع مُطرِبات، مُطرِبات۔
مطرح (مَطْ۔ رَحْ) چیز ڈالنے کی جگہ جمع مَطارِح۔
مطرد (مُطَّ۔ رِدْ) مستقیم، ایک ڈھنگ پر ہونیوالا، آگے پیچھے ہونیوالا (مِطْ۔ رَدْ) چھوٹا برچھا، سونٹا، پیچھے پہنے کا کپڑا جمع مَطارِد۔
مطرز (مُطَرْ۔ رَزْ) زینت دیا ہوا۔
مطرف (مُطَرْ۔ رَفْ) مزین، سیج کی ایک قسم (مُطْ۔ رِفْ) کسی بات کی اطلاع پانیوالا (مُطْ۔ رَفْ) جھنڈی کا کپڑا۔
مطرقہ (مِطْ۔ رَقَہ) ہتھوڑا، چھڑی۔
مطروح (مَطْ۔ رُوْح) حقیر، بے وقر، ناپسندیدہ جمع مَطرُوحات۔
مطرود (مَطْ۔ رُوْد) نکالا ہوا۔
مطری (مُطْ۔ رِیْ) بھاٹ، تعریف کرنیوالا۔
مطعام (مِطْ۔ عَام) بہت کھانا کھلانیوالا جمع مَطاعِیم۔
مطعان (مِطْ۔ عَانْ) بہت طعنہ دینیوالا جمع مَطاعِین۔
مطعم (مَطْ۔ عَمْ) کھانے کی چیز جمع مَطاعِم (مِطْ۔ عَمْ) بڑا کھانیوالا (مُطْ۔ عِمْ) کھلانیوالا (مُطْ۔ عَمْ) کھلایا ہوا۔
مطعوم (مَطْ۔ عُوْم) کھانیکی چیز جمع مَطعُومات
مطعون (مَطْ۔ عُوْن) طعنہ دیا ہوا، عیب کیا ہوا۔
مطفحہ (مِطْ۔ فَحَہ) کفگیر جمع مَطافِح۔
مطفل، مطفلہ (مُطْ۔ فِلْ، مُطْ۔ فِلَہ) بچوں والی۔
مطفی (مُطْ۔ فِیْ) آگ بجھانیوالا، چراغ بجھانے والا۔
مطلا (مُطَلْ۔ لَا) سونے کا کام کیا ہوا۔
مطلاب (مِطْ۔ لَابْ) ڈھونڈنیکا آلہ جمع مَطالِیب
مطلب (مَطْ۔ لَبْ) مراد، معنی، ڈھونڈنے کی جگہ جمع مَطالِب (مِطْ۔ لَبْ) ڈھونڈنے کا آلہ جمع مَطالِب (مُطْ۔ طَلِبْ) ڈھونڈنے والا۔

مطلع (مُطْ۔ طَلَعْ) خبردار کیا ہوا (مُطْ۔ طَلِعْ) خبردار کرنیوالا (مَطْ۔ لَعْ) طلوع ہونیکی جگہ، نظم کا شروع شعر جمع مَطالِع۔
مطلق (مُطْ۔ لَقْ) آزاد، بے قید، رواں کیا گیا، کھولا ہوا، کلمۂ حصر (مُطَلْ۔ لِقْ) کھولنے والا، کہنے والا، دست لانیوالا (مُطَلْ۔ لِقْ) عورت کو آزادی دینے والا، طلاق دینے والا۔
مطلقاً (مُطْ۔ لَقَنْ) بطور مطلق، قطعی طور پر۔
مطلق العنان (مُطْ۔ لَقُلْ۔ عِنَانْ) بے لگام۔
مطلقہ (مُطَلْ۔ لَقَہ) آزاد کی ہوئی، طلاق دی ہوئی۔
مطلوب (مَطْ۔ لُوْب) طلب کیا ہوا، ڈھونڈھا ہوا۔
مطلوقہ (مَطْ۔ لُوْ۔ قَہ) طلاق دی ہوئی۔
مطمح (مَطْ۔ مَحْ) نظر پڑنے کی جگہ جمع مَطامِح۔
مطمر (مِطْ۔ مَرْ) راج کا سوت۔
مطمع (مَطْ۔ مَعْ) للچانیکی جگہ جمع مَطامِع (مُطْ۔ مِعْ) طمع میں ڈالنے والا، امل، یا دام (مُطْ۔ مَعْ) طمع میں ڈالا ہوا۔
مطملہ (مِطْ۔ مَلَہ) بیلن۔
مطمورہ (مَطْ۔ مُوْ۔ رَہْ) تہ خانہ۔
مطموع (مَطْ۔ مُوْع) لالچ کیا ہوا۔
مطمئن (مُطْ۔ مَ۔ اِنْ) آسودہ، سکون پانیوالا۔
مطنب (مُطْ۔ نِبْ) لمبی بات کرنیوالا۔
مطواء (مِطْ۔ وَا) انگڑائی، باسک۔
مطوع (مُطَّ۔ وِعْ) وہ مسلمان جو جہاد سے مستثنیٰ ہو مگر خود اپنی خوشی سے جہاد کرے۔
مطوق (مُطَوْ۔ وِقْ) طوق پہنانیوالا (مُطَوْ۔ وَقْ) طوق پہنایا ہوا۔
مطول (مُطَوْ۔ وِلْ) لمبا کرنیوالا (مُطَوْ۔ وَلْ) لمبا کیا ہوا۔
مطوہ (مِطْ۔ وَہْ) چاقو۔
مطوی (مَطْ۔ وِیْ) گتھی، الجھن جمع مَطاوِی۔
مطہر (مُطْ۔ ہِرْ) پاک ہونیوالا (مُطَہْ۔ ہَرْ) پاک

کیا ہوا (مُطَہ ّہَر) پاک کرنے والا، بھنگی۔
مطہرہ (مِطْ۔ہَرَہ) پاک ہونیکا آلہ، چھاگل، آفتابہ، غسل خانہ۔
مطیب (مُطَی ّیِب) اچھی خوشبو دینے والا، پاک ہونیوالا (مُطَی ّیَب) پاک اور خوشبودار کیا ہوا۔
مطیر (مُطَی ّیَر) پرندکی تصویر کھینچا ہوا، اُڑنیوالا (مُتَطَیِّر) بدشگون لینے والا۔
مطیع (مُطِیْع) فرماں بردار، اطاعت کرنے والا۔
مطین (مُطَی ّیَن) مٹی سے لیپا ہوا۔
مطیہ (مَطِی ّیَہ) سواری، مرکب جمع مَطَایَا۔
مظ (مَظّ) گلنار۔
مظالم (مَظَا۔لِم) مظلمہ کی جمع۔
مظان (مَظَانّ) مظنہ کی جمع، گمان کرنیکی جگہ۔
مظاہر (مُظَا۔ہِر) مظاہرہ کرنیوالا جمع مُظَاہِرِیْن
مَظَا۔ہِر مظہر کی جمع۔
مظاہرہ (مُظَا۔ہَرَہ) باہم ظاہر ہونا، باہم پشت ہونا۔
مظروف (مَظْ۔رُوْف) برتن میں رکھی ہوئی چیز۔
مظفر (مُظَفَّر) فتحمند، فتحمندی دیا ہوا۔
مظل (مِظَلّ) چھاؤں کرنیکا آلہ، سائبان (مُظِلّ) چھاؤں کرنیوالا (مُظَلّ) چھاؤں کیا ہوا۔
مظلل (مُظَلَّل) سایہ ڈالا ہوا۔
مظلم (مُظْ۔لِم) تاریک (مَظْ۔لَم) اندھیری جگہ۔
مظلمہ (مَظْ۔لِمَہ) جور، جفا، ستم، سزادہی کی جگہ جمع مَظَالِم (مُظْ۔لِمَہ) تاریک۔
مظلوم (مَظْ۔لُوْم) ستم رسیدہ جمع مَظْلُوْمِیْن۔
مظلومی (مَظْ۔لُوْ۔مِی) مظلوم ہونا۔
مظلومیت (مَظْ۔لُوْ۔مِی۔یَت) مظلوم پن۔
مظلہ (مِظَلَّہ) سائبان (مَظَلَّہ) چھتر۔
مظنون (مَظْ۔نُوْن) گمان کیا ہوا۔
مظنہ (مَظِنَّہ) گمان کرنیکی جگہ، شبہ جمع مَظَانّ۔
مظہر (مَظْ۔ہَر) ظاہر ہونیکی جگہ جمع مَظَاہِر (مُظْ۔ہِر) ظاہر کرنیوالا (مُظْ۔ہَر) ظاہر کیا ہوا۔
مع (مَعَ) ساتھ، با۔
معا (مِعَا) اوپر سے نیچے بہنے والی ندی، آنت، انتڑی روده جمع اَمْعَا۔
معاً (مَعًا) فوراً، اسی وقت۔
معابد (مَعَا۔بِد) معبد کی جمع۔
معاتب (مُعَا۔تِب) عتاب کرنیوالا (مُعَا۔تَب) عتاب کیا ہوا۔
معاتبت (مُعَا۔تَبَت) آپسمیں عتاب کرنا۔
معاجین (مَعَا۔جِیْن) معجون کی جمع۔
معاد (مَعَاد) لوٹ کر جانیکی جگہ، آخرت۔
معادات (مُعَا۔دَات) باہمی دشمنی۔
معادل (مُعَا۔دِل) مساوی، برابر۔
معادلت (مُعَا۔دَلَت) انصاف پروری، برابری۔
معادن (مَعَا۔دِن) معدن کی جمع۔
معاذ (مَعَاذ) جائے پناہ۔
معاذ اللہ (مَعَا۔ذَ اللّٰہ) خدا کی پناہ۔
معاذیر (مَعَا۔ذِیْر) معذرت کی جمع۔
معارزہ (مُعَا۔رَزَہ) باہم دشمنی کرنا، دور ہونا۔
معارض (مُعَا۔رِض) برابری کرنے والا۔
معارضہ (مُعَا۔رَضَہ) برابری کرنا۔
معارف (مَعَا۔رِف) معرف کی جمع، اہل علم و فضل نامور لوگ، محکمہ تعلیم، شناسائی (مُعَا۔رِف) آشنا، پہچاننے والا۔
معرکت، معارکہ (مُعَا۔رَکَت، مُعَا۔رَکَہ) باہمی جنگ۔
معاش (مَعَاش) وہ چیز جس سے زندگی بسر کی جاوے، زیستن، زندگی کی جگہ، دنیا۔
معاشر (مُعَا۔شِر) ہمنشین جمع مُعَاشِرِیْن (مَعَا۔شِر) معشر کی جمع۔
معاشرت (مُعَا۔شَرَت) مل جل کر زندگی بسر کرنا۔

معاشی (مُعَا-شِیْ) منسوب بہ معاش، معاش والی چیز
معاشیات (مُعَا-شِیْ-یَاتْ) معاشی کی جمع معاش سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔
معاصر (مُعَا-صِرْ) ہمعصر، ہم زمانہ جمع مُعَاصِرِیْن۔
معاصرت (مُعَا-صَرَتْ) ہم زمانہ ہونا۔
معاصی (مَعَا-صِیْ) معصیت کی جمع۔
معاضد (مُعَا-ضِدْ) مددگار۔
معاضدت (مُعَا-ضَدَتْ) مددگاری۔
معاطات (مُعَا-طَاتْ) کچھ دینا، خدمت کرنا۔
معاطفت (مُعَا-طَفَتْ) مہربانی کرنا۔
معاف (مُعَافْ) بخشا ہوا۔
معافی (مُعَا-فِیْ) ا۔ منسوب بہ معاف بخشش ۲۔ معاف کرنیوالا (مُعَا-فَا) بخشا ہوا۔
معاقب (مُعَا-قِبْ) عقوبت دینے والا (مُعَا-قَبْ) عقوبت دیا ہوا۔
معاقبت (مُعَا-قَبَتْ) مار پیٹ، مار باندھ، عذاب دہی
معاقد (مُعَا-قِدْ) عقد کر دینے والا، عہد باندھنے والا۔
معاقدت (مُعَا-قَدَتْ) عہد باہمی، نکاح، گرہ بندی۔
معاقرت (مُعَا-قَرَتْ) ہر وقت کوئی کام کرنا۔
معاقلہ (مُعَا-قَلَہْ) عقل میں برابری کرنا
معالج (مُعَا-لِجْ) علاج کرنیوالا جمع مُعَالِجِیْن۔
معالجت، معالجہ (مُعَا-لَجَتْ، مُعَا-لَجَہْ) علاج کرنا۔
معالمہ (مُعَا-لَمَہْ) علم میں برابری کرنا۔
معالنہ (مُعَا-لَنَہْ) کوئی چیز آشکارا کرنا۔
معامل (مُعَا-مِلْ) معاملہ کرنے والا۔
معاملت، معاملہ (مُعَا-مَلَتْ، مُعَا-مَلَہْ) اشتراک عمل، کوئی بات جمع مُعَامَلَاتْ۔
معان (مَعَانْ) جگہ، مدد کرنا۔
معانات (مُعَا-نَاتْ) دُکھ جھیلنا، رنج اٹھانا۔
معاند (مُعَا-نِدْ) دشمن، عناد رکھنے والا۔
معاندت (مُعَا-نَدَتْ) باہمی دشمنی۔

معانق (مُعَا-نِقْ) گلے ملنے والا، بغل گیر ہونے والا۔
معانقہ (مُعَا-نَقَہْ) بغل گیری، گلے ملنا۔
معانی (مَعَا-نِیْ) معنی کی جمع۔
معاودت (مُعَا-وَدَتْ) واپسی۔
معاورہ (مُعَا-وَرَہْ) کوئی چیز دینا۔
معاوضت، معاوضہ (مُعَا-وَضَتْ، مُعَا-وَضَہْ) بدلا اُتارنا۔
معاون (مُعَا-وِنْ) مددگار جمع مُعَاوِنِیْن۔
معاونت (مُعَا-وَنَتْ) مددگاری۔
معاہد (مُعَا-ہِدْ) عہد کرنے والا۔
معاہدہ (مُعَا-ہَدَہْ) عہد باہمی۔
معاہرہ (مُعَا-ہَرَہْ) زنا کرنا۔
معائب (مَعَا-ئِبْ) عیب کی جمع۔
معائش (مَعَا-ئِشْ) معیشت کی جمع (مُعَا-ئِشْ) چین سے بسر کرنے والا۔
معایشت (مُعَا-یَشَتْ) کسی کے ساتھ چین سے بسر کرنا۔
معاینہ (مُعَا-یَنَہْ) کوئی چیز روبرو دیکھنا۔
معبد (مَعْ-بَدْ) عبادت کی جگہ جمع مَعَابِدْ (مُعْ-بِدْ) عبادت کرنیوالا (مُعْ-بَدْ) عبادت کیا ہوا۔
معبر (مَعْ-بَرْ) دریا عبور کرنے کی جگہ، گھاٹ جمع مَعَابِرْ (مِعْ-بَرْ) عبور کرنے کا ذریعہ جمع مَعَابِرْ (مُعَ-بِّرْ) تعبیر کرنیوالا، تو بتانے والا (مُعَ-بَّرْ) تعبیر کیا ہوا۔
معبلہ (مِعْ-بَلَہْ) پیکان۔
معبود (مَعْ-بُوْدْ) جسکو پوجیں، پوجا ہوا۔
معتاد (مُعْ-تَادْ) عادت پڑا ہوا، عادت ڈال لینے والا۔
معتبر (مُعْ-تَبَرْ) اعتبار کیا ہوا۔
معتد (مُعْ-تَدْ) شمار میں لایا ہوا۔
معتدبہ (مُعْ-تَدْ-بِہْ، مُعْ-تَدْ-بِہِیْ) اسکو شمار میں لایا ہوا۔
معتدل (مُعْ-تَدِلْ) درمیانی۔
معتدی (مُعْ-تَدِیْ) حد سے تجاوز کرنے والا۔

معتذر (ضمع۔ تذر) عذر کرنے والا۔
معترض (ضمع۔ ترض) اعتراض کرنے والا۔
معترف (ضمع۔ ترف) اعتراف کرنے والا۔
معتزل (ضمع۔ تزل) یکسو ہونے والا۔
معتزلہ (ضمع۔ تزلہ) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔
معتزلی (ضمع۔ تزلی) فرقہ معتزلہ کا پیرو جمع معتزلین
معتصر (ضمع۔ تصر) جس کو پاخانہ جانے کی حاجت ہو۔
معتصم (ضمع۔ تصم) سہارا پکڑنے والا، پناہ لینے والا۔
معتضد (ضمع۔ تضد) مدد لینے والا۔
معتقد (ضمع۔ تقد) اعتقاد رکھنے والا۔
معتکف (ضمع۔ تکف) اعتکاف کرنے والا۔
معتل (ضمع۔ تل) بیمار ہونیوالا، حرف علت والا لفظ۔
معتم (ضمع۔ تم) رنگ کرنیوالا (ضمع۔ تم) رنگ کیا ہوا۔
معتمد (ضمع۔ تمد) اعتماد کیا ہوا۔
معتمد سیاسی (ضمع۔ تمد سیاسی) رزیڈنٹ۔
معتمد علیہ (ضمع۔ تمد علی ہ) جس پر اعتماد ہو۔
معتنی (ضمع۔ تنی) تیمارداری کرنیوالا، اہتمام کرنے والا۔
معتوب (ضمع۔ توب) عتاب کیا ہوا۔
معتوہ (ضمع۔ توہ) بہکا ہوا جو کبھی باؤلوں کی باتیں کرے کبھی ہوشیاروں کی۔
معجب (ضمع۔ جب) حیرانی میں ڈالنے والا (ضمع۔ جب) حیرانی میں ڈالا ہوا (ضمع۔ جب) غرور کرنے والا (ضمع۔ جب) غرور کیا ہوا۔
معجر (ضمع۔ جر) اوڑھنی۔
معجز (ضمع۔ جز) خرق عادت، عاجز کرنیوالا (ضمع۔ جز) عاجز کیا ہوا۔
معجزہ (ضمع۔ جزہ) عاجز کرنیوالا، وہ فوق العادت بات جو نبی سے ظاہر ہو جمع معجزات۔
معجل (ضمع۔ جل) جلدی کیا ہوا (ضمع۔ جل) جلدی کرنیوالا (ضمع۔ جل) دوڑانیوالا (ضمع۔ جل) دوڑایا ہوا۔
معجم (ضمع۔ جم) نقطہ والا حرف (ضمع۔ جم) وہ عربی لفظ جس کو عجمی اپنے روزمرہ میں بولتے ہیں۔
معجمہ (ضمع۔ جمہ) دیکھو معجم (ضمع۔ جمہ) دیکھو معجم۔
معجن (ضمع۔ جن) لگن، طشت۔
معجون (ضمع۔ جون) گوندھا ہوا، خمیر کیا ہوا، قوام میں طیار کی ہوئی دوا جمع معاجین۔
معد (ضمع۔ عد) آمادہ اور طیار کرنیوالا (ضمع۔ عد) آمادہ اور طیار کیا ہوا۔
معد، معدہ (ضمع۔ عد، عدہ) شمار کیا ہوا، سازوسامان کیا ہوا۔
معدل (ضمع۔ دل) برابر کرنیوالا، ٹھیک کرنیوالا۔
معدلت (ضمع۔ دلت) عدل و انصاف۔
معدم (ضمع۔ دم) نیست کرنیوالا۔
معدن (ضمع۔ دن) زمین کی کان جمع معادن۔
معدنی (ضمع۔ دنی) وہ چیز جو کان سے نکالی جائے۔
معدود (ضمع۔ دود) تھوڑی چیز، گنا ہوا، شمار کیا ہوا۔
معدوم (ضمع۔ دوم) مٹایا ہوا، گم۔
معدہ (ضمع۔ دہ، دہ) غذا ہضم کرنیوالا عضو۔
معذار (ضمع۔ ذار) پردہ، پوشش جمع معاذیر۔
معذب (ضمع۔ ذب) عذاب کیا ہوا (ضمع۔ ذب) عذاب کرنے والا۔
معذبہ (ضمع۔ ذبہ) مصیبت میں ڈالنے والی چیز۔
معذر (ضمع۔ ذر) عذر کرنیوالا (ضمع۔ ذر) عذر کیا ہوا۔
معذرت (ضمع۔ ذرت) عذرداری جمع معاذیر۔
معذور (ضمع۔ ذور) عذر کیا ہوا۔
معذول (ضمع۔ ذول) ملامت کیا ہوا۔
معرا (ضمع۔ را) برہنہ، ننگا، خالی۔
معراج (ضمع۔ راج) اوپر چڑھنے کا آلہ، سیڑھی جمع معارج، معاریج، سردار دو جہاں کے آسمانوں پر تشریف لے جانے کا معجزہ۔
معرب (ضمع۔ رب) غیر عربی لفظ عربی بنایا ہوا (ضمع۔ رب) اعراب لگایا ہوا (ضمع۔ رب) اعراب لگانیوالا، بیان کرنے والا۔

معربد (مُعَر۔بِد) بدخو، لڑاکا۔
معرج (مِع۔رَج) اوپر چڑھنے کا آلہ، سیڑھی جمع مَعارِج
(مَع۔رَج) اوپر چڑھنے کی جگہ۔
معرس (مَع۔رَس) رات میں اترنے کی جگہ جمع مَعارِس۔
معرض (مَع۔رَض) نمائشگاہ، کوئی چیز ظاہر کرنے کی
جگہ جمع مَعارِض (مُع۔رِض) اعراض کرنیوالا،
منہ پھیرنیوالا (مُع۔رَض) اعراض کیا ہوا، منہ پھیرا ہوا۔
معرف (مُعَر۔رِف) تعریف کرنیوالا (مُعَر۔رَف) تعریف
کیا ہوا (مَع۔رَف) پہچاننے کی جگہ جمع مَعارِف۔
معرفت (مَع۔رِفَت) جان پہچان، شناخت، ذریعہ۔
معرق (مُعَر۔رِق) پسینہ لانیوالی چیز۔
معرکہ (مَع۔رِکَہ) میدان جنگ جمع مَعارِک۔
معروری (مُع۔رَو۔رِیٰ) گھوڑے کی ننگی پیٹھ کا سوار
معروض (مَع۔رُوض) پیش کیا ہوا، عرض کیا ہوا۔
معروضہ (مَع۔رُو۔ضَہ) عرض کیا ہوا، عرضی۔
معروف (مَع۔رُوف) پہچانا ہوا، مشہور، نیکی، وہ
فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔
معز (مُعَز) عزت کیا ہوا (مُعِز) عزت دینے والا، نام
اللہ تعالیٰ (مَع۔ز) بکرا، بکری۔
معزز (مُعَز۔زَز) عزت کیا ہوا، عزتدار۔
معزق (مِع۔زَق) کھودنے کا آلہ، کدال۔
معزل (مُعَز۔زَل) برطرف کیا ہوا (مِع۔زَل)
تکلا، دوک۔
معزم (مُعَز۔زِم) افسوں گر، عزیمت خواں (مُعَز۔زَم)
منتر پھونکا ہوا۔
معزول (مَع۔زُول) بیکار کیا ہوا، برطرف۔
معزولی (مَع۔زُو۔لی) برطرفی۔
معزہل (مُعَز۔ہَل) خوش خوراک۔
معزی (مُعَز۔زِی) تعزیت کرنیوالا (مُعَز۔زِی)
منسوب طرف مُعِز، خدائی (مَع۔زِی) منسوب۔
معزی الیہ (مَع۔زِی۔اِلَیہ) منسوب الیہ۔

معسر (مُع۔سِر) کنگال، فقیر (مُعَس۔سَر) دشوار۔
معسکر (مُعَس۔کَر) فوج کا پڑاؤ، چھاؤنی۔
معشار (مِع۔شار) دسواں حصہ، محصول لینا۔
معشر (مَع۔شَر) عزیزوں اور دوستوں کی جماعت
جمع مَعاشِر (مُعَش۔شَر) دس گوشوں والی چیز۔
معشوش (مَع۔شُوش) اکٹھا کیا ہوا، بہت سے پیوند کا کپڑا۔
معشوق (مَع۔شُوق) وہ مرد جس پر کوئی عاشق ہو۔
معشوقہ (مَع۔شُو۔قَہ) وہ عورت جس پر کوئی عاشق ہو۔
معشوقی (مَع۔شُو۔قی) محبوبی۔
معشوقیت (مَع۔شُو۔قِی۔یَت) محبوبیت، محبوب پنا
معصار (مِع۔صار) دیکھو معصر۔
معصال (مِع۔صال) چوگان، مجن۔
معصر، معصرہ (مِع۔صَر، مِع۔صَرَہ) نچوڑنے کا آلہ،
کولھو جمع مَعاصِر۔
معصفر (مُعَص۔فَر) کسنبھ میں رنگی ہوئی چیز (مُع۔
صَفَر) کسنبھ۔
معصم (مِع۔صَم) ہاتھ کی کلائی۔
معصوم (مَع۔صُوم) بےگناہ، گناہ سے باز رہا ہوا
جمع مَعصُومِین۔
معصومی (مَع۔صُو۔می) بےگناہی۔
معصومیت (مَع۔صُو۔مِی۔یَت) بےگناہی پنا۔
معصیت (مَع۔صِیَت) گناہ، نافرمانی جمع مَعاصِی۔
معضل (مُع۔ضِل) دشوار، مشکل کرنے والا۔
معضلات (مُع۔ضِلات) معضل کی جمع، دشواریاں۔
معطر (مُعَط۔طَر) خوشبو میں لبا ہوا (مُعَط۔طِر) عطردان
معطش (مُعَط۔طِش) پیاس لگانیوالی چیز۔
معطل (مُعَط۔طَل) بیکار، برطرف کیا ہوا۔
معطلی (مُعَط۔طَلی) برطرفی، بیکاری۔
معطوف (مَع۔طُوف) لپٹا ہوا، لپیٹا ہوا۔
معطی (مُع۔طی) عطا کرنے والا۔
معظم (مُعَظ۔ظَم) تعظیم کیا ہوا، بزرگ۔

معظمات (مُعَظْ ظَمَات) بزرگ چیزیں۔
معظمہ (مُعَظْ ظَمَہ) بزرگ عورت، تعظیم کی ہوئی۔
معظمی (مُعَظْ ظَمِی) میرے معظم، میرے بزرگ۔
معفو (مَعْ۔ فُو) معاف کیا ہوا۔
معقب (مُعَقْ قِب) پیچھے سے آنے والا۔
معقد (مَعْ۔ قَد) عقد کی جگہ، پیوند لگانے کی جگہ، گرہ باندھنے کی جگہ جمع معاقد (مُعَقْ قَد) بندھا ہوا، گرہ لگا ہوا، مشکل اور دقیق کلام۔
معقل (مَعْ۔ قِل) جائے پناہ، قلعہ، مرجع جمع معاقل
معقود (مَعْ۔ قُود) گرہ لگایا ہوا، عقد کیا ہوا۔
معقول (مَعْ۔ قُول) جو عقل کو پسند ہو، عقل میں لایا ہوا، پڑھا ہوا۔
معقولی (مَعْ۔ قُو۔ لِی) منطقی۔
معقولیت (مَعْ۔ قُو۔ لِی یَت) معقول پن۔
معک (مَعَ۔ کَ) تیرے ساتھ۔
معک اللہ (مَعَ کَل۔ لاہ) اللہ تیرے ساتھ ہو۔
معکوس (مَعْ۔ کُوس) الٹا، اوندھا۔
معلاق (مِعْ۔ لَاق) لٹکانے کا آلہ جمع معالیق۔
معلف (مِعْ۔ لَف) گھاس کاٹنے کا آلہ (مَعْ۔ لَف) گھوڑوں کے گھاس کھانے کی جگہ۔
معلق (مُعَلْ۔ لَق) لٹکا ہوا، ادھر۔
معلل (مُعَلْ لِل) سبب کہنے والا، بیماری دور کرنے والا (مُعَلْ لَل) سیراب کیا ہوا، سبب کیا ہوا۔
معلم (مُعْ۔ لِم) آگاہ کرنیوالا (مُعْ۔ لَم) نقشین چیز، نقش کا کام کیا ہوا، آگاہ کیا ہوا (مَعْ۔ لَم) علامت، نشانی جمع معالم (مُعَلْ لَم) تعلیم دیا ہوا، سکھلایا ہوا (مُعَلْ لِم) تعلیم دینے والا، سکھلانیوالا، جہاز کا ملاح جمع معلمین۔
معلم الملکوت (مُعَلْ لِمُل۔ مَلَکُوت) فرشتوں کا معلم، لقب شیطان۔
معلن (مُعْ۔ لِن) اعلان کرنیوالا (مُعْ۔ لَن) اعلان کیا ہوا۔
معلول (مَعْ۔ لُول) علت کیا ہوا، وہ چیز جسکا کوئی سبب ہو۔

معلوم (مَعْ۔ لُوم) جانا ہوا، وہ بات جس کا علم ہو، مال و زر، روپیہ۔
معلومہ (مَعْ۔ لُو۔ مَہ) جانی ہوئی چیز جمع معلومات۔
معلومی (مَعْ۔ لُو۔ مِی) جانا ہوا۔
معلی (مُعَلْ۔ لَا) بلند کیا ہوا، برتر (مَعْ۔ لَا) بلند رتبہ جمع معالی۔
معما (مُعَمْ۔ مَا) چھپی ہوئی چیز، اندھا کیا ہوا، چیستان، پہیلی۔
معمار (مِعْ۔ مَار) آباد کرنیوالا، عمارت بنانیوالا، راج، مستری۔
معماری (مِعْ۔ مَا۔ رِی) راج گیری۔
معمر (مُعَمْ۔ مَر) لمبی عمر پایا ہوا، بوڑھا، تعمیر کیا ہوا، آباد کیا ہوا۔
معمعان (مَعْ۔ مَعَان) چلچلاتی گرمی، شدت گرمی۔
معمل (مَعْ۔ مَل) عمل کرنے کی جگہ، کام کرنیکی جگہ، لیبوریٹری جمع معامل (مُعَمْ۔ مِل) عمل دینے والا (مُعَمْ۔ مَل) عمل دیا ہوا، عمل دینے کی جگہ (مُعْ۔ مِل) کام میں لانیوالا (مُعْ۔ مَل) کام میں لایا ہوا، راستہ چلا ہوا، سلوک۔
معمم (مُعَمْ۔ مَم) عمامہ یا پگڑی باندھا ہوا، عام کیا ہوا، شامل کیا ہوا، سردار بنایا ہوا۔
معمور (مَعْ۔ مُور) آباد، بھرا ہوا۔
معمورہ (مَعْ۔ مُو۔ رَہ) بستی، آبادی، شہر جمع معمورات۔
معموری (مَعْ۔ مُو۔ رِی) آبادی، پری۔
معموریت (مَعْ۔ مُو۔ رِی یَت) بھرا ہوا پن، لبالب۔
معمول (مَعْ۔ مُول) عمل کیا ہوا، جس پر کوئی عمل کیا جاوے جمع معمولین، روزمرہ کا کام کاج جمع معمولات۔
معمولی (مَعْ۔ مُو۔ لِی) سرسری، رسمی، مروجہ۔
معمی (مُعَمْ۔ مَا) دیکھو معما۔
معنا (مَعْ۔ نَا) بطور معنی، اشارتاً۔
معنبر (مُعَمْ۔ بَر) وہ چیز جس میں عنبر ملایا گیا ہو، خوشبودار، سیاہ رنگ۔
معنق (مِعْ۔ نَق) گردن کے آس پاس کی چیز، کالر، ہنسلی۔
معنن (مُعَنْ۔ نَن) نامرد بنایا ہوا، کتاب کا عنوان

لکھنے والا (مُعَنْ۔ نَنْ) نامزد بنایا ہوا۔ عنوان لکھا ہوا۔
معنون (مَعْ۔ نُوْن) عنوان کیا ہوا۔
معنوی (مَعْ۔ نَوِیْ) باطنی۔
معنویت (مَعْ۔ نَوِیْ۔ یَتْ) باطن پن۔
معنی (مَعْ۔ نَا۔ مَعْ۔ نِیْ) قصد کیا ہوا۔ مراد۔ مطلب۔ ترجمہ۔ قصد کی جگہ۔ جمع معانی (مُعَنْ۔ نِیْ) عنایت کرنیوالا۔ رنج پہونچانیوالا (مُعَنْ۔ نَا) وہ مرتبس کو جماع کی خواہش نہ ہو۔
معوج (مُعَوْ۔ وَجْ) ٹیڑھا۔ کج (مَعُوْج) گھوڑا۔ گدھا۔ ہوا کا جھکڑ۔
معوضت (مَعْ۔ وِضَتْ) بدلے کی چیز۔
معوق (مُعَوْ۔ وَقْ) باز رکھا ہوا۔ مشکل۔ دشوار۔
معول (مَعُوْل۔ مُعَوْ۔ وَلْ) اعتماد کیا ہوا (مَعْ۔ وَلْ) بھروسہ کی جگہ۔ مدد مانگنے کی جگہ (مِعْ۔ وَلْ) پتھر تراشنے کا آلہ (مُعَوْ۔ وِلْ) اعتماد کرنیوالا۔
معونت (مَعُوْ۔ نَتْ) مددگاری جمع معاون۔
معہذا (مَعَ۔ ہٰذَا) باوجود اس کے۔
معہود (مَعْ۔ ہُوْد) عہد کیا ہوا۔ پیمان کیا ہوا۔ پرانا۔ قدیم۔ کہنہ۔
معیار (مِعْ۔ یَار) محک۔ کسوٹی۔ چاندی سونا تولنے کا کانٹا۔
معیان (مِعْ۔ یَانْ) شورچشم۔
معیب (مَعِیْب) عیب جمع معائب (مُعَیْ۔ یَبْ) عیبدار۔ عیبی۔
معیت (مَعِیْ۔ یَتْ) ساتھ۔ ساتھ۔
معید (مُعِیْد) اعادہ کرنیوالا۔ کام کا بار بار کرنیوالا۔
معیر (مُعِیْر) عاریتاً دینے والا۔ منگنی دینے والا۔
معیش (مَعِیْش) دیکھو معاش۔
معیشت (مَعِیْ۔ شَتْ) زندگی۔ سبب زندگی جمع معائش۔
معیل (مُعِیْل) بہت سے بال بچوں والا۔

معین (مُعَیْ۔ یَنْ) مقرر کیا ہوا۔ تعین کیا ہوا (مُعِیْن) مددگار (مَعِیْن) جاری۔ رواں۔
معینہ (مُعَیْ۔ یَنَہ) مقرر کیا ہوا۔
معیوب (مَعْ۔ یُوْب) خراب۔ عیبدار۔
مغ (مُغْ) گہرا۔ عمیق (مُغْ) آتش پرست جمع مغان۔
مغا (مَغَا) سادنی۔ خبر مرگ۔
مغاث (مُغَاثْ) نام دوا جو ایک جنگلی پیڑ کی چھال ہے۔
مغادرت (مُغَا۔ دَرَتْ) باہمی بیوفائی۔
مغار (مَغَار) وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔ کھوہ (مُغَار) سوراخ۔
مغارب (مَغَا۔ رِبْ) مغرب کی جمع۔
مغارہ (مَغَا۔ رَہْ) پہاڑ کی کھوہ۔
مغازلت (مُغَا۔ زَلَتْ) باہمی غزل سرائی۔
مغازہ (مَغَا۔ زَہْ) مخزن۔ میگزین۔
مغازی (مَغَا۔ زِیْ) مغزی کی جمع۔
مغاسل (مَغَا۔ سِلْ) مغسل کی جمع۔
مغاضبت (مُغَا۔ضَبَتْ) باہمی غضبناکی۔
مغافر (مَغَا۔ فِرْ) مغفر کی جمع۔
مغاک (مَغَاکْ) گڑھا۔
مغالات (مُغَا۔ لَاتْ) گراں خریدنا۔
مغالبت (مُغَا۔ لَبَتْ) باہمی غلبہ ڈھونڈھنا۔
مغالطت، مغالطہ (مُغَا۔ لَطَتْ۔ مُغَا۔ لَطَہ) غلطی میں ڈالنا۔
مغامرہ (مُغَا۔ مَرَہ) جنگ کے گھمسان میں ڈالنا۔
مغانہ (مُغَا۔ نَہ) آتش پرستوں کی طرح۔
مغایبت (مُغَا۔ یَبَتْ) ایک دوسرے سے غائب ہونا۔
مغایر (مُغَا۔ یِرْ) مخالف۔ ناموافق۔ غیر۔
مغایرت (مُغَا۔ یَرَتْ) غیریت باہمی۔
مغایظہ (مُغَا۔ یَظَہ) باہم غصہ کرنا۔
مغبچہ (مُغْ۔ بَچَہ، مُغْ۔ بَچَہ) آتش پرست کا بیٹا۔
مغبر (مُغْ۔ بَرْ) غبار آلود۔
مغبن (مَغْ۔ بَنْ) چڈھا۔

مغبوط، مغبوطہ (مَغْ۔بُوط، مَغْ۔بُوطَہ) وہ آدمی جس کی مانند ہونے کی کوشش کی جاوے۔
مغبون (مَغْ۔بُون) نقصان پہونچایا ہوا۔
مغتذی (مُغْ۔تَذِی) غذا پانے والا۔
مغتسل (مُغْ۔تَسَل) غسل خانہ۔
مغتنم (مُغْ۔تَنَم) غنیمت سمجھا ہوا (مُغْ۔تَنِم) غنیمت لینے والا، غنیمت سمجھنے والا۔
مغرا (مُغْ۔رَا) اچنبھے میں ڈالا ہوا، حیرتی، سرلش سے چپکایا ہوا۔
مغرب (مَغْ۔رِب) غروب ہونیکی جگہ جمع مَغَارِب۔ سورج ڈوبنے کی جگہ، پچھم (مُغْ۔رِب) دور جانے والا، انوکھی چیز لانے والا۔
مغربی (مَغْ۔رِبِی) منسوب بہ غرب، یورپی۔
مغربیت (مَغْ۔رِبِیْ۔یَت) یورپ پنا، پچھم پن۔
مغرس (مَغْ۔رَس) پیڑ لگانے کی جگہ جمع مَغَارِس۔
مغرض (مُغْ۔رِض) خود غرض۔
مغرف (مِغْ۔رَف) چلو میں پانی لینے والا۔
مغرفہ (مِغْ۔رَفَہ) ڈوئی، کفگیر، کفچہ۔
مغرق (مُغْ۔رَق) غرق کیا ہوا، چمکیلا، گنگا جمنی (مُغْ۔رَق) مبالغہ کیا ہوا، غرق کیا ہوا۔
مغرم (مُغْ۔رَم) ڈنڈ بھرنا۔
مغرور (مَغْ۔رُور) گھمنڈی، متکبر۔
مغروری (مَغْ۔رُو۔رِی) گھمنڈ، تکبر۔
مغروق (مَغْ۔رُوق) ڈوبا ہوا، غرق کیا ہوا۔
مغرہ (مُغْ۔رَہ) گیرو، گل ارمنی۔
مغری (مُغْ۔رِی) چپکنے والا، لڑائی پر ابھارنے والا۔
مغز (مَغْز) گودا، مینگ، گری، دماغ، بھیجا۔
مغزل (مِغْ۔زَل) چرخے کا تکلا۔
مغزی (مَغْ۔زَا) میدان، جہاد جمع مَغَازِی (مَغْ۔زِی) کنارہ، گوٹ۔
مغسل (مُغْ۔سِل) نہلانے والا (مُغْ۔سَل) نہلایا ہوا (مَغْ۔سَل) نہلانے کی جگہ جمع مَغَاسِل۔
مغسول (مَغْ۔سُول) دھویا ہوا، نہلایا ہوا، پھسپھسا کلام جس میں کوئی خوبی نہ ہو۔
مغشوش (مَغْ۔شُوش) ملونی کیا ہوا، غیر خالص۔
مغشی (مُغْ۔شِی) غش آنے والا، بیہوش (مَغْ۔شَا) پہننے کی جگہ جمع مَغَاشِی (مُغْ۔شِی) پہنانے والا، ڈھانپنے والا (مُغْ۔شَا) پہنایا ہوا۔
مغص (مَغْص) مروڑ، پیچش، پیٹ کی اینٹھن۔
مغضب (مُغْ۔ضِب) غصہ والا، غصہ دلانے والا۔
مغضوب (مَغْ۔ضُوب) جس پر غصہ کیا گیا ہو۔
مغفر (مِغْ۔فَر) لوہے کا خود جمع مَغَافِر۔
مغفرت (مَغْ۔فِرَت) بخشش۔
مغفل (مُغْ۔فَل) مشور کہ، کالیوہ۔
مغفور (مَغْ۔فُور) بخشا ہوا (مُغْ۔فُور) درختا سے بہتا ہوا میٹھا گوند جمع مَغَافِیر۔
مغکدہ (مُغْ۔کَدَہ) میخانہ، شراب خانہ۔
مغل (مُغَل) نام قوم جمع مُغلان (مُغْل) نیند، آرام۔
مغلاج، مغلاج (مِغْ۔لَاج، مِغْ۔لَاج) چوگان کی گیند۔
مغلاط (مِغْ۔لَاط) غلط کار۔
مغلاغ (مِغْ۔لَاغ) دیکھو مغلاج۔
مغلاق (مِغْ۔لَاق) بند کرنیکا آلہ، قفل، زنجیر۔
مغلانی (مُغْ۔لَا۔نِی) مغل عورت۔
مغلطہ (مَغْ۔لَطَہ) غلطی میں پڑنے کی جگہ جمع مَغَالِط۔
مغلظ، مغلظہ (مُغَلَّظ، مُغَلَّظَہ) دلدار، درشت، سخت، مضبوط کیا ہوا۔
مغلق، مغلقہ (مُغْ۔لَق، مُغْ۔لَقَہ) بند دروازہ، وہ کلام جس کے معنی مشکل سے سمجھ میں آویں۔
مغلم (مُغْ۔لِم) اغلام کرنیوالا۔
مغلوب (مَغْ۔لُوب) غلبہ کیا ہوا، بےبس۔
مغلوط (مَغْ۔لُوط) غلط کیا ہوا۔
مغلوق (مَغْ۔لُوق) دروازہ بند کیا ہوا۔

مغلول (مَغْ۔ لُوْل) جسکی گردن میں سزا کا طوق ہو۔
مغمد (مُغْمَدْ) مُدْ) چھپایا ہوا، تلوار میان میں ڈالی ہوئی۔
مغمز (مُغْمَزْ) مِزْ) آنکھ اور بھوں سے اشارہ کرنیوالا، چغلخور۔
مغمور (مَغْ۔ مُوْر) ڈوبا ہوا۔
مغموز (مَغْ۔ مُوْز) معیوب، عیب ظاہر کیا ہوا، آنکھ کا اشارہ کیا ہوا، چغلی کھایا ہوا۔
مغموم (مَغْ۔ مُوْم) غمگین، رنجیدہ۔
مغناطیس (مَغْ۔ نَا۔ طِیْس) دیکھو مقناطیس۔
مغنم (مُغْ۔ نَمْ) غنیمت جمع مَغَانِمْ۔
مغنی (مُغَنْ۔ نِیْ) گانیوالا، گویا، ڈوم (مُغْ۔ نِیْ) بے نیاز کرنیوالا (مَغْ۔ نَا) منزل، بیٹھنے کی جگہ جمع مَغَانِیْ۔
مغندگی (مُغَنْ۔ دَ۔ گِیْ) گومڑا پڑنا۔
مغندہ (مُغَنْ۔ دَہْ) گومڑا۔
مغنیہ (مُغَنْ۔ نِیَہْ) گانے والی، ڈومنی۔
مغول (مُغُلْ) دیکھو مغل (مُغْ۔ وُلْ) گپتی۔
مغوی (مُغْ۔ وِیْ) گمراہ کرنے والا۔
مغیب (مُغَیْ۔ یَبْ) غائب کیا ہوا (مُغِیْب) غائب ہونا۔
مغیث (مُغِیْث) فریادرس، دہائی کو پہنچنے والا۔
مغیر (مُغِیْر) غارتگر، ڈاکو، جلدباز (مُغَیْ۔ یَرْ) حالت بدلا ہوا (مُغَیْ۔ یِرْ) حالت بدلنے والا۔
مغیل، مغیلاں (مُغِیْل، مُغِیْ۔ لَاں) ببول، کیکر۔
مفاتحت (مُفَا۔ تَحَتْ) شروع کرنا، باہم مل کر حاکم کے آگے جانا۔
مفاجا، مفاجات (مُفَا۔ جَا، مُفَا۔ جَاتْ) ناگاہ، دفعتہً، یکایک۔
مفاخر (مُفَا۔ خِرْ) فخر کرنیوالا (مَفَا۔ خِرْ) مفخرت کی جمع۔
مفاخرت (مُفَا۔ خَرَتْ) فخر باہمی، آپس کا گھمنڈ
مفاخرہ (مُفَا۔ خِرَہْ) فخر کرنے والی۔
مفاد (مَفَادْ) فائدہ کی جگہ۔
مفارق (مُفَا۔ رِقْ) جدا ہونے والا۔
مفارقت (مُفَا۔ رَقَتْ) جدائی۔

مفارہ (مَفَا۔ رَہْ) چوہے کے رہنے کا بل۔
مفاز (مَفَازْ) منزل مقصود پہنچنے کی جگہ جمع مَفَاوِزْ۔
مفازہ (مَفَا۔ زَہْ) جنگل، بیابان، رہائی پانے کی جگہ، کامرانی کی جگہ۔
مفاسد (مَفَا۔ سِدْ) مفسدہ کی جمع۔
مفاصل (مَفَا۔ صِلْ) مفصل کی جمع۔
مفاصلت، مفاصلہ (مُفَا۔ صَلَتْ، مُفَا۔ صَلَہْ) فصل باہمی، آپس کی دوری۔
مفاضلہ (مُفَا۔ ضَلَہْ) فضل و ہنر میں برابری کرنا۔
مفاغمہ (مُفَا۔ غَمَہْ) بوسہ دینا۔
مفاکہہ (مُفَا۔ کَہَہْ) ہنسی دلگی کرنا۔
مفالیج (مَفَا۔ لِیْج) مفلوج کی جمع۔
مفالیس (مَفَا۔ لِیْس) مفلس کی جمع۔
مفاوضت، مفاوضہ (مُفَا۔ وَضَتْ، مُفَا۔ وَضَہْ) باہمی راز گوئی۔
مفاوضہ (مُفَا۔ وَضَہْ) خط، بڑے کا چھوٹے کو، مشورہ کرنا، بات کہنا۔
مفایشہ (مُفَا۔ یَشَہْ) شیخی، ڈینگ، لن ترانی۔
مفت (مُفْت) وہ چیز جو بے محنت ملے۔
مفتاح (مِفْ۔ تَاحْ) کھولنے کا آلہ، کنجی، تالی، جمع مَفَاتِیْح۔
مفتتن (مُفْ۔ تَتَنْ) فتنہ میں ڈالا ہوا، فتنہ اٹھایا ہوا۔
مفتح (مَفْ۔ تَحْ) فتح کا مقام، کھولنے کی جگہ، خزانہ جمع مَفَاتِحْ، (مِفْ۔ تَحْ) کھولنے کا آلہ، فتح کا آلہ، کنجی جمع مَفَاتِیْح۔
مفتخر (مُفْ۔ تَخِرْ) گھمنڈ کرنیوالا (مُفْ۔ تَخَرْ) گھمنڈ کیا ہوا۔
مفتر (مُفْ۔ تِرْ) کمزور، درماندہ۔
مفترض (مُفْ۔ تَرَضْ) فرض کیا ہوا۔
مفترع (مُفْ۔ تَرَعْ) اختراع کیا ہوا (مُفْ۔ تَرِعْ) اختراع کرنیوالا۔

مفترق (مُف۔ تَرِق) فرق ڈالنے والا (مُفْ۔ تَرَق) فرق ڈالا ہوا۔

مفتری (مُف۔ تَرِی) بہتان اٹھانیوالا، افترا کرنیوالا

مفتش (مُفَتِّ ۔ تِش) تلاش کرنیوالا (مُفَتّ۔ تَش) تلاش کیا ہوا۔

مفتقد (مُف۔ تَقَد) گم کیا ہوا، بازپرس کیا ہوا۔

مفتقر (مُف۔ تَقِر) فقیر، کنگال۔

مفتل (مُف۔ تَل) بٹا ہوا، بل لگایا ہوا۔

مفتن (مُفَتِّ۔ تِن) فتنہ انگیز۔

مفتوح (مَف۔ تُوح) فتح کیا ہوا، کھولا ہوا۔

مفتول (مَف۔ تُول) بٹا ہوا، بھینوال۔

مفتون (مَف۔ تُون) شیفتہ، عاشق، فتنہ میں ڈالا ہوا۔

مفتی (مُف۔ تِی) فتوا دینے والا۔

مفج (مُفَج، ج) کچا رکھنے والا، ہاضم کی ضد۔

مفخر (مَف۔ خَر) فخر کیا ہوا، بہت بزرگ (مُفَخّ۔ خِر) فخر کرنیوالا (مُفْ۔ تَخِر) گھمنڈ کرتا۔

مفخرت (مَف۔ خَرَت) مایۂ ناز جمع مَفَاخِر۔

مفخم (مُفَخّ۔ خَم) بڑائی کیا ہوا، عزت و حرمت کیا ہوا، وہ حرف جو امالہ نکیا گیا ہوا (مُفَخّ۔ خِم) بڑا کرنیوالا۔

مفد (مَفَد) فائدہ کی جگہ جمع مَفَاد۔

مفر (مَفَر) بچاؤ جمع مَفَار (مَفِر) بھاگنے کی جگہ (مُفِر) بھاگنے والا (مِفَر) بھاگنے کا آلہ۔

مفراح (مِف۔ رَاح) بیحد خوشی کرنیوالا آدمی۔

مفراض (مِف۔ رَاض) چاندی کاٹنے کی کترنی۔

مفرح (مُف۔ رِح) ننھے بچوں والی مرغی (مُفَرّ۔ رِح) کنگھی، کنگھا (مُفَرّ۔ رِح) غم دور کرنے والا۔

مفرح (مُفَرّ۔ رِح) فرحت دینے والا (مُفَرّ۔ رَح) فرحت دیا ہوا (مَف۔ رَح) خوشی کی جگہ جمع مَفَارِح

مفرد، مفردہ (مُف۔ رَد، مُف۔ رَدَہ) تنہا، اکیلا کیا ہوا۔

مفرز (مُف۔ رِز) جدا کرنیوالا (مُف۔ رَز) جدا کیا ہوا۔

مفرش (مَف۔ رَش) اوڑھنا، بچھونا وغیرہ، کھلنے کی چیز جمع مَفَارِش (مُفَرّ۔ رِش) فرش بچھایا ہوا (مُفَرّ۔ رِش) فرش بچھانے والا۔

مفرط (مُف۔ رِط) زیادہ، حد سے گزرنیوالا (مُف۔ رَط) حد سے گزرا ہوا (مُفَرّ۔ رِط) گھٹانے والا (مُفَرّ۔ رَط) گھٹایا ہوا۔

مفرغ، مفرغہ (مَف۔ رَغ، مَف۔ رَغَہ) پناہ گاہ، پانی گرنے کی جگہ جمع مَفَارِغ۔

مفرق (مُفَرّ۔ رِق) پراگندہ کرنیوالا، تفریق کرنیوالا (مُفَرّ۔ رَق) پراگندہ کیا ہوا (مَف۔ رِق) سر کی مانگ جمع مَفَارِق۔

مفروح (مَف۔ رُوح) شادمانی کیا ہوا۔

مفروز (مَف۔ رُوز) جدا کیا ہوا۔

مفروش (مَف۔ رُوش) بچھونا، بچھایا ہوا۔

مفروض، مفروضہ (مَف۔ رُوض، مَف۔ رُو۔ ضَہ) مانا ہوا، فرض کیا ہوا۔

مفروغ (مَف۔ رُوغ) گرایا ہوا۔

مفروق (مَف۔ رُوق) فرق کیا ہوا۔

مفزع (مَف۔ زَع) پناہ گاہ (مُفَزّ۔ زِع) دلیر، بزدل۔

مفسد (مُف۔ سِد) فساد کرنیوالا جمع مُفْسِدِین۔

مفسدہ (مَف۔ سَدَہ) خرابی کی جگہ جمع مَفَاسِد۔

مفسر (مُفَسّ۔ سِر) تفسیر کرنیوالا، بیان کرنے والا جمع مُفَسِّرِین (مُفَسّ۔ سَر) تفسیر کیا ہوا۔

مفسوخ (مَف۔ سُوخ) فسخ کیا ہوا، پہلی صورت بگاڑی ہوئی، عہد توڑا ہوا۔

مفشوش (مَف۔ شُوش) کھوٹا، بیہودہ، جھوٹا۔

مفصد (مَف۔ صَد) فصد کھولنے کی جگہ جمع مَفَاصِد۔

مفصل (مَف۔ صِل) بدن کا جوڑ، جدا ہونے کی جگہ جمع مَفَاصِل (مُفَصّ۔ صَل) تفصیل کیا ہوا (مِف۔ صَل) زبان جمع مَفَاصِل۔

مفضال (مِف۔ ضَال) بڑا احسان کرنے والا۔

مفضح (مُفَضْ - ضِحْ) رسوا کرنیوالا (مُفَضْ - ضَحْ) رسوا کیا ہوا۔
مفضض (مُفَضْ - ضَضْ) چاندی کا کام، نقرہ کوب
مفضل (مُفَضْ - ضَلْ) فوقیت دیا ہوا، بڑھایا ہوا (مُفَضْ - ضِلْ) فوقیت دینے والا، بڑھانے والا (مُفْ - ضِلْ) نیکی کرنے والا، بڑھانیوالا (مُفْ - ضَلْ) نیکی کیا ہوا، بڑھایا ہوا (مَفْ - ضَلْ) نفس کی جگہ جمع مَفَاصِلْ۔
مفضول (مَفْ - ضُوْل) فضیلت دیا ہوا، بڑھایا ہوا۔
مفضی (مُفْ - ضِیْ) پہونچانے والا۔
موضع (مَو۔ضِع) جگہ، مکان، گاؤں، رکھنے کی جگہ جمع مَوَاضِع۔
موضوع (مَو۔ضُوع) وضع کیا ہوا، عنوان، وہ مقصد جس پر گفتگو ہو۔
موضوع لہ (مَو۔ضُوع۔لَہُ) اس کیلئے وضع کیا گیا
موطن (مَو۔طِن) میدان جنگ، دلیس، وطن جمع مَوَاطِن۔
موظف (مُوَظِّف) وظیفہ کرنیوالا، وظیفہ دینے والا (مُوَظَّف) وظیفہ کیا ہوا، وظیفہ دیا ہوا۔
موعد (مَو۔عِد) وعدہ کا وقت، وعدہ کی جگہ جمع مَوَاعِد۔
موعدت (مَو۔عِدَت) وعدہ، عہد، پیمان۔
موعظت (مَو۔عِظَت) پند، نصیحت جمع مَوَاعِظ۔
موعود (مَو۔عُود) وعدہ کیا ہوا۔
موثا (مُوَثَّا) دیکھو موثّٰی
موفر (مُوَفِّر) زیادہ کرنیوالا (مُوَفَّر) زیادہ کیا ہوا۔
موفق (مُوَفِّق) توفیق دینے والا (مُوَفَّق) توفیق دیا ہوا۔
موفور (مَو۔فُور) تمام، زیادتی کیا ہوا۔
موفی (مُوَفّٰی) کامل، تمام، وفا کیا گیا، تمام کیا گیا۔
موق (مُوق) دیکھو ماق۔

موقت (مُوَقَّت) کسی خاص وقت کیلئے معین کیا ہوا
موقر (مُوَقَّر) توقیر کیا ہوا، عزت کیا ہوا۔
موقع (مَو۔قِع) واقع ہونیکی جگہ جمع مَوَاقِع (مُوَقَّع) بلند کیا ہوا۔
موقف (مَو۔قِف) کھڑے ہونیکی جگہ جمع مَوَاقِف عرفات کا میدان جہاں حاجی کھڑے ہوتے ہیں (مُوَقِّف) بات سے واقف کرنیوالا۔
موقن (مُو۔قِن) یقین کرنے والا۔
موقنہ (مُو۔قِنَہ) یقین کرنے والی عورت۔
موقوف (مَو۔قُوف) ٹھہرایا ہوا، وقف کیا ہوا، برخاست کیا ہوا، وہ لفظ جس کے حرف آخر کی حرکت گر جاوے۔
موقی (مُوَقّٰی) بہادر آدمی (مَو۔قَا) مائق کی جمع۔
موکب (مَو۔کِب) لشکر، سپاہ جمع مَوَاکِب۔
موکد (مُؤَکِّد) تاکید کیا ہوا، مضبوط (مُؤَکِّد) تاکید کرنے والا۔
موکل (مُوَکَّل) کام سونپا ہوا، وکیل کیا ہوا (مُوَکِّل) کام سونپنے والا، وکیل کرنیوالا۔
مول (مُول) دلکش عورت، ناز، غمزہ، دیر، تاخیر، توبہ، حرامزادہ۔
مولا (مَو۔لَا) غلام، مددگار، مالک، سردار، ہمسایہ جمع مَوَالِی۔
مولانا (مَو۔لَا۔نَا) ہمارے سردار، مسلمانوں کے مذہبی عالم کا خطاب۔
مولائی (مَو۔لَا۔ئِی) میرے مولا۔
مولد (مَو۔لِد) پیدا ہونیکی جگہ، وقت پیدائش جمع مَوَالِد (مُوَلَّد) دوغلا، دوغلا، غیر ملکی لفظ (مُوَلِّد) جنانے والا، پیدا کرنیوالا جمع مَوَالِید
مولع (مُو۔لَع) لالچ کیا ہوا (مُو۔لِع) لالچی ہونیوالا۔
مولف (مُؤَلِّف) اکٹھا کرنیوالا، تالیف کرنیوالا (مُؤَلَّف) اکٹھا ہوا، تالیف کیا ہوا جمع مُؤَلَّفَات۔

مولفات (م۔ اَل۔ لَفَات) مولفت کی جمع، تالیفات۔
مولم (مُو۔ لِم) الم دینے والا۔
مولواہ (مُو۔ لوَہ) سینگی جس کو جوگی وغیرہ بجاتے ہیں، سنکھ
مولود (مَو۔ لُود) نیا پیدا ہوا بچہ، وہ نظم جو جنازے کے آگے پڑھی جاوے جمع مَوالید۔
مولوی (مَو۔ لَوی) منسوب بہ مولا، عالم دین، مولاوالا
مولہ (مُو۔ لَہ) محبت یا رنج سے بے قرار۔
مولی (مَو۔ لا) دیکھو مولا۔
مولیدن (مُو۔ لِی۔ دَن) دیر لگانا، تاخیر کرنا۔
موم (مُوم) موم، شہد کے چھتے کا روغن۔
مومر (م۔ آم۔ مِر) حکم دینے والا۔
مومسہ (مُو۔ مِسَہ) بدکار۔
مومل (م۔ آم۔ مِل) امیدوار۔
مومن (م۔ ؤ۔ مِن، مُو۔ مِن) ایمان لانیوالا، مسلمان جمع مومنین (م۔ ؤ۔ مِنِین)
مومی (مُو۔ مِی) منسوب بہ موم، موم والی چیز (مُو۔ مِی) اشارہ کرنیوالا (مُو۔ مَا) اشارہ کیا ہوا۔
مومی الیہ (مُو۔ مَا۔ اِلَیہ) جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔
مومیا (مُو۔ میا) مومیائی، مصر کی قدیم محفوظ لاش
مومیائی (مُو۔ میا۔ ای) چوٹ کیلئے ایک کالی دوا۔
مونت (م۔ آو۔ نَت) بوجھ، گرانی، رنج، نفقہ، توشۂ سفر۔
مونث (م۔ آن۔ نَث) عورت، مادہ۔
مونس (مُو۔ نِس) آرام دینے والا، ہمدم۔
موہب (مَو۔ ہِب) بخشش جمع مَواہِب۔
موہبت (مَو۔ ہِبَت) بخشش۔
موہم (مُو۔ ہِم) وہم اور غلطی میں ڈالنے والا۔
موہن (مُو۔ ہِن) سست کرنیوالا (مَو۔ ہِن) آدھی رات۔
موہوب (مَو۔ ہُوب) عطا کیا ہوا، ہبہ کیا ہوا۔
موہوب لہ (مَو۔ ہُوب۔ لَہُو) جسکو ہبہ کیا جائے۔
موہوم (مَو۔ ہُوم) وہم کیا ہوا، وہمی۔

موہون (مَو۔ ہُون) سست کیا ہوا۔
موئیدن (مُو۔ ای۔ دَن) رونا، نوحہ کرنا، مضارع مُوید۔
موئینہ (مُو۔ ای۔ نَہ) پوستین، بالوں والی کھال کا لباس۔
مئوف (م۔ آوف) دیکھو ماؤف۔
موی (مُوی) دیکھو مو۔
مویان (مُو۔ یاں) روتا ہوا، نوحہ کرنے والا، مو کی جمع خلاف قیاس۔
مویَد (م۔ آی۔ یَد) تائید کیا ہوا (م۔ آی۔ یِد) تائید کرنے والا۔
مویز (مَویز) خشک کیا ہوا انگور۔
مویک (مُو۔ یَک) چھوٹا بال۔
مویہ (مُو۔ یَہ) نوحہ، بین، مردے پر پیٹنا۔
مہ (مِہ) بڑا، سردار (مَہ) ماہ۔
مہا (مَہا) بلور، ایک پتھر مانند بلور (مِہا) بڑا، بزرگ۔
مہاب (مَہاب) خوف کی جگہ۔
مہابا (مُہا۔ با) دیکھو محابا۔
مہابت (مَہا۔ بَت) شان، شوکت، ڈر، غصہ، بزرگی۔
مہالطہ (مُہا۔ لَطَہ) آواز کرنا۔
مہاجات (مُہا۔ جات) باہمی ہجوگوئی۔
مہاجر (مُہا۔ جِر) ہجرت کرنیوالا جمع مُہاجرین۔
مہاجرت (مُہا۔ جَرَت) ترک وطن، نقل سکونت
مہاد (مِہاد) فرش، بچھونا، تخت، بستر، کرسی۔
مہادنہ (مُہا۔ دَنَہ) صلح کرنا، آشتی کرنا۔
مہاذہ (مُہا۔ ذَہ) منھ پر برا بھلا کہنا۔
مہار (مِہار) نکیل۔
مہارت (مَہا۔ رَت) استادی، استعداد۔
مہازقہ (مُہا۔ زَقَہ) آہستہ ہنسنا۔
مہال (مَہال) خوفناک
مہالک (مَہا۔ لِک) مہلکہ کی جمع۔
مہالہ (مُہا۔ لَہ) کسی سے راز کہنا۔
مہام (مَہام) مہم کی جمع۔

مہان (مُہان) اہانت کیا ہوا۔ ذلیل (مِہان) مِہ کی فارسی جمع —

مہاندت (مُہا۔ نَدَتْ) دوڑنا، جلدی کرنا —

مہانقہ (مُہا۔ نَقَہ) آہستہ آہستہ ہنسنا —

مہانل (مَہا۔ نَل) افیون —

مہانہ (مُہا۔ نَہ) خوار ہونا —

مہاودہ (مُہا۔ وَدَہ) وعدہ کرنا —

مہب (مَہَب) ہوا کے چلنے کی جگہ (مُہِب) جلگنے والا —

مہبط (مَہ۔ بِط) اُترنے کی جگہ جمع مَہابِط —

مہبغ (مَہ۔ بَغ) خوابگاہ جمع مَہابِغ —

مہبل (مَہ۔ بِل) عورت کا رحم جمع مَہابِل (مِہ۔ بَل) خفیف —

مہتاب (مَہ۔ تاب) دیکھو ماہ تاب —

مہتابی (مَہ۔ تا۔ بی) دیکھو ماہ تابی —

مہتدی (مُہ۔ تَدِی) ہدایت کرنیوالا (مُہ۔ تَدا) ہدایت کیا ہوا —

مہتر (مِہ۔ تَر) سردار، بھنگی —

مہتری (مِہ۔ تَرِی) سرداری —

مہتم (مُہ۔ تَم) اہتمام کیا ہوا —

مہتم بالشان (مُہ۔ تَم۔ بِش۔ شان) شان سے اہتمام کیا ہوا، شاندار —

مہتمم (مُہ۔ تَمِم) اہتمام کرنیوالا جمع مُہتَمِمِین —

مہتول (مُہ۔ تَوِل) ڈرنیوالا، کانپنے والا —

مہجع (مُہ۔ جِع) سونیوالا (مَہ۔ جَع) خوابگاہ —

مہجو (مَہ۔ جُو) ہجو کیا ہوا —

مہجور (مَہ۔ جُور) جُدا، چھوڑا ہوا —

مہجوری (مَہ۔ جُو۔ رِی) جُدائی —

مہجہ (مُہ۔ جَہ) جان، روح، دل کے اندر کا خون، ہر چیز کا خلاصہ جمع مُہَج —

مہچہ (مَہ۔ چَہ) دیکھو ماہچہ —

مہد (مَہ۔ د) جھولا، پالنا، گہوارہ جمع مُہُود —

مہدا (مَہ۔ دا) دیکھو مہدی —

مہداج (مِہ۔ داج) پرشور آندھی —

مہدوم (مَہ۔ دُوم) ڈھایا ہوا —

مہدی (مَہ۔ دِی) ہدایت کیا ہوا (مُہ۔ دِی) ہدایت کرنیوالا، ہدیہ بھیجنے والا (مُہ۔ دا) ہدیہ بھیجا ہوا (مِہ۔ دا) ہدیہ رکھ کرلے جانے کی چیز —

مہذار (مِہ۔ ذار) بے ہودہ گو، بکواسی —

مہذب (مُہَذْ۔ ذَب) اصلاح کیا ہوا، پاک کیا ہوا (مُہَذْ۔ ذِب) اصلاح کرنے والا —

مہر (مَہْر) کابین، معاوضہ نکاح جمع مُہُور (مِہْر) محبت، رحم، شفقت، رحمت کا فرشتہ، سورج، فارسی کا ساتواں شمسی مہینہ، ایک سرخ پتھر (مُہْر) ٹھپّہ، سونے کا ایک سکہ، سجدہ گاہ (مُہْر) بچھیرا —

مہرا (مُہ۔ را) بہت پختہ —

مہراس (مِہ۔ راس) اوکھلی، ہاون —

مہرب (مَہ۔ رَب) بھاگنے کی جگہ، گریزگاہ جمع مَہارِب —

مہربان (مِہ۔ ر۔ بان) دوست، محبت کرنے والا —

مہربانہ (مِہ۔ ر۔ با۔ نَہ) مہربان کی مثل —

مہربانی (مِہ۔ ر۔ با۔ نی) دوستی، محبت کرنا —

مہرجان (مِہ۔ ر۔ جان) مہرگان —

مہرشفا (مُہ۔ رِ۔ شِفا) گن ڈا —

مہرکن (مُہ۔ ر۔ کَن) مہر کھودنے والا —

مہرکنی (مُہ۔ ر۔ کَنی) مہر کھودنا —

مہرگان (مِہ۔ ر۔ گان) مہر جو خزاں کا مہینہ ہے —

مہرگیا (مِہ۔ ر۔ گیا) ایک گھاس بشکل انسانی، لکھمنی —

مہرو (مَہ۔ رُو) دیکھو ماہرو —

مہروب (مَہ۔ رُوب) بھاگا ہوا —

مہروش (مِہ۔ ر۔ وَش) سورج کی مانند —

مہروع (مَہ۔ رُوع) دیوانہ —

مہرہ (مُہ۔ رَہ) گھوڑی کا بچہ جمع مُہَر، مُہَرات —

کوڑی، گھونگا، منکا، کرٹری، دانہ (مہرۃ) ماہر کی جمع۔

مہرہ جاندار (مُہ۔ رَا۔ جان۔ دَار) مار مہرہ۔

مہرہ چین (مُہ۔ رَہ۔ چِین) بازیگر، حیلہ باز۔

مہرہ سفید (مُہ۔ رَا۔ سفید) سنکھ، ناقوس۔

مہرہ نماز (مُہ۔ رَا۔ نَماز) مٹی کی ٹکیہ جس پر شیعہ لوگ سجدہ کرتے ہیں۔

مہزول (مَہ۔ زُول) لاغر، دبلا۔

مہزوم (مَہ۔ زُوم) شکست کھایا ہوا۔

مہضوم (مَہ۔ ضُوم) ہضم کیا ہوا۔

مہطع (مُہ۔ طِع) جلدی کرنیوالا۔

مہل (مَہَل) آہستگی، دیر، ڈھیل، زمانہ (مُہ۔ ل) پگھلا ہوا تانبا۔

مہلاً (مَہلَن) آہستہ باش۔

مہلت (مُہ۔ لَت) ڈھیل، آہستگی، فرصت۔

مہلک (مُہ۔ لِک) ہلاک کرنے والا۔

مہلکہ (مَہ۔ لَکہ) ہلاکت کی جگہ جمع مَہالِک۔

مہلل (مُہَل۔ لِل) تہلیل کرنے والا، کلمہ طیبہ پڑھنے والا۔

مہلہل (مُہَل۔ ہَل) زہر دیا ہوا، باریک چھوٹا سا کپڑا۔

مہم (مُہِم) رنج میں ڈالنے والا، کار نمایاں جمع مَہام، مُہمّات۔

مہمار (مِہ۔ مَار) سخت بے ہودہ گو۔

مہماز (مِہ۔ مَاز) دیکھو مہمیز۔

مہمان (مِہ۔ مَان) جو آدمی کچھ دن کیلئے کسی کے یہاں ٹھہرے۔

مہمانسرا (مِہ۔ مَان۔ سَرا) سنگہ، اسدابرات، مہمان کے ٹھہرنے کا مکان، مہمان خانہ۔

مہمان نواز (مِہ۔ مَان۔ نَواز) مہمان کی خاطرداری کرنے والا۔

مہمان نوازانہ (مِہ۔ مَان۔ نَوا۔ زَا۔ نَہ) مہمان نوازی کی مانند۔

مہمان نوازی (مِہ۔ مَان۔ نَوا۔ زِی) ضیافت، مہمان کی خاطرداری۔

مہمانی (مِہ۔ مَانی) کھانا کھلوانا، مہمان ٹھہرانا۔

مہمر (مِہ۔ مَر) دیکھو مہمار۔

مہمل (مُہ۔ مَل) متروک، بیکار، بے معنی، بیہودہ، چھوڑا ہوا جمع مُہمَلَات (مُہ۔ مَل) بے پروا، جھولا۔

مہملہ (مُہ۔ مَلَہ) دیکھو مہمل۔

مہموز (مَہ۔ مُوز) معیوب، لفظ جس کے اصلی حرفوں میں ہمزہ (ء) ہو۔

مہموسہ (مَہ۔ مُو۔ سَہ) دہ حروف تہجی جو نرمی اور آہستگی سے بولے جانے چاہئیں اور وہ یہ ہیں ت۔ ث۔ ح۔ خ۔ س۔ ش۔ ص۔ ف۔ ک۔ ہ۔

مہموم (مَہ۔ مُوم) غمگین۔

مہمہ (مُہِم، مَہ) ضروری یا مشکل کام، رنج میں ڈالنے والا (مَہ۔ مَہ) بیابان۔

مہمیز (مِہ۔ میز) سوار کے جوتے کا خار آہنی۔

مہنا (مُہَن۔ نا) ہاضم، خوش مزہ۔

مہند (مُہَن۔ نَد) ہندی، ہندوستانی کیا ہوا۔

مہندس (مُہَن۔ دِس) انجینئر، علم ہندسہ کا عالم۔

مہور (مُہُور) مہر کی جمع۔

مہوس (مُہَو۔ وِس) کیمیاگر، بہت ہوس کرنے والا (مُہَو۔ وَس) ہوس کیا ہوا۔

مہوسی (مُہَو۔ وِسی) کیمیاگری۔

مہوش (مَہ۔ وَش) چاند کی مانند۔

مہوشی (مَہ۔ وَشی) چاند کی مانند ہونا۔

مہی (مِہی) بزرگی، سرداری (مُہَیّ) آمادہ و مستعد کرنیوالا۔

مہیا (مُہَیْ۔ یَا) تیار، موجود۔

مہیب (مَہِیب) خوفناک، جس سے ہیبت معلوم ہو۔

مہیج (مُہَیِّج، مُہَیْ۔ یِج) اٹھانے والا، گرد و غبار اٹھانے والا۔

مہیل (مَہِیل) خوف کی جگہ۔

مہیمن (مُہَیْ۔ مِن) نام اللہ تعالیٰ، گواہ صادق، نگہبان، مہربان۔

مہین (مِہِین) بڑا، بزرگ (مِہِین) سُست، ضعیف، خوار، پتلا، باریک (مُہِین) اہانت کرنے والا۔
مہینہ (مِہی - نَہ) بزرگ (مَہی - نَہ) سال کا بارھواں حصہ۔
می (مَی) شراب۔
می آشام (مَی - آ - شام) شرابی۔
میادین (مَیا - دِین) میدان کی جمع۔
میازیب (مَیا - زیب) میزاب کی جمع۔
میاس (مَیّاس) بہت چلنے والا۔
میامن (مَیا - مِن) میمنت کی جمع (مُیا - مِن) سیدھی جانب لانے والا۔
میامنت (مُیا - مَنَت) سیدھی جانب آنا۔
میامین (مَیا - مِین) میمون کی جمع۔
میان (مِیان) نیام، کمر، بیچ۔
میان جی (مِیاں - جی) قاصد، ایلچی۔
میاندار (مِیان - دار) دلّال، ترساق۔
میان داری (مِیان - دا - رِی) دلّالی، ترساقی۔
میانہ (مِیا - نَہ) درمیانی، منجھولا، بچھلا۔
میانہ روی (مِیا - نَہ - رَوِی) بیچ کی چال۔
میاومہ (مُیا - وَمَہ) یومیہ، روزینہ۔
میاہ (مِیاہ) ماء کی جمع۔
می پرست (مَی - پَرَسْت) شرابی۔
میت (مَیِّت، مَیْت) لوتھ، مردہ لاش جمع مَوْتیٰ، اَمْوات۔
میتد (مِی - تَد) میخ کوب۔
میتر (مِی - تَر) میٹر، ۳۹٫۳۷ انچ کا پیمانہ۔
میتون (مِی - تُون) پائل جو الٹا پیدا ہوا ہو۔
میتہ (مَی - تَہ) مردار۔
میتین (مے - تین) چھینی، ٹانکی۔
میثاق (مِی - ثاق) وعدہ، پیمان، مضبوطی جو موثق ہو۔
میخ (مِیخ) ٹھونسا، کیل۔
میخانہ (مَی - خا - نَہ) شراب خانہ۔

میختن (مِیخ - تَن) دیکھو میزیدن۔
میخوار (مَی - خوار) شرابی۔
میخواری (مَی - خوا - رِی) شراب پینا۔
میخوش (مَی - خُوش) کھٹا میٹھا۔
میخک (مے - خَک) چھوٹی کیل، کھونٹی، لونگ، نقل، تمر۔
میدہ (مَیدَہ) ہلنا۔
میدان (مَی - دان) ہموار، پھیلی ہوئی زمین جمع مَیادِین۔
میدانی (مَی - دا - نِی) منسوب بہ میدان۔
میدن (مِی - دَن) نئی چیز ہونا۔
میدہ (مَی - دَہ) بہت باریک آٹا، دسترخوان۔
میذنہ (مِی - ذَنَہ) اذان دینے کی جگہ جمع مَیاذِن۔
میر (مِیر) ۱۔ سردار، سید کا قومی لقب۔ ۲۔ مرنیوالا۔
میراب (مِیر - آب) پانی کا نگراں۔
میراث (مِی - راث) جو چیز مالک کے مرنے کے بعد وارثوں کو ملے جمع مَوارِیث۔
میراثی (مِی - را - ثِی) میراث پانے والا، خاندانی پیشہ درگویا۔
میر آتش (مِیر - آ - تَش) داروغہ توپ خانہ۔
میر آخور (مِیر - آ - خُور) داروغہ اصطبل۔
میر بحر (مِیر - بَحْر) بحری محصول کا داروغہ۔
میر بخشی (مِیر - بَخْ - شِی) تقسیم تنخواہ کا افسر۔
میر حاج (مِیر - حاج) حاجیوں کا سرگروہ۔
میرزا (مِیر - زا) ہندوستان میں مغل کا قومی لقب، ایران میں سید کا قومی لقب۔
میرزائی (مِیر - زا - اِی) سرداری، شرافت۔
میر سامان (مِیر - سا - مان) داروغہ سامان، خانساماں۔
میر سامانی (مِیر - سا - ما - نِی) داروغہ سامان کا منصب۔
میر شکار (مِیر - شِکار) شکار کے انتظام کا داروغہ۔

میر مجلس (میر۔ مَجْ۔ لِس) صدر جلسہ۔
میر منزل (میر۔ مَنْ۔ زِل) مہتمم مکانات۔
میرندہ (می۔ رِنْ۔ دَہ) مرنے والا جمع میرندگاں۔
میرہ (می۔ رَہ) رسد، ٹرانسپورٹ۔
میری (می۔ رِی) سرداری، سید ہونا۔
میز (میز) سامان رہائش کی ایک چوکی، اسباب ضیافت۔
میزاب (می۔ زَاب) پرنالہ جمع میازیب۔
میزان (می۔ زَان) ترازو جمع موازین۔
میزانیہ (می۔ زَا۔ نِی۔ یَہ) بجٹ، سرکاری تخمینہ آمد و خرچ
میزبان (میز۔ بَان) صاحب خانہ جو ضیافت کرے، مہمان نواز۔
میزبانی (میز۔ بَا۔ نِی) مہمان نوازی۔
میزر (مِی۔ زَر) چادر، تہبند، پگڑی (مِی۔ زَر) پاجامہ، شلوار، زیر جامہ۔
میزہ (مے۔ زَہ) کاٹھی کا درمیانی حصہ۔
میزیدن (مے۔ زِی۔ دَن) موتنا مضع میزد۔
میزیدہ (مے۔ زِی۔ دَہ) موتا ہوا۔
میسر (مُ۔ یَسْ۔ سَر) آسان کیا ہوا، موجود، نوالہ (مَی۔ سِر) قمار خانہ۔
میسرہ (مَی۔ سَرَہ) بالاری، بائیں طرف، فوج کا بایاں حصہ
میسور (مَی۔ سُور) سرسبز، آسان جمع میسورات نام ریاست (دکن)
میش (میش) بھیڑ۔
میطرہ (مِی۔ طَرَہ) موگری۔
میعاد (می۔ عَاد) وقت مقررہ، قرار باہمی، وعدے کا وقت یا جگہ جمع مواعید۔
میغ (میغ) کالا بادل، کہرہ، سیاہ۔
میفروش (مَی۔ فَرُو۔ ش) کلال، شراب بیچنے والا۔
میفروشی (مَی۔ فَرُو۔ شِی) شراب بیچنا۔
میق (مِیق) روتا ہوا، گریاں۔
میقات (می۔ قَات) وقت، وعدے کی جگہ، حاجیوں کے احرام باندھنے کی جگہ جمع مواقیت۔
میکال، میکائیل (می۔ کَال۔ مِی۔ کَا۔ اِیل) روزی پہونچانے والا فرشتہ۔
میکدہ (مَی۔ کَدَہ) شراب خانہ۔
میکش (مَی۔ کَش) شرابی۔
میکشی (مَی۔ کَشِی) شراب پینا۔
میکلہ (می۔ کَلَہ) ہنڈیا۔
مے گسار (مَی۔ گُسَار) شرابی۔
مے گساری (مَی۔ گُسَا۔ رِی) شراب پینا۔
میگون (مَی۔ گُون) پیازی رنگ۔
میل (میل) سلائی، فرسنگ کا نشان، ۱۷۶۰ گز کی لمبائی، حد نظر جمع امیال (مَیل) توجہ، خواہش، ٹیڑھاپن جمع امیال، میول۔
میلاد (می۔ لَاد) وقت پیدائش، ذکر پیدائش رسول۔
میلان (مَی۔ لَان، مَیَلَان) جھکاؤ، رجوع، خواہش، طبیعت۔
میلی (مِی۔ لِی) بلّی۔
میم (میم) خالص شراب، حرف (م)
میمن (مَی۔ مَن) برکت کی جگہ جمع میامن۔
میمنت (مَی۔ مَنَت) برکت، سعادت جمع میامن۔
میمند (مے۔ مَنْد) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
میمنہ (مَی۔ مَنَہ) دائیں طرف، فوج کا دایاں حصہ جمع میامن۔
میمون (مَی۔ مُون) مبارک، خجستہ جمع میامین بندر، بوزنہ۔
میمی (می۔ مِی) منسوب بہ حرف م، میم والا۔
مین (مَین) دروغگوئی۔
مینا (می۔ نَا) شراب کا شیشہ، ایک زرین کام کا شیشہ، بندرگاہ۔
میناب (مَی۔ نَاب) خالص شراب۔

میناکار (ی۔ نا۔ کار) میناکا کام کرنے والا۔
میناکاری (ی۔ نا۔ کا۔ ری) میناکا کام کرنا۔
مینائی (ی۔ نا۔ ئی) مینا والا، منسوب بہ حضرت شاہ مینا، مینا کی۔
مینو (ی۔ نو) بہشت، زمرد، زبرجد، ایک رنگین شیشہ۔
مینوش (ی۔ نوش) شرابی۔
مینوشی (ی۔ نو۔ شی) شراب پینا۔
میوہ (ی۔ وہ، ے۔ وہ) پھل، ولایتی پھل۔
میوہ دار (ے۔ وہ۔ دار) پھلدار۔
میوہ فروش (ے۔ وہ۔ فروش) پھل بیچنے والا۔
میوہ فروشی (ے۔ وہ۔ فر۔ و۔ شی) پھل بیچنا۔

ن

ن (نون) حرف شمسی، قائم مقام عدد ۵۰، حرف نفی فارسی میں، چند حرفوں سے بدل ہے۔ ا۔ و کے ساتھ مثلاً گزینہ، گزیدہ۔ ۲۔ ل کے ساتھ مثلاً نیلوفر، لیلوفر۔ ۳۔ م کے ساتھ مثلاً بام، بان۔ ۴۔ ہ کے ساتھ مثلاً مرزن، مرزہ۔
نا (نا) علامت نفی جو اسمائے مشتقات اور صفات میں آتی ہے، نہیں۔
ناآشنا (نا۔ آ۔ شنا) اجنبی، انجان۔
ناآخت (نا۔ آخ۔ ت) نا مطابق، نامناسب۔
ناامید (نا۔ امید) بے آس۔
ناامیدی (نا۔ امے۔ دی) بے آسی۔
ناانصاف (نا۔ ان۔ صاف) بے انصاف۔
ناانصافی (نا۔ ان۔ صا۔ فی) بے انصافی۔
نااہل (نا۔ اہ۔ ل) نالائق۔
نااہلی (نا۔ اہ۔ لی) نالائقی۔
ناب (ناب) کینچلی، دانت جمع انیاب، انیب، نیوب، آنائب، آنایب، خالص، صاف۔
نابالغ (نا۔ با۔ لغ) جو جوانی کو نہ پہونچا ہو۔
نابالغی (نا۔ با۔ لغی) جوانی کو نہ پہونچنا۔
ناباِئستہ (نا۔ با۔ اِس۔ تہ) نالایق، نازیبا۔
نابت (نا۔ بت) اُگنے والا، اُگانیوالا، جوان نوخاستہ جمع نوابت۔
نابرادر (نا۔ برادر) سوتیلا بھائی۔
نابک (نا۔ بک) اونچی جگہ جمع نوابک۔
نابکار (نا۔ بکار) بے کار۔
نابلد (نا۔ بلد) پردیسی، انجان۔
نابنوا (نا۔ بنوا) بیکا چیز۔
نابود (نا۔ بود) جو ناپید ہو جاوے۔
نابولی (نا۔ بو۔ لی) شہر نیپلز (اطالیہ)
نابہ (نا۔ بہ) خالص شراب۔
نابہرہ (نا۔ بہ۔ رہ) ادھا، بے نصیب۔
نابینا (نا۔ بی۔ نا) اندھا، جو سوجھتا نہ ہو۔
ناپاک (نا۔ پاک) گندہ۔
ناپاکی (نا۔ پا۔ کی) گندگی۔
ناپائیدار (نا۔ پا۔ ای۔ دار) بودا، جو دیر تک نہ رہے۔
ناپدر (نا۔ پدر) سوتیلا باپ۔
ناپدید (نا۔ پدید) جو دکھلائی نہ دے۔
ناپروا (نا۔ پر۔ وا) سراسیمہ، بے طاقت، بے آرام۔
ناپسر (نا۔ پسر) سوتیلا بیٹا۔
ناپسند، ناپسندیدہ (نا۔ پسن۔ د، نا۔ پسن۔ دی۔ دہ) جو اچھا نہ لگے، جو پسند نہ ہو۔
ناپسی (نا۔ پسی) عدم۔
ناپگار (نا۔ پگار) دیکھو نابکار۔
ناپید، ناپیدا (نا۔ پید، نا۔ پی۔ دا) جو پیدا نہ ہوا ہو، جو ظاہر نہ ہو۔

ناتاب (نا۔تاب) کمزور، بودا۔
ناتجربہ کار (نا۔تج۔ری۔بہ۔کار) جس کو تجربہ نہ ہو۔
ناتراش، ناتراشیدہ (نا۔تراش، نا۔ترا۔شی۔دہ) ناہموار، کمینہ، بے ادب۔
ناتربیت (نا۔تر۔بیت) جسکی تربیت نہوئی ہو۔
ناترس (نا۔ترس) جس کو ڈر نہ ہو، بے رحم۔
ناترسی (نا۔تر۔سی) بے رحمی، بے خوفی۔
ناتمام (نا۔تمام) ادھورا، جو پورا نہ ہو۔
ناتمامی (نا۔تما۔می) ادھوراپن۔
ناتوان (نا۔توان) کمزور، بے طاقت۔
ناتوان بین (نا۔توان۔بیں) حاسد۔
ناتوانی (نا۔توا۔نی) کمزوری۔
ناجذ (نا۔جذ) سب سے پچھلا دانت جمع نواجذ۔
ناجنس (نا۔جن۔س) غیر جنس۔
ناجنسی (نا۔جن۔سی) غیر ہونا۔
ناجی (نا۔جی) نجات پانیوالا، تکلیف سے چھٹکارا پانیوالا۔
ناجیہ (نا۔جیہ) نجات پانے والی۔
ناچار (نا۔چار) لاعلاج، عاجز، مجبور۔
ناچاق (نا۔چاق) دبلا، بیمار۔
ناچاقی (نا۔چا۔قی) جھگڑا ٹنٹہ، دبلاپن۔
ناچیز (نا۔چیز) بے حقیقت۔
ناحفاظ (نا۔حفاظ) بے شرم، فاسق، بے امتیاز۔
ناحق (نا۔حق) بے سبب، بے حق، بے ٹھیک۔
ناحق کوش (نا۔حق۔کوش) ناحق کوشش کرنیوالا۔
ناحی (نا۔حی) قصد کرنیوالا، کترانیوالا، کونہ، کنارہ۔
ناحیہ (نا۔حیہ) شہر کا حصہ، ملک کا کنارہ جمع نواحی۔
ناخ (ناخ) لونڈی، ناقہ، ایک قسم کی ناسپاتی۔
ناخدا (نا۔خدا) ملاح۔
ناخس (نا۔خس) سوئی کی مانند چبھنے والا۔
ناخص (نا۔خص) وہ عورت جو بڑھاپے سے دبلی ہوگئی ہو۔

ناخلف (نا۔خلف) کپوت، نالائق بیٹا۔
ناخن (نا۔خن) انگلیوں کے کنارے کا سخت خول۔
ناخن تراش (نا۔خن۔تراش) ناخن کاٹنے کا اوزار۔
ناخنہ (نا۔خنہ) معذاب، آنکھ کی بیماری۔
ناخواست (نا۔خواس۔ت) بے اختیار، بے تلاش، بے طلب۔
ناخواستہ (نا۔خواس۔تہ) ناچاہا ہوا۔
ناخواندہ (نا۔خواں۔دہ) ان پڑھ، بے بلایا ہوا۔
ناخواہ (نا۔خواہ) نارضا مند۔
ناخواہی (نا۔خوا۔ہی) نارضامندی۔
ناخوب (نا۔خوب) خراب، برا۔
ناخودہ (نا۔خو۔دہ) ناخدا۔
ناخوش (نا۔خش) خفا، جو راضی نہ ہو۔
ناخوشی (نا۔خشی) نارضامندی، خفگی۔
نادار (نا۔دار) مفلس، کنگال، محتاج۔
ناداری (نا۔دا۔ری) مفلسی، محتاجی۔
ناداشت (نا۔داش۔ت) ناواقف، کنگال، مفلس۔
ناداشتی (نا۔داش۔تی) مفلسی، بے شرمی۔
نادان (نا۔دان) مورکھ، بیوقوف۔
نادانستہ (نا۔دا۔نس۔تہ) انجان۔
نادانی (نا۔دا۔نی) بے وقوفی۔
نادر (نا۔در) کمیاب، عجائب، غرائب۔
نادرست (نا۔درس۔ت) جو ٹھیک نہ ہو۔
نادرہ (نا۔درہ) کمیاب، عجائب جمع نوادر۔
نادم (نا۔دم) شرمندہ، پشیمان جمع ندام، ندامٰی۔
نادہن (نا۔دہن) جو کسی کا آتا نہ دیوے۔
نادی (نا۔دی) پکارنے والا، ندا کرنے والا۔
نادیدنی (نا۔دی۔د۔نی) جو دیکھنے کے لائق نہ ہو۔
نادیدہ (نا۔دی۔دہ) ان دیکھا، بے دیکھا۔
نار (نار) آگ، دماغ جمع نیران۔۲۔انار۔

ناراست (نا۔ را۔ سْ۔ ت) ٹیڑھا، جھوٹا۔
ناراستی (نا۔ را۔ سْ۔ تی) جھوٹ، ٹیڑھاپن۔
ناراض (نا۔ را۔ ض) خفا، غیر مطمئن۔
ناراضی (نا۔ را۔ ضی) خفگی۔
نارِبن (نا۔ رِ۔ بَن) انار کا پیڑ۔
نار پستان (نا۔ رِ۔ پِس۔ تان) نوجوان لڑکی جس کی چھاتیاں نہ لٹکی ہوں۔
نارجیل (نا۔ رْ۔ جیل) کھوپرا، ناریل۔
نارو (نا۔ رو) چیچڑی، کلیلی، کنجوس
ناردان (نا۔ رْ۔ دان) انار کا دانہ۔
ناردانگ (نا۔ ر۔ دانگ) انار کے دانوں کا عرق۔
نارس (نا۔ رس) کچا پھل۔
نارسا (نا۔ رسا) نہ پہونچنے والا۔
نارسائی (نا۔ رسا۔ ئی) پہونچ کا نہ ہونا۔
نارسیدہ (نا۔ رسی۔ دہ) جو پورا نہ ہوا ہو، کچا پھل، نابالغ۔
نار فارسی (نا۔ رِ۔ فار۔ سی) ایک زہر، آتشک کی بیماری۔
نارنج، نارنگ (نا۔ رَن۔ ج، نا۔ رنگ) سنترہ، چکوترا۔
نارنجی (نا۔ رن۔ جی) نارنگی کا سا رنگ۔
نارنگی (نا۔ رنگ۔ گی) چھوٹا سنترہ، نارنجی رنگ۔
ناروا (نا۔ روا) ناجائز، جو روا نہ ہو۔
نارون (نا۔ ر۔ وَن) گلنار، پھلواری کا انار۔
ناری (نا۔ ری) آگ کا، آتشی، جن، پری، دوزخی، پہنے کے کپڑے۔
ناز (ناز) بید مانعی، بے پروائی، نخرا، نیا پودھا، صنوبر، سرو۔
نازا (نا۔ زا) وہ جو حاملہ نہ رہ سکتی ہو، بانجھ۔
نازاں (نا۔ زاں) اترانیوالا، اتراتا ہوا۔
نازائیدہ (نا۔ زا۔ ئی۔ دہ) جسکے بچہ نہ پیدا ہوا ہو۔
ناز بالش (ناز۔ با۔ لِش) نرم تکیہ۔
نازبردار (ناز۔ بر۔ دار) ناز اٹھانے والا۔
نازبرداری (ناز۔ بر۔ دا۔ ری) چاپلوسی، ناز اٹھانا۔
نازبو (ناز۔ بو) نام پھلواری۔

نازپرور، نازپروردہ (ناز۔ پَر۔ وَر، ناز۔ پَر۔ وَر۔ دہ) نازوں کا پالا ہوا، ناز ول کی پالی ہوئی۔
نازپیشہ (ناز۔ پے۔ شہ) جسکو ناز کرنیکی عادت ہو۔
نازدانہ (ناز۔ دا۔ نہ) نازپروردہ۔
نازک (نا۔ زُک) نفیس اور باریک۔
نازک بدن (نا۔ زُک۔ بَ۔ دَن) جس کا پتلا اور نفیس بدن ہو۔
نازک بدنی (نا۔ زُک۔ بَدَ۔ نی) جسم کا دلکش دبلاپن۔
نازک خیال (نا۔ زُک۔ خیال) جس کے خیالات نفیس اور باریک ہوں۔
نازک خیالی (نا۔ زُک۔ خیا۔ لی) خیالات کی نفاست اور باریکی۔
نازک مزاج (نا۔ زُک۔ مِزاج) جس کا مزاج باریک اور نفیس ہو۔
نازک مزاجی (نا۔ زُک۔ مِزا۔ جی) مزاج کی نفاست اور باریکی۔
نازل (نا۔ زِل) اترنے والا۔
نازلہ (نا۔ زِ۔ لہ) حادثہ، مصیبت، ج نوازل۔
نازندہ (نا۔ زِن۔ دہ) ناز کرنے والا۔
نازنین (ناز۔ نین) نازک اندام، لاڈلا۔
نازور (نا۔ زو۔ ر) کمزور، نزبل۔
ناز و نیاز (نا۔ زُ۔ ؤ۔ نیاز) بے پروائی اور اظہار محبت۔
نازیب، نازیبا (نا۔ زیب، نا۔ زے۔ با) بے ہنگم، بدقطع۔
نازیدن (نا۔ زی۔ دَن) ناز کرنا، فخر کرنا، مصدر ناز۔
نازیدنی (نا۔ زی۔ دَ۔ نی) ناز کرنے کے لائق۔
نازیدہ (نا۔ زی۔ دہ) ناز کیا ہوا۔
ناس (ناس) ایک آدمی، بہت سے آدمی۔
ناساز، ناسازگار (نا۔ ساز، نا۔ ساز۔ گار) ناموافق
ناسازی (نا۔ سا۔ زی) ناموافقت، اردگرد۔
ناسپاس (نا۔ سپاس) ناشکر۔
ناسپاسی (نا۔ سپا۔ سی) ناشکری۔

ناسپال (نا-سْ-پالْ) انار کا چھلکا۔
ناستودہ (نا-سْتُو-دَہْ) جس کی تعریف نہ ہوئی ہو۔
ناسج (نا-سِجْ) کپڑا بننے والا، فصیح البیان۔
ناسخ (نا-سِخْ) مٹانے والا، لکھنے والا۔
ناسرہ (نا-سَرَہْ) کھوٹا۔
ناسزا (نا-سَزَا) نالائق، نازیبا۔
ناسفتہ (نا-سُفْ-تَہْ) بغیر بیندھا ہوا، بغیر پرویا ہوا۔
ناسفتہ بہ (نا-سُفْ-تَہ-بِہْ) چالاک آدمی۔
ناسفتگاں (نا-سُفْ-تَگَاںْ) کنواری عورتیں۔
ناسق (نا-سِقْ) ترتیب و تنظیم کرنے والا۔
ناسک (نا-سِکْ) عبادت گزار، راہ خدا میں قربانی کرنے والا۔
ناسوت (نا-سُوتْ) عالم اجسام، دنیا، یہ جہان، شریعت، عبادت ظاہری۔
ناسور (نا-سُوْرْ) رستا ہوا زخم جو اچھا نہ ہووے۔
ناسوری (نا-سُوْ-رِیْ) گلا، حلقوم۔
ناسی (نا-سِیْ) بھولنے والا۔
ناشاد (نا-شَادْ) جو خوش نہ ہو۔
ناشاعر (نا-شَا-عِرْ) جو شاعر نہ ہو۔
ناشائستہ (نا-شَا-اِسْ-تَہْ) نالائق، نامناسب۔
ناشپاتی (نا-شْ-پَا-تِیْ) ایک مشہور پھل۔
ناشتا، ناشتاب (نا-شْتَا، نا-شْتَابْ) نہار منہ، نہاری، بھوکا ہونا۔
ناشدنی (نا-شُدَ-نِیْ) نہ ہونے کے لائق، ان ہونی۔
ناشر (نا-شِرْ) پبلشر، خبر پھیلانے والا، لوگوں میں مطبوعات پھیلانے والا، کسی چیز کا کھولنے والا، جمع ناشرین۔
ناشرات (نا-شِرَاتْ) سخت جھکڑ اور آندھیاں۔
ناشز (نا-شِزْ) بلند بیٹھنے والا۔
ناشط (نا-شِطْ) جنگلی گائے۔
ناشک (نا-شِکْ) قدر مندا۔

ناشکر (نا-شُکْرْ) جو احسان نہ مانے۔
ناشکری (نا-شُکْ-رِیْ) احسان نہ ماننا۔
ناشکیب، ناشکیبا (نا-شَکِیْبْ، نا-شَکِیْ-بَا) بے صبر۔
ناشکیبائی (نا-شَکِیْ-بَا-اِیْ) بے صبری۔
ناشناخت (نا-شَنَاخْتْ) نہ پہچانا ہوا۔
ناشناس، ناشناسا (نا-شَنَاسْ، نا-شَنَا-سَا) جو پہچانتا نہ ہو، نہ پہچاننے والا۔
ناشنو، ناشنوا (نا-شُنَوْ، نا-شُنَوَا) نہ سننے والا۔
ناشوب (نا-شُوْبْ) بغیر دھوب، بغیر دھلا۔
ناشور (نا-شُوْرْ) بغیر دھلا۔
ناشی (نا-شِیْ) نوجوان، اٹھنے والا، نیا پیدا ہونیوالا۔
ناصاف (نا-صَافْ) جو صاف نہ ہو، میلا کچیلا۔
ناصب (نا-صِبْ) نصب کرنیوالا، حرکت (زبر) دینے والا۔
ناصبر، ناصبور (نا-صَبْرْ، نا-صَبُوْرْ) جس میں صبر نہ ہو۔
ناصبہ (نا-صِبَہْ) نصب کرنیوالی۔
ناصبی (نا-صِبِیْ) حضرت علی کا مخالف مسلمان جمع نواصب۔
ناصح (نا-صِحْ) نصیحت کرنے والا جمع نُصَحَاء، نُصَّاح، نُصَّح۔
ناصر (نا-صِرْ) مددگار جمع اَنصار، نُصَّر، نُصَّار، نُصُر۔
ناصع (نا-صِعْ) خالص۔
ناصف (نا-صِفْ) آدھوں آدھ کرنیوالا۔
ناصواب (نا-صَوَابْ) جو درست نہ ہو، غلط۔
ناصور (نا-صُوْرْ) دیکھو ناسور جمع نواصیر۔
ناصیہ (نا-صِیَہْ) پیشانی، ماتھے کے بال جمع نواصی۔
ناضج (نا-ضِجْ) پختہ۔
ناضح (نا-ضِحْ) پانی چھڑکنے والا۔
ناضر (نا-ضِرْ) تر و تازہ جمع نواضر۔

ناطاقت (نا۔ طا۔ قتْ) کمزور۔
ناطح (نا۔ طِحْ) سرکھتا، سینگ مارنیوالا چوپایہ۔
ناطر (نا۔ طِرْ) انگور کے باغ کا رکھوالا جمع نَوَاطِرْ۔
ناطس (نا۔ طِسْ) جاسوس، بھیدی۔
ناطق (نا۔ طِقْ) بات کرنیوالا، سمجھدار، مالدار۔
ناطقہ (نا۔ طِقَہْ) بات کرنے کی قوت۔
ناطور (نا۔ طُورْ) دیکھو ناطِر۔
ناطوری (نا۔ طُو۔ رِیْ) کھیت کا رکھوالا۔
ناظر (نا۔ ظِرْ) دیکھنے والا، نظر ڈالنے والا جمع نُظَّارْ، نَاظِرِیْن نگراں، صدر محرر، خواجہ سرا، وزیر۔
ناظرہ (نا۔ ظِرَہْ) قوت بینائی جمع نَوَاظِرْ دیکھنے والی جمع نَاظِرَاتْ۔
ناظرہ خواں (نا۔ ظِرَہْ۔ خْوَاں) دیکھکر پڑھنے والا۔
ناظم (نا۔ ظِمْ) انتظام کرنیوالا، نظم کہنے والا، پرونیوالا۔ جمع نُظَّامْ، نَظَمَۃْ۔
ناظور (نا۔ ظُورْ) نگہبان، مالی، گلچیں، محبوب۔
ناظورہ (نا۔ ظُو۔ رَہْ) مالن، محبوبہ، گلچیں۔
ناعس (نا۔ عِسْ) اونگھنے والا، سونے والا۔
ناعورہ (نا۔ عُو۔ رَہْ) رہٹ کا ڈول جمع نَوَاعِرْ۔
ناعش (نا۔ عِشْ) زندگانی بخشنے والا۔
ناعم (نا۔ عِمْ) نازپروردہ، نرم، نازک۔
ناعمہ (نا۔ عِمَہْ) نازک بدن عورت۔
ناعی (نا۔ عِیْ) موت کی خبر دینے والا۔
ناغہ (نا۔ غَہْ) خالی، ناغان۔
ناف (نافْ) پیٹ کی ٹنڈی، پیچ۔
ناف پیچ (نافْ۔ پیچْ) مروڑا، پیچش کا درد۔
نافجہ (نا۔ فِجَہْ) نافہ، بسیجہ۔
نافحہ (نا۔ فِحَہْ) خوشبودار چیز۔
نافخ (نا۔ فِخْ) پھونکنے والا۔
ناف خاک (نافْ۔ خاکْ) مکہ معظمہ۔
نافذ (نا۔ فِذْ) جاری ہونے والا۔
نافر (نا۔ فِرْ) نفرت کرنیوالا جمع نَفَرَۃْ، نَفَرْ۔

نافرجام (نا۔ فَرْ۔ جامْ) بدانجام، بداصل۔
نافرمان (نا۔ فَرْ۔ مانْ) جو حکم نہ مانے۔
نافرمانی (نا۔ فَرْ۔ ما۔ نِیْ) حکم عدولی۔
نافض (نا۔ فِضْ) بخار جاڑے میں تھرتھرانے والا۔
نافضہ (نا۔ فِضَہْ) بہت بچے جننے والی عورت۔
نافع (نا۔ فِعْ) نفع دینے والا جمع نُفَّاعْ۔
نافلہ (نا۔ فِلَہْ) غیرواجب عبادت یا عطیہ جمع نَوَافِلْ پوتا، نبیرہ۔
نافہ (نا۔ فَہْ) مشک والے ہرن کی ناف کی پوٹلی جس میں مشک رہتی ہے۔
نافہم (نا۔ فَہمْ) ناسمجھ۔
نافہمی (نا۔ فَہْ۔ مِیْ) ناسمجھی۔
نافی (نا۔ فِیْ) نفی کرنے والا۔
ناقابل (نا۔ قا۔ بِلْ) جو قابل نہ ہو۔
ناقبول (نا۔ قَبُولْ) جو ماننے کے قابل نہ ہو۔
ناقد (نا۔ قِدْ) پرکھنے والا۔
ناقر (نا۔ قِرْ) دانہ چگنے والا پرند، قرنا بجانے والا۔
ناقس (نا۔ قِسْ) کھٹی شراب۔
ناقص (نا۔ قِصْ) کم کرنے یا ہونے والا، ادھورا، وہ لفظ جس کے اصلی حرفوں میں آخری حرف علت ہو۔
ناقع (نا۔ قِعْ) تازہ خون، زہر کھینچنے والا۔
ناقل (نا۔ قِلْ) نقل کرنیوالا، بات دوہرانیوالا جمع نَقَلَۃْ، نَوَاقِلْ۔
ناقوت (نا۔ قُوَّتْ) کمزور۔
ناقور (نا۔ قُورْ) قرنا، سنکھ۔
ناقوس (نا۔ قُوسْ) سنکھ، غیر عبادت کا گھنٹہ۔
ناقہ (نا۔ قَہْ) اونٹنی، سانڈنی جمع نُوقْ، نِیَاقْ، اَنْوُقْ، نَاقْ (نا۔ قِہْ) جو ابھی بیماری سے اٹھا ہو۔
ناک (ناکْ) بھرا ہوا، آلودہ، مالک، صاحب، خداوند۔
ناکارہ (نا۔ کا۔ رَہْ) جو کام کا نہ ہو، ردی۔
ناکاشتہ (نا۔ کاشْ۔ تَہْ) بغیر بویا ہوا۔

ناکام (نا۔کامْ) نامراد، ناچار، بالضرور۔
ناکامی (نا۔کا۔مِیْ) نامرادی، ناچاری۔
ناکتخدا، ناکدخدا (نا۔کَتْ۔خُدَا، نا۔کَدْ۔خُدَا) بغیر بیاہا ہوا۔
ناکح (نا۔کِحْ) وہ جو نکاح کرے، نکاح کرنے والا۔
ناکردنی (نا۔کَرْ۔دَنِیْ) جو کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناکردہ (نا۔کَرْ۔دَہْ) بغیر کیا ہوا۔
ناکردہ کار (نا۔کَرْ۔دَہْ۔کَارْ) ناتجربہ کار۔
ناکس (نا۔کَسْ) کمینہ، نالائق (نا۔کِسْ) اوندھا، سرنگوں جمع **نواکس**۔
ناکسی (نا۔کَسِیْ) کمینہ پن، نالائقی۔
ناگاج، ناگاہ (نا۔گاجْ، نا۔گاہْ) یکایک، اچانک۔
ناگرفت (نا۔گِرِفْتْ) اچانک، ناگاہ۔
ناگزار، ناگزیر (نا۔گُزَارْ، نا۔گُزِیْرْ) ضرورت، ناچار، ضرور، لابد، لاعلاج۔
ناگفتنی (نا۔گُفْ۔تَنِیْ) جو کہنے کے لائق نہ ہو۔
ناگفتہ (نا۔گُفْ۔تَہْ) نہ کہا ہوا۔
ناگفتہ بہ (نا۔گُفْ۔تَہْ۔بِہْ) خراب، جسکا نہ کہنا اچھا ہو۔
ناگفتہ داں (نا۔گُفْ۔تَہْ۔دَاںْ) علم غیب جاننے والا۔
ناگوار (نا۔گُوَارْ) جو گوارا نہ ہو، بدمزہ۔
ناگہ، ناگہاں (نا۔گَہْ، نا۔گَہَاںْ) یکایک، اچانک۔
نال (نالْ) بخشش جمع **انوال**، **نوال** نیچہ، گنّا، نلی، نلکی، نے۔
نالاں (نا۔لاںْ) روتا ہوا، رونے والا۔
نالائق (نا۔لا۔اِقْ) جو لائق نہ ہو۔
نالش (نا۔لِشْ) دوہائی، شکایت۔
نالندہ (نا۔لِنْ۔دَہْ) رونے والا، شور کرنے والا۔
نالہ (نا۔لَہْ) رونے کی آواز، آواز، چھوٹی سی ندی۔
نالی (نا۔لِیْ) گنّا، نیشکر۔
نالیدن (نا۔لِیْ۔دَنْ) شور کرنا، رونا مصدر **نالہ**۔
نالیدنی (نا۔لِیْ۔دَنِیْ) رونے کے لائق۔

نالیدہ (نا۔لِیْ۔دَہْ) شور کیا ہوا، رویا ہوا۔
نام (نامْ) اسم، شہرت، دفتر، چلن۔
نام آور (نامْ۔آ۔وَرْ) جس کا نام مشہور ہو۔
نام آوری (نامْ۔آ۔وَرِیْ) شہرت۔
نامبارک (نا۔مُبا۔رَکْ) منحوس۔
نام بردار (نامْ۔بَرْ۔دَارْ) نامی۔
نام بردہ (نامْ۔بُرْ۔دَہْ) نام لیا ہوا۔
نامتناہی (نا۔مُتَنا۔ہِیْ) جس کی انتہا نہ ہو۔
نامجو (نامْ۔جُوْ) ناموری چاہنے والا۔
نامحدود (نا۔مَحْ۔دُوْدْ) جس کی حد نہ ہو۔
نامحرم (نا۔مَحْ۔رَمْ) ناواقف۔
نام خدا (نامْ۔خُدَا) خدا کی قسم۔
نامدار (نامْ۔دَارْ) عزت والا، نامور۔
نامراد (نا۔مُرَادْ) بے مراد۔
نامرد (نا۔مَرْدْ) ڈرپوک، ہیجڑا۔
نامردم (نا۔مَرْ۔دُمْ) نالائق۔
نامردی (نا۔مَرْ۔دِیْ) بزدلاپن، بزدلی۔
نامزد (نامْ۔زَدْ) جسکا نام معین کیا گیا ہو، مشہور۔
ناساعد (نا۔مُسا۔عِدْ) ناموافق۔
نامساعدت (نا۔مُسا۔عَدَتْ) ناموافقت۔
نامسموع (نا۔مَسْ۔مُوْعْ) بلا سنا ہوا۔
نامسہ (نا۔مِسِیْ۔یَہْ) مچھر دانی، پشہ خانہ۔
نامشخص (نا۔مُشَخْ۔خَصْ) ناپہچانا ہوا، بے تحقیق، نامعین، جو ایک حالت پہ قائم نہ رہے۔
نامشروع (نا۔مَشْ۔رُوْعْ) خلاف شرع۔
نامطبوع (نا۔مَطْ۔بُوْعْ) جو پسند نہ ہو، جو چھپا نہ ہو۔
نامعقول (نا۔مَعْ۔قُوْلْ) جو معقول نہ ہو۔
نامک (نا۔مَکْ) چھوٹا نامہ، ننھا سا خط۔
ناملائم (نا۔مُلا۔اِمْ) خراب، نامناسب، سخت۔
نامناسب (نا۔مُنا۔سِبْ) جو ٹھیک نہ ہو۔
نامناسبت (نا۔مُنا۔سَبَتْ) ٹھیک نہ ہونا۔

نامندہ (نا-مَن-دَہ) نام رکھنے والا۔
ناموافق (نا-مُوا-فِق) جو موافق نہ ہو۔
ناموافقانہ (نا-مُوا-فِقَا-نَہ) ناموافق کی طرح۔
ناموافقت (نا-مُوا-فَقَت) موافقت نہ ہونا۔
نامور (نام-وَر) مشہور، نامی۔
ناموارانہ (نام-وَرَا-نَہ) نامور کی مانند۔
ناموری (نام-وَرِی) نام ہونا، شہرت۔
ناموس (نا-مُوس) عصمت، عفت، ناموری، نیکنامی، تدبیر، سیاست، قاعدہ، دستور، جھوٹ، دانش، مکر، پوشیدہ حیلہ، فرشتے، احکام الٰہی جمع نوامیس۔
ناموسیہ (نا-مُو-سِی-یَہ) مچھر دانی۔
نامہ (نا-مَہ) لکھا ہوا خط، چٹھی جمع نامجات۔
نامہربان (نا-مِہ-ر-بان) جو مہربانی نہ کرے۔
نامی (نا-مِی) ۱- نامور، مغرور، مشہور۔ ۲- بڑھنے والا، پھیلنے والا۔
نامیدن (نا-مِی-دَن) نام رکھنا مضع نامند۔
نامیدہ (نا-مِی-دَہ) نام رکھا ہوا۔
نامیہ (نا-مِیَہ) قوت بالیدگی، بڑھوار کی قوت۔
نان (نان) روٹی، تنوری روٹی۔
نان آبی (نان-آ-بِی) ایک قسم کی روٹی۔
نانبا، نانبائی (نان-با، نان-با-ئی) بھٹیارہ، روٹی پکانے والا۔
نان پز (نان-پَز) روٹی پکانے والا۔
نان پزی (نان-پَزِی) روٹی پکانا۔
نان خطائی (نان-خَطَا-ئی) نام مٹھائی۔
نانخواہ (نان-خَوَاہ) اجوائن۔
نانخورش (نان-خُرِش) سالن۔
نانکار (نان-کَار) وہ زمین جو ملازم کو اس کی خدمت کے صلہ میں گذارے کے لئے دی جاوے۔
نانکور (نان-کُور) کمینہ، لالچی، نمک حرام۔

نالور (نا-لُور) لوری یعنی بچہ کو سلانے کا گیت۔
ناو (ناو) کشتی، پرنالہ۔
ناوارث (نا-وا-رِث) جس کا کوئی وارث نہ ہو۔
ناواقف (نا-وا-قِف) بے خبر۔
ناواقفیت (نا-وا-قِفِی-یَت) ناتجربہ کاری، بے خبری۔
ناوائیدن (نا-وا-ئی-دَن) خم کرنا۔
ناودان (ناو-دان) موری، پرنالہ۔
ناورد (نا-وَرْد) جنگ و جدل۔
ناوس (نا-وُس) آتشکدہ، غیر مسلموں کا عبادتخانہ۔
ناوک (نا-وَک) ایک قسم کا چھوٹا تیر۔
ناوک انداز (نا-وَک-اَن-داز) تیر انداز۔
ناوک اندازی (نا-وَک-اَن-دا-زِی) تیر اندازی۔
ناوک فگن (نا-وَک-فِگَن) تیر انداز۔
ناولون (ناو-لُون) جہاز کا کرایہ۔
ناونوش (نا-وُ-نُوش) عیش و عشرت۔
ناوہ (نا-وَہ) پرنالہ، بدرو، گھوڑوں کا دانہ۔
ناویدن (نا-وِی-دَن) خم ہونا، جھومنا، مضع ناود۔
ناہار (نا-ہار) جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔
ناہب (نا-ہِب) ڈاکو، لٹیرا۔
ناہج (نا-ہِج) راہ چلنے والا، کشادہ راہ پیدا کرنے والا۔
ناہد (نا-ہِد) نوجوان لڑکی جس کی چھاتی میں ابھار آگیا ہو۔
ناہق (نا-ہِق) گدھا، خر، نر۔
ناہل (نا-ہِل) پیاسا، سیراب جمع نہل۔
ناہمتا (نا-ہَم-تا) بے مثل، جس کی مانند کوئی نہ ہو۔
ناہموار (نا-ہَم-وَار) جو برابر نہ ہو۔
ناہنجار (نا-ہَن-جَار) بدذات، بے طریقہ۔
ناہی (نا-ہِی) منع کرنے والا، کام سے روکنے والا۔
ناہید (نا-ہِید) ستارہ زہرہ۔
نائب (نا-ئِب) قائم مقام جمع نواب، نوب۔
نائبہ (نا-ئِبَہ) حادثہ، واقعہ، تیز بخار جمع نوائب قائم مقام عورت۔
نائچہ (نا-ئِچَہ) حقہ کی نے۔

نائحہ (نا-اِحہ) گریہ، نالہ، مصیبت جمع نَوَائح —
نائرہ (نا-اِ-رَہ) آگ، شعلہ، دشمنی کرانے والا، بھاگنے والا جمع نَوَائِر —
نائزہ (نا-اِ-زَہ) ٹونٹی، نلکی، مرد کا عضوِ تناسل —
نائل (نا-اِل) پہونچنے والا، پانیوالا —
نائم (نا-اِم) سونے والا جمع نِیَام —
نائیدن (نا-اِی-دَن) فخر کرنا، ڈینگ مارنا —
نائی (نا ئی) بانسری، نلکی، گلا، کوچہ —
نایاب (نا-یاب) جو پایا جاوے —
نایابی (نا-یا-بی) پایا نہ جانا —
نبا (نَبا) خبر جمع انبا (اَم-بَاء)
نبات (نَبات) گھاس، ہر قسم کا سبزہ و درخت، قند، مٹھائی، مصری جمع نَوَابِت —
نباتی (نَبا-تی) منسوب بہ نبات، سبزی والی چیز —
نباح (نُبَاح) کتے کے رونے کی آواز —
نباش (نَبْ-باش) کفن چور، کفن کھسوٹ —
نباض (نَبْ-باض) نبض دیکھنے والا، طبیب —
نبالت (نَبا-لَت) بزرگی —
نباہت (نَبا-ہَت) بزرگواری، آگاہی، شان، شہرت، چمک، عزت —
نبت (نَبْ-ت) گھاس، روئیدگی، لگاوٹ —
نبحر (نَبْ-حَر) دیا سلائی، کبریت —
نبذ (نَبْذ) تھوڑا، بچا کچا، ٹکڑا جمع اَنْبَاذ —
نبذہ (نَبْ-ذَہ) کسی چیز کا کنارہ، زمین کا گوشہ —
نبر (نَبْر) ڈھیر جمع اَنْبَار (نَبْ-ر) بلند کرنا، باجے کے سُر کو اونچا اٹھانا، حرف کو ہمزہ کرنا —
نبراس (نِبْ-رَاس) چراغ —
نبرد (نَبَرْد) لڑائی، جنگ —
نبردگاہ (نَبَرْد-گاہ) میدان جنگ —
نبردہ (نَبَرْ-دَہ) دلاور، بہادر —
نبش (نَبْش) قبر کھود کر کفن چرانا —
نبشت (نَبِشْت) دیکھو نوشت —
نبشتن (نَبِش-تَن) دیکھو نوشتن —
نبشتہ (نَبِشْ-تہ) دیکھو نوشتہ —
نبض (نَبْض) کلائی کی رگ کی حرکت، نس کا پھڑکنا —
نبع (نَبْع) چشمہ سے پانی پھوٹنا —
نبق (نَبِق، نَبْق) کنار، بیر جو ایک پھل ہے —
نبل (نَبْل) تیر، آگاہی جمع اَنْبَال (نُبَل) بزرگ، بڑا، خرد، چھوٹا —
نبلہ (نَبْ-لَہ) استنجے کا ڈھیلا —
نبوت (نُبُوْ-وَت) پیغمبری، خبر رسانی —
نبوع (نُبُوع) دیکھو نبع —
نبوی (نَبَوِی) منسوب بہ نبی، نبی والی چیز —
نبیرہ (نَبِیرہ) نبیرت یافتہ (نَبِیرَہ) نواسا، سبط —
نبی (نَبِی) خبر دینے والا، پیغمبر خدا جمع اَنْبِیَاء (نُبِی) کلام الہی، مصحف، قرآن شریف —
نبیدہ (نَبِیدہ) دیکھو نبیذ (نَبِید) دیکھو نوید —
نبیذ (نَبِیذ) بوزہ، جو یا کھجور کی شراب —
نبیرہ (نَبِی-رَہ) پوتا، پوتی، نواسا، نواسی جمع نَبَائِر —
نبیسہ (نَبِی-سَہ) نواسا، نواسی، پوتا، پوتی —
نبیل، نبیلہ (نَبِیل، نَبِی-لَہ) خوبصورت، بزرگ، عقلمند، موٹا جمع نَبَائِل —
نبیہ (نَبِیہ) آگاہ، خبردار، آگاہی دینے والا —
نتاج (نِتَاج) زادہ، پیدا، جنا ہوا —
نتاس (نِتَاس) خوش و خرم، خوش حال —
نتاسیدن (نِتا-سِی-دَن) اقرا غبالی سے لیٹرنا —
نتائج (نَتا-اِج) نتیجہ کی جمع —
نتش (نَتْش) کانٹا نکالنا —
نتف (نَتْف) نوچنا، اکھیڑنا، کھسوٹنا —
نتن (نَتْن) بدبو، سڑاند —
نتو (نُتُو) بلندی، ہر چیز کا ابھار —
نتیجہ (نَتِی-جَہ) حاصل مطلب، غرض، باہر لایا ہوا، تراشا

ہوا جمع نتائج۔

نتین (نَتِین) بدبودار چیز۔

نث (نَثّ) فاش کرنا، پھیلانا۔

نثا (نَثَا) خبر۔

نثار (نِثَار) نچھاور، بکھیر (نُثَار) وہ چیز جو نچھاور کی جاوے۔

نثر (نَثْر) وہ کلام جو نظم میں نہ ہو، بکھری ہوئی چیز، بکھیرنا، چھٹکانا۔

نثرہ (نَثْ۔ رَہ) برج اسد کے دو تارے، چوپائے کی چھینک۔

نجابت (نَجَا۔ بَتْ) شرافت، اصالت، بزرگواری۔

نجات (نَجَاتْ) چھٹکارہ، رستگاری، رہائی۔

نجاح (نَجَاحْ) حاجت روائی، چھٹکارہ، فتحمندی۔

نجاد (نِجَادْ) تلوار کا پرتلہ۔

نجار (نَج۔ جَارْ) بڑھئی (نِجَارْ) اصل، حسب، رنگ۔

نجارت (نِجَا۔ رَتْ) بڑھئی کا پیشہ، رودگری۔

نجارہ (نُجَا۔ رَہْ) لکڑی کی چھیلن۔

نجاری (نَج۔ جَا۔ رِی) بڑھئی کا پیشہ۔

نجاست (نَجَا۔ سَتْ) پلیدی۔

نجاشی (نَجَا۔ شِی) بادشاہ حبشہ کا لقب تھا۔

نجاف (نِجَافْ) چوکھٹ۔

نجح (نُجْحْ) دیکھو نجاح۔

نجد (نَجْدْ) اونچی زمین، نام ملک (مشرقی عرب)

نجدت (نَجْ۔ دَتْ) بہادری، دلیری۔

نجران (نَج۔ رَانْ) چول۔

نجس (نَجِسْ) ناپاک جمع انجاس (نَجَسْ) ناپاک ہونا۔

نجش (نَجْشْ) دلال۔

نجفت (نَجَفَتْ) وہ اونچی جگہ جہاں تک پانی نہیں پہونچتا، نام شہر (عراق)

نجک (نَجَکْ) زین میں باندھنے کا ایک ہتھیار۔

نجل (نَجْلْ) نسل، بیٹا۔

نجم (نَجْمْ) ستارہ، بیل دار پیڑ جمع انجُم، نُجُوم، اَنْجَم، اَنْجَام، تھوڑا تھوڑا ادا کرنا۔

نجوم (نُجُومْ) نجم کی جمع، جوتش، تاروں سے فرضی پیشگوئی کرنے کا علم۔

نجومی (نُجُو۔ مِی) نجوم جاننے والا، جوتشی۔

نجوی (نَج۔ وَا) راز، کانا پھوسی۔

نجی (نَجِی) ہمراز، بھیدی۔

نجیب (نَجِیبْ) شریف، اصیل جمع نُجَبَاء، نُجُب، اَنْجَاب۔

نجید (نَجِیدْ) بہادر، دکھیارا۔

نجیہ (نَجِی۔ یَہ) ہمراز عورت۔

نچاق، نچاک (نِچَاق، نِچَاکْ) دیکھو نچک۔

نحاس (نُحَاسْ) تانبا، پیتل، دھواں (نِحَاسْ) سرشت، اصل، طبیعت (نَحْ۔ حَاسْ) کسیرا، ٹھٹھیرا۔

نحاس احمر (نُحَاسْ۔ اَحْ۔ مَرْ) تانبا۔

نحاس اصفر (نُحَاسْ اَصْ۔ فَرْ) پیتل۔

نحافت (نَحَا۔ فَتْ) دبلاپن، کمزوری۔

نحالہ (نُحَا۔ لَہ) بھوسی۔

نحام (نُحَامْ) سرخاب، چکوا۔

نحامہ (نُحَا۔ مَہ) سرخاب کی مادہ، چکوی۔

نحت (نَحْتْ) چھیلنا، گھڑنا۔

نحر (نَحْرْ) سینہ پر زخم مارنا، اونٹ کی قربانی کرنا۔

نحریر (نِحْ۔ رِیرْ) عقلمند، عالم ماہر جمع نحاریر۔

نحز (نَحْزْ) دھکا دینا، ڈھکیلنا۔

نحس (نَحْسْ) نامبارک جمع نحوس۔

نحل (نَحْلْ) شہد کی مکھی (نُحْلْ) عطیہ، بخشش (نِحْلْ) عورت کا مہر، مہر باندھنا، نحل، نحلت کی جمع۔

نحلت (نِحْ۔ لَتْ) مذہب باطل، قرض حسنہ، بخشش بے عوض، عورت۔ مہر کی ادائیگی جمع نِحَل۔

نحلہ (نُحْ۔ لَہ) بخشش، عطا، صدقہ (نَحْ۔ لَہ) شہد کی ایک مکھی (نِحْ۔ لَہ) مہر کی ادائیگی۔

نخمہ (نَخ۔ مَہ) کنکھار، منٹھار۔
نحن (نَح۔ نُ) ہم لوگ۔
نحو (نَح و) طرف، راہ، مانند، ارادہ، اسلوب، نام علم
قواعد زبان جمع انحاؔ۔
نحوست (نُحُو۔ سَت) نامبارکی، بدبختی۔
نحول (نُحُول) دبلاپن، گھلنا۔
نحوی (نَح۔ وِی) نحو جاننے والا جمع نُحات۔
نحی (نَح ی) بکرے کی کھال کی مشک۔
نحیب (نَحِیب) رونے کی آواز، چلاکر رونا۔
نحیف (نَحِیف) دبلا، کمزور، نڈھال جمع نِحاف۔
نخ (نَخ) فوج کی قطار، ٹاٹ، کملی، دھاگا، ڈورا۔
نخاس (نَخ۔ خاس) غلاموں یا چوپایوں کی خرید
وفروخت کا بازار۔
نخاع (نَخاع، نُخاع) حرام مغز۔
نخاعہ (نُخا۔ عَہ) بلغم جو گلے سے نکلے۔
نخالہ (نُخا۔ لَہ) بھوسی، چوکر۔
نخبہ (نَخ۔ بَہ) منتخب، چیندہ، کاٹا ہوا جمع نُخَب۔
نخچیر (نَخ۔ چیر) شکارگاہ، شکار۔
نخس (نَخ۔ س) کوچنا، چبھونا، کھبونا۔
نخست، نخستین (نُخُس۔ ت، نُخُس۔ تِین)
پہلا، اوّل۔
نخشب (نَخ۔ شَب) ترکستان کی ایک قدیم بستی۔
نخع (نَخ ع) ریںٹ، ناک کی ریزش۔
نخل (نَخ۔ ل) پیڑ، پودھا جمع اَنْخَال، نَخِیل۔
نخلہ (نَخ۔ لَہ) کھجور کا ایک پیڑ، ایک پیڑ۔
نخوت (نَخ۔ وَت) بزرگی، غرور، گھمنڈ۔
نخود (نُخُود) چنا۔
نخیر (نَخِیر) ناک کی آواز (نَخِیر) کمینہ، نفرا، بیج لیو
کر پودھ تیار کرنے کی کیاری۔
نخیل (نَخِیل) ایک پیڑ، بہت سے پیڑ۔
ند (نِد) مانند، ہمتا، نظیر۔

ندا (نِدا) آواز، پکار (نَدا) دیکھو ندی۔
نداف (نَدّاف) دھنا۔
ندامت (نَدا۔ مَت) شرمندگی، پشیمانی۔
نداوت (نَدا۔ وَت) تری، نمی۔
ندب (نَدب) بین، نوحہ، شیون (نَدَب) زخم کا
نشان، جوا، شرط۔
ندبہ (نُد۔ بَہ) بین، نوحہ، شیون، کام کیلئے بلانا۔
ندح (نَدح) چوڑائی، پہنائی، متسع۔
ندرت (نُد۔ رَت) انوکھاپن، تنہائی، کمی۔
ندف (نَدف) دھنکنا، دھننا۔
ندم (نَدَم) پشیمانی۔
ندمان (نَد۔ مان) پشیمان جمع نَدامیٰ، نُدَماء
ندوہ (نَد۔ وَہ) مجلس، جمع ہونیکی جگہ، سیل، نمی۔
ندی (نَدِیّ) تری، سیل، اوس۔
ندید (نَدِید) ہمتا، نظیر، مانند۔
ندیر (نَدِیر) نادر، انوکھا۔
ندیف (نَدِیف) دھنکی ہوئی روئی۔
ندیم (نَدِیم) یار، ہمنشین، مصاحب لوگ جمع
نُدَماء، نِدام، نَدامیٰ۔
نذارت (نَذا۔ رَت) خوف، ڈر۔
نذر (نَذ ر) عہد، پیمان، منت جمع نُذُور (نَذِر)
حیران، خوف زدہ (نُذُر) خوف، ڈر۔
نذرانہ (نَذ۔ رَا۔ نَہ) نذر کے لائق، بھینٹ۔
نذیر (نَذِیر) دھمکی، ڈرانے والا جمع نُذُر۔
نر (نَر) مذکر، مادہ کی ضد۔
نرا (نَرا) اوٹا، پردے کی دیوار۔
نرجس (نَر۔ جِس) دیکھو نرگس۔
نرخ (نِر خ) بھاؤ، سعر۔
نرد (نَر د) چوسر، بازی کھیلنے کی گوٹ، پیڑ کا تنہ۔
نردبان (نَرد۔ بان) سیڑھی، زینہ۔
نردک (نَر۔ دَک) نرد کا اسم تصغیر۔

نرغہ (نَرْ-غَہْ) گھراؤ، گھیرے میں لینا۔
نرگس (نَرْ-گِسْ) ایک پیلا پھول مثل آنکھ۔
نرگستان (نَرْ-گِسْ-تانْ) نرگس کی کیاری۔
نرگس شہلا (نَرْ-گِسْ-شَہْ-لا) سیاہی مائل پھول والی نرگس۔
نرگسی (نَرْ-گِسِی) منسوب بہ نرگس، ایک کھانا۔
نرم (نَرْم) ملائم، گُدگُدا۔
نرم آہنی (نَرْم-آ-ہَنِی) عاجزی۔
نرم گردن (نَرْم-گَرْ-دَنْ) تابعدار۔
نرمۂ گوش (نَرْ-مَۂ-گوشْ) کان کی لو۔
نرمی (نَرْ-مِی) ملائمت، گُدگُدا پن۔
نروج (نَرْوِجْ) ناروے (شمالی یورپ)
نرہ (نَرْ-رَہْ، نَرَہْ) ٹہنی، عضوِ تناسل، خراب۔
نرہ دیو (نَرْ-رَہْ-دِیُو) دیو نر، بدصورت۔
نری (نَرِی) بکری بھیڑ وغیرہ کا چمڑا۔
نریان (نَرْ-یانْ) نرگھوڑا۔
نرینہ (نَرِی-نَہْ) نر، مذکر، نر سے منسوب۔
نز (نَزّ) چیز آدی، زمین کہ جہاں سے پانی رستا رہے مگر جاری نہ ہووے، ایسے ٹھکانہ شتر مرغ۔
نزا (نَزا) نر کا مادین پر چڑھنا۔
نزاد، نزادہ (نَژاد، نَژا-دَہْ) دیکھو نژاد۔
نزار (نَزارْ) دبلا پتلا، کنگال، مفلس۔
نزاری (نَزا-رِی) دبلا پن۔
نزاع (نِزاعْ) جھگڑا، کھینچ تان۔
نزاکت (نَزا-کَتْ) نازکی۔
نزاہت (نَزا-ہَتْ) پاکی۔
نزد، نزدیک (نَزْدْ، نَزْ-دِیکْ) پاس، قریب۔
نزدیکی (نَزْ-دِی-کِی) قربت۔
نزر (نَزْر) تھوڑا۔
نزع (نَزْعْ) جان کنی، اکھیڑنا۔
نزف (نَزْفْ) کنویں کا تمام پانی کھینچ ڈالنا۔

نزل (نُزُلْ) ہوٹل، دعوت و مہمانی جمع اَنْزالْ۔
نزلہ (نَزْ-لَہْ) نام مرض۔
نزم (نَزْم) دیکھو نژم۔
نزول (نُزُولْ) اُتار، پڑاؤ۔
نزہ (نَزِہْ) عیب سے پاک، تازہ، خوب۔
نزہت (نُزْ-ہَتْ) تماشا، پاکیزگی، بے عیبی، خوبی۔
نزیدن (نَزِی-دَنْ) باہر کھینچنا، باہر نکالنا۔
نزیف (نَزِیفْ) مست، بخار کا مارا ہوا، پیاس کے مارے جس کی زبان پر کانٹے پڑ گئے ہوں، جس کے خون بہت نکلا ہو۔
نزیل (نَزِیلْ) مہمان، مسافر، پردیسی جو ہوٹل وغیرہ میں اُترے۔
نژاد (نِژادْ) اصل، نسب۔
نژادہ (نِژا-دَہْ) اصیل، شریف۔
نژخار (نَژْ-خارْ) بانگ، فریاد، نعرہ۔
نژم (نَژْم) کہرا یعنی جاڑے کے موسم میں زمین کی بخارات۔
نژند (نَژَنْدْ) غمگین، اوندھا، سر پھرا، خفا۔
نژیدن (نَژِی-دَنْ) کھینچنا۔
نس (نَسْ) رگ، پٹھا، (نُسْ) منہ کا دہانہ، ہونٹوں کے اطراف، ناک اور اوپر کے ہونٹھ کا بیچ۔
نسا (نُسا) دیکھو نسواں، عورتیں (نَسا) نام رگ جو چوتڑ سے ایڑی تک ہے۔
نساج (نَسّاجْ) جولاہا۔
نسافہ (نُسا-فَہْ) پھٹکن۔
نسب (نَسَبْ) نسل، خاندان جمع اَنْسابْ۔
نسبت (نِسْ-بَتْ) لگاؤ، مناسب، علاقہ جمع نِسَبْ۔
نستر، نسترون، نسترن (نَسْ-تَرْ، نَسْ-تَرْ-وَنْ، نَسْ-تَرَنْ) سیوتی۔
نستعلیق (نَسْ-تَعْ-لِیقْ) زبان اُردو کا مروج خط جو نسخ اور تعلیق دونوں خطوں کو ملا کر بنایا گیا ہے۔

نستعلیق گو (نستعلیق گو) شستگی سے بات چیت کرنیوالا۔
نستوہ (نَ۔ تُوہ) لڑاک، اجڈ، بدفعل، درشت۔
نسج (نَس ج) بنائی کا کام۔
نسخ (نَس خ) نام رسم الخط، مٹانا، رد کرنا، نقل کرنا، لکھنا۔
نسخہ (نُس۔ خَہ) نوشتہ، لکھی ہوئی چیز، علاج کی دوائیں لکھا ہوا پرچہ جمع نُسَخ۔
نسر (نَس ر) گدھ، نام بت۔
نسر طائر (نَس ر۔ طا۔ اِر) نام ستارہ۔
نسر واقع (نَس ر۔ وا۔ قِع) نام ستارہ۔
نسرین (نَس۔ رِین) سیوتی، نسترن (نَس۔ تَرَن) نسر طائر اور نسر واقع دونوں تارے۔
نسطو، نسطور (نَس۔ طُو، نَس۔ طُور) آتش پرستوں کا پیشوا
نسطوری (نَس۔ طُو۔ رِی) آتش پرستی، منسوب بہ نسطور
نسق (نَسَق، نَس ق) رونق، قاعدہ، قانون، ترتیب۔
نسق بند، نسقچی (نَسَق۔ بَن د، نَسَق۔ چی) انتظام کرنے والا، جلاد۔
نسک (نَس ک) مسور، عدس، دھونا، پاک کرنا (نُس ک) قربانی، عبادت
نسل (نَس ل) اولاد، کنبہ، پر جھاڑنا یا گرنا۔
نسلاً بعد نسل (نَس۔ لَن۔ بَع د۔ نَس ل) پیڑھی کے بعد پیڑھی، پشت در پشت۔
نسم، نسمہ (نَسَم، نَسَمَہ) آدمی، نفس۔
نسناس (نَس۔ نَاس) وحشی، بن مانس۔
نسو (نَسُو) نرم، ہموار۔
نسوال (نِس۔ وَال) امرات کی جمع، عورتیں۔
نسوانی (نِس۔ وا۔ نِی) منسوب بہ نسوان، زنانی
نسوت (نِس۔ وَت) امرات کی جمع، عورتیں۔
نسلت، نسئہ (نَس۔ اَت، نِس۔ اَہ) دیکھو نسیہ۔
نسی (نَس ی) بھولی ہوئی چیز (نَسِی) بھلکڑ، فراموش کار، عرق النسا کا بیماری (نَسَا) دیکھو نسا۔

نسیان (نِس۔ یان، بھول (نَس۔ یان) بھولا، فراموش کار۔
نسیاً منسیا (نَس۔ یَم۔ مَن۔ سِی۔ یا) بھولا بسرا۔
نسیب (نَسِیب) عالی نسب آدمی۔
نسیج، نسیجہ (نَسِیج، نَسی۔ جَہ) بنا ہوا کپڑا جمع نَسَائج۔
نسیدن (نَسی۔ دَن) رکھنا، چھوڑنا۔
نسیق (نَسِیق) آراستہ کیا ہوا، ترتیب دیا ہوا۔
نسیکہ (نَسی۔ کَہ) قربانی جمع نَسَائک، نُسُک۔
نسیم (نَسِیم) ہلکی خوشگوار ہوا، خوشبودار چیز جمع نَسَائم۔
نسیہ (نَس۔ یَہ) ادھار، بھول (نَس۔ یَہ) مہلت۔
نش (نَش) ۱۔ سایہ، چھاؤں، سائے کی جگہ
۲۔ نام وزن جو بیس درم کی برابر ہے۔
نشا (نَشا) نشاۃ (نَش۔ ءَ) دنیا، جہان، نیا پیدا ہونا۔
نشاب (نُش۔ شَاب) تیر۔
نشات الثانیہ (نَش۔ اَتُث۔ ثا۔ نِیہ) دوبارہ زندگی، دوبارہ پیدا ہونا۔
نشاتین (نَش۔ اَتَین) دنیا و آخرت۔
نشاختن، نشاخیدن (نَشَاخ۔ تَن، نِشا۔ خی۔ دَن) یقین کرنا، بٹھلانا۔
نشاد (نَشَاد) قسم دلانا، حلف دینا۔
نشارہ (نُشا۔ رَہ) لکڑی وغیرہ کا برادہ۔
نشاستج (نَشاس۔ تَج، نَشا۔ سَتَج) نشاستہ۔
نشاستن (نَشاس۔ تَن) بٹھلانا، رکھنا۔
نشاستہ (نَشاس۔ تَہ) بٹھلایا ہوا، رکھا ہوا۔
نشاط (نَشَاط) خوشی، شادمانی، امنگ (نِشَاط) نشیط کی جمع۔
نشاف (نَش۔ شَاف) جاذب، جذب کرنیوالا، اپنے اندر کھینچ لینے والا، بلاٹنگ پیپر۔
نشان (نِشَان) علم، جھنڈا، تمغہ، فرمان شاہی۔
نشانچی (نِشان۔ چی) جو نشانہ لگاوے۔

نشاندن، نشانستن (نِشان۔دَن، نِشا۔نِس۔تَن) بٹھلانا، رکھنا۔
نشانہ (نِشا۔نَہ) جگہ گولی مارنے کی۔
نشانی (نِشا۔نِی) پہچان، یادگاری کی علامت۔
نشایدن (نِشا۔یِی۔دَن) بٹھلانا۔
نشب (نَش۔ب) مال و دولت، زمین۔
نشتر (نِش۔تَر) جراح کا اوزار۔
نشترکدہ (نِش۔تَر۔کَدہ) نشتر کا گھر۔
نشتن (نِش۔تَن) نشستن کا مخفف۔
نشخار، نشخوار (نُش۔خار، نُش۔خوار) جگالی۔
نشدت (نِش۔دَت) کھوئی ہوئی چیز ڈھونڈھنا۔
نشر (نَش۔ر) خوشبو، زندگی، خبر پھیلانا (نَشَر) پریشان، پراگندہ۔
نشر الشعر (نَش۔رُش۔شَع۔ر) بال بکھیرنا۔
نشر الصوت (نَش۔رُص۔صَوت) آواز پھیلانا۔
نشرہ (نَش۔رَہ) ختم قرآن کی شادی (نُش۔رَہ) تعویذ، جادو، منتر۔
نشز (نَش۔ز، نَشَز) اونچی جگہ، بلندی ڈھونڈھنا۔
نشست (نِشَس۔ت) بیٹھک۔
نشستن (نِشَس۔تَن) بیٹھنا مضع نشیند۔
نشستنی (نِشَس۔تَنی) بیٹھنے کے لائق۔
نشستہ (نِشَس۔تَہ) بیٹھا ہوا۔
نشف (نَشَف، نَش۔ف) ہر تلی چیز جذب کرنا (نِش۔ف) کھوپڑی، لکڑی کا پیالہ۔
نشفہ (نَش۔فَہ) جھانواں، سنگ پا۔
نشق (نَشَق) بو، باس (نَشِق) جس سے چھٹکارہ ممکن نہ ہو (نَش۔ق) دوڑنا، ہرن کا جال میں پھنسنا۔
نشکنج (نِش۔کَن۔ج) چیونٹا، چٹکی۔
نشکنجیدن (نِش۔کُن۔جی۔دَن) چیونٹا لینا، چٹکی لینا۔
نشکنجیدہ (نِش۔کُن۔جی۔دَہ) چیونٹا لیا ہوا۔
نشکردہ (نِش۔گَر۔دَہ) راہبی۔

نشلیدن (نِش۔لِی۔دَن) چٹکی لینا، چیونٹا لینا۔
نشمردہ (نِشمُر۔دَہ) بلا گنا ہوا۔
نشو (نَش۔و) بڑھوار، اُگاوٹ۔
نشوار (نِش۔وار) جگالی۔
نشوان (نَش۔وان) مست، مستی۔
نشوت (نَش۔وَت) خبر معلوم کرنا، بو پانا (نَش۔وَت) ظاہر ہونا، مست ہونا۔
نشور (نُشُور) روز قیامت، زندہ ہونا۔
نشوز (نُشُوز) بیوی کا اپنے شوہر سے بگاڑ کرنا۔
نشوق (نَشُوق) اُہلاس، ناک میں استعمال کی دوا۔
نشو و نما (نَش۔و۔نَما) بڑھوار، بالیدگی۔
نشہ (نَش۔شَہ، نَشَہ) نشلی چیز پینے یا کھانے کے بعد کی مستی اور کیفیت جس سے بیہوشی از خود رفتگی طاری ہو۔
نشیان (نَشی۔یان) خبر لینے والا۔
نشیب (نِشیب) ڈھلان، پست زمین۔
نشیج (نَشِیج) ہچکی لگنا۔
نشید (نَشِید) شعر پڑھنا، آواز بلند کرنا (نَشِید) گانے بجانے کی آواز۔
نشیدن (نِشی۔دَن) نشاندن کا مخفف۔
نشیط (نَشِیط) خوش و خرم جمع نشاط۔
نشیم، نشیمن (نِشے۔م، نِشے۔مَن) گھونسلا، آرام گاہ۔
نشین، نشینندہ (نِشِین، نِشی۔نَن۔دَہ) بیٹھنے والا۔
نص (نَص) ہر صاف اور ظاہر بات، قرآن شریف کی صاف معنی کی آیت جمع نصوص۔
نصاب (نِصَاب) سرمایہ، مال، پونجی، دستہ، مال کی اتنی مقدار کہ جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔
نصاب تعلیم (نِصَا۔بِ۔تَع۔لِیم) پڑھائی کا لائحہ، کتابیں جو کسی مقصد کیلئے نامزد کی گئی ہوں۔
نصاحت (نَصَا۔حَت) نصیحت کرنا۔
نصاری (نَصَا۔رَا) نصران کی جمع۔

نصاف، نصافہ (نِصَا-فَہ) خدمت کرنا۔
نصائح (نَصَا-ئِح) نصیحت کی جمع —
نصب (نَصَبْ، نُصُبْ، نُصُبْ) وہ چیز جو قائم کی جاوے، بت، مورتی جمع انصاب
(نَصْ-ب، حرکت زبر دیر) برپا کرنا، نصب لگانا۔
نصب العین (نَصْ-بُل-عَیْن) منظور خاطر، مدنظر، آنکھ کے مقابل —
نصر (نَصْ-ر) مددگار جمع انصار، مدد، مدد کرنا، (نُصُر) ناصر کی جمع —
نصران (نَصْ-رَان) ملک شام میں عیسائیوں کی ایک قدیم بستی، نصرانی کی جمع۔
نصرانی (نَصْ-رَا-نِی) نصران کا رہنے والا، عیسائی جمع نصران جمع جمع نصاریٰ —
نصرانیت (نَصْ-رَا-نِیْ-یَت) عیسائی پن، عیسائی مذہب
نصرت (نُصْ-رَتْ) فتحمندی، امداد —
نصف (نِصْ-ف) آدھا، ادھیائی جمع انصاف۔
نصفا نصف (نِصْ-فَا-نِصْ-ف) آدھوں آدھ۔
نصف النہار (نِصْ-فُنْ-نَہَار) دوپہر —
نصفت (نَصَفَتْ) داد، انصاف، نیاؤ —
نصل (نَصْ-ل) تیر کا پیکان، نیزے کا پھل جمع نِصَال، نُصُول، اَنْصُل —
نصوح (نَصُوح) صاف، خالص، وہ سچی توبہ کہ جس کو پھر کبھی نہ توڑا جاوے —
نصیب (نَصِیب) بہرہ، حصہ، دانا پانی جمع انصبہ، انصبا —
نصیبہ (نَصِی-بَہ) قسمت، حصہ جمع نصائب۔
نصیح (نَصِیح) نصیحت کرنے والا جمع نُصَحا،
نصیحت (نَصِی-حَتْ) پند، بھلی بات جمع نصائح
نصیر (نَصِیر) مددگار —
نصیری (نَصِی-رِی) حضرت علی کرم کو خدا ماننے والا۔
نصیف (نَصِیف) آدھی چیز، چادر، خادم —

نضار (نُضَار) سونا، زر، ہر خالص چیز —
نضارت (نَضَا-رَتْ) تازگی، آبداری —
نضج (نَضْ-ج) پھل یا زخم یا مادہ یا خلط کا پکنا۔
نضّاخ (نَضّاخ) حوض جمع انضاخ (نَضْ-خ) پانی کھینچنا۔
نضر (نَضَر) خالص چیز (نَضْ-ر) زر، ترو تازگی۔
نضرت (نَضْ-رَتْ) تازگی —
نضو (نَضْ-و) کپڑے اتارنا —
نضیج (نَضِیج) میوہ یا مادہ پکا ہوا —
نضیج الرای (نَضِی-جُر-رَائی) جس کی رائے پختہ ہو۔
نضیر (نَضِیر) تازہ، آبدار، زر —
نطاسی (نِطَا-سِی) طبیب، بیدِشک —
نطاق (نِطَاق) پیٹی، کمربند، پٹکا جمع نُطُق —
نطع (نَطْع، نِطَ-ع) بساط، چمڑے کا بچھونا، ادھوڑی جمع نُطُوع —
نطعی (نِطْ-عِی) چمڑے کی جانگیا۔
نطفہ (نُطْ-فَہ) صاف پانی، مرد کا وہ مادہ جس سے عورت حاملہ ہوتی ہے جمع نُطَف، نُطُف، نِطَاف (نُطْ-فَہ) گوشوارہ، بُندا، مرکی —
نطق (نُطْ-ق) بات، گویائی، ایڈریس، سپاسنامہ۔
نطق ہمایونی (نُطْ-قِ-ہُمَا-یُو-نِی) برکت والی بات، بڑے آدمیوں کی بات —
نطو (نَطْ-و) دوری، دور ہونا —
نطوح (نَطُوح) مرکھنا، مرکھنا جانور۔
نطول (نَطُول) دھارنے کا پانی جس میں دوائیں جوش دی گئی ہوں —
نظارت (نِظَا-رَتْ) سررشتہ، محکمہ، نگرانی، نگہداری، نگہبانی —
نظارگی (نَظَّا-رَ-گِی) نظربازی، تماشائی —
نظارہ (نَظَا-رَہ، نَظْ-ظَا-رَہ) دیکھ بھال، عینک، دوربین، تماشا۔
نظافت (نَظَا-فَتْ) پاکیزگی —

نظام (نِظَام) فوج، لشکر، سلسلہ، ترتیب، پارٹی، یونین، رسم، عادت، بندوبست، لڑی جمع اَنْظِمَہ، اَنَاظِیْم، نُظُم، (نُظّام) ناظم کی جمع۔
نظام الملک (نِظَا۔مُل۔مُلْک) لقب اعلیحضرت نواب حیدرآباد دکن۔
نظامیہ (نِظَا۔مِیْ۔یَہ) بغداد کی ایک قدیم تاریخی یونیورسٹی، جنگی فوج۔
نظر (نَظَر) نگاہ، چتون، سوچ، تامل جمع اَنْظَار۔
نظران (نَظَرَان) درشن، دید، دیکھنا۔
نظر انداز (نَظَر۔اَن۔دَاز) نگاہ سے ڈالا ہوا۔
نظرباز (نَظَر۔بَاز) نگہبان، تماشائی۔
نظربند (نَظَر۔بَنْد) جس کی طرف نگرانی کی جاتی ہو۔
نظربندی (نَظَر۔بَن۔دِی) نگرانی۔
نظرتنگ (نَظَر۔تَنگ) کنجوس۔
نظرثانی (نَظَر۔ثَا۔نِی) دوسری بار دیکھ بھال۔
نظر غلط انداز (نَظَر۔غَلَط۔اَن۔دَاز) چرائی ہوئی نگاہ۔
نظری (نَظَرِی) وہ چیز جس کا تعلق نظر سے ہو۔
نظم (نَظْم) موزوں کلام، لڑی، ترتیب، آرائش۔
نظم و نسق (نَظْ۔مُو۔نَسْق) آراستگی اور ترتیب۔
نظیر (نَظِیْر) مانند، مثل جمع نَظَائِر۔
نظیرت (نَظِی۔رَت) سردار قوم جمع نُظَرَاء۔
نظیف (نَظِیْف) حلال، پاک۔
نعاب (نَع۔عَاب) کوے کا بچہ۔
نعاس (نُعَاس) نیند، کچی نیند۔
نعال (نِع۔عَال) نعلین (نِعَال) نعل کی جمع۔
نعامہ (نَعَا۔مَہ) شترمرغ، جو کچھ پاؤں تلے ہو، بیابان جمع نَعَائِم۔
نعبان (نَعَبَان) کوے یا مرغ کا بولنا۔
نعت (نَع۔ت) تعریف، صفت، سردار دو عالم کی منقبت جمع نُعُوت۔
نعثل (نَع۔ثَل) لکڑ بھگا، بھنڈار۔
نعج (نَع۔ج) خالص سفیدی۔
نعجہ (نَع۔جَہ) بھیڑ، بھیڑی جمع نِعَاج۔
نعرہ (نَع۔رَہ) زور کی آواز، للکار۔
نعس (نَع۔س) غنودگی، اونگھ۔
نعش (نَع۔ش) لوتھ، مردہ لاش، تخت۔
نعل (نَع۔ل) جوتی، جوتا جمع نِعَال۔
نعلبند (نَع۔ل۔بَن۔د) نعل باندھنے والا۔
نعل بہا (نَع۔ل۔بَہَا) خراج جو کمزور حکومت طاقتور کو ادا کرے۔
نعل در آتش (نَع۔ل۔دَر۔آ۔تَش) بے قرار، اضطراب، بے قراری۔
نعلین (نَع۔لَین) جوتے کا جوڑا، دو جوتیاں۔
نعلین چوبین (نَع۔لَی۔نِ چُو۔بِین) کھڑاؤں۔
نعم (نَعَم) چوپایہ جمع اَنْعَام، نُعْمَان کلمۂ ایجاب ٹھیک، جی ہاں (نَع۔م) تازگی، نرمی، خوبی (نِعَم) نعمت کی جمع (نِع۔م) نیک، اچھا۔
نعما (نَع۔مَا) نعمتیں، نعمت۔
نعم البدل (نِع۔مُل۔بَدَل) اچھا بدلا، نیک عوض۔
نعمت (نِع۔مَت) ناز، آسائش، روزی، مال، نیکی، بخشش، پہونچ جمع مَنَاعِم، نِعَم، اَنْعُم، نِعْمَات۔
نعناع، نعنع (نَع۔نَاع، نَع۔نَع) پودینہ۔
نعومت (نُعُو۔مَت) نازکی، نرمی۔
نعی (نَعِی) منادی، خبر مرگ (نَعْی) دیکھو ناعی۔
نعیب، نعیق (نَعِیْب، نَعِیْق) کوے کی آواز، کائیں کائیں۔
نعیم (نَعِیْم) بہشت، نعمت، نیکی، دسترس، مال، ناز، نازکی، انعام کیا ہوا۔
نغروج (نُغ۔رُو۔ج) بلن۔
نغز (نَغ۔ز) انوکھا، نادر، اچھا، پہیلی، چیستاں۔
نغزک (نَغ۔زَک) اچھی چیز، اچھا مقبول کلام۔

نغض (نَغْ ۔ ض) سر ہلنا، سر ہلانا۔
نغل (نَغِل) ۱۔ رات کو جنگل میں چوپایوں کے رہنے کی جگہ ۲۔ حرامی، بدنسل، کینہ ور بیا۔
نغمہ (نَغْ ۔ مَہ) سریلی آواز، راگ جمع نغم، نغمات۔
نغنویدن (نَغْ ۔ نُوِی ۔ دَن) چوکنا رہنا، ہشیار رہنا۔
نغنغہ (نَغْ ۔ نَغَہ) نغمہ۔
نغوشاکیدن (نَغُو ۔ شَا ۔ کِی ۔ دَن) مذہب تبدیل کرنا۔
نغول (نَغُول، نَغُول) وہ جگہ جو جنگل میں چوپایوں کے بسیرا لینے کو بنائی جاوے (نَغُول) گہرا، دور، تمام، کامل (نُغُول) سیڑھی، زینہ۔
نغولہ (نَغُو ۔ لَہ) بالوں کا جوڑا، سر کے بالوں کا گچھا، زلف۔
نفاخ (نَف ۔ فَاخ) پھلانے والی۔
نفاخات (نُف ۔ فَا ۔ خَات) بلبلا۔
نفاد (نَفَاد) گئی گذری چیز، بسڑ جانا۔
نفاذ (نَفَاذ) اجرا، جاری ہونا۔
نفاس (نِفَاس) مناقشہ، خون ولادت، زچہ کا چلہ۔
نفاست (نَفَا ۔ سَت) اچھائی، خوبی، لطافت۔
نفاض (نُفَاض) جھڑن، جھڑی ہوئی چیز۔
نفاط (نَفَاط) مٹی کا تیل۔
نفاع (نَف ۔ فَاع) بڑا نفع پہونچانیوالا (نُفَاع) نافع کی جمع۔
نفاغ (نِفَاغ) بڑا پیالہ۔
نفاق (نِفَاق) دورو‌ئی، ظاہر کچھ اور دل میں کچھ، بیر، دشمنی (نَفَاق) رواج، کسی چیز کا چالو ہونا۔
نفائح (نَفَا ۔ ئِح) نفحہ کی جمع۔
نفت (نَفْت) دیکھو نفط۔
نفث (نَفْث) پھوکس، فضلہ، پھونکنا۔
نفح (نَفْح) ہوا کا مہکنا، مہکنا۔
نفحت، نفحہ (نَف ۔ حَت، نَف ۔ حَہ) خوشبو، لپیٹ جمع نفحات، نفائح۔
نفخ (نَف ۔ خ) پھونکنا، ہوا بھر جانا۔
نفخہ (نَف ۔ خَہ) ایک مرتبہ کی پھونک جمع نفخات۔
نفد (نَفَد) بسڑ جانا، گیا گذرا ہونا۔
نفذ (نَفَذ) چھڑوانا۔
نفر (نَفَر) ایک آدمی، نوکر جمع انفار۔
نفرت (نَف ۔ رَت) نا امیدگی، بیزاری، گھن (نَف ۔ رَت) ایک مرتبہ بھاگن، بھاگ۔
نفرہ (نَفَرَہ) نافر کی جمع (نَف ۔ رَہ) ایک مرتبہ بیزاری۔
نفری (نَفَرِی) ایک آدمی کا کام۔
نفریدن (نَف ۔ رِی ۔ دَن) نفرین کرنا۔
نفرین (نَف ۔ رِین) پھٹکار، ملامت۔
نفس (نَفَس) سانس، دم جمع انفاس (نَف ۔ س) جان، روح، خون، تن، ہستی، حقیقت جمع نفوس، انفس۔
نفسا (نُف ۔ سَاء) زچہ۔
نفس الامر (نَف ۔ سُل ۔ اَم ۔ ر) کار واقعی، اصل مدعا۔
نفس امارہ (نَف ۔ سِ ۔ اَم ۔ مَا ۔ رَہ) وہ نفس جو بری باتوں کے لئے پھسلاتا ہے۔
نفسانی (نَف ۔ سَا ۔ نِی) منسوب بہ نفس، عیاشانہ، خود غرضانہ، نفس کا، نفس کی۔
نفسانیت (نَف ۔ سَا ۔ نِی ۔ یَت) خود غرضی، ہٹ دھرمی۔
نفس بازپسیں (نَفَس ۔ بَاز ۔ پَسِیں) آخری سانس۔
نفس بہیمی (نَف ۔ سِ ۔ بَہِی ۔ مِی) نفس امارہ۔
نفس ربا (نَفَس ۔ رُبَا) کلام جسکا تلفظ اور پڑھنا سہل ہو۔
نفس کشی (نَف ۔ س ۔ کُش ۔ شِی) خواہشات پر قابو۔
نفس لوامہ (نَف ۔ سِ ۔ لَو ۔ وَا ۔ مَہ) نفس جو بری بات کے بعد پچھتاتا ہے۔
نفس مطمئنہ، نفس ملکی (نَف ۔ سِ ۔ مُط ۔ مَ ۔ اِن ۔ نَہ، نَف ۔ سِ ۔ مَلَ ۔ کِی) نفس جو بری باتوں سے پاک ہے۔

نفس ناطقہ (نَفْ۔سِ۔نا۔طِقَہ) روح، جان۔
نفس نباتی (نَفْ۔سِ۔نَبا۔تی) نباتات کی روح۔
نفس واپسیں (نَفَسِ۔وا۔پَسِیں) آخری سانس۔
نفسی (نَفْ۔سی) ذاتی، بدنی، منسوب بہ نفس (نَفَسی) سانس سے متعلق، سانس کا، سانس کی، نفس سا منسوب
نفسیات (نَفْ۔سی۔یات) نفسی کی جمع، نفس سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔
نفسی نفسی (نَفْ۔سی۔نَفْ۔سی) آپا دھاپی۔
نفض (نَفْ۔ض) ٹپکا، چوا ہوا پھل، جھاڑنا۔
نفضہ (نُفْ۔ضَہ) مینھ کا چھینٹا، جھالا۔
نفط (نَفْ۔ط) مٹی کا تیل، بارود (نَفْ۔ط) چھالا پڑنا۔
نفطہ (نَفْ۔طَہ) آبلہ، چھالا، پھپولا۔
نفع (نَفْ۔ع) فائدہ۔
نفق (نَفَق) پتلا راستہ، سرنگ، خرچ ہو جانا۔
نفقہ (نَفَقَہ، نَفْ۔قَہ) بیوی بچوں کا خرچ، خرچ خانگی جمع نفقات۔
نفل (نَفْ۔ل) عطیہ، غیر ضروری، عبادت جو واجب نہیں جمع نوافل (نَفَل) مال غنیمت جمع انفال۔
نفوخ (نَفُوخ) ہلاس، ناک میں پھونکنے کی دوا۔
نفوذ (نُفُوذ) رسوخ، اثر، پھیلاؤ۔
نفور (نَفُور) نفرت کرنیوالا، بھاگنے والا (نُفُور) بھاگنا۔
نفوس (نُفُوس) نفس کی جمع۔
نفوس ثلاثہ (نُفُو۔سِ۔ثَلا۔ثَہ) نفس امارہ، نفس مطمئنہ، نفس لوامہ۔
نفوس قدسیہ (نُفُو۔سِ۔قُد۔سِیَہ) پاک روحیں۔
نفی (نَفْ۔ی) نہیں، نیست، انکار، ہانکنا، دور کرنا۔
نفیر (نَفِیر) فریاد، نالہ، آواز، بانسری، بھاگنے والا، نفرت کرنے والا۔
نفیری (نَفِی۔ری) ایک بانسری۔
نفیس، نفیسہ (نَفِیس، نَفِی۔سَہ) بڑھیا، گرانمایہ، لطیف جمع نفائس۔
نفیسہ (نَفِی۔سَہ) نفیس کا مونث، لطیف عورت
نقا (نَقاء) پاکیزگی، پاکی (نَقا) ریگ کا تودہ۔
نقاب (نِقاب) گھونگھٹ، پردہ جمع انقاب (نَق۔قاب) کھوج لگانیوالا، شور اشح کرنیوالا۔
نقابت (نَقا۔بَت) صفت، تعریف۔
نقابہ (نُقا۔بَہ) چھانٹن، افشاندہ۔
نقاد (نَق۔قاد) پرکھنے والا۔
نقار (نِقار) کینہ، بیر، دشمنی (نَق۔قار) چونچ مارنے والا، ٹھگنے والا، انگلی مارنے والا۔
نقارچی (نَق۔قار۔چی) نقارہ بجانے والا۔
نقارخانہ (نَق۔قار۔خا۔نَہ) نقارہ بجانے کا مکان۔
نقارہ (نَق۔قا۔رَہ) ڈھول، ڈنکا، کوس، دھونسہ۔
نقاش (نَق۔قاش) نقش ونگار بنانے والا۔
نقاشی (نَق۔قا۔شی) نقش بنانا۔
نقال (نَق۔قال) بھانڈ، نقل کرنے والا۔
نقالی (نَق۔قا۔لی) نقل بنانا۔
نقاوت (نَقا۔وَت) پاکیزگی۔
نقاوہ (نُقا۔وَہ) خلاصہ، پسندیدہ۔
نقاہت (نَقا۔ہَت) ضعف، ناتوانی، ناطاقتی۔
نقائص (نَقا۔اِص) نقیصت کی جمع۔
نقب (نَق۔ب) کوبل، سوراخ، سرنگ، جمع انقاب، نقاب۔
نقبہ (نُق۔بَہ) کھجلی، خارش۔
نقد، نقدہ (نَق۔د، نَق۔دَہ) پرکھ، دین، سکہ مثل روپیہ اشرفی پیسہ وغیرہ، دل، ذات، بیٹا، فی الحال جمع نقود۔
نقد جان (نَق۔دِ۔جان) جان، روح، سونا چاندی کا سکہ۔
نقدیہ (نَق۔دی۔یَہ) نقدی، زر نقد۔
نقر (نَق۔ر) کوٹنا، کھودنا، چکنا، سنکھ بجانا، ٹھنکارنا۔

نقرس (نِق۔رِس) ایک شدید درد جو پیر کی انگلیوں سے اٹھتا ہے۔
نقرہ (نُق۔رَہ) پگھلی ہوئی چاندی، گڑھا، سفید گھوڑا۔
نقرئی (نُق۔رَئی) چاندی کی چیز۔
نقس (نِق،س) لکھنے کی سیاہی جمع اَنقاس۔
نقش (نَق،ش) چھاپہ، تصویر، نشان، لیاقت، سزاواری جمع نقوش۔
نقش بر آب (نَق،ش۔بَر۔آب) ناپائیدار، بے ثبات۔
نقشبند (نَق،ش۔بَن،د) خالق، صانع۔
نقش پا (نَق،ش۔پا) پاؤں کا نشان۔
نقش دل (نَق،ش۔دِل) یقین، سویدا۔
نقش دیوار (نَق،ش۔دی۔وار) دیوار کی تصویر، مبہوت، جو بالکل چپ اور اچنبھے میں ڈوبا ہوا ہو۔
نقش زیاد (نَق،ش۔زِیاد) اسم بلا مسمّی، نادیدنی۔
نقش سویدا (نَق،ش۔سُوَی۔دا) دل کا کالا نقطہ۔
نقش قریشہ (نَق،ش۔قَری۔شہ) جوابی نقش۔
نقش کالحجر (نَق،ش۔کَل۔حَجَر) مثل پتھر کے نقش کے، جو مٹ نہ سکے۔
نقش گذارش (نَق،ش۔گذا۔رِش) قابل بیان قصّہ۔
نقشہ (نَق۔شَہ) تصویر، نمونہ جمع نقشہ جات۔
نقشین (نَق۔شِین) نقش والی چیز، منسوب بہ نقش۔
نقص (نَق،ص) کمی، کھوٹ جمع اَنقاص۔
نقصان (نُق۔صان) کمی، ٹوٹا۔
نقصانی (نُق۔صا۔نی) دیکھو نقصان۔
نقض (نَق،ض) توڑنا۔
نقطہ (نُق۔طَہ) بُندکی، بندی، انتہائے خط جمع نِقاط، نُقَط۔
نقطۂ انتخاب (نُق۔طَا۔اِن۔تِخاب) نقطہ بطور علامت پسندیدگی۔
نقطۂ سہو (نُق۔طَا۔سَہ،و) نقطہ جو بھول سے لگ جاوے۔
نقطۂ شک (نُق۔طَا۔شَک) نقطہ بطور علامت شک۔
نقطہ گاہ (نُق۔طَہ۔گاہ) دائرے کا مرکز۔ (·)
نقطۂ مقابل (نُق۔طَا۔مُقا۔بِل) ہمسر، حریف۔
نقطۂ نوگریز (نُق۔طَا۔نَو۔گُریز) روشنائی کی بوند جو قلم سے کاغذ پر ٹپک پڑے۔
نقع (نَق،ع) گرد و غبار، بھگونا۔
نقل (نَق،ل) بیان، کہانی، حکایت، نمونہ جمع نقول۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، نمونہ اتارنا (نُق،ل) شراب کے اوپر کھانے کی چیز مثل کباب، میوہ وغیرہ، گزک۔
نقل خواجہ (نَق،ل۔خوا۔جَہ) چیز دینی۔
نقلی (نَق۔لی) میوہ فروش (نَق۔لی) مصنوعی، بناوٹی۔
نقمت (نَق۔مَت) دکھ، کینہ، تکلیف جمع نِقَم، نقمات۔
نقوع (نَقُوع) پانی میں بھیگا ہوا میوہ یا دوائی (نُقُوع) پانی جس میں دوائیاں بھگوئی گئی ہوں۔
نقی (نَقی) پاک، خالص جمع نِقاء (نِق،ی) ہڈی کا گودا۔
نقیب (نَقِیب) بزرگ، سردار، عقلمند، حسب و نسب جاننے والا، ملاقات کرانیوالا ملازم جمع نُقَباء۔
نقیر (نَقِیر) گڑھا، اصل، حقیر۔
نقیصت، نقیصہ (نَقی۔صَت، نَقی۔صَہ) عیب، برائی، کمی، نقصان، بدی جمع نقائص۔
نقیض (نَقِیض) ضد، الٹا، توڑنے والا۔
نقیع (نَقِیع) پینے کیلئے ٹھنڈا کیا ہوا خالص دودھ، ٹھنڈا میٹھا پانی، بھگوئے ہوئے پھل پھلاریا دوائیاں، بھگوئی ہوئی دوائیوں کا پانی۔
نقیعہ (نَقی۔عَہ) سفر سے واپسی کی دعوت۔
نقیق (نَقِیق) مرغی اور مینڈک کی آواز۔
نقیہ (نَقی۔ہ) کمزور، ناطاقت (نَقی۔یَہ) پاک، خالص۔
نکابت (نِکا۔بَت) ایذارسانی دشمن کے لئے۔
نکات (نِکات) نکتہ کی جمع۔

نکاح (نِکَاحْ) شادی، بیاہ، عقد۔
نکاحی (نِکَا۔حِیْ) بیاہی عورت، نکاح کا، نکاح کی۔
نکارہ (نُکَا۔رَہْ) دیکھو ناکارہ۔
نکال (نَکَالْ) عقوبت، عبرت کے لئے سزا۔
نکب (نَکَبْ) ٹیڑھ، کجی (نَکْ۔ب) اوندھا کرنا۔
نکبا (نَکْ۔بَا) چاروں طرف کی ہوا۔
نکبت (نَکْ۔بَتْ) خواری، رنج، ماندگی جمع نُکُوب۔
نکت (نَکْ۔ت) کریدنا (نُکَتْ) نکتہ کی جمع۔
نکتہ (نُکْ۔تَہ) چھپی ہوئی پاکیزہ بات، نقطہ جمع نِکَات، نُکَت۔
نکث (نَکْ۔ث) رسی کا بل کھولنا، عہد توڑنا۔
نکد (نَکَدْ) سختی، ناخوشی۔
نکر (نُکْرْ، نُکُرْ) انجان پن، تعجب (نَکِرْ) عقامند، چتر، انجان۔
نکرہ (نَکِرَہْ) ناشناسی، انجان پن، ضد معرفہ۔
نکس (نَکْ۔س) اوندھا کرنا (نُکْ۔س) بیماری کا لوٹ آنا۔
نکل (نِکْ۔ل) قید کی بیڑی۔
نکو (نِکُو، نِکُوْ) خوب، اچھا، نیک۔
نکوب (نُکُوْب) راہ سے پھر جانا۔
نکوص (نُکُوص) پیچھے پھرنا، کام چھوڑ بیٹھنا۔
نکول (نُکُوْل) بد دلی، اعراض۔
نکونامی (نِکُو۔نَا۔مِیْ) نیک نامی۔
نکوہ (نِکُوْہ) برا کہنے والا، ڈھونڈھنے والا۔
نکوہش (نِکُو۔ہِشْ) ملامت، جھڑکی۔
نکوہندہ (نِکُو۔ہَنْ۔دَہْ) ملامت کرنیوالا، بدی کرنیوالا۔
نکوہیدن (نِکُو۔ہِیْ۔دَنْ) ملامت کرنا، بدی کرنا۔ مضع نِکُوہَدْ۔
نکوہیدہ (نِکُو۔ہِیْ۔دَہْ) ملامت کیا ہوا، بدی کیا ہوا، خراب۔
نکوئی (نِکُو۔اِیْ) بھلائی، نیکی۔
نکہت (نَکْ۔ہَتْ) خوشبو، منھ کی خوشبو۔

نگ (نَگْ) نگینہ۔
نگار (نِگَارْ) نقش، مورتی، بت، محبوب، لکھنے والا۔
نگار آلود (نِگَارْ۔آ۔لُوْدْ) نقش و نگار کیا ہوا۔
نگار خانہ، نگارستان (نِگَارْ۔خَا۔نَہْ، نِگَا۔رِسْ۔تَانْ) تصویروں کا مکان۔
نگارش (نِگَا۔رِشْ) نقش، لکھنت۔
نگارندہ (نِگَا۔رِنْ۔دَہْ) لکھنے والا۔
نگاریدن، نگاشتن (نِگَا۔رِیْ۔دَنْ، نِگَاشْ۔تَنْ) نقش کرنا، لکھنا، مضع نِگَارَدْ۔
نگاشتنی (نِگَاشْ۔تَنِیْ) نقش کرنے یا لکھنے کے لائق۔
نگاشتہ (نِگَاشْ۔تَہْ) لکھا ہوا۔
نگاہ (نِگَاہْ) نظر۔
نگاہبان (نِگَاہْ۔بَانْ) چوکیدار، محافظ، پہریدار۔
نگاہداشت (نِگَاہْ۔دَاشْ۔ت) خبرداری، حفاظت، نگاہ رکھنا۔
نگر (نِگَرْ) دیکھنے والا، دیکھ۔
نگران (نِگَرَانْ) دیکھتا ہوا، دیکھنے والا، منتظر۔
نگرانی (نِگَرَا۔نِیْ) دیکھ بھال۔
نگرستن، نگریدن، نگریستن (نِگَرْ۔رِسْ۔تَنْ، نِگَ۔رِیْ۔دَنْ، نِگَ۔رِیْسْ۔تَنْ) دیکھنا مضع نِگَرَدْ۔
نگریستہ (نِگَ۔رِیْسْ۔تَہْ) دیکھا ہوا۔
نگندن (نِگَنْ۔دَنْ) نگندے ڈالنا، سوئی ڈورے سے سرو ٹ ڈالنا۔
نگندہ (نِگَنْ۔دَہْ) سوئی ڈورے سے سرو ٹ ڈالا ہوا۔
نگوں (نِگُوں) اوندھا، ٹیڑھا، بگڑا ہوا، الٹا۔
نگوں بخت (نِگُوں۔بَخْ۔ت) بدقسمت۔
نگونسار (نِگُوں۔سَارْ) اوندھا، شرم سے سر لٹکائے۔
نگہ (نِگَہْ) نگاہ۔
نگہداشت (نِگَہْ۔دَاشْ۔ت) نگاہداشت۔

نگیں (نگیں) نگینہ، نگ۔
نم (نَم) تری، سیلن، گیلن۔
نما (نُما) دیکھنے والا، دکھانیوالا (نَما) بڑھوار، بڑھوتری، افزائش، بالیدگی، پھبک۔
نمار (نَمار) ایما، اشارہ۔
نماز (نَماز) پوجا، پرستش، خدمتگاری، نیاز۔
نمازی (نَما-زی) پاک، نماز پڑھنے والا۔
نمام (نَمّام) چغلخور، پودینہ۔
نمامی (نَمّا-می) چغلخوری۔
نمایاں (نُما-یاں) نمودار، دیکھنے والا، دکھانیوالا۔
نمائش (نُما-یش) دکھلاوٹ، دکھاوا، میلہ، تماشا۔
نمایندگی (نُما-یِن-دَگی) دکھاوٹ، قائم مقامی۔
نمایندہ (نُما-یِن-دَہ) دکھانیوالا، قائم مقام جمع نمایندگان۔
نم خوردہ (نَم-خُر-دَہ) بھیگا ہوا۔
نمد (نَمَد) نمدہ۔
نمدپوش (نَمَد-پوش) نمدہ پہننے والا۔
نمدمو (نَمَد-مُو) جھبرا، بڑے بڑے بالوں والا۔
نمدیدہ (نَم-دی-دَہ) روتا ہوا، جس کی آنکھ تر ہو۔
نمر (نَمِر) تیندوا جمع نُمُر، اَنمُر، اَنمار۔
نمرق، نمرقہ (نُم-رُق، نُم-رُ-قَہ) چھوٹا تکیہ جمع نمارِق۔
نمرہ (نَم-رَہ) نمبر، عدد، شمارہ۔ number
نمسہ (نَم-سَہ) آسٹریا (وسطی یورپ)
نمش (نَمَش) ایک کھانا (نَمَش) ایک جلدی مرض۔
نمشیدن (نَم-شی-دَن) مراد پانا، امید پوری ہونا۔
نمص (نَمص) بال اکھیڑنا۔
نمط (نَمَط) روش، طریقہ، فرش، بساط جمع اَنماط، نِماط۔
نمک (نَمَک) نون، لذت، رونق۔
نمک حرام (نَمَک-حَرام) غیر ہمدرد نوکر۔
نمک حرامی (نَمَک-حَرا-می) نوکر کی بے ہمدردی۔

نمک حلال (نَمَک-حَلال) خیرخواہ نوکر۔
نمک حلالی (نَمَک-حَلا-لی) نوکر کی خیرخواہی۔
نمک خوار (نَمَک-خوار) ملازم، نمک کھانے والا۔
نمکدان (نَمَک-دان) نمک رکھنے کا برتن۔
نمکسار (نَمَک-سار) نمک کی کان۔
نمکور (نَمَک-کُور) نمک حرام، کور نمک۔
نمکیں (نَمَکیں) سلونا، مسخرہ۔
نمکینہ (نَمکی-نَہ) رائتا، ملیدہ۔
نمگیرہ (نَم-گی-رَہ) شبنمی، اوس میں تاننے کا کپڑا۔
نمل (نَمِل) پھرتیلا، چنچل، طیار، تیز (نَمل) چیونٹی، نام مرض جلدی۔
نملہ (نَم-لَہ) ایک چیونٹی جمع نِمال۔
نمناک (نَم-ناک) سیلا ہوا، گیلا۔
نمو (نُمُو، نُمُوّ) بڑھوار، افزائش، بالیدگی۔
نمود (نُمود) نشان، دکھاوٹ، علامت، خوبی، شان، رونق۔
نمودار (نُمو-دار) ظاہر، مانند، دلیل۔
نمودن (نُمو-دَن) دیکھنا، دکھانا مضارع نماید۔
نمودہ (نُمو-دَہ) دیکھا ہوا، دکھایا ہوا۔
نموم (نَموم) بڑا چغل خور۔
نمونہ (نَمو-نَہ) نظیر، بانگی، دکھانے کی چیز۔
نمی (نَمی) ترائی، سیلن۔
نمیدن (نَمی-دَن) میل کرنا، توجہ دکھانا، نمی کھینچنا (نَمی-دَن) ناامید ہونا۔
نمیدہ (نَمی-دَہ) میل کیا ہوا (نَمی-دَہ) ناامید شدہ، ہراس۔
نمیر (نَمیر) خوش ذائقہ پانی۔
نمیقہ (نَمی-قَہ) تحریر، خط جمع نمائق۔
نمیم (نَمیم) چغل خور، غمّام۔
نمیمہ (نَمی-مَہ) نرم آواز، چغل خوری، حرکت جمع نمائم۔

ننگ (نَنگ) شرم، بدنامی۔
ننگسار (نَنگ۔سَار) مسخ، روح کا تبدیل قالب۔
ننگین (نَنگ۔گِیں) اُجڑا، خراب۔
نو (نَو) نیا، تازہ۔
نوا (نَوَا) آواز، سامان، بیٹا، قید، غدار (نَوَا) دشمنی کرنا۔
نواب (نَوّ۔وَاب) کسی علاقہ کا حاکم، بہت نیابت کرنیوالا (نُوَّ۔وَاب) نائب کی جمع۔
نوآباد (نَو۔آ۔بَاد) جو نیا آباد ہوا ہو، جو نیا آنکر بسے۔
نوآبادکار (نَو۔آ۔بَاد۔کَار) نیا آباد ہونیوالا۔
نوآبادی (نَو۔آ۔بَا۔دِی) نئی آبادی، کالونی۔
نوابت (نَوَا۔بِت) نبات کی جمع۔
نواح (نَوَاح) اطراف (نُوَاح) گریہ وزاری، رونا دھونا۔
نواحی (نَوَا۔حِی) ناحیہ کی جمع۔
نواخانہ (نَوَا۔خَا۔نَہ) قیدخانہ، زندان، جیل۔
نواخت (نَوَاخْت) موافق، مطابق، برابر، لائق۔
نواختن (نَوَاخْ۔تَن) نوازنا، بجانا مضع نَوَاز۔
نواختنی (نَوَاخْ۔تَنِی) بجانے کے لائق، نوازنیکے لائق۔
نواختہ (نَوَاخْ۔تَہ) بجایا ہوا، نوازا ہوا۔
نواحل (نَوَا۔حِل) نحل کی جمع۔
نوادر (نَوَا۔دِر) نادرہ کی جمع۔
نوادہ (نَوَا۔دَہ) پوتی۔
نوار (نَوَار، نُوَار) نواڑ جس سے پلنگ بنتے ہیں۔
نواریدن (نَوَا۔رِی۔دَن) نیچے لے جانا۔
نواز (نَوَاز) نوازنے والا، بجانے والا۔
نوازادہ (نَوَا۔زَا۔دَہ) پوتا۔
نوازش (نَوَا۔زِش) مہربانی ج نَوَازِشَات۔
نوازل (نَوَا۔زِل) نازلہ کی جمع۔
نوازندہ (نَوَا۔زِن۔دَہ) بجانیوالا، نوازنیوالا۔
نوازندگی (نَوَا۔زِن۔دَگِی) بجانیکی حالت، نوازنے کی حالت۔
نوازیدن (نَوَا۔زِی۔دَن) دیکھو نواختن۔
نوازیدنی (نَوَا۔زِی۔دَنِی) نوازنے کے لائق۔
نوازیدہ (نَوَا۔زِی۔دَہ) نوازی ہوئی، نوازا ہوا۔
نواسہ (نَوَا۔سَہ) دھیتا، بیٹی کا بیٹا۔
نواسی (نَوَا۔سِی) دھیتی، بیٹی کی بیٹی۔
نواصی (نَوَا۔صِی) ناصیہ کی جمع۔
نوافل (نَوَا۔فِل) نافلہ کی جمع۔
نواقل (نَوَا۔قِل) ناقلہ، ناقل کی جمع۔
نوال (نَوَال) بخشش، عطا۔
نوالہ (نَوَا۔لَہ) لقمہ۔
نوالیدن (نَوَا۔لِی۔دَن) رونا، چلانا، ہلنا۔
نوآموز (نَو۔آ۔مُوز) سیکھنے والا، مبتدی۔
نوآموزی (نَو۔آ۔مُو۔زِی) نیا سیکھنا۔
نوامیس (نَوَا۔مِیس) ناموس کی جمع۔
نوان (نَوَان) تھرتھراتا ہوا، ہلتا ہوا، ٹیڑھا، دوہرا، پڑنا، دُبلا، خبردار، ہوشیار۔
نوانیدن (نَوَا۔نِی۔دَن) نالہ وفریاد کرنا، آگاہ ہونا یا کرنا، تھرتھرانا، ہلنا۔
نوآورد (نَو۔آ۔وَرْد) نئی بات نکالی ہوئی۔
نواہی (نَوَا۔ہِی) ناہی، نہی کی جمع۔
نوائب (نَوَا۔ئِب) نائبہ کی جمع۔
نوائح (نَوَا۔ئِح) نائحہ کی جمع۔
نوائر (نَوَا۔ئِر) نائرہ کی جمع۔
نوائیدن (نَوَا۔ئِی۔دَن) نالہ وفریاد کرنا، چلانا۔
نوآئین (نَو۔آ۔ئِین) زیبا، آراستہ۔
نوب (نَوب) نزدیکی (نُوَب) دیکھو نوبہ۔
نوبادہ (نَو۔بَا۔دَہ) تازہ میوہ، نئی چیز، تازہ چیز۔
نوبت (نَو۔بَت) باری، وار، نقارہ، دھونسا ج نُوَب۔
نوبتخانہ (نَو۔بَت۔خَا۔نَہ) نوبت بجانے کا مکان۔

نوبتی (نَو۔بَتی) نقارچی، پاسبان، چوکیدار، باری باری، کوتل گھوڑا
نوبر (نَو۔بَر) نیا پھل، نوجوان لڑکی ۔
نوبہ (نُو۔بَہ) حبشیوں کی قوم ۔
نوبہار (نَو۔بَہار) بسنت کا موسم ۔
نوبی (نُو۔بی) حبشی، شہد کی مکھی ۔
نوپان (نَو۔پان) ٹوکرا ۔
نوپیدا (نَو۔پَی۔دا) نئی پیدا ہوئی چیز ۔
نوتبہ (نَو۔تَبَہ) سیلاب، رو ۔
نوجوان (نَو۔جَوان) جس کی نئی جوانی ہو ۔
نوجوانی (نَو۔جَوا۔نی) نئی جوانی ۔
نوجہ (نُو۔جَہ) بگولا ۔
نوچہ (نَو۔چَہ) نوجوان، کونپل ۔
نوح، نوحہ (نَوح، نَو۔حَہ) نالہ، بین،
مردے پر رونا ۔
نوحہ گر (نَو۔حَہ۔گَر) بین کرنے والا ۔
نوحہ گری (نَو۔حَہ۔گَری) بین کرنا ۔
نوخاستہ (نَو۔خاس۔تَہ) بیٹھا، نیا اُٹھا ہوا ۔
نوخط (نَو۔خَط) نئے خط والا جسکے داڑھی مونچھ نکل رہی ہو ۔
نوخیز (نَو۔خیز) نیا اُٹھنے والا، نوجوان ۔
نوخیزی (نَو۔خے۔زی) نیا اُٹھان، نوجوانی ۔
نود (نُود) نوے، (نَود) لرزہ، مقعد، کون ۔
نوداماد (نَو۔دا۔ماد) دولھا ۔
نودم (نُو۔دُم) نوے واں ۹۰
نودولت (نَو۔دَو۔لَت) نیا مالدار ۔
نودولتی (نَو۔دَو۔لَتی) نئی مالداری، نئی دولت آنا ۔
نور (نُور) روشنی، چاندنی جمع انوار، ہیبت؛ (نَور) کلی، غنچہ جمع انوار ۔
نورافزا (نُور۔اَف۔زا) جو روشنی بڑھاوے ۔
نورانی (نُو۔را۔نی) روشن، نور سے منسوب ۔
نورباف (نُور۔باف) جولاہا، حائک، کپڑا بننے والا ۔
نوربافی (نُور۔با۔فی) جولاہے کا پیشہ ۔

نورچشم (نُور۔چَش۔م) آنکھ کی روشنی، بیٹا ۔
نورد (نَوَرد) تہ، لپیٹ، پیچ، منوال، طے کرنے والا، لپیٹنے والا ۔
نوردن (نَوَر۔دَن) نوردیدن کا مخفف
نوردنی (نَوَر۔دَنی) لپیٹنے کے لائق، لپیٹنے کی چیز
نوردہ (نَوَر۔دَہ) نوردیدہ ۔
نوردیدن (نَوَر۔دی۔دَن) لپیٹنا مضع نَوَرد ۔
نوردیدہ (نَوَر۔دی۔دَہ) لپیٹا ہوا، نورِ دیدہ (نُو۔رِ۔دی۔دَہ) آنکھ کی روشنی، بیٹا، بیٹی ۔
نورس (نَو۔رَس) تازہ، نیا پکا ہوا پھل ۔
نورستہ (نَو۔رُس۔تَہ) نیا اُگا ہوا ۔
نورند (نَو۔رَند) ترجمہ ۔
نورندہ (نَو۔رَن۔دَہ) لپیٹنے والا ۔
نوروز (نَو۔رُوز) سال کا پہلا دن، آتش پرستوں کا تہوار ۔
نورہ (نَو۔رَہ) لکڑی کی چھت گیری (نُو۔رَہ) چونا ۔
نوران (نَو۔را۔ن) تحفہ، سوغات، انعام، صلہ ۔
نوری (نُو۔ری) سفید طوطی، زرد آلو کی قسم ۔
نوز (نُوز) ہنوز، اب تک، تا حال، صنوبر، کاج ۔
نوزدہ (نُوز۔دَہ) انیس (۱۹)
نوزدہم (نُوز۔دَہُم) انیسواں ۔
نوژہ (نَو۔ژَہ) گریبان ۔
نوستہ (نُوس۔تَہ) گھُٹی ہوئی رونے کی آواز ۔
نوش (نوش) پینے والا، امرت، آبِ حیات، میٹھا، زندگی، تریاق، شہد، قوس قزح ۔
نوشاب (نو۔شاب) آبِ حیات ۔
نوشادر (نو۔شا۔دَر) ایک کھار کا نام ۔
نوشان (نو۔شان) پیتا ہوا ۔
نوشانیدن (نو۔شا۔نی۔دَن) پلانا ۔
نوشت (نُوِشت) تحریر، لکھت ۔
نوشتخواند (نوِشت۔خواند) لکھائی، پڑھائی ۔
نوشتن (نوِش۔تَن) لکھنا مضع نویسد (نَوِشتَن)

دیکھو نوردیدن ۔
نوشتہ (نَوِشْ۔تَہ) لکھا ہوا (نَوشْ۔تَہ) لپیٹا ہوا ۔
نوشجان (نُوش۔جَان) کھانا پینا ۔
نوشدارو (نُوش۔دَا۔رُو) مکورا فارم، تریاق، شراب، نام معجون ۔
نوشکیبی (نَو۔شکے۔بِی) نیا صبر ۔
نوش گیا (نُوش۔گِیَا) زہر دفع کرنیوالی ایک بوٹی ۔
نوشندہ (نُوشَن۔دَہ) پینے والا ۔
نوشہ (نَو۔شَہ) دولہا (نَو۔شَہ) خوشبو، خرم ۔
نوشیدن (نُو۔شِی۔دَن) پینا مضع نوشد ۔
نوشیدنی (نُو۔شِی۔دَنِی) پینے کے لائق، پینے کی چیز ۔
نوشیدہ (نُو۔شِی۔دَہ) پیا ہوا ۔
نوشین (نُو۔شِیں) میٹھا، شیریں ۔
نوط (نَوط) لٹکانا ۔
نوع (نَوع) گونہ، قسم، قاعدہ، طریقہ جمع اَنْوَاع ۔
نوف (نَوف) عورت کی شرمگاہ کا گوشت پارہ، نگین ۔
نوفل (نَو۔فَل) فیاض آدمی، دریا ۔
نوفیدن (نُو۔فِی۔دَن) شور غل مچانا ۔
نوک (نُوک) ہر چیز کا پتلا سرا، ہر چیز کا سر جو تیز ہو (نُوک) نادانی، نادان جمع اَنْوَک ۔
نوکار (نَو۔کَار) تازہ ۔
نوکاری (نَو۔کَا۔رِی) تازگی ۔
نوکر (نَو۔کَر) ملازم، چاکر ۔
نوکری (نَو۔کَرِی) ملازمت، چاکری ۔
نوکیسہ (نَو۔کِی۔سَہ) نودولت، نیا مالدار ۔
نول (نُول) چونچ، ٹونٹی (نَول) ملاقی ۔
نوم (نَوم) خواب، نیند، جمع نیام (نُوم) دیکھو نہم ۔
نومان (نَو۔مَان) نیند کا ماتا ۔
نومشق (نَو۔مَش۔ق) جسکی شروع مشق ہو ۔
نومشقی (نَو۔مَش۔قِی) نئی مشق ہونا ۔
نومید (نَو۔مِید) ناامید ۔

نومیدی (نَو۔مِی۔دِی) ناامیدی ۔
نون (نُون) ۱۔ اکنوں، پیڑ کا تنہ ۲۔ مچھلی ۳۔ تلوار، دوات، لکھنے کی سیاہی، رات، ٹھوڑی کا گڑھا جمع نینان، آلوان ۔
نونہد (نَو۔نہَد) تیز رفتار گھوڑا (نَو۔ن) پرپوتا، بیٹے کے بیٹے کا بیٹا ۔
نونہال (نَو۔نِہَال) نیا پودھا ۔
نونیاز (نَو۔نِیَاز) نومشق لڑکا ۔
نوی (نَوِی) تازگی (نَوِی) قرآن مجید ۔
نوئین (نَو۔اِین) نو آئین، نیا قانون (نُو۔اِین) داماد، شہزادہ، امیر ۔
نوید (نَوِید، نُوِید) خوش خبری ۔
نویدن (نَوِی۔دَن) رونا، زاری کرنا ۔
نویس (نَوِیس) لکھنے والا ۔
نویسان (نَوِی۔سَان) دیکھو نویس، لکھتا ہوا ۔
نویسانیدن (نَوِی۔سَا۔نِی۔دَن) لکھوانا ۔
نویسندہ (نَوِی۔سَن۔دَہ) لکھنے والا جمع نویسندگاں ۔
نہ (نَہ) حرف نفی، نہیں (نِہ) شہر (نُہ) نو ۹ ۔
نہاب (نَہَاب) لٹیرا، غارتگر ۔
نہاد (نِہَاد) نہاد، خلقت، پیدائش، طینت (نَہَاد) طرز، روش، رسم، عادت ۔
نہادن (نِہَا۔دَن) رکھنا مضع نہد ۔
نہادنی (نِہَا۔دَنِی) رکھنے کے لائق ۔
نہادہ (نِہَا۔دَہ) رکھا ہوا ۔
نہار (نَہَار) دن جمع اَنْہُر، نُہُر ۲۔ صبح سے بے کھایا ہوا آدمی ۔
نہارگاہ (نَہَار۔گَاہ) صبح کا وقت ۔
نہاری (نَہَا۔رِی) صبح کا کھانا، طالب علم جو بورڈنگ میں نہ رہتا ہو صرف دن کو پڑھنے آتا ہو ۔
نہاریدن (نَہَا۔رِی۔دَن) ناشتہ کرنا (نِہَا۔رِی۔دَن) بدن گھلنا اور گھٹنا، ڈرنا، وہم کرنا ۔

نہاز (نِہاز) نسل کشی کا بکرا، بوک۔
نہازیدن (نِہا۔زِی۔دَن) دیکھو نہاریدن۔
نہاق (نُہاق) گدھے کی آواز۔
نہال (نِہال) تھامنا پودا، کامیاب، خوش، بستر، توشک، شکار۔
نہالچہ (نِہال۔چَہ) چھوٹی سی توشک یا بستر۔
نہالی، نہالیں (نِہا۔لی، نِہا۔لیں) بستر، توشک، غلاف۔
نہامی (نِہا۔می) لوہار۔
نہان (نِہان) چھپا ہوا۔
نہانخانہ (نِہان۔خا۔نَہ) تہ خانہ، پوشیدہ گھر۔
نہانی (نِہا۔نی) پوشیدگی، چھپاوٹ، چھپاوا۔
نہایت (نِہا۔یَت) انتہا، انجام، حد۔
نہب (نَہ ب) لوٹ، غارت، غنیمت، متفاوت جمع نہائب، نہاب۔
نہبت، نہبہ (نَہ۔بَت، نَہ۔بَہ) لوٹ، غارت۔
نہج (نَہ ج) راہ، راستہ، طریقہ، روش۔
نہر (نَہ ر، نَہَر) ندی، نالہ، دریا جمع انہار، انہر، نہور (نَہر) دن کا نوٹیرا، منع کرنا۔
نہر (نَہ ر) دھکیلنا، دھکا مارنا۔
نہرہ (نَہ۔رَہ) تاک، ہنگام۔
نہس (نَہ س) ڈسنا، اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
نہستن (نِہس۔تَن) رکھنا، چھوڑنا۔
نہش (نَہ ش) دیکھو نہس۔
نہشتن (نِہش۔تَن) دیکھو نہستن۔
نہض (نَہ ض) کوچ کرنا، کھڑا ہونا۔
نہضت (نَہ۔ضَت، نَہ۔ضَت) کوچ۔
نہفت، نہفتگی (نُہفت، نُہفت۔تَگی) پوشیدگی، چھپاؤ۔
نہفتن (نُہف۔تَن) چھپنا، چھپانا جمع نہفتہ۔
نہفتنی (نُہف۔تَنی) چھپانے کے لائق، چھپنے کے لائق۔
نہفتہ (نُہف۔تَہ) چھپا ہوا، چھپایا ہوا۔
نہم (نُہم) نواں ۹۔
نہمت (نَہ۔مَت) مطلب، مراد۔
نہندہ (نِہن۔دَہ) رکھنے والا۔
نہنبن (نُہن۔بَن) دیگ کا سرپوش۔
نہنگ (نِہَنگ) گھڑیال، ناکہ، نکر مچھ۔
نہود (نُہود) اٹھنا، دشمن کی طرف بڑھنا۔
نہوض (نُہوض) دیکھو نہض۔
نہوکت (نُہو۔کَت) لاغری، دبلاپن۔
نہی (نَہ ی) منع جمع نواہی (نُہی) نورکھے۔
نہیب (نَہیب) خوف، ڈر، ہیبت، بڑا دنی آواز۔ (نِہیب) لٹیرا، ڈاکو۔
نہیدن (نِہی۔دَن) اندیشہ کرنا، غم کھانا۔
نہیدہ (نِہی۔دَہ) اندیشہ کیا ہوا، غم کھایا ہوا۔
نہیق (نُہیق) دیکھو نہاق۔
نہیم (نَہیم) لوکھی، لالچی۔
نہیہ (نُہ۔یَہ) عقل، آخر جمع نُہی۔
نئیم (نَ۔ئِیم) چنگھاڑ، دہاڑ۔
نی (نَی) نلکی، بانسری (نِی) خام، کچا (نِی) حرف برائے معنی نسبت مثلاً گفتنی، خوردنی۔
نے (نے) علامت نفی غیر مشتقات اور صفات کے لئے، نہیں۔
نیا (نِیا) دادا، نانا، ماموں، بڑا بھائی جمع نیاگاں قدر، عظمت۔
نیابت (نِیا۔بَت) قائم مقامی۔
نیایہ (نِیا۔یَہ) بو، باس۔
نیاح، نیاحت (نِیاح، نِیا۔حَت) آہ وزاری۔
نیاز (نِیاز) حاجت، احتیاج، حاجتمند، میل، خواہش، محبت، درویشوں کیلئے تحفہ۔
نیازمند (نِیاز۔مَند) حاجتمند۔
نیازمندی (نِیاز۔مَن۔دِی) حاجتمندی۔

نیاز بدن (نیا۔زِی۔دَنْ) عاجزی کرنا مصطلح نیاز بُرد
نیاگان (نیا۔گاں) نیا کی جمع ۔
نیام (نیام) ۱۔ میان تلوار کا ۲۔ نوم کی جمع، نائم کی جمع ۔
نیائش (نیا۔ئش) زاری، تعریف، دعا، آفرین۔
نی لبست (نیْ۔لَبْسَت) چھپر ۔
نیت (نیّت) عزم، ارادہ جمع نیات ۔
نیچہ، نیچہ (نیْ۔چَہ، نیْ۔چَہ) بانسلی، چھوٹی نلکی۔
نیدلاں (نیْ۔دُ۔لاں) کابوس ۔
نیر (نیّر) روشنی دینے والا، تارہ، سورج (نیر) بیلوں کا جوا ۔
نیر اصغر (نیّر۔اَص۔غَر) چاند ۔
نیر اعظم، نیر اکبر (نیّر۔اَعْ۔ظَم، نیّر۔اَکْ۔بَر) سورج، خورشید ۔
نیران (نی۔راں) نار کی جمع
نیرنج (نیْ۔رَنْج) دیکھو نیرنگ جمع نیرنجات ۔
نیرنگ (نیْ۔رَنْگ) مکر، فریب، طلسم، جادو۔
نیرنگ باز، نیرنگ ساز (نیْ۔رَنْگ۔باز، نیْ۔رَنْگ۔ساز) مکار، فریبی، جادوگر ۔
نیرنگ بازی، نیرنگ سازی (نیْ۔رَنْگ۔بازی، نیْ۔رَنْگ۔سازی) مکاری، فریب، جادوگری ۔
نیرنگی (نیْ۔رَنْ۔گی) جادو ۔
نیرو (نے۔رُو، نیْ۔رُو) زور، کس، بل ۔
نیروز (نیْ۔رُوز) نوروز ۔
نیرین (نیّ۔رَین) آفتاب و ماہتاب، چاند سورج
نیز (نیز) حرف عاطفہ، بھی ۔
نیزک (نے۔زَک، نیْ۔زَک) چھوٹا بھالا جمع نیازک ۔
نیزہ (نے۔زَہ) بھالا، بلم، عَلم ۔
نیساں (نیْ۔ساں) ساتواں رومی مہینہ، مطابق فروردین موافق بیساکھ، اس مہینہ کی بارش جس کی بوند شاعرانہ روایت کے مطابق سیپی میں گر کر موتی بن جاتی ہے ۔
نیست (نیسْت) نہیں، عدم ۔
نیستاں (نیس۔تاں، نی۔ستاں) ایکھ کا کھیت، نرکل کا جنگل ۔
نیستی (نیس۔تی) نیست ہونا ۔
نیش (نیش) ڈنک، کانٹا، تیز نوک ۔
نیشتر (نیش۔تَر) دیکھو نشتر ۔
نیش زن (نیش۔زَن) ڈنک مارنے والا ۔
نیش زنی (نیش۔زَنی) ڈنک مارنا ۔
نیشکر (نیْ۔شَکَر) گنا ۔
نیشہ (نیْ۔شَہ) بانسری ۔
نیفق، نیفہ (نیْ۔فَق، نے۔فَہ) پوستین، بقچہ، کمربند ڈالنے کا حصہ ۔
نیک (نیک) اچھا، خوب، بہت (نیک) جماع ۔
نیک اختر (نیک۔اَخ۔تَر) خوش قسمت ۔
نیک اختری (نیک۔اَخ۔تَری) خوش قسمتی ۔
نیک خواہ (نیک۔خواہ) اچھا چاہنے والا ۔
نیک خواہی (نیک۔خوا۔ہی) اچھا چاہنا ۔
نیک طینت (نیک۔طی۔نَت) اچھی عادت والا
نیک طینتی (نیک۔طی۔نَتی) اچھی عادت ۔
نیک محضر (نیک۔مَح۔ضَر) خوبصورت، خوش شمائل، جس کی حضوری اچھی ہو ۔
نیک مرد (نیک۔مَرْد) بھلا مانس ۔
نیک مزاج (نیک۔مِزاج) جس کا مزاج اچھا ہو۔
نیک مزاجی (نیک۔مِزا۔جی) اچھا مزاج ہونا ۔
نیکنام (نیک۔نام) جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو۔
نیکنامی (نیک۔نا۔می) بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا۔
نیک نہاد (نیک۔نِہاد) اچھی طبیعت والا ۔
نیک نیت (نیک۔نی۔یَت) اچھے ارادے والا۔

نیک نیتی (نیک - نی - یَتی) اچھا ارادہ ہونا۔
نیکو (نے - کو) اچھا، بھلا۔
نیکو کار (نے - کو - کار) اچھے کام کرنے والا۔
نیکوئی، نیکی (نے - کو - ئی، نے - کی) بھلائی، خوبی۔
نیل (نیل) اپا نار (نیل) نام دریا (مشرقی افریقہ)
نیلبر (نیل - بر) دیکھو نیلوفر۔
نیل گاؤ (نیل - گاؤ) نیل گائے۔
نیل گوں (نیل - گوں) نیلا رنگ۔
نیلم (نی - لم) ایک جوہر قیمتی نیلے رنگ کا۔
نیلمیں (نی - لمیں) نیلم کی مثل۔
نیلوفر، نیلوفل (نی - لو - فر، نی - لو - فل) کنول۔
نیلہ (نی - لہ) نیل گائے۔
نیم (نیم) آدھا - نصف۔
نیم باز (نیم - باز) آدھا کھلا ہوا، آدھی کھلی ہوئی۔
نیم برشت (نیم - بر - شت) آدھی بھنی ہوئی چیز
نیم جان (نیم - جان) جسمیں آدھی جان باقی ہو۔
نیم جوش (نیم - جوش) آدھا ابلا ہوا، آدھی ابلی ہوئی۔
نیمچہ (نیم - چہ) چھوٹی تلوار۔
نیم خواب (نیم - خواب) آدھی نیند۔
نیم خوابی (نیم - خوا - بی) اونگھ۔
نیم خوردہ (نیم - خر - دہ) آدھا کھایا ہوا۔
نیم دست (نیم - دست) چھوٹی مسند۔
نیم رخ (نیم - رخ) چہرے کی ایک کروٹ کی تصویر۔
نیم رس (نیم - رس) جو چیز ابھی پوری طیار نہوئی ہو۔
نیم روز (نیم - روز) دوپہر۔
نیم سفت (نیم - سفت) ناتمام، آدھا بندھا ہوا۔
نیم شب (نیم - شب) آدھی رات۔
نیم شبی (نیم - شبی) آدھی رات سے متعلق۔
نیمکارہ (نیم - کا - رہ) ادھورا کام، ناقص۔
نیم کشتہ (نیم - کش - تہ) آدھا مارا ہوا، ادھ موا۔
نیم گفتہ (نیم - گف - تہ) آدھا کہا ہوا۔

نیمہ (نی - مہ) آدھا، نصف، طرف
نیو (نیو) پہلوان، دلیر (نیو) راست، سیدھا۔
نیوادر (نی - وادر) بہادری، شجاعت۔
نیوش (نیوش) سننے والا۔
نیوشندہ (نیو - شن - دہ) سننے والا۔
نیوشہ (نیو - شہ) کان میں ڈالی ہوئی بات۔
نیوشیدن (نیو - شی - دن) سننا مصدر نیوشند۔
نیوشیدنی (نیو - شی - دنی) سننے کے لائق۔
نیوشیدہ (نیو - شی - دہ) سنا ہوا۔
نیوہ (نی - وہ) نالہ، گریہ، نوحہ۔
نییب (نییب) خدمتگار جمع نوائب۔
نیین (نیین) نَے کی طرف منسوب، نَے کا، نَے کی۔

و

و (واؤ) حرف قمری، قائم مقام عدد ۶، حرف علت، حرف عطف، چند حروفوں سے بدل ہے۔
۱۔ ب کے ساتھ مثلاً نوشت، نبشت، ۲۔ پ کے ساتھ مثلاً پام، وام، ۳۔ د کے ساتھ مثلاً بید، بیو۔ ۴۔ س کے ساتھ مثلاً باکس، بالو۔ ۵۔ غ کے ساتھ مثلاً کاغند، کاوند۔ ۶۔ ف کے ساتھ مثلاً فام، وام۔
وا (وا) کشادہ، جدا، کھلا ہوا، پھر، بلند، حرف ندبہ، حرف تشبیہ۔
واآب (وا - آب) شرمندہ ہونا۔
وایا (وا - یا) قوت فہم۔
وابستگاں (وا - بس - تگاں) وابستہ کی جمع ذی روح، تعلق والے رشتہ دار، عزیز و قریب۔
وابستگی (وا - بس - تگی) تعلق، بندھائی۔
وابستن (وا - بس - تن) باندھنا۔
وابستہ (وا - بس - تہ) باندھا ہوا، متعلق، رشتہ دار۔

والبط (وا - بِط) ضعیف، بزدل۔

وابل (وا - بِل) بڑی بڑی بوندوں کا مینھ۔

والور (وا - بُوَر) انجن۔

واپس (وا - پَس) ہٹا ہوا، پھرا ہوا۔

واپسی (وا - پَسِی) پھرائی، لوٹائی، ہٹائی۔

واپسیں (وا - پَسِیں) پچھلا، آخری، منسوب بہ واپس

وات (وا - تْ) حرف، سخن، بات۔

واثق (وا - ثِق) مضبوط۔

واجب (وا - جِب) سزاوار، لازم، ضروری، لائق، ٹھیک۔

واجبات (وا - جِبات) واجب کی جمع، ضروری چیزیں۔

واجب الادا (وا - جِبُل - اَدا) جس کا ادا کرنا لازمی ہو۔

واجب التعزیر (وا - جِبُت تَع - زِیر) سزا کے لائق۔

واجب التعظیم (وا - جِبُت تَع - ظِیم) تعظیم کے لائق۔

واجب الرعایت (وا - جِبُر رِعا - یَت) رعایت کرنے کے لائق۔

واجب العرض (وا - جِبُل - عَرض) پیش کرنیکے لائق، تحریری معروضات یا درخواست، زمیندار اور کاشتکار کے درمیان ہر ایک گاؤں کا مصدقہ ضابطۂ حقوق۔

واجب القتل (وا - جِبُل - قَت - ل) قتل کرنے کے لائق۔

واجب الوجود (وا - جِبُل - وُجُود) وجود کے لائق، اللہ تعالی۔

واجبی (وا - جِبی) ضروری بات، وظیفہ، روزینہ۔

واجد (وا - جِد) پانے والا۔

واجف (وا - جِف) جس کا دل دھڑکتا ہو۔

واجیدن (وا - جی - دَن) کہنا۔

واچیدن (وا - چی - دَن) چننا، چگنا، اٹھانا، دور کرنا۔

واچیدہ (وا - چی - دَہ) چنا ہوا، چگا ہوا۔

واحد (وا - حِد) ایک، جمع وُحدان، نام اللہ تعالی۔

واحدہ (وا - حِدَہ) واحد کا مونث۔

واخ (وا - خ) یقین، گمان، راست، درست۔

واخندہ (وا - خَن - دَہ) دھنکنے والا۔

واخواست (وا - خواس - ت) مطالبہ، حساب فہمی، باز خواست۔

واخوردن (وا - خُر - دَن) ملاقات کرنا۔

واخیدن (وا - خی - دَن) دھنکنا مضع واخند۔

واخیدہ (وا - خی - دَہ) دھنکی ہوئی چیز، دھنکا ہوا۔

واد (وَاد) زندہ درگور، سخت آواز (وَاد) بیٹا، باد، ہوا، پولن۔

واداشتن (وا - داش - تَن) رکھنا۔

وادع (وا - دِع) رخصت کرنے والا۔

وادق (وا - دِق) تیز رو۔

وادی (وا - دِی) بیابان، نشیبی ہموار زمین، ترائی، مقدمہ، معاملہ جمع اَوْدِیَہ۔

وادیج (وا - دِیج) دیکھو یاریج۔

وادیدن (وا - دِی - دَن) دیکھنا۔

وار (وَار) کلمۂ نسبت، کلمۂ تشبیہ، مانند، لائق، ڈھنگ، روش (وَار) ٹورانا۔

وارث (وا - رِث) میراث لینے والا جمع وَرَثَہ، وُرَثَاء۔

وارد (وا - رِد) آنے والا، قاصد جمع وُرّاد۔

واردات (وا - رِدات) وارد کی جمع، واقعہ، حادثہ، جو کچھ اوپر بیتی ہو، پیش آنیوالی باتیں۔

وارد وصادر (وا - رِدُو - صا - دِر) مہمان، مسافر، آنے جانے والا۔

وارستگی (وا - رس - تَگی) آزادی، فارغ البالی۔

وارستہ (وا - رس - تہ) آزاد، فارغ البال جمع وارستگان۔

وارسیدن (وا - رسی - دَن) پہونچنا، خبر پانا۔

وارش (وا - رِش) کھانیوالا، جو بلا بلایا ہوا کھانے جاوے۔

وارفتگی (وَا۔ رَفْ۔ تَگِی) پشیمانی، نڈھال پن، بے خبری۔
وارفتہ (وَا۔ رَفْ۔ تَہ) نڈھال، بےخبر، کھویا ہوا جمع وَارفتگان۔
وارول، وارونہ (وَا۔ ژُوں، وَا۔ ژُو۔ نَہ) واژگوں، واژوں
وارہ (وَا۔ رَہ) مانند، عادت، صاحب، فصل، موسم۔
واری (وَا۔ رِی) فربہ، مانند۔
واریہ (وَا۔ رِی۔ یَہ) مثل، مانند۔
واز (وَاز) کھلا ہوا، ظاہر۔
وازع (وَا۔ زِعْ) باز رکھنے والا، سردار، حاکم، کتّا۔
وازو (وَا۔ زُو) دیکھو بازو۔
وازوں (وَا۔ زُوں) واژگوں۔
واژ (وَاژ) دیکھو باژ۔
واژگوں، واژوں (وَاژ۔ گُوں، وَا۔ ژُوں) الٹا، اوندھا، منحوس۔
واژگونہ (وَاژ۔ گُو۔ نَہ) الٹا، اوندھا۔
واس (وَاس) گیہوں کی بال۔
واسطہ (وَا۔ سِطَہ) درمیانی، بیچ والی چیز جمع وَسائط، لئے، واسطے، وجہ، سبب۔
واسطی (وَا۔ سِطِی) کلک کا قلم۔
واسطے (وَاس۔ طے) لئے۔
واسع (وَا۔ سِعْ) پھیلنے والا، وسیع، نام خدا تعالیٰ۔
واسوخت (وَا۔ سُوخْت) وہ نظم کہ جس میں محبوب سے اظہار بیزاری ہو۔
واسوختگی (وَا۔ سُوخْ۔ تَگِی) جلن، کڑھن۔
واسوختن (وَا۔ سُوخْ۔ تَنْ) محبوب سے بیزار ہو کر منہ پھیر لینا۔
واسوختہ (وَا۔ سُوخْ۔ تَہ) کڑھا ہوا، بیزار شدہ۔
واشد (وَا۔ شُدْ) کھلاوٹ، شگفتگی
واشدن (وَا۔ شُدَنْ) کھلنا، چھٹکارا پانا۔
واشدہ (وَا۔ شُدَہ) شگفتہ، کھلا ہوا۔
واشگاف (وَا۔ شِگَافْ) صاف، کھلا ہوا۔
واشم (وَا۔ شِمْ) بدن پر نیلے گودنے والا۔

واشمہ (وَا۔ شِمَہ) بدن پر نیلے گودنے والی۔
واشنگٹن (وَا۔ شِنْگ۔ ٹَنْ) شہر واشنگٹن (امریکہ)
واشی (وَا۔ شِی) جھوٹا، لترا جمع وُشَات، وِشَاۃ۔
واصف (وَا۔ صِفْ) تعریف کرنے والا۔
واصل (وَا۔ صِلْ) ملنے والا، ملا ہوا، جڑا ہوا جمع وُصَّال۔
واصلات (وَا۔ صِلَاتْ) واصل کی جمع، جڑی ہوئی رقم کا حساب، جڑی ہوئی چیزیں۔
واضح (وَا۔ ضِحْ) روشن، کھلا ہوا، ظاہر۔
واضع (وَا۔ ضِعْ) رکھنے والا، بنانے والا جمع وَاضِعِین عورت بغیر چادر۔
واطد (وَا۔ طِدْ) ثابت۔
واعجباہ (وَا۔ عَجَبَاہْ) کلمۂ اظہار افسوس، اے تعجب۔
واعد (وَا۔ عِدْ) وعدہ کرنے والا۔
واعظ (وَا۔ عِظْ) نصیحت کرنے والا جمع وُعَّاظ، وَاعِظِین۔
واعی (وَا۔ عِی) نگہبان، یاد رکھنے والا۔
واعیہ (وَا۔ عِیَہ) یاد رکھنے والی، نگہبانی کرنے والی۔
واغل (وَا۔ غِلْ) جو مجلس شراب میں بے بلایا چلا آوے۔
واغوثاہ (وَا۔ غَوْ۔ ثَاہْ) فریاد، دوہائی۔
وافد (وَا۔ فِدْ) نمائندہ، قاصد، پیامبر جمع وَفْد جمع الجمع وُفُود، اَفَاد۔
وافر (وَا۔ فِرْ) بہت کثیر، گھنا۔
وافی (وَا۔ فِی) پورا، تمام، کامل۔
واق (وَاق) رکھوالا، نگاہ رکھنے والا، نام پرندہ۔
واقد (وَا۔ قِدْ) آگ روشن کرنے والا جمع وُقُود۔
واقع (وَا۔ قِعْ) ہونے والا۔
واقعہ (وَا۔ قِعَہ) خواب، جنگ، حادثہ، خبر، سختی زمانہ، موت، حال، قیامت جمع وَقَائِع، وَاقِعَات۔
واقعہ طلب (وَا۔ قِعَہ۔ طَلَبْ) جھگڑالو، جنگجو۔
واقعہ نویس (وَا۔ قِعَہ۔ نَوِیس) خبریں لکھنے والا۔
واقعی (وَا۔ قِعِی) واقع کی طرف منسوب، درست، ٹھیک، سچا۔

واقف (وَا۔ قِفْ) وقف کرنیوالا، جاننے والا۔
واقفکار (وَا۔ قِفْ۔ کَارْ) جس کو کسی چیز کی آگاہی ہو۔
واقفیت (وَا۔ قِفْ۔ یَتْ) آگاہی، جان پہچان۔
واقی (وَا۔ قِیْ) رکھوالا، نگاہ رکھنے والا۔
واکردن (وَا۔ کَرْ۔ دَنْ) کھولنا۔
واکشیدن (وَا۔ کَشِیْ۔ دَنْ) حیلے تدبیر سے حاصل کرنا۔
واگذاشت (وَا۔ گُذَا۔ شْ۔ تْ) چھوٹ۔
واگرنہ (وَا۔ گَرْ۔ نَہْ) اور نہیں تو۔
واگویہ (وَا۔ گُوْ۔ یَہْ) بات چیت، چرچا۔
وال (وَالْ) ایک مچھلی، پناہ۔
والا (وَا۔ لَا) بزرگ قدر، بلند مرتبہ (وَ۔ اِلْ۔ لَا) اور نہیں تو۔
والاجاہ (وَا۔ لَا۔ جَاہْ) بڑی جاہ والا۔
والاشان (وَا۔ لَا۔ شَانْ) بڑی شان والا۔
والاقدر (وَا۔ لَا۔ قَدْرْ) بڑی قدر والا۔
والد (وَا۔ لِدْ) باپ۔
والدہ (وَا۔ لِدَہْ) ماں۔
والدین (وَا۔ لِدَیْنْ) ماں باپ۔
واللہ (وَلْ۔ لَاہْ) اللہ کی قسم۔
والہ (وَا۔ لِہْ) شیفتہ، سرگشتہ، عاشق، مفتوں۔
والہانہ (وَا۔ لِہَا۔ نَہْ) شیفتہ کی مانند۔
والی (وَا۔ لِیْ) دوست، حاکم، مالک، رشتہ دار، قریب جمع وُلَاتْ۔
وام (وَامْ) قرض، مانند، تمام، بام۔
واماندگی (وَا۔ مَانْ۔ دَگِیْ) تھکان، تھکن۔
وامانده (وَا۔ مَانْ۔ دَہْ) عاجز، ناچار، تھک کر پیچھے رہا ہوا جمع وَامَانْدگان بچا ہوا، باقیماندہ، چھوٹا کھانا جمع وَامَانْدہا۔
وامخواہ (وَامْ۔ خَاہْ) قرض خواہ۔
وامق (وَا۔ مِقْ) دوست رکھنے والا، پیار کرنیوالا۔
وان (وَانْ) حرف تشبیہ، مانند، رکھنے والا۔

وانمودہ (وَا۔ نُمُوْ۔ دَہْ) ظاہر کیا ہوا۔
وانہندہ (وَا۔ نِہَنْ۔ دَہْ) رکھنے والا
واوی (وَا۔ وِیْ) منسوب بہ حرف واو (و)
واویلا، واویلاہ (وَا۔ وَیْ۔ لَا، وَا۔ وَیْ۔ لَاہْ) فریاد، افسوس۔
واہ (وَاہْ) کلمۂ تحسین یا افسوس، خوب، ہائے۔
واہ واہ (وَاہْ۔ وَاہْ) کلمۂ تحسین، شاباش، خوب۔
واہب (وَا۔ ہِبْ) بخشنے والا، فیاض۔
واہب العطایا (وَا۔ ہِبُلْ۔ عَطَا۔ یَا) تحفوں کا بخشنے والا، اللہ تعالیٰ۔
واہم (وَا۔ ہِمْ) وہم کرنے والا۔
واہمہ (وَا۔ ہِمَہْ) وہم کرنے کی قوت۔
واہی (وَا۔ ہِیْ) بیہودہ، گمراہ، بودا، سست۔
واہیات (وَا۔ ہِیْ۔ یَاتْ) واہی کی جمع، بیہودہ باتیں۔
وای (وَایْ) حرف ندبہ، کلمۂ افسوس۔
وایہ (وَا۔ یَہْ) حاجت، مراد، مقصد، مقدمہ، افیون وغیرہ کی روزانہ خوراک۔
وبا (وَبَا) ہوا کی خرابی سے مرگ عام جمع اَوْبَا، اَوْبِیَہ۔
وباسک (وَ۔ بَا۔ سَکْ) انگڑائی، جمبھائی۔
وبال (وَبَالْ) سختی، بوجھ، دکھ، گرانی، عذاب۔
وبر (وَبْ۔ رْ) بلی کی مانند ایک جانور (وَبَرْ) اون، بال۔
وبلط (وَبْ۔ لَطْ، وَبْلَطْ) ضعیف رائے ہونا۔
وبق (وَبَقْ) ہلاک ہونا۔
وبوط (وُبُوْطْ) ضعیف رائے ہونا۔
وبیص (وَبِیْصْ) چمکنا۔
وت (وَتْ) پوستین۔
وتح (وَتْ۔ حْ) کنجوس، خراب۔
وتد (وَتِدْ) کھونٹی، کھونٹا، میخ جمع اَوْتَادْ۔
وتر (وِتْ۔ رْ) تنہا، طاق عدد جمع اَوْتَارْ (وَتَرْ) باجے کے تار، کمان کا چلہ جمع وِتَارْ۔
وتش (وَتْ۔ شْ) تباہی، تھوڑا، خراب۔

وتیرہ (وَ-تِی-رَہ) رکھ رکھاؤ، راہ، روش، دستور۔
وتین (وَ-تِین) دل کی ایک رگ۔
وثا (وَ-ثا) بند و بست (وَ-ثَا ء) موچ۔
وثاق (وَ-ثاق) قید و بند (وُ-ثاق) گھر، مکان۔
وثبہ (وَث-بَہ) قلانچ، کود پھاند۔
وثر (وِث-ر) نرم بستر۔
وثط (وَث-ط) باز رکھنا۔
وثق (وَث-ق) بھروسہ، اعتماد۔
وثقی (وُث-قا) مضبوط۔
وثن (وَ-ثَن) بت، مورت جمع اَوثان۔
وثنی (وَ-ثَنی) بت پرست۔
وثوب (وُ-ثوب) اچھل جانا، پھاندنا۔
وثوق (وُ-ثوق) بھروسہ، اعتماد، مضبوطی۔
وثیرہ (وَ-ثِی-رَہ) موٹی تازی عورت۔
وثیق (وَ-ثِیق) مضبوط جمع وِثاق۔
وثیقت، وثیقہ (وَ-ثِی-قَت، وَ-ثِی-قَہ) مضبوطی، عہد و پیمان، اعتماد، بھروسہ، عہد نامہ، دستاویز جمع وَثائق۔
وثیقہ نویس (وَ-ثِی-قَہ-نَوِیس) دستاویزیں لکھنے والا۔
وج (وَج) بچ، بخورات کی اگر
وجا (وَ-جا) ڈر، ار بچ (وَج ء) خصی کرنا، مار ڈالنا۔
وجاح (وِ-جاح، وُ-جاح) پردہ، پوشش۔
وجار (وِ-جار) بھیڑیے یا جرخ کے رہنے کی جگہ۔
وجاہ (وُ-جاہ) برابر۔
وجاہت (وَ-جا-ہَت) عزت، خوبصورتی، چہرے کی رونق۔
وجب (وَ-جَب) بالشت جمع اَواجب۔
وجد (وَج-د) غمگینی، شیفتگی، حالت ذوق و شوق کی بیخودی جمع مَواجید (وِج-د) توانائی، مالداری۔
وجدان (وِج-دان) آگاہی، بوجھ، دریافت۔

وجر (وَ-جَر) ڈرنے والا (وَ-جَر) ڈر، ڈرنا۔
وجس (وَج-س) کھٹکا، ڈر۔
وجع (وَ-جَع) درد جمع اَوجاع (وَج-ع) درد کرنا۔
وجع مفاصل (وَ-جَع-مَفا-صِل) گٹھیا کی ایک قسم۔
وجل (وَ-جَل) جو وہم کی وجہ سے ڈر ہو جمع اَوجال (وَ-جِل) ڈرنا۔
وجنہ (وَج-نَہ، وُج-نَہ) گال، رخسار جمع وَجنات۔
وجوب (وُ-جوب) تقاضا، ضرورت، واجبیت، غروب۔
وجود (وُ-جود) ہستی، جسم، مادہ، مطلوب پانا۔
وجور (وَ-جور) حلق میں ٹپکانے کی دوا۔
وجہ (وَج-ہ) چہرہ، طریقہ، سبب، باعث، ذات، طرف، جانب، رقم، ذریعۂ معاش جمع وُجوہ، اُجوہ، اَوجُہ جمع وُجوہات۔
وجہہ (وِج-ہَہ) طرف، جانب۔
وجہا (وَج-ہا) وظیفہ، پنشن، تنخواہ۔
وجیج (وَ-جِیج) مضبوط، سنگین۔
وجیز (وَ-جِیز) کوتاہ، مختصر۔
وجیع (وَ-جِیع) دردناک۔
وجیہہ (وَ-جِی-ہ) خوبصورت، مالدار، بارونق چہرے والا، خوشنما جمع وُجَہاء۔
وجیر (وَ-جِیر) فتوا۔
وحام، وحم (وِ-حام، وَ-حَم) ہر وقت کی خواہش۔
وحد (وَح-د) تنہا، یگانہ، اکیلا ہونا (وُ-حُد) تنہا، یگانہ (وِح-د) دوست۔
وحدان (وُح-دان) واحد کی جمع۔
وحدانی (وَح-دا-نی) منسوب بہ وحدت۔
وحدانیت (وَح-دا-نی-یَت) اکیلاپن، یکتائی۔
وحدت (وَح-دَت) یگانگت، اکیلاپن۔
وحدت قہری (وَح-دَت-قَہ-ری) ظاہری اور جبری یگانگت، آپس کا ایکا جو زبردستی کرایا جائے۔
وحدت نوعی (وَح-دَت-نَو-عی) ہمجنسی۔
وحش (وَح-ش) خراب، برا (وَح-ش) وحشی کی جمع۔

وحشت (وَ حْ۔ شَت) خوف، ڈر، بھڑک، بدک، تنہائی، آدمیوں سے بچاؤ۔
وحشت اثر (وَ حْ۔ شَت۔ اَ ثَر) جو دل میں وحشت پیدا کرے۔
وحشت انگیز (وَ حْ۔ شَت۔ اَن گیز) ڈراونی بات۔
وحشت زدہ (وَ حْ۔ شَت۔ زَ دَہ) ڈرا ہوا، سہما ہوا۔
وحشت ناک (وَ حْ۔ شَت۔ ناک) ڈراونی بات۔
وحشی (وَ حْ۔ شی) جنگلی جانور جو آدمیوں سے بھڑکے، الٹی جانب جمع وَحش جمع جمع وُحُوش۔
وحل (وَ حَل) دلدل، کیچڑ۔
وحمی (وَ حْ۔ می) حاملہ عورت جو کسی چیز کی آرزو کرے۔
وحی (وَ حْ ی) خدا کا پیغام، میٹھی بات (وَ حی) جلد، چست، نزدیک۔
وحید (وَ حید) یگانہ، تنہا، اکیلا۔
وحید العصر (وَ حی۔ دُل۔ عَص ر) جس کا ثانی نہ ہو۔
وحی منزل (وَ حْ ی۔ مُن۔ زَل) قرآن مجید۔
وخ (وَ خ) واہ، خوب۔
وخامت (وَ خا۔ مَت) ناسازگاری، دشواری، گرانی، ہیضہ۔
وخز (وَ خْ ز) کوچنا، کھبونا۔
وخش (وَ خْش) گھوڑے کی ایک بیماری، کمینہ۔
وخط (وَ خْ ط) جوتے کی پھٹ پھٹ آواز۔
وخف (وَ خْ ف) نچوڑنا۔
وخم، وخوم، وخیم (وَ خْم، وَ خُوم، وَ خیم) بھاری، ناگوار، جمع وِخام۔
ود (وَد) دوستی (وَد) میخ، کھونٹی (وُد) گرم، عقلمند۔
وداج (وِ داج) شہرگ جمع اَوْداج۔
وداد (وِ داد) دوستی (وَ داد) آرزو، چاہت۔
وداع (وَ داع) رخصت (وِ داع) دیکھو ودیع۔
ودائع (وَ دا۔ ئع) ودیعہ کی جمع۔

وذر (وَ ذْ ر۔ رَ ة) گوشت کی بوٹی۔
ودع (وَ دْع) گھونگا، سنکھ، کوڑی۔
وَدود (وَ دُود) دوست۔
ودید (وَ دید) دوست جمع اَوِدّا۔
ودیع (وَ دیع) آرام پایا ہوا، چھوڑنے والا۔
ودیعت (وَ دی۔ عَت) امانت جمع وَدائع۔
وذیقہ (وَ ذی۔ قَہ) گرمی کی شدت، تپش۔
وذیلہ (وَ ذی۔ لَہ) آئینہ، چاندی کا تار جمع وَذائل۔
وذیمہ (وَ ذی۔ مَہ) ہدیہ جمع وَذائم۔
ور (وَر) اگر، اوپر، والا، صاحب، خداوند، سینہ، گرمی، حرارت۔
ورا (وَرا) دیکھو ورا، دیکھو وری۔
وراثت (وِ را۔ ثَت) میراث پانا۔
وراد (وَرّاد) باغبان، مالی۔
وراز (وَ راز) سور، بریلا۔
وراطت (وِ را۔ طَت) فریب۔
وراق (وَ راق) زمین کی ہریالی، ہریاول (وَرّاق) محرر، دولتمند، ورق ساز، کاغذی۔
ورا (وَ را) عقب، پیچھے، جانب، سوا، بیٹا (وَ را) جنوں اور انسانوں کی مخلوق۔ ورا ورا کا مخفف۔
ورت (وَ رَت) برہنہ، عریاں۔
ورتیج (وَر۔ تیج) لوا، سلوی۔
ورث (وَ رْث) میراث پانا۔
ورثا (وُ رَ ثا) وارث کی جمع۔
ورثہ (وِر۔ ثَہ) میراث، برت (وَ رَ ثَہ) وارث کی جمع۔
ورج (وَ رَج) قادر، مرتبہ۔
ورخج (وَر۔ خَج) خراب، پلپلا، بھرا۔
ورخرج (وَر۔ خَرْج) مسرف، فضول خرچ۔
ورخوردہ (وَر۔ خُور۔ دَہ) ملاقات کیا ہوا۔
ورد (وِرْد) روٹین، ہمیشہ کا روز کا کام، پنگھٹ،

پیاؤ جمع اَوْرَاد (وَرْد) پھول، گلاب کا پھول۔

وردت (وُرْ۔ دَتْ) گلگوں رنگ (وَرْ۔ دَتْ) گلاب کا پھول۔

وردمربی (وَرْد۔ مُرَبْ بَا) گلقند۔

وردوک (وَرْ۔ دُوْک) چچیڑ۔

وردی (وَرْ۔ دِیْ) گلاب کی مانند، گلاب سے متعلق۔

ورزاں (وَرْ۔ زَاں) مشق کرنے والا، اختیار کرتا ہوا، مشق کرتا ہوا۔

ورزش (وَرْ۔ زِشْ) مشق، اختیار، بحالی صحت کے لئے جسمانی قوت کا استعمال۔

ورزندہ (وَرْ۔ زَنْ۔ دَہْ) مشق کرنے والا۔

ورزیدن (وَرْ۔ زِیْ۔ دَنْ) مشق کرنا، اختیار کرنا مصدر وَرْزَدْ۔

ورزیدنی (وَرْ۔ زِیْ۔ دَنِیْ) مشق کرنے کے لائق۔

ورزیدہ (وَرْ۔ زِیْ۔ دَہْ) مشق کیا ہوا، اختیار کیا ہوا۔

ورستاد (وَرَسْ۔ تَادْ) وظیفہ، اسکالرشپ۔

ورستان (وَرَسْ۔ تَانْ) رہنما کے پیرو۔

ورسن (وَرْ۔ سَنْ) رسی۔

ورسیج (وَرْ۔ سِیْج) چھت، بام، سقف۔

ورشتاد (وَرَشْ۔ تَادْ) دیکھو ورستاد۔

ورشہ (وَرْ۔ شَہْ) کارخانہ۔

ورطہ (وَرْ۔ طَہْ) ہلاکت کی جگہ، بھنور جمع وِرَاطْ۔

ورع (وَرَعْ، وَرَاعْ) پرہیزگاری (وَرِعْ) پرہیزگار۔

ورغلانندہ (وَرْ۔ غَلَا۔ نِنْ۔ دَہْ) بہکانے والا۔

ورغلانیدن (وَرْ۔ غَلَا۔ نِیْ۔ دَنْ) بہکانا مصدر وَرْغَلَانَدْ۔

ورغلانیدہ (وَرْ۔ غَلَا۔ نِیْ۔ دَہْ) بہکایا ہوا۔

ورفان (وَرْ۔ فَانْ) شفاعت کرنے والا۔

ورق (وَرَقْ) پتہ، کاغذ کا کٹا ہوا ٹکڑا، پترا، پنہ جمع اَوْرَاقْ، وُرْقْ (وَرِقْ) چاندی کا سکہ۔

ورقا (وَرْ۔ قَا) فاختہ، کبوتر جمع وُرْقْ۔

ورق الخیال (وَرَقُلْ۔ خَیَالْ) بھنگ۔

ورق خام (وَرَقِ۔ خَامْ) کچا چیتھڑا۔

ورقہ (وَرَ۔ قَہْ) ٹکٹ، پتہ۔

ورقہ تحویل (وَرَقَ۔ اِ۔ تَحْ۔ وِیْلْ) چیک۔

ورک (وَرِکْ، وَرْکْ) چوتڑ، کولا، بھاندی۔

ورکاک (وَرْ۔ کَاکْ) چڑیمار، ایک مردار خور پرند۔

ورل (وَرَلْ) ایک جانور مثل سقنقور۔

ورم (وَرَمْ) سوجن جمع اَوْرَامْ۔

ورمالیدن (وَرْ۔ مَا۔ لِیْ۔ دَنْ) کمر باندھنا، جان بچا کر بھاگنا۔

ورنا (وَرْ۔ نَا) دیکھو برنا۔

ورنش (وَرْ۔ نِشْ) وارنش YARNISH

ورنہ (وَرْ۔ نَہْ) اور نہیں تو۔

ورود (وُرُوْدْ) داخلہ، کسی جگہ میں آنا۔

وروغ (وُرُوْغْ) ڈکار۔

ورہ (وَرَہْ) بیوقوف، احمق۔

وری (وَرَا) خلق، عالم (وَرِیْ) دیکھو واری

وریب (وُرِیْبْ) دیکھو اریب۔

ورید (وَرِیْدْ) گردن کی رگ، وہ رگ جس میں پھڑک نہ ہو جمع اَوْرِدَہْ۔

وریہ (وَرِیْہْ) آم کا گوند۔

وزارت (وِزَا۔ رَتْ) وزیر کا عہدہ۔

وزارت خانہ (وِزَا۔ رَتْ۔ خَا۔ نَہْ) وزیر کا دفتر۔

وزان (وَزْ۔ زَانْ) بہت تولنے والا جمع وُزَّانْ۔ (وَزَانْ) رواں، ہوا چلتی ہوئی۔

وزر (وِزْرْ) گرانی، بوجھ، پشتارہ، گناہ، ہتھیار، کتاب جمع اَوْزَارْ۔

وزش (وَزِشْ) ہوا کی سرسراہٹ۔

وزغ، وزغہ (وَزَغْ، وَزَغَہْ) مینڈک، چھپکلی، گرگٹ۔

وزم (وَزْم) مٹھا، گڈی۔
وزن (وَزْن) تول، بوجھ، اندازہ جمع اَوْزان
عزت، وقار۔
وزندہ (وَزِن۔دَہ) چلنے والی ہوا۔
وزنہ (وَزْنَہ) باروت کا پیمانہ۔
وزی (وَزا) بونا، ٹھنگنا۔
وزیدن (وَزی۔دَن) ہوا کا چلنا مضع وَزَد۔
وزیدہ (وَزی۔دَہ) چلی ہوئی ہوا۔
وزیر (وَزِیر) بوجھ اُٹھانے والا، اعلیٰ ترین رکن حکومت
جمع وُزَراء۔
وزیری (وَزی۔ری) دیکھو وزیر۔
وژن (وَژَن) کثافت، نجاست۔
وژولندہ (وُژُو۔لَن۔دَہ) تقاضا کرنے والا۔
وژولیدن (وُژُو۔لی۔دَن) تقاضا کرنا، اُبھارنا
مضع وُژُول۔
وژولیدہ (وُژُو۔لی۔دَہ) تقاضا کیا ہوا۔
وژہ (وُژَہ) بالشت، وجب۔
وس (وَس) دیکھو بس۔
وسادہ (وِسا۔دَہ) تکیہ، سرہانہ جمع وَسائِد۔
وساطت (وَسا۔طَت) واسطہ، وسیلہ، بیچ۔
وسالت (وَسا۔لَت) وساطت۔
وسام (وَسام) تمغہ۔
وسامت (وَسا۔مَت) خوبی، زیبائی، خوبصورتی۔
وسائط (وَسا۔ئِط) واسطہ کی جمع۔
وسب (وَسَب) کثرت، بھیڑ (وَس۔ب) اُکو تلیں
نبی کو ٹھی۔
وستا (وَس۔تا) تعریف، ستائش، حمد۔
وستی (وَس۔تی) شرح، ترجمہ۔
وسخ (وَسَخ) (وَس۔خ) میل کچیل جمع اَوْساخ
(وَسِخ) میلا، کچیلا۔
وسط (وَس۔ط) بیچ، ہر چیز کا درمیان جمع اَوْساط
(وَسَط) چھوٹی چیز، درمیانی چیز۔
وسطیٰ (وُس۔طا) درمیان، بیچ کی انگلی (وَسَطی)
منسوب بہ وسط، درمیانی۔
وسع (وُس۔ع) چوڑائی، پہونچ، طاقت۔
وسعت (وُس۔عَت) فراخی۔
وسم (وَسْم) نشان، داغ، دھبہ۔
وسمت (وَس۔مَت) ٹیکا، تہمت۔
وسمہ (وَس۔مَہ) نیل کی پتی۔
وسمی (وَس۔می) بہار کا پہلا مہینہ۔
وسن (وَسَن) نیند، اونگھ، آلودگی، پینک،
آلودہ (وَسِن) سویا ہوا۔
وسناد (وَس۔ناد) بہت، انبوہ۔
وسنی (وَس۔نی) سوکن، سوت۔
وسواس (وَس۔واس) وہم، وسوسہ جمع
وَساوِس۔
وسواسی (وَس۔وا۔سی) وہمی۔
وسوسہ (وَس۔وَسَہ) اندیشہ، بدی، بُرائی،
بُرے بُرے خیالات جمع وَساوِس۔
وسمہ (وَسَمَہ) ہاتھ کی لکڑی، قوت، قدرت۔
وسیط (وَسِیط) چھوٹی قوم کا باعزت آدمی۔
وسیع (وَسِیع) چوڑا۔
وسیع النظر (وَسِیع۔عُن۔نَظَر) جس کی نظر وسیع ہو۔
وسیع النظری (وَسِیع۔عُن۔نَظَری) نظر
وسیع ہونا۔
وسیلہ (وَسی۔لَہ) ذریعہ، واسطہ جمع وُسُل وَسائِل۔
وسیم (وَسِیم) خوبصورت، حسین، نشان کیا ہوا۔
وش (وَش) کلمۂ تشبیہ، مانند، نظیر، اچھا،
پگڑی، شملہ۔
وشا (وُشا) (شاء) چھینی، چھاننے والا۔
وشاح (وِشاح) حمائل، ہار، گلوبند جمع وُشُح،
اَوْشِحَہ، وَشائِح۔

وشادن (وِشَا۔ دِن) کھولنا۔
وشاق (وُشَاق) غلام لڑکا۔
وشت (وَشْ ات) اچھا، خوش۔
وشتن (وَشْ۔ تَن) ناچنا۔
وشظ (وَشْ ظ) پچر لگانا۔
وشق (وَشْق) عمدہ اون کا ایک ترکستانی جانور، وشق کا پوستین (وُشْق) غلام لڑکا۔
وشکلید (وَشْ۔ کَ۔ لِید) جلد بازی۔
وشل (وَشَل) تھوڑا پانی۔
وشم (وَشْم) نشان، نقش جمع وُشُوم، وِشَام گدنا، کہر یعنی جاڑے کے موسم میں زمین کے بخارات۔
وشنی (وَشْ۔ نِی) گلگونہ، سرخ رنگ۔
وشی (وَشْی) رنگین کپڑا، چھینٹ۔
وشیع (وَشِیع) کھیت وغیرہ کی باڑھ۔
وشیک (وَشِیک) تیز رو، تیز رفتار، پیامبر۔
وصاف (وَصّ اف) بہت زیادہ تعریف کرنیوالا۔
وصال (وِصَال) میل، پیوستگی (وَصّ صَال) بہت ملنے والا، بڑا ملانیوالا، پیوست کرنیوالا (وُصّ صَال) واصل کی جمع۔
وصایت (وَصَا۔ یَت) نابالغ کی سرپرستی۔
وصب (وَصَب) بیماری، رنج (وَصِب) رنجیدہ، بیمار۔
وصف (وَصْف) تعریف، خوبی، صفت جمع اَوْصَاف۔
وصل (وَصْل) جوڑ بند، ملاقات، سنجوگ، میل، رسید جمع اَوْصَال (وُصْل) عہد، عہدنامہ۔
وصلت (وُصْ۔ لَت) پیوند، میل ملاپ، پیوستگی، پیوند (وَصْ۔ لَت) دیکھو وصلہ۔
وصلہ (وَصْ۔ لَہ) ہر چیز کا ٹکڑا (وُصْ۔ لَہ) بالوں کا چٹلا۔
وصلی (وَصْ۔ لِی) کاغذ وغیرہ کے مصالحہ لگے ہوئے دو تختے جن پر لکھنے کی مشق کی جاتی ہے۔
وصمت، وصمہ (وَصْ۔ مَت، وَصْ۔ مَہ) عیب۔
وصوص (وَصْوَص) برقع میں سے دیکھنے کا سوراخ۔

وصول (وُصُول) پہونچنا۔
وصی (وَصِی) جس کو وصیت کی گئی ہو جمع اَوْصِیَاء (وَصْی) ملنا۔
وصیت (وَصِی۔ یَت) مرنے والے کی خواہشوں کا اظہار جو وہ تعمیل کے لئے کرے جمع وَصَایَا۔
وصید (وَصِید) آستانہ، چوکھٹ۔
وصیف، وصیفہ (وَصِیف، وَصِی۔ فَہ) خدمتگار، لونڈی، غلام۔
وصیلہ (وَصِی۔ لَہ) فراخی، آبادانی۔
وضاح (وَضّ اح، وَضَاح) گورا چٹا، سفید کوڑھ کا بیمار۔
وضاحت (وَضَا۔ حَت) کشادگی۔
وضر (وَضَر) چکنائی کا دھبہ۔
وضع (وَضْع) حالت، دھج، قاعدہ، ڈھنگ جمع اَوْضَاع جننا، حساب میں سے کوئی رقم نکالنا، بنانا، رکھنا (وُضْع) ناقص، القوی بچہ۔
وضع الحمل (وَضْ۔ عُلْ۔ حَمْل) بچہ جننا۔
وضو (وُضُو) نماز سے قبل شرعی حکم کے مطابق منہ ہاتھ وغیرہ دھونا، روشن ہونا (وَضُو) وضو کرنیکا پانی۔
وضوح (وُضُوح) روشن، آشکارا، شہادت، ثبوت
وضی (وَضِی) پاک، اچھی شکل والا۔
وضیع (وَضِیع) کمینہ، پیچ، چنڈال۔
وضیعہ (وَضِی۔ عَہ) تجارتی نقصان جمع وَضَائِع۔
وضیمہ (وَضِی۔ مَہ) ماتمی کھانا، غمی کی روٹی۔
وطا (وَطَا) جانا، روندنا (وِطَا) لباس، بستر، فرش۔
وطائد (وَطَا۔ ءِد) بنیادی قواعد، قواعد البنیان۔
وطب (وَطْب) دودھ کی مشک جمع وِطَاب۔
وطباء (وَطْ۔ بَاء) بڑی چھاتیوں والی عورت۔
وطد (وَطْد) مضبوطی جمع اَوْطَاد۔
وطر (وَطَر) حاجت جمع اَوْطَار۔
وطن (وَطَن) جنم بھوم، رہنے کی جگہ جمع اَوْطَان۔
وطواط (وَطْ۔ وَاط) ابابیل۔

وطی (وَطْی) روندنا، پائمال کرنا، جماع کرنا۔
وطیس (وَطِیس) لوہے کا تنور۔
وظیفہ (وَظی۔فَہ) پنشن، مقررہ چیز، خدمت جمع وَظَائِف۔
وعاء (وِعَاء) برتن، ظرف جمع اَوْعَا، اَوْعِیَہ
(وَعَا) آواز، غوغا۔
وعاظ (وُعْ۔عَاظ) واعظ کی جمع۔
وعد (وَعْد) خوشخبری، نوید۔
وعدہ (وَعْ۔دَہ) اقرار، پیمان، عہد جمع وُعُود۔
وعر (وَعْر) مشکل، تھوڑا سا احسان، گرمی کی شدت،
کینہ، غصّہ، بنجر۔
وعظ (وَعْظ) نصیحت، تلقین، ہدایت۔
وعل (وَعْل) پہاڑی بکری جمع وُعُول، وُعْل،
اَوْعَال۔
وعواع (وَعْ۔وَاع) آواز، غُل، غوغا۔
وعوع (وَعْ۔وَع) لومڑی، عقلمند آدمی۔
وعید (وَعِید) دھمکی، عذاب کا وعدہ۔
وغا (وَغَا) جنگ، لڑائی، شور غوغا۔
وغد (وَغْد) کمینہ، فرومایہ، ناکس (وَغَد) بینگن،
بادنجان۔
وغست (وَغَسْ۔ت) ظاہر، آشکارا۔
وغستن (وَغَسْ۔تَن) ظاہر کرنا۔
وغیرہ (وَغَی۔رَہ) اور سوائے۔
وفا (وَفَا) نمک حلالی، دوستی، عہد، بات۔
وفا پیشہ (وَفَا۔پے۔شَہ) سب کے ساتھ وفا کرنے والا۔
وفات (وَفَات) موت۔
وفادار (وَفَا۔دَار) وفا والا، نمک حلال۔
وفادت (وِفَا۔دَت) ایلچی گری، پیغامبری۔
وفاز (وِفَاز) شتاب۔
وفاق (وِفَاق) موافقت، محبت، اتفاق، یگانگی۔
وفاقت (وِفَا۔قَت) دوستی، محبت، موافقت۔

وفد (وَفْد) وافد کی جمع، نمایندوں کا گروہ جمع وُفُود
پیغامبری کے لئے کسی اعلیٰ منصب والے کے پاس جانا
وفر (وَفْر) کثرت، زیادتی، پورا
وفض (وَفْض) شتاب، جلدی۔
وفضہ (وَفْ۔ضَہ) ترکش جمع وِفَاض۔
وفق (وَفْق) موافق، سازگار، مطابق۔
وفود (وُفُود) وافد کی جمع الجمع، وفد کی جمع۔
وفور (وُفُور) زیادتی، بہتایت، کثرت۔
وفی (وَفِی) تمام، کامل، پورا (وُفِیّ) تمام ہونا۔
وقا (وِقَا) وہ چیز جس سے نگہبانی کریں۔
وقاح (وَقَاح) بے شرم، بے ادب جمع وُقُح۔
وقاحت (وَقَا۔حَت) بے حیائی، بے ادبی۔
وقاد (وَقْ۔قَاد) بڑا چمکدار، بہت بھڑکدار۔
وقار (وَقَار) بھاری بھرکم پن، بردباری۔
وقاص (وَقْ۔قَاص) گردن توڑ، جنگجو۔
وقاع (وِقَاع) لڑائی، جنگ (وَقْ۔قَاع) چغلخور۔
وقائع (وَقَا۔اِع) وقیعہ کی جمع۔
وقائع نگار (وَقَا۔اِع۔نِگَار) خبریں لکھنے والا۔
وقائع نگاری (وَقَا۔اِع۔نِگَا۔رِی) خبریں لکھنا۔
وقایہ (وِقَا۔یَہ) نگہداشت، حفاظت۔
وقت (وَقْت) زمانہ، عرصہ، ہنگام جمع اَوْقَات۔
وقح (وَقِح) بے حیا۔
وقر (وَقْر) حلم، تمکین، عزّت، بہراپن (وِقْر)
گدھے کا بوجھ، ڈھیر جمع اَوْقَار۔
وقس علیٰ ہذا (وَقِس۔عَلَا۔ہَا۔ذَا) اور قیاس کر
اسی پر۔
وقش (وَقْش) چھپٹی، چوب ریزہ۔
وقص (وَقْص) گردن توڑنا۔
وقع (وَقْع) اعتبار، عزّت، اونچی جگہ۔
وقعت (وَقْ۔عَت) بلندی، اونچائی، سختی، جنگ
وقف (وَقْف) خدا کے نام کی ہوئی چیز، چھوڑنا

توقف، ٹھہراؤ، خبرداری، فہم، عطا، بخشش جمع اَوقَاف۔
وقفہ (وَقْ۔ فَہ) ٹھہراؤ، رکاؤ۔
وقود (وَ قُود) ایندھن (وُ قُود) آگ جلانا۔
وقور (وَ قُور) آہستہ۔
وقوع (وُ قُوع) اُتار، ظہور، واقع ہونا۔
وقوف (وُ قُوف) آگاہی، واقفیت، ٹھہرنا۔
وقی (وَ قْ ی) نگہداشت۔
وقیح (وَ قِیح) دیکھو وقاح۔
وقید (وَ قِید) آگ سلگانے کا پتلا ایندھن۔
وقیذ (وَ قِیذ) دبلا، بے قوت۔
وقیر (وَ قِیر) بوجھل، گراں۔
وقیع (وَ قِیع) اونچا، بلند۔
وقیعت، وقیعہ (وَ قِی۔ عَت، وَ قِی۔ عَہ) بدگوئی، لڑائی، کارزار، پوکھر، قلم پاک جمع وَقَائِع۔
وقیہ (وَ قِی۔ یَہ) چالیس درم کا وزن۔
وکاف (وِ کَاف) گدھے کا پالان، گھوڑے کی زین۔
وکالت (وَ کَا۔ لَت) وکیل کا کام، وکیل کا پیشہ۔
وکر (وَکْ۔ ر) گھونسلا، آشیانہ جمع وُکُور۔
وکز (وَکْ۔ ز) گھونسا مارنا۔
وکس (وَ کْس) کمی۔
وکعا (وَکْ۔ عَا) احمق عورت۔
وکف (وَکْ۔ ف) ٹپکا (وَ کَف) گناہ، عیب۔
وکل (وَ کَل) کمزور جو دوسرے پر اپنا کام چھوڑ دے (وَکْ۔ ل) دیکھو وکول۔
وکن (وَکْ۔ ن) گھونسلا، انڈے سینا۔
وکول (وُ کُول) دوسرے پر کام چھوڑنا۔
وکیرہ (وَ کِی۔ رَہ) دعوت جو عمارت بنانے کی خوشی میں ہو۔
وکیع (وَ کِیع) سخت، مضبوط۔
وکیف (وَ کِیف) ٹپکا لگنا، پانی ٹپکنا۔
وکیل (وَ کِیل) گماشتہ، مشیر قانونی، پیروکار، جس کو کام سونپا جاوے جمع وُکَلَاء۔
وگر (وَ گَر) اور اگر۔
وگرنہ (وَ گَرْ۔ نَہ) اور اگر نہیں۔
ول (وَل) کلی، انگور کی کلی (وِل) کمینہ آدمی، کمینی حرکت۔
ولا (وِلَا) دوستی، محبت، لگاتار کام (وَلَا) آزاد غلام کی میراث۔
ولات (وُلَات) والی کی جمع۔
ولاد (وِلَاد) بچہ جننا۔
ولادت (وِلَا۔ دَت) پیدائش، بچہ جننا۔
ولاس (وَلْ۔ لَاس) بھیڑیا۔
ولاف (وِلَاف) محبت، ایک چال۔
ولایت (وِلَا۔ یَت) آباد خطہ، دیس، حکومت، غیر ملک، قبضہ، دوستی، خدا کی نزدیکی (وَلَا۔ یَت) سچائی، مددگاری۔
ولایتی (وِلَا۔ یَتی) منسوب بہ ولایت، ولایت کا آدمی، ولایت کی چیز۔
ولد (وَلْ۔ د) بچہ جمع اَوْلَاد (وَ لَد، وُلْ۔ د) بیٹا، بہت سے بیٹے۔
ولد الزنا (وَلَدُ۔ زِّ نَا) حرام کا بچہ، برساتی کیڑا مکوڑا۔
ولع (وَ لَع) لالچ، فریفتگی (وُلْ۔ ع) جھوٹ۔
ولعان (وَ لَعَان) جھوٹ بولنا۔
ولغ (وَ لَغ) کتے کا پانی پینا۔
ولکاری (وِلْ۔ کَا۔ رِی) بدکاری۔
ولکن (وَ لٰکِن) اور لیکن۔
ولندیز (وَ لَنْ۔ دِیز) ہالینڈ، ہولانڈ (مغربی یورپ)
ولندیزی (وَ لَنْ۔ دِی۔ زِی) ڈچ، ہالینڈ کا باشندہ۔
ولوج (وُ لُوج) گھسنا، اندر پڑنا۔
ولود (وَ لُود) وہ عورت جو بچے بہت جنتی ہو۔
ولوع (وَ لُوع) لالچی، لوبھی۔
ولوغ (وُ لُوغ) دیکھو ولغ۔

ولولہ (وَلْ۔ وَلَہ) جوش خروش، واویلا، شور وغل۔

ولہ (وَلَہ) شیفتگی، عشق، غصّہ۔

ولہان (وَلْہان) حیران، بے ہوش۔

ولی (وَلی) دوست، مددگار، نزدیک، کفیل، ذمہ دار، خدارسیدہ، شہزادہ، سردار، مالک جمع اَوْلِیا

(وَلْ ی) بہار کا دوسرا مہینہ، نزدیک ہونا۔

ولے (وَلے) حرف استثنا، حرف استدراک، لیک، لیکن، بلے۔

ولیجہ (وَلی۔ جَہ) دلی دوست۔

ولید (وَلید) لڑکا، غلام لڑکا، لونڈی جمع وِلْدان، وِلْدَہ۔

ولیدہ (وَلی۔ دَہ) لونڈی، لڑکی جمع ولائد۔

ولیخ (وَلیخ) کلی، غنچہ۔

ولیعہد (وَلی۔ عَہْد) بادشاہ کا جانشین۔

ولیک، ولیکن (وَلیک، وَلے۔ کِن) دیکھو ولے۔

ولیماہی، ولیمہ (وَلی۔ما۔ہی، وَلی۔ مَہ) طعام عروسی، بیاہ کی دعوت۔

ولین (وِلین) داد، قوبا۔

ولی نعمت (وَلِیْ۔ نِعْ۔ مَت) مربّی محسن۔

ومضان (وَمَضان) بجلی چمکنا۔

ون (وَن) کلمۂ تشبیہ، مانند، چہ دخی۔

ونا (وَنا) سست ہونا، ماندہ ہونا۔

وناہ (وَناہ) سست عورت۔

وند (وَنْد) مانند، کلمۂ تشبیہ۔

وندہ (وَنْ۔ دَہ) تیرہ تیزک۔

ونی (وَنْی، وَنا) سستی، ماندگی۔

ونیم (وَنیم) مکھی کا گوہ۔

وہ (وَہ) دیکھو واہ۔

وہاب (وَہّاب) بہت بخشنے والا، اللہ تعالیٰ

وہاج (وَہّاج) روشن، چمکیلا، بھڑکیلا۔

وہب (وَہْب) بخشش، دَین۔

وہبی (وَہْ۔ بی) بخشی ہوئی چیز، عطا کی ہوئی چیز۔

وہج (وَہْج) آگ کا شعلہ۔

وہجان (وَہَجان) آگ بھڑکنا۔

وہدہ (وَہْ۔ دَہ) نشیبی زمین جمع وِہاد۔

وہس (وَہْس) سخن چینی۔

وہق (وَہَق) کمند۔

وہل (وَہَل) ڈرنا (وَہْل) دھیان بٹنا۔

وہلم جرا (وَہَلُمَّ۔ جَرّا) اور چلے آؤ کھینچتے ہوئے۔

وہلہ (وَہْ۔ لَہ) ڈر، نوبت، مرتبہ، دفعہ، باری۔

وہم (وَہْم) وسواس، اندیشہ، خیال، ڈر جمع اَوْہام۔

وہمہ (وَہْ۔ مَہ) دردِ زہ، درد ولادت۔

وہمی (وَہْ۔ مِی) جس کو وہم ہو۔

وہن (وَہْن) سستی، ڈھیلا پن، آدھی رات۔

وہوم (وَہُوم) بہت زیادہ غلط گمان کرنے والا۔

وہوذا (وَہُوَ۔ ہا۔ ذا) اور وہ یہ ہے۔

وہی (وَہْی) نرم چیز کا ڈھیلا پڑ جانا۔

وے (وِے) وہ، اُس جیسا کہ، اُسکو۔

ویب (وَیْب) افسوس، حسرت، سختی۔

ویح (وِیح) کلمۂ ترحم، تعریف، افسوس۔

وید (وِید) کم، اکیلی چیز (وَید) چارہ، علاج۔

ویدن (وَی۔ دَن) علاج کرنا۔

ویدیدن (وَیْ۔ دِی۔ دَن) گم ہونا، ناپدید ہونا۔

ویرا (وے۔ را) اُس کو، اس کے لئے۔
ویران (وِ یْ۔ رانْ) اُجڑ، غیر آباد، اُجاڑ۔
ویرانگر (وِ یْ۔ رانْ۔ گَرْ) لٹیرا۔
ویرانہ (وِ یْ۔ را۔ نَہْ) دیکھو ویران۔
ویرانی (وِ یْ۔ را۔ نِیْ) اُجاڑ، غیر آبادی۔
ویرہ (وِ یْ۔ رَہْ) خربوزے کا پیٹر۔
ویژہ (وِ ے۔ ژَہْ) خالص، خالصہ۔
ویس (وَ یْس) کلمۂ حقارت، کلمۂ تشبیہ۔
ویشہ (وِ ے۔ شَہْ) دیکھو بیشہ
ویل (وَ یْل) کلمۂ افسوس، مصیبت، انتقام، عداوت، دوزخ کا ایک طبقہ۔
ویل کش (وَیْل۔ کَشْ) بدلہ لینے والا۔
ویلا (وَ یْ۔ لَا) کلمۂ افسوس۔
ویلان (وِ ے۔ لَانْ) ناغہ۔
وین (وِ یْن) رنگ، کالا انگور (وَیْن) شہروانا۔
ویہ (وَ یْ ہ) بھڑ کانے کا کلمہ، آہا، اَیْ، ہَیْ۔

ہ

ہ (ہا، ہے) حرف قمری، قایم مقام عدد ۵، کئی حرفوں سے بدل ہے۔
۱۔ ا کے ساتھ مثلاً ہیچ، ایچ۔ ۲۔ ب کے ساتھ مثلاً کوہبہ، کوبہ۔ ۳۔ پ کے ساتھ مثلاً کوہ، کوپ۔ ۴۔ ج کے ساتھ مثلاً ناگاہ، ناگاج۔ ۵۔ ح کے ساتھ مثلاً جہیر، ہیر۔ ۶۔ خ کے ساتھ مثلاً خجیر، ہجیر۔ ۷۔ د کے ساتھ مثلاً شنبد، شنبہ۔ ۸۔ ز کے ساتھ مثلاً درواز، دروازہ۔ ۹۔ س کے ساتھ مثلاً آماس، آماہ۔ ۱۰۔ ش کے ساتھ مثلاً پاشنگ، پاہنگ۔ ۱۱۔ غ کے ساتھ مثلاً ملغم، ملہم۔ ۱۲۔ ف کے ساتھ مثلاً تُف، تُہ۔ ۱۳۔ ک کے ساتھ مثلاً پروانک، پروانہ۔ ۱۴۔ ل کے ساتھ مثلاً چال، چاہ۔ ۱۵۔ ن کے ساتھ مثلاً مرزن، مرزہ۔ ۱۶۔ م کے ساتھ مثلاً باسرم، باسرہ۔ ۱۷۔ ی کے ساتھ مثلاً راہگاں، رایگاں۔

ہا (ہَا) فارسی میں بے جان چیزوں کی علامت جمع، کلمۂ تنبیہ۔
ہابط (ہَا۔ بِطْ) نیچے اُترنے والا۔
ہابی (ہَا۔ بِیْ) خاک گور، قبر کی مٹی۔
ہاتف (ہَا۔ تِفْ) آواز دینے والا، ٹیلیفون۔
ہاتف غیبی (ہَا۔ تِفِ۔ غَیْ۔ بِیْ) فرشتہ جو آواز دیتا ہے۔
ہاجر (ہَا۔ جِرْ) ہجرت کرنے والا، گھربار چھوڑنے والا۔
ہاجرہ (ہَا۔ جِرَہْ) بہت گرم دوپہر۔
ہاجس (ہَا۔ جِسْ) دل میں گذرنے والا۔
ہاجسہ (ہَا۔ جِسَہْ) وسواس، شیطانی خطرہ جمع ہَوَاجِسْ۔
ہاجن (ہَا۔ جِنْ) کنواری لڑکی۔
ہاج واج (ہَاجْ۔ وَاجْ) پریشان۔
ہاجی (ہَا۔ جِیْ) ہجو کرنے والا، حرفوں کی ہجے کرنے والا۔
ہادم (ہَا۔ دِمْ) ڈھانے والا، اُجاڑنے والا۔
ہادی (ہَا۔ دِیْ) ہدایت کرنے والا جمع ہُدَاتْ، ہُدَاۃْ، ہَوَادِیْ۔
ہار (ہَارْ) ۱۔ گرا ہوا، ڈھیا ہوا۔ ۲۔ بدھی، مالا۔
ہارب (ہَا۔ رِبْ) بھاگنے والا۔

ہارش (ہا۔ رِشْ) نازش، خودنمائی۔
ہاروت (ہا۔ رُوْت) ایک فرشتے کا نام۔
ہاروتی (ہا۔ رُوْ۔ تِیْ) جادوگری، ساحری۔
ہارون (ہا۔ رُوْن) قاصد، نقیب، پاسبان۔
ہاروندن (ہا۔ رُوْں۔ دَنْ) حیران ہونا۔
ہارونی (ہا۔ رُوْ۔ نِیْ) پیغامبری، پاسبانی۔
ہاژوییدن (ہا۔ ژُوْ۔ اِیْ۔ دَنْ) حیران ہونا، عاجز آنا۔
ہاژیدن (ہا۔ ژِیْ۔ دَنْ) رونا، تکبر کرنا مضع ہاژد۔
ہاشمی (ہا۔ شِمِیْ) منسوب طرف ہاشم جو سردار دوعالم کے خاندان کے مورث تھے۔
ہاضم (ہا۔ ضِمْ) ہضم کرنے والا، ہضم ہونے والا۔
ہاضمہ (ہا۔ ضِمَہْ) ہضم کرنے کی قوت۔
ہاضوم (ہا۔ ضُوْم) دوا جو کھانا ہضم کرے۔
ہاطل (ہا۔ طِلْ) بڑی بر سنے والی گھٹا جمع ہُطَّل۔
ہاع (ہاعْ) بد دل۔
ہاک (ہاکْ) دیکھو خاک۔
ہاکلہ (ہاکْ۔ لَہْ) ہکلا۔
ہاگ (ہاگْ) دیکھو خاگ۔
ہال (ہالْ) سفید الائچی، قرار، آرام، ناچ، چوگان کی گیند۔
ہالع (ہا۔ لِعْ) تیز رفتار شتر مرغ، لالچی آدمی۔
ہالک (ہا۔ لِکْ) ہلاک کرنے والا، ہلاک ہونے والا جمع ہوالِک، ہُلّاک، ہَلْکیٰ، ہُلَّک، ہَلْکیٰ۔
ہالکہ (ہا۔ لِکَہْ) لالچی نفس۔
ہالگاہ (ہالْ۔ گاہْ) چوگان کھیلنے کا میدان۔

ہالہ (ہا۔ لَہْ) پارس، چاند پر دائرہ۔
ہامر (ہا۔ مِرْ) بہت بر سنے والی گھٹا۔
ہامز (ہا۔ مِزْ) آنکھ سے اشارہ کرنے والا، عیب کرنے والا۔
ہامن (ہا۔ مِنْ) دیکھو ہاموْن۔
ہاموم (ہا۔ مُوْم) پگھلی ہوئی چربی، اونٹ کا کوہان۔
ہامون (ہا۔ مُوْن) میدان، جنگل، ریگستان۔
ہامہ (ہا۔ مَہْ) کھوپڑی، پیشانی، سردار قوم، الو جمع ہام (ہا۔ مْ) (مَہْ) کھیت میں پڑنے والا جانور جمع ہَوَّام۔
ہامی (ہا۔ مِیْ) سرگشتہ، حیران۔
ہان (ہاں) کلمۂ تنبیہ، خبردار، ہشیار۔
ہانم (ہا۔ نِمْ) دیکھو خانم۔
ہاون (ہا۔ وَنْ) اوکھلی، چیز کوٹنے کا ظرف۔
ہاون دستہ (ہا۔ وَنْ۔ دَسْ۔ تَہْ) دھات کی موسلی اور اوکھلی۔
ہاوون (ہا۔ وُوْن) اوکھلی، ہاون جمع ہَوَاوِین۔
ہاویہ (ہا۔ وِیَہْ) دوزخ کا ساتواں طبقہ۔
ہاہا (ہا۔ ہا) قہقہہ کی آواز۔
ہائب (ہا۔ اِبْ) ڈرنے والا۔
ہائد (ہا۔ اِدْ) توبہ کرنے والا جمع ہُوَّد۔
ہائع (ہا۔ اِعْ) بد دل مرد۔
ہائل، ہائلہ (ہا۔ اِلْ، ہا۔ اِلَہْ) ہولناک، جس سے ڈر لگے۔
ہائم (ہا۔ اِمْ) شیفتہ، محبت میں متوالا، پیاسا، بھولا بھٹکا۔
ہای (ہایْ) دکھ کی آواز۔
ہائے مشتق (ہا۔ اے۔ مُشْ۔ تَقْ) ہائے مخلوط، ہائے دو چشمی (ھ)
ہبا (ہَبا) غبار، ذرہ، ناچیز جمع اَہْبِیَہْ۔
ہبار (ہَبْ۔ بَارْ) بالوں والا ایک بنار۔

ہبت (ہِبَتْ) بخشش ـ
ہبص (ہبَ ص) خوشی ، ہنسی خوشی ـ
ہبط (ہبَ ، ط) نیچے اُترنا ، نقصان کرنا ـ
ہبک (ہَبَکْ) ہتھیلی ، راحہ ، کف دست ـ
ہبل (ہبَلْ) کاہل ، بوڑھا ، آلکسی ـ
ہبوب (ہَبُوْب) اندھیاؤ ، خاک آلود جھکڑ (ہُبُوْب) ہوا چلنا ـ
ہبوط (ہُبُوْط) پستی ، نشیبی زمین ، نیچے اُترنا ـ
ہبول (ہَبُوْل) وہ عورت جس کا بچہ نہ جیتا ہو ـ
ہبہ (ہِبَہْ) بخشش ـ
ہبہ نامہ (ہِبَہْ ـ نَا ـ مَہْ) تحریر جس کے ذریعہ اظہار بخشش کیا جاوے ـ
ہتات (ہَتْ ، تَاتْ) بکی ، چست وچالاک ـ
ہتاف (ہُتَافْ) آواز ـ
ہتاک (ہَتْ ، تَاکْ) بھید فاش کرنے والا ، پردہ چاک کرنے والا ، ہتک کرنے والا ـ
ہتر (ہِتْ ، ر) بے فائدہ بات ، غیبت ، سختی ، تعجب ـ
ہتف (ہَتْ ، ف) آواز ـ
ہتک (ہَتْ ، ک) پردہ دری ، رسوائی ، بعزتی ـ
ہجا (ہِجَا) ہجو ، برائی ، ملامت ، حرفوں کا اعراب کے ساتھ اظہار ، حروف تہجی ـ
ہجدہ (ہَجْ ـ دَہْ) دیکھو ہژدہ ـ
ہجدہم (ہَجْ ـ دَ ہُمْ) دیکھو ہژدہم ـ
ہجر (ہَجْ ، ر) جدائی (ہُجْ ، ر) دوپہر ، بکواس ، ہذیان ، جدائی کرنا (ہُجْ ، ر) فحش ، گندی بات ـ
ہجراں (ہِجْ ـ رَاں) جدائی ، علیحدگی ـ
ہجرت (ہِجْ ـ رَتْ) جدائی ، ترک وطن ، حضور سرور دو عالم کی مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت ـ

ہجرس (ہِجْ ـ رِسْ) لومڑی ، روباہ ـ
ہجری (ہِجْ ـ رِیْ) منسوب طرف ہجرت رسول اللہ ، نام سال اسلامی جو ۱۵ ار جولائی سنہ ۶۲۲ء سے شروع ہوا ـ
ہجس (ہَجْ ، س) کھٹک ، خلش ـ
ہجع (ہَجِعْ) مدہوش ، متوالا ، بیوقوف ـ
ہجعت (ہِجْ ـ عَتْ) خواب ، نیند ـ
ہجف (ہِجَفْ) گرانڈیل ، کڑیل ـ
ہجل (ہَجْ ، ل ، ہَجَلْ) پہاڑوں کے درمیان نشیبی زمین ـ
ہجم (ہَجْ ، م) بیخ کنی ، ویران کاری ، اچانک حملہ ـ
ہجمہ (ہَجْ ـ مَہْ) کڑکڑاتا جاڑا ـ
ہجو (ہَجْ ، و) ملامت ، برائی ، مذمت ـ
ہجود (ہُجُوْد) دیکھو تہجد ـ
ہجوع (ہُجُوْع) نیند ، خواب ، آرام ـ
ہجول (ہَجُوْل) بیسوا ، زن فاحشہ ـ
ہجوم (ہُجُوْم) انبوہ ، بھیڑ ، بلوہ ، غلبہ (ہَجُوْم) ویران کرنے والی آندھی ـ
ہجے (ہِجّے) حرفوں کے اعراب ، ہجا کا امالہ ـ
ہجیر (ہِجْ ، جِیْر) عادت (ہَجِیْر) دوپہر کی گرمی ـ ہٰ ـ دیکھو تجیر ـ
ہجین (ہَجِیْن) دوغلا ، کمینہ ، باندی بچہ ـ
ہجینہ (ہَجِیْ ـ نَہْ) دوغلی ـ
ہد (ہَدْ) فیاض آدمی ، ڈھانا ، مسمار کرنا ـ
ہدا (ہُدَا) راستی ، راہ راست (ہِدَا) ہدیہ ، تحفہ ـ
ہدات (ہُدَات) ہادی کی جمع ـ
ہدایا (ہَدَا ـ یَا) ہدیہ کی جمع ـ
ہدایت (ہِدَا ـ یَتْ) رہنمائی ، نجات ـ
ہدب (ہُدْ ، ب ، ہُدُبْ) پلک ، ریشہ ـ
ہدر (ہَدْ ، ر ، ہَدَرْ) کسی کا خون بہا ناجائز ہو جانا ـ

ہدف (ہَدَف) نشانہ، اونچی چیز، پشتہ۔
ہدم (ہَدْم) ویرانی، بربادی جمع اَہدام،
ہِدم (ہِدْم) پرانا کپڑا جمع اَہدام (ہُدُم)
باطل، جھوٹ۔
ہدنت (ہُدْنَت) صلح، آشتی، ملاپ۔
ہدور (ہُدُوْر) گرنا، باطل ہونا۔
ہدوم (ہُدُوْم) پہننے کے کپڑے۔
ہدہ (ہُدَہ) دیکھو ہُدہُد۔
ہدہد (ہُدْہُد) کھٹ بڑھیا، شاہانہ سر جمع ہَداہِد۔
ہدی (ہَدْی) دلھن (ہَدِی) قربانی کا جانور
جو کعبہ کو بھیجا جاوے (ہُدا) دیکھو ہُدا
(ہَدا) دیکھو ہدا۔
ہدیر (ہَدِیر) کبوتر کی غٹرغوں، اونٹ
کی بلبلاہٹ۔
ہدیل (ہَدِیل) نر کبوتر، کبوتر، قمری،
فاختہ وغیرہ کی بولی۔
ہدیہ (ہَدِیَہ، ہَدْیَہ) نذرانہ، تحفہ،
قرآن مجید کی قیمت جمع ہَدایا (ہَدَ۔یَا)
کام، سیرت۔
ہذ (ہَذّ) جلدی جلدی کھانا۔
ہذا (ہَا۔ذَا) یہ مرد، یہ، پاس۔
ہذار (ہَذْ۔ذَار) سخت بے ہودہ گو۔
ہذر (ہَذَر) بے ہودہ گوئی (ہَذِر) بیہودہ (ہَذِر)
بے ہودہ گو، بکواسی۔
ہذو (ہَذْو) بیہودہ گوئی، جلدی کاٹنا۔
ہذیان (ہَذَیان، ہَذْ۔یان) بیمار کی بیہوشی کی بڑ۔
ہر (ہَرّ) بلی، اگر یہ (ہَر) سب کوئی، ہر۔
ہرا (ہَرَ۔رَا) ہَرا، بھیڑیا، گھوڑے وغیرہ کا ریوڑ
(ہُرّ۔رَا) شور غل، فریاد، ڈراونی آواز،
ڈر (ہِرا) شہر ہِرات (ہُرّ۔آد) واہی تباہی۔
ہرات (ہِرات) نام شہر افغانستان۔

ہراج (ہَ۔راج) نیلام، سرپٹ دوڑ۔
ہرار (ہُرار) گنج۔
ہرارش (ہُرا۔رِش) اُتی، استفراغ، کلی،
شگوفہ۔
ہراس (ہِراس) ڈر، خوف۔
ہراساں (ہِرا۔ساں) ڈرپوک، ڈرتا ہوا۔
ہراسانیدن (ہِرا۔سا۔نی۔دَن) ڈرانا۔
ہراسندہ (ہِرا۔سَن۔دَہ) ڈرنے والا۔
ہراسیدن (ہِرا۔سی۔دَن) ڈرنا مضارع ہَراسَد
ہراسیدہ (ہِرا۔سی۔دَہ) ڈرا ہوا۔
ہراش (ہِراش) کتوں کی لڑائی (ہَراش)
نکیل (ہُراش) دیکھو ہُراش۔
ہراسیل (ہَرا۔سِیل) جھڑا ہوا بال۔
ہرآن (ہَر۔آن) ہر گھڑی۔
ہرآنچہ (ہَر۔آں۔چہ) جو کچھ۔
ہرآنکہ (ہَر۔آں۔کہ) جو شخص۔
ہراول (ہَرا۔وَل) فوج کا وہ ٹکڑا جو آگے چلے۔
ہراوہ (ہِرا۔وَہ) موٹا ڈنڈا، سونٹا جمع ہَراوی
ہرآئینہ (ہَر۔آ۔ای۔نَہ) ناچار، البتہ،
ضرور، بے شک۔
ہرب (ہَرَب) غم کی شدت، فرار، گریز۔
ہرباب (ہَر۔باب) ہر معاملہ، ہر مضمون۔
ہرباپی (ہَر۔با۔پی) ذوفنون، ہمہ داں۔
ہربار (ہَر۔بار) ہر مرتبہ، ہر دفعہ۔
ہربد (ہِر۔بَد) خادم مجوسی۔
ہرتنگا (ہَر۔تَن۔گا) ہٹا کٹا۔
ہرج (ہَرْج) آشوب، فتنہ، گڑبڑ۔
ہرجا (ہَر۔جا) ہر جگہ۔
ہرجائی (ہَر۔جا۔ئی) آوارہ پھرنیوالا، ہرزہ گرد۔
ہرج مرج (ہَرْج۔مَرْج) فتنہ، گڑبڑ۔
ہرچند (ہَر۔چَند) جتنا کچھ، جس قدر۔

ہرچہ (ہَر۔ چِہ) جو کچھ۔
ہرچہ بادا باد (ہَر۔ چِہ۔ بَا۔ دَا۔ بَاد) جو ہو سو ہو۔
ہرد (ہَرْد) (م) طعنہ، عیب گوئی، ہلدی، پیلا رنگ۔
ہردم (ہَر۔ دَم) ہر گھڑی، ہر سانس۔
ہردم خیال (ہَر۔ دَم۔ خَیَال) متلون مزاج۔
ہردی (ہَر۔ دِی) ہلدی، زرد چوبہ۔
ہردل عزیز (ہَر۔ دِل۔ عَزِیْز) جس سے سب محبت کریں۔
ہردل عزیزی (ہَر۔ دِل۔ عَزِی۔ زِی) سب کا عزیز ہونا۔
ہردیہ (ہُر۔ دِی۔ یَہ) اڑنگا، گدارہ۔
ہرزمان (ہَر۔ زَمَان) ہر دم، ہر گھڑی۔
ہرزہ (ہَر۔ زَہ) بے ہودہ، یاوہ۔
ہرزہ درائی (ہَر۔ زَہ۔ دَرَا۔ اِی) بیہودہ بکواس۔
ہرزہ درای (ہَر۔ زَہ۔ دَرَا۔ ای) بکواسی، بیہودہ گو۔
ہرزہ گرد (ہَر۔ زَہ۔ گَرْد) فضول پھرنے والا۔
ہرزہ گردی (ہَر۔ زَہ۔ گَرْ۔ دِی) فضول مارے مارے پھرنا۔
ہرزہ گو (ہَر۔ زَہ۔ گُو) بیہودہ گو، بکی۔
ہرزہ گوئی (ہَر۔ زَہ۔ گُو۔ اِی) بے ہودہ بکنا، بکواس۔
ہرزہ گوش (ہَر۔ زَہ۔ گُوش) جو بیہودہ باتیں سنے۔
ہرسو (ہَر۔ سُو) سب طرف۔
ہرشم (ہَر۔ شَم) ملائم پتھر۔
ہرطال (ہَر۔ طَال) لمبا۔
ہرقل (ہِر۔ قِل، ہِرَ۔ قْ۔ ل) قدیم شاہان روم کا لقب۔
ہرکارہ (ہَر۔ کَا۔ رَہ) ہر کام کرنے والا، خبر رساں۔
ہرکاری (ہَر۔ کَا۔ رِی) ہر قسم کے کام کی انجام دہی۔
ہرگزی (ہَر۔ گِز۔ ی) ہمیشہ، لا یزال۔

ہرگاہ، ہرگہ (ہَر۔ گَاہ، ہَر۔ گَہ) حرف شرط واسطے امر یقینی، جس وقت، جب کبھی، ہمیشہ ہر کہیں، جہاں کہیں، جس طرف۔
ہرگز (ہَر۔ گِز) نہیں، کبھی نہیں۔
ہرم (ہَرَم) پرانی عمارت، گنبد، بڑھاپا، جمع اہرام (اَہرَام) بوڑھا جمع ہرمی۔
ہرماس (ہِر۔ مَاس) شیر درندہ (ہُر۔ مَاس) اہرمن، شیطان، آتش پرستوں کا برائی کا خدا۔
ہرمان (ہُر۔ مَان) عقل و ہوش۔
ہرمز (ہُر۔ مُز) خلیج فارس، ایک جزیرہ، ہرمزد۔
ہرمزد (ہُر۔ مُزْد) (م) مشتری تارہ، برسپت تارہ۔
ہرمزی (ہِر۔ مِزِی) ایک سرخ مٹی۔
ہرنفس (ہَر۔ نَفَس) ہر دم۔
ہرنوعی (ہَر۔ نَو۔ عِی) ہر قسم والا۔
ہرو (ہَرْو) سونٹے سے مارنا۔
ہرولہ (ہَر۔ وَلَہ) پوئیہ چال۔
ہروی (ہَرَوِی) قدیم فارسی زبان کی ایک شاخ، منسوب بہ شہر ہرات۔
ہرہ (ہُرَہ) (بلی) جمع ہرر، ہِرَرَہ (ہُر۔ رَہ) پاخانہ کا مقام، مقعد۔
ہریر (ہَرِیر) کتے کے رونے کی آواز۔
ہریرہ (ہُرَی۔ رَہ) چھوٹی سی بلی۔
ہریسہ (ہَرِی۔ سَہ) گُٹا ہوا، ایک قسم کا کھانا۔
ہریک (ہَر۔ یَک) ہر ایک۔
ہزار (ہَزَار) دس سو کا عدد، بلبل۔
ہزارا (ہَزَا۔ رَا) دیکھو ہزارہ۔
ہزاراں (ہَزَا۔ رَاں) ہزار کا خلاف قیاس جمع۔
ہزار آواز (ہَزَار۔ آ۔ وَاز) بلبل۔
ہزارپا، ہزار پایہ (ہَزَار۔ پَا، ہَزَار۔ پَا۔ یَہ) کانتر، کنکھجورا۔
ہزار چشمہ (ہَزَار۔ چَش۔ مَہ) سرطان، ڈھیٹھ، نیولا۔

ہزارخانہ (ہَزا۔رَ۔خا۔نَہ) اوجھڑی۔
ہزارداستاں (ہَزا۔رَ۔دا۔س۔تاں) بلبل۔
ہزارمیخ (ہَزا۔رَ۔میخ) گدڑی۔
ہزارہ (ہَزا۔رَہ) ایک قسم کا پھول، سوراخدار پھوارا، چھت کی کنگنی۔
ہزاری (ہَزا۔رِی) ایک ہزار سپاہ کا سردار۔
ہزاع (ہَزاع) مردِ ضعیف، بزدل۔
ہزال (ہَز۔زال) ہزل کہنے والا، مسخرہ (ہُزال) دبلاپن۔
ہزاہز (ہَزا۔ہِز) بھگدڑ جو غنیم کے خوف سے پڑ جاوے۔
ہزبر (ہِزَب۔بَر، ہِز۔بَر) شیر جمع ہَزابِر۔
ہزت (ہَز۔زَت) عیش و طرب۔
ہزج (ہَزَج) سریلی دلکش آواز، نام بحرِ شاعری۔
ہزد (ہَزَد) پانی کے اندر کا ایک جانور۔
ہزدہ (ہَز۔دَہ) دیکھو ہژدہ۔
ہزدہم (ہَز۔دَہُم) دیکھو ہژدہم۔
ہزق (ہَزِق) کڑک، گھور گرج۔
ہزل (ہَز۔ل) بیہودہ کلام، ٹھٹھول۔
ہزلاج (ہِز۔لاج) پھرتیلا، بھیڑیا۔
ہزل گو (ہَز۔ل۔گو) پھکڑیا، بیہودہ گو۔
ہزم (ہَز۔م) لشکر تتر بتر ہونا، ٹوٹنا ہوا (ہَزِم) برسنے والی گھٹا۔
ہزمان (ہَز۔مان) ہرزماں۔
ہزور (ہَزوَر) بہادر آدمی۔
ہزہ (ہَز۔زَہ) گرجنا، خوشی کا غل غپاڑہ۔
ہزیبہ (ہَزِیبہ) دانا، عقلمند۔
ہزیم (ہَزِیم) کڑک، گھور گرج۔
ہزیمت (ہَزِی۔مَت) شکست، پسپائی، ہار، جمع ہَزائِم۔
ہزینہ (ہَزِی۔نَہ) خرچ، ہمیشہ، بیوی بچوں کا خرچ۔

ہژدہ (ہَژ۔دَہ) اٹھارہ (۱۸)
ہژدہم (ہَژ۔دَہُم) اٹھارھواں۔
ہسپانیہ (ہِس۔پا۔نِیہ) اندلس، اسپین۔
ہسپانوی (ہِس۔پا۔نوِی) ہسپانیہ سے منسوب۔
ہست (ہَس۔ت) وجود، موجودگی، ہے۔
ہستو (ہَس۔تُو) میوہ کا دانہ، معترف، حق، راستی۔
ہستی (ہَس۔تی) وجود، زندگی، مخلوقات، دنیا۔
ہسر (ہَسَر) برف، یخ، جمد۔
ہسک (ہَسَک) چھاج، غلہ افشاں۔
ہسم (ہَس۔م) ٹوٹنا، توڑنا۔
ہش (ہَش) خوش، ہنسمکھ (ہُش) ہوش۔
ہشاش (ہَشاش) شاش، خنداں رو، ہنسمکھ۔
ہشاشت (ہَشا۔شَت) خوش طبعی، کشادہ روئی۔
ہشت (ہَش۔ت) آٹھ (۸) (ہُش۔ت) کلمۂ حقارت، پرے ہٹ (ہِش۔ت) فروگذاشت۔
ہشتاد (ہَش۔تاد) اسّی۔
ہشتادم (ہَش۔تا۔دُم) اسّی واں۔
ہشت بہشت (ہَش۔ت۔بِہِش۔ت) جنت کے آٹھ درجے۔ ۱۔ خلد۔ ۲۔ دارالسلام ۳۔ دارالقرار۔ ۴۔ جنت عدن۔ ۵۔ جنت الماویٰ ۶۔ جنت النعیم۔ ۷۔ علیین۔ ۸۔ فردوس۔
ہشت پہلو (ہَش۔ت۔پَہ۔لُو) آٹھ کونوں والا۔
ہشتم (ہَش۔تُم) آٹھواں۔
ہشت مشت (ہَش۔ت۔مُش۔ت) لڑائی جھگڑا، لپا ڈگی۔
ہشتمی، ہشتمیں (ہَش۔تُمی، ہَش۔تُمیں) آٹھواں والا۔
ہشتلن (ہَش۔تَن) دیکھو ہلیدن۔
ہشتہ (ہِش۔تَہ) چھوڑا ہوا، ہلیدہ۔
ہشدہ (ہَش۔دَہ) دیکھو ہژدہ۔
ہشدہم (ہَش۔دَہُم) دیکھو ہژدہم۔

ہشتم (ہشْ۔تُم) دیکھو ہستم۔
ہشوار (ہُشْ۔وَار) ہشیار۔
ہشوش (ہَشُوش) دودھاری بکری۔
ہشیار (ہُشْ۔یَار) ہوشیار۔
ہشیش (ہَشِیش) خوش، ہنسمکھ، دودھاری بکری۔
ہشیوار (ہُشْ۔یْ۔وَار) ہشیار۔
ہصار، ہصور (ہَص۔صَار، ہَصُور) شیر۔
ہصم (ہَصْم) توڑنا، ٹوٹنا۔
ہض (ہَضّ) کوٹنا، توڑنا۔
ہضاض (ہَض۔ضَاض) توڑنے والا۔
ہضم (ہَضْم) پچاؤ، معدہ میں غذا پچنا جیم
اہتضام، ہضوم (ہَضُوم) نشیبی زمین۔
ہضمیت (ہَضْ۔مِیَت۔ ہَضْ۔مِیَّت) ہضم ہونا، پچنا۔
ہضوض، ہضیض (ہَضُوض، ہَضِیض) ٹوٹا ہوا، شکستہ۔
ہضیم (ہَضِیم) کلی، پتلی کمر اور سڈول جسم کی عورت۔
ہضیمت (ہَضِی۔مَت) ظلم، غصّہ۔
ہضیمہ (ہَضِی۔مَہ) سوت کا کھانا۔
ہطل (ہَطْل) بہت برسنے والی گھٹا۔
ہطلان (ہَط۔لَان) مینھ کا جھڑ۔
ہفاف (ہَف۔فَاف) چمکیلا، ہلکا، باریک۔
ہفت (ہَفْت) سات (۷) (ہُفْت) گھونٹ۔
ہفتاد (ہَفْ۔تَاد) ستّر (۷۰)
ہفتادم (ہَفْ۔تَا۔دُم) ستّرواں۔
ہفت اقلیم (ہَفْت۔اِق۔لِیم) سات ولایتیں، پرانے زمانے میں دنیا سات حصّوں میں تقسیم شمار کی گئی تھی۔
ہفت اندام (ہَفْت۔اَن۔دَام) نام رگ۔
ہفت اورنگ (ہَفْت۔اَو۔رَنگ) بنات النعش کے ساتوں تارے۔
ہفت جوش (ہَفْت۔جُوش) ساتوں دھاتوں کا مرکب۔
ہفت دوزخ (ہَفْت۔دُو۔زَخ) دوزخ کے سات طبقے۔ ۱۔ سقر۔ ۲۔ سعیر۔ ۳۔ لظی۔ ۴۔ حطمہ۔ ۵۔ جحیم۔ ۶۔ جہنم۔ ۷۔ ہاویہ۔
ہفت دہ (ہَفْت۔دَہ) سترہ (۱۷)
ہفت دہم (ہَفْت۔دَہُم) سترھواں۔
ہفت رنگی (ہَفْت۔رَنگ۔گی) گھاگ۔
ہفت سبع (ہَفْت۔سُبْع) قرآن شریف کی ساتوں منزلیں۔
ہفت قلم (ہَفْت۔قَلَم) عربی فارسی کے ساتوں رسم الخط، ساتوں خطوں کا لکھنے والا۔ ۱۔ ثلث۔ ۲۔ محقق۔ ۳۔ توقیع۔ ۴۔ ایان۔ ۵۔ رقاع۔ ۶۔ نسخ۔ ۷۔ تعلیق۔
ہفتم ہفتمیں (ہَفْ۔تُم، ہَفْ۔تُمِیں) ساتواں۔
ہفتہ (ہَفْ۔تَہ) ساتوں دن، سنیچر، تھکا ماندہ۔
ہفتہ دوست (ہَفْ۔تَہ۔دُوس۔ت) دو روز کی جان پہچان والا۔
ہفت ہزاری (ہَفْت۔ہَزَا۔رِی) سات ہزار کا سردار۔
ہفت ہشت (ہَفْت۔ہَشْت) اگالی گفتار، لام کاف۔
ہفت ہیکل (ہَفْت۔ہَی۔کَل) سلامتی کے لئے سات دعائیں۔
ہفدہ (ہَفْ۔دَہ) ہفتدہ کا مخفف۔
ہفدہم (ہَفْ۔دَہُم) ہفتدہم کا مخفف۔
ہفوت (ہَف۔وَت) بیہودہ گوئی جمع ہفوات۔
ہفوان (ہَفَوَان) خطا کاری۔
ہکاع (ہُکَاع) کھانسنا۔
ہکچہ (ہِکْ۔چَہ) ہچکی۔
ہکذا (ہَا۔کَذَا) اسی طرح۔
ہکری (ہِک۔رِی) بارانی کھیت۔

ہکوی (ہَکَ۔وِی) سرگشتہ، حیران، پریشان (انگوری) شراب انگوری، تردد۔
ہکہ، ہکہک (ہِکَ، ہِکْ۔ہِکْ) ہچکی۔
ہل (ہِلْ) سفید الائچی (ہَلْ) گود، آغوش، ضرب، ہولہ، دھکّا (ہَلْ) کلمہ استفہام، آیا ایسا ہوا۔
ہلا (ہَلْ۔لَا) حرف تخصیص، کیوں نہیں (ہَلّا) دیکھو الا۔
ہلابہ (ہَلْ۔لَا۔بَہْ) مینھ کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
ہلاث (ہُلَاثْ) کسی عضو کا ڈھیلا پڑ جانا۔
ہلاس (ہُلَاسْ) سل کی بیماری۔
ہلاک (ہَلَاکْ) نابود، غارت، بربادی، تباہی۔
ہلاکت (ہَلَا۔کَتْ) نابودی، تباہی، بربادی۔
ہلال (ہِلَالْ) تیسری تک کا نیا چاند جمع اَہِلَّہ، اَہَالِیْل۔
ہلال ہلال (ہِلَالْ۔ہِلَالْ) ٹکڑے ٹکڑے۔
ہلانوش (ہَلَا۔نُوشْ) دیکھو خلانوش۔
ہلاہل (ہَلَا۔ہِلْ) زہر قاتل۔
ہلب (ہُلْ۔بْ) سور کا بال۔
ہلبوث (ہَلْ۔بُوْثْ) احمق آدمی۔
ہلک (ہُلْ۔کْ) ہلاکی، تباہی (ہَلَکْ) ہچکی۔
ہلکان (ہَلْ۔کَانْ) چور چور، حواس باختہ۔
ہلکہ، ہلکی (ہَلْکَہْ، ہَلْ۔کَا) ہالک کی جمع۔
ہلم (ہَلُمَّ۔مَ) آجا، بیا، آؤ۔
ہلندہ (ہِلَنْ۔دَہْ) چھوڑنے والا۔
ہلو (ہُلُوْ) جھولا، جھو جھو۔
ہلواع (ہِلْ۔وَاعْ) سانڈنی، جمازہ۔
ہلوع (ہَلُوْعْ) بڑی الائچی، بےصبرا۔
ہلیوف (ہِلْ۔یَوْفْ) الپاٹیا، بڈھا، لمبی ڈاڑھی والا تنومند آدمی۔
ہلوک (ہُلُوْکْ) دیکھو ہلاک۔
ہلہل (ہَلْ۔ہَلْ) جھر جھرا کپڑا، جھونا کپڑا۔

ہلہلا (ہَلْ۔ہَلَا) زہر۔
ہلہلہ (ہَلْ۔ہَلَہْ) نعرہ کی آواز۔
ہلیاثہ (ہَلْ۔یَا۔ثَہْ) شاہترہ۔
ہلیدن (ہِلِی۔دَنْ) چھوڑنا مصدر ہلد۔
ہلیدہ (ہِلِیْ۔دَہْ) چھوڑا ہوا۔
ہلیلج، ہلیلہ (ہَلِیْ۔لَجْ، ہَلِیْ۔لَہْ) ہڑ، ہیڑہ۔
ہلیون (ہَلْ۔یُوْنْ) مارچوبہ۔
ہلیسہ (ہَلِیْ۔سَہْ) چپو، ڈانڈ، پتوار۔
ہم (ہَمّ) اندوہ، مصیبت کا رنج، قصد جمع ہموم (ہُمُوْمْ) بہت زیادہ بڈھا (ہَمْ) نیز، بھی، مثل، مانند، مطابق، برابر، اسی طرح، باہم، ساتھ، ویسا ہی، وہی (ہِمّ) وہ بہت سے مرد۔
ہما (ہُمَا) ایک خیالی پرند جس کی غذا ہڈی ہے، شاعروں کے نزدیک جس کسی پر اس کا سایہ پڑ جاتا ہے بادشاہ ہو جاتا ہے، وہ دو۔
ہمار (ہَمَارْ) دیکھو ہمارہ (ہَمْ۔مَارْ) بسیارگو، بکّی۔
ہمارہ (ہَمَا۔رَہْ) ہموارہ کا مخفف، ہمیشہ۔
ہماس (ہَمْ۔مَاسْ، ہَمَاسْ) شیر (ہُمَاسْ) شریک، برابر، رفیق۔
ہم آغوش (ہَمْ۔آ۔غُوشْ) بغلگیر۔
ہم آغوشی (ہَمْ۔آ۔غُوْ۔شِیْ) بغلگیری۔
ہمال (ہَمَالْ، ہُمَالْ) مانند، مثل، برابر، ہمجولی، ساتھی (ہَمْ۔مَالْ) میدان جنگ۔
ہمام (ہُمَامْ) سردار قوم، مرد بزرگ۔
ہمان (ہَمَانْ) وہ چیز۔
ہمانا (ہَمَا۔نَا) گویا، شاید، بےشک، بالیقین۔
ہمانند (ہَمَا۔نَنْدْ) مانند، شبیہ، نظیر۔
ہم آواز (ہَمْ۔آ۔وَازْ) یکساں آواز والا۔
ہمادرد (ہَمْ۔آ۔وَرْدْ، ہَمَا۔وَرْدْ) حریف جنگ، ہم پیشہ۔

ہم آہنگ (ہَم - آ - ہَنگ) یکساں آواز والا، یکساں ارادے والا۔
ہم آہنگی (ہَم - آ - ہَنگ - گی) ایک آواز ہونا۔
ہمایوں (ہُما - یُوں) بابرکت، مبارک، خوشقسمت۔
ہمایونی (ہُما - یُو - نی) منسوب بہ ہمایوں، مبارکی والا۔
ہمباز (ہَم - باز) شریک۔
ہمبازی (ہَم - با - زی) شرکت۔
ہمبر (ہَم - بَر) ہم کنار۔
ہمبستر (ہَم - بِس - تَر) جو بستر پر ساتھ سووے۔
ہمپا (ہَم - پا) ہمراہ، ساتھی۔
ہم پشت (ہَم - پُش - ت) مددگار۔
ہمپلہ (ہَم - پَل - لَہ) برابر، ہمرتبہ۔
ہمپیالہ (ہَم - پیا - لَہ) ایک پیالہ میں ساتھ کھانیوالا۔
ہمپیشہ (ہَم - پے - شَہ) آپس ایک پیشے والا۔
ہمت (ہِم - مَت) بلند ارادہ، حوصلہ، جرات، بہادری، قصد، دعا جمع ہمم۔
ہمتا (ہَم - تا) برابر، مثل، مانند۔
ہمترازو (ہَم - تَرا - زُو) مقابل، ہم قوت، برابر۔
ہمتگ (ہَم - تَگ) قدم بقدم۔
ہمتنگ (ہَم - تَنگ) موافق، برابر۔
ہمجا (ہَم - جا) ملامت، ایذا۔
ہمجماعت (ہَم - جَما - عَت) جماعت میں ساتھ پڑھنیوالا۔
ہمجنس (ہَم - جِن - س) آپس ایک جنس والا۔
ہم جنب (ہَم - جَم - ب) دوست، ساتھ بیٹھنے والا۔
ہم جوار (ہَم - جِوا - ر) ہم سایہ، پڑوسی۔
ہم جواری (ہَم - جِوا - ری) پڑوس۔
ہمجولی (ہَم - جو - لی) برابر، ہمعمر، ہم زمانہ۔
ہمچناں، ہمچنیں، ہمچو (ہَم - چُناں، ہَم - چُنیں، ہَم - چو) حرف تشبیہ، مانند، اسی طرح۔
ہمخانہ (ہَم - خا - نَہ) بیوی، ایک گھر میں ساتھ رہنے والا۔
ہمخوابہ (ہَم - خوا - بَہ) جو ساتھ سووے۔

ہم چشم (ہَم - چَش - م) برابر۔
ہم چشمی (ہَم - چَش - می) برابری۔
ہمخو (ہَم - خُو) جس کی عادت کسی سے ملتی جلتی ہو۔
ہمداستاں (ہَم - داس - تاں) ہمکلام، ہم صحبت۔
ہمداماں (ہَم - دا - ماں) ساڑھو، ہمزلف۔
ہم دبستاں (ہَم - دَبِس - تاں) مدرسے میں ساتھ پڑھنے والا۔
ہمدرد (ہَم - دَر - د) دکھ درد میں ساتھی، دردمند۔
ہمدردی (ہَم - دَر - دی) دردمندی۔
ہمدرس (ہَم - دَر - س) ہم سبق۔
ہمدرسی (ہَم - دَر - سی) ہم سبق ہونا۔
ہمدست (ہَم - دَس - ت) شریک، ہمرتبہ، ہمنشین۔
ہمدگر (ہَم - دِ - گَر) آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ۔
ہمدل (ہَم - دِل) سچا رفیق۔
ہمدلی (ہَم - دِ - لی) سچی رفاقت۔
ہمدم (ہَم - دَم) ہر وقت کا ساتھی، دوست۔
ہمدمی (ہَم - دَ - می) دوستی۔
ہمدوش (ہَم - دو - ش) برابر برابر، شانہ بشانہ۔
ہمدہ (ہَم - دَہ) سکتہ کی بیماری۔
ہم دیوار (ہَم - دی - وار) پڑوسی۔
ہمذات (ہَم - ذا - ت) جو اپنی ذات میں ہو۔
ہمراز (ہَم - راز) آپس میں ایک دوسرے کے بھید سے آگاہ۔
ہمراہ (ہَم - راہ) سفر میں ساتھ۔
ہمراہی (ہَم - را - ہی) ہمسفر، ساتھی۔
ہمرس (ہَم - رَس) درم و دینار۔
ہمرشتہ (ہَم - رِش - تَہ) ایک لڑ والا، رشتہ دار۔
ہمرنگ (ہَم - رَنگ) رنگ میں یکساں، جس کی طبیعت باہم ایک سی ہو۔
ہمرنگی (ہَم - رَنگ - گی) یکسانیٔ طبیعت۔
ہمرو (ہَم - رَو) ساتھ چلنے والا۔
ہمرہ (ہَم - رَہ) دیکھو ہمراہ۔

ہمز (ہَم) زم) پچوڑنا، آنکھ مارنا۔

ہمزاد (ہَم۔ زاد) جو ساتھ پیدا ہوا ہو، ہمسن۔

ہمزبان (ہَم۔ زُبان) ہمو یہ، دوست، آپس میں یکساں بولی جاننے والا۔

ہمزلف (ہَم۔ زُل ف) بیوی کی بہن کا شوہر۔

ہمزولی (ہَم۔ زُو۔ لِی) ہمجولی۔

ہمزہ (ہَم۔ زَہ) حرف (ء)، الف متحرک (ہُمَزَہ) جو پیٹھ پیچھے برا بھلا کہوے۔

ہمس (ہَم س) نرم آواز۔

ہمساز (ہَم۔ ساز) موافق، دوست۔

ہمسایگی (ہَم۔ سا۔ یَگی) پڑوس۔

ہمسایہ (ہَم۔ سا۔ یَہ) پڑوسی۔

ہم سبق (ہَم۔ سَبَق) ساتھ سبق پڑھنے والا۔

ہمسخن (ہَم۔ سُخَن) ساتھی شاعر، ساتھ کلام کرنے والا۔

ہمسر (ہَم۔ سَر) برابر، زوجہ۔

ہمسری (ہَم۔ سَری) برابری۔

ہمسفر (ہَم۔ سَفَر) جو سفر میں ساتھ ہو۔

ہمسفری (ہَم۔ سَفَری) سفر کا ساتھ۔

ہمسفرہ (ہَم۔ سُف۔ رَہ) جو کھانے میں ساتھ شریک ہو۔

ہمسلک (ہَم۔ سِل ک) سمدھی۔

ہمسن (ہَم۔ سِن) ہمعصر۔

ہمسنگ (ہَم۔ سَنگ) برابر، ہموزن۔

ہمشکل (ہَم۔ شَک ل) شکل میں ایک دوسرے کے مشابہ۔

ہمشوی (ہَم۔ شَو ی) سوکن، سوت۔

ہم شہری (ہَم۔ شَہ۔ رِی) آپس میں ایک شہر والا۔

ہمشیر، ہمشیرہ (ہَم۔ شِیر، ہَم۔ شِی۔ رَہ) سگی بہن۔

ہمصفیر (ہَم۔ صَفِیر) ساتھ بولنے والا۔

ہم طالع (ہَم۔ طَا۔ لِع) قسمت کا ساتھی۔

ہم طبق (ہَم۔ طَبَق) ساتھ کھانے والا۔

ہمعصر (ہَم۔ عَص ر) ہم زمانہ، ہم عہد۔

ہم عمر (ہَم۔ عُم ر) عمر میں برابر۔

ہمعنان (ہَم۔ عِنان) ہمراہ، برابر۔

ہم عہد (ہَم۔ عَہ د) ہم زمانہ، ایک زمانہ والا۔

ہمعیار (ہَم۔ عِیَار) ہموزن۔

ہمغمی (ہَم۔ غَمِی) ہمدردی۔

ہمق (ہَمَق) تازہ ملائم گھاس۔

ہمقد (ہَم۔ قَد ر) ت میں برابر۔

ہمقدم (ہَم۔ قَدَم) ہمسفر، ساتھی۔

ہمقران (ہَم۔ قِران) ہم نشین۔

ہمقوم (ہَم۔ قَوم) اسی ایک ذات والا۔

ہم کفو (ہَم۔ کُفُو، ہَم۔ کُف و) اسی خاندان والا۔

ہم کلام (ہَم۔ کَلام) آپس میں بات کرنے والا۔

ہم کاسہ (ہَم۔ کَا۔ سَہ) ہمپیالہ۔

ہمگان (ہَم۔ گان) سب، ہمہ، مجموع۔

ہمگنان (ہَم۔ گِنَان) گروہ، جماعت، سب لوگ، ہم پیشہ لوگ، برابر والے۔

ہم گوشہ (ہَم۔ گو۔ شَہ) ہمسایہ، ہمجنس۔

ہمگی، ہمگیں (ہَمگی، ہمگیں) تمام، سب، تمامی۔

ہم ماشہ (ہَم۔ مَا۔ شَہ) ہم شبیہ۔

ہمنام (ہَم۔ نام) اسی نام والا۔

ہمنامی (ہَم۔ نَا۔ مِی) اسی ایک نام کا ہونا۔

ہم نسل (ہَم۔ نَس ل) اسی نسل والا۔

ہم نسلی (ہَم۔ نَس۔ لی) اسی ایک نسل کا ہونا۔

ہم نشین (ہَم۔ نِشِین) ساتھ بیٹھنے والا۔

ہم نشینی (ہَم۔ نِشِی۔ نِی) ساتھ بیٹھنا۔

ہمنفس (ہَم۔ نَفَس) ساتھی، ہمدم، ہمکلام۔

ہمنوا (ہَم ۔ نَوا) بولنے میں ساتھی ۔
ہم نوالہ (ہَم ۔ نِوا ۔ لَہ) بے حد دوست ، ساتھ کھانے والا ۔
ہموار (ہَم ۔ وار) برابر ۔
ہموارہ (ہَم ۔ وا ۔ رَہ) ہمیشہ ، اندازہ ، حساب ۔
ہم وزن (ہَم ۔ وَزن) بوجھ میں برابر ۔
ہموطن (ہَم ۔ وَطَن) اپنے دیس والا ۔
ہموطنی (ہَم ۔ وَطَنی) ایک دیس والا ہونا ۔
ہمہ (ہَمَہ) سارا ، سب ، تمام ، کُل ۔
ہمہ داں (ہَمَہ ۔ داں) سب کچھ جاننے والا ۔
ہمہ دانی (ہَمَہ ۔ دا ۔ نی) سب کچھ جاننا ۔
ہمہ شمہ (ہَمَہ ۔ شَمَہ) خاص و عام ، کہ و مہ ۔
ہمہ گیر (ہَمَہ ۔ گیر) جو سب پر چھایا ہوا ہو ۔
ہمہ گیری (ہَمَہ ۔ گی ۔ ری) سب پر چھایا ہوا ہونا ۔
ہمہمہ (ہَم ۔ ہَمَہ) شیر کی دہاڑ ۔
ہمیان (ہَم ۔ یان ، ہِمیان) نقدی کی تھیلی ۔
ہمیانی (ہَم ۔ یا ۔ نی) ہمیان ، نقدی کی تھیلی ۔
ہمیدوں (ہَمے ۔ دوں) اسی طرح ، اب ۔
ہمیشر (ہَمیشَر) گرمی کا موسم ۔
ہمیشگی (ہَمے ۔ شَگی) ہمیشہ پن ، ہمیشہ ہونا ۔
ہمیشہ (ہَمے ۔ شَہ) سدا ۔
ہمیشہ بار (ہَمے ۔ شَہ ۔ بار) دوامی ، بارہ ماسی ۔
ہمیغ ، ہامیغ (ہَم ۔ یغ ، ہام ۔ یغ) موت ، مرگ ۔
ہمیم (ہَمیم) نرم رفتاری ۔
ہمیں (ہَمیں) یہی ، یہ (ہَمیں) دیکھو ہم ضمیر ۔
ہن (ہُنّ ، ہَنّ) وہ بہت سی عورتیں ۔
ہنا (ہُنا) یہاں ۔
ہناک (ہُناک) وہاں ۔
ہنانہ (ہَنا ۔ نَہ) چربی کا لوتھڑا ۔
ہنت (ہَنت) عورت جمع ہَنات ، ہَنوات ۔
ہنجار (ہَن ۔ جار) سیدھا راستہ ، طرز ، روش ، قاعدہ ۔
ہنجیدن (ہَن ۔ جی ۔ دَن) کھینچنا ، باہر لانا ۔
ہند (ہِند) ہندوستان (ہَند) دم کاٹنا ۔
ہنداز (ہَن ۔ داز) انداز ۔
ہندب ، ہندباء (ہِن ۔ دَب ، ہِن ۔ دِبا) کاسنی ۔
ہندسہ (ہِن ۔ دِسَہ ، ہَن ۔ دَسَہ) اقلیدس کا علم ، علم الحساب ، ہندسہ ، فریب ، اندازہ ۔
ہندسہ داں (ہَن ۔ دَسَہ ۔ داں) علم ہندسہ جاننے والا ۔
ہندسی (ہَن ۔ دَسی) مساحت جاننے والا ، اقلیدس جاننے والا ، حساب داں ، محاسب ۔
ہندو (ہِن ۔ دو) ہندوستان کے ایک مذہب کا پیرو جمع ہُنود ، ہِنادِکَہ تل ، مسّہ ، زلف ، چہرے کا خط ۔
ہندوانہ (ہِن ۔ دوا ۔ نَہ) تربوز ، عجب ۔
ہندوے چرخ (ہِن ۔ دو ۔ اے ۔ چَرخ) ستارۂ زحل ۔
ہندی (ہِن ۔ دی) ہندوستانی ، تلوار ۔
ہنر (ہُنَر) کاریگری ، فن ۔
ہنرمند ، ہنرور (ہُنَر ۔ مَند ، ہُنَر ۔ وَر) کاریگر ۔
ہنگ (ہَنگ) قصد ، وفا ، ہوشیاری ، سمجھ ، زور ، قوت ، غار ، تنگ ، ذات ، قوم ، فوج ، سپاہ ، چوٹ ، صدمہ ۔
ہنگار (ہَنگ ۔ گار) تندی ، تیزی ۔
ہنگام (ہَنگ ۔ گام) وقت ، موسم ، فصل ، ہنگامہ ۔
ہنگامہ (ہَنگ ۔ گا ۔ مَہ) تماشا ، بھیڑ ، بلوہ ، وقت ۔
ہنگامہ آرائی (ہَنگ ۔ گا ۔ مَہ ۔ آ ۔ را ۔ ئی) ہنگامہ برپا کرنا ۔
ہنگامہ بنیادی (ہَنگ ۔ گا ۔ مَہ ۔ بُن ۔ یا ۔ دی) نمودار ۔
ہنگامہ گیر (ہَنگ ۔ گا ۔ مَہ ۔ گیر) بھیڑ اکٹھی کرنے والا ۔
ہنگامی (ہَنگ ۔ گا ۔ می) وقتی ۔
ہنگفت (ہَنگ ۔ گُفت) موٹا ، دلدار ۔
ہنوز (ہَنوز) ابھی تک ، تا حال ۔

ہنوہ (ہَنُ۔وَہْ) تنگ، یکدم۔
ہنی (ہَنِیْ) ہاضم، خوشگوار، سہل کام۔
ہو (ہُوْ) ۱۔ خدائے تعالیٰ، خوف۔ ۲۔ کلمۂ آگاہی، سانس، آہ، غل (ہَوْ) پیپ، مواد، گھاؤ (ہُوَ) وہ ایک مرد۔
ہوا (ہَوَا) ۱۔ ہوس، آرزو جمع اَہْوَا، اَہْوِیَہ ۲۔ عزّت، باد، آندھی، فضا، غائب۔
ہوا باز (ہَوَا۔ بَازْ) طیارہ اڑانے والا۔
ہوا بازی (ہَوَا۔ بَا۔ زِیْ) طیران کا فن۔
ہوا بندی (ہَوَا۔ بَنْ۔ دِیْ) ڈھونگ باندھنا۔
ہوا پرست (ہَوَا۔ پَرَسْ ۔ ت) تماشبین، نالائق، بے ہودہ، اچھے وقت کا ساتھی۔
ہوا جس (ہَوَا۔ جِسْ) ہاجسہ کی جمع۔
ہوا خواہ (ہَوَا۔ خَوَاہ) خیر خواہ، دوست۔
ہوا دار (ہَوَا۔ دَارْ) دوست، بہی خواہ، ایک سواری، ہوا والی جگہ۔
ہوا داری (ہَوَا۔ دَا۔ رِیْ) دوستی، بہی خواہی۔
ہوا زدگی (ہَوَا۔ زَدْ۔ گِیْ) زکام۔
ہواس (ہَوَّ۔ وَاسْ) شیر۔
ہوا گیر (ہَوَا۔ گِیْرْ) ہوائی بنانے والا۔
ہوالک (ہَوَا۔ لِکْ) ہالک کی جمع۔
ہوالہ (ہَوَّ۔ وَا۔ لَہْ) ہولناک، ڈراونی چیز۔
ہوان (ہَوَانْ) ۱۔ خواری، بے عزتی۔ ۲۔ دیکھو ہاون۔
ہوا و ہوس (ہَوَا۔ اُوْ۔ ہَوَسْ) خواہشات دنیا۔
ہوائی (ہَوَا۔ اِیْ) منسوب بہ ہوا، ہوا والہ، آتش بازی کا بان، ہوا کا، ہوا کی۔
ہویہ (ہُوْ۔ یَہْ) دیکھو ہویہ (ہُوْ۔ یَہْ) حمایت، پشتی، ہبار۔
ہومہ (ہُوْ۔ مَہْ) مونڈھا، کندھا، گود۔
ہو بہو (ہُوْ۔ بَہُوْ) بالکل ٹھیک۔

ہوج (ہَوْجْ، ہَوَجْ) ناسمجھی، جلد بازی۔
ہوجار (ہَوْ۔ جَارْ) اندھڑ، جھکڑ جمع ہُوَجْ۔
ہود (ہُوْدْ) یہودی ہونا، حق سے پھر جانا، توبہ کرنا۔
ہودج (ہَوْ۔ دَجْ) کجاوہ، محمل جمع ہَوَادِجْ۔
ہوخلق، ہوخیدن (ہُوْ۔ خَ۔ تَنْ، ہُوْ۔ خِیْ۔ دَنْ) باہر کھینچنا۔
ہودع (ہَوْ۔ دَعْ) شتر مرغ۔
ہودہ (ہُوْ۔ دَہْ) حق، درست (ہَوْ۔ دَہْ) محمل، ہودج، کوہان جمع ہَوَدْ۔
ہور (ہُوْرْ) سورج، نصیب، نام تارہ۔
ہورمزد (ہُوْرْ۔ مُزْدْ) مشتری تارہ۔
ہورخش (ہُوْ۔ رَخْشْ) سورج۔
ہوز (ہُوْزْ) حیران، ترساں۔
ہوزان (ہُوْ۔ زَانْ) نرگس، شگفتہ۔
ہوس (ہَوَسْ) آرزو، شوق، قام عشق، دیوانگی۔
ہوش (ہُوْشْ) عقل، سمجھ، حواس، دماغ، روح، جان، موت، ہلاکت (ہَوْشْ) کروفر، خود نمائی۔
ہوشازیدن (ہُوْ۔ شَا۔ زِیْ۔ دَنْ) جانور کا پیاسا مرنا۔
ہوشمند (ہُوْشْ۔ مَنْدْ) سمجھدار۔
ہوشمندی (ہُوْشْ۔ مَنْ۔ دِیْ) عقلمندی۔
ہوشہ (ہُوْ۔ شَہْ) شکستہ، کم ہمت۔
ہوشیار (ہُوْشْ۔ یَارْ) چوکنا، متوجہ، سمجھدار۔
ہوشیاری (ہُوْشْ۔ یَا۔ رِیْ) سمجھداری، خبرداری۔
ہوشیدن (ہُوْ۔ شِیْ۔ دَنْ) سمجھنا۔
ہوت (ہُوْتْ) گرم ہوا۔
ہول (ہَوْلْ) خوف، ڈر، وحشت جمع اَہْوَالْ، ہُوُوْلْ۔
ہولانڈ (ہُوْ۔ لَانْ۔ ڈْ) ہالینڈ، ولندیز (مغربی یورپ)
ہولا کو (ہَلَا۔ کُو) یہ لوگ۔
ہول دل (ہَوْلْ۔ دِلْ) دل کی وحشت۔

ہولگی (ہو-لگی) خوف زدہ، مضطرب، ہراساں۔
ہولناک (ہول-ناک) خوفناک۔
ہولناکی (ہول-نا-کی) خوفناکی۔
ہولہ (ہو-لہ) ایک دفعہ کا ڈر۔
ہون (ہون) ۱- آرام، آہستگی، وقار، نرمی، سبکی۔ ۲- ڈھیلوں سے بھرا ہوا کھیت۔
(ہُون) ۱- خواری، بے عزتی۔ ۲- کلمۂ تاکید، کلمۂ استکراہ
ہو بہو (ہُو-بَہو) ہو بہو، بالکل اسی طرح۔
ہوہ (ہُوہ) گڑھا۔
ہو ہذا (ہو-ہذا) وہ یہ ہے۔
ہویت (ہُو-یت) لاہوت، مرتبۂ وحدت۔
ہہنا (ہہ-نا) اس جگہ، یہاں۔
ہویدا (ہُو-یدا) صاف، ظاہر، کھلا ہوا۔
ہی (ہی) کلمۂ تنبیہ، کلمۂ افسوس، کلمۂ سرزنش، کلمۂ تحسین (ہی) وہ ایک عورت۔
ہیا (ہیا) کلمۂ ندا، اے فلاں۔
ہیاب (ہی-یاب) ڈرپوک، بزدل۔
ہیأت (ہی-ات) صورت، شکل، اجرام فلکی کا علم جمع ہیآت (ہی-آت)
ہیبت (ہی-بت) دھاک، خوف، ڈر۔
ہیبت زدہ (ہی-بت-زدہ) ڈرا ہوا۔
ہیبتناک (ہی-بت-ناک) خوفناک۔
ہیتان (ہی-تان) جھوٹ۔
ہیج (ہیج) غبار (ہی-یج) اٹھانے والا۔
ہیجا (ہی-جا) لڑائی، جنگ وجدل۔
ہیجان (ہیجان، ہی-جان) برانگیختگی، جوش وخروش، بھڑک۔
ہیجانی (ہی-جا-نی) منسوب بہ ہیجان۔
ہیچدہ (ہیچ-دہ) دیکھو ہیشردہ۔
ہیچ (ہیچ) کوئی، کچھ، بے حقیقت، بیکار۔
ہیچکارہ (ہیچ-کا-رہ) نالائق، بیکار۔
ہیچکس (ہیچ-کس) نالائق، کوئی شخص۔
ہیچگونہ (ہیچ-گو-نہ) کسی طرح۔
ہیچمدان (ہیچ-مدان) نادان، بے علم۔
ہیچ مرد (ہیچ-مرد) ضعیف مرد۔
ہیچمیرز (ہیچ-میرز) بے قیمت، جس کی کچھ قیمت نہ ہو۔
ہیذام (ہی-ذام) بہادر آدمی۔
ہیربد (ہیر-بد) آتشکدہ کا خادم۔
ہیریہ (ہی-ری-یہ) بفا سبوسہ۔
ہیشر (ہیشر) دیکھو حیشر۔
ہیشردہ (ہیشر-دہ) دیکھو ہیشردہ۔
ہیزم (ہی-زم) ایندھن، سوکھی لکڑی۔
ہیزم فروش (ہی-زم-فروش) جو ایندھن بیچتا ہو۔
ہیزم کش (ہی-زم-کش) لکڑہارا۔
ہیشردہ (ہیشر-دہ) اٹھارہ (۱۸)
ہیشردہم (ہیشر-دہم) اٹھارواں۔
ہیص (ہیص) سختی، درشتی، پرندوں کا گوہ۔
ہیصم (ہی-صم) شیر، مضبوط گدھا۔
ہیضہ (ہی-ضہ) بدہضمی، قے دست کی وبائی بیماری
ہیف (ہیف) گرم ہوا (ہَیَف) کمر کا پتلاپن۔
ہیفا (ہی-فا) پتلی کمر کی عورت۔
ہیقم (ہی-قم) دریا کی موج کی آواز۔
ہیکل (ہی-کل) بڑی عمارت، طوق، ہار، صورت، قد، وضع قطع، جسم، شکوہ، عظمت، مندر، بتخانہ، تعویذ جمع ہیاکل۔
ہیکر (ہی-کر) کمیت گھوڑا۔
ہیل (ہیل) سفید الائچی۔
ہیلاج (ہی-لاج) جسم، پتلا، زائچہ، نجومی کا حساب۔
ہیلیدن (ہی-لی-دن) چھوڑنا، ترک کرنا، نیچے ڈالنا۔
ہیم (ہیم) ۱- تشنگی۔ ۲- ہیزم، موجود ہوں (ہیم) ایندھن۔

ہیمار (ہی۔ ما) بے پانی کا جنگل۔
ہیمان (ہی۔ مان) سرگشتگی، حیرانی۔
ہیمہ (ہے۔ مہ) ایندھن، جلانے کی سوکھی لکڑی۔
ہیمیا (ہی۔ میا) طلسم باندھنے کا علم۔
ہین (ہین) سیلاب، ابھی، چھوڑ دے، دور، آگاہ ہو، کلمۂ سرزنش (ہین، ہین) آسان۔
ہیوب (ہیُوب) بد دل، ڈرپوک۔
ہیولا، ہیولی (ہیُو۔ لا، ہَی، یُو۔ لا) ڈھنگ ڈول، مادّہ، صورت، طینت، سرشت، ہر چیز کی ماہیت، تصویر کا خاکہ، ناتمام چیز۔
ہیولانی (ہیُو۔ لا۔ نی، ہَی، یُو۔ لا۔ نی) منسوب طرف ہیولا، ہیولا کا، ہیولا کی۔
ہیون (ہیُون) اونٹ، گھوڑا۔
ہیئت (ہی۔ اَت) دیکھو ہیأت۔
ہی ہی (ہی۔ ہی) کلمۂ اظہار افسوس۔
ہیہات (ہی۔ ہات) کلمۂ افسوس، کلمۂ حسرت و تعجب۔

ی

ی (یا، یے) قائم مقام عدد ۱۰، حرف قمری، حرف علت، چند حروف سے بدل ہے۔ ۱۔ ا کے ساتھ مثلاً ایلاق، ییلاق۔ ۲۔ د کے ساتھ مثلاً ماندر، مایندر۔ ۳۔ ز کے ساتھ مثلاً آواز، آوای۔ ۴۔ ل کے ساتھ مثلاً نال، نای۔ ۵۔ ہ کے ساتھ مثلاً شاہگاں، شایگاں۔
یا (یا) حرف ندا، حرف عطف، حرف تردید یا منافات، اے، او، خواہ۔
یا اسفا (یا۔ اَسفا) ہائے افسوس۔
یاب (یاب) پانے والا۔
یاپان (یا۔ پان) جاپان، ٹراپولن (مشرقی ایشیا)
یابس (یا۔ بس) خشک، روکھا، سوکھا۔
یابندہ (یا۔ بن۔ دہ) پانے والا۔
یابو (یا۔ بو) ٹٹو، الدہ و چھوٹا گھوڑا۔
یاجوج ماجوج (یَ۔ جُوج، مَ۔ جُوج) ایک مفسد قوم جس کا ذکر قرآن اور انجیل میں ہے۔
یاختن (یا۔ خ۔ تن) ہاتھ بڑھانا، ظاہر کرنا، مضع یازو
یاد (یاد) دل، خاطر، حافظہ، ذہن۔
یادآوری (یاد۔ آ۔ وَ۔ ری) یاد کرنا۔
یادبود (یاد۔ بُود) یادگار، نشانی۔
یادداشت (یاد۔ داش۔ ت) یاد رکھنے کی نشانی۔
یاددہ (یاد۔ دِہ) حافظہ میں رکھنے والا۔
یادفراموش (یاد۔ فَرا۔ مُوش) نام کھیل۔
یادگار، یادگاری (یاد۔ گار، یاد۔ گا۔ ری) نشان، نشانی، بیٹا۔
یادہ (یا۔ دہ) قوت حافظہ۔
یار (یار) دوست، مددگار، پیارا، محبت کرنے والا جمع یارگان یارا۔
یارا (یا۔ را) قوت، توانائی، تاب، مقدور۔
یارانہ (یا۔ را۔ نہ) دوستانہ، بطریق دوستی۔
یارائی (یا۔ را۔ ئی) چارہ، علاج، مدد۔
یارب (یا۔ رب) اے اللہ!
یارباش (یار۔ باش) ملنسار، تماشبین۔
یارس (یا۔ رس) مددگار۔
یارستن (یا۔ رس۔ تن) طاقت رکھنا، سکنا مضع یارد۔
یارستہ (یا۔ رس۔ تہ) طاقت رکھا ہوا۔
یارغار (یار۔ غار) سچا دوست، دوست صادق۔
یارفروش (یار۔ فَروش) دوست کی تعریف کرنے والا۔
یارفروشی (یار۔ فَرو۔ شی) دوست کی تعریف توصیف۔

یارق (یَا۔رُق) روشن، سفید۔
یارقند (یَار۔قَنْد) نام شہر چینی ترکستان۔
یارک (یَا۔رَک) بچہ دانی، رحم۔
یارگی (یَا۔رَگِی) قدرت، توانائی۔
یارمند (یَار۔مَنْد) دوست۔
یارنامہ (یَار۔نَا۔مَہ) نیک کام، نیکنامی۔
یارہ (یَا۔رَہ) کنگن، کلائی، گھاؤ، طاقت، حوصلہ، مزاج، دوستی، ضرورت، ٹیکس، محصول، لگان۔
یاری (یَا۔رِی) مدد، دوستی، سوکن۔
یارگیر (یَا۔رِی۔گِیر) مددگار۔
یاز (یَاز) قصد، ارادہ، ارادہ کرنے والا۔
یازاں (یَا۔زَاں) دست درازی کرنے والا۔
یازدن (یَا۔زِدَن) بڑھنا، حرکت کرنا، ارادہ کرنا۔
یازدہ (یَاز۔دَہ) گیارہ (۱۱) (یَا۔زِدَہ) بڑھا ہوا، ارادہ کیا ہوا۔
یازدہم (یَاز۔دَہُم) گیارھواں۔
یازش (یَا۔زِش) قصد، ارادہ، بڑھنا، دست درازی۔
یازندہ (یَا۔زِن۔دَہ) کسی کام پر ہاتھ ڈالنے والا۔
یازہ (یَا۔زَہ) تھرتھری، کپکپی، لرزہ۔
یازیدن (یَا۔زِی۔دَن) دیکھو یازدن۔
یاس (یَاس) ناامیدی، یاسمن، چنبیلی۔
یاسا (یَا۔سَا) ماتم، قتل، لوٹ، رسم، قاعدہ، قانون۔
یاساق (یَا۔سَاق) مغلوں کی قدیم شریعت۔
یاسال (یَا۔سَال) لائق، سزاوار۔
یاسج (یَا۔سَج) تیر، نیزہ، مظلوم کی آہ۔
یاسر (یَا۔سِر) بائیں طرف، جواری۔
یاسم، یاسمن، یاسمون، یاسمین (یَا۔سَم، یَا۔سَمَن، یَا۔سَمُون، یَا۔سَمِین) چنبیلی۔
یاسہ (یَا۔سَہ) دیکھو یاسا۔
یاسین (یَا۔سِین) قرآن شریف کی ایک سورت جو وقت نزع مرنے والے کو سنائی جاتی ہے۔
یاغ (یَاغ) روغن۔

یاغی (یَا۔غِی) دشمن، نافرمانی۔
یافت (یَافت) بچت، کمائی، آمدنی۔
یافتن (یَاف۔تَن) پانا، صحیح پانا۔
یافتنی (یَاف۔تَنِی) پانے کے لائق۔
یافتہ (یَاف۔تَہ) پایا ہوا۔
یافر (یَا۔فَر) بازیگر، نقاش۔
یافع (یَا۔فِع) جوان بلند بالا۔
یافوخ (یَا۔فُوخ) بچہ کے سر کے اوپر کا تالو جو شیرخوارگی میں ہلا کرتا ہے جمع یافیخ۔
یافہ (یَا۔فَہ) دیکھو یاوہ۔
یاقوت (یَا۔قُوت) جواہرات کی ایک قسم جمع یواقیت۔
یاقوت احمر (یَا۔قُوتِ۔اَح۔مَر) سرخ یاقوت۔
یاقوت رمانی (یَا۔قُوتِ۔رُم۔مَا۔نِی) انار کے دانہ کی مثل یاقوت۔
یاقوت رواں (یَا۔قُوتِ۔رَ۔وَاں) سرخ شراب، خون کا آنسو۔
یاقوتی (یَا۔قُو۔تِی) یاقوت سے منسوب، ایک دوائی کا نام۔
یاقہ (یَا۔قَہ) گریبان، کالر۔
یال (یَال) ایال، عیال، جانوروں کی مستی۔
یال کوپال (یَال۔کُو۔پَال) شان وشوکت، تن وتوش۔
یالہ (یَا۔لَہ) گائے بیل کا سینگ۔
یالیت (یَا۔لَیْ۔ت) اے کاش کے۔
یام، یامہ (یَام، یَا۔مَہ) ڈاک کی چوکی، اسکدار۔
یامن (یَا۔مِن) داہنی طرف۔
یامی (یَا۔مِی) بیمار، نامحوس۔
یان (یَان) ہذیان۔
یانصیب (یَا۔نَصِیب) لاٹری، اے نصیب۔
یانع (یَا۔نِع) جوار کا پکا پھل۔
یاور (یَا۔وَر) مددگار، ایڈیکانگ۔
یاوری (یَا۔وَرِی) مددگاری۔
یاوگی (یَا۔وَگِی) بیہودہ گوئی۔

یاوند (یا۔ وَنْ) (۱) بادشاہ، صاحب مراد۔
یاوہ (یا۔ وَہْ) گم، ناپدید، بیہودہ۔
یاوہ گو (یا۔ وَہْ۔ گُو) بیہودہ گو۔
یاوہ گوئی (یا۔ وَہ۔ گُو۔ اِیْ) بکواس، بیہودہ گوئی۔
یائس (یا۔ اِس) نا امید۔
یائے مجہول، یائے فارسی، یائے معکوس
(یا۔ اِے۔ مَجْ۔ ہُوْل، یا۔ اِے۔ فا۔ رِسی، یا۔ اِے۔ مَعْ۔ کُوْس) بڑی یے (ے)
یایا (یا۔ یا) شکاری پرند واپس بلانے کی آواز۔
یبب (یَبَبْ) بوڑھا۔
یباب (یَبابْ) خراب۔
یبروح (یَبْ۔ رُوْح) مردم گیا، لکھمنی۔
یبس (یُبْس) خشکی (یَبَسْ) ، یَبِسْ، سوکھنا۔
یبوست (یُبُوْ۔ سَتْ) خشکی۔
یتاق (یَتاقْ) پاسبانی، چوکی پہرا۔
یتاقی (یَتا۔ قِیْ) پاسبان۔
یتامی (یَتا۔ مٰیٰ) یتیم کی جمع۔
یتن (یَتْن) وہ بچہ جو الٹا پیدا ہو۔
یتوع (یَتْ۔ تُوْع) وہ پیڑ جس میں زہریلا دودھ نکلے۔
یتیم (یَتِیْم) بے باپ کا بچہ، نفیس اور بے نظیر (موتی)، جمع اَیْتام، یَتامیٰ، یَتَمَہْ۔
یثرب (یَثْ۔ رِبْ) نام مدینہ منورہ (حجاز)
یحمور (یَحْ۔ مُوْر) جنگلی گدھا۔
یحموم (یَحْ۔ مُوْم) کالا دھواں، اندھیری رات۔
یخ (یَخْ) سخت جما ہوا برف۔
یخت (یَخْ۔ ت) نجی تفریحی کشتی، بجرا، نواڑا۔
یخچہ (یَخْ۔ چَہْ) اولا، تڑالہ۔
یخدان (یَخْ۔ دانْ) مٹھائیوں اور حلووں وغیرہ کی الماری۔
یخشی (یَخْ۔ شِیْ) بہتر، اچھا۔
یخنی (یَخْ۔ نِیْ) ابلے گوشت کا پانی، پختہ، ذخیرہ۔

ید (یَدْ) ہاتھ، بانھ جمع اَیْدِیْ جمع الجمع اَیادِیْ۔
ید بیضا (یَدِ۔ بَیْ۔ ضا) سفید چمکتا ہوا ہاتھ۔
ید طولیٰ (یَدِ۔ طُوْ۔ لا) بڑا لمبا ہاتھ، مہارت، کمال۔
یدک (یَدَکْ) کوتل، جنیبہ۔
یدمن (یَدْ۔ مَنْ) ہاتھ۔
یدین (یَدَیْن) دونوں ہاتھ۔
یرا (یَرا) چھری، سروٹ۔
یراش (یُرَاشْ) رخصت، توجہ۔
یراع، یراعہ (یَراعْ، یَرا۔ عَہْ) قلم کی کلک، بانسری، جگنو، بددل آدمی۔
یراغ (یَراغْ) ڈاک کا گھوڑا۔
یراق (یَراقْ) ہتھیار، سامان۔
یربوع (یَرْ۔ بُوْع) چوہا، جنگلی چوہا۔
یرت (یُرْتْ) منزل۔
یرد (یَرْدْ) گز YARD
یرغا (یَرْ۔ غا) گھوڑا، رہوال چال، یلغار۔
یرغمال (یَرْ۔ غَمالْ) وہ آدمی جو شرائط کی پابندی کی ضمانت میں غنیم کے سپرد کیا جاوے۔
یرغو (یَرْ۔ غُوْ) سیاست۔
یرقان (یَرَقانْ، یِرْقانْ) کنول، پیلالی کی بیماری۔
یرلغ، یرلق (یَرْ۔ لِغْ، یَرْ۔ لِقْ) شاہی فرمان۔
یرمغان (یَرْ۔ مُغانْ) دیکھو ارمغان۔
یرملون (یَرْ۔ مَلُوْنْ) ی۔ ر۔ م۔ ل۔ و۔ ن۔ چھ حروف کے مجموعہ کا نام۔
یرنش (یَرْ۔ نَشْ) ہم شہری۔
یرہ (یَرَہْ) زمین۔
یزنہ (یَزْنْ) ایک جھاڑی جس کی باڑھ لگائی جاتی ہے۔
یزدان (یَزْ۔ دانْ) اللہ تعالیٰ، آتش پرستوں کے عقیدے میں نیکی کا خدا، رحمان۔
یزدانی (یَزْ۔ دا۔ نِیْ) منسوب طرف یزداں، رحمانی۔
یزک (یَزَکْ) ہراول، مقدمۃ الجیش، طلایہ فوج۔

یرکدار (یَرَک۔دَار) طلایہ فوج کا سردار۔
یزنہ (یَزَنَہ) بہنوئی، بہن کا شوہر۔
یسار (یَسَار) ۱۔ بائیں طرف، بایاں، کثرت، دولتمندی ۲۔ بدقسمت آدمی۔
یسارت (یَسَا۔رَت) دولتمندی، توانگری۔
یساق (یَسَاق) دیوان، دربار، مہم، جنگ کی طیاری۔
یسال (یَسَال) فوج کا پرا، پھولوں کا تاج۔
یساول (یَسَا۔وَل) نقیب، چوبدار۔
یسر (یُسْر، یُسُر) آسانی (یُسْر) آسان۔
یسرہ (یَس۔رَہ) بائیں جانب۔
یسل (یَس۔ل) قطار، صف، پرہ۔
یسیر (یَسِیر) تھوڑا، آسان۔
یسیل (یَسِیل) فوج کا پرا۔
یشب (یَش۔ب) دیکھو یشم۔
یشک (یَش۔ک) نکیلا دانت، کیلا، کچلی۔
یشم (یَش۔م) سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔
یشماق (یَش۔مَاق) عورتوں کے سر کا رومال۔
یشمہ (یَش۔مَہ) کچا چمڑا، ادیم۔
یعبوب (یَع۔بُوب) تیز رفتار گھوڑا۔
یعسوب (یَع۔سُوب) شہد کی مکھیوں کا سردار جمع یعاسیب۔
یعفور (یَع۔فُور) گریا ہرن، رات کا ایک حصّہ، گائے، گورخر، ہرن کا بچہ جمع یعافیر۔
یعلول (یَع۔لُول) پانی کا بلبلہ، مرد کا عضو تناسل جمع یعالیل۔
یعمرہ (یَع۔مَرَہ) بکرا جو شیر کی شکارگاہ میں باندھا جاوے۔
یعملہ (یَع۔مَلَہ) مضبوط لدو اونٹنی۔
یعمور (یَع۔مُور) بھیڑ بکری کا بچہ۔
یعنی (یَع۔نِی) منشا، مطلب، گویا کہ، کلمۂ برائے وضاحت کلام، قصد کرتا ہے، چاہتا ہے۔
یغام (یَغَام) غول بیابانی۔

یغلا (یُغ۔لَا) فراہی پان۔
یغما، یغمان (یَغ۔مَا، یَغ۔مَان) لوٹ، غارت، غنیمت۔
یفاع (یَفَاع) اونچی زمین۔
یفتہ (یَف۔تَہ) سائن بورڈ۔
یفن (یَفَن) بوڑھا مرد۔
یقطین (یَق۔طِین) کدو، ہر بیلدار درخت۔
یقظ، یقظان (یَقِظ، یَق۔ظَان) بیدار، چوکنا۔
یقظہ (یَقَظَہ) بیداری۔
یقق (یَقَق) سپید، بہت چٹا۔
یقن، یقین (یَقَن، یَقِین) بے شبہ، صحیح، سچ، بیگماں، موت
یک (یَک) ایک۔
یکا (یَکّا) اکیلا، تنہا، بے مثل۔
یک اسپہ (یَک۔اَس۔پَہ) تنہا سوار۔
یکائی (یَکّا۔اِی) اکائی، ایک، واحد۔
یکایک (یَکَا۔یَک) اچانک، ہر ایک، معاً۔
یکبار، یکبارگی، یکبارہ (یَک۔بَار، یَک۔بَا۔رَگِی، یَک۔بَا۔رَہ) اچانک، ایکاایکی۔
یک بیک (یَک۔بَیَک) یکایک۔
یکتا (یَک۔تَا) اکیلا، لاثانی۔
یکتار (یَک۔تَار) تھوڑا، قلیل۔
یکتائی (یَک۔تَا۔اِی) اکیلاپن۔
یک تن (یَک۔تَن) ایک شخص۔
یک تنہ (یَک۔تَنَہ) اکیلا، تنہا۔
یکجا (یَک۔جَا) ایک جگہ پر، اکٹھا۔
یکجان (یَک۔جَان) متفق، دلی دوست۔
یکجائی (یَک۔جَا۔اِی) مجتمع، ایک جگہ ہونا۔
یک جلو (یَک۔جِلَو) تیز رفتار۔
یکجہت (یَک۔جِہَت) موافق، متفق۔
یکجہتی (یَک۔جِہَتِی) اتفاق۔
یکچشم (یَک۔چَش۔م) کانا، ایک آنکھ والا۔

یکچشمی (یَک۔ چَش۔ مِی) کانا پن، ایک آنکھ دیکھنا۔
یکچندہ (یَک۔ چَن۔ دَہ) بعض وقت، تھوڑا زمانہ، یونہی کچھ۔
یکچوبہ (یَک۔ چو۔ بَہ) جس میں ایک چوب ہو۔
یکدست (یَک۔ دَس۔ ت) یکساں، بالکل پورا۔
یکدش (یَک۔ دِش) دوغلا، دونسلا۔
یکدک (یَک۔ دَک) نیم گرم۔
یکدل (یَک۔ دِل) متفق۔
یکدلہ (یَک۔ دِلَہ) متفق، بہادر۔
یک ندانہ (یَک۔ دَن۔ دَا۔ نَہ) یکساں۔
یکران (یَک۔ رَان) اصیل عمدہ گھوڑا۔
یکراہ (یَک۔ رَاہ) ایکسا طریقہ، ایک مرتبہ، بے سیا۔
یکراہی (یَک۔ رَا۔ ہِی) بے ریائی، یکبارگی۔
یکرخہ (یَک۔ رُخَہ) جو ایک طرف کا ہو رہے۔
یکرشتہ (یَک۔ رِش۔ تَہ) موافق۔
یکرقیب (یَک۔ رَقِیب) اللہ تعالیٰ۔
یکرکابی (یَک۔ رِکَا۔ بِی) مستعد، کوتل گھوڑا۔
یکرنگ (یَک۔ رَنگ) مخلص، جس کی ایک وضع ہو۔
یکرنگی (یَک۔ رَن۔ گِی) بے نفاقی، اخلاص۔
یکرو (یَک۔ رُو) سچا دوست، یک دل۔
یکرو کردن (یَک۔ رُو۔ کَر۔ دَن) دوستی چھوڑنا۔
یکروئی (یَک۔ رُو۔ اِی) سچی دوستی۔
یکرہ (یَک۔ رَہ) تمام و کمال، ایک مرتبہ۔
یکزبانی (یَک۔ زُبا۔ نِی) یگانگی۔
یکزدن (یَک۔ زَدَن) پلک مارنا۔
یکساں (یَک۔ سَاں) لگاتار، برابر، ہم شکل۔
یکسانی (یَک۔ سَا۔ نِی) مشابہت، برابری۔
یکسانیت (یَک۔ سَا۔ نِی۔ یَت) برابر پن۔
یکسر (یَک۔ سَر) تنہا، ناگہاں، ایک سر کی یکسر دوسر تک۔
یکسرہ (یَک۔ سَرَہ) سب، تمام و کمال۔
یکسو (یَک۔ سُو) ایک طرف، الگ۔
یکسوارہ (یَک۔ سَوَا۔ رَہ) تنہا، اکیلا۔

یکسون (یَک۔ سُون) دیکھو یکساں۔
یکسوئی (یَک۔ سُو۔ اِی) علیحدگی۔
یکشست (یَک۔ شِس۔ ت) ہمنشین۔
یک شنبہ (یَک۔ شَم۔ بَہ) اتوار۔
یک فنی (یَک۔ فَن۔ نِی) بے مثال، کامل، کسی فن
میں استاد۔
یک قلم (یَک۔ قَلَم) بالکل، تمام، قطعی۔
یکلا (یَک۔ لَا) اکہرا۔
یکلائی (یَک۔ لَا۔ ئِی) بے جوڑ عرض۔
یکلخت (یَک۔ لَخ۔ ت) یکایک، اچانک۔
یکم (یَکُم) پہلا، پہلی۔
یکمشت (یَک۔ مُش۔ ت) ایک مٹھی۔
یکنشست (یَک۔ نِشَس۔ ت) ہمنشین،
رفیق، مصاحب۔
یک لعل (یَک۔ لَع۔ ل) بہت مقدار۔
یک نفس (یَک۔ نَفَس) ساتھی، ہمدم، دم بھر۔
یکہ (یَک۔ کَہ) دیکھو یکا۔
یکے (یَکے) کوئی ایک۔
یکیتا (یَکی۔ تَا) معلم، استاد۔
یگاں (یگاں) خصوص، اکیلا، انوکھا۔
یگانگت (یگا۔ نَگَت) اکیلا پن، تخصیص،
اپنایت، اتفاق۔
یگانگی (یگا۔ نَگِی) اکیلا پن، مطابقت، میل، اتفاق۔
یگانہ (یگا۔ نَہ) رشتہ دار، اکیلا، تنہا، لاثانی، لاجواب۔
یگانگاں (یگا۔ نَگاں) یگانہ کی فارسی جمع ذی روح۔
یگانہ گو (یگا۔ نَہ۔ گو) سچا۔
یگانیت (یگا۔ نِی۔ یَت) اکیلا پن، رشتہ داری۔
یل (یَل) بہادر، پہلوان، مضبوط۔
یلاق (یَلَاق) کرپل، مٹی کا ٹوٹا ہوا برتن۔
یلمہ (یَلمَہ) چمڑے کی زرہ۔
یلدا (یَل۔ دَا) سال کی سب سے لمبی رات، اندھیری رات۔

یلع (یَلَ عَ) جھوٹا، سراب، بیابان۔
یلغار (یَل۔ غَار) دھاوا، دشمن پر چھاپہ۔
یلغز (یَل۔ غُز) تنہا۔
یلقہ (یَلقَہ) چھٹی بکری۔
یللے (یَل۔ لے) ایک کلمہ جسکو حالت نشاط میں بولتے ہیں۔
یلمال (یَل۔ مَال) دودھاری تلوار۔
یلمق (یَل۔ مَق) قبا جمع یلامق۔
یلمہ (یَل۔ مَہ) دیکھو یلمق (یَل۔ مَہ) وہ چیز جو جانور کو تغاری میں کھلائی جاوے۔
یلوج (یَلُوج) پیغمبر۔
یلہ (یَلَہ) آزاد، رہا، بیہودہ، ٹیڑھا، تنہا، رنڈی، بدچلن عورت۔
یم (یَم، یَمّ) دریا جمع یُموم۔
یمام (یمامہ، یَمام، یَما۔ مَہ) جنگلی کبوتر۔
یمانی (یَما۔ نِی) منسوب بہ ملک یمن۔
یمادہ (یَما۔ دَہ) نازک اندام جوان عورت۔
یمسو (یَم۔ سُو) بارونق۔
یمن (یُم۔ ن) برکت، مبارکی (یَمَن) عرب کا ایک خطہ۔
یمنہ (یَم۔ نَہ) دائیں جانب۔
یمنی (یَمَنِی) یمن کا آدمی، یمن کی چیز۔
یمہ (یَمَہ) خوراک، روزینہ۔
یمین (یَمِین) داہنی طرف، سوگند، قوت، مرتبہ جمع ایمان۔
یمینہ (یَمِی۔ نَہ) معدہ
ینبوع (یَم۔ بُوع) ندی، چشمہ، سوت جمع ینابیع۔
ینگ (یَنگ) شکل، مانند، آئین، روش (یَنگ) آستین۔
ینگی دنیا (یَنگ۔ گی۔ دُن۔ یا) نئی دنیا، امریکہ۔
یو (یُو) ایک، اکیلا۔
یواقیت (یَوا۔ قِیت) یاقوت کی جمع۔
یوبہ (یُو۔ بَہ) آرزو، تمنا۔
یوت (یُوت) چوپایوں کی مرگ عام۔
یوجہ (یُو۔ جَہ) بوند، چکہ، قطرہ۔
یوح (یُوح) سورج۔
یورش (یُورِش، یُو۔ رِش) حملہ، چڑھائی، دھاوا۔
یوز (یُوز) چیتا، ڈھونڈھنے والا۔ م۔ شنو۔
یوزباشی (یُوز۔ بَا۔ شِی) سو سپاہیوں کا سردار۔
یوزک (یُو۔ زَک) چھوٹا چیتا، ایک شکاری کتا جو شکار کی بو سونگھ کر پیچھا کرتا ہے۔
یوزہ (یُو۔ زَہ) درخت کا تنہ۔
یوزیدن (یُو۔ زِی۔ دَن) ڈھونڈنا، مانگنا۔
یوزیدہ (یُو۔ زِی۔ دَہ) ڈھونڈھا ہوا۔
یوغ (یُوغ) بیل جوتنے کا جوا۔
یوفی (یُو۔ فِی) بیہودہ گو۔
یوق (یُوق) نزدیک، پاس۔
یوک (یُوک) وہ پوٹلی جس پر نان رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں، نرفیدہ۔
یوکان (یُو۔ کَان) بچھونا۔
یول (یُول) راہ، راستہ۔
یولچی (یُول۔ چِی) راہدار، راستے کا نگہبان۔
یوم (یُوم) دن جمع ایام۔
یوم الاحد (یُو۔ مُل۔ اَحَد) اتوار، یکشنبہ۔
یوم الاثنین (یُو۔ مُل۔ اِث۔ نَین) پیر، دوشنبہ۔
یوم الاربعا (یُو۔ مُل۔ اَر۔ بِعا) بدھ، چہارشنبہ۔
یوم الباحور (یُو۔ مُل۔ بَا۔ حُور) بحران کا دن۔
یوم التناد (یُو۔ مُت۔ تَنَاد) قیامت کا دن جبکہ مردے ایک دوسرے پکاریں گے۔
یوم الثلثا (یُو۔ مُث۔ ثُل۔ ثَا) منگل، سہ شنبہ۔
یوم الحساب (یُو۔ مُل۔ حِسَاب) قیامت کا دن جبکہ اعمال کا حساب ہوگا۔
یوم الحشر (یُو۔ مُل۔ حَش۔ ر) قیامت کا دن جبکہ مردے اٹھیں گے۔

یوم الخمیس (یَوْ۔مُل۔خَمِیس) جمعرات، پنجشنبہ۔
یوم السبت (یَوْ۔مُس۔سَب۔ت) سنیچر، شنبہ۔
یوم النشور (یَوْ۔مُن۔نُشُور) قیامت کا دن جبکہ مردے زندہ ہوں گے۔
یومیہ (یَوْ۔مِیْ۔یَہ) روزینہ، ہر دن کا معمول۔
یونان (یُوْ۔نَان) جنوبی یورپ کا ایک ملک۔
یونانی (یُوْ۔نَا۔نِی) یونان کا باشندہ جمع یونانیاں، یونان کی کوئی چیز۔
یویہ (یُوْ۔یَہ) قصد، ارادہ۔
یہفوف (یَہ۔فُوف) بددل، ہشیار، تیز مزاج۔
یہودانہ (یَہُوْ۔دَا۔نَہ) یہودیوں کا شان خصوصی۔
یہودی (یَہُوْ۔دِی) حضرت موسیٰ کی امت جمع یہود۔
یؤس (یَءْ۔س) ناامید۔
ییلاق (یِیْ۔لَاق) گرمیوں میں جاکر رہنے کا ٹھنڈا مقام۔
ییلان (یِیْ۔لَان) سانپ۔
ییل (یِیْل) سال۔

یکم فروری ۱۹۳۷ء

مُرقعِ رُباعیات

مرتبہ

محمد عبداللہ خاں خویشگی

رباعی اصناف نظم میں اظہار تخیل کا موثر اور دلپذیر وسیلہ ہے۔

مرقع اردو زبان کے چالیس ۴۰ مشاہیر شعرائے متقدمین اور متوسطین کی رباعیوں کا نچوڑ ہے۔ اتنا وسیع اور جامع انتخاب ملک میں ابھی تک اور کوئی شائع نہیں ہوا تھا۔ کتاب کو باعتبار تنوع مضامین مختلف فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر فصل کے اندر مختلف اساتذہ کی متحد المضامین رباعیاں اپنے مستقل عنوانات کے ماتحت یکجائی جمع کی گئی ہیں۔

یا ترتیب و تبویب سے چند فائدے متصور ہیں:۔

قارئین کو صحیح اندازہ ہو کہ ایک ہی بات کتنے مختلف مگر دلکش پیرایوں میں بیان ہو سکتی ہے۔ نیز

کمال نے ایک ہی مضمون میں اپنی مقبول اور مخصوص حسن ادا سے کیا کیا معنی آفرینیاں کی ہیں۔

ہکاروں کا مطالعہ زبان پر قدرت تخیل میں وسعت اور قوائے ذہنی کے ارتقا کا موجب ہوگا۔

یا جو موضوع پسند خاطر نہ ہو اس کو آسانی سے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

رباعیوں کے ردیف وار مرتب کرنے کا قدیم طریقہ ترک کر دیا گیا ہے۔ اور اپنے عنوان کے تحت میں ہر رباعی کی ترتیب کتب لغات کے اصول کے مطابق شروع حرف تہجی پر رکھی گئی ہے۔ یہ جدت رباعی مطلوبہ کی تلاش میں زیادہ معین ثابت ہوگی۔

مآلِ کارِ علم

ذوق

اس جہل کا ہے ذوق ٹھکانا نہ کچھ بھی — دانش نے کیا دل کو نہ دانا کچھ بھی
ہم جانتے تھے علم سے کچھ جانیں گے — جانا تو یہ جانا کہ نہ جانا کچھ بھی

حالی

ہیں جہل میں سب عالم و جاہل ہمسر — آتا نہیں فرق اس کے سوا ان میں نظر
عالم کو ہے علم اپنی دانائی کا — جاہل کو نہیں جہل کی کچھ اپنے خبر

دوستی

حالی

تا زیست وہ محوِ نقشِ موہوم رہے — جو طالبِ دوستانِ معصوم رہے
احباب سے بات بات پر جو بگڑے — صحبت کی وہ برکتوں سے محروم رہے

مونس

تو گل ہے اگر تو سب کی غمخواری کر — دشمن کی بھی مونس نہ دل آزاری کر
ہر دم رہے احباب کی الفت کا خیال — دل ہیں یہ حباب، ان کی ہواداری کر

بزمِ سخن

دبیر

شیرانِ صفا ہیں، کو کہاں بند کروں — گونجیں گے ڈکاریں گے جہاں بند کروں
خلاقیٔ مضموں کا ہے دعوا سب کو — کھل جائے حقیقت جو زباں بند کروں

انیس

گلہائے صفا ہیں کو کہاں بند کروں — خوشبو نہیں چھپنے کی جہاں بند کروں
میں باعثِ نغمہ سنجیٔ بلبل ہوں — کھولے نہ کبھی منہ جو زباں بند کروں